THE BOOK WAS DRENCHED

UNIVERSAL
LIBRARY

OU_188920

UNIVERSAL
LIBRARY

86

OUP—851 —5-8-74 —15,000.

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. 910S ل ت Accession No. 43897

Author

Title

This book should be returned on or before the date last marked below.

تمدن ہند

جس کو

ڈاکٹر گستاولی بان

ایک فرانسیسی محقق کی اصل فرنچ تصنیف سے

شمس العلماء ڈاکٹر مولوی سید علی بلگرامی مرحوم مغفور ایم اے۔ ڈی لٹ

بی ایل بیرسٹرایٹ لا۔ ایف۔ جی۔ ایس۔ اسوشیٹ رائل اسکول آف مائینس لندن

ممبر آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی آف گریٹ برٹن اینڈ ائرلرن

ممبر آف دی نارتھ آف انگلینڈ انسٹی ٹیوشن آف مائینگ انجینیرس

ممبر ایشیاٹک سوسائٹی بنگال وبمبئی

بی۔ ایل گولڈ میڈلسٹ کلکتہ یونیورسٹی

ممتحن سنسکرت مدراس یونیورسٹی وغیرہ وغیرہ

سابق معتمد تعمیرات ریلوے ومعدنیات سرکار نظام نے

مع توضیحات اور حواشی مفیدہ وتصاویر اردو میں ترجمہ کیا

باہتمام مسلم احمد نظامی ایم اے

دھا

کتب خانہ نذیریہ، مسلم منزل کھاری باؤلی

مختصر فہرست کتاب

Checked 1978

	از صفحہ	تا صفحہ
فہرست مضامین	۱	۱۹
فہرست تصاویر	۱	۹
دیباچہ مترجم	۱	۲۶
مقدمہ مصنف	۱	۱۲
ترجمہ کتاب	۱	۵۳۱

OSMANIA UNIVERSITY
LIBRARY
HYDERABAD-7

الیاس ٹریڈرس
بک سیلرز
شاہ علی بنڈہ روڈ، حیدرآباد

فہرست کتاب تمدن ہند

	صفحہ
دیباچہ مترجم ۔ ۔ ۔

	صفحہ
شرقی دکن کی زمین - گوداوری و کرشنا - ہند کے سواحل و جزائر	۱۳ تا ۲۲
فصل پنجم - ہندوستان کی آب و ہوا - آب و ہوا - انگریزوں کی صحت گاہیں - گرمی اور سردی کے اختلافات - موسم - مونسون اور اسکے اسباب جنوب دکن کی حالت - پانی کی تقسیم سے نامساعات - لیہ یا لکھنؤ - ہند کی آب و ہوا - ہند میں بسنے ہوئے یوروپی	۲۳ تا ۳۰

باب دوم

ہند کے مختلف خطوں کا جغرافیہ - ہند کے مختلف خطوں کے حدود	۳۱
فصل اوّل - شرقی ہمالیہ یعنی نیپال - سکم اور بھوٹان	۳۲ تا ۳۴
فصل دوم - بنگال - بنگال کے خطہ باشندے	۳۴ و ۳۵
فصل سوم - اودہ	۳۶
فصل چہارم - مغربی ہمالیہ یعنی کشمیر اور اسکے صنایع	۳۷ و ۳۸
فصل پنجم - اسلامی ہند یعنی پنجاب - راجپوتانہ و سندھ وغیرہ - پنجاب کی آب و ہوا - گجرات - اراولی کا سلسلہ - اوآبو کا پہاڑ	۳۹ تا ۴۱
فصل ششم - ممالک متوسط اور سواحل اوڑیسہ - گونڈوانہ وادیسہ	۴۱
فصل ہفتم - دکن - دکن کے باشندے - میسور و حیدرآباد - بیجانگر کے کھنڈر	۴۳ تا ۴۵

باب سوم - نباتات و حیوانات و معدنیات

فصل اوّل - نباتات - نباتات و حیوانات کی بڑھوتری - غذائیون - روغن تیل - تمباکو - قہوہ جاوا - تجارتی پیداواریں - سال ساگون - سوداک کے بیل - کھجور - برگد - بانس -	۴۶ تا ۵۰

	صفحہ
تازہ صندل وغیرہ	۴۶ تا ۵۰
فصل دوم - حیوانات - اتی - ببر - شیر - سانپ - موذی جانور - مویشی - گھوڑا - اونٹ -	
ہندو سمندرے	۵۰ تا ۵۴
فصل سوم - معدنیات - جواہرات - تعمیری پتھر - زغال - لوہا - نمک - جغرافیہ کا خاتمہ	۵۴ تا ۵۶

کتاب دوم - اقوام

باب اوّل - اقوام ہند کی اصل اور ان کی تقسیم

فصل اوّل - قوم کیونکر پیدا ہوتی ہے اس مین تغیرات کیونکر ہوتے ہین -

قوم و ملت - خصایص موروثی و خصایص اکتسابی - اتصال توالد کے ذریعے -

اثر مرز بوم - نئی قوم کا درجہ	۵۷ تا ۶۰

فصل دوم - تقسیم اقوام کے اصول - خصایص جسمانی و اخلاقی و دماغی کی وقعت -

تقسیم اقوام مین - تقسیم اقوام کے اصل - خصایص اخلاقی و دماغی - قوم جاندار ہر خصایص ملتی - اقوام ہند کی تقسیم

	۶۱ تا ۶۴

فصل سوم - ہند کی اقوام کیونکر بنی اور اُن کی اصلی تقسیمین کیا ہین - ہند کی اقوام اور اُنکی ترقی حالت کا اختلاف - اقوام ہند چار اقوام سے مرکب ہین - لفظ ہندو - ہند کے قدیم باشندے - ملک ہند مین داخل ہونیکی مشکلات - باب توانی - پردہ نشین دراوڑی اقوام مُنڈا اور نگے - باب آریہ سے آنیوالے فاتحین - کول اور کولی زبان - آریہ اقوام کا ہند مین آنا - راجپوتون کی فوج کشی - پنجاب اور وسط ہند کی اقوام - مسلمانونکے فتوحات -

اقوام ہند کی چار تقسیمین	۶۵ تا ۷۲

صفحہ

باب دوم - شمال ہند کی اقوام

فصل اوّل - ہمالیہ کی اقوام - غربی ہمالیہ - غربی ہمالیہ یعنی لداخ بالستان و درد ستان - قوم درد و قوم دُوم - دادی کشمیر - دامن ہمالیہ کی اقوام - نیپال کی اقوام گورکھے - قوم نوار اور انکی صنعت - بھوٹان اور سکم - بھوٹان کے باشندے ... ۷۴ تا ۷۸

فصل دوم - آسام کی اقوام - آسام - قوم کھاسیا کی عجیب زبان - قوم گلدر و قوم ناگ اور ان اقوام پر عام نظر اور ان کا مذہب ... ۷۹ تا ۸۲

فصل سوم - مجرائے گنگ کی اقوام - اقوام ہندو - بنگال - بہار اور اودھ کے باشندے ... ۸۳ تا ۸۸

دادی گنگ میں مسلمانوں کا اثر - ان اقوام پر عام نظر - سنتال اہیر وغیرہ ... ۸۸ تا ۹۲

فصل چہارم - پنجاب کی اقوام - اقوام آریہ - قوم جاٹ - جاٹ مغربی ہند کے مالک تھے - سکھوں کی فوجی حالت - تجارت پیشہ جاٹ - بنجارے ...

فصل پنجم - سندھ اور راجپوتانہ کی اقوام - سندھ کی اقوام - راجپوتانہ کی اقوام - قوم راجپوت اور انکی تاریخ و طرز حکومت - راجپوتانہ کی نیم وحشی اقوام بھیل اور انکی خاندانی تقسیم و رسم و عادات و مذہب - مہر و مینا - ان وحشی اقوام میں تمدن کا پھیلنا ... ۹۳ تا ۹۹

فصل ششم - گجرات اور کاٹھیاواڑ کی اقوام - گجرات میں ایک مخلوط خلقت بستی ہے - کاٹھیاواڑ کے بھین - گجرات کے ویشنو اور اُنکے مہاراج ... ۹۹ تا ۱۰۰

باب سوم - ممالک متوسط اور دکن کی اقوام

دکن اور ہندوستان کی تفریق - دکن کی اقوام پر عام نظر ..

فصل اوّل - مرہٹے - مرہٹوں کی دیسی مجلس - وسط ہند کی مرہٹی ریاستیں - سیواجی - ... ۱۰۱ تا ۱۰۳

صفحہ

فصل دوم - اقوام ڈراویڈی کی عام خصایص - ڈراویڈی زبانین - وحشی اقوام - ڈراویڈی اقوام کا تمدن - تلنگے - کنڑے دکن کی وحشی اقوام - - - - - - - - - - ۱۰۳ تا ۱۰۶

فصل سوم - اقوام کوکن - کوکن کا بیان - گھاٹ کے دامنوں کی وحشی اقوام - - - - - - ۱۰۷

فصل چہارم - سواحل ملابار کے باشندے - نائر وغیرہ ہندوستان مین مختلف مدارج تمدن کا ایک جا پایا جانا - نائر - اُمیت - نائر دن کی حکومت - نائر دن کے اوصاف - خاندان شادی - خاندان کی حکومت - مردون کی آزادی - کثرت البعول - ارث - - - - - - - - ۱۰۷ تا ۱۱۰

فصل پنجم - نیلگری کی اقوام - ٹوڈے - ارواح پرستی - شادی کثرت البعول کی رسم - اولاد کی تقسیم - ارث - بڈگے - کورمبے - کوئے اور ایرولے - - - - - - - - ۱۱۰ تا ۱۱۷

فصل ششم - دکن کی مختلف اقوام - جنوب نیلگری کی اقوام - شنار - کینکھر نیادی - کولمر - - - - - - - - - - - - - - - - ۱۱۷ تا ۱۱۹

فصل ہفتم - ممالک متوسط یعنی گونڈوانہ کی اقوام - برہمون کا گونڈ دانہ مین آنا - بھیل - ذات اور شادی - ہتھیار اور زیور - کاشتکاری - گونڈون کی خصایص - مذہبی اعتقادات اور پرستش - گونڈون مین ذات اور سیاسی انتظام - - - - - - ۱۱۸ تا ۱۲۵

فصل ہشتم - امرکنٹک چھوٹے ناگپور اور اوریسہ کی اقوام کول وغیرہ امرکنٹک - چھوٹا ناگپور اور ان کی اقوام - چھوٹے ناگپور کے کول اور ان کا قدیم نام - خالص کولاری - کھونڈ اور کھونڈون کی توہمات - انسانی قربانی - کولون کا جماعتی انتظام اور اُن کے خصایص و شادی - اُڑیسہ کی قدیم سرسبزی اور یہ - اقوام ہند پر ایک نظر - - - - - - - - - - - - ۱۲۵ تا ۱۳۲

صفحہ

باب چہارم

خصائص اخلاقی و دماغی جو مختلف اقوام ہند مین مشترک ہین

فصل اوّل - مرز بوم اور اسباب زندگانی کا اثر جن سے مختلف اقوام ہند مین مشترک خصائص پیدا ہوے ہین - اقوام ہند بلحاظ جسمانی خصائص - و بلحاظ اخلاقی و دماغی خصائص - خصائص مشترکہ - لفظ ہندی کے معنون کا تعین - مختلف اقوام ہند تین معسون مین تقسیم کی جاسکتی ہین - مسلمانان ہند - خصائص مشترکہ کے اسباب - ذات - ہنود کا انتظام سیاسی یا دینی حکومت و مذہب و قسمت پر اعتقاد . . . . . ۱۳۳ تا ۱۳۶

فصل دوم - اخلاقی و دماغی خصائص جو ہندؤن مین مشترک ہین - ہندو قوم کی کمزوریان - ہندون کی فطرت کی کنجی - ہنود مین ذہین ذکا تو ہے مگر عمل قوت کی کمی ہے - قسمت کے اعتقاد نے ہنود کو مفلوج کر رکھا ہے - ہنود مین وقت کی پابندی کا خیال بہت کم ہے - ہنود کے بعض اخلاق اوصاف و خیرات و اخلاق کی بعض خوبیان و دماغی حالت - متوسط ہندو اور متوسط یوروپی کا مقابلہ - معتدل درجہ کے پیشون مین ہندو یوروپی سے کم نہین ہین - اعلیٰ متمدن و غیر متمدن اقوام مین کس بات کا فرق ہے - ہندؤن اور یوروپیون کے اعلیٰ طبقات مین کیا فرق ہے - ہندون مین تحقیق کی کمی - علوم طبعی مین ہندون نے بہت کم ترقی کی - ہندون مین تاریخ کی کمی - ہندو کی حالت . . . . . ۱۳۷ تا ۱۴۵

صفحہ

کتاب سوم - ہندوستانی تاریخ

باب اوّل - ہندوستان کی تاریخ قبل یورپی فوج کشیوں کے ۱۴۶ تا ۱۴۸

فصل اوّل - تاریخ ہندوستان کے منابع - قدیم ہند کی کوئی تاریخ نہیں - وید رامائن - مہابھارت - دھرم شاستر - قدیم سفرنامے - قدیم عمارتیں - مہرین - مورخین اور کتبے - ہندوؤں میں مذہب تمدن کی جڑ ہے ۱۴۶ تا ۱۴۸

فصل دوم - ویدکا زمانہ - ویدی زمانہ - آریہ قوم - عمارات کا شروع ہونا ۱۴۸ و ۱۴۹

فصل سوم - بدھ زمانہ - اسکندر کی فوج کشی اور اسکے نتائج - چندر گپت وگستھنیز یونان وہند کے تعلقات - اشوک - فن تعمیر و کراجیت اور سمت سنہ - قنوج - تاریخی تاریکی ۱۴۹ تا ۱۵۴

فصل چہارم - جدید برہمنی زمانہ ۱۵۴

فصل پنجم - اسلامی زمانہ - اسلامی فتوحات کے خصائص محمود غزنوی محمود کی مشکلات ہند کا قول محمود کے وقت میں متھرا کا بیان - سومناتھ محمود کے جانشین - غوری خاندان - خلاصون کا خاندان - خلجی خاندان - تیمور کی چڑھائی - خاندان سلطنت کا بانی بابر - ہمایون - اکبر - جہانگیر - شاہجہان - اورنگ زیب - مغلیہ حکومت کا خاتمہ - نادرشاہ طوائف الملوکی - مرہٹے ۱۵۴ تا ۱۶۳

فصل ششم - دکن کی تاریخ - دکن کے حدود - دکن کے باشندے اور انکا مذہب - تاریخ دکن کی حالت - دکن کی قدیم حکومتیں - چولے - چیرے - چالکیہ طرز - اسلامی تسلط - دکن کی اسلامی حکومتیں ۱۶۳ تا ۱۶۸

صفحہ

باب دوم

ہندوستان کے قدیم تعلقات یورپ کے ساتھ اور یورپی فتوحات

فصل اوّل - ہندوستان کے تعلقات یورپ کے ساتھ زمانۂ قدیم اور زمانۂ متوسط

مین - قدیم تعلقات تجارت کے تین راستے - دارا ابن ہستاسپ - دارا کے جانشین - یونانیون کے تعلقات ہند سے - جہاز کا براہ راست ہند کو کھینچنا - بطلیموس کا جغرافیہ - عرب اور چینی سیاح -

پرتگیزیون کا ہند کی راہ کو پانا ... ۱۶۹ تا ۱۷۲

فصل دوم - یورپ ہیونکی بسی آبادیان ہندوستان مین - پرتگیز - ایسٹ انڈیا - انگریزی کمپنی - فرانسیسی کمپنی ... ۱۷۳ و ۱۷۴

فصل سوم - انگریزون اور فرانسیسیون مین باہمی جنگ - دکن کی حالت -

ڈوپلے - انگریزی تسلط کے دو بڑے سبب - ... ۱۷۴ تا ۱۷۶

فصل چہارم - ہندوستان کیونکر فتح ہوا - ڈوپلے - ہند کو فتح کرنیکے گرینڈ پروفیسر سیلی کی رائے -

تیسرا گرینڈ - ڈوپلے کے اصول پر عمل - آسانی فتح ہونیکے وجوہات - قومی حیثیت اور قومیت کا فقدان - تعلیم قومیت پیدا کردے گی - ۱۷۶ تا ۱۷۹

کتاب چہارم

ہندوستان کے تمدن کی تدریجی ترقی

باب اوّل

ویدی زمانہ کا تمدن یعنی ہندی معاشرت کی تصویر تقریباً ایکہزار سال مسیح مین

فصل اوّل - تمدن ہند کی تقسیم مختلف ازمنہ کے لحاظ سے - تاریخی مواد کی کمی

تمدن کی تدریجی ترقی - ترقی سست ہونیکے اسباب - ہند کے کل نظامات کی جڑ

	صفحہ
مذہب ہے - تمدن ہند کی تقسیم مذہبی تغیرات کی بنا پر	۱۸۱ تا ۱۹۰
فصل دوم - وہ ذرایع جن سے ویدی تمدن کا علم حاصل ہوسکتا ہے - طریقہ بیان	
آریون کا تمدن اور رگ وید	۱۸۳
فصل سوم - آریہ قوم کی اصل - آریہ اقوام - آریون کا اصلی وطن - زبانون کی مشابہت - آریون کے	
منطق مصنف کی راے - آریون کا طرز عمل	۱۸۴ تا ۱۸۶
فصل چہارم - آریہ خاندان - پرکھون کی پرستش - بیٹے کی اہمیت - خاندان کے لئے - خاندان	
ساری نعمتون کا مرکز - آریہ خاندان کی عبادت - پتڑاد سے سے مراد - عورتون کا درجہ	
ویدمین - وحدۃ الازدواج کی رسم - لڑکیون کا اپنے شوہر کو انتخاب - باپ کا درجہ	۱۸۷ تا ۱۹۱
فصل پنجم - آریون کے سیاسی اور معاشرتی نظامات - سیاسی نظامات اور ذات	
کی تفریق کا نمونا - سرداری اور بادشاہی کا قائم ہونا - رگ وید مین پہلے تین ذاتون کا ذکر -	
ذاتون کی ابتدائی حالت - پیشون کے علیحدگی کی ابتدا	۱۹۲ تا ۱۹۵
فصل ششم - آریون کی زندگانی - وید کے سوکتون کا عام بیان - ویدی آریون کے فنون -	
سواری اور ہتیار - اشغال - زراعت - مویشی فقاکشی رانی - طبابت - کالون کی تقسیم -	
دولت اور فلاکت - جوا کھیلنا - دو لکڑیون سے آگ نکالنا - عرس کی مثال	۱۹۵ تا ۲۰۰
فصل ہفتم - آریون کے مذہبی اور فلسفی خیالات - ویدی مذہب - رگ وید کے بڑے	
دیوتا - اندر کا مفہوم - قواے فطرتی کی پرستش - سوریہ - اگنی - عاقبت کے خیالات	
بقاے روح - وحدانیت عوام کی پرستش تجارتی - اخلاق - خاتمہ اور بودھ سے مقابلہ	۲۰۱ تا ۲۰۹

باب دوم

برہمنی زمانہ کا تمدن - ہندی معاشرت کی تصویر تیسری یا چوتھی صدی قبل مسیح مین

	صفحہ
فصل اوّل - وہ استاد جنکے ذریعہ سے اس زمانہ کے حالات معلوم ہوتے ہین - برہمنی تمدن - اس زمانہ کی معلومات کا ذخیرہ منوشاستر - اسکندر کی فوج کشی اور گمستھنیز کے بیانات	۲۰۹ تا ۲۱۰
فصل دوم - ہندؤنکی تقسیم ذاتون مین اور ہر ایک ذات کے علیحدہ علیحدہ فرائض - ذات کی ابتدا - نسل خالص رکھنے کی ممنوعیت - آریون مین غیر کا پیدا - چار ذاتین - برہمنون کا تفوق اور انکی عمر کے چار حصے - خاص حقوق برہمن بادشاہ کے - غیر چھتری - فانون کے مدارج مین فرق - شودر کی ذات کے اسباب - برہمنی زمانہ کے غلام و کنیزان	۲۱۱ تا ۲۳۰
فصل سوم - طرز حکومت و انتظام مملکت - خودمختاری بادشاہت - مدبرانہ حکومت - بادشاہ کی زندگی - جاسوسی - انتظام مملکت	۲۳۰ تا ۲۳۳
فصل چہارم - عدالتی انتظام قانون و رواج - مقدمہ بازی و شہادت - بادشاہ کا حصہ قانون اداے قرضہ و سود - انسداد ظلم و زیادتی - جرایم اور انکی سزا مین مجرم یا مظلوم کی ذات کا لحاظ کیا جانا - وراثت و ترکہ	۲۳۳ تا ۲۳۸
فصل پنجم - فوج اور طریقہ جنگ - جنگ کے وقت دشمن سے دھوکہ دہی کا جائز ہونا - جنگ مین رحم دلی و انسانیت - لوٹ - فاتح کو مفتوح کے قانون و مذہب کا پاس کرنا چاہیے	۲۳۸ تا ۲۳۱
فصل ششم - زراعت و تجارت - نرخ اجناس مقرر کرنا - خرید و فروخت اور آمیزش کی سزا رعایا کو حکام اور اعمال کی زیادہ ستانے وجہ سے بجز رضا تسلیم چارہ نہ تھا - ویش - غلامی ٹیکس سے مستثنیٰ - منو کے قانون سود کے متعلق - ویش کے فرائض	۲۳۱ تا ۲۳۴
فصل ہفتم - عورتون کی حالت - برہمنی زمانہ مین عورت کا درجہ گھٹ جانا - زنا کی سزا - مرد کے فرائض	۲۳۴ تا ۲۳۸

صفحہ

فصل ہشتم - ہندوؤن کے مذہبی اعتقادات تین یا چار سو سال قبل مسیح - مسئلۂ تناسخ
پرلکھت اور برہمنی مذہب کی جانکاہ سختیان - - - - - - - - - - ۲۳۸ تا ۲۴۳

باب سوم - بدھ زمانہ کا تمدن

فصل اوّل - وہ دستاویزات جنکے ذریعہ سے ہند کے اس تمدن کی تصویر کھینچ سکتی ہے
جو یہان چوتھی یا پانچوین صدی قبل مسیح مین تھا - ہزارسالہ بدھ زمانہ کے
معلومات کے ماخذ عظیم الشان عمارات و اشوک کی لاٹین - کتاب ست دہرم پنڈریک
وتیت وستر - تاریخ لوک گدھ چینی زوار کے سفرنامے - - - - - - - - ۲۴۴ تا ۲۴۵

فصل دوم - بدھ کا قصہ - بدھ پیغمبر کے سوانح بیشتر قصے اور کہانی سے ماخوذ ہین -
شاکیامونی کی پیدائش - شاکیامونی اور مسیح کے حالات مین تربیی مشابہت - عیسوی و
بدھ مذہب کے اصول تعلیم و اخلاق نتائج مین مشابہت - کس بات نے گوتم کو تارک الدنیا
بنایا - ترک دنیا و ریاضت سے بھی عقدۂ زندگانی نہ کھلا - ملک الشیاطین کا شاکیا منی
کو آزمانا - پہلی - دوسری تیسری آزمایش - شاکیامونی کا فتح پانا - بدھ کا درخت -
عقدۂ زندگانی کھل گیا - خواہش نفسانی برائی کی جڑ ہے - دنیا مایا اور دہوکا ہے - نجات
از روے بدھ مذہب - بدھ کی کامیابی کا راز - - - - - - - - - - ۲۴۵ تا ۲۵۴

فصل سوم - بدھ مذہب - بدھ مذہب کوئی نیا مذہب نہ تھا - البتہ ایک نیا اخلاق تھا سکون از لی
یعنی نروان حاصل کرنا بدھ مذہب کا مقصد اعلیٰ ہے - تناسخ و کرم کا مسئلہ - اخلاقی اسباب
جو ہند مین بدھ مذہب کی کامیابی کا باعث ہوے - سیاسی اسباب جو بدھ مذہب کی کامیابی
مین معاون ہوے - اشوک بادشاہ ہند نے زور شور سے بدھ مذہب کی اشاعت کی -

	صفحہ
ابتدائی بُدھ مذہب محض ایک اعلیٰ درجہ کا اخلاق تھا۔ بتدریج بُدھ مذہب بھی ایک غالبہ مذہب بن گیا۔ بُدھ مذہب کے تبتی تا کامیابی کے وجوہ۔ برہمنی مذہب کی اصلاح بُدھ مذہب مین ترقے ہوگئے۔ بُدھ کی مورت بن گئے۔ بدھون کے ملحوظ زمانہ دنیا مین ہدایت دینے کے لئے ہوتے ہین۔ رہبانیت۔ بُدھ مذہب کے چار اصول حقائق۔ رہبانیت کی ہر دلعزیزی کے اسباب۔ بُدھ مذہب اعلیٰ اخلاق کا محرک ہوا۔ بُدھ مذہب کو کس امر مین برہمنی مذہب پر تفوق تھا	۲۵۴ تا ۲۶۳
فصل چہارم۔ بُدھ مذہب کی یادگارین۔ بُدھ مذہب درحقیقت الحادی نہین بلکہ اس مین برہمنی مذہب کی بت پرستی اور کثیر الالٰہی بھی ہے۔ بُدھ کی مورت کا پوجا جانا۔ برہمنی اور بُدھ مذہب مین فلسفیانہ عقائد کا اشتراک۔ بُدھ مذہب نہ تو برہمنی دیوتاؤن کا منکر ہے اور نہ ذات کا البتہ خوت و بہبودی بنی نوع اسکے اخلاق کے اعلیٰ جزو ہین۔ ہندوستان مین بُدھ مذہب کا بتدریج برہمنی مذہب مین ختم ہوجانا	۲۶۴ تا ۲۶۹
فصل پنجم۔ بُدھ مذہب کا ہندوستان سے اُٹھ جانا۔ ہندوستان مین بُدھ مذہب کیون زائل ہوگیا۔ بُدھ مذہب مین بتدریج برہمنی مذہب سرایت کرتا گیا۔ نیپال مین بُدھ اور برہمنی مذہب کی توہی مشابہت و باہمی رواداری کا پتہ چلنا۔ نیپال بُدھ مذہب کا قدیمی گہوارہ ہے۔ نیپال مین بُدھ اور برہمنی مذہب کے تعلقات۔ نیپال کے بُدھ مذہب کی تثلیث۔ نیپال کے بدھسون مین برہمنی اوتار بھی مانے جاتے ہین۔ نیپال کے بُدھ مذہب مین برہمنی میل	۲۷۰ تا ۲۷۶
فصل ششم۔ بُدھ مذہب کا فلسفہ۔ سب کچھ خواب یا مایا ہے۔ جنوبی ایشیا کے بدھسون کے عقائد از روئے رسالہ سوال وجواب۔ اصلی و قدیم بدھ مذہب جدید فلسفیانہ بدھ مذہب سے صریحاً متضاد تھا	۲۷۷ تا ۲۸۲
فصل ہفتم۔ بُدھ زمانہ کی معاشرت۔ منوادر اشوک کے احکام کا تقابل۔ حیوانات پر رحم کرنا۔ مذہبی تقسیم بالاتفریق۔	

صفحہ

ذلت - مذہبی رواداری چوتھی صدی عیسوی مین بدھ مذہب کی حالت زوال سے مختصر بیان

بعد بہ بہ کے انحطاط ساتوین صدی عیسوی کے بعد اور اُسکے اسباب - خلاصہ باب ... ۲۸۳ تا ۲۸۸

باب چہارم

جدید برہمنی تمدن یعنی ہندون کی معاشرت دسوین صدی مسیحی مین

فصل اوّل - وہ دستاویزات جنکے ذریعہ سے جدید برہمنی تمدن کو ہم معلوم کرسکتے ہین -

آٹھوین صدی سے بارہوین صدی عیسوی یعنی اسلامی فتوحات سے قبل ہندوستان کی حالت ... ۲۸۹ تا ۲۹۰

فصل دوم - ہندو تمدن دسوین صدی عیسوی مین - عبادت و پوجا - کھجراہو اور دیگر مقامات کے مندرون کی بیکار

اُنمین کی ایک عمارت کا مکان ... ۲۹۲ تا ۲۹۶

فصل سوم - ہندوستان کی آریہ حکومتون کی سیاسی اور معاشرتی حالت دسوین صدی

عیسوی مین - راجپوتانہ سے خالص قدیم آریہ تمدن کا پتہ چلتا ہے - راجپوتون کا فخر -

اودے پور - راجپوتون مین شادی ہمیشہ خاندان سے باہر ہوتی ہے - راجپوتون مین

مذہبی جوش نہین گروہی ہے ... ۲۹۷ تا ۳۰۶

باب پنجم - اسلامی زمانہ کا تمدن

فصل اوّل - مسلمانون کا اثر ہندوستان پر - ہندوستان کے مسلمان - اسلامی عہد کی صحیح تاریخ

مسلمان فاتحین کا اثر ہند کے مذہب و زبان و صنعت پر ہند مین مسلمان فاتحین پر نسبت

ہندو مفتوحین کے زیادہ اثر پذیر ہوئے - مسلمانون کے ہند پر حملے - مغلون کے

متضاد خصائص - ہند مین اسلامی فاتحین اور اُن کا مذہب خالص نہ رہ سکا - ہند مین

دو قسم کے مسلمان ... ۳۰۷ تا ۳۱۱

فصل دوم مسلمانون کا تمدن ہندمین - ہندوستان مین خالص اسلامی یا عربی تمدن نہین آیا مسلمان بادشاہ علوم وفنون کے بڑے قدردان تھے مغلیہ سلطنت مغل بادشاہ خودمختار ہوتے تھے سلاطین مغلیہ کا دربار وشان وشوکت - انتظام ڈاک وراستے - رستون کی حفاظت - مغلیہ فوج مغلیہ حرم مغل سلاطین علوم وفنون کے بڑے سرپرست وقدردان تھے - .. ۳۱۲ تا ۳۲۳

کتاب پنجم

باب اوّل - ہند کی السنہ اور ادب

فصل اوّل - ہند کے قدیم لٹریچر کی قیمت - ہند لٹریچر بمقابلہ یونان وروم کے نہایت اعلیٰ ہے .. ۳۲۴

فصل دوم - بھجن اور مذہبی نظم .. ۳۲۶

فصل سوم - دونون مشہور رزمی نظمین - مہابھارت اور اسکا قصہ - رامائن .. ۳۲۸ تا ۳۳۲

فصل چہارم - قصص وحکایات وامثال - پنچتنتر - ہتوپدیش .. ۳۳۴

فصل پنجم - ہندو ڈرامک - ہندوؤن مین ناٹکون کی تعلیم یورپ ناٹکون سے بہتر شکنتلا .. ۳۳۶ تا ۳۳۸

فصل ششم متفرق تصنیفات - پُران اُپنشد .. ۳۳۹

فصل ہفتم - ہندوستان کی زبانین - ہند کی زبانون کی تقسیم سنسکرت کا درجہ - ہندوستانی یا اردو زبان کا درجہ سب سے اول ہے - اسکی اشتقاق ڈراویڈی زبانین - تبتی زبانین ہندوستان مین نسل وزبان کا اختلاف واتحاد کا نمونہ ہے .. ۳۴۰ تا ۳۴۴

باب دوم - ہند کی عمارات ہند کی عمارات کی ٹپولوجی - اختلاف عمارات

فصل اوّل - ہند کی عمارات کی تقسیم ہند کی قدیم سے قدیم عمارت تیسری صدی قبل مسیح سے اوپر نہین جاتین .. ۳۴۳

	صفحہ
بُدھ مذہب کی تعمیر کی خصوصیتیں۔ بُدھ عہد پر یہلی طرز تعمیر کی خصوصیتیں۔ ہندوستانی قبر نما چیتو کا سلسلہ شروع کیا	۳۴۶ تا ۳۵۰
ہندوستان کے عمارات کی عام تقسیم	
(۱) بُدھ مذہب کی عمارات۔ (پانچویں صدی قبل مسیح سے لیکر آٹھویں صدی تک)۔	۳۵۱
(۲) شمالی ہند کی جدید برہمنی زمانہ کی عمارات۔ (پانچویں صدی عیسوی سے دسویں صدی عیسوی تک	۳۵۲
(۳) جنوبی ہند کی عمارتیں (چھٹی صدی عیسوی سے اٹھارہویں صدی عیسوی تک)	۳۵۲
(۴) ہندی اسلامی عمارت (بارہویں صدی عیسوی سے اٹھارویں صدی عیسوی تک)	۳۵۳
(۵) ہندی تبتی عمارت (بارہویں صدی عیسوی سے موجودہ زمانہ تک)	۳۵۳
فصل دوم ہندوستان کی عمارات بمعہ زمانہ میں (پانچویں صدی قبل مسیح سے لیکر آٹھویں صدی عیسوی تک) لاٹین اور ستون۔ چاروں میں ترشے ہوئے منادر۔ اجنٹا کے غار۔	
استوپا یا گول عمارتیں	۳۵۴ تا ۳۵۸
وہ عالی شان بُدھ مندر جو میں پہنے ہوئے ہیں	۳۵۹
شمال و مغرب ہند کی یونانی ہند عمارتیں۔	۳۶۱
ہند اپنے فاتحین سے بہت کم متاثر ہوا	۳۶۲
فصل سوم نئے برہمنی زمانہ کی عمارت (پانچویں صدی عیسوی سے اٹھارہویں صدی عیسوی تک	۳۶۴
اُڑیسہ کی عمارات۔ اہرامی شکل کے منادر	"
راجپوتانہ کی عمارت، راجپوتانہ خاص اثرات سے بہت ہی کم متاثر ہوا۔ کجھوراہو کے منادر۔	
آبو کے منادر گوالیار کی یادگاریں	۳۶۷ تا ۳۷۲

	صفحہ
گجرات کی عمارات ۔ احمد آباد ۔ احمد آباد کی اسلامی عمارات ہندی طرز سے مخلوط ہیں	۳۷۳
وسط ہند کی عمارات ۔ مالوہ کے سندر	۳۷۵
دکن کی عمارات ۔ دکن کے گھوڑے ۔ سریرنگم کا سندر ۔ بیجانگر کے کھنڈر	۳۷۹ تا ۳۸۳
فصل پنجم اسلامی زمانہ کی عمارات ۔ ہند کی اسلامی عمارات ہند و عرب ایرانی طرز سے مخلوط ہیں مغلیہ طرز تعمیر	۳۸۴ تا ۳۸۷
فصل ششم ۔ ہندو بتی عمارات ۔ نیپال کی عمارتیں	۳۸۸
فصل ہفتم ۔ زمانہ حال کی ہندی عمارات ۔ زمانہ حال میں ہندی فن تعمیر میں بہت انحطاط ہوگیا ہے	۳۹۱

باب سوم ۔ علوم و فنون

فصل اوّل ۔ ہندی علوم ۔ ہندوں نے علوم و فنون میں بمقابلہ عربوں کے کچھ اضافہ نہیں کیا ۔ فنون میں البتہ ہندوں نے ترقی کی ۔ ہندوں کی اصلی قابلیت کا اندازہ انکی صنعت کی ترقی کی بنا پر کرنا چاہیے	۳۹۴ تا ۳۹۷
فصل دوم ۔ ہندو فنون و صنایع ۔ ہندوؤں کا صنعتی مادہ نہایت اعلیٰ ہے	۳۹۸
تصاویر اور سنگ تراشی	۴۰۰
رنگین تصاویر	۴۰۲
حرفتی فنون ۔ لکڑی اور فلزات کا کام ۔ جواہرات کی صنعتیں ۔ صناعی میں ہندو بہت اعلیٰ ہیں ۔ ہندو ظرفی صناعی میں بڑے کاریگر ہیں ۔ دوات پیچ کاری کا کام ہندی اعلیٰ صنعت ہے ۔ فولادی ہتیار ۔ شمال و قالین ۔ ہندوؤں کا تخیلہ قوی مگر عقل کمزور	۴۰۳ تا ۴۰۶

صفحہ

کتاب ششم

موجودہ ہند۔ اعتقادات۔ نظامات۔ رسوم وعادات

باب اوّل۔ ہندو کی دماغی حالت۔ ہندو کے دماغی خصایص کا پتہ انکی کتب اور بے پنج تنتر وغیرہ پر پیش ۴۰۷

اوّل قسمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۰

فصل دوم۔ انسانی جبلت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۱

فصل سوم۔ زندگی۔ بڑھاپا۔ موت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۴

فصل چہارم۔ انسانی افعال کے محرکات ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۴

فصل پانچوین۔ عورتون کے بیان مین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۵

فصل چھٹی۔ علم وجہل کے بیان مین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۷

فصل ساتوین۔ تمول اور افلاس کے بیان مین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۹

فصل آٹھوین۔ زندگی کے ہر موقع کے مناسب چال چلن کے بیان مین۔

بدظنی وگردہینی۔ ملائمت وہمدردی۔ تالیف قلوبی۔ صاف باطنی وریاکاری۔ ہمت و

نجابت قدیمی۔ غصہ۔ نقابت کا اثر۔ آپس کے تعلقات احتیاط سے اختیار کرنے

اور ان تعلقات کے نتائج ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۲۴ تا ۴۲۹

فصل نوین۔ سیاست مدن کے بیان مین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳۰

فصل دہم۔ وہ فرق جو ہندون اور یورپی کتابون کے مقولون مین ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳۳

باب دوم۔ ہندوستان کے موجودہ مذاہب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳۵

فصل اوّل۔ ہندو تثلیث ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳۶

صفحہ

فصل دوم۔ شیو کی پرستش ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳۸

فصل سوم۔ وشنو کی پرستش ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۴۰

فصل چہارم۔ ہندو مذاہب کی بے انتہا قسمیں اور اُنکے دائمی تغیرات ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۴۳

فصل پنجم۔ ہندو پرستش کی ظاہری چیزیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۴۷

فصل ششم۔ جین مذہب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۴۹

فصل ہفتم۔ ہند کے مذاہب کے تمام اصول ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۵۲

فصل ہشتم۔ ہند کا اسلام ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۵۳

فصل نہم۔ ہندون مین مذہب کا اثر اخلاق پر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۵۶

باب سوم۔ نظامات رسوم و عادات

فصل اوّل۔ گاؤن اور ملکیت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۶۱

فصل دوم۔ ہندو خاندان عورتون کی حالت ہندمین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۶۸

فصل سوم۔ ذات ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۷۲

فصل چہارم۔ قانون ورسم ورواج ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۸۱

فصل پنجم۔ ہند کے کاشتکار ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۸۵

فصل ششم۔ ہند کے اہل حرفہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۸۶

فصل ہفتم۔ ہنود کی اندرونی و بیرونی زندگی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۸۸

صفحہ

باب چہارم

ہند کی اصلی حکومت - انگریزی انتظام کے اصول اور اُس کے نتائج .. ۴۹۵ تا ۵۱۰

فصل اوّل - انگریزی انتظام - سول سروس - امنت دیسی عملہ - انگریزی انتظام کا ایک اصول انگریزی انتظام کے نتائج - ہندوستان کی آبادی - فوج کی تعداد - محاصل - مخارج - تعمیرات - ریلوے - تجارت - ہند کی سیاحت کے فائدے - ہندوستان کے بعض مشکل مسائل - آبادی حد سے بڑھنے کا خطرہ - دیسی ریاستیں .. .. ۴۹۵ تا ۵۱۰

فصل دوم - ہندوستان مین انگریزی تعلیم - ہندوستان مین انگریزی تعلیم جاری کرنیکے اسباب اور اس کے نتائج - جدید تعلیم یافتہ لوگون کے دماغی حالت کی رعایت نہین رکھی گئی - بابو کی دماغی حالت - اخلاقی نتائج - بابون کے ساتھ انگریزون کا برتاؤ - بابو پرانے طرز کے پنڈت کا مقابلہ - انگریزی انتظام بلا بابو کے نہین چل سکتا - پروفیسر بنیرجی اور لیمین کی رائے سر الفرڈ لائل کی رائے - انگریزی حکما سیاست کی غلطی تعلیم کے متعلق خطرہ بابو حاکم بننے کیلئے صرف امتحان پاس کرلینا کوئی نہین ہے - لارڈ رپن کی غلطی .. .. .. ۵۱۱ تا ۵۲۲

فصل سوم - ہندوستان کا جنگی مستقبل - ہندوستان کی قسمت مین دائمی غلامی - ہندوستان پر آنے والا خطرہ .. .. ۵۲۳ و ۵۲۴

فصل چہارم - ہندوستان کا اقتصادی مستقبل - قانون قدرت - قوی ضعیف کو کھا جاتا ہے اقتصادی حملہ کا خطرہ مشرق کی طرف سے - .. .. ۵۲۵ سے ۵۳۱

فہرست تصاویر و نقشہ جات

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
		قسم اوّل - تصاویر اقوام مختلفہ	
۱	۰	شبیہہ شمس العلما مولانا سید علی بلگرامی	۱
۲	۱۶	آسام کی ناگ قوم کا سردار	۶۹
۳	۱۲	آسام کی پہاڑی عورتیں	۷۶
۴	۱۳	کشمیر کے سپاہی	۷۸
۵	۱۴	شبیہہ تیمور بادشاہ	۸۲
۶	۱۷	شبیہہ عادل شاہ بادشاہ بیجاپور	۸۵
۷	۱۸	شبیہہ فرخ سیر بادشاہ	۸۶
۸	۱۹	شبیہہ ابوالحسن تانا شاہ بادشاہ گولکنڈہ	۸۷
۹	۲۰	مغلیہ زمانہ کی حرم شاہی کی ایک خاتون	۸۸
۱۰	۲۱	راجپوت سپاہی	۹۸
۱۱	۲۱	اودے پور کے ایک پنڈت	۹۹
۱۲	۲۳	راجپوتانہ کے نیم وحشی	۱۰۰
۱۳	۲۴	حیدرآباد دکن کے عرب انسر	۱۰۲
۱۴	۲۵	علاقہ مدراس کے تیر تھی ہندو	۱۰۴
۱۵	۲۶	نیلگری کا ٹوڈا	۱۱۲

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۱۷	۲۹	گجراتی مسلمان	۱۱۷
۱۸	۳۰	چھوٹے ناگپور کے وحشی	۱۲۶
		قسم دوم - تصاویر مناظر و مقامات	
۱۹	۱	غربی ہمالیہ کا ایک گانون	۵
۲۰	۲۱	کشمیر کا ایک منظر سندہ کی گھاٹی	۸
۲۱	۳	سنگ مرمر کے پہاڑ جبل پور کے قریب نربدا کی گھاٹی مین	۲۰
۲۲	نمبر ۱	مہوبہ کا مصنوعی غار	۲۸
۲۳	۵	سری نگر کشمیر	۳۶
۲۴	۶	پوکھر کا تالاب اجمیر شریف کے قریب	۴۱
۲۵	۷	برہت کی ایک بنت مورت جسمین دوسری صدی قبل مسیح کے مندر دکھائی گئے ہین	۶۷
۲۶	۳۲	ایجنٹہ کے زیر زمین مندرونکا عام منظر	۱۴۲
۲۷	۳۶	سانچی کے ٹوپ کا عام منظر	۱۵۸
۲۸	۴۱	اودے گری نہایت قدیم بنت کاری جسمین ننگار کی تصویر دکھائی گئی ہے	۱۹۲
۲۹	۴۸	کوہ آبو - جین مندرون کا عام منظر	۲۳۵
۳۰	۶۴	اندر کے مندر کا منظر غار ہاے ایلورہ	۲۹۰
۳۱	۷۱	تنجور مخروطی مندر کا منظر	۳۲۷
۳۲	۸۷	شہر چتوڑ کی قلعہ کا منظر	۳۶۰
۳۳	۱۳۴	بنارس کے ایک جدید طرز کے مندر کا سامنا	۴۶۸

نشان سلسلہ	نشان تصویر	—	مقابل صفحہ
		قسم سوم۔ وہ تصاویر جو سوم و اوضاع سے متعلق ہین	
۳۴	✣	شاہ جہان کا دربار " " " " " " " "	۸۴
۳۵	۲۵	برہت کی ایک عمارت کی آرایش دوسری صدی قبل مسیح " "	۱۵۷
۳۶	۳۴	ایجنٹہ کے ایک مندر کی اندرونی آرایش " " " " "	۱۵۱
		قسم چہارم۔ عمارات کی تصویرین	
		منادر اور مورتین اور ان کی صناعی	
۳۷	۸	برہت کی بنست مورتین دو سال قبل مسیح کے ہندو " " " "	۶۸
۳۸	۹	برہت کی بنست مورتین۔ " " " " " " " "	۶۹
۳۹	۱۰	برہت کی مورتین " " " " " " " " "	۶۹
۴۰	۳۱	کارکی کے زیرزمین مندر کا رکاؤ " " " " " " "	۱۳۸
۴۱	۳۳	ایجنٹہ کا ایک مندر ستون کی تفصیل " " " " " "	۱۴۳
۴۲	۳۹	بنارس کا مندر " " " " " " " " "	۱۷۴
۴۳	۴۰	بدہ کی مورت حوالیہ پشاور " " " " " " " "	۱۸۶
۴۴	۴۲	بھنومیشور پسورا میشور کا مندر " " " " " "	۱۹۴
۴۵	۴۳	بھنومیشور بھگوتی کے مندر کا ایک گوشہ " " " " "	۱۹۹
۴۶	۴۴	جگناتھ کے بڑے مندر کا دروازہ " " " " " "	۲۰۳
۴۷	۴۵	کھجوراہو شو کا مندر " " " " " " " "	۲۱۲
۴۸	۴۶	کھجوراہو شو کا مندر دسویں صدی عیسوی " " " " "	۲۱۴

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۴۹	۴۷	کھجوراہا لکشمی جی کا مندر	۲۲۴
۵۰	۴۹	کوہ آبو در پہاڑ پر پنچال کا مندر	۲۴۰
۵۱	۵۰	گوالیار ساس بہو کا مندر	۲۴۷
۵۲	۵۲	نگدا تنکا کا مندر	۲۵۶
۵۳	۵۳	سدسوا رہ - مندر کے کھنڈر - امکارگی	۲۶۲
۵۴	۵۴	گوبند یو کا مندر بندرابن	۲۶۴
۵۵	۶۵	کیلاش کا مندر	۱۹۵
۵۶	۶۶	کیلاش کے مندر کے بت	۳۰۰
۵۷	۶۷	غار الفنٹا کے مندر کے ستون جو پہاڑ میں تراشے ہوئے ہیں	۳۰۵
۵۸	۶۸	باداجی کا ایک پرانا مندر	۳۱۶
۵۹	۶۹	باداجی - کے مندر کا اندرونی حصہ دستون	۳۱۷
۶۰	۷۰	تنجور کے مندر کی صناعی کی تفصیل	۳۲۶
۶۱	۷۲	چلادارم کا مندر	۳۲۸
۶۲	۷۳	چلادوم کے مندر کے ستون	۳۳۰
۶۳	۷۴	ترپنی کے مندر کے ستون و بھن	۳۳۱
۶۴	۷۵	ترپنی کے مندر کا مقدس حوض	۳۳۲
۶۵	۷۶	کونجی روم کا مندر	۳۳۳
۶۶	۷۷	بیجانگر کا مندر	۳۳۴

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۶۷	۷۸	ونوبا کا مندر ہیچانگر	۳۳۶
۶۸	۸۶	کمبھہ کونم کا مندر	۳۶۶
۶۹	۸۸	ہلا بید میسور کا مندر	۳۷۲
		اودے پور کی عمارت	
۷۰	۵۵	اودے پور کے مہاراناکا محل	۲۶۹
۷۱	۵۶	اودے پور کے جیمل مہاراجہ کا محل	۲۷۲
۷۲	۵۷	رانایان اودے پور کا مقبرہ	۲۷۵
		احمد آباد کی عمارات	
۷۳	۵۸	احمد آباد کی مسجد اعظم	۲۷۵
۷۴	۵۹	محافظ خان کی مسجد احمد آباد	۲۷۶
۷۵	۶۰	مسجد محافظ خان کی سنگ مرمر کا محراب	۲۸۰
۷۶	۶۱	رانی پری کی مسجد احمد آباد	۲۸۴
۷۷	۶۲	احمد آباد کی مسجد کی ایک مینار	۲۸۶
۷۸	۶۳	احمد آباد کی ایک پرانی مسجد میں پتھر کی جالی (صناعی)	۲۸۰
		مدورا کی عمارات	
۷۸	۷۹	مدورا کے مندر کا پھاٹک	۳۴۱
۷۹	۸۰	مدورا کے مندر کا اندرونی منظر مع حوض	۳۴۴
۸۰	۸۱	مدورا کے ایک مندر کا منظر	۳۴۶

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۸۱	۸۲	مڈورا کے بڑے مندر کا اندرونی حصہ	۳۴۹
۸۲	۸۳	مڈورا کا پکوڈا معہ مقدس تالاب	۳۵۵
۸۳	۸۴	ٹڈومل نانک محل کا اندرونی حصہ مڈورا	۳۵۶
		دہلی کی عمارات	
۸۴		دہلی کی جامع مسجد کا منظر	جلد پر
۸۵	۸۹	پرانی دہلی کا منظر و قطب مینار	۳۷۴
۸۶	۹۰	قطب مینار کی صناعی	۳۷۶
۸۷	۹۱	مسجد قطب کی محراب و ستون	۳۷۸
۸۸	۹۲	مسجد قطب کے ستون	۳۷۹
۸۹	۹۳	علاؤالدین کا پھاٹک	۳۸۲
۹۰	۱۱۵	ہمایون کا مقبرہ دہلی	۴۳۷
۹۱	۱۱۶	دہلی کے قلعہ کا دروازہ	۴۳۸
۹۲	۱۱۸	سنگ مرمر کی گلکاری کا نمونہ	۴۴۰
۹۳	۱۱۹	جامع مسجد دہلی	۴۴۲
۹۴	۱۲۰	صفدر جنگ کی قبر	۴۴۵
		آگرہ اور حوالی آگرہ کی عمارات	
۹۵	۹۸	لال محل کا پھاٹک آگرہ کے قلعہ میں	۴۰۰
۹۶	۹۹	رنگ محل آگرہ کا ایک ستون	۴۰۲

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۹۷	۱۰۰	سنگ مرمر کے مغلیہ محل واقع اندرون قلعہ آگرہ	۴۰۴
۹۸	۱۰۱	موتی مسجد آگرہ	۴۰۶
۹۹	۱۰۲	اعتماد الدولہ مقبرہ کا منظر	۴۰۸
۱۰۰	۱۰۳	اعتماد الدولہ کے مقبرہ کی صناعی	۴۱۰
۱۰۱	۱۰۴	تاج محل آگرہ کا منظر	۴۱۲
۱۰۲	۱۰۵	تاج محل آگرہ کا بالائی حصہ	۴۱۴
۱۰۳	۱۰۶	تاج محل کا باغ و فوارے	۴۱۶
۱۰۴	۱۰۷	تاج محل کے تخت زمین شاہجہان اور ممتاز محل کی قبریں اور انکی صناعی	۴۱۸
۱۰۵	۱۰۸	اکبر کا مقبرہ سکندرہ میں	۴۲۰
۱۰۶	۱۰۹	اکبر کی قبر کا منظر	۴۲۲
۱۰۷	۱۱۰	فتحپور سیکری کی بڑی مسجد کا پھاٹک	۴۲۴
۱۰۸	۱۱۱	محل واقع فتحپور سیکری	۴۲۶
۱۰۹	۱۱۲	فتحپور سیکری کے نیچے کا اندرونی حصہ	۴۳۰
۱۱۰	۱۱۳	خاص محل فتحپوری سیکری	۴۳۰
۱۱۱	۱۱۴	فتحپور سیکری کے مقبرہ کا دروازہ	۴۳۴
		نیپال کی عمارات	
۱۱۲	۱۲۴	نیپال کا بڑا مندر بدھ	۴۴۸
۱۱۳	۱۲۵	نیپال کا سنگی مندر قصر شاہی کے سامنے	۴۴۹

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۱۱۴	۱۲۶	شاہی محل نیپال کا دروازہ اور صناعی	۴۵۰
۱۱۵	۱۲۷	نیپال کے محل کا ایک ستون	۴۵۲
۱۱۶	۱۲۸	بہت گاؤن نیپال کا شاہی مقام	۴۵۴
۱۱۷	۱۲۹	بہت گاؤن نیپال شاہی محل کے سامنے کا ایک حصہ	۴۵۶
۱۱۸	۱۳۰	بہت گاؤن نیپال شاہی محل کا پھاٹک	۴۵۸
۱۱۹	۱۳۱	کٹ منڈو۔ نیپال اسلامی طرز کا مندر	۴۶۲
۱۲۰	۱۳۲	پشپتی نیپال شہر کا منظر	۴۶۴
		تصاویر عمارات مختلفہ	
۱۲۱	۳۷	سانچی کے ٹوپ کا ایک پھاٹک	۱۶۲
۱۲۲	۳۸	سانچی شمالی پھاٹک کی سنگتراشی اور منبت کاری	۱۷۲
۱۲۳	۵۱	چتوڑ۔ فتح کا برج۔ پندرھویں صدی	۲۵۲
۱۲۴	۸۷	رامیشرم کے پگوڈا کا اندرونی حصہ	۳۷۰
۱۲۵	۹۴	بیجاپور کی مسجد	۳۸۴
۱۲۶	۹۵	سلطان محمود کا مقبرہ بیجاپور	۳۸۹
۱۲۷	۹۶	بادشاہی مقبرہ کا اندرونی حصہ	۳۹۸
۱۲۸	۹۷	چہارمینار حیدرآباد دکن	۳۹۹
۱۲۹	۱۲۲	اورنگ زیب کی مسجد کا ایک مینار اور رنجیت سنگھ کا مقبرہ	۴۴۶
۱۳۰	۱۲۳	شیش محل کا پھاٹک لاہور	۴۴۷

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۱۳۱	۱۳۳	کامنڈر جدید بنارس	۴۶۶
۱۳۲	۱۳۵	امرت سر کا گوردوارہ اور مقدس تالاب	۴۷۰
۱۳۳	۱۳۶	ریاست چھترپور کے راجہ کا جدید محل	۴۷۲
۱۳۴	۱۳۷	کلکتہ کا ایک جدید پگوڈا	۴۷۴
		قسم پنجم۔ وہ تصاویر جو علوم و فنون و صنعت و حرفت سے متعلق ہیں	
	+	بدہ زمانہ کا طلائی صندوقچہ	۴۷۶
۱۳۵	۱۳۸	حیدرآباد دکن صراحی دوات کی بنی ہوئی اور جھجر	۴۷۸
۱۳۶	۱۳۹	مغلیہ عہد کی صراحی	۴۸۰
۱۳۷	۱۴۰	مغلیہ عہد کی منقش صراحی	۴۸۰
۱۳۸	۱۴۱	پیالہ ساخت مرادآباد	۴۸۲
۱۳۹	۱۴۲	مرتبان ساخت سندہ	۴۹۲
۱۴۰	۱۴۳	دہلی کے بنے ہوئے مٹی کے مرتبان	۵۰۰
۱۴۱	۱۴۴	سندہ کے بنے ہوئے مٹی کے مرتبان	۵۰۰
۱۴۲	۱۴۵	سندہ کی منقش اینٹ	۵۱۲
		قسم ششم۔ نقشہ جات	
۱۴۳	۹۳ع	نقشہ بنیادی مندر کھاجوراہا	۲۲۲
۱۴۴		نقشہ ہندوستان	۱۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

تمدن عرب کو شائع ہوئے قریباً پندرہ سال گذر چکے اور جس شان و آن بان سے ہندوستان میں اس کتاب کا خیر مقدم ہوا اور جو مقبولیت و شہرت اس کو حاصل ہوئی وہ اب محتاج بیان نہیں حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان کے اردو لٹریچر میں تمدن عرب کیا لحاظ جدت مضامین و عمق نظری و کیا لحاظ انشاپردازی عمدگی اور چھپائی ایک شاندار نمونے مثل کتاب ہے۔ والد مرحوم کو تمدن عرب کی اشاعت کے بعد ہی یہ خیال پیدا ہوا کہ کتاب **تمدن ہند** کا ترجمہ بھی جو فرانسیسی زبان میں مثل تمدن عرب کے ایک بڑے پایہ کی تصنیف تھی، اردو کیا جائے۔ مگر اس اثنا میں حیدرآباد موسسی انقلابات و اولاد کی تعلیم و تربیت کی مجبوریوں کے باعث انہیں حیدرآباد سے انگلستان جانا پڑا۔ اور قریباً ۷ سال تک کیمبرج یونیورسٹی میں درس و تدریس و مشاغل علمیہ و تفکرات خانگی میں منہمک رہے۔ اور اتنی مہلت نہ ملی کہ اس کام کو شروع کرتے۔ قریباً ۳ سال کا عرصہ ہوا کہ والد مرحوم انگلستان سے مراجعت فرمائے ہندوستان ہوئے اور ہندوستان میں ایک قسم کی قومی بیداری کے آثار دیکھ کر انہیں پھر اپنی اس دیرینہ آرزو پورا کرنے کا خیال پیدا ہوا کہ **تمدن ہند** کا ترجمہ جس قدر جلد ممکن ہو شائع کیا جائے۔ چنانچہ

انھون نے اِس اہم کام کو شروع کیا اور ان کا مصمم ارادہ تھا کہ گذشتہ عظیم الشان تہنشاہی دربار دہلی کے موقع پر اسکو شایع کر دیتے مگر داحسرتا! کہ ۶ مئی ۱۹۱۱ء کو یکایک حرکتِ قلب رُک جانے سے وہ راہی ملک عدم ہوئے۔ اور بہت سی آرزوئین بھی اُن کے ساتھ تہ خاک ہوگئین۔ تمام خانگی انتظامات وتجویزون کا شیرازہ درہم برہم ہوگیا۔ انواع و اقسام کی دقتون کا سامنا ہوا۔ تاہم مین نے بسی بلیغ مرحوم کے مسودہ کی نظرثانی کرا کے اُسکو آخر کار چھپوا دیا۔ علاوہ کثیر مصارف کے جو اہل درجہ کی چھپائی و تصاویر کے برداشت کرنے پڑے ایک بڑی مشکل یہ تھی کہ مطبع و تصحیح کنندہ مین بعد المشرقین تھا اور مسودہ کے آنے جانے مین اس قدر دیر لگتی تھی کہ غلطیون کا رہجانا ایک ناگزیر امر تھا۔ ناظرین سے درخواست ہے کہ وہ اِس ناگزیر تاخیر کو معاف فرمائینگے اور چھپائی کی غلطیون سے بھی چشم پوشی فرمائینگے

مثل تمدن عرب کے تمدن ہند کے مصنف بھی ملک فرانس کے مشہور ڈاکٹر لی بان ہین۔ اور یہ اسوقت تک زندہ و سلامت ہین۔ انھون نے اپنی زندگی کو انسان کی حالت انفرادی و حالت تمدنی کے مطالعہ مین صرف کیا ہے اور اِس مسئلہ کو انھون نے اِس جدید فلسفہ کے اصول سے جانچا ہے جو ڈارون کے مسئلہ ارتقا کے نام سے مشہور ہے۔ اور جس کا لب لباب یہ ہے کہ عالم کائنات مین انسان سے لیکر ادنی حیوان اور ادنی نباتات تک اور آفتاب جہانتاب سے لیکر ادنی ستارہ تک کوئی چیز اپنی موجودہ حالت مین خلق نہین ہوئی بلکہ وہ ایک نہایت ہی بسیط اور سادہ حالت سے قرن ہا سے دراز مین اور ایک مضبط قانون قدرت کے بموجب اپنی موجودہ حالت پر پہونچی ہے۔ ڈاکٹر لی بان نے تمدن انسانی کو انہین اصول سے مطابق کیا ہے اور نہایت ہی مفید و دلچسپ نتائج نکالے ہین۔ اِس مبحث پر ان کی متعدد تصانیف یورپ مین نہایت مستند مانی گئی ہین اور اُن مین ایک خاص جدت اور عمق نظری پائی جاتی ہے۔ منجملہ اُن کے تمدن عرب و تمدن ہند زمانہ قدیم کے تمدن یعنی اسیریا بابل و مصر قدیم کی تاریخین اور ان کے تمدن" اور "ہندوستان کی ہمدرد

یادگارین بہت مشہور تصانیف ہین۔ ڈاکٹر لی بان کی تحقیق و تصنیف اِس لحاظ سے اور بھی باوقعت ہین کہ انہون نے بلاد اسلامیہ و ہندوستان کی سیاحت بھی کی ہے مسلمانون اور ہندوؤن کے حالات اُن کی معاشرت۔ اُن کی عمارات اور آثار قدیمہ کو بچشم العین دیکھا ہے علاوہ اسکے کل وہ کتابین جو مسلمانون و ہندوؤن کے متعلق یورپ کی زبانون مین لکھی گئی ہین یا مشرقی السنہ سے ترجمہ ہوئی ہین ڈاکٹر موصوف نے غور سے مطالعہ کی ہین اور کُل اہم واقعات تاریخی اور معاشرتی کی بابت انہون نے ایک بہت ہی عالمانہ و بے تعصبانہ رائے قائم کی ہے۔ انہون نے ہندوؤن کے کل رسوم و عادات و نظامات کی بہت ہی معقول توجیہین کی ہین اور اُن سے بمرور زمانہ جو نتائج ظہور مین آئے ہین ان کو دکھایا ہے۔ ڈاکٹر لی بان کی کتاب کا ایک بڑا وصف یہ بھی ہے کہ اس مین عمدہ قسم کی تصاویر کثرت سے ہین اور ان کے ذریعہ سے **تمدن ہند** کا ہر ایک جز یعنی اختلاف اقوام علوم و فنون۔ صنعت و حرفت و عمارات و ابنیہ۔ رسوم و رواج عادات و نظامات وغیرہ بر اے العین دکھایا گیا ہے۔

ہندی تمدن کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ یہ ایک نہایت قدیم تمدن اور اب تک زندہ و سلامت ہے اور یہان تمدن کے تمام مدارج یعنی ادنی و وحشیانہ حالت سے لیکر اعلیٰ ترین تہذیب و شائستگی کے نمونے نظر آتے ہین حقیقت یہ ہے کہ **تمدن ہند** کی تاریخ تمدن عالم کی تاریخ ہے۔

ڈاکٹر لی بان نے **تمدن ہند** کی ترقی و تاریخ کو مختلف قرنون مین تقسیم کیا ہے۔ سب سے پہلے انہون نے ہندوستان کے جغرافیہ طبعی آب و ہوا اور اسکے اسباب و اثرات سے بحث کی ہے۔ اسکے بعد کل اقوام ہند اور اُن کے آغاز و تغیرات و خصائص پر عالمانہ و فلسفیانہ نظر ڈالی ہے تمدن ہند کی تاریخ حسب ذیل زمانون مین منقسم کی گئی ہے۔

قرن اوّل - رگ وید کا زمانہ۔ اسمین آریون کے زور و قوت و جنگ و فتح کا آغاز ہے جس مین وہ

ہند کے قدیم وحشی باشندون سے لڑائی مین مصروف ہے۔ یہ لوگ بعد کے ہندوؤن سے بالکل مختلف تھے جوگیان دھیان اور فلسفہ والہیات مین مگن رہتے تھے۔ اس وقت علمی کام صرف رگ وید کے ۱۰۱۷ گیت ہین جو اگرچہ مذہبی ہین مگر ان سے ابتدائی زندگی کی حالت مترشح ہوتی ہے اور دنیا کے ابتدائی فلسفہ کی جھلک کہین کہین نظر آتی ہے۔ یہ گویا پندرہ سو سال قبل مسیح کا زمانہ ہے۔

قرنِ دوم۔ یہ وہ زمانہ ہے جبکہ وہ ستلج تک پہنچے اور گنگا جمنا تک بڑہے۔ آسین انہون نے اپنے فتوحات کی تکمیل اور ملک کے اصلی باشندون کو بالکل مغلوب ومحکوم کرلیا۔ اسی زمانہ مین وید تصنیف ہوئی اور کورو اور پانچالون کی جنگ ہوئی۔ یہ زمانہ پندرہ سو قبل مسیح کا ہے۔

قرنِ سوم۔ آسین آریون نے اپنے فتوحات کو اور وسیع کیا۔ یہ زمانہ جنگی اور علمی کارنامون سے ممتاز ہے۔ فلسفہ کا خاصکر زور ہوا اور ایک ایسی تحریک کا آغاز ہوا جو دنیا مین اب تک عالمگیر ہے۔ یعنی بدھ مذہب کی بنیاد پڑی۔ اس زمانہ کو ایک ہزار سال قبل مسیح سے تین سو برس قبل مسیح تک سمجھنا چاہیے۔

قرنِ چہارم۔ یہ بدھ مذہب کا زمانہ ہے۔ آسین حکومت اور بدھ مذہب کا زور شور رہا۔ علوم و فنون کو رونق ہوئی۔ شاعری۔ طب۔ صرف ونحو۔ قانون۔ نجوم۔ فلسفہ وغیرہ کی تالیف وتصنیف کا بازار گرم ہوا۔ اور ہندو تمدن جنوبی ہند وسیلون وغیرہ تک پھیلا۔ یہ زمانہ ۲۰۰ قبل مسیح ہے اور ۵۰۰ سن عیسوی تک شمار کیا جاسکتا ہے۔

قرنِ پنجم۔ جدید برہمنی مذہب پھر ابھرتا ہے اور بدھ مذہب کو مغلوب کرلیتا ہے۔ پولیٹکل اور علمی کارنامون کا زمانہ ہے جو ۵۰۰ سے ۱۰۰۰ عیسوی تک رہا یعنی محمود غزنوی کے حملے تک۔

قرنِ ششم۔ مسلمانون کا عہد۔

قرنِ ہفتم۔ یوروپی عہد۔

ہند کے قدیم تمدن پر اگر ابتدا سے غور کیا جائے تو تحقیق ہو سکتا ہے کہ انسانی تمدن کیونکر بتدا بڑھتا نشو و نما پاتا اور پھلتا پھولتا ہے۔ اوّل اوّل جب آریا خانہ بدوش گلہ بانون کی طرح ملک مین داخل ہوئے اور پھر آخر مین رفتہ رفتہ سارے ملک پر چھا گئے اور اُن کی معاشرت نظام سیاست۔ علم و فضل۔ اور قوت و عظمت کو عروج و کمال حاصل ہوا جب اول سے آخر تک یہ تمام قرون اپنی مختلف نیرنگیون کے ساتھ ہماری نظر سے گزرتے ہین تو سب سے پہلے قدیم خیالات، معتقدات اور توہمات کا وہ خاکہ آتا ہے کہ اُن پر غور کیا جائے تو ان کی دھندین واقعات کی جھلک نظر آتی ہے اور یہ پتہ لگ سکتا ہے کہ انسان جب تمدن کی اول سیڑھی پر قدم رکھنے کو ہوتا ہے تو اس کی کیا حالت اور حیثیت ہوتی ہے اور آیندہ مدارج کیونکر طے کرتا ہے۔

ہمین اِس زمانہ کی حالت ویدون سے کیا معلوم ہوتی ہے؟ آریہ جب شمالی ہند مین داخل ہوئے تو انھین اپنے پیشرو تورانیون اور یمان کے اصلی وحشی باشندون سے مقابلہ کرنا پڑا اور مدت تک اسی جنگ و جدل مین بسر ہوئی آخر رفتہ رفتہ دشمن پسپا ہوئے اور آریاؤن کا قبضہ شمالی ملک پر ہو گیا۔ ان کی حالت اس وقت ایسی ہی تھی جیسی ایک جنگ جو فاتح قوم کی ہوتی ہے۔ فاتح و ملکی سوکتون مین اپنی فتح و نصرت کے گیت گاتے حصول دولت و ثروت اور پامالی دشمن کی دعائین مانگتے ہین۔ اس وقت مندر تھے نہ بُت۔ اور سوا سے آریاؤن اور اصلی باشندون کے کوئی ذات پات کا امتیاز نہ تھا۔ وہ آگ، پانی، آسمان اور سورج سے التجائین کرتے اور ان کے بھجن گاتے ہین۔ ایک ایسی قوم کے لئے جو دنیا مین اوّل اوّل میدان تمدن مین قدم رکھ رہی ہے یہ بات کوئی خلافِ عقل یا خلافِ فطرت نہین ہے۔ مثلاً جب وہ اندھیون سے التجا کرتے ہین کہ تم تھم جاؤ یا آسمان سے گڑگڑا کر یہ کہتے ہین مینہ برساؤ یا سورج سے درخواست کرتے ہین کہ نکل اور چمک تو یہ ایسی باتین ہین جو اب بھی بعض سادہ لوح فرقون مین پائی جاتی ہین، البتہ یہ ضرور ہے

کہ ہندوستان مین آکر جب انہون نے قدرت کے عظیم الشان مظاہرہ کیھے تو وہ اُن کے آگے پرستش کے لئے جُھک گئے جو ایک امر فطرتی ہے۔

یہان ویدی زمانہ کے دیوتاؤن کے متعلق مختصر سا ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ کیا آریہ اس وقت خدا کو مانتے تھے؟ اُن کا خدا ایک تھا یا کئی؟ رگ وید کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا کا مفہوم ان کے یہان نہین ہے۔ وہ متعدد دیوتاؤن کی پرستش کرتے تھے۔ اِن دیوتاؤن کی تین تقسیمین کی جاسکتی ہین (۱) اکاش کے دیوتا۔ (۲) پرتھوی یعنی زمین کے دیوتا۔ (۳) پانی کے دیوتا۔ اوران مین ہر ایک کے گیارہ گیارہ تھے گویا کُل ۳۳ دیوتا ہوئے۔ اور بعضون نے ۳۳ سے تین ہزار تین سو تینتیس تک پہنچا دئے ہین۔ بعض ان مین سے سود مندی اور فائدہ کے خیال سے دیوتا مانے گئے اور بعض خوف اور ڈر کی وجہ سے۔ مثلاً ازروے رگ وید اگنی (آگ) برق سے آئی اور دو لکڑیون کی رگڑ سے پیدا ہوئی۔ آگ کا دریافت کرنا ابتدائے تمدن کے لئے نہایت ضروری ہے اور یہ ترقی کا نمونہ ہے۔ لوگ بجائے کچی چیزین کھانے کے پکا کے کھانا شروع کرتے ہین۔ اِس کی مدد سے وہ رات کو بھی کام کر سکتے ہین، جاڑون مین وہ انہین اکڑ کر مر جانے سے بچاتی ہے اور جو سورج اور صبح صادق مین نظر آتی ہے اور زمین و آسمان کو روشن کرتی ہے۔ لہذا کوئی وجہ نہین ہے کہ وہ ایک ایسی شئے کو جو آسمان سے زمین پر آئی اور انسان کے اتنے کام آتی ہے۔ دیوتا نہ سمجھین۔ آندھی اور رعد و برق خوف کی وجہ سے دیوتا مانے گئے وغیرہ وغیرہ۔ لیکن سب سے بڑا دیوتا اندر ہے جو نیلے آسمان کا دیوتا بادلون کا جمع کرنے والا، مینہ کا برسانے والا، گرج کا کڑکانے والا، تاریکی کا مٹانے والا اور روشنی کا لانے والا اور قوت، حیات اور تازگی بخشنے والا ہے۔ لیکن اِن سب کے پیچھے ایک خیال ہے جو محسوسات سے پرے ہے اور جس کا نام مذہب ہے۔

ویدی زمانہ زیادہ تر اِس لئے قابل مطالعہ ہے کہ یہان ہمین زبان و خیالات کی پہلی صورت

مذہب وتوہمات ورسوم کی بُنیاد اوّلین، فلسفیانہ خیالات کی ابتدائی جھلک اور خاندانی، دیہی اور سیاسی زندگی کی سب سے نخستین نظر آتی ہے۔ لیکن ان سب کی بنیاد مذہب پر ہے جو فطرت کی سب سے پہلی تعبیر ہے، اور مذہب کے نشوونما کی ابتدائی حالت جیسی یہاں معلوم ہوتی ہے وہ کسی دوسرے ملک کے لٹریچر میں نظر نہیں آتی۔ یہودیوں۔ یونانیوں۔ اور رومیوں کے یہاں یہ مفقود ہے۔ جو لوگ انسان کے ابتدائی حالات وخیالات کی تحقیق کے لئے وحشی اقوام کا مطالعہ کرتے ہیں انہیں رگ وید کا مطالعہ بھی ناگزیر ہے۔

ایک سوال اس کے متعلق تحقیق طلب ہے اور وہ یہ کہ جب یہ ثابت ہو چکا ہے کہ رگ وید کا زمانہ ۱۵۰۰ برس قبل مسیح یعنی اب سے تین ساڑھے تین ہزار سال پہلے کا تھا تو کیا آریہ اس وقت فن تحریر سے واقف تھے؟ اگر نہیں تھے تو یہ کب معرض تحریر میں آیا اور نیز تحریر کا رواج آریاؤں میں کب سے شروع ہوا؟

اس میں کچھ شک نہیں کہ آریا لوگ اُس وقت فن تحریر سے بالکل ناآشنا تھے اور چوتھی صدی قبل مسیح سے اول ہندوستان میں تحریر کا کہیں پتہ نہیں ملتا۔ ہندوستان بھر میں کہیں کوئی کتبہ ایسا نہیں پایا گیا جو تیسری صدی قبل مسیح کے وسط سے قبل کا ہو۔ سب سے قدیم کتبے زمانہ بدھ کے ہیں جو راجہ اشوک کے عہد میں نصب کئے گئے تھے۔ یہ راجہ سلوقس کا ہمعصر تھا۔ اور اس کا سفیر راجہ کے دربار میں کئی سال تک رہا۔ اِس راجہ نے اپنی وسیع سلطنت میں مختلف مقامات پر کتبے نصب کرائے اور اس کی حکومت کا زمانہ ۲۵۹-۲۲۲ (ق م) تک تھا۔ ان کتبوں کی نسبت یہ بات دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ یہ دو قسم کی ابجدوں میں لکھے ہوئے ہیں۔ ایک تو سیدھی طرف سے دائیں جانب کو جیسے فارسی عربی لکھی جاتی ہے اور اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ ابجد شامی ہے اور ہندی ابجد وہیں سے ماخوذ ہے۔ اور دوسری بائیں جانب سے داہنے جانب کو جیسے ہندی انگریزی وغیرہ۔

مگر یہ بھی شامی ابجد سے حاصل کی گئی ہے مگر اُسے حسب ضرورت اپنے طور پر بنالیا گیا ہے۔ یہ دوسری قسم کی ابجد تمام ہندی ابجدوں کا ماخذ ہوئی۔ اس سے پورے طور پر یہ ثابت ہے کہ فن تحریر کو تین تک مین تیسری صدی (ق۔م) سے قبل استعمال نہین ہوا تھا۔ میگھاستنیز (سفیر سلوقس) نے صحیح لکھا ہے کہ ہندی لکھنا نہین جانتے اور اُن کے قانون تحریر مین نہین آئے[۵]

جب یہ ثابت ہے کہ چوتھی صدی (ق۔م) سے پہلے فن تحریر کا رواج ہندوستان مین نہین ہوا تو ظاہر ہے کہ وید سینہ بسینہ چلے آئے اور قریباً تین ہزار سال تک حافظہ مین محفوظ رہے کیونکہ سب سے قدیم نسخہ رگ وید کا سنہ ۱۵۰۰ء کا ہے۔ اہل یورپ کے لئے شاید یہ امر باعث حیرت و تعجب ہو مگر ہم ایشیائیون کے لئے یہ کوئی تعجب کی بات نہین ہے۔ اس وقت ہندوؤن مین وید اور مسلمانون مین قرآن حفظ کیا جاتا ہے اور مطبوعہ نسخون سے نہین بلکہ اُن اساتذہ سے جنہون نے سلسلہ بسلسلہ اپنے اساتذہ سے اسی طرح حفظ کیا تھا۔

چونکہ یہ بات مصنفِ تمدن ہند سے رہ گئی تھی لہذا یہان اس کا لکھ دینا مناسب معلوم ہوا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ایک دوسری بات کا بیان کر دینا جو اس واقعہ سے مستنبط ہوتی ہے فائدہ اور دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ ہم ابھی ذکر کر چکے ہین کہ قدیم سے قدیم کتبہ راجہ اشوک نواسہ راجہ چندر گپت کے عہد کا ہے؛ اس کی حکومت ۲۹۹-۲۲۲ قبل مسیح تک رہی۔ لیکن ان کتبون کی زبان کیا ہے؟ کیا وہ وید کی سنسکرت ہے؟ ہرگز نہین۔ کیا وہ برہمنون اور سوتروں کی مابعد کی سنسکرت ہے؟ بالکل نہین۔ بلکہ یہ کتبے مقامی بولیون مین لکھے ہوئے ہین جو اس وقت ہندوستان مین بولی جاتی تھین اور وہ بھی سنسکرت سے بالکل مغائر ہین۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ (۱) قدیم ویدی سنسکرت تیسری صدی (ق۔م) سے قبل ہی رخصت ہو چکی تھی۔ (۲) مابعد کی علمی بھی سنسکرت کا رواج

[۵] اڈیا پروفیسر میکس مولر ۲۔

اُٹھ چکا تھا اور لوگ اُس کے بولنے اور سمجھنے سے قاصر تھے۔ غرض یہ کہ سنسکرت بُدھ کے مبعوث ہونے سے قبل اس ملک کی زبان نہین رہی تھی اور اس لئے قدیم ویدی سنسکرت کا شباب بُدھ مذہب کی پیدائش سے کہین پہلے ہو چکا تھا۔ بُدھ غالباً سنسکرت جانتا ہوگا لیکن شاگردون کو سخت تاکید تھی کہ وہ اِس کی تعلیم کی تلقین لوگون کو ملک کی عام زبان مین کرین تاکہ وہ اس سے فائدہ اُٹھا سکین۔

ویدی زمانہ کے بعد ایک دوسرے زمانہ کا آغاز ہوا جس کے خاص اور امتیازی کارنامے یہ تھے:۔

(۱) جنگ و جَدَل اور فتوحات۔

(۲) برہمنون کی قوت اور ذات کا زور۔

(۳) معاشرتی اور علمی ترقی۔

(۴) اپنشد یعنی روحانی تعلیم۔

اس زمانہ مین آریہ ستلج کو عبور کر کے گنگا جمنا کے دوآبہ اور گنگا کے میدانون مین آئے۔ انہون نے اصلی باشندون سے ایک مدت تک لڑائی بھڑائی کر کے اُنہین نکال باہر کر دیا یا غلام بنا لیا اور اس زرخیز خطے مین بخوبی آباد ہو گئے۔ اس مین شک نہین کہ انہین اس زمانہ مین جنگ و جَدَل کر کے اپنی فتوحات کو وسیع کرنا پڑا لیکن جب وہ یہان کے باشندون کو مغلوب کر چکے، ملک فتح کر لیا، اور آبادیان قائم کر کے انہین "ہندوا" چکے تو انہون نے معاشرت و تمدن کی طرف توجہ کی۔ دنیا مین کونسا ملک اور کونسی قوم ہے جو بغیر جنگ و جَدَل اور بغیر تلوار اٹھائے اس منزل تک پہنچی ہو۔ اگرچہ یہ لوگ اپنے مخالفون پر غالب آ چکے تھے لیکن ابھی تک ان مین جنگ جوئی کا جوش باقی تھا جو باہمی مخاصمتون مین بھڑک اٹھا۔ چنانچہ مہابھارت اور رامائن کے جنگ نامے اسی زمانہ کی یادگار ہین۔ اگرچہ یہ کتابین مبالغہ سے مملو اور دور از کار باتون سے بھری ہوئی ہین تاہم اُس زمانہ کی معاشرت کا مزہ پتہ لگتا ہے۔ رامائن تاریخی لحاظ سے بالکل ہیچ و پوچ ہے۔ رام اور سیتا وغیرہ خیالی ہیرو ہین۔ اگرچہ حسن نظم و بیان نے انہین واقعی اشخاص قرار دیا ہے اور ہندوستان مین سب ہندو مرد و عورت انہین سچ مچ کے تاریخی

اشخاص سمجھتے ہین اور کتاب کے اخلاقی اثر سے متاثر ہوتے ہین۔

یہ کتاب مہابھارت کے بعد کے زمانہ کی ہے مگر عام طور پر اُسے قدیم زمانہ سے منسوب کیا جاتا ہے۔

غرض یہ زمانہ دیکھا جاے تو برہمنون کا زمانہ ہے۔ نظم و نسق سلطنت، جنگ و صلح، معاشرت و مذہب، علوم و فنون، ہر شے مین برہمن پیش پیش ہین اور ہر جگہ انہین کا زور ہے۔ اس عہد مین ہندؤن نے بہ نسبت ویدی زمانہ کے ہر شعبہ مین بہت کچھ ترقی کی۔ بادشاہی تھاٹھ عیش و عشرت کے سامان معقول عمارتین، ہر طرف نظر آنے لگین اور انتظام مملکت، عدالت، زراعت، فن جنگ، قانون، صرف و نحو، منطق، فلسفہ، ہندسہ، نجوم، مختلف پیشون اور علم ادب کے بعض شعبون مین نمایان ترقی ہوگئی۔ اس زمانے کے کارنامون مین اپنشد کی تصنیف ہے جو ایک قسم کا فلسفہ یا تصوف ہے اور جو اُس زمانہ کی عام روش سے بالکل نرالی چیز ہے جس پر پیشتر فلسفہ نہ مذہبی یا تصوف کی بنیاد قائم ہوئی۔ اپنشد بہت سے ہین اور مختلف علما کی تصنیف ہین۔ اس کی تعلیم کا اصل اصول ایک عالمگیر روح ہے جو سب مین ساری ہے۔ اس مین اور توحید مین فرق ہے۔ توحید مین خالق اور مخلوق الگ الگ ہین مگر اپنشد کی تعلیم مین خدا ایک عالمگیر ذات ہے، باقی سب اسی سے ہے یا اس کا جزو ہے اور اس مین مل جاے گا اور اس سے علیحدہ ہستی نہین رکھتا۔ اسے مذہب ہمہ اوست سمجھنا چاہیے۔ یہی اصول ہندو فلسفہ کی جان ہے جو آگے چلکر نشو و نما پاتا اور لوگ ویدانت مین مے الطیف پیالون سے ظاہر ہوتا ہے۔ اسکے بعد دوسرا اصول تناسخ کا مسئلہ ہے جو اس وقت کے بعد سے پیدا ہندو فلسفہ اور مذہب کا رکن رکین رہا ہے لیکن اس زمانہ کا امتیازی مسئلہ ذات ہے۔ ذات کا امتیاز دنیا مین ہر جگہ اور اب بھی پایا جاتا ہے خصوصاً تاریخ روم مین یہ فرق نمایان طور پر معلوم ہوتا ہے۔ وہان کھانے پینے اور شادی بیاہ کے معاملے مین امرا و عوام مین وہی تفاوت تھا جسے ہم ہندؤن مین ذات کہتے ہین۔ اور کیا اب یورپ مین وہی امتیاز اور فرق نہین ہے؟ مگر بات اتنی ہے کہ وہان یہ امتیاز بدلتا رہتا ہے اور ایک حالت پر قائم نہین رہتا کیونکہ اس کا دارومدار سوشیل حالت پر ہے؛ مگر ہندی ذات کا مدار مذہب پر ہے

اور اس لئے وہ اٹل اور قائم رہنے والی ہے - اس مین شک نہین کہ امارت و غربت شرافت اور رذالت کے امتیازات ہر جگہ تھے اور ہین مگر یہ آتے اور جاتے ہین اور پرچھائین کی طرح بدلتے رہتے ہیں؛ یہان تک کہ غلامی سی شے جس کی جڑین مشرق سے مغرب تک دنیا کے تمام مختلف تمدنون مین پھیلی ہوئی تھین اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ پاتال تک پہنچ گئی ہین، آخر دنیا سے اُٹھ گئی مگر ذات کبھی نہ گئی تو یہ ذات کی غلامی درحقیقت ہندؤن کے تمدن پر یہ ایسا بُرا دھبا ہے کہ گویہ ملک ہزار ترقی کر جاے مگر یہ نظرون مین ہمیشہ کھٹکتا رہیگا - بدھ مذہب اور اسلام نے مساوات اور اخوت کا ڈنکا بجایا، ذات سے بہت کچھ بیزاری ظاہر کی اور اگرچہ ان کا قیام صدیون تک رہا مگر کچھ نہ ہوسکا، اور ذرا ظہور اصلاح ہوئی بھی تو وہ برائے نام اور معاوضی تھی - یہ سچ ہے کہ ذات کے امتیاز سے ایک فائدہ یہ ہوا کہ کم سے کم آریاؤن (برہمنون) کی نسل مخلوط نہین ہوی - لیکن جس حالت مین کہ نیچ ذات والے رکھے گئے ہین اور جس تنفر اور حقارت کا برتاؤ ان سے کیا جاتا ہے وہ نہایت شرمناک ہے - یہ نیچ قوم بیگار سے فاتح کے جبر اور مفتوح کی مظلومی کی - غلامی دنیا مین ہر جگہ سے اُٹھ گئی، مگر یہ غلامی جو سب سے قدیم ہے مذہب کے پردے مین اب تک باقی ہے - علاوہ ذات کی اُلجھن کے ایک بڑی مصیبت اس زمانہ مین یہ تھی کہ برہمنون کا زور تمدن کے ہر شعبہ مین روز بروز بڑھتا جاتا تھا - جس طرح کھڑے پانی پر کائی اور درخت پر اکاس بیل چھا جاتی ہے اسی طرح برہمن بھی بے طرح تمام ہندؤن اور اُن کے نظامات پر چھاے ہوے تھے، اور خاص کر مذہب مین تو وہ افراتفری مچا رکھی تھی کہ خدا کی پناہ - مختلف عبادتون، نئی نئی قسم کی پرستشون، طرح طرح کے جڑھاؤن، منتون اور اعمال کا ایک ایسا مسلسل تار بندھا ہوا تھا کہ اس سے چھٹکارا پانا ایسا ہی محال تھا جیسے لکڑی کے جالے سے غریب مکھی کا - اُٹھتے بیٹھتے - سوتے جاگتے کسی وقت ان بیجان رسوم اور اُکتا دینے والے اعمال سے فرصت نہ تھی - گویا یہی مذہب تھا، یہی عبادت تھی اور یہی معاشرت اور اس کا حاصل اور یہی راہ نجات تھی - اور طرہ یہ کہ دن بدن یہ زنجیرین اور کڑی ہوتی جاتی تھین اور ان مین

وہ وہ نزاکتین اور باریکیان پیدا کی جاتی تھین کہ یہ نام کا مذہب وبال جان ہوگیا تھا - اِن بیجا اور حوصلہ شکن قیود اور جکڑبند کی شدت سے لوگ عاجز آ گئے اور صبر و تحمل کا پیمانہ لبریز ہوگیا اور سختی اِس انتہا کو پہنچ گئی جبکہ زنجیرین خود بخود ٹوٹنے لگتی ہین - آخر وہ وقت آیا کہ اِس طوفانِ بے تمیزی مین تنزل پیدا ہوا، جابرون کے حواس برآگندہ ہوے اور قیدیون کی بیڑیان کٹ کٹ کے گرنے لگین - اور وہ دھند جو ملک پر چھائی ہوئی تھی آفتاب صداقت کے طلوع ہوتے ہی کافور ہوگئی - بعثتِ بدھ علیہ السلام نے ایک نئی روح پھونکدی اور ہندوستان ہی مین نہین بلکہ تمام عالم مین ایک انقلاب پیدا کردیا - اور اس سرزمین پر اُس رحمتِ باران کا نزول ہوا جس کا یہان پتّا پتّا اور ذرہ ذرہ تشنہ لب تھا - اِس نے مردہ دلون کو شگفتہ کردیا، مایوسون کو آس دی، امیر غریب برہمن سودر سب کو ایک نظر سے دیکھا، مساوات اور اخوت کی صلاے عام دی اور یہی اس کی کامیابی کا بڑا راز تھا - جو لوگ برہمنون کے سخت شکنجے مین نیم جان ہورہے تھے ان کی جان مین جان آگئی، ذات پات کا امتیاز اُٹھ گیا، ویدون کے دیوتا اور برہمنون کے مہمل اعمال اور بے معنی ریاضتین بالاے طاق رکھدین - اِس کی عام ہمدردی ذاتی نیکی اور نیکی کی تلقین نے سب کو برابر کردیا، بُرے بھلے چھوٹے بڑے سب اس کی طرف جُھک گئے - اِس کی تعلیم کا، حصل یہ ہے کہ زندگی ایک مصیبت ہے اور زندگی اور اس کی لذّات کی خواہش اس مصیبت کا باعث ہین، اس خواہش کا مٹانا مصیبت کا کم کرنا ہے اور یہ خواہش پاک زندگی سے مٹ سکتی ہے - ہمیشہ صداقت، نیکی، ہمدردی، مہربانی اور خیر پر قائم رہنا چاہیے - اور بُرے جذبات اور نفسانی لذّات پر غالب آنا چاہیے - غرض تزکیہ نفس اس تعلیم کا بڑا اصول ہے - اس دنیا مین پاک اور نیک زندگی بسر کرکے بلالحاظ سزا و جزا تزکیہ نفس حاصل کرنا اس کا اصل مقصد ہے - اور یہی بے گناہ اور پاک زندگی نروان ہے - دنیا مین اول بار بدھ نے یہ تعلیم دی کہ انسان بلا احتیاج دیوتاؤن اور خدا کے اِسی زندگی مین نجات حاصل کرسکتا ہے - اور اس طرح اس نے انسان کا رتبہ بڑھادیا -

بُدھ ایک طرح سے تناسخ کا قائل ہے، لیکن اس کے اور برہمنوں کے تناسخ مین فرق ہے۔ بُدھ روح کا قائل نہین اور جب روح نہین تو تناسخ کیسا۔ اِس کا جواب اس کے ہان یہ ہے کہ انسان کے اعمال فنا نہین ہو سکتے جب انسان مرجاتا ہے تو اعمال کے لحاظ سے نیا وجود پیدا ہوتا ہے۔ اس کے ہان آیندہ کی سزا و جزا کوئی چیز نہین اور نہ اس کے ہان جنت کا وعدہ اور جہنم کا وعید ہے۔ پاک زندگی سے بڑھ کر کوئی چیز نہین اور یہی نروان یا نجات ہے۔ نیکی اپنا صلہ خود ہے اور پاک زندگی مذہب کا اصل اور آخری مقصد ہے۔ اگر زندگی مین نروان حاصل نہ ہوا تو کرم یا اعمال کے رو سے وہ نئے جنم لے گا یہان تک کہ پرنکیہ نفس کامل ہو اور نروان حاصل ہو جاے۔

تین صدی تک اِسی تعلیم کی تلقین ملک مین ہوتی رہی لیکن نہ تو چنہ رگپتا اور نہ اس کے بیٹے نے اس مذہب کو قبول کیا مگر اس کا جانشین بندوسارا جو ۲۶۰ (ق-م) مین گدی نشین ہوا اس مذہب کے حلقے مین آیا اور اس کا بہت بڑا حامی اور داعی ثابت ہوا جس نے نہ صرف ہندوستان مین بلکہ ہندوستان کے باہر بھی اس کی دعوت دی۔ راجہ اشوک کا نام وانگ سے جاپان اور سائبیریا سے سیلون تک مشہور اور عزت سے لیا جاتا ہے۔ اِس سے احکام کے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے اپنے دعاۃ ہندوستان کے مختلف صوبون میسور مدراس پنجاب کشمیر گندھارا اور ان کے علاوہ سیلون شام مصر مقدونیہ وغیرہ مین بھیجے۔ خود اس کی سلطنت تمام شمالی ہند مین پھیلی ہوئی تھی اور اس کے کتبے دہلی الہ آباد پشاور اور گجرات اڑیسہ اور میسور مین پائے جاتے ہین۔ اس نے اپنے بیٹے کو سیلون بھیجا اور مہندا نے وہان کے بادشاہ اور رعایا کو بُدھ مذہب سے مشرف کیا۔ یہان تک کہ یہ مذہب سیام اور جاوا مین بھی پہنچا۔ دوسری صدی قبل مسیح بُدھ مذہب کی کتابین شہنشاہ چین کے پاس پہنچین اور ایک دوسرے شہنشاہ چین نے ۶۷ء مسیحی مین اور کتابین منگوائین اور بُدھ مذہب وہان پھیلنا شروع ہوا۔ یہان تک کہ چوتھی صدی مسیحی مین وہان کا عام مذہب ہو گیا۔ چین سے کوریا پہنچا (۳۶۲ء)

اور وہان سے جاپان (۵۵۲ء) اور کوچین چین، ٹاہوسا، منگولیا مین چھٹی اور پانچوین صدی مین گیا۔ اور کابل سے اس مذہب نے تاشقند، بلخ و بخارا تک رسائی حاصل کی۔

علاوہ بُدھ کی تعلیم کے جس مین نیکی، رحم دردی اور تزکیہ نفس کی تلقین تھی بُدھ مذہب کی اشاعت اور ترقی کا بڑا باعث یہ خیال کیا جاتا ہے کہ راجہ اشوک نے اس مذہب کو اختیار کر لیا جس کی وجہ سے یہ راج دھرم (یعنی سلطنت کا مذہب) ہو گیا۔ اور اس مین شک نہین کہ اس نے اس کی اشاعت مین بڑے جوش اور شدومد سے کام لیا۔ لیکن درحقیقت دیکھا جاے تو یہی واقعہ اُس کے ضعف کا بھی باعث ہوا کیونکہ شاہی اثر سے لوگ کثرت سے برائے نام اس مین داخل ہو گئے اور خصوصاً اُن صوبجات سے جو نئے نئے سلطنت مین شریک ہوے تھے اور جہان ہندؤن نے بہت کم ترقی کی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس عظیم الشان اور عالمگیر "اصلاح" مین بجاے قوت کے ضعف پیدا ہونے لگا اور قدیم خالص مذہب کا یہ ضعف نو مذہبون کے پسند خاطر ہوا اور رفتہ رفتہ بوجہ اس اختلاط کے بُدھ مذہب اور برہمنی مذہب مین فرق کم ہوتا گیا۔ روح کے عقیدہ مین پھر ترقی ہونے لگی اور عام پسند رسوم اور توہمات کا رواج خود بدھون مین فرق بڑھتا گیا۔ اصل خیالات کی جگہ جدید خیالات لے لینی شروع کی، یہان تک کہ ویدی دیوتا اور چڑھاوے وغیرہ کی رسوم بھی رخصت ہو گئین۔ لیکن اس کے ساتھ ہی بُدھ مذہب کو بھی زوال آگیا۔ یہ زوال ساتوین صدی عیسوی سے شروع ہوا اور جدید برہمنی مذہب نے پھر اپنا زور قائم کر لیا۔ چنانچہ گیارھوین صدی مین صرف کشمیر اور اڑیسہ مین رہ گیا اور مسلمانون کے آنے سے قبل ہندوستان سے رخصت ہو گیا اور اب ایک طرف صرف نیپال مین اور دوسری طرف سیلون مین پایا جاتا ہے۔ یہ عجب بات ہے کہ بُدھ مذہب بہ نسبت اپنے جنم بھوم کے غیر ملک مین زیادہ پھیلا اور قائم رہا۔ افغانستان، نیپال، مشرقی ترکستان، تبت، منگولیا، منچوریا، جاپان، چین، مشرقی جزائر ہند، سیام، برہما، اور سیلون سب اس کے زیر نگین تھے اور اب بھی دنیا کی آبادی کا ایک تہائی حصہ اس کے نام لیوا لوگون مین سے ہے۔ اور اس کی خانقاہین کاسپین سے بحر کابل

تک برابر چلی گئی ہین اور سمت روس کی حد تک پہنچی ہین۔

اِس سے انکار نہین ہوسکتا کہ یہ مذہب دنیا کی عظیم الشان تحریکات اور حیرت انگیز انقلابات مین سے ہے اور گو اسے مدت ہوئی ہندوستان سے دیس نکالا مل چکا ہے، لیکن کہا جاتا ہے کہ اس کی یادگار ہین مذہب مین اب تک باقی ہے، جو محقق نہین۔ مگر درحقیقت اس کی یادگار کسی خاص مذہب یا فرقہ مین نہین بلکہ اہل ملک کے مذہب و معاشرت اور اخلاق مین پائی جاتی ہے غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ ہندو مذہب اور ہندوؤن پر مفصلۂ ذیل خاص اثرات اس مذہب کے ہوے جو اس وقت بھی پاے جاتے ہین۔

(۱) طبائع مین خاص نرمی لینت اور انکسار پیدا ہوا جس کا اثر نہ صرف انسانون کے باہمی تعلقات پر ہوا بلکہ بے زبان حیوانون تک پہنچا۔

(۲) بدھ سے قبل ہندؤن کے تمام خیالات اور علوم کا دارومدار ویدون پر تھا لیکن بدھ کے بعد اُن کے فلسفہ اور علوم کا تعلق ویدون سے بالکل اُٹھ گیا۔ یہانتک کہ جدید برہمنی مذہب (پرانی مذہب) ویدون کا مذہب نہ تھا، بلکہ ایسے دیوتاؤن اور بتون کی پرستش رائج ہوگئی جن کا ویدون میں ذکر تک نہین۔

(۳) ذات پات کا امتیاز اُٹھ جانے سے مختلف فرقون مین میل جول بڑھ گیا اور مساوات کا خیال پیدا ہوا، اگرچہ ذاتین قائم رہین مگر جدید برہمنی مذہب نے اسے پھر دبا دیا۔

(۴) گوشت خوری کا رواج اُٹھ گیا۔

(۵) لوگون مین جنگجوئی کا مادہ کم ہوگیا۔

زمانۂ بدھ کی ایک اور خصوصیت بھی ہے جو اب تک اس کی یادگار کے طور پر قائم ہے وہ اس زمانہ کی تعمیر اور سنگ تراشی ہے جو ہندوستان کے مختلف حصون مین پائی جاتی ہے۔ اور درحقیقت ان لوگون نے اس فن کو پایۂ کمال تک پہنچا دیا تھا اس زمانہ سے قبل پتھر صرف فصیل شہر یا پلون وغیرہ کی تعمیر مین استعمال ہوتا تھا لیکن بدھ کے زمانہ سے بڑی بڑی عمارتون مین کام آنے لگا۔ اس مین شک نہین کہ یہ فن تعمیر ہندی

اوران کا طبع زاد ہے لیکن اِس زمانہ بھی کلام نہین کہ بعض بدھی عمارتون مین جو پنجاب مین اب دریافت ہوئی ہین صاف طور سے یونانی فن عمارت کے آثار بھی پائے جاتے ہین - بدھ مذہب نے ہندؤن کو جہان اور چیزین ارث مین دی ہین وہان فن عمارت بھی ہے - بدھی اور ہندوانی عمارتون مین فرق یہ ہے کہ بدھی پہاڑ کو کھود کر غار بناتے ہین اور اس مین اپنا کمال سنگ تراشی و فن تعمیر دکھاتے لیکن ہندو پتھر صاف کر کے پہاڑ کے روبرو اپنی عمارت تیار کرتے تھے یہ فرق خاص کر ایسے مقامات پر یاد رکھنے کے قابل ہے جہان جہان ساتھ ساتھ اُس زمانے کی عمارتین موجود ہین جب کہ بدھ مذہب برہمنی مذہب مین محو ہو چلا تھا اور بت پرستی عام ہو گئی تھی -

بلحاظ علوم کے اگرچہ بدھ کا زمانہ کوئی خاص امتیاز نہین رکھتا لیکن ایسا بھی نہین کہ ناقابل توجہ ہو - پنجلی کے لوگ اور ویاسا کے ویدانت کا آغاز اسی زمانے مین ہوا اگرچہ بدھ مذہب کو اس سے کوئی خاص تعلق نہین - منو کا شاستر بھی اِسی زمانہ کی یادگار ہے - لیکن بڑی چیز علمی لحاظ سے اِس زمانہ کی یہ ہے کہ علم نجوم مین معتدبہ کامیابی ہوئی اور اس کامیابی مین یونانیون کا بھی حصہ ہے، جنھون نے اس مین خاص امتیاز حاصل کیا تھا - ہندؤن نے اِس فن مین اُن سے بہت کچھ اکتساب کیا - طب کو بھی ترقی ہوئی کیونکہ بدھ مذہب کے اثر سے انسانون اور حیوانون دونون کے لئے ملک مین جابجا شفاخانے قائم کئے گئے تھے -

نیز اس زمانے مین علم کا چرچا ضرور تھا ہون سانگ مشہور چینی سیاح نے اپنے سفرنامے مین بعض بدھ دارالعلومون کا ذکر کیا ہے، نالندہ کی خانقاہ خاص طور پر قابل ذکر ہے جس مین ایک بہت بڑا دارالعلوم تھا وہ لکھتا ہے کہ یہان کئی ہزار مانک (بدھ درویش) تھے جو بلحاظ علم و فضل خاص امتیاز رکھتے تھے، لوگ اِن کی بہت وقعت و توقیر کرتے تھے اور یہ دن رات بحث مباحثہ اور تکرار علمی مین مصروف رہتے تھے - دُور دُور کے علماء و فضلاء وہان آکر شریک ہوتے اور نالندہ کی شرکت سے شرف حاصل کرتے

تھے۔ نالندہ کا طالب علم ہونا یا وہاں سے تعلق رکھنا باعثِ عزت سمجھا جاتا تھا۔ گویا اس کی وہی عزت تھی جو کبھی مسلمانوں میں قرطبہ و بغداد یا فرانس میں سوربون اور کلردا کو حاصل تھی یا جیسے آج کل آکسفورڈ کالج کے طلبا کو حاصل ہے۔

۵ مذہب جو اخلاق و خیالات کی اصلاح کے لئے آیا تھا اور جس نے انسان کا رتبہ دیوتاؤں سے بھی بڑھا دیا تھا اور جس نے اپنی پاک تعلیم کے سامنے مہمل مذہبی رسوم اور دیوتاؤں بلکہ روح و خدا تک کو بھی بالائے طاق رکھ دیا تھا آخر وہ برہمنی توہمات اور باطل پرستی کا ایسا شکار ہوا کہ بت پرستی خود اس کا شعار ہو گئی۔ بدھ دیوتا مانا گیا اور دوسرے بتوں کی طرح اس کی بھی پرستش ہونے لگی، اور رفتہ رفتہ برہمنی مذہب نے اسے ملک سے ایسا ناپید کیا جیسے یہ کہیں کہ کسی شے کا بیج مارا گیا۔ برہمنی مذہب کو پھر عروج ہوا اور اس عروج کے ساتھ اس نے اپنی قیود کی جکڑ بند کو اور سخت کر دیا۔ اس جدید برہمنی دور کو پرانوں کا عہد اور پرانوں کا مذہب سمجھنا چاہیے۔ ویدی اور پرانی مذہب میں بڑا فرق یہ تھا کہ ویدی مذہب میں تو اے فطرت مثلاً اندر اگنی سوریا ورونا وغیرہ کی پرستش تھی اور پرانی مذہب میں یہ دیوتا ہو گئے اور برہما وشنو اور شو کی پرستش کا دور ہوا۔ بڑی خصوصیت اس جدید عہد کی بتوں کی پوجا ہے۔ قدیم سے دیوتاؤں کے چڑھاوے آگ پر چڑھائے جاتے تھے لیکن بدھ مذہب کے بعد سے یہ چڑھاوے بتوں کے سامنے پیش ہونے لگے اور اس بت پرستی سے ہر طرح کی رسوم اور سیکڑوں قسم کے باطل عقائد اور توہمات کو زور ہو گیا۔ یہ تغیر بہت برا ہوا۔ بتوں کی پرستش انسان کے دل پر کبھی پاک اثر پیدا نہیں کرتی اور اس وجہ سے بہت سی خرابیاں اور برائیاں ہندوؤں میں پیدا ہو گئیں۔ ابتر تخیلات اور توہمات غالب آ گئے اور بت پرستی نے شان و شوکت اور دھوم دھام کی رسمیں بڑھا دیں اور اس ضمن میں سنگ تراشی، شاعری، موسیقی، اور فنِ تعمیر اور ظاہری رسوم اور ظاہری عبادت اور اندھا دھند تقلید نے

ترقی پائی اور ذات کا امتیاز اور مختلف فرقون کا نفاق درجۂ کمال کو پہنچ گیا۔ ذات نے برہمنون کی قوت اور وقعت کو بیشک بڑھا دیا لیکن باقی تمام پیشہ وران اور دستکارون کو ذلیل اور کمین بنا دیا۔ کس قدر شرم کی بات ہے کہ طبیبون، سُنارون، لوہارون، جولاہون، رنگ سازون، اسلحہ سازون اور عطارون کا شمار چورون اور رنڈیون کے ذیل مین کیا گیا ہے۔ اس سے قوم مین نفاق اور منافرت پیدا ہوگئی برہمنون کے عروج کے لیے ساری قوم کو ذلیل ہونا پڑا۔

لیکن اسکے ساتھ ہی یہ زمانہ بھی علم سے خالی نہین۔ گویا یہ قدیم زمانہ کا آخری دور تھا۔ بکرماجیت اور اس کے نورتن اسی زمانے کی مشہور یادگارین ہین جس کی شان و شوکت کی داستانین اب تک ملک مین مشہور ہین۔ راجپوت بھی اول بار میدان تمدن مین اسی زمانے مین نظر آتے ہین۔ منو کا مشہور شاستر بھی اسی دور کی تصنیف ہے اور اس زمانہ کی معاشرت و رسوم اور مذہب کے سمجھنے کے لئے بڑی کارآمد ہے۔ کالیداس اور بھوابھوتی جو ہندوستان کے سب سے بڑے مشہور شاعر اور ڈراما نویس گزرے ہین، اسی زمانے مین پیدا ہوے اور ایک دنیا اب تک ان کے کمال کی عزت کرتی ہے۔ شاعری اور ڈراما اس زمانے کا اصلی حسن تھا۔ اس کے علاوہ فن نجوم و طبابت مین بھی ترقی ہوئی اور یہ بات دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ کچھ اوپر دو ہزار سال پہلے اسکندر اعظم کے لشکر مین ہندو طبیب موجود تھے اور گیارہ صدی بعد ہارون الرشید کے دربار مین بھی دو ہندو طبیب (منکا اور سالا) نظر آتے ہین۔

فاضل ابوریحان بیرونی جو محمود غزنوی کے زمانہ مین ہندوستان آیا اور یہان رہ کر اس نے ہندوؤن کے حالات و علوم کا بڑے غور سے مطالعہ کیا، اس نے اس بحث پر ایک بے مثل کتاب لکھی ہے جس کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ گیارہوین صدی مین ہندو زوال کی حالت مین تھے۔ مذہب برہمنون کی ملک تھا عوام جہالت و باطل توہمات مین مبتلا تھے۔ علوم و سائنس کا

پڑھا جاتا تھا اور جو چند لوگ جاننے والے تھے وہ بتانے مین بڑا بخل کرتے تھے مگر باوجود اس کے اپنے ملک اور قوم پر بڑا فخر و ناز تھا، دوسرے ممالک اور اقوام کو نہایت حقارت سے دیکھتے تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ ملک ہے تو اُن کا قوم ہے تو اُن کی اور علوم و فنون ہین تو اُن کے اور باقی سب ہیچ اور مہمل ہے۔ ذلت و غلامی یہانتک بڑھ گئی تھی کہ ویشیون (صناع و دستکارون وغیرہ) کا شمار سودون مین ہونے لگا تھا اور مذہبی تعلیم حاصل کرنے سے محروم کردئے گئے تھے اور بجاے علوم و فنون کے مہمل روایات اور فضول قصے کہانیان رائج ہوگئی تھین پولیٹکل قوت مین بھی ضعف پیدا ہوگیا تھا اور ذات کی قیود نے اتحاد سے بیگانہ کردیا تھا۔

ہندوستان پر اس وقت ہر طرف انحطاط و زوال چھایا ہوا تھا اور آفتاب تمدن لب بام تھا کہ جھٹ پٹے کے وقت ایک جدید عہد کا آغاز ہوا۔ مغرب کی تاریکی مین قدیم راہ سے ایک غیر قوم نے سرزمین ہند مین قدم رکھا اور صبح صبح ہوتے سارے ملک پر مسلط ہوگئی۔

یہ مسلمانون کی قوم تھی جو اول سندھ مین پہنچی اور بعد ازان افغانستان کے رستے ہندستان مین داخل ہوئی اور کئی صدی تک اس ملک پر حکمران رہی۔

اس سے پیشتر آریا اور برہمنی تمدن پر اندر اور باہر سے مختلف اور متعدد حملے ہو چکے تھے۔

(۱) ایرانیون نے پانچوین صدی قبل مسیح مین اس ملک پر حملہ کیا۔

(۲) یونانیون نے چوتھی صدی قبل مسیح مین یورش کی۔

(۳) اس کے بعد اہل باختر کے حملے تیسری یا پانچوین صدی تک ہوئے۔

(۴) پانچوین صدی (ق۔م) بدھ مذہب کا بڑا حملہ برہمنی مذہب اور تمدن پر ہوا۔

(۵) غیر آریا اقوام ہند اور نیچ اقوام کے حملے خصوصاً غیر آریا سلطنتون کی طرف سے ساتوین اور آٹھوین صدی مین۔

(۶) ادنے اعتقادات اور وحشیانہ رسوم کی برہمنی مذہب سے کشمکش جس پر سے شنکراچاریہ کی تعلیم سے آٹھوین نوین صدی مین فلسفی فرقہ شوکی بنا پڑی اور اس مذہب کے دیگر مصلحون کے ذریعہ بارہوین سے سولہوین صدی تک نشوونما ہوئی۔

(۷) مسلمانون کے حملے گیارہوین صدی سے اٹھارہوین صدی تک۔

(۸) انگریزی عہد۔

لیکن نہ یونانی اس کا کچھ کر سکے، نہ ایرانی، نہ بدھ مذہب قائم رہا اور نہ غیر آریا اقوام کا اثر یہان خود بخود یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ کونسی بات ہے جس سے آریا قوم ان تمام مخالف اثرات پر غالب آئی اور وجود کیا اس کے اکثر ہم عصر اور ہم سر قومین دنیا سے مٹ گئین لیکن وہ اب تک قائم ہے اور نہ صرف قائم ہے بلکہ اس مین پھر بڑھنے اور عروج کرنے کے آثار موجود ہین۔ اہل بابل اور ان کا تمدن کہان گیا؟ اہل فنشیا اور اُن کی تہذیب و تجارت کہان گئی؟ مصریون کی مشہور آفاق قوت کیا ہوئی؟ ایرانیون کی شان و شوکت کہان ہے؟ یونانیون کی عالمگیر عظمت کا نام رہ گیا مگر وہ عظمت والے ناپید ہو گئے۔ روما کی شوکت و جلالت کے افسانے صرف تاریخون مین رہ گئے، مگر خود ایسے مٹے کہ پھر ویسے جانشین نصیب نہ ہوے۔ لیکن ہندو اب بھی کم و بیش اُسی تمدن و تہذیب کے ساتھ باقی ہین اور اقوام عالم مین بڑھنے کا دم خم رکھتے ہین آخر اس کے وجوہ کیا ہین؟ میرے خیال مین اس کے بڑے اسباب یہ ہو سکتے ہین:-

(۱) ہندو رشیون کی روحانی اور علمی ریاضت۔

(۲) اُن کا مضبوط انتظام تمدن۔

(۳) ان کی رواداری۔

(۴) ان کی عہدون کی وفاداری اور جان نثاری۔

انہین خوبیون کے اثر نے انہین ابھی تک دنیا مین باقی رکھا ہے اور اگر انہون نے ان کے زندہ رکھنے کی کوشش کی تو وہ ہمیشہ قائم رہین گے لیکن یہ بات تسلیم کرنی پڑے گی کہ اسلامی عہد سے قبل جس نے اس پر تسلط کیا اور اپنا اثر ڈالنا چاہا وہ یا تو خود مٹ گیا یا اس مین منہم ہوکر فنا ہوگیا۔ رہے انگریز سو انہون نے سرے سے ایسا ٹوسنگ ڈالا ہے کہ وہ ہندیون کی سوسائٹی سے ایسے الگ تھلگ رہتے ہین جیسے کوئی امراض متعدی سے۔ نیز فاتح کا غرور مفتوح کے میل جول کو گوارا نہین کرسکتا اس لئے نہ وہ ہم مین مل سکتے ہین اور نہ وہ یہان رہ سکتے ہین۔ ان مین ہم مین ایک نہین کئی سمندر حائل ہین۔ اس مین شک نہین کہ ان کے تمدن اور تعلیم کا اثر ہم پر ضرور پڑے گا اور پڑ رہا ہے لیکن ہم مین ان مین حقیقی اتحاد اور میل جول پیدا نہین ہوسکتا۔ کیونکہ یہ وہ چاہتے نہین، اور اتحاد ایسی آگ کے پڑی ہے کہ ہم بھی اس کے کچھ ایسے خواہان نہین اور اگر کبھی انہون نے اس کا خیال کیا بھی تو ان کی ہستی بھی اسی طرح مٹ جائیگی جیسی بعض اور قومون کی جو یہان آکر بسین، اور اگر رہے بھی تو انہین ہندوستان کی سب سے ذلیل قوم بن کر رہنا پڑے گا۔ اس زمانہ کے حکیم شاعر نے ہندوستان کو "عارت گر اقوام و اکال الامم" کا بہت صحیح خطاب دیا ہے۔ اس کی حالت ایک سمندر کی سی ہے۔ مختلف دریا اس مین آآ کے گرتے ہین اور اپنی ہستی فنا کرکے اسی مین مل جاتے ہین، الا مسلمانون کے، جو اگرچہ فاتح کی حیثیت سے آئے مگر بھائیون کی طرح گھل مل کے رہے اور باوجود صدیون کے قیام، کثرت اختلاط اور بے تکلف میل جول کے ان دونون قومون مین اب تک رنگا رنگی نمایان نظر آتی ہے۔ اس مین شک نہین کہ اگرچہ ہندوستان کے مسلمان ایک حد تک "ہندو آگئے" ہین مگر اپنی قومی حیثیت اور قومی شان کو اب تک لئے ہوئے ہین۔ ہندوستان مین مختلف قسم کے تمدن آئے مگر کسی کا اثر باقی نہ رہا اور رہا تو اس طرح کہ گویا کچھ تھا ہی نہین۔ مگر مسلمانون کے تمدن کے آثار نمایان طور پر باقی ہین اور باقی رہین گے اور اہل ہند پر اسکا ایسا گہرا اثر ہے کہ زمانہ

اسے مٹا نہیں سکتا۔ ہم یہاں نہایت سرسری طور سے چند اثرات کا نام لیتے ہیں :-

(۱) مسلمانوں نے ہندوؤں کے مذہب و خیالات پر بڑا اثر ڈالا۔ خصوصاً خاص توحید کا اثر سب سے زیادہ قابلِ لحاظ ہے۔

(۲) کھانے، پینے، رہنے سہنے اور دوسرے عام معاشرتی طریقوں میں ترقی دی۔

(۳) بیہودہ رسوم اور توہمات کا زور کم کیا۔

(۴) فنِ عمارت کو خاص طور پر ترقی دی۔

(۵) فنِ جنگ میں بھی خاص ترقی ہوئی اور توپ اور بارود کو رواج دیا۔

(۶) بعض علوم مثلاً علم نجوم، طبابت، اور خاص کر تاریخ و جغرافیہ کا ذوق پیدا کیا۔

(۷) نئے نئے پھل پھول لائے باغبانی اور فلاحت کو بڑھایا اور عام ذوق میں اصلاح کی۔

(۸) اور سب سے بڑھ کر ایک نئی زبان کا بننا ہے جو ہندو مسلمانوں کے اتحاد کی سب سے بڑی نشانی ہے۔ اور یہ ایک قوی وجہ ہے کہ اُردو کو اس ملک کی عام زبان ہونے کا دعوےٰ ہے۔

غرض دونوں قومیں ایک دوسرے کے تمدن و معاشرت اور خیالات اور دیگر اثرات سے اس قدر متاثر ہوئی ہیں کہ اب اگر کوئی چاہے کہ ان اثرات کو مٹا دے تو ناممکن ہے۔ گویا قسمت میں یہ بدا تھا کہ یہی دونوں قومیں اس ملک کی وارث ہوں گی اور اس کی قسمت انہیں دونوں کے ہاتھ میں ہوگی۔ ان کے اچھے میں اس کی بہبودی، فلاح اور ترقی و عروج ہے تو ان کی پھوٹ میں اس کی ذلت و خواری اور نکبت و غلامی ہے۔ جب اُٹھیں گے تو ملک اُٹھیں گے اور اگر گریں گے تو اپنی نااتفاقی کی بدولت دنیا میں کوئی فرد بشر ایسا نہیں ہے جو بے عیب ہو، اسی طرح کوئی قوم بھی ایسی نہیں جو عیوب و نقائص

سے خالی ہو مگر دنیا مین شاید ہی دو قومین ایسی ہین جو ایسے اوصاف اور عیوب سے متصف ہین کہ اگر یہ اتحاد کرلین تو ایک کے عیوب پر دوسرے کی خوبیون سے پردہ پڑجائے گا، اور ایک کے ضعف کو دوسرے کی قوت سنبھال لے گی۔ مسلمانون کو یاد رکھنا چاہیئے کہ ہندو ایک ایسی قوم ہے جس کے گزشتہ کارنامے اس عالم کی بہترین اور اعلےٰ یادگارون مین سے ہین۔ اور اس مین اب بھی بڑائی کے آثار اور دنیا مین ایک اعلےٰ قوم بننے کی صلاحیت موجود ہے۔ اور اسی طرح ہندؤن کو بھی نہ بھولنا چاہیئے کہ مسلمان وہ قوم ہے جس نے اپنی عالمگیر فتوحات کے ساتھ علم و اخلاق کی روشنی دنیا مین پھیلائی اور گو اب انحطاط مین ہے مگر اب بھی اس کی سلطنتین دنیا مین قائم ہین اور اگر وہ عقل سے کام لے تو اس مین اتنی سکت باقی ہے کہ وہ پھر دنیا کی نام آور قومون مین سے ہوجائے۔ اسے خوش قسمتی سمجھنا چاہیئے کہ ان دو قومون کا سنگم ایک ایسے ملک مین واقع ہوا ہے جو دنیا مین اپنی نظیر نہین رکھتا۔ اگر یہ دونون قومین نفسانیت اور خود غرضی کو چھوڑدین اور تھوڑا سا جبر اور تھوڑا سا صبر اختیار کرین تو ان کے اتحاد کی بدولت ایک ایسے تمدن کی بنیاد قائم ہوجائے اور یہ خود ایک ایسی قوت بن جائین کہ اس کی نظیر نہ ہو اور ایک دنیا اُن کے قدمون تلے ہو۔ تاریخ عالم کو چھوڑدو، کیا صرف ہندوستان کی تاریخ اس سبق کے لئے کافی نہین ہے؟ کیا صدہا اور ہزارہا سال سے وقتاً فوقتاً جو آفات و مصائب کا نزول اس بدنصیب ملک پر ہوا ہے وہ کافی شہادت اس بات کی نہین ہے کہ نااتفاقی گناہ اور اتفاق ایک بڑی نیکی ہے؟ کیا اس سبق کے سیکھنے کے لئے ابھی اور ذلتون، مصیبتون، اور ٹھوکرون کی ضرورت ہے؟ ٹھنڈے دل سے تعصب کو برطرف کرکے اگر تاریخ کا مطالعہ کرو اور واقعات و حالات کو سوچو تو اصل راز کا خود بخود انکشاف ہوجائے گا۔ مولوی سید علی مرحوم نے درحقیقت بڑا کام کیا کہ تمدن عرب اور تمدن ہند جیسی کتابون کا ترجمہ اُردو زبان مین کردیا تاکہ ہم ایک دوسرے کے محاسن اور کارنامون سے واقف ہوکر ایک دوسرے کی عظمت و قدر کرین اور اپنے عیوب:

نقائص پر اطلاع پا کر اصلاح کے درپے ہوں۔ اور اصل یہ ہے کہ تمدن عرب کے بعد مولوی صاحب مرحوم کا فرض تھا کہ وہ تمدن ہند کا بھی ترجمہ کریں اور ہم خوش ہیں کہ وفات سے قبل وہ اس فرض کو انجام دے گئے۔ اس لحاظ سے اگر ہم مولوی سید علی مرحوم کا شمار فاضل ابوریحان بیرونی علامی ابوالفضل، قاضی فیضی، جیسے علما میں کریں تو کچھ زیادہ بیجا نہ ہوگا۔

لیبان کے تمدن ہند کے علاوہ ایک اور کتاب اسی بحث پر ہندی فاضل مسٹر دویش چندر دت مرحوم کی تصنیف سے ہے۔ یہ کتابیں دو تین سال کے تفاوت سے ایک ہی زمانہ میں لکھی گئیں۔ مسٹر دت کی کتاب ہر لحاظ سے قابل قدر اور مستند ہے لیکن اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص اپنے خاندان کے حالات اپنے خاندان والوں کے لئے لکھے۔ اور ظاہر ہے کہ ایسی حالت میں وہ تصویر کے روشن اور تاریک رخوں کے دکھانے میں بڑی استادی سے کام لے گا۔ مسٹر دت نے تحقیق میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا لیکن چونکہ ہندوؤں کو تاریخ سے دلچسپی نہ تھی اس لئے تمدن و معاشرت کے حالات دکھانے میں قصے و فسانے کی کتابوں سے مدد لینی پڑی ہے۔ اور ظاہر ہے کہ قدیم قصوں اور فسانوں میں تمدنی حالات کے دکھانے میں کس قدر مبالغہ سے کام لیا جاتا ہے۔ بخلاف اس کے لیبان ایک غیر شخص ہے مگر ہند اور اہل ہند کے قدیم تمدن سے ہمدردی رکھتا ہے۔ اس نے جہاں محاسن دکھائے ہیں وہاں ان کے ضعف کو بھی جتا دیا ہے۔ اپنی اور غیر کی نظر میں جو فرق ہوتا ہے وہ محتاج صراحت نہیں۔ اگر کوئی ہمدرد ہمیں ہمارے نقص بتائے تو وہ درحقیقت ہمارے شکریہ کا مستحق ہے کیونکہ اس سے ہمیں اپنی اصلاح میں بہت بڑی مدد ملتی ہے۔ علاوہ اس کے لیبان نے یہاں کی مختلف اقوام کے حالات و اصل و خصائص پر بھی بحث کی ہے اور ان اقوام کے باہمی اختلاط سے جو اثرات مترتب ہوئے ہیں وہ بھی دکھائے ہیں، جو دلچسپی و افادہ سے خالی نہیں بمقابلہ مسٹر دت کے اس نے ہند کی عمارت کا محل بھی زیادہ تفصیل سے لکھا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کو اس سے خاص

دلچسپی ہے۔ اگرچہ ہندی تجارت کا مجمل ذکر کیا ہے لیکن ہندی جہازرانی کے متعلق ہیرو مصنفین ساکت ہین۔ حالانکہ جدید تحقیق سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ فن جہازرانی ہندوستان مین قدیم سے ہے۔ علاوہ جہازون کی اُن تصویرون کے جو اجنٹا، مدورا اور ہٹری کے مندرون مین موجود ہین اور عہد اندھرا ان کے اُن سکون کے جن پر جہاز کی تصویر بنی ہے، ہندون کا جاوا اور سیلون مین آباد ہونا اور بدھ داعیون کا جاپان اور چین جانا اور تجارتی تعلقات کا مصر و روم و دیگر ممالک سے ہونا اور رومی اور چینی سیاحون کا یمان کے بندرگاہون اور تجارت کا ذکر کرنا کافی اور قطعی ثبوت اس امر کا ہے کہ اہل ہند فن جہازرانی سے قدیم سے واقف تھے نیز اس نے ہند کی موجودہ حالت (انگریزی عہد) سے بحث کی ہے لیکن اس ضمن مین اس نے ہندوستان کی موجودہ تعلیم اور تعلیم یافتہ اصحاب پر بڑی سختی کے ساتھ نکتہ چینی کی ہے اور موجودہ انگریزی تعلیم کو اہل ملک اور حکام ملک دونون کے لئے خطرناک بتایا ہے۔ لیبان کی یہ رائے بعض دیگر یوروپی سیاحون اور انگلو انڈین مصنفون کی سی ہے اگرچہ اس مین کسی قدر جدت پائی جاتی ہے لیکن صاف بوے تعصب آتی ہے۔

فاضل مصنف نے اِس تنقید کے وقت دو باتون کا لحاظ نہین رکھا ورنہ وہ ایسی سخت رائے نہ دیتے

اوّل یہ کہ ایک ایسے ملک مین جو صدہا سال سے ایک خاص نہج پر چلا آرہا ہے اور جو اپنا خاص تمدن اور اپنے خاص علوم رکھتا ہے جب اس مین ایک جدید اور اجنبی زبان و علوم کو رواج دیا جائیگا تو ظاہر ہے کہ دلون مین بے چینی اور دماغون مین پراگندگی اور انتشار پیدا ہوگا اور ابتدا مین اس کے نتائج کبھی اچھے پیدا نہ ہون گے۔

دوسرے لیبان نے اس وقت کے طریقۂ تعلیم پر غور نہین کیا تعلیمی نتائج کی خرابی زیادہ تر طریقۂ تعلیم کی وجہ سے ہوتی ہے چنانچہ اس نقص کو ملک کے اہل الرّاے اور خود گورنمنٹ نے تسلیم کرلیا ہے اور اس کی اصلاح پر برابر توجہ کی جارہی ہے چنانچہ اب کچھ تو مرورِ زمانہ سے اور کچھ جدید اصلاح

سے بڑا فرق پیدا ہوگیا ہے اور ہمین قوی امید ہے کہ موجودہ تعلیم اگر صحیح طریقہ سے دی گئی تو ملک اور گورنمنٹ دونون کے لئے مفید ثابت ہوگی۔

سوم۔ چند سال سے خود انگریزی گورنمنٹ نے اصول حکومت مین اصلاح کرنا شروع کردی ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ قوم وملک کے تغیرات کے ساتھ ہمارے احساسات کا لحاظ کریگی اور بتدریج اپنے انتظامات مین اصلاح کرے گی۔

خاتمہ مین اس کتاب کے پڑھنے والون سے ملتجی ہون کہ اگر اسمین کوئی سہو وخطا یا فروگذاشت اُن کی نظر سے گزرے تو اوس سے چشم پوشی فرائین۔ والد مرحوم کی ناگہانی رحلت ایک ایسا بڑا صدمہ ہے جسکی تلافی تا زیست ممکن نہین۔ مین ان حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہون جن سے اس کتاب کے مسودہ وپروف کی تصحیح وغیرہ مین مدد ملی ہے بالخصوص عموی جناب میجر سید حسن صاحب بلگرامی کا جنہون نے ترجمہ کی نظر ثانی کی اور جناب مسٹر حافظ محمد جان صاحب کا جنہون نے کہ مسودہ وپروف کی تصحیح مین نہایت محنت کی اور مولوی عبد الحق صاحب بی اے جن سے دیباچہ مین مدد ملی۔ مولوی محمد ابراہیم خان صاحب مالک مطبع شمس خاص شکریہ کے مستحق ہین جنہون نے اس کتاب کی چھپائی وعکاسی مین خاص اہتمام کیا

سید مجتبےٰ علی بلگرامی سول انجنیر

خلف شمس العلماء ڈاکٹر سید علی بلگرامی مرحوم

تہدیہ

مین اس کتاب کو اس مشہور و قدیم قوم کی تذکرہ کرتا ہون جس کا تمدن ہنوز زندہ ہے۔ اور جسکے آثار قدیمہ متمدن اقوام عالم کے لئے باعث حیرت و عبرت ہین۔ وہ قوم جسکا ماضی ایسا شاندار رہے مگر فی الحال خواب غفلت مین سو رہی ہے محض اس امید مین کہ شاید اس داستان کو سنکر اس مجلد کی ورق گردانی کی بدولت وہ اس گہری نیند سے جاگے اور اُن اسباب پر غور کرنے لگے جنہون نے اسے کہان سے کہان پہنچا دیا۔

ہندوستان بلادِ عالم مین ایک ایسا ملک ہے جو ہمیشہ سے عالمون وفلسفیون وصناعون اور شاعرون سیاحون اور فاتحون کے لئے باعث دلچسپی وحیرت رہا ہے یہ ملک بلحاظ اپنی آب وہوا وزمین، اعتقادات ونظامات لٹریچر وصنائع کے بجاے خود ایک ایسی دُنیا ہے جو ہماری یورپی دنیا سے بہت مختلف ہے۔

اس حیرت انگیز دُنیا مین اہلِ بصیرت کیلئے تاریخ انسان کے تمام پہلوؤن کا خلاصہ ایک زندہ حالت مین موجود ہے۔ یہان انسانی ترقی کے وہ کل طولانی مدارج جنکو انسان نے ابتدائی وحشیانہ حالت سے لیکر ہمارے موجودہ تمدن تک نہایت محنتون ومشقتون سے طے کیا ہے، نظر آتے ہین۔

اگر ہم محققانہ طور پر اُن مسلسل تدریجی تغیرات کو جاننا چاہین جنکے ذریعہ سے مغربی اقوام نے اپنے موجودہ دماغی اور تمدنی حالت تک ترقی کی ہے۔ اگر ہم اُس بعید زمانہ ماضی کو جو ہمیشہ کے لئے غائب ہوچکا ہے اور جس مین ہمارے موجودہ اعتقادات جذبات اور خیالات کی بنیاد پڑی تھی۔ از سر نو پھر دیکھنا چاہین تو یہ کہ ان اقوام کے مطالعہ سے معلوم ہوسکتا ہے جو ارتقا کے مختلف مدارج اسوقت طے کر رہی ہین۔

کرۂ زمین پر صرف ایک ہی خطہ ایسا ہے جہان آج بھی ایک ہی سرزمین مین ایسی اقوام موجود ہین جن مین زمانہ ماضی کے کل ارتقائی مدارج علیحدہ علیحدہ نظر آتے ہین اور یہ وسیع وعجیب وغریب خطہ ہندوستان

ہے جس کے تمدن سے اس کتاب مین بحث کیگئی ہے۔

ہندی تمدن کی تاریخ بنی نوع انسان کی تاریخ ہے کیونکہ اس مین انسانیت کی تدریجی ترقی کے کل زمانے شامل ہین۔ تمدن کی وہ کل صورتین یہان نظر آتی ہین جو زندہ ہین یا عظیم الشان کھنڈرون مین خوابیدہ ہین۔ یہین ہمکو ہمارے نظامات و دستورات و اعتقادات کے بہت سے قدیم مبادی مرئی نظر آجاتے ہین۔

ہندوستان کے نہایت قدیم زمانہ کی تصویر دکھانا مشکل ہے کیونکہ کوئی معتبر تاریخی اسناد موجود نہین۔ جنگون اور فتوحات کے افسانے، مختلف حکمران خاندانون کے نام جو تاریخ مین ملتے ہین اُنسے اقوام کی تدریجی زندگی اور ان کے طور و طریق کے متعلق صحیح معلومات مطلق نہین حاصل ہوتے۔ اسلئے ہمین تاریخی مواد کی کمی سے چندان مایوس نہونا چاہیئے۔ جس بات کا معلوم کرنا ایک محقق کے لئے نہایت اہم ہے وہ اُن خیالات و اعتقادات و جذبات کی عام رو ہے جو ہر زمانہ پر حکمران رہے ہین نیز وہ مختلف اثرات و اسباب جو ان خیالات و اعتقادات و جذبات کے پیدا ہونے کا باعث ہوئے۔ ہم نے ایک اپنی علیحدہ تصنیف[1] مین جو مشرق کے تمدنون کی تاریخ کے مطالعہ کے لئے بطور مقدمہ کے ہے دکھایا ہے کہ یہ اسباب کیسے قوی ہین اور گو وہ بظاہر مختلف ہین لیکن تمام اقوام کو اسی قسم کے ارتقاے مدارج طے کرنا پڑتے ہین۔ کبھی کبھی جو دو قومون کی حالتون مین تضاد نظر آتا ہے اسکا سبب یہ ہے کہ وہ ترقی کے مختلف مدارج مین ہین۔

گو قدیم ہندوستان کے متعلق تاریخی مواد و اسناد کی بالکل کمی پائی جاتی ہے لیکن مذہبی یادگارین جو عمارتون اور منقوشون اور کتابون کی صورت مین باقی رہ گئی ہین اُن سے تین ہزار برس تک کا کچھ نہ کچھ پتہ چل سکتا ہے۔ ان کی قدر و قیمت کسی مورخ کے بیان کے مقابلہ مین بالکل جداگانہ ہے۔ کسی

[1] وسیلہ بن کی اس تصنیف کا نام ہے "انسان اور انسانی معاشرتین۔ انکی ابتدا اور اُن کی تاریخ" مترجم۔

قدیم مندر کے بنیادی پہلو پر نظر ڈالنے سے ہم کو ہندوؤن کے خیالات کا پتہ بہ نسبت تمام بادشاہی تواریخ کے اگر وہ موجود ہوتین، زیادہ خوبی سے چلتا ہے۔

مصنفون اور شاعرون کی تصنیفون، نظمون اور قصہ کہانیون سے بھی کچھ نہ کچھ اندازہ کسی قوم کے خیالات کا ہوجاتا ہے۔

کسی قوم کی پوشیدہ دماغی ترقیون کے مطالعہ کرنے کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اس کی ادبی تصانیف کا مطالعہ کیا جائے۔

شاعرون اور قصہ گوؤن کی طبیعت بہ نسبت فلسفیون اور اہل فکر کے حد سے زیادہ اپنے گرد و پیش یعنے اپنی قوم و زمانہ کے حالات سے متاثر ہوتی ہے وہ اپنے زمانہ کے زندہ اور فصیح آئینہ ہوتے ہین گو وہ اس عکس کو کسی قدر ٹیڑھا بنگا بڑا یا چھوٹا کردین لیکن اس ٹیڑھے بنگے عکس مین بھی ہمکو بہت سی نئی نئی باتین دریافت ہوتی ہین۔ وہ اپنے ہم خون اور ہم زبان لوگون کے رنج و خوشی کی امیدون اور جذبات اور محسوسات کے گیت انہین کی زبان مین ہم کو سناتے ہین۔ وہ نہ صرف اپنے لوگون کی قلبی حالت و ضمیر کی تصویر ہمارے سامنے پیش کرتے ہین بلکہ یہ بھی کہ ان کے عصر مین اعتقادات و جذبات کی طاقت در رو کس سمت کو بہتی تھی۔ غرض یہ کہ شاعر و قصہ گو اپنے زمانہ کی روح مجسم کا ظہور ہوتے ہین۔ جب تک کہ شاعرون کی نظمین اور قصہ گوؤن کے فسانے انسانون کے حافظہ مین محفوظ ہین کوئی تمدن ایسا نہین جس کی حالت کم و بیش ہم معلوم نہ کرسکین۔

کسی قوم اور بالخصوص ہندوؤن کے صنعتی یادگارون کی قدر و قیمت کا صحیح اندازہ کرنے کے لئے انہین کی سرزمین و موقعون پر ان کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ کیونکہ جو تمدن جس سرزمین مین پیدا ہوتا اور نشوونما پاتا ہے وہین اس کی حقیقت و اصلیت بہتر طور پر دریافت ہوسکتی ہے اور اس قسم کے اندازہ مین صحت بھی زیادہ ہوتی ہے کیونکہ وہ ہمارے اپنے جدید طرز خیال کی آمیزشون سے خالص رہتا

ہے محض کسی کتب خانہ کی کتابوں کے مطالعہ سے کوئی یورپین فلسفی کسی ایشیائی قوم کی اصلی قابلیت کو نہ تو سمجھ سکتا ہے اور نہ اس کو بیان کر سکتا ہے۔

ہمارے جدید مغربی طرز خیال اور ایک مشرقی کے طرز خیال مین ایک عظیم فرق واقع ہوا ہے۔ ہم لوگ جس قسم کی صحت و وضاحت کے عادی ہین اہل مشرق اس کے برعکس ہین۔ کوئی شخص اہل مشرق کے مختلف و متلون لباسون کی بنا پر اُن کے منجمد و پرسکون خیالات کا اندازہ نہین لگا سکتا بالخصوص ہندو اپنے خیالات و اعتقادات کے لحاظ سے ایک ایسے وہندے اور سریع التغیر گروہ ہین ہے کہ اس کا صحیح طور پر بیان کرنا ہماری لاطینی محدود مگر صحت پسند زبان کے لئے نہایت مشکل امر ہے۔

۲

محققین یورپ نے اب تک جو مطالعہ مشرقی تاریخ کا کیا ہے وہ قریباً تمام و کمال ایسے سنسکرت تصانیف کے ترجمون پر محدود ہے جو زیادہ تر مذہبی رنگ کی ہین۔ لیکن سنسکرت ہندوون کیلئے ایک زمانہ دراز سے بمنزلہ مردہ زبان کے ہے اور اس کی حالت ہندوستان مین وہی ہے۔ جو لاطینی زبان کی یورپ مین۔ ہندوستان کی تمدنی ترقیات کا اندازہ محض وہان کی قدیم مذہبی یا ادبی تصنیفات کے ذریعہ سے لگانا ایسا ہی مشکل ہے جیسے کہ کوئی قدیم تمدن کا مطالعہ محض بائبل کی کہانیون یا ہومر کی نظمون کے ذریعہ سے کرے۔

ویدون کی پُرشان شاعری، قدیم حکماؤن کے عمیق فلسفیانہ خیالات، کثیر التعداد خداون اور خونخوار وحشیانہ رسومات کا اندازہ محض کتابون کے مطالعہ سے نہین ہو سکتا۔ اس عالیشان و نفیس و پرشکوہ تمدن کا مطالعہ خود ہندوستان کی سرزمین پر کرنا چاہیے۔ وہ پراسرار موز جو ہندوون کے لٹریچر مین بھرے ہوئے ہین ہندوستان کے قدیم شہرون کے کھنڈرون اور قصرون اور مندرون کی سنگتراشیون

وصناعیون کے مطالعہ ہی سے سمجھے جا سکتے ہین۔ یہ عالیشان کھنڈر اور اُجاڑ قصور سندر عالیہ کی مرتفع بنانی سطح سے لیکر دکن کے سوکھے دہلے ہوئے میدانون تک پھیلے ہوئے ہین۔ جنکے موقعے دیکھکر گذشتہ عظمت کا ایک عبرتناک سمان آنکھون کے سامنے پھر جاتا ہے۔ اِن تبرک و پُراسرار یادگارون کی تحقیقات ہنوز بہت کچھ ہونا باقی ہے۔ یہی وہ ننگی الواح ہین جنمین جھوٹ کا امکان نہین اور جنمین گذشتہ اقوام ہند کے مجسم و گندہ خیالات بلاکم و کاست ہم پڑھ سکتے ہین۔

بہت ہی تھوڑا عرصہ ہوا کہ اِن یادگارون کے ذریعہ سے ہندوستان کے تمدن کی تحقیقات شروع کیگئی ہے یورپ مین بہت سے علما عرصہ سے سنسکرت لٹریچر کے مطالعے مین مصروف ہین اور سالانہ ضخیم جلدین شائع کیا کرتے ہین اور مختلف پایۂ تختون کے دارالعلوم مین سنسکرت کے درس بھی دیئے جاتے ہین لیکن ہندوستان کی اِن نمایان یادگارون کا مطالعہ حال ہی مین شروع ہوا ہے اور جاپانی یورپی مین قدیم سنسکرت لٹریچر سے کسی طرح کم نہین ہین۔

اگرچہ برٹش گورنمنٹ نے حال ہی مین کمیشن ان یادگارونکی تحقیقات کیلئے مقرر کیا ہے لیکن اِس کا کام زیادہ تر اِن یادگارون کی کندہ عبارتون کا مطالعہ کرنا رہا ہے۔ اور اُسنے معدودے چند خاص یادگارون کے اقلیدسی نقشے و تختے کاغذ پر مرتب کرلئے ہین۔ حالانکہ آجکل ہمارے مغربی تخیل کی تسکین کیلئے انکے صحیح و تفصیلی قصاویر کی از حد ضرورت ہے جنسے ان یادگارون کی اعلیٰ سنگتراشیون و صناعیون کا جو ہماری یورپی صناعیون سے بہت مختلف ہین اندازہ ہوسکے

ان باقیات الصالحات یادگارون کا تفصیلی علم باقی رکھنا اس لحاظ سے اور بھی ضروری ہے کہ یہ یادگارین انقلاب زمانہ کے اثر سے خود بخود گرتی اور مٹتی جارہی ہین۔ موجودہ آثار کی بنا پر کہا جاسکتا ہے کہ یہ عجیب و غریب یادگارین جو مدت ہاے دراز مین طیار ہوئی ہونگی پچاس سال کے اندر نیست و نابود ہو جائین گی مثلاً مین اُس قدیم گرفی اسحال ویران شہر کھجوراہہ کو پیش کرتا ہون۔ اِسکے سنّاٹہ عالیشان قدیم سندرون مین سے جو اِس اُجاڑ شہر کی عجائبات مین سے تھے گذشتہ چالیس سال مین ایک تہائی نیست و نابود ہو چکے ہین۔

جنرل کنینگم صاحب لکھتے ہین کہ "ہندوستان کے دوران سیاحت مین یہ دیکھکر نہایت افسوس ہوتا ہے

کہ یہان کی بہت سی قدیم و نادر عمارتین اور یادگارین سخت کس مپرسی کی حالت مین چھوڑ دی گئی ہین۔ انگریزی حکومت کو ہندوستان مین سو سال سے زیادہ گذر گئے مگر ان قدیم یادگارون کی حفاظت و بقا کیلئے کچھ بندوبست نہین کیا گیا۔ ہندوستان مین تاریخی تصنیفات کی جو کمی پائی جاتی ہے اُس کی تلافی کسیقدر ان یادگارون سے ہوجاتی ہے کیونکہ یہی ایک ذریعہ ہے جس سے اس ملک کی قدیم حالت و تمدن کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ بہت زمانہ نہ گذرے گا کہ یہ یادگارین مٹ جائین گی اور شاید ان کا پتہ صرف کاغذ کے نقشون و تختون پر باقی رہجائے۔"

اگر جنرل کننگہم صاحب کی یہ تاسفانہ پیشین گوئی جس کے آثار نظر آرہے ہین پوری ہوجائے تو اس سے انسانیت کو ایک غیر قابل تلافی نقصان پہونچے گا۔ سائنس کی ترقی نے جو نیا راستہ اختیار کیا ہے اور اپنے خیالات کے اظہار اور محفوظ رکھنے کے جو کثیر التعداد و سریع العمل ذرائع اُس نے ایجاد کئے ہین اسلئے وہ زمانہ ہائے قدیم کی تقدیس نہین کرتا کہ ان مبہم بھاسنگ تراشیون و نقاشیون پر جو نہایت محنت و صبر سے مدت ہائے دراز مین ڈھالی اور گھڑی گئی ہین تقدیس زمانہ کی مہر کردے۔

افسوس! کہ ایام جہالت اور اعتقاد کی یہ عجائب یادگارین ہم زیادہ دن نہ دیکھ سکین گے۔ اس زمانہ برق و بھاپ مین ہر اہرام مصری اور گاتھک گرجون کو کوئی وجہ نہین کہ باقی رہین۔

ہندوستان کی یادگارون کے عکسی و قلمی تصویرین و نمونے، باستثنا ان عمارتون کے جو بڑے شہرون مین واقع ہوئی ہین اور جہان یوروپی سیاح کا گذر ہوتا ہے عموماً نہایت ناقص ہین اسکی وجہ یہ ہے کہ ہندوستان کے اندرونی و دشوار گذار حصون مین سفر و باربرداری کے ذرائع نہایت محدود و ناقص ہین۔ علمی سیاح کو علاوہ اپنے نازک سائنٹفک آلات کے ہر ایک ضروری اشیاء کا ذخیرہ اپنے ساتھ مہیا کرنا پڑتا ہے کیونکہ دور و دراز ویران جنگلون مین بجز درندے جانورون اور وحشی انسانون اور طیہ یا بنجارے کے اور کچھ دستیاب نہین ہوتا۔ ایسی حالت مین علمی لیاقت کیلئے سفر کرنا نہایت مشکل کام ہے۔ انہین وجوہات سے ایک نہایت والیہ و جانباز انگریزی سیاح ایسٹ رک اپنی کتاب موسومہ "مینڈ بک فار مدراس پریزیڈنسی" (صوبہ مدراس

کے حالات کی کتاب) مین لکھتا ہے کہ اِن یادگارون کے اُستاد نہایت ناقص ہین اِسکی وجہ یہ ہے کہ اِن قدیم یادگارون کی تحقیقات مین سخت گرمی اور طیر یا بخار سیاح کے لئے سدراہ ہین۔ ہندوستان کی اکثر قدیم عجائب وغرائب یادگارین دور دور از گنجان جنگلون مین واقع ہوئی ہین جہان کا آب وہوا زہریلی ہے اور جہان وحشی درندے اور خونخوار گھڑیال بستے ہین۔ یہی سبب ہے کہ سیاحون کے بیانات اِن یادگارون کے متعلق عموماً مبہم اور ناقص ہین۔

یہی ابہام اور صحت کی کمی اس امر کا باعث ہوئی ہے کہ ہندوستان کی یادگارون سے درحقیقت بہت کم لوگ واقف ہین اور اِن کی عجیب وغریب صناعیون وگلکاریون کی خوبیون کی وہ قدر نہین کرسکتے اور سمجھتے ہین کہ وہ منبت کاریان جن سے یہ یادگارین لسی پڑی ہین ایک نیم وحشی صنعت[۵۱] کی پیداکی ہوئی ہین۔

فرانس مین اب تک کوئی ایسی کتاب نہین جسمین ہندوستان کی قدیم یادگارون وفن تعمیرات کی باریکیان دکھائی گئی ہون۔ اِسکے مقابلہ مین ہزارون ایسی کتابین ہین۔ جن مین گاتک زمانہ یا سولھوین سترھوین صدی عیسوی کے زمانہ کی عمارتون سے بحث کی گئی ہے تاریخ فن تعمیر کا اول سے آخر تک مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے ملک مین ہندوستان کی قدیم یادگارونسے کسیقدر اپروائی وسردمہری برتی گئی ہے وہ چند صفحے جو ہر ایک مصنف نے ہندوستانکی قدیم یادگارونکے متعلق لکھے ہین سراسر غلطیون سے بھرے ہوئے ہین موسیو بوسے جنہون نے چار جلدون مین نہایت ہی عمدہ قاموس فن تعمیر کی مرتب کی ہے صرف ۳ صفحے ہند کی قدیم یادگارون کے

۵۱۔ اِس موقع پر اِس بات کا اظہار کردینا بھی ضرور ہے کہ ہر فن فن تعمیر ہی جنہون نے ہندوستان کی یادگارون کے متعلق کچھ لکھا ہے بسبب ناقص معلومات کے ہندوستان کی سنگتراشی کا نسبت بہت سی غلط خیالیان پھیلانے کا باعث ہوئے ہین بیشک نہین کہ انکی تصنیفات بعض قطعی معلومات رکھتی ہین بہت ہی بادقت ہین لیکن قصاوے کی نسبت سے نہایت ہی کم ہین۔ مگر ہندوستان کی سنگتراشی کا باقاعدہ وٹھیک طور سے مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ نہایت ہی اعلیٰ درجہ کی ہین جسکا ثبوت ہر ایک ناظر کو اِن تصاویر سے جو اِس کتاب مین دی گئی ہین بخوبی مل سکتا ہے۔ حاشیہ مصنف

متعلق کافی سمجھتے ہین۔ اور غار ہاے الیفنٹا کا زمانہ تعمیر آٹھ ہزار سال قرار دیتے ہین حالانکہ یہ سنگ تراشی شارلمان بادشاہ فرانس کی ہمعصر ہے اور ہندوستان کی قدیم یادگارون مین بہترین قسم کا نمونہ ہے۔ بات یہ ہے کہ ہمارے اکثر مکہ معین اس فن سے خوب واقف نہین۔

فرانسیسی گورنمنٹ نے یہ خیال کرکے کہ ہندوستان کی قدیم یادگارون کی تحقیقات سے فرانسیسی صناعون اور مورخون کی معلومات مین بیش بہا اضافہ ہوگا ایک کمیشن اس غرض کیلئے مقرر کی کہ ہندوستان جاکر عین موقع پر ان قدیم یادگارون کا مطالعہ کیا جائے۔ چنانچہ اس کمیشن نے بعد تحقیقات ایک ضخیم تصنیف[1] شائع کی جسمین چار سو تصاویر مع تصریحات موجود ہین۔ اس تصنیف مین سے چند تصویرین معہ اسناد کے ہمنے اس کتاب مین نقل کی ہین۔

تمدن ہند کی تاریخ زیادہ تر انہین یادگارون کے مطالعہ و تحقیقات کی مضبوط بنیاد پر مبنی ہے۔ ہمنے جریدہ مناہند کے قریباً تمام بڑی بڑی یادگارون کا بذات خاص معائنہ و مطالعہ کیا ہے۔ اور اس مین وہ پراسرار مقامات مثل نیپال کے بھی شامل ہین جہان ابتک بہت کم یوروپی محققین کا گذر ہوا ہے۔ ہمنے اپنی ذاتی تحقیقات کی بنا پر بہت سی نئی باتون کا انکشاف کیا ہے جو ابتک ہندوستان کے تمدن اور ہندوون کی تاریخ مذہب کے متعلق مبہم و لامعلوم تھین۔ مثلاً انہین یادگارون کے مطالعہ سے ہمکو یہ نئی بات دریافت ہوئی کہ مذہب بودہ جسکو ابتک یوروپی محققین ایک لاادلائی مذہب سمجھے ہوئے تھے درحقیقت تمام مذاہب سے زیادہ کثیر الاله مذہب تھا۔ یوروپی محققین کی اس غلطی کا سبب یہ تھا کہ انھون نے اپنی تحقیقات کو زیادہ تر ان فلسفیانہ تصنیفات پر مبنی کیا جو شاکیا منی بدھ سے چھ سو برس بعد پیدا ہوئے تھے۔ انہین یادگارون کے مطالعہ و شہادتون کی بدولت ہمنے مدلل طور پر وہ اصلی اسباب بتائے ہین جنکی وجہ سے بدھ مذہب ہندوستان سے جہان اسکا جنم بھوم تھا غائب ہوگیا۔ علماء یورپ سے اس معمہ کے حل کرنے کی بہت کوشش کی مگر وہ اسکو صحیح طور پر حل نہ کرسکے۔

اس کتاب مین ہمنے انہین اصول تحقیق پر عمل کیا ہے جو ہماری اگلی تاریخی تصنیفات مین پیش نظر

---

[1] اس تصنیف کا نام (ماہنومنس دی ہندوستان) ہے (یعنے ہندوستان کی یادگارین) ہے ۱۸۹۳ء مین شائع ہوئی۔

رہے ہین یعنے ہم نے نتائج کو صرف صحیح شہادتون اور خاصکر یادگارون کی بنا پر قایم کیا ہے۔ ہمنے دکھایا ہے کہ مذہبی اور تمدنی نظامات کیونکر بتدریج متغیر ہوتے گئے اور اُن کے اصلی اسباب کیا تھے۔ تاریخی واقعات کی صحت کو ہمنے سائنٹفک معیار سے جانچا ہے اور محض خیالات پر بھروسہ نہین کیا۔ انہین اصول کی بنیاد پر ہم نے ہندوستان کے نہایت پیچیدہ و پراگندہ فلسفیانہ اور مذہبی اور تمدنی خیالات کی گتھیون کو سلجھانے کی کوشش کی اور جہان تک ممکن ہوا اُن کو سچے و اصلی معنون و حالت مین پیش کر دیا ہے۔ قدیم دیوتاؤن کے اصلی خصائص پر جو پُراسرار پردہ پڑا ہوا تھا اُس کو اُٹھانے اور ان کو روز روشن مین لانے کی کوشش کی ہے۔

۳

علاوہ تاریخی و فلسفی و صناعی دلچسپیون کے جو ہندوستان کی تاریخ مین پائی جاتی ہین ایک بہت بڑا عملی فائدہ بھی ہم فرانسیسیون کیلئے ہندوستان کی موجودہ حالت کے مطالعہ مین ہے آج کل جبکہ یورپ مین نوآبادیان قایم کرنے کی ہوس روز بروز ترقی جاری ہے اس بات کا مطالعہ کرنا نہایت اہم ہے کہ کس طرح ایک یوروپی قوم اپنے ایک ہزار اعلیٰ منتخب افسر اور قریباً اسی ہزار سپاہیون کے ذریعہ سے ایک ایسے وسیع و دور دراز ملک پر کامیابی سے حکومت کر رہی ہے جس کی آبادی تیس کروڑ تک پہونچتی ہے۔ مجھے اپنے دوران سیاحت ہند مین اکثر بڑے انگریز افسران سے ربط ضبط کا عمدہ موقع حاصل رہا جس کی بدولت مین نے اس عجیب و غریب انگریزی نظم حکومت کا تفصیلی طور پر مطالعہ کیا اور اس حکومت کی کل اور اُس کے کیل پُرزون سے جس کے متعلق یورپ مین بہت کم علم ہے وقفیت پیدا کی۔

فی زمانہ جدید ہندوستان کا مطالعہ اس لحاظ سے اور بھی اہم ہو گیا ہے کہ برقی و بہاپ نے دو مختلف دُنیاون یعنے مشرق و مغرب کو آمنے سامنے کر دیا ہے۔ اب تک اِن دونون دُنیاؤن کے معاشرت و خیالات کے درمیان مین ایک خارِ عمیق واقع تھا۔ اب ایک جنگ عظیم اِن دونون کے درمیان برپا

ہونے والی ہے مگر اس جنگ کا میدان ہند ہے اور نہ توپ و تفنگ اس کے اسلحہ ہیں۔ یہ جنگ تجارت و صنعت و حرفت کے جانکاہ میدان میں ہونے والی ہے۔ دو ایسی قوموں کا مقابلہ ہے جو بلحاظ معمولی قوائے ذہنی کے ایک دوسرے کے مساوی ہیں مگر ان میں سے ایک قوم کی ضروریاتِ زندگی تو حد سے زیادہ ہیں اور دوسری کی بہت مختصر۔ پس کے مستقبل بلکہ یوں سمجھنا چاہیئے کہ ہمارے یوروپی تمدن کے لئے ایک خطرۂ عظیم درپیش ہے۔ اس جنگ کا کیا نتیجہ ہوگا؟ ہمیں کہاں تک مادی و دماغی اسلوب شرقی اقوام کو دینی چاہیئے جو ایک دن ہمارے ہی خلاف استعمال کئے جانے والے ہیں؟ یہ وہ اہم سوالات ہیں جن پر ہمیں اس کتاب کے پڑھتے وقت سنجیدگی و خاموشی سے غور کرنا چاہیئے۔

یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ ہندوستان کے تمدن کی تاریخ صرف ایک ایسے زمانہ ماضی کی تاریخ ہے جو ہمیشہ کے لئے داخل دفتر ہو چکا ہے بلکہ اس میں بہت سے لامعلوم و خوفناک نتائج آئندہ کے لئے چھپے دھرے ہوئے ہیں۔

فرانسیسی زبان میں ہندوستان کے تاریخ تمدن پر یہ پہلی تصنیف ہے اس لئے کچھ عجب نہیں کہ اس میں جا بجا کچھ کمی و نقص رہ جائے۔ جو خاص مقصد اس کتاب میں پیش نظر رکھا گیا ہے وہ یہ ہے کہ گذشتہ تین ہزار سال میں ہندو سوسائٹی جن تدریجی تغیرات و تبدلات میں سے گذری ہے اس کی ایک زندہ تصویر اس کتاب کے پڑھنے والے کے سامنے پیش کر دی جائے۔ تاکہ وہ اس آخری قوم کی حالت سے جس کا قدیم تمدن اب تک زندہ ہے واقف ہو جائے۔

اگر اس کتاب کے پڑھنے سے مدبرین ملک اور فلسفیون اور صناعون میں اپنے معلومات بڑھانے اور جدید سبق حاصل کرنے کیلئے اس عجیب و غریب دنیا کی سیاحت کا شوق پیدا ہو جائے تو گویا اس کتاب کا مقصد پورا ہو گیا۔ ہندوستان ایک ایسی دنیا ہے جس سے بہت سبق سیکھے جا سکتے ہیں۔ ملک کے انتظام کرنے والے اس سے یہ سیکھ سکیں گے کہ انسانون پر حکومت کن طریقون سے کی جاتی ہے۔

فلسفیون کو اقوام کے خیالات سمجھنے مین آسانی ہوگی اور صناعون کو اس عجیب وغریب دنیا مین ایسی نئی نئی صناعیان نظر آئین گی جن کو وہ ابتک بسبب لاعلمی کے بہت ہی حقیر سمجھے ہوئے تھے۔

ہم نے قلم اور تصاویر کے ذریعہ سے یہ کوشش کی ہے کہ اس عجیب وغریب دنیا کے بعض سیر آپنے ناظرین کو دکھائین جو بہت سے تمدنون اور اعتقادات کی مولد و موطن ہے۔ لیکن قلم و پنسل مین یہ طاقت کہان ہے کہ وہ اس دور و دراز دنیا کی قدرتی دلفریبی و خوبصورتی کو دکھا سکے جس کے خوشنما نباتات کی خیرگی و بوقلمونی اور عالیشان مناظر اور مصفا آسمان پر رات کو لاکھون کروڑون تارون کی چمک دمک سیاح کو محو حیرت کر دیتی ہے اور اسکو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی نئی دنیا مین آگیا ہے کوئی کیونکر اُن عجیب وغریب پُراسرار شہرون یا اُن پر جیروت پہاڑون کا بیان کر سکتا ہے جو دنیا مین سب سے اونچے اور ابد لاباد سے برف کا مسکن ہین۔ جب سیاح اُن مردہ شہرون پر سے گذرتا ہے جو کسی زمانہ مین ہمارے یوروپی پایۂ تختون کے ہم پلہ تھے۔ اور اُجڑے ہوے پُرشکوہ مندرون و عالیشان سنگ سرخ کے محلون کو جو یکایک کسی جنگل مین سے اُبھرے ہوے نظر آتے ہین دیکھتا ہے تو وہ اس عبرتناک نظارہ سے سہم جاتا ہے اور سوچنے لگتا ہے کہ ان عظیم الشان شہرون اور پرشکوہ مندرون اور جلیل القدر قصرون نے ایسی کیا خطا کی تھی کہ تمہارہی ان پر ٹوٹ پڑا۔ وہ پراسرار مندر جنکا سلسلہ پہاڑون کے تیرہ و تاریک کھوہون مین اندر ہی اندر چلا گیا ہے اور جنمین مشعل یا لالٹین کی روشنی کی مدد سے بیشمار سنگی مورتین سیاح کی طرف جھکی پڑتی ہے ایک عجیب وغریب اثر سیاح پر پیدا کرتی ہین اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ سنگی مورتین گویا مردہ خداؤن کے ہزارہا خاموش غلام ہین۔ ان عجیب وغریب مناظر کی تصویر کھینچنا ایسا ہی محال ہے جیسے کہ کوئی قابل مصور اپنی پنسل سے ان سنگ مرمر کے خوبصورت قصرون کی نقل بنانیکی کوشش کرے! کیونکر ممکن ہے کہ وہ ان موتی کے سے شفاف و آبدار پتھرون کو جو سالہا سال مین محنت و صبر سے تراشے گئے اور اُن شہابی دیوارون کو جو کسی مصفا کرہ مین دائمی نیلگون آسمان کی طرف اُٹھی ہوئی ہین۔

اپنی قلم سے تعمیر کردے۔

جب سیاح ہندوستان کے اِن دلفریب مناظر کو دیکھتا ہے تو گذشتہ عظمت و حشمت کی زندہ تصویر اُس کے سامنے کھڑی ہوجاتی ہے اور ایک پرستان کا سماں اُسکی آنکھوں کے سامنے پھر جاتا ہے۔ ہندوستان ہی کی سیاحت مین ہم برائے العین دیکھ سکتے ہین کہ وہ کون سے تدریجی تغیرات ہین۔ جنمین سے انسان کو ابتک گذرنا پڑا ہے۔ یہین آکر ہمین معلوم ہوتا ہے کہ وہ کون سے اختلافی اسباب ہین جو ایک انسان کو دوسرے سے جدا کرتے اور وہ کون سے اتحادی اسباب ہین جو انکو متحد کردیتے ہین۔ یہین ہمکو یہ شاہرہ ہوتا ہے کہ کیونکر موجودہ حالت زمانہ ماضی کے اسباب کا نتیجہ اور زمانہ مستقبل کی طیاری ہے۔ یہین ہمکو یہ دریافت کرنے کا موقع ملتا ہے کہ کس طرح پر ہمارے خیالات و دستورات و اعتقادات پشتہا پشت مین لامعلوم طور پر بطور وراثت کے ہمارے بزو طبیعت بن گئے ہین اور ہم اُن کے زیر اثر ہین۔ صرف قرون ماضیہ کے کل طبقات پر نظر ڈالنے سے ہم یہ جان سکتے ہین کہ ہمارے نظامات و اعتقادات کیونکر پیدا ہوے۔ اور اِن زبردست قوتون سے انسانی زندگی مین کیا کیا کارہاے عظیم نتیج ہوے اور اب بھی وہ اپنے ارتقائی قانون سے آہستہ آہستہ تمام چیزونکو ایک لامعلوم و پُراسرار نشانہ کی طرف کھینچے لئے جارہی ہین۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب اوّل مرزبوم

باب اوّل - زمین و آب و ہوا

فصل اوّل - ہند کا عام ڈھانچہ

ہندوستان کی شکل ظاہری شکل ظاہری کے لحاظ سے ہندوستان بجائے خود ایک دنیا ہے - ایک طرف تو عالی شان دیوارین پہاڑون کی ہین جن سے پار ہونا محال معلوم ہوتا ہے اور دوسری طرف سمندر کی موجین ہین جو اسے تین جانب سے گھیرے ہوئے ہین - یہ معلوم ہوتا ہے کہ فطرت نے اس ملک کو ہمیشہ کے لئے تمام دنیا سے علیحدہ کر دیا ہے - اِس کی حدود پر غور کرنے سے ثابت ہوتا ہے

کہ اس سرزمین نے ایک خاص تمدن پیدا کیا ہے جو مٹا سے نہین مٹتا اور اس تمدن مین جتنے خارجی اجزا آکر شامل ہوگئے ہین وہ خود اسی مین مرمٹے ہین۔ ہندوستان اس وقت تک وہی متبرک اور پراسرار زمین ہے جس کا ذکر یہان کی قدیم شاعری مین کیا گیا ہے۔ اس وقت بھی جب کہ اس ملک کی بے نظیر زرخیزی کی بدولت باوجود بہت سے موانع کے اقوام فاتح نے کئی ہزار سال کے اندر اس پر بیس مرتبہ دھاوا کیا ہے۔ اس وقت بھی جب کہ علوم جدیدہ نے آمد و رفت کی آسانیان پیدا کردی ہین اور فاصلون اور راہ کی مشکلات کو معدوم کردیا ہے ہندوستان کے حدود کا بہت بڑا حصہ سخت دشوار گذار ہے۔ کوہ ہمالیہ کے سارے سلسلہ مین کوئی آسان راستہ موجود نہین اور نہ کوئی عمدہ اور محفوظ بندرگاہ سمندر کے کنارے ہے۔ گویا یہ ایک ملک ہے جو چاردن طرف سے بند ہے یہان آنا بھی ویسا ہی مشکل ہے جیسا یہان سے نکلنا۔ پرانی اقوام مین سے جتنی قومین یہان آکر بسین انہون نے یہان سے نکلنے کا کبھی خیال بھی نہین کیا۔

ہندوستان تمام عالم کا ملخص ہے اس قدر دنیا سے الگ ہونے پر بھی یہ ملک اختلاف آب و ہوا اور اختلاف مناظر کے لحاظ سے گویا تمام عالم کا ایک ملخص ہے۔ وسعت رقبہ اور بلندی و پستی کے اختلاف کی وجہ سے یہان ہر قسم کی آب و ہوا موجود ہے۔ گرمیون کے موسم مین جب کہ ملابار اور کارومیانڈل کے سواحل اور پنجاب کے میدان گرمی کی شدت سے بھن رہے ہین اُس وقت پہاڑون کے دامن پر سدا بہار کا موسم ہے اور شمال کی پہاڑی سطحون پر شدت سے ٹھنڈی ہوا ہر چیز کو ٹھٹھرا رہی ہے۔ دوسری طرف ہمالیہ کی چوٹیون پر ایسی موٹی چادر برف کی پڑی ہوئی ہے کہ اس کا مقابلہ صرف اقطاب عالم کے گرد و نواح سے ہوسکتا ہے۔ جب کہ اوائل جون مین جنوب و مشرق کی طرف بارش کی شدت ہو رہی ہے اور ندیان ہر طرف زور سے جاری ہین اور للیسہ اور سندہ کے کاشتکار خشکی کی شدت سے اپنے نیلے آسمان کو مایوسی کی نظرون سے دیکھ رہے ہین اور تپتی ہوئی ریتی مین اپنی سوکھی ندیون کے بانی کو ڈھونڈ رہے ہین۔

منظر اور آب و ہوا مین تضاد اور اس کے اسباب یہ ایک ملک ہے عظیم الشان منظرون اور عظیم الشان تضاد کا۔ تھار کے دردناک ریگستان

سے ملا ہوا رود گنگ کا وہ زرخیز خطہ ہے جس کو دیکھکر انسان حیرت مین آجاتا ہے۔ دکن کی پہاڑی سطح کی سطحون کے بیچ بیچ مین وہ ہری بھری گھاٹیان ہین جن کے گہرے سبزے کو کوئی چیز تلف نہین کرسکتی۔ کشمیر کے شاداب ملک سے جو کہ جنت کا نمونہ ہے جب اوپر چڑھیے تو وہ خطرناک اور جبل ہوئی پہاڑی دیوارین ملتی ہین کہ طبقات الارض کی تاریخ مین شاید ان سے زیادہ ٹھیٹر ے بگڑے پہاڑ کبھی سطح زمین سے اوپر نہ ابھرے ہون گے۔ فطرت کے اس شدید تلون اور خودرائی کے دو ہی سبب معلوم ہوتے ہین۔ اولاً سطح زمین کی سخت ناہمواری اور دوسرے ندیون کے ذریعہ سے پانی کی تقسیم مین سخت نامساوات۔ انہین دو اسباب نے ایک خطہ زمین کے ہزار خطے بنا دئے ہین اور ایک تھوڑے فاصلہ کے اندر ایسی مختلف آب و ہوائین پیدا کردی ہین جو دوسرے اقطار عالم مین ایک دوسرے سے نہایت دور دراز فاصلون پر واقع ہوئی ہین۔

سطح کی ناہمواری اور پانی کی تقسیم مین نامساوات۔

پس ہندوستان کے جغرافیہ مین ہمین سب سے پہلے سطحی ناہمواری کو دیکھنا چاہیے جو بمقابل سمندر کی سطح کے محسوب ہوتی ہے اور ثانیاً ہمین اُن ندیون کی تعداد اور اُن کی سودمندی اور ان کی جہت کو دیکھنا چاہیے جو اس سطح زمین پر جاری ہین۔ ندیون کے ساتھ ہی ساتھ ہمین بارش کی تقسیم اور مانسون پر بھی نظر ڈالنی چاہیے۔ اس عجیب و غریب ملک مین جو پانی آسمان سے زمین پر گرتا ہے یہ بھی نتائج کے پیدا کرنے مین اسی قدر پُراثر ہے جیسا وہ پانی جو ندیون کے ذریعہ سے سطح زمین پر رواں ہوتا ہے۔

ہندوستان دو مثلثون سے بنا ہوا ہے

ہندوستان کی ظاہری شکل ایک مربع کی ہے جو دو مثلثون سے بنا ہوا ہے۔ یہ دونون مثلث قریب قریب مساوی ہین اور ان مین ایک ضلع مشترک ہے۔ شمالی مثلث کا اوج سنگلا بہیت ہمالیہ کی پُرشان چوٹیون مین سے ایک چوٹی ہے اور جنوبی مثلث کا اوج کیپ کامرن ہے ان دونون مثلثون کا مشترک ضلع وہ گہری گھاٹی ہے جو خلیج کھمبات سے رود گنگ تک گئی ہے اور جس مین نربدا اور سون کی ندیان ہین۔ ان مین سے ایک تو مغرب کی طرف جاتی ہے اور دوسری شمال و مشرق کی طرف۔

ان دونون مثلثون کے بیچ مین صرف یہی دونون ندیان حد فاصل نہین ہین بلکہ ان کے علاوہ اس گھاٹ کے شمال مین بندیاچل کا سلسلہ ہے اور اس کے جنوب مین ساتپورہ کا سلسلہ۔ پس کہنا چاہیے جزیرہ نماے ہند کے جنوبی حصہ کو شمالی ہند کے تصرفات سے محفوظ رکھنے والی تین خطی دیوارین موجود ہین اور آگے چل کر معلوم ہوگا کہ اس خطہ ملک کے سواحل بھی اسی طرح محفوظ کیے گئے ہین۔

ہندوستان ودکن شمالی مثلث کا نام ہندوستان یعنی ملک ہنود ہے اور ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ یونانی لفظ انڈیا سے مشتق ہے یونانیون نے اس کو دریاے سندھ (انڈس) کے نام سے جہانتک پہنچے تھے اخذ کیا اور اس ایک ندی کے نام پر اُس سارے ملک کا نام رکھ دیا جس مین سے یہ گذرتی ہے اور جس ملک کو فتح کرنے کی اُنھین بے حد تمنا تھی لیکن یہ اشتقاق پوری طرح مسلم نہین ہے اور ممکن ہے کہ ملک کا نام اس کے مشہور دیوتا اندر کے نام پر رکھ دیا گیا ہو۔ مگر اصل اشتقاق کچھ ہی ہو۔ اس نام کا اطلاق دوسرے ممالک پر بھی ہوا ہے۔ یوروپیون کا تخیلہ ہند کے عجائبات اور اس کی بے انتہا دولت اور زرخیزی کے خیالات سے اس درجہ بھرا ہوا تھا اور انھین اس ملک کی راہ کے پتہ لگانے کی اس درجہ تمنا تھی کہ ان سے اِس کی سمت کے متعلق غلطیان وقوع مین آئین جس وقت کرسٹاف کولمبس کے جہاز دنیاے جدید کے سواحل تک جا پہنچے تو اس کا یہی خیال تھا کہ وہ ہندوستان کے ملک مین آگیا۔ مغربی ہند کے سوا خود ایشیا مین اور جزائر بحر ہند کے جزائر مین بہت سے جزیرے اور سواحل کا نام ہند پڑ گیا تھا۔ حالانکہ یونانیون نے اس نام کو صرف دوآبہ سندھ کے لئے مخصوص کر دیا تھا ہم اپنی اس تصنیف مین ملک ہندوستان سے صرف وہ جزیرہ نما مراد لین گے جس کے حدود آسام کے پہاڑ کوہ ہمالیہ کوہ کاراکورم کوہ ہندوکش کوہ سلیمان اور سمندر ہین۔ اس جزیرہ نما کے حدود ارضی کے اندر شمالی مثلث کے حصے کو ہم ہندوستان کے نام سے تعبیر کرین گے اور جنوبی مثلث کو دکن کہین گے۔

(۱) غربی ہمالیہ کا ایک گاؤں

فصل دوم - ہندوستان

ہندوستان کی حدود ہندوستان کی بڑی سرحد کوہ ہمالیہ کا سلسلہ ہے جس مین دنیا کے پہاڑون مین سب سے زیادہ بلند پہاڑ واقع ہوے ہین - قدیم ہنود اس سلسلہ کی چوٹیون کو دور سے دیکھ کر انہین دیسا کی چھت کہا کرتے تھے - جب اس سلسلہ پر بحیثیت مجموعی نظر ڈالی جاے اور اس کی تمام شاخون کو دیکھا جاے تو یہ ایک سطح منحدر معلوم ہوگی جس کی اوسط بلندی تقریباً ۱۳۰۰۰ تیرہ ہزار فیٹ اور جس کا بلند ترین حصہ تقریباً بیس ہزار فیٹ ہے - اس اونچی سطح پر جا بجا چوٹیان ہین جن کی بلندی تیس ہزار فیٹ تک پہنچتی ہے - حالت ہمالیہ کے مغربی حصہ کی ہو لیکن جس وقت ہندوستان کی مشہور ندیون یعنی سندھ گنگا جمنا اور ستلج کے منابع سے اوپر چڑھین تو پھر ہمین ایک پہاڑی سطح ملتی ہے جو تبت تک منتہی ہوتی ہے اور جس مین پہاڑی سلسلہ کی شان بالکل مفقود ہو جاتی ہے - اس بلندی پر جو کہ یورپ کی اونچی سے اونچی چوٹیون سے بھی زیادہ بلند ہے ہمین وہ ویران اور سنسان خطہ ملتا ہے جو نہ حدود ہندوستان مین ہے نہ صدود ترکستان و تبت مین - یہان کسی قسم کے نباتات نہین پاے جاتے اور سطح زمین مین انجماد برف کی وجہ سے پانی ایک جگہ جمع ہو جاتا ہے یہان ہوا اس قدر رقیق ہے کہ تنفس مین دقت واقع ہوتی ہے اور مسافر کو بھاگنا پڑتا ہے - یہان کے باشندون نے اس خطہ کا نام ارض الموت رکھا ہے اور یہ تعریف اس پر پوری طرح صادق آتی ہے - یہین ہے کاکورم کی مشہور چوٹی جس کی بلندی اس وقت تک معلوم نہین ہے کیا عجب ہے کہ یہ ایک دن گوری شنکر سے بھی جس نے ایورسٹ کی چوٹی چھورا زو کو مات کیا بلندی مین گوے سبقت لے جاے - گوری شنکر کی چوٹی سلسلہ ہمالیہ کی سمت مشرق مین واقع ہوئی ہے - اور دھولگری گوری شنکر اور کنچن جنگا یہ تینون ملکر ایک ایسا بلند سلسلہ پیدا کرتے ہین کہ اس کو اگر سلسلہ ہمالیہ کے فقرات النظر سے تعبیر کرین تو بیجا نہو گا - اس ریڑہ کی ہڈی کے شمال مین گنگ دیسری کا سلسلہ ہے جو تبت مین واقع ہوا ہے اور

اِس کے جنوب مین نشیب ہمالیہ کا خط ہے جو گنگا کی شمالی شاخون تک ختم ہوتا ہے ہمالیہ کا سلسلہ جو رقبہ مین فرانس کے ملک سے زیادہ وسیع ہے بجاے خود ایک دیوار ہے جو فطرت نے دو ملکون اور دو اقوام کے بیچ مین قایم کی ہے اور اس کا نظیر روے زمین پر نہین ہے پہلے خیال مین آتا ہے کہ شمالی بلند خطہ مین اور جنوب کی گہری گھاٹیون مین کبھی بھی کوئی تعلق رہا ہو۔ خواہ یہان کے باشندون مین یا اُن کے رسوم و اوضاع مین۔

ہندوستان اور چین کے درمیان راہین

ہندوستان اور چین کے درمیان مین صرف دو راستے ہین جو سلسلہ ہمالیہ کے دونون کنارون پر واقع ہوے ہین۔ ایک شملہ سے ہوکر اور دوسرا درجیلنگ سے لیکن یہ دونون راستے نامام ہین اور ان سے آمد و رفت بہت کم ہے مسافر اور تجار کبھی کبھی اِس راستے سے نبت سے ہندوستان کو آتے ہین۔ اِن کے مال و اسباب کی چھوٹی چھوٹی گٹھریان بکریون یا مینڈھون کی پیٹھ پر لدی جاتی ہین۔ کیون کہ یہی جانور ہین جو ان دشوار گذار پگڈنڈیون سے عبور کر سکتے ہین۔ عموماً یہ پگڈنڈیان ندی نالون کے کنارے کنارے ہوا کرتی ہین لیکن خطہ ہمالیہ کے ندی نالے بھی ایسے نہین ہین جن پر سے انسان بآسانی گذر سکے۔ یہ اکثر گہرے درون کے اندر ہوا کرتے ہین اور ان کی گذرگاہین بالکل پتھریلی ہوتی ہین کبھی تو پانی کی آواز کسی عمیق قعر کے اندر سے بمشکل محسوس ہوتی ہے۔ اِن ندی نالون کو پار ہونے کے لیے کہین تو درختون کے تنے استعمال کیے جاتے ہین اور کہین رسّے اور پار ہونے کے ساتھ ہی پھر ایسی بلند ی چڑھنا پڑتا ہے جس کا محض خیال سر مین چکر پیدا کرتا ہے اس کے ساتھ بھی ہند کے ملک پر بارہا اقوام فاتح کے دھاوے ہوے ہین۔ قدیم الایام سے مغرب زمین کے کل بہادر اور بلند خیال سلاطین کی یہی تمنا رہی کہ اس ملک تک اپنے کو پہنچائین کیون کہ انہون نے کہانیون اور داستانون مین سُنا تھا کہ یہان جواہرات کی ندیان بہتی ہین اور یہان کی شادابی اور زرخیزی احاطہ خیال مین نہین آتی۔

اِس قطعہ کے دروازے

اِس قطر ی قطعہ مین جس کے اندر ہندوستان واقع ہوا ہے صرف شمال و مغرب

ہین ایک دھانہ ہے۔ جو دروازہ دریاے کابل ہے اور اسی راہ سے اسکندر اور منل اور اخافنہ اس ملک مین آئے ہین۔ بلاشک یہ وہی راستہ ہے جسے قدیم اقوام آریہ نے اختیار کیا تھا کیون کہ بجز اس کے کوئی اور راستہ ایسا نہین ہے جس سے فوج بہ آسانی آسکے۔ اِس ایک منفذ کے بعد سلسلہ سلیمان کے ذریعہ سے پہاڑون کا حلقہ پھر پورا ہو جاتا ہے۔ اگرچہ یہ حلقہ اس قدر مستحکم نہین ہے جیسا ہمالیہ کا سلسلہ لیکن تاہم روکنے کے لئے کافی ہے۔ اِس ایک راہ کے سوا جس کی حفاظت آج پیشاور کی چھاونی اور اٹک کے قلعہ کے ذریعہ سے کی گئی ہے شمال کی طرف جس قدر راہین ہین وہ قریبًا ناممکن العبور ہین۔ اسی طرح مشرق کی طرف بھی ہمالیہ کے حلقہ مین ایک بہت بڑا منفذ ہے جس کی راہ سے برہمپتر کی ندی اوتری ہے۔ زمانہ قدیم مین ممالک چین کی اقوام زرد رنگ اسی راہ سے ہندوستان مین آئی تھین۔ لیکن اس مین شک نہین کہ انھین بڑی مشکلات کا سامنا پڑا ہوگا۔ کیونکہ جہان تک ہم خیال کر سکتے ہین برہمپتر کی بلند گھاٹی جس کی تحقیقات اِس وقت تک پوری طرح نہین ہوئی ہے کثرت بارش کی وجہ سے ناقابل عبور کے لئے گویا بالکل مسدود ہے۔ اس خطہ مین بارش اس شدت اور کثرت سے ہوتی ہے کہ ہر جگہ عالم آب ہو جاتا ہے اور راستون کے علامات بالکل مٹ جاتے ہین۔ خشکیان دلدل بن جاتے ہین اور نباتات اس کثرت اور گنجانی سے پیدا ہوتے ہین کہ آدمی کا قدم آگے نہین بڑھ سکتا۔ نباتات کی وجہ سے ہوا مین سیت آجاتی ہے اور انہین فطرتی اسباب کا نتیجہ ہے کہ اس وقت دنیا مین کوئی خطہ نہین ہے جو سمندر سے اس قدر قریب ہو اور پھر اس کی نسبت اتنی کم اہمیت حاصل ہوئی ہو۔ برہمپتر کے بائین کنارے پر آسام کے پہاڑ ہین اور ندی خم کھاتی ہوئی کھاسی اور گارو کے پہاڑون مین سے نیچے اوترتی ہے یہ دونون پہاڑ اس سلسلہ کی اخیر کڑیان ہین جو ہندوستان کو شمال کی طرف سے گھیرے ہوئے ہے۔ اِن پہاڑون کی زنجیر مین جکڑا ہوا ہندوستان یعنی شمال ہند گنگا اور جمنا کی گھاٹیون کے بیچ مین ایک طرف تو آبنائے بنگالہ کی جانب اور دوسری طرف بحر عرب کی جانب بتدریج اوترتا آتا ہے یہ دونون ندیان اس کو دو حصون مین تقسیم کر دیتی ہین جو

ایک دوسرے سے بالکل علیحدہ ہین۔ جنوب مین آکر یہ فرق اور بھی تعین ہو جاتا ہے کیون کہ یہان کوہ ارولی کا سلسلہ جس مین آبو کا پہاڑ واقع ہوا ہے حد فاصل ہے۔

گنگا اور سندہ کی گھاٹیان | رود گنگ کی گھاٹی زرخیزی اور آبادی اور خوبصورتی مین دنیا کے بہترین خطون مین ہے۔ سندہ کی گھاٹی البتہ ایسی نہین بلکہ دیکھا جاے تو یہین ہندوستان کا ریگستان واقع ہوا ہے۔ ان دونون ندیون کے گذرگاہون کا فرق ان کی سمت کی وجہ سے ہے۔ گنگا کا بھاؤ سلسلہ ہمالیہ کے محاذی واقع ہوا ہے۔ برخلاف اس کے دریاے سندہ کا بھاؤ اس کے ساتھ زاویہ قائمہ بناتا ہے گنگا جیون جیون بہتی جاتی ہے ہر قدم پر اسے ہمالیہ سے مدد ملتی جاتی ہے اور ہر قدم پر اس مین چھوٹی چھوٹی ندیان اور شاخین جو برف کے پگھلنے سے پیدا ہوئی ہین آن ملتی ہین۔ جیون جیون ندی سمندر کی طرف بڑھتی جاتی ہے وہ وسیع تر خطون کو شاداب کرتی جاتی ہے۔ برخلاف اس کے سندہ جیون جیون اپنے منبع سے دور ہوتی جاتی ہے اس کی شاخین کم ہوتی جاتی ہین اور بہت سی ان مین سے ریتی مین جاکر تلف ہو جاتی ہین کیونکہ ان مین بہاؤ کی طاقت نہین رہتی۔ پنجاب کا ملک البتہ پانچ ندیون کی وجہ سے شاداب ہے لیکن تعجب یہ ندیان ایک مین مل جاتی ہین جو جنوب و مشرق کی طرف سمندر مین داخل ہوتی ہے اور اپنے بائین کنارے پر بڑے بڑے اور سرسبز آباد خطے چھوڑ جاتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی قدیم زمانہ مین اس حصہ پر سمندر کا پانی ایک بڑی خلیج کی شکل مین تھا۔ کیون کہ شمال ہند کے میدان اور وہ طبقات الارض جو ترائی ہمالیہ کے جنوبی پہلو پر واقع ہوے ہین سب جدید طبقات ہین۔ قدیم طبقات جن مین نائیس اور شسٹ کے پتھر ہین صرف وسط کے حصے مین پاے جاتے ہین۔ بڑی بڑی چوٹیون کے آس پاس زمین شور اور پانی کے ایسے علامات موجود ہین جن سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی زمانہ قدیم مین ان پہاڑی سلسلون پر سمندر موج زن رہا ہے اور اپنی نشانی چھوڑ گیا ہے۔

نمک کے پہاڑ | وہ چھوٹے چھوٹے پہاڑی سلسلے جو ہمالیہ سے ملے ہوے ملک پنجاب کے بلند حصون



(۲۱) کشمیر کا ایک منظر سندھ کی گھاٹی میں

مین واقع ہوے ہین فن جیالجی کے رو سے نہایت دلچسپ ہین - ان مین سے نمک کے پہاڑ ہین جن سے لاکھون من نمک نکلتا ہے - لیکن عجیب بات ان مین یہ ہے کہ یہان طبقات الارض کے قدیم سے قدیم اور جدید سے جدید طبقات بایک ہی مقام پر موجود ہین - سمندر کی موجون نے جو ان پہاڑون سے قدیم الایام مین ٹکرائی ہین اور بارش کے جھونکون نے جو ان کی چوٹیون سے آکر ڈٹے ہین ان کی عجیب ہیات بنادی ہے یعنی معلوم ہوتا ہے کہ یہ قلعون اور برجون کا سلسلہ ہے جو اس درجہ باقاعدہ ہین کہ گویا انسان کے ہاتھون سے بنے ہین - البتہ اس خطے مین پہاڑون کے اوپر زمانہ قدیم مین اکثر حفاظتی عمارتین اور قلعے بنے ہوئے تھے جن کے کھنڈر اس وقت تک موجود ہین - انھین دیکھ کر ہمین ملک فرانس کا زمانہ متوسط یاد آتا ہے جب کہ اسی قسم کے قلعے اور گڑھیان ہر جگہ موجود تھین ادنی بالواقع یہ مثال کچھ غلط نہین ہے کیون کہ پنجاب اور بندیل کھنڈ مین بھی ان قلعون سے غرض صرف یہ ہوتی تھی کہ یہ ملک کو غنیم سے محفوظ رکھین بلکہ ان کے ذریعہ سے اوس ظالمانہ اور شخصی حکومت کی بھی حفاظت ہوتی جو اس وقت اس ملک مین اُسی طرح موجود تھی جیسے فرانس مین نارمنون کی چڑھائی کے بعد -

بندیاچل رودگنگ کے مجرا کا جنوبی حصہ الوا اور بندیل کھنڈ مین آکر کسی قدر بلند ہوگیا ہے اور اس کے بعد بندیاچل کا سلسلہ شروع ہوا ہے - بندیاچل بھی ملک ہند کا حجاب حاجز ہے - یہ دو مختلف تمدنون دو مختلف آب وہواؤن اور زمینون اور اقوام کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرتا ہے اور ان کو میل جول سے محفوظ رکھتا ہے سندہ اور گنگا کے خطہ مین تو باہر کی اقوام فاتح یعنی اقوام آریہ غالب ہین لیکن دکن مین نربدا کی گہری خندق اور پہاڑون کی دوہری دیوارون نے قدیم باشندگان ملک یعنی اقوام ڈراوڈ کو خارجی تصرفات سے محفوظ رکھا ہے اور یہان یہ اقوام اپنے قدیم اعتقادات اور رسوم و عادات پر اس وقت تک بلا کسی میل جول اور آمیزش کے قایم ہین -

فصل سوم - دکن

دکن کی تقسیم سواحل اور مشرقی و مغربی گھاٹ

کسی قدیم زمانہ مین دکن کا خطہ گویا ایک جزیرہ تھا کیون کہ سندھ و گنگا کی گھاٹیون کا معتد بہ حصہ سمندر کے نیچے تھا۔ اُس وقت سمندر کی موجین اُن پہاڑون سے موج زن تھین جو دکن کو حلقہ کی طرح گھیرے ہوے تھے۔ سمندر تو ہٹ گیا لیکن ان پہاڑون کے دامن مین ایک لمبا ساحل چھوڑ گیا اور قدیم اصلی زمین اس ساحل سے تیرہ سو فیٹ سے دو ہزار فیٹ تک بلند رہ گئی پس گویا دکن کے دو حصے ہین جن کی ظاہری صورت اور پیداوار اور باشندون مین تین فرق ہے۔ ان مین پہلا حصہ پست سواحل کا ہے جس مین شمالی کوکن جنوبی کوکن اور ساحل ملابار بحر عرب کے کنارے واقع ہوے ہین اور سواحل کارومیانڈل اور سرکار کا خطہ اور اوڑیسہ خلیج بنگالہ پر۔ دوسرا حصہ دکن کا ایک عظیم الشان پہاڑی ملک ہے جس کا اوتار مغرب سے مشرق کی طرف ہے اس کے ایک طرف ساپتورا کا پہاڑی سلسلہ ہے اور دو طرف گھاٹ ہین جو اس پہاڑی حصہ اور سواحل کے بیچ مین حد فاصل ہین۔ دو پہاڑی سلسلے جو دکن اور سمندر کے درمیان مین واقع ہوے ہین مغربی اور مشرقی گھاٹ کے نام سے مشہور ہین۔ ان مین سے مشرقی گھاٹ زیادہ بلند نہین ہین اور ساحل مین آکر مل جاتے ہین۔ ان گھاٹون مین کئی منفذ ہین جن کی راہ سے ندیان نکلی ہین جو اوتار کی طرف بہتی ہوئی خلیج بنگالہ مین داخل ہوتی ہین۔ مغربی گھاٹ بہت زیادہ مسلسل ہین اور ساحل کے متوازی جنوب تک چلے گئے ہین۔ اگرچہ یہ گھاٹ مانسون کی بارش اور طوفان کے لیے ایک مضبوط اور مسلسل دیوار کی حیثیت رکھتے ہین لیکن اگر ہم ان پر دکن کی پہاڑی سطح کی جانب سے نظر ڈالین تو یہ بہت شاندار نہین معلوم ہوتے اور ساحل کے قریب آکر تو ان کی بلندی سات آٹھ سو فیٹ سے زیادہ نہین رہتی۔ فی الواقع یہ قدیم ساحل پہاڑ ہین اور اس وقت تک ان کی یہ حیثیت قایم رہی ہے۔ جہان کہین ساحل پتلا ہو گیا ہے یہ بالکل سمندر کی موجون تک پہنچ گئے ہین۔ ان ساحلی پہاڑون اور بلند سطح زمین کے بیچ مین جا بجا درے واقع ہوے ہین جو کم و بیش

دشوار گذار ہین۔ اِن مین سے مشہور درہ بھور گھاٹ کا ہے جن کو کلید دکن کا نام دیا گیا ہے جنوب کی طرف مغربی گھاٹ دفعۃً ایک بلندی پیدا کرتے ہین۔ جس مین نیلگیری کا مشہور پہاڑ ہے جو اپنی آب وہوا اور خوش منظری کے لحاظ سے دکن کا سوئزرلینڈ کہلاتا ہے۔ نیلگیری کے جنوب مین پال گھاٹ کا درہ واقع ہوا ہے اور یہان گویا گھاٹ کا سلسلہ ختم ہوجاتا ہے اگرچہ یہ دوسرے نامون سے کیپ کامرن تک منتہی ہوتا ہے جہان شگاف ہے جو مغربی اور شرقی گھاٹون کے درمیان مین راستہ پیدا کرتا ہے اور اس وقت اس شگاف مین ہوکر ایک ریلوے گزری ہے جو مدراس اور کیالی کٹ کو ملاتی ہے۔ جس وقت شمالی و مشرقی مانسون خلیج بنگالہ کو زیر و بالا کرتی ہے یہ گھاٹ طوفان کی شدت کو روکتے ہین اور جہاز آرام سے بحر عرب مین روان ہوتے ہین۔ لیکن جب جہاز پالگھاٹ کے شگاف کے مقابل پہنچتے ہین تو روک نہونے کی وجہ سے یہان سمندر مین سخت تلاطم پایا جاتا ہے۔ اصل یہ ہے کہ ہوا کو منفذ مل جانے کی وجہ سے وہ سارے شگاف کو طے کرتی ہوئی جزیرہ نما کے دوسری جانب پہنچ جاتی ہے اور سمندر مین تلاطم پیدا کرتی ہے۔ دکن کے ساحل کی بابت یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ تھوڑا زمانہ ہوا سمندر کے تصرف سے چھوٹ کر خشکی مین آیا ہے۔ بالفعل زمین کا بلند ہونا موقوف ہوگیا ہے بلکہ بعض مقامات پر اس کا عکس نظر آرہا ہے یعنی زمین دستی جاتی ہے مثلاً بمبئی سے بہت قریب ایک مقام پر زمین دھس جانے کی وجہ سے ایک بڑا جنگل جو سال ہا سے دراز سے زمین کے اندر چھپا ہوا تھا اوپر کو آگیا ہے۔ اسی طرح گنگا کے دہانے کے قریب کا خطہ جس کو سندربن کہتے ہین اور جس پر کلکتہ کا شہر ہے بتدریج دھس رہا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک دن اوترتے اوترتے ایک ایسے قعر مین پہنچ جاے گا جو سمندر کے اندر ہے۔ اس قعر کے کنارے تو بآسانی محسوس ہوتے ہین لیکن اس کی تھاہ نہین ملتی۔ پس سمجھنا چاہیے کہ زمین بتدریج اس خطرناک قعر کی طرف جھکی جارہی ہے۔

دکن کا پہاڑی حصہ دکن کی پہاڑی سطح ایک پرانی زمین ہے جس مین کسی زمانہ مین بے انتہا آتش فشان پہاڑ تھے۔ ان پہاڑون سے جو پگھلتا ہوا مادہ نکلا اور جس کو اصطلاح مین لاوا کہتے ہین اس نے ساری زمین کو

چھپا دیا۔ اگر اس ملک میں بارش کی کثرت نہ ہوتی اور اس نے پتھروں کو گھلا کر بہا دیا ہوتا تو اس تہ بہ تہ زمین میں ہرگز کسی قسم کی قوت نہ ہوتی۔ لیکن سال بہ سال دازکے موسم بارش کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ یہاں کوسوں تک اور سر بہاڑی زمین ہے وہاں جا بجا وسیع گھاٹیاں بھی ہیں جن میں پانی کی کثرت اور گرمی کی حدت سے ایسی زوردار زراعت ہوتی ہے کہ بایدوشاید۔ اس دوہری پہاڑی دیوار کی بدولت جو اس ملک کے شمال میں واقع ہوئی ہے اور نیز زمبا اور سون کی گہری گھاٹیوں کے بدولت دکن اقوام فاتح کے متواتر دھاوؤں سے محفوظ رہا ہے اور اسی وجہ سے قدیم باشندگان ملک یعنی اقوام ڈراویڈکا وجود ہندیا چل کے جنوب ہی میں پایا جاتا ہے۔ گویا یہاں فطرت نے اثر خارجی کے روکنے کا پورا انتظام کر دیا تھا۔

کیپ کامرن اور سیلون اور جزایر لاکھ دیو و مالدیو

ہند کا اخیر نقطہ کیپ کامرن ہے اور اس سے ملا ہوا سیلون کا جزیرہ ہے۔ اگرچہ اس جزیرہ کے حالات یا تاریخ کا بیان کرنا ہماری تصنیف کے اغراض سے خارج ہے لیکن صرف جغرافیہ ہند کی تکمیل کے لحاظ سے ہم بر سبیل اختصار سیلون اور دوسرے قرب وجوار کے جزایر کا ذکر اس مقام پر کرتے ہیں۔ جزیرہ سیلون جو رقبہ میں فرانس کے دس بارہ اضلاع کے برابر ہے ہند کے براعظم سے بالکل علیحدہ نہیں ہے۔ ایک سلسلہ چھوٹے چھوٹے جزایر کا جن میں رامیشورم اور منار کسی قدر بڑے ہیں اس کو اُس مقام تک پہنچا دیتا ہے جو براعظم سے بالکل ملا ہوا ہے۔ ان جزایر کے درمیان میں پہاڑیاں اور چر واقع ہوئے ہیں جن پر بمشکل دو چار فیٹ پانی رہتا ہے اور ان کو بحیثیت مجموعی راما کا پل کہتے ہیں اس فطرتی پل میں تین منفذ ہیں جن میں سے ایک اتنا چوڑا ہے کہ چھوٹے جہاز اس میں سے عبور کر سکتے ہیں۔ راما کے پل کے شمال اور جنوب میں دو خلیج واقع ہوئے ہیں جن میں سے ایک کا پانی بالکل ساکن کی حالت میں ہے اور یہاں مانسون کے زمانہ میں جہاز پناہ لیتے ہیں۔ جزیرہ سیلون کے دو حصے ہیں شمالی حصہ میں جو مسطح ہے نہایت گنجان جنگل ہیں اور جنوبی حصہ پہاڑی ہے سب سے اونچی چوٹی حضرت آدم کے نام سے مشہور ہے اس کی بلندی تقریباً ۷۲۰۰ فیٹ ہے اور اس پر وہ پیر کا نشان ہے جو بدھ کی طرف سے منسوب کیا جاتا ہے۔ ہند کے جنوب اور مشرق کی طرف دس بارہ جزیرے ہیں جو جزایر لکادیو اور مالدیو


تبت
ہمالیہ
خلیج
ڈومن
خلیج
بنگال
نقشہ ہندوستان
مرتبہ
ڈاکٹر گستاؤلی بان

کہلاتے ہین۔ اِن جزائر کی ساخت بہت عجیب ہے اور اس کے متعلق انگلستان کے مشہور علم طبیعات ڈاروِن کی راے یہ ہے کہ یہ ایک مسلسل پہاڑی سلسلے کی چوٹیان ہین جو پانی کے اوپر رہ گئی ہین اور باقی حصہ تہ آب ہوگیا ہے یہ وہ جزائر ہین جن کو مونگے کے کیڑون نے بنایا ہے اور اِن کی شکل ایک مدور حلقہ کی ہے جس کے اندر جھیل ہے۔ کل جزائر اسی شکل کے ہین اور اِن کی مجموعی ہیئات بھی دائرہ نما ہے۔

فصل چہارم۔ ہندوستان کی بڑی ندیون کے مجرا

ہندوستان کی ندیان مصنوعی ذرایع آبپاشی

اگرچہ ملک ہندوستان کے ممالک مین سب سے زیادہ شاداب ہے لیکن وہ پانی جو اس کی سطح پر روان ہوتا ہے ہرگز اس کے تمام حصون کی آب رسانی کے لئے کافی نہین ہے۔ نہ صرف ندیون کی تقسیم نامساوی طور پر واقع ہوئی بلکہ جو پانی اِن مین مختلف موسمون مین جمع ہوتا ہے وہ بھی ایک حالت پر نہین رہتا۔ ایک بڑی گہری ندی جو بارش کے زمانہ مین زور شور سے جلتی ہے گرمیون مین بالکل تہی اور پایاب ہوجاتی ہے اور ہر گرتا اپنے مجرا کے زمینون کی آب رسانی نہین کرسکتی علاوہ برین ہند کی ندیان اپنے مجرا کو بدلتی رہتی ہین اور وہ شادابی جو ان کے ذریعہ سے حاصل ہوتی ہے ایک جگہہ سے دوسری جگہہ منتقل ہوتی رہتی ہے جس مقام سے ندی ہٹ گئی وہ بالکل خشک اور اوسر ہوجاتا ہے۔ گاؤن کے گاؤن بے چراغ اور ویران ہوجاتے ہین اور اِن کے باشندے جو قوق اِن مقامات پر جا بسے ہین جہان ندی نے نیا مجرا قایم کیا ہے پانی کی قلت سے بچنے اور ندیون کے چڑھاو اتار اور اِن کی اٹکھیلیون سے محفوظ رہنے کے لئے قدیم الایام سے ہندؤن نے مصنوعی ذرایع آبپاشی کی طرف توجہ کی۔ ندیون کے آر پار بڑے بڑے پشتون کا تعمیر کرنا اور پانی کو روک کر نہرون یا وسیع حوضون مین لے جانا یا یہ کہ آب روان کو روک کر بڑے بڑے تالاب بنانا یہ وہ ذرایع ہین جو قدیم زمانہ سے ہند

فصل دوم مسلمانوں کا تمدن ہند میں - ہندوستان میں خالص اسلامی یا عربی تمدن نہیں آیا مسلمان بادشاہ علوم و فنون کے بڑے قدردان تھے مغلیہ سلطنت مغل بادشاہ خود مختار رہتے تھے سلاطین مغلیہ کا دربار شان و شوکت - انتظام ڈاک و راستے - راستوں کی حفاظت - مغلیہ فوج مغلیہ حرم مغل سلاطین علوم و فنون کے بڑے سرپرست و قدردان تھے - .. ۳۱۲ تا ۳۲۳

کتاب پنجم

باب اوّل - ہند کی السنہ و ادب

فصل اوّل - ہند کے قدیم لٹریچر کی قیمت - ہندو لٹریچر بمقابلہ یونان و روم کے نہایت ادنیٰ ہے .. - ۳۲۴

فصل دوم - بھجن اور مذہبی نظم - - - - - - - - - - - - ۳۲۶

فصل سوم - دونوں مشہور رزمی نظمیں - مہابھارت اور اسکا قصہ - رامائن - - - - - - - ۳۲۸ تا ۳۳۳

فصل چہارم - قصص و حکایات و امثال - پنچتنتر - ہتوپدیش - - - - - - - - - ۳۳۴

فصل پنجم - ہندو ڈرامک - ہندوؤں میں ناٹکوں کی تعلیم یورپی ناٹکوں سے بہتر شکنتلا - - - - ۳۳۶ تا ۳۳۸

فصل ششم - متفرق تصنیفات - پران - اُپنشد - - - - - - - - - - - ۳۳۹

فصل ہفتم - ہندوستان کی زبانیں - ہند کی زبانوں کی تقسیم - سنسکرت کا درجہ - ہندوستانی یا اردو زبان کا درجہ سب سے اول ہے - اسکی ابتدا - دراوڑی زبانیں - تبتی زبانیں ہندوستان میں نسل و زبان کا اختلاف و اتحاد و کلام نیچر - - - - - - - - - - - - ۳۴۰ تا ۳۴۴

باب دوم - ہند کی عمارات - ہند کی عمارات کی بنا و نمونی - اختلاف عمارات ۳۴۳

فصل اوّل - ہند کی عمارات کی تقسیم - ہند کی قدیم سے قدیم عمارت تیسری صدی قبل مسیح سے اوپر نہیں جاتی -

	صفحہ
بُدھ مذہب کی تعمیر کی خصوصیتیں بدھ اور جینی طرز تعمیر کی خصوصیتیں ہندوستانی قدیم پتھر کا مطلق استعمال نہیں کیا	۳۴۹ تا ۳۵۰
ہندوستان کے عمارات کی عام تقسیم	
(۱) بُدھ مذہب کی عمارات - (پانچویں صدی قبل مسیح سے لیکر آٹھویں صدی تک)	۳۵۱
(۲) شمالی ہند کی جدید برہمنی زمانہ کی عمارات - (پانچویں صدی عیسوی سے دسویں صدی عیسوی تک	۳۵۲
(۳) جنوبی ہند کی عمارتیں (چھٹی صدی عیسوی سے اٹھارہویں صدی عیسوی تک)	۳۵۲
(۴) ہندی اسلامی عمارت (بارہویں صدی عیسوی سے اٹھارویں صدی عیسوی تک)	۳۵۳
(۵) ہندی قبتی عمارت (بارہویں صدی عیسوی سے موجودہ زمانہ تک)	۳۵۳
فصل دوم ہندوستانکی عمارات بدھ زمانہ مین (پانچویں صدی قبل مسیح سے لیکر آٹھویں صدی عیسوی تک) لاٹین اور ستون - چاٹون مین ترشے ہوے مندر - اجنٹا کے غار -	
استوپا یا گول مینار کا ٹوپ	۳۵۴ تا ۳۵۸
وہ عالی شان بُدھ مندر جو زمین پر بنے ہوئے ہین	۳۵۹
شمال و غرب ہند کی یونانی ہند عمارتین	۳۶۱
ہند اپنے فاتحین سے بہت کم متاثر ہوا	۳۶۲
فصل سوم نئے برہمنی زمانہ کی عمارت (پانچویں صدی عیسوی سے اٹھارہویں صدی عیسوی تک	۳۶۴
اُڑیسہ کی عمارات - اہرام نما شکل کے مندر	"
راجپوتانہ کی عمارت، راجپوتانہ خاص اثرات سے بہت ہی کم متاثر ہوا - کجھوراہو کے مندر -	
آبو کے مندر گویا ایک رکی یادگارین	۳۶۷ تا ۳۷۲

صفحہ

گجرات کی عمارات - احمد آباد - احمد آباد کی اسلامی عمارات جنمیں ہندو طرز سے مخلوط ہین ۔ ۔ ۔ ۳۶۳

وسط ہند کی عمارات - مالیوہ کے مندر ۔ ۔ ۔ ۳۷۵

دکن کی عمارات - دکن کے گھوڑے - سریرنگم کا مندر - بیجانگر کے مندر ۔ ۔ ۳۷۹ تا ۳۸۳

فصل پنجم - اسلامی زمانہ کی عمارات - ہند کی اسلامی عمارات ہند و عرب ایرانی طرز سے مخلوط ہین - مغلیہ طرز تعمیر ۔ ۔ ۳۸۴ تا ۳۸۷

فصل ششم - ہندو و جینی عمارات - پنجاب کی عمارتین ۔ ۔ ۳۸۸

فصل ہفتم - زمانہ حال کی ہندی عمارات - زمانہ حال مین ہندی فن تعمیر مین بہت انحطاط ہوگیا ہے ۔ ۔ ۳۹۱

باب سوم - علوم و فنون

فصل اوّل - ہندی علوم - ہندون نے علوم و فنون مین بمقابلہ عربونکے کچھ اضافہ نہین کیا - فنون مین البتہ ہندون نے ترقی کی - ہندون کی اصلی قابلیت کا اندازہ انکی صنعت کی ترقی کی بنا پر کرنا چاہیے ۔ ۳۹۴ تا ۳۹۷

فصل دوم - ہندو فنون و صنایع - ہندو نکا صنعتی مادہ نہایت اعلی ہے ۔ ۔ ۳۹۸

تصاویر اور سنگ تراشی ۔ ۔ ۴۰۰

رنگین تصاویر ۔ ۔ ۴۰۲

حرفتی فنون - لکڑی اور فلزات کا کام - جواہرات کی صنعتین - صناعی مین ہند بہت اعلی ہین - ہند ظرفی صناعی مین بڑے کاریگر ہین - دانت پہ پچی کاری کا کام ہند کی اعلی صنعت ہے - فولادی ہتیار شمشیر و قاطین - ہندونکا تخیلہ قوی مگر عقل کمزور ۔ ۴۰۳ تا ۴۰۶

صفحہ

کتاب ششم

موجودہ ہند۔ اعتقادات۔ نظامات۔ رسوم وعادات

باب اوّل۔ ہندوؤں کی دماغی حالت۔ ہندو کے دماغی خصایص کا پتہ انکی کتب اور بے۔ پنچ تنتر و ہوپدیش ۴۰۷

اوّل قسمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۰

فصل دوم۔ انسانی جبلت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۱

فصل سوم۔ زندگی۔ بڑھاپا۔ موت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۴

فصل چہارم۔ انسانی افعال کے محرکات ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۴

فصل پانچوین۔ عورتون کے بیان مین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۵

فصل چھٹی۔ علم وجہل کے بیان مین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۷

فصل ساتوین۔ تمول اور افلاس کے بیان مین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱۹

فصل آٹھوین۔ زندگی کے ہر موقع کے مناسب چال چلن کے بیان مین۔

بدظنی و گردبینی۔ ملائمت و صبر۔ تالیف قلوبی۔ صاف باطنی و ریاکاری۔ ہمت و

ثابت قدمی۔ غصہ۔ عقابت کا اثر۔ آپس کے تعلقات احتیاط سے اختیار کرنے

اور ان تعلقات کے نتایج ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۲۴ تا ۴۲۹

فصل نوین۔ سیاست مدن کے بیان مین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳۰

فصل دہم۔ وہ فرق جو ہندوؤن اور یورپی کتابون کے مقولون مین ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳۳

باب دوم۔ ہندوستان کے موجودہ مذاہب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳۵

فصل اوّل۔ ہندو تثلیث ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳۶

صفحہ

فصل دوم۔ شیو کی پرستش ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳۸

فصل سوم۔ وشنو کی پرستش ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۴۰

فصل چہارم۔ ہندو مذاہب کی بے انتہا قسمیں اور اُنکے وقتی تغیرات ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۴۳

فصل پنجم۔ ہندو پرستش کی ظاہری چیزیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۴۷

فصل ششم۔ جین مذہب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۴۹

فصل ہفتم۔ ہند کے مذاہب کے تمام اصول ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۵۲

فصل ہشتم۔ ہند کا اسلام ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۵۳

فصل نہم۔ ہندون مین مذہب کا اثر اخلاق پر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۵۶

باب سوم۔ نظامات رسوم و عادات

فصل اوّل۔ گاؤن اور ملکیت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۶۱

فصل دوم۔ ہندو خاندان عورتون کی حالت ہندمین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۶۸

فصل سوم۔ ذات ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۷۲

فصل چہارم۔ قانون ورسم ورواج ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۸۱

فصل پنجم۔ ہند کے کاشتکار ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۸۵

فصل ششم۔ ہند کے اہل حرفہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۸۶

فصل ہفتم۔ ہنود کی اندرونی و بیرونی زندگی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۸۸

صفحہ

باب چہارم

ہند کی اصلی حکومت - انگریزی انتظام کے اصول اور اُس کے نتائج .. ۴۹۵ تا ۵۱۰

فصل اوّل - انگریزی انتظام - سول سروس - ماتحت دیسی عملہ - انگریزی انتظام کا ایک اصول انگریزی انتظام کے نتائج - ہندوستان کی آبادی - فوج کی تعداد - محاصل - مخارج - تعمیرات - ریوے - تجارت - ہند کی سیاحت کے فائدے - ہندوستان کے بعض مشکل مسائل - آبادی شدت سے بڑھنے کا خطرہ - دیسی ریاستیں .. .. ۴۹۵ تا ۵۱۰

فصل دوم - ہندوستان مین انگریزی تعلیم - ہندوستان مین انگریزی تعلیم جاری کرنیکے اسباب اور اس کے نتائج - جدید تعلیم مین مشغول لوگون کے دماغی حالت کی رعایت نہین رکھی گئی - بابو کی دماغی حالت - اخلاقی نتائج - بابون کے ساتھ انگریزون کا برتاؤ - بابو و پرانے عزز کے پندت کا مقابلہ - انگریزی انتظام بلا بابو کے نہین چل سکتا - پروفیسر ایڈورڈ لیمین کی رائے سر الفرڈ لائل کی رائے - انگریزی حکما سیاست کی غلطی تعلیم کے متعلق خطرہ بابو حاکم بننے کیلئے صرف امتحان پاس کرلینا کافی نہین ہے - لارڈ رپن کی غلطی .. .. .. ۵۱۱ تا ۵۲۲

فصل سوم - ہندوستان کا جنگی مستقبل - ہندوستان کی قسمت مین دائمی غلامی - ہندوستان پر آنے والا خطر .. .. ۵۲۳ و ۵۲۴

فصل چہارم - ہندوستان کا اقتصادی مستقبل - قانون قدرت - قوی ضعیف کو کھا جاتا ہے اقتصادی حملہ کا خطرہ مشرق کی طرف سے - .. .. ۵۲۵ سے ۵۳۱

فہرست تصاویر و نقشہ جات

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
		قسم اوّل - تصاویر اقوام مختلفہ	
۱	۰	شبیہہ شمس العلما مولانا سید علی بلگرامی	۱
۲	۱۹	آسام کی ناگ قوم کا سردار	۶۹
۳	۱۲	آسام کی پہاڑی عورتیں	۷۶
۴	۱۳	کشمیر کے سپاہی	۷۸
۵	۱۴	شبیہہ تیمور بادشاہ	۸۲
۶	۱۷	شبیہہ عادل شاہ بادشاہ بیجاپور	۸۵
۷	۱۸	شبیہہ فرخ سیر بادشاہ	۸۶
۸	۱۵	شبیہہ ابوالحسن تانا شاہ بادشاہ گولکنڈہ	۸۷
۹	۲۰	مغلیہ زمانہ کی حرم شاہی کی ایک خاتون	۸۸
۱۰	۲۱	راجپوت سپاہی	۹۸
۱۱	۲۱	اودے پور کے ایک پنڈت	۹۹
۱۲	۲۳	راجپوتانہ کے نیم وحشی	۱۰۰
۱۳	۲۴	حیدرآباد دکن کے عرب انسر	۱۰۲
۱۴	۲۵	علاقہ مدراس کے تیر تھی ہندو	۱۰۴
۱۵	۲۶	نیلگری کا ٹوڈا	۱۱۲

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۱۷	۲۹	گجراتی مسلمان	۱۱۷
۱۸	۳۰	چھوٹے ناگپور کے وحشی	۱۲۶
		قسم دوم۔ تصاویر مناظر و مقامات	
۱۹	۱	غربی ہمالیہ کا ایک گانون	۵
۲۰	۲۱	کشمیر کا ایک منظر سندہ کی گھاٹی	۸
۲۱	۳	سنگ مرمر کے پہاڑ جبل پور کے قریب نربدا کی گھاٹی مین	۲۰
۲۲	منسلکہ ۱	مہوپہ کا مصنوعی غار	۲۸
۲۳	۵	سری نگر کشمیر	۳۶
۲۴	۶	پوکھر کا تالاب اجمیر شریف کے قریب	۴۱
۲۵	۷	برہت کی ایک بنسمورت جسمین دوسری صدی قبل مسیح کے مندر دکھائی گئے ہین	۶۷
۲۶	۳۲	ایجنٹہ کے زیر زمین مندرون کا عام منظر	۱۴۲
۲۷	۳۶	سانچی کے ٹوپ کا عام منظر	۱۵۸
۲۸	۴۱	اودے گری نایت قدیم بنت کاری جسمین شکار کی تصویر دکھائی گئی ہے	۱۹۲
۲۹	۴۸	کوہ آبو۔ جین مندرون کا عام منظر	۲۳۵
۳۰	۶۴	اندر کے مندر کا منظر غار ہاے ایلورہ	۲۹۰
۳۱	۷۱	تنجور مخروطی مندر کا منظر	۳۲۷
۳۲	۸۷	شہر چتاپلی و قلعہ کا منظر	۳۶۰
۳۳	۱۳۴	بنارس کے ایک جدید طرز کے مندر کا سامنا	۴۶۸

نشان سلسلہ	نشان تصویر	—	مقابل صفحہ
		قسم سوم۔ وہ تصاویر جو سوم و اوضاع سے متعلق ہیں	
۳۴	✣	شاہ جہان کا دربار " " " " " " " "	۸۴
۳۵	۲۵	برہت کی ایک عمارت کی آرائش دوسری صدی قبل مسیح " "	۱۵۷
۳۶	۳۴	ایجنٹہ کے ایک مندر کی اندرونی آرائش " " " " "	۱۵۱
		قسم چہارم۔ عمارات کی تصویریں	
		منادر اور موتین اور ان کی صناعی	
۳۷	۸	برہت کی بنست موتین دو سال قبل مسیح کے ہندو " " " "	۶۸
۳۸	۹	برہت کی بنست موتین " " " " " " " "	۶۹
۳۹	۱۰	برہت کی موتین " " " " " " " "	۶۹
۴۰	۳۱	کارلی کے زیر زمین مندر کا رکاؤ " " " " " "	۱۳۸
۴۱	۳۳	ایجنٹہ کا ایک مندر ستون کی تفصیل " " " " "	۱۴۳
۴۲	۳۹	بنارس کا مندر " " " " " " " "	۱۷۴
۴۳	۴۰	بدھ کی موت حوالیہ پشاور " " " " " " "	۱۸۶
۴۴	۴۲	بھنومیشور پسورا میشور کا مندر " " " " "	۱۹۴
۴۵	۴۳	بھنومیشور بھگوتی کے مندر کا ایک گوشہ " " " " "	۱۹۹
۴۶	۴۴	جگناتھ کے بڑے مندر کا دروازہ " " " " "	۲۰۳
۴۷	۴۵	کھجوراہو شو کا مندر " " " " " " "	۲۱۲
۴۸	۴۶	کھجوراہو شو کا مندر دسویں صدی عیسوی " " " "	۲۱۴

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۴۹	۴۷	کھجوراہا لکشمی جی کا مندر	۲۲۴
۵۰	۴۹	کوہ آبو در پہاڑ نیپال کا مندر	۲۴۰
۵۱	۵۰	گوالیار ساس بہو کا مندر	۲۴۷
۵۲	۵۲	نگدا ٹنکا کا مندر	۲۵۶
۵۳	۵۳	سدسوا ر۱ - مندر کے کھنڈر - امکارگی	۲۶۲
۵۴	۵۴	گوبند یو کا مندر بندرابن	۲۶۳
۵۵	۶۵	کیلاش کا مندر	۱۹۵
۵۶	۶۶	کیلاش کے مندر کے بت	۳۰۰
۵۷	۶۷	غار الفنٹا کے مندر کے ستون جو پہاڑ میں ترشے ہوے ہیں	۳۰۵
۵۸	۶۸	باداجی کا ایک پرانا مندر	۳۱۶
۵۹	۶۹	باداجی کے مندر کا اندرونی حصہ دستون	۳۱۷
۶۰	۷۰	تنجور کے مندر کی صناعی کی تفصیل	۳۲۶
۶۱	۷۲	چلادارم کا مندر	۳۲۸
۶۲	۷۳	چلادم کے مندر کے ستون	۳۳۰
۶۳	۷۴	تریچی کے مندر کے ستون و صحن	۳۳۱
۶۴	۷۵	تریچی کے مندر کا مقدس حوض	۳۳۲
۶۵	۷۶	کونجی روم کا مندر	۳۳۳
۶۶	۷۷	بیجانگر کا مندر	۳۳۴

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۶۷	۷۸	ولوبا کا مندر ہیجانگر	۳۳۶
۶۸	۸۶	کمبھہ کونم کا مندر	۳۶۶
۶۹	۸۸	ہلا بید میسور کا مندر	۳۷۲
		اودے پور کی عمارت	
۷۰	۵۵	اودے پور کے مہاراناکا محل	۲۶۹
۷۱	۵۶	اودے پور کے جیمل مہاراجہ کا محل	۲۷۲
۷۲	۵۷	رانایان اودے پور کا مقبرہ	۲۷۵
		احمد آباد کی عمارات	
۷۳	۵۸	احمد آباد کی مسجد اعظم	۲۷۵
۷۴	۵۹	محافظ خان کی مسجد احمد آباد	۲۷۶
۷۵	۶۰	مسجد محافظ خان کی سنگ مرمر کا محراب	۲۸۰
۷۶	۶۱	رانی پری کی مسجد احمد آباد	۲۸۴
۷۷	۶۲	احمد آباد کی مسجد کی ایک مینار	۲۸۶
۷۸	۶۳	احمد آباد کی ایک پرانی مسجد مین پتھر کی جالی (صناعی)	۲۸۸
		مڈورا کی عمارات	
۷۸	۷۹	مڈورا کے مندر کا پھاٹک	۳۴۱
۷۹	۸۰	مڈورا کے مندر کا اندرونی منظر مع حوض	۳۴۴
۸۰	۸۱	مڈورا کے ایک مندر کا منظر	۳۴۶

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۸۱	۸۲	مڈورا کے بڑے مندر کا اندرونی حصہ	۳۴۹
۸۲	۸۳	مڈورا کا پکوڈا معہ مقدس تالاب	۳۵۵
۸۳	۸۴	ٹڈومل نائک محل کا اندرونی حصہ مڈورا	۳۵۶
		دہلی کی عمارات	
۸۴		دہلی کی جامع مسجد کا منظر	جلد پر
۸۵	۸۹	پرانی دہلی کا منظر و قطب مینار	۳۷۴
۸۶	۹۰	قطب مینار کی صناعی	۳۷۶
۸۷	۹۱	مسجد قطب کی محراب و ستون	۳۷۸
۸۸	۹۲	مسجد قطب کے ستون	۳۷۹
۸۹	۹۳	علاؤ الدین کا پھاٹک	۳۸۲
۹۰	۱۱۵	ہمایون کا مقبرہ دہلی	۴۳۷
۹۱	۱۱۶	دہلی کے قلعہ کا دروازہ	۴۳۸
۹۲	۱۱۸	سنگ مرمر کی گلکاری کا نمونہ	۴۴۰
۹۳	۱۱۹	جامع مسجد دہلی	۴۴۲
۹۴	۱۲۰	صفدر جنگ کی قبر	۴۴۵
		آگرہ اور حوالی آگرہ کی عمارات	
۹۵	۹۸	لال محل کا پھاٹک آگرہ کے قلعہ میں	۴۰۰
۹۶	۹۹	رنگ محل آگرہ کا ایک ستون	۴۰۲

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۹۷	۱۰۰	سنگ مرمر کے مغلیہ محل واقع اندرون قلعہ آگرہ	۴۰۴
۹۸	۱۰۱	موتی مسجد آگرہ	۴۰۶
۹۹	۱۰۲	اعتماد الدولہ مقبرہ کا منظر	۴۰۸
۱۰۰	۱۰۳	اعتماد الدولہ کے مقبرہ کی صناعی	۴۱۰
۱۰۱	۱۰۴	تاج محل آگرہ کا منظر	۴۱۲
۱۰۲	۱۰۵	تاج محل آگرہ کا بالائی حصہ	۴۱۴
۱۰۳	۱۰۶	تاج محل کا باغ و فوارے	۴۱۶
۱۰۴	۱۰۷	تاج محل کے تخت زمین شاہجہان اور ممتاز محل کی قبریں اور انکی صناعی	۴۱۸
۱۰۵	۱۰۸	اکبر کا مقبرہ سکندرہ میں	۴۲۰
۱۰۶	۱۰۹	اکبر کی قبر کا منظر	۴۲۲
۱۰۷	۱۱۰	فتحپور سیکری کی بڑی مسجد کا پھاٹک	۴۲۴
۱۰۸	۱۱۱	محل واقع فتحپور سیکری	۴۲۶
۱۰۹	۱۱۲	فتحپور سیکری کے نیچے کا اندرونی حصہ	۴۳۰
۱۱۰	۱۱۳	خاص محل فتحپوری سیکری	۴۳۰
۱۱۱	۱۱۴	فتحپور سیکری کے مقبرہ کا دروازہ	۴۳۴
		نیپال کی عمارات	
۱۱۲	۱۲۴	نیپال کا بڑا مندر بدانت	۴۴۸
۱۱۳	۱۲۵	نیپال کا سنگی مندر قصر شاہی کے سامنے	۴۴۹

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۱۱۴	۱۲۶	شاہی محل نیپال کا دروازہ اور صناعی	۴۵۰
۱۱۵	۱۲۷	نیپال کے محل کا ایک ستون	۴۵۲
۱۱۶	۱۲۸	بہت گانون نیپال کا شاہی مقام	۴۵۴
۱۱۷	۱۲۹	بہت گاؤن نیپال شاہی محل کے سامنے کا ایک حصہ	۴۵۶
۱۱۸	۱۳۰	بہت گاؤن نیپال شاہی محل کا پھاٹک	۴۵۸
۱۱۹	۱۳۱	کٹ منڈو۔ نیپال اسلامی طرز کا مندر	۴۶۲
۱۲۰	۱۳۲	پشپتی نیپال شہر کا منظر	۴۶۴
		تصاویر عمارات مختلفہ	
۱۲۱	۳۷	سانچی کے ٹوپ کا ایک پھاٹک	۱۶۲
۱۲۲	۳۸	سانچی شمالی پھاٹک کی سنگتراشی اور منبت کاری	۱۷۲
۱۲۳	۵۱	چتوڑ۔ فتح کا برج۔ پندرھویں صدی	۲۵۲
۱۲۴	۸۷	رامیشرم کے پگوڈا کا اندرونی حصہ	۳۷۰
۱۲۵	۹۴	بیجاپور کی مسجد	۳۸۴
۱۲۶	۹۵	سلطان محمود کا مقبرہ بیجاپور	۳۸۹
۱۲۷	۹۶	بادشاہی مقبرہ کا اندرونی حصہ	۳۹۸
۱۲۸	۹۷	چہار مینار حیدرآباد دکن	۳۹۹
۱۲۹	۱۲۲	اورنگ زیب کی مسجد کا ایک مینار اور رنجیت سنگھ کا مقبرہ	۴۴۶
۱۳۰	۱۲۳	شیش محل کا پھاٹک لاہور	۴۴۷

نشان سلسلہ	نشان تصویر		مقابل صفحہ
۱۳۱	۱۳۳	کامنہ رجدید بنارس	۴۶۶
۱۳۲	۱۳۵	امرت سر کا گوردوارہ اور مقدس تالاب	۴۷۰
۱۳۳	۱۳۶	ریاست چھترپور کے راجہ کا جدید محل	۲۷۲
۱۳۴	۱۳۷	کلکتہ کا ایک جدید پگوڈا	۴۷۴
		قسم پنجم۔ وہ تصاویر جو علوم و فنون و صنعت و حرفت سے متعلق ہیں	
	✣	بدہ زمانہ کا طلائی صندوقچہ	۴۷۶
۱۳۵	۱۳۸	حیدرآباد دکن صراحی دہات کی بنی ہوئی اور ہمجر	۴۷۸
۱۳۶	۱۳۹	مغلیہ عہد کی صراحی	۴۸۰
۱۳۷	۱۴۰	مغلیہ عہد کی منقش صراحی	۴۸۰
۱۳۸	۱۴۱	پیالہ ساخت مرادآباد	۴۸۲
۱۳۹	۱۴۲	مرتبان ساخت سندہ	۴۹۲
۱۴۰	۱۴۳	دہلی کے بنے ہوئے مٹی کے مرتبان	۵۰۰
۱۴۱	۱۴۴	سندہ کے بنے ہوئے مٹی کے مرتبان	۵۰۰
۱۴۲	۱۴۵	سندہ کی منقش اینٹ	۵۱۲
		قسم ششم۔ نقشہ جات	
۱۴۳	۹۳ء	نقشہ بنیادی مندر کھاجورا	۲۲۲
۱۴۴		نقشہ ہندوستان	۱۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

تمدن عرب کو شائع ہوئے قریباً پندرہ سال گذر چکے اور جس شان و آن بان سے ہندوستان میں اس کتاب کا خیر مقدم ہوا اور جو مقبولیت و شہرت اس کو حاصل ہوئی وہ اب محتاج بیان نہیں حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان کے اردو لٹریچر میں تمدن عرب کیا لحاظ جدت مضامین و عمق نظری و کیا لحاظ انشا پردازی عمدگی اور چھپائی ایک شاندار نمونہ مثل کتاب ہے۔ والد مرحوم کو تمدن عرب کی اشاعت کے بعد ہی یہ خیال پیدا ہوا کہ کتاب **تمدن ہند** کا ترجمہ بھی جو ذرا نیسی زبان میں مثل تمدن عرب کے ایک بڑے پایہ کی تصنیف تھی، اردو کیا جائے۔ مگر اس اثنا میں حیدرآباد میں سیاسی انقلابات و اولاد کی تعلیم و تربیت کی مجبوریوں کے باعث انہیں حیدرآباد سے انگلستان جانا پڑا۔ اور قریباً ۷ سال تک کیمبرج یونیورسٹی میں درس و تدریس و مشاغل علمیہ و تفکرات خانگی میں منہمک رہے۔ اور اتنی مہلت نہ ملی کہ اس کام کو شروع کرتے۔ قریباً ۳ سال کا عرصہ ہوا کہ والد مرحوم انگلستان سے مراجعت فرمائے ہندوستان ہوئے اور ہندوستان میں ایک قسم کی قومی بیداری کے آثار دیکھ کر انہیں پھر اپنی اس دیرینہ آرزو پورا کرنے کا خیال پیدا ہوا کہ **تمدن ہند** کا ترجمہ جس قدر جلد ممکن ہو شائع کیا جائے۔ چنانچہ

انہون نے اس اہم کام کو شروع کیا اور ان کا مصمم ارادہ تھا کہ گذشتہ عظیم الشان تہنشاہی دربار دہلی کے موقع پر اسکو شایع کر دیتے مگر دا حسرتا کہ ۲ مئی ۱۹۱۱ء کو یکایک حرکت قلب رک جانے سے وہ راہی ملک عدم ہوئے۔ اور بہت سی آرزوئین بھی اُن کے ساتھ تہ خاک ہوگئین۔ تمام خانگی مقامات وتجویزون کا شیرازہ درہم برہم ہوگیا۔ انواع و اقسام کی دقتون کا سامنا ہوا۔ تاہم مین نے بسی بلیغ مرحوم کے مسودہ کی نظرثانی کراکے اُسکو آخر کار چھپوا دیا۔ علاوہ کثیر مصارف کے جو اہل درجہ کی چھپائی و تصاویر کے برداشت کرنے پڑے ایک بڑی مشکل یہ تھی کہ مطبع و تصحیح کنندہ مین بعد المشرقین تھا اور مسودہ کے آنے جانے مین اس قدر دیر لگتی تھی کہ غلطیون کا رہجانا ایک ناگزیر امر تھا۔ ناظرین سے درخواست ہے کہ وہ اس ناگزیر تاخیر کو معاف فرمائینگے اور چھپائی کی غلطیون سے بھی چشم پوشی فرمائینگے

مثل تمدن عرب کے تمدن ہند کے مصنف بھی ملک فرانس کے مشہور ڈاکٹر لی بان ہین۔ اور یہ اسوقت تک زندہ و سلامت ہین۔ انہون نے اپنی زندگی کو انسان کی حالت انفرادی و حالت تمدنی کے مطالعہ مین صرف کیا ہے اور اس مسئلہ کو انہون نے اس جدید فلسفہ کے اصول سے جانچا ہے جو ڈارون کے مسئلہ ارتقا کے نام سے مشہور ہے۔ اور جس کا لب لباب یہ ہے کہ عالم کائنات مین انسان سے لیکر ادنی حیوان اور ادنی نباتات تک اور آفتاب جہانتاب سے لیکر ادنی ستارہ تک کوئی چیز اپنی موجودہ حالت مین خلق نہین ہوئی بلکہ وہ ایک نہایت ہی بسیط اور سادہ حالت سے قرن ہا سے دراز مین اور ایک مضبط قانون قدرت کے بموجب اپنی موجودہ حالت پر پہونچی ہے۔ ڈاکٹر لی بان نے تمدن انسانی کو انہین اصول سے مطابق کیا ہے اور نہایت ہی مفید و دلچسپ نتایج نکالے ہین۔ اس مبحث پر ان کی متعدد تصانیف یورپ مین نہایت مستند مانی گئی ہین اور اُن مین ایک خاص جدت اور عمق نظری پائی جاتی ہے۔ منجملہ اُن کے تمدن عرب و تمدن ہند زمانہ قدیم کے تمدن یعنی اسیریا بابل و مصر قدیم کی تاریخین اور ان کے تمدن" اور "ہندوستان کی ہمدردی

یادگارین بہت مشہور تصانیف ہین۔ ڈاکٹر لی بان کی تحقیق و تصنیف اِس لحاظ سے اور بھی باوقعت ہین کہ انہون نے بلاد اسلامیہ و ہندوستان کی سیاحت بھی کی ہے۔ مسلمانون اور ہندوؤن کے حالات اُن کی معاشرت۔ اُن کی عمارات اور آثار قدیمہ کو بچشم العین دیکھا ہے۔ علاوہ اسکے کل وہ کتابین جو مسلمانون و ہندوؤن کے متعلق یورپ کی زبانون مین لکھی گئی ہین یا مشرقی السنہ سے ترجمہ ہوئی ہین ڈاکٹر موصوف نے غور سے مطالعہ کی ہین اور کُل اہم واقعات تاریخی اور معاشرتی کی بابت انہون نے ایک بہت ہی عالمانہ و بے تعصبانہ رائے قائم کی ہے۔ انہون نے ہندوؤن کے کل رسوم و عادات و نظامات کی بہت ہی معقول توجیہین کی ہین اور اُن سے بمرور زمانہ جو نتائج ظہور مین آئے ہین ان کو دکھایا ہے۔ ڈاکٹر لی بان کی کتاب کا ایک بڑا وصف یہ بھی ہے کہ اس مین عمدہ قسم کی تصاویر کثرت سے ہین اور ان کے ذریعہ سے **تمدن ہند** کا ہر ایک جز یعنی اختلاف اقوام علوم و فنون۔ صنعت و حرفت و عمارات و ابنیہ۔ رسوم و رواج عادات و نظامات وغیرہ بر اے العین دکھایا گیا ہے۔

ہندی تمدن کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ یہ ایک نہایت قدیم تمدن ہے اور اب تک زندہ و سلامت ہے اور یہان تمدن کے تمام مدارج یعنی ادنی و وحشیانہ حالت سے لیکر اعلی ترین تہذیب و شائستگی کے نمونے نظر آتے ہین حقیقت یہ ہے کہ **تمدن ہند** کی تاریخ تمدن عالم کی تاریخ ہے۔

ڈاکٹر لی بان نے **تمدن ہند** کی ترقی و تاریخ کو مختلف قرنون مین تقسیم کیا ہے۔ سب سے پہلے انہون نے ہندوستان کے جغرافیہ طبعی آب و ہوا اور اسکے اسباب و اثرات سے بحث کی ہے۔ اسکے بعد کل اقوام ہند اور اُن کے آغاز و تغیرات و خصائص پر عالمانہ و فلسفیانہ نظر ڈالی ہے تمدن ہند کی تاریخ حسب ذیل زمانون مین منقسم کی گئی ہے۔

قرن اوّل - رگ وید کا زمانہ۔ اسمین آریون کے زور و قوت و جنگ و فتح کا آغاز ہے جس مین وہ

ہند کے قدیم وحشی باشندون سے لڑائی مین مصروف ہے۔ یہ لوگ بعد کے ہندوؤن سے بالکل مختلف تھے جوگیان دھیان اور فلسفہ والٰہیات مین مگن رہتے تھے۔ اس وقت علمی کام صرف رگ وید کے ۱۰۱۷ گیت ہین جو اگرچہ مذہبی ہین مگر ان سے ابتدائی زندگی کی حالت مترشح ہوتی ہے اور دنیا کے ابتدائی فلسفہ کی جھلک کہین کہین نظر آتی ہے۔ یہ گویا پندرہ سو سال قبل مسیح کا زمانہ ہے۔

قرنِ دوم۔ یہ وہ زمانہ ہے جبکہ وہ ستلج تک پہنچے اور گنگا جمنا تک بڑہے۔ آمین انہون نے اپنے فتوحات کی تکمیل اور ملک کے اصلی باشندون کو بالکل مغلوب ومحکوم کرلیا۔ اسی زمانہ مین وید تصنیف ہوئی اور کورو اور پانچالون کی جنگ ہوئی۔ یہ زمانہ پندرہ سو قبل مسیح کا ہے۔

قرنِ سوم۔ آمین آریون نے اپنے فتوحات کو اور وسیع کیا۔ یہ زمانہ جنگی اور علمی کارنامون سے ممتاز ہے۔ فلسفہ کا خاصکر زور ہوا اور ایک ایسی تحریک کا آغاز ہوا جو دنیا مین اب تک عالمگیر ہے۔ یعنی بدھ مذہب کی بنیاد پڑی۔ اس زمانہ کو ایک ہزار سال قبل مسیح سے تین سو برس قبل مسیح تک سمجھنا چاہیے۔

قرنِ چہارم۔ یہ بدھ مذہب کا زمانہ ہے۔ آمین حکومت اور بدھ مذہب کا زور شور رہا۔ علوم و فنون کو رونق ہوئی۔ شاعری۔ طب۔ صرف ونحو۔ قانون۔ نجوم۔ فلسفہ وغیرہ کی تالیف وتصنیف کا بازار گرم ہوا۔ اور ہندو تمدن جنوبی ہند وسیلون وغیرہ تک پھیلا۔ یہ زمانہ ۳۲۰ قبل مسیح ہے اور ۵۰۰ سن عیسوی تک شمار کیا جاسکتا ہے۔

قرنِ پنجم۔ جدید برہمنی مذہب پھر ابھرتا ہے اور بدھ مذہب کو مغلوب کرلیتا ہے۔ پولٹیکل اور علمی کارنامون کا زمانہ ہے جو ۵۰۰ سے ۱۰۰۰ عیسوی تک رہا یعنی محمود غزنوی کے حملے تک۔

قرنِ ششم۔ مسلمانون کا عہد۔

قرنِ ہفتم۔ یوروپی عہد۔

ہند کے قدیم تمدن پر اگر ابتدا سے غور کیا جائے تو تحقیق ہو سکتا ہے کہ انسانی تمدن کیونکر بتدا بڑھتا نشو و نما پاتا اور پھلتا پھولتا ہے۔ اوّل اوّل جب آریا خانہ بدوش گلہ بانون کی طرح ملک مین داخل ہوئے اور پھر آخر مین رفتہ رفتہ سارے ملک پر چھا گئے اور اُن کی معاشرت نظام سیاست۔ علم و فضل۔ اور قوت و عظمت کو عروج و کمال حاصل ہوا جب اول سے آخر تک یہ تمام قرون اپنی مختلف نیرنگیون کے ساتھ ہماری نظر سے گزرتے ہین تو سب سے پہلے قدیم خیالات، معتقدات اور توہمات کا وہ خاکہ آتا ہے کہ اُن پر غور کیا جائے تو ان کی دھندین واقعات کی جھلک نظر آتی ہے اور یہ پتہ لگ سکتا ہے کہ انسان جب تمدن کی اول سیڑھی پر قدم رکھنے کو ہوتا ہے تو اس کی کیا حالت اور حیثیت ہوتی ہے اور آیندہ مدارج کیونکر طے کرتا ہے۔

ہمین اِس زمانہ کی حالت ویدون سے کیا معلوم ہوتی ہے؟ آریہ جب شمالی ہند مین داخل ہوئے تو انہین اپنے پیشرو قورایون اور یہان کے اصلی وحشی باشندون سے مقابلہ کرنا پڑا اور مدت تک اسی جنگ و جدل مین بسر ہوئی آخر رفتہ رفتہ دشمن پسپا ہوئے اور آریاؤن کا قبضہ شمالی ملک پر ہو گیا۔ ان کی حالت اس وقت ایسی ہی تھی جیسی ایک جنگ جو فاتح قوم کی ہوتی ہے۔ فاتح دیوی سوکتون مین اپنی فتح و نصرت کے گیت گاتے حصول دولت و ثروت اور پامالی دشمن کی دعائین مانگتے ہین۔ اس وقت مندر تھے نہ بُت۔ اور سوائے آریاؤن اور اصلی باشندون کے کوئی ذات پات کا امتیاز نہ تھا۔ وہ آگ، پانی، آسمان اور سورج سے التجائین کرتے اور ان کے بھجن گاتے ہین۔ ایک ایسی قوم کے لئے جو دنیا مین اوّل اوّل میدان تمدن مین قدم رکھ رہی ہے یہ بات کوئی خلاف عقل یا خلاف فطرت نہین ہے۔ مثلاً جب وہ آندھیون سے التجا کرتے ہین کہ تم تھم جاؤ یا آسمان سے گڑگڑا کر یہ کہتے ہین مینہ برساؤ یا سورج سے درخواست کرتے ہین کہ نکل اور چمک تو یہ ایسی باتین ہین جو اب بھی بعض سادہ لوح فرقون مین پائی جاتی ہین، البتہ یہ ضرور ہے

کہ ہند وستان مین آکر جب انہون نے قدرت کے عظیم الشان مظاہر دیکھے تو وہ اُن کے آگے پرستش کے لئے جُھک گئے جو ایک امر فطرتی ہے۔

یہان ویدی زمانہ کے دیوتاؤن کے متعلق مختصر سا ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ کیا آریہ اس وقت خدا کو مانتے تھے؟ اُن کا خدا ایک تھا یا کئی؟ رگ وید کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا کا مفہوم ان کے یہان نہین ہے۔ وہ متعدد دیوتاؤن کی پرستش کرتے تھے۔ اِن دیوتاؤن کی تین تقسیمن کی جاسکتی ہین (۱) اکاش کے دیوتا۔ (۲) پرتھوی یعنی زمین کے دیوتا۔ (۳) پانی کے دیوتا۔ اوران مین ہر ایک کے گیارہ گیارہ تھے گویا کُل ۳۳ دیوتا ہوئے۔ اور بعضون نے ۳۳ سے تین ہزار تین سو تینتیس تک پہنچا دئے ہین۔ بعض ان مین سے سود مندی اور فائدہ کے خیال سے دیوتا مانے گئے اور بعض خوف اور ڈر کی وجہ سے۔ مثلاً ازدوے رگ وید اگنی (آگ) برق سے آئی اور دو لکڑیون کی رگڑ سے پیدا ہوئی۔ آگ کا دریافت کرنا ابتدائے تمدن کے لئے نہایت ضروری ہے اور یہ ترقی کا نمونہ ہین ہے۔ لوگ بجائے کچی چیزین کھانے کے پکا کے کھانا شروع کرتے ہین؛ اِس کی مدد سے وہ رات کو بھی کام کر سکتے ہین؛ جاڑون مین وہ انہین اکڑ کر مر جانے سے بچاتی ہے اور جو سورج اور صبح صادق مین نظر آتی ہے اور زمین و آسمان کو روشن کرتی ہے۔ لہذا کوئی وجہ نہین ہے کہ وہ ایک ایسی شئے کو جو آسمان سے زمین پر آئی اور انسان کے اتنے کام آتی ہے۔ دیوتا نہ سمجھین۔ آندھی اور رعد و برق خوف کی وجہ سے دیوتا مانے گئے وغیرہ وغیرہ۔ لیکن سب سے بڑا دیوتا اندر ہے جو نیلے آسمان کا دیوتا بادلون کا جمع کرنے والا، مینہ کا برسانے والا، گرج کا کڑکانے والا، تاریکی کا مٹانے والا اور روشنی کا لانے والا اور قوت، حیات اور تازگی بخشنے والا ہے۔ لیکن ان سب کے پیچھے ایک خیال ہے جو حسیات سے پرے ہے اور جس کا نام مذہب ہے۔

ویدی زمانہ زیادہ تر اس لئے قابل مطالعہ ہے کہ یہان ہمین زبان و خیالات کی پہلی صورت،

مذہب وتوہمات ورسوم کی بنیاد اوّلین، فلسفیانہ خیالات کی ابتدائی جھلک اور خاندانی، دیہی اور سیاسی زندگی کی سب سے نمایاں خصوصیتیں نظر آتی ہے۔ لیکن ان سب کی بنیاد مذہب پر ہے جو فطرت کی سب سے پہلی تعبیر ہے، اور مذہب کے نشوونما کی ابتدائی حالت جیسی یہاں معلوم ہوتی ہے وہ کسی دوسرے ملک کے لٹریچر میں نظر نہیں آتی۔ یہودیوں۔ یونانیوں۔ اور رومیوں کے یہاں یہ مفقود ہے۔ جو لوگ انسان کے ابتدائی حالات وخیالات کی تحقیق کے لئے وحشی اقوام کا مطالعہ کرتے ہیں انہیں رگ وید کا مطالعہ بھی ناگزیر ہے۔

ایک سوال اس کے متعلق تحقیق طلب ہے اور وہ یہ کہ جب یہ ثابت ہو چکا ہے کہ رگ وید کا زمانہ ۱۵۰۰ برس قبل مسیح یعنی اب سے تین ساڑھے تین ہزار سال پہلے کا تھا تو کیا آریہ اس وقت فن تحریر سے واقف تھے؟ اگر نہیں تھے تو یہ کب معرض تحریر میں آیا اور نیز تحریر کا رواج آریاؤں میں کب سے شروع ہوا؟

اس میں کچھ شک نہیں کہ آریا لوگ اُس وقت فن تحریر سے بالکل ناآشنا تھے اور چوتھی صدی قبل مسیح سے اول ہندوستان میں تحریر کا کہیں پتہ نہیں ملتا۔ ہندوستان بھر میں کہیں کوئی کتبہ ایسا نہیں پایا گیا جو تیسری صدی قبل مسیح کے وسط سے قبل کا ہو۔ سب سے قدیم کتبے زمانہ بدھ کے ہیں جو راجہ اشوک کے عہد میں نصب کئے گئے تھے۔ یہ راجہ سلوقس کا ہمعصر تھا۔ اور اس کا سفیر راجہ کے دربار میں کئی سال تک رہا۔ اس راجہ نے اپنی وسیع سلطنت میں مختلف مقامات پر کتبے نصب کرائے اور اس کی حکومت کا زمانہ ۲۵۹ - ۲۲۲ (ق م) تک تھا۔ ان کتبوں کی نسبت یہ بات دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ یہ دو قسم کی ابجدوں میں لکھے ہوئے ہیں۔ ایک تو بیدھی طرف سے دائیں جانب کو جیسے فارسی عربی لکھی جاتی ہے اور اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ ابجد شامی ہے اور ہندی ابجد وہیں سے ماخوذ ہے۔ اور دوسری بائیں جانب سے داہنے جانب کو جیسے ہندی انگریزی وغیرہ۔

مگر یہ بھی شامی ابجد سے حاصل کی گئی ہے مگر اُسے حسب ضرورت اپنے طور پر بنالیا گیا ہے۔ یہ دوسری قسم کی ابجد تمام ہندی ابجدوں کا ماخذ ہوئی۔ اس سے پورے طور پر یہ ثابت ہے کہ فن تحریر کو تین تک مین تیسری صدی (ق۔م) سے قبل استعمال نہین ہوا تھا میگھاستنیز (سفیر سلوقس) نے صحیح لکھا ہے کہ ہندی لکھنا نہین جانتے اور اُن کے قانون تحریر مین نہین آئے[۱]

جب یہ ثابت ہے کہ چوتھی صدی (ق۔م) سے پہلے فن تحریر کا رواج ہندوستان مین نہین ہوا تو ظاہر ہے کہ وید سینہ بسینہ چلے آئے اور قریباً تین ہزار سال تک حافظہ مین محفوظ رہے کیونکہ سب سے قدیم نسخہ رگ وید کا سنہ ۱۵۰۰ء کا ہے۔ اہل یورپ کے لئے شاید یہ امر باعث حیرت و تعجب ہو مگر ہم ایشیائیون کے لئے یہ کوئی تعجب کی بات نہین ہے۔ اس وقت ہندوؤن مین وید اور مسلمانون مین قرآن حفظ کیا جاتا ہے اور مطبوعہ نسخون سے نہین بلکہ اُن اساتذہ سے جنھون نے سلسلہ بسلسلہ اپنے اساتذہ سے اسی طرح حفظ کیا تھا۔

چونکہ یہ بات مصنفِ تمدن ہند سے رہ گئی تھی لہذا یہان اس کا لکھ دینا مناسب معلوم ہوا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ایک دوسری بات کا بیان کر دینا جو اس واقعہ سے مستنبط ہوتی ہے فائدہ اور دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ ہم ابھی ذکر کر چکے ہین کہ قدیم سے قدیم کتبہ راجہ اشوک نواسہ راجہ چندر گپت کے عہد کا ہے؛ اس کی حکومت ۲۹۹-۲۲۲ قبل مسیح تک رہی۔ لیکن ان کتبون کی زبان کیا ہے؟ کیا وہ وید کی سنسکرت ہے؟ ہرگز نہین۔ کیا وہ برہمنون اور سوتروں کی مابعد کی سنسکرت ہے؟ بالکل نہین۔ بلکہ یہ کتبے مقامی بولیون مین لکھے ہوئے ہین جو اس وقت ہندوستان مین بولی جاتی تھین اور وہ بخوبی سنسکرت سے بالکل مغائر ہین۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ (۱) قدیم ویدی سنسکرت تیسری صدی (ق۔م) سے قبل ہی رخصت ہو چکی تھی۔ (۲) مابعد کی علمی بخوبی سنسکرت کا رواج

[۱] اڈیا پرو فیسر بکس مور ۲۔

اُٹھ چکا تھا اور لوگ اُس کے بولنے اور سمجھنے سے قاصر تھے۔ غرض یہ کہ سنسکرت بُدھ کے مبعوث ہونے سے قبل اس ملک کی زبان نہیں رہی تھی اور اس لئے قدیم ویدی سنسکرت کا شباب بُدھ مذہب کی پیدائش سے کہیں پہلے ہو چکا تھا۔ بُدھ غالباً سنسکرت جانتا ہوگا لیکن شاگردوں کو سخت تاکید تھی کہ وہ اِس کی تعلیم کی تلقین لوگوں کو ملک کی عام زبان میں کریں تاکہ وہ اس سے فائدہ اُٹھا سکیں۔

ویدی زمانہ کے بعد ایک دوسرے زمانہ کا آغاز ہوا جس کے خاص اور امتیازی کارنامے یہ تھے:۔

(۱) جنگ و جدل اور فتوحات۔

(۲) برہمنوں کی قوت اور ذات کا زور۔

(۳) معاشرتی اور علمی ترقی۔

(۴) اپنشد یعنی روحانی تعلیم۔

اس زمانہ میں آریہ ستلج کو عبور کر کے گنگا جمنا کے دوآبہ اور گنگا کے میدانوں میں آئے۔ انہوں نے اصلی باشندوں سے ایک مدت تک لڑائی بھڑائی کر کے اُنہیں نکال باہر کر دیا یا غلام بنا لیا اور اس زرخیز خطے میں بخوبی آباد ہو گئے۔ اس میں شک نہیں کہ انہیں اس زمانہ میں جنگ و جدل کر کے اپنی فتوحات کو وسیع کرنا پڑا لیکن جب وہ یہاں کے باشندوں کو مغلوب کر چکے، ملک فتح کر لیا، اور آبادیاں قائم کر کے انہیں "ہندو" بنا چکے تو انہوں نے معاشرت و تمدن کی طرف توجہ کی۔ دنیا میں کونسا ملک اور کونسی قوم ہے جو بغیر جنگ و جدل اور بغیر تلوار اٹھائے اس منزل تک پہنچی ہو۔ اگرچہ یہ لوگ اپنے مخالفوں پر غالب آ چکے تھے لیکن ابھی تک ان میں جنگ جوئی کا جوش باقی تھا جو باہمی مخاصمتوں میں بھڑک اٹھا۔ چنانچہ مہابھارت اور رامائن کے جنگ نامے اسی زمانہ کی یادگار ہیں۔ اگرچہ یہ کتابیں مبالغہ سے مملو اور دور از کار باتوں سے بھری ہوئی ہیں تاہم اُس زمانہ کی معاشرت کا ضرور پتہ لگتا ہے۔ رامائن تاریخی لحاظ سے بالکل ہیچ و پوچ ہے۔ رام اور سیتا وغیرہ خیالی ہیرو ہیں۔ اگرچہ حسن نظم و بیان نے انہیں واقعی اشخاص قرار دیا ہے اور ہندوستان میں سب ہندو مرد و عورت انہیں سچ مچ کے تاریخی

اشخاص سمجھتے ہین اور کتاب کے اخلاقی اثر سے متاثر ہوتے ہین۔

یہ کتاب مہابھارت کے بعد کے زمانہ کی ہے مگر عام طور پر اُسے قدیم زمانہ سے منسوب کیا جاتا ہے۔ غرض یہ زمانہ دیکھا جاے تو برہمنون کا زمانہ ہے۔ نظم و نسق سلطنت، جنگ و صلح، معاشرت و مذہب، علوم و فنون، ہر شے مین برہمن پیش پیش ہین اور ہر جگہ انہین کا زور ہے۔ اس عہد مین ہندؤن نے بہ نسبت دیگر زمانہ کے ہر شعبہ مین بہت کچھ ترقی کی۔ بادشاہی ٹھاٹھ عیش و عشرت کے سامان معقول عمارتین، ہر طرف نقارے لگین اور انتظام مملکت، عدالت، زراعت، فن جنگ، قانون، صرف و نحو، منطق، فلسفہ، ہندسہ، نجوم، مختلف پیشون اور علم ادب کے بعض شعبون مین نمایان ترقی ہوگئی۔ اس زمانے کے کارنامون مین اپنشد کی تصنیف ہے جو ایک قسم کا فلسفہ یا تصوف ہے اور جو اُس زمانہ کی عام روش سے بالکل نرالی چیز ہے جس پر آیندہ فلسفہ، مذہبی یا تصوف کی بنیاد قائم ہوئی۔ اپنشد بہت سے ہین اور مختلف علما کی تصنیف ہین۔ اس کی تعلیم کا اصل اصول ایک عالمگیر روح ہے جو سب مین ساری ہے۔ اس مین اور توحید مین فرق ہے۔ توحید مین خالق اور مخلوق الگ الگ ہین مگر اپنشد کی تعلیم مین خدا ایک عالمگیر ذات ہے، باقی سب اسی سے ہے یا اس کا جزو ہے اور اس مین مل جاے گا اور اس سے علیحدہ ہستی نہین رکھتا۔ اسے مذہب ہمہ اوست سمجھنا چاہیے۔ یہی اصول ہندو فلسفہ کی جان ہے جو آگے چلکر شنکر اچاریا اور یوگ ودیدانت مین نئے اطلاقیت پہلوؤن سے ظاہر ہوتا ہے۔ اسکے بعد دوسرا اصول تناسخ کا مسئلہ ہے جو اوپنشد کے بعد سے پہلا ہندو فلسفہ اور مذہب کا رکن رکین ہوگیا لیکن اس زمانہ کا امتیازی مسئلہ ذات ہے۔ ذات کا امتیاز دنیا مین ہر جگہ اور اب بھی پایا جاتا ہے، خصوصاً تاریخ روم مین یہ فرق نمایان طور پر معلوم ہوتا ہے۔ وہان کھانے پینے اور شادی بیاہ کے معاملے مین امرا و عوام مین وہی سد سکندری حائل تھی جسے ہم ہندؤن مین ذات کہتے ہین۔ اور کیا اب یورپ مین وہی امتیاز اور فرق نہین ہے؟ مگر بات اتنی ہے کہ وہان یہ امتیاز بدلتا رہتا ہے اور ایک حالت پر قائم نہین رہتا کیونکہ اس کا دارومدار سوشیل حالت پر ہے، مگر ہندی ذات کا مدار مذہب پر ہے

اور اس لئے وہ اٹل اور قائم رہنے والی ہے - اس مین شک نہین کہ امارت و غربت شرافت اور زلت کے امتیازات ہر جگہ تھے اور ہین مگر یہ آتے اور جاتے ہین اور پرچھائین کی طرح بدلتے رہتے ہیں؛ یہان تک کہ غلامی ہی شئے جس کی جڑین مشرق سے مغرب تک دنیا کے تمام مختلف تمدنون مین پھیلی ہوئی تھین اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ پاتال تک پہنچ گئی ہین آخر دنیا سے اٹھ گئی مگر ذات کی غلامی درحقیقت ہندؤن کے تمدن پر یہ ایسا برا دھبا ہے کہ گو یہ ملک ہزار ترقی کر جائے مگر یہ نظرون مین ہمیشہ کھٹکتا رہیگا - بدھ مذہب اور اسلام نے مساوات اور اخوت کا ڈنکا بجایا؛ ذات سے بہت کچھ بیزاری ظاہر کی اور اگرچہ ان کا قیام صدیون تک رہا مگر کچھ نہ ہو سکا، اور ذرا ظہور اصلاح ہوئی بھی تو وہ برائے نام اور عارضی تھی - یہ سچ ہے کہ ذات کے امتیاز سے ایک فائدہ یہ ہوا کہ کم سے کم آریاؤن (برہمنون) کی نسل مخلوط نہین ہوئی - لیکن جس حالت مین کہ نیچ ذات والے رکھے گئے ہین اور جس تنفر اور حقارت کا برتاؤ ان سے کیا جاتا ہے وہ نہایت شرمناک ہے - نیچ قوم یا گذشتہ فاتح کے جبر اور مغلوبی کی مظلومی کی - غلامی دنیا مین ہر جگہ سے اٹھ گئی، مگر یہ غلامی جو سب سے قدیم ہے، مذہب کے پردے مین اب تک باقی ہے - علاوہ ذات کی اُلجھن کے ایک بڑی مصیبت اس زمانہ مین یہ تھی کہ برہمنون کا زور تمدن کے ہر شعبہ مین روز بروز بڑھتا جاتا تھا - جس طرح کھڑے پانی پر کائی اور درخت پر اکاس بیل چھا جاتی ہے اسی طرح برہمن بھی بے طرح تمام ہندؤن اور اُن کے نظامات پر چھائے ہوئے تھے، اور خاص کر مذہب مین تو وہ اذا تفری مچا رکھی تھی کہ خدا کی پناہ - مختلف عبادتون نئی نئی قسم کی پرستشون، طرح طرح کے چڑھاؤن، منتون اور اعمال کا ایک ایسا مسلسل تار بندھا ہوا تھا کہ اس سے چھٹکارا پانا ایسا ہی محال تھا جیسے مکڑی کے جالے سے غریب مکھی کا - اُٹھتے بیٹھتے - سوتے جاگتے کسی وقت ان رسوم اور اُلجھا دینے والے اعمال سے فرصت نہ تھی - گویا یہی مذہب تھا یہی عبادت تھی اور یہی معاشرت اور اس کا حاصل اور یہی راہ نجات تھی - اور طرہ یہ کہ دن بدن یہ زنجیرین اور کڑی ہوتی جاتی تھین اور ان مین

وہ وہ نزاکتین اور باریکیاں پیدا کی جاتی تھین کہ یہ نام کا مذہب وبال جان ہوگیا تھا - اِن بیجا اور حوصلہ شکن قیود اور جکڑبند کی شدت سے لوگ عاجز آ گئے اور صبر و تحمل کا پیمانہ لبریز ہوگیا اور سختی اِس انتہا کو پہنچ گئی جبکہ زنجیرین خود بخود ترٹنے لگتی ہین - آخر وہ وقت آیا کہ اِس طوفانِ بے تمیزی مین تنزل پیدا ہوا - جابرون کے حواس پراگندہ ہوے اور قیدیون کی بیڑیان کٹ کٹ کے گرنے لگین - اور وہ دھند جو عالم پر چھائی ہوئی تھی آفتاب صداقت کے طلوع ہوتے ہی کافور ہوگئی - بعثتِ بدھ علیہ السلام نے ایک نئی روح پھونکدی اور ہندوستان ہی مین نہین بلکہ تمام عالم مین ایک انقلاب پیدا کردیا - اور اس سرزمین پر اُس رحمتِ باران کا نزول ہوا جس کا یہان پتا نہ تھا اور ذرہ ذرہ تشنہ لب تھا - اِس نے مردہ دلون کو شگفتہ کردیا، مایوسون کو آس دی، امیر غریب برہمن سودر سب کو ایک نظر سے دیکھا، مساوات اور اخوت کی صلاے عام دی اور یہی اس کی کامیابی کا بڑا راز تھا - جو لوگ برہمنون کے سخت شکنجے مین نیم جان ہو رہے تھے ان کی جان مین جان آگئی، ذات پات کا امتیاز اُٹھ گیا، ویدون کے دیوتا اور برہمنون کے مہمل اعمال اور بے معنی ریاضتین بالاے طاق رکھدین - اِس کی عام ہمدردی ذاتی نیکی اور نیکی کی تلقین نے سب کو برابر کردیا، بڑے بھلے چھوٹے بڑے سب اس کی طرف جھک گئے - اِس کی تعلیم کا حاصل یہ ہے کہ زندگی ایک مصیبت ہے اور زندگی اور اس کی لذّات کی خواہش اس مصیبت کا باعث ہین، اس خواہش کا مٹانا مصیبت کا کم کرنا ہے اور یہ خواہش پاک زندگی سے مٹ سکتی ہے - ہمیشہ صداقت، نیکی، ہمدردی، مہربانی اور خیر پر قائم رہنا چاہیے - اور بُرے جذبات اور نفسانی لذّات پر غالب آنا چاہیے - غرض تزکیہ نفس اس تعلیم کا جزو اصول ہے - اس دنیا مین پاک اور نیک زندگی بسر کرکے بلالحاظ سزا و جزا تزکیہ نفس حاصل کرنا اس کا اصل مقصد ہے - اور یہی بے گناہ اور پاک زندگی نروان ہے - دنیا مین اول بار بدھ نے یہ تعلیم دی کہ انسان بلا احتیاج دیوتاؤن اور خدا کے اسی زندگی مین نجات حاصل کرسکتا ہے - اور اس طرح اس نے انسان کا رتبہ بڑھا دیا -

بُدھ ایک طرح سے تناسخ کا قائل ہے، لیکن اس کے اور برہمنوں کے تناسخ مین فرق ہے۔ بُدھ روح کا قائل نہین اور جب روح نہین تو تناسخ کیسا۔ اس کا جواب اس کے ہان یہ ہے کہ انسان کے اعمال فنا نہین ہو سکتے۔ جب انسان مرجاتا ہے تو اعمال کے لحاظ سے نیا وجود پیدا ہوتا ہے۔ اس کے ہان آیندہ کی سزا و جزا کوئی چیز نہین اور نہ اس کے ہان جنت کا وعدہ اور جہنم کا وعید ہے۔ پاک زندگی سے بڑھ کر کوئی چیز نہین اور یہی نروان یا نجات ہے۔ نیکی اپنا صلہ خود ہے اور پاک زندگی مذہب کا اصل اور آخری مقصد ہے۔ اگر زندگی مین نروان حاصل نہ ہو تو کرم یا اعمال کے رو سے وہ نئے جنم لے گا یہان تک کہ نرنکہ نفس کامل ہو اور نروان حاصل ہو جاے۔

تین صدی تک اسی تعلیم کی تلقین ملک مین ہوتی رہی لیکن نہ تو چندر گپتا اور نہ اس کے بیٹے نے اس مذہب کو قبول کیا مگر اس کا جانشین بندوسارا جو ۲۹۰ (ق-م) مین گدی نشین ہوا اس مذہب کے حلقے مین آیا اور اس کا بہت بڑا حامی اور داعی ثابت ہوا جس نے نہ صرف ہندوستان مین بلکہ ہندوستان کے باہر بھی اس کی دعوت دی۔ راجہ اشوک کا نام دانگے سے جاپان اور سائبیریا سے سیلون تک مشہور اور عزت سے لیا جاتا ہے۔ اس سے احکام کے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے اپنے دعاۃ ہندوستان کے مختلف صوبون میسور مدراس پنجاب کشمیر ٹراونکور اور ان کے علاوہ سیلون شام مصر مقدونیہ وغیرہ مین بھیجے۔ خود اس کی سلطنت تمام شمالی ہند مین پھیلی ہوئی تھی اور اس کے کتبے دہلی الہ آباد پشاور اور گجرات اڑیسہ اور میسور مین پائے جاتے ہین۔ اس نے اپنے بیٹے کو سیلون بھیجا اور مہندا نے وہان کے بادشاہ اور رعایا کو بُدھ مذہب سے مشرف کیا۔ یہان تک کہ یہ مذہب سیام اور جاوا مین بھی پہنچا۔ دوسری صدی قبل مسیح بُدھ مذہب کی کتابین شہنشاہ چین کے پاس پہنچین اور ایک دوسرے شہنشاہ چین نے ۶۷ مسیحی مین اور کتابین منگوائین اور بُدھ مذہب وہان پھیلنا شروع ہوا۔ یہان تک کہ چوتھی صدی مسیحی مین وہان کا عام مذہب ہو گیا۔ چین سے کوریا پہنچا (۳۷۲ء)

اور وہان سے جاپان (۵۵۲ء) اور کوچین چین، تبت، موسا، منگولیا مین چھٹی اور پانچوین صدی مین گیا۔ اور کابل سے اس مذہب نے تاشقند، بلخ و بخارا تک رسائی حاصل کی۔

علاوہ بُدھ کی تعلیم کے جس مین نیکی، رحم دردی اور تزکیہ نفس کی تلقین تھی بُدھ مذہب کی اشاعت اور ترقی کا بڑا باعث یہ خیال کیا جاتا ہے کہ راجہ اشوک نے اس مذہب کو اختیار کیا جس کی وجہ سے یہ راج دھرم (یعنی سلطنت کا مذہب) ہوگیا۔ اور اس مین شک نہین کہ اس نے اس کی اشاعت مین بڑے جوش اور شدومد سے کام لیا۔ لیکن درحقیقت دیکھا جاے تو یہی واقعہ اُس کے ضعف کا بھی باعث ہوا کیونکہ شاہی اثر سے لوگ کثرت سے برائے نام اس مین داخل ہوگئے اور خصوصاً اُن صوبجات سے جو نئے سلطنت مین شریک ہوے تھے اور جہان ہندؤن نے بہت کم ترقی کی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس عظیم الشان اور عالگیر "اصلاح" مین بجاے قوت کے ضعف پیدا ہونے لگا اور قدیم خالص مذہب کا یہ ضعف نومذہبون کے پسند خاطر ہوا اور رفتہ رفتہ بوجہ اس اختلاط کے بُدھ مذہب اور برہمنی مذہب مین فرق کم ہوتا گیا۔ روح کے عقیدہ مین پھر ترقی ہونے لگی اور عام پسند رسوم اور توہمات کا رواج خود بدھون مین فرق بڑھتا گیا۔ اصل خیالات کی جگہ جدید خیالات نے لینی شروع کی، یہان تک کہ ویدی دیوتا اور جڑھاوے وغیرہ کی رسوم بھی رخصت ہوگئین۔ لیکن اس کے ساتھ ہی بُدھ مذہب کو بھی زوال آگیا۔ یہ زوال ساتوین صدی عیسوی سے شروع ہوا اور جدید برہمنی مذہب نے پھر اپنا زور قائم کرلیا۔ چنانچہ گیارھوین صدی مین صرف کشمیر اور اڑیسہ مین رہگیا اور مسلمانون کے آنے سے قبل ہندوستان سے رخصت ہوگیا اور اب ایک طرف صرف نیپال مین اور دوسری طرف سیلون مین پایا جاتا ہے۔ یہ عجب بات ہے کہ بُدھ مذہب بہ نسبت اپنے جنم بھوم کے غیر ملکون مین زیادہ پھیلا اور قائم رہا۔ افغانستان، نیپال، مشرقی ترکستان، تبت، منگولیا، منچوریا، جاپان، چین، مشرقی جزائر ہند، سیام، برہما، اور سیلون سب اس کے رنگین تھے اور اب بھی دنیا کی آبادی کا ایک تہائی حصہ اس کے نام لیوا لوگون مین سے ہے۔ اور اس کی خانقاہین کاسین سے بحر کابل

تک برابر چلی گئی ہیں اور بعض روس کی حدود تک پہنچی ہیں۔

اِس سے انکار نہیں ہوسکتا کہ یہ مذہب دنیا کی عظیم الشان تحریکات اور حیرت انگیز انقلابات میں سے ہے اور گو اسے مدت ہوئی ہندوستان سے دیس نکالا مل چکا ہے، لیکن کہا جاتا ہے کہ اس کی یادگار یہیں مذہب میں اب تک باقی ہے، جو محقق نہیں۔ مگر درحقیقت اس کی یادگار کسی خاص مذہب یا فرقہ میں نہیں بلکہ اہل ملک کے مذہب و معاشرت اور اخلاق میں پائی جاتی ہے۔ غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ ہندو مذہب اور ہندوؤں پر مفصلۂ ذیل خاص اثرات اس مذہب کے ہوئے جو اس وقت بھی پائے جاتے ہیں۔

(۱) طبائع میں خاص نرمی لینت اور انکسار پیدا ہوا جس کا اثر نہ صرف انسانوں کے باہمی تعلقات پر ہوا بلکہ بے زبان حیوانوں تک پہنچا۔

(۲) بدھ سے قبل ہندوؤں کے تمام خیالات اور علوم کا دارومدار ویدوں پر تھا لیکن بدھ کے بعد ان کے فلسفہ اور علوم کا تعلق ویدوں سے بالکل اٹھ گیا۔ یہانتک کہ جدید برہمنی مذہب (پرانی مذہب) ویدوں کا مذہب نہ تھا، بلکہ ایسے دیوتاؤں اور بتوں کی پرستش رائج ہوگئی جن کا ویدوں میں ذکر تک نہیں۔

(۳) ذات پات کا امتیاز اٹھ جانے سے مختلف فرقوں میں میل جول بڑھ گیا اور مساوات کا خیال پیدا ہوا، اگرچہ ذاتیں قائم رہیں مگر جدید برہمنی مذہب نے اسے پھر دبا دیا۔

(۴) گوشت خوری کا رواج اٹھ گیا۔

(۵) لوگوں میں جنگجوئی کا مادہ کم ہوگیا۔

زمانۂ بدھ کی ایک اور خصوصیت بھی ہے جو اب تک اس کی یادگار کے طور پر قائم ہے وہ اس زمانہ کی تعمیر اور سنگ تراشی ہے جو ہندوستان کے مختلف حصوں میں پائی جاتی ہے۔ اور درحقیقت ان لوگوں نے اس فن کو پایۂ کمال تک پہنچا دیا تھا اس زمانہ سے قبل پتھر صرف فصیل شہر یا پلوں وغیرہ کی تعمیر میں استعمال ہوتا تھا لیکن بدھ کے زمانہ سے بڑی بڑی عمارتوں میں کام آنے لگا۔ اس میں شک نہیں کہ یہ فن تعمیر ہندی

اوران کا طبع زاد ہے لیکن اِس دور میں بھی کلام نہیں کہ بعض بدھی عمارتوں میں جو پنجاب میں اب دریافت ہوئی ہیں صاف طور سے یونانی فن عمارت کے آثار بھی پائے جاتے ہیں۔ بدھ مذہب نے ہندوؤں کو جہاں اور چیزیں ارث میں دی ہیں وہاں فن عمارت بھی ہے۔ بدھی اور ہندو والی عمارتوں میں فرق یہ ہے کہ بدھی پہاڑ کو کھود کر غار بناتے ہیں اور اس میں اپنا کمال سنگ تراشی و فن تعمیر دکھاتے لیکن ہندو پتھر صاف کر کے پہاڑ کے روبرو اپنی عمارت تیار کرتے تھے یہ فرق خاص کر ایسے مقامات پر یاد رکھنے کے قابل ہے جہاں جہاں ساتھ ساتھ اُس زمانے کی عمارتیں موجود ہیں جب کہ بدھ مذہب برہمنی مذہب میں محو ہو چلا تھا اور بت پرستی عام ہو گئی تھی۔

بلحاظ علوم کے اگرچہ بدھ کا زمانہ کوئی خاص امتیاز نہیں رکھتا لیکن ایسا بھی نہیں کہ ناقابل توجہ ہو۔ منجملہ کے یونانیوں کے اور دیاسا کے ویدانت کا آغاز اسی زمانے میں ہوا اگرچہ بدھ مذہب کو اس سے کوئی خاص تعلق نہیں۔ منو کا شاستر بھی اسی زمانہ کی یادگار ہے۔ لیکن بڑی چیز علمی لحاظ سے اِس زمانہ کی یہ ہے کہ علم نجوم میں معتدبہ کامیابی ہوئی اور اس کامیابی میں یونانیوں کا بھی حصہ ہے، جنھوں نے اس میں خاص امتیاز حاصل کیا تھا۔ ہندوؤں نے اِس فن میں اُن سے بہت کچھ اکتساب کیا۔ طب کو بھی ترقی ہوئی کیونکہ بدھ مذہب کے اثر سے انسانوں اور حیوانوں دونوں کے لئے ملک میں جا بجا شفاخانے قائم کئے گئے تھے۔

نیز اس زمانے میں علم کا چرچا ضرور تھا ہون سانگ مشہور چینی سیاح نے اپنے سفرنامے میں بعض بدھ دارالعلوموں کا ذکر کیا ہے؛ نالندہ کی خانقاہ خاص طور پر قابل ذکر ہے جس میں ایک بہت بڑا دارالعلوم تھا وہ لکھتا ہے کہ یہاں کئی ہزار ماتک (بدھ درویش) تھے جو بلحاظ علم و فضل خاص امتیاز رکھتے تھے، لوگ اِن کی بہت وقعت و توقیر کرتے تھے اور یہ دن رات بحث مباحثہ اور تکرار علمی میں مصروف رہتے تھے۔ دُور دُور کے علماء و فضلاء وہاں آکر شریک ہوتے اور نالندہ کی شرکت سے شرف حاصل کرتے

تھے۔ نائدہ کا طالب علم ہونا یا وہاں سے تعلق رکھنا باعثِ عزت سمجھا جاتا تھا۔ گویا اس کی وہی عزت تھی جو کبھی مسلمانوں میں قرطبہ و بغداد یا فرانس میں آکسفورڈ اور کیمبرج کو حاصل تھی یا جیسے آج کل جاپان کے طلبا کو حاصل ہے۔

۵ مذہب جو اخلاق و خیالات کی اصلاح کے لئے آیا تھا اور جس نے انسان کا رتبہ دیوتاؤں سے بھی بڑھا دیا تھا اور جس نے اپنی پاک تعلیم کے سامنے مہمل مذہبی رسوم اور دیوتاؤں بلکہ روح و خدا تک کو بھی بالائے طاق رکھ دیا تھا آخر وہ برہمنی توہمات اور باطل پرستی کا ایسا شکار ہوا کہ بت پرستی خود اس کا شعار ہو گئی۔ بدھ دیوتا مانا گیا اور دوسرے بتوں کی طرح اس کی بھی پرستش ہونے لگی، اور رفتہ رفتہ برہمنی مذہب نے اسے ملک سے ایسا ناپید کیا جیسے یہ کہیں کہ کسی شے کا بیج مارا گیا۔ برہمنی مذہب کو پھر عروج ہوا اور اس عروج کے ساتھ اس نے اپنی قیود کی جکڑ بند کو اور سخت کر دیا۔ اس جدید برہمنی دور کو پرانوں کا عہد اور پرانوں کا مذہب کہنا چاہیے۔ ویدی اور پرانی مذہب میں بڑا فرق یہ تھا کہ ویدی مذہب میں تو اے فطرت مثلاً اندر اگنی سُریا ورونا وغیرہ کی پرستش تھی اور پرانی مذہب میں یہ دیوتا ہو گئے اور برہما وشنو اور شو کی پرستش کا رواج ہوا۔ بڑی خصوصیت اس جدید عہد کی بتوں کی پوجا ہے۔ قدیم سے دیوتاؤں کے چڑھاوے آگ پر چڑھائے جاتے تھے لیکن بدھ مذہب کے بعد سے یہ چڑھاوے بتوں کے سامنے پیش ہونے لگے اور اس بت پرستی سے ہر طرح کی رسوم اور سیکڑوں قسم کے باطل عقائد اور توہمات کو زور ہو گیا۔ یہ تغیر بہت بُرا ہوا۔ بتوں کی پرستش انسان کے دل پر کبھی پاک اثر پیدا نہیں کرتی اور اس وجہ سے بہت سی خرابیاں اور بُرائیاں ہندوؤں میں پیدا ہو گئیں۔ ابتر تخیلات اور توہمات غالب آ گئے اور بت پرستی نے شان و شوکت اور دھوم دھام کی رسمیں بڑھا دیں اور اس ضمن میں سنگ تراشی، شاعری، موسیقی، اور فنِ تعمیر اور ظاہری رسوم اور ظاہری عبادت اور اندھا دھند تقلید نے

ترقی پائی اور ذات کا امتیاز اور مختلف فرقون کا نفاق درجۂ کمال کو پہنچ گیا۔ ذات نے برہمنون کی قوت اور دولت کو بیشک بڑھا دیا لیکن باقی تمام پیشہ وردن اور دستکارون کو ذلیل اور کمین بنا دیا۔ کس قدر شرم کی بات ہے کہ طبیبون، سُنارون، لوہارون، جولاہون، رنگ سازون، اسلحہ سازون اور عطارون کا شمار رجوردن اور رنڈیون کے ذیل مین کیا گیا ہے۔ اس سے قوم مین نفاق اور منافرت پیدا ہوگئی برہمنون کے عروج کے لیے ساری قوم کو ذلیل ہونا پڑا۔

لیکن اسکے ساتھ ہی یہ زمانہ بھی ظلمت سے خالی نہین۔ گویا یہ قدیم زمانہ کا آخری دور تھا۔ بکرماجیت اور اس کے نورتن اسی زمانے کی مشہور یادگارین ہین جس کی شان و شوکت کی داستانین اب تک ملک مین مشہور ہین۔ راجپوت بھی اول بار میدان تمدن مین اسی زمانے مین نظر آتے ہین۔ منو کا مشہور شاستر بھی اسی دور کی تصنیف ہے اور اس زمانہ کی معاشرت و رسوم اور مذہب کے سمجھنے کے لئے بڑی کارآمد ہے۔ کالیداس اور بھوابھوتی جو ہندوستان کے سب سے بڑے مشہور شاعر اور ڈراما نویس گزرے ہین، اسی زمانے مین پیدا ہوے اور ایک دنیا اب تک ان کے کمال کی عزت کرتی ہے۔ شاعری اور ڈراما اس زمانے کا اصلی حسن تھا۔ اس کے علاوہ فنِ نجوم و طبابت مین بھی ترقی ہوئی اور یہ بات دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ کچھ اوپر دو ہزار سال پہلے اسکندر اعظم کے لشکر مین ہندو طبیب موجود تھے اور گیارہ صدی بعد ہارون الرشید کے دربار مین بھی دو ہندو طبیب (منکا اور سالا) نظر آتے ہین۔

فاضل البیرونی جو محمود غزنوی کے زمانہ مین ہندوستان آیا اور یہان رہ کر اس نے ہندوؤن کے حالات و علوم کا بڑے غور سے مطالعہ کیا، اس نے اس بحث پر ایک بے مثل کتاب لکھی ہے جس کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ گیارہوین صدی مین ہندو زوال کی حالت مین تھے۔ مذہب برہمنون کی ملک تھا عوام جہالت و باطل توہمات مین مبتلا تھے۔ علوم و سائنس کا

پر چھا سنا جاتا تھا اور جو چند لوگ جاننے والے تھے وہ بتانے مین بڑا خجل کرتے تھے مگر باوجود اس کے اپنے ملک اور قوم پر بڑا فخر و ناز تھا، دوسرے ممالک اور اقوام کو نہایت حقارت سے دیکھتے تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ ملک ہے تو اُن کا قوم ہے تو اُن کی اور علوم و فنون ہین تو اُن کے اور باقی سب ہیچ اور مہمل ہے۔ ذلت و غلامی یہانتک بڑھگئی تھی کہ یونین (صناع و دستکارون وغیرہ) کا شمار سودون مین ہونے لگا تھا اور مذہبی تعلیم حاصل کرنے سے محروم کردئے گئے تھے اور بجاے علوم و فنون کے مہمل روایات اور فضول قصے کہانیان رائج ہوگئی تھین پولیٹکل قوت مین بھی ضعف پیدا ہوگیا تھا اور ذات کی قیود نے اتحاد سے بیگانہ کردیا تھا۔

ہندوستان پر اس وقت ہر طرف انحطاط و زوال چھایا ہوا تھا اور آفتاب تمدن لب بام تھا کہ جھٹ پٹے کے وقت ایک جدید عہد کا آغاز ہوا۔ مغرب کی تاریکی مین قدیم راہ سے ایک غیر قوم نے سرزمین ہند مین قدم رکھا اور صبح صبح ہوتے سارے ملک پر مسلط ہوگئی۔

یہ مسلمانون کی قوم تھی جو اول سندھ مین پہنچی اور بعد ازان افغانستان کے رستے ہندستان مین داخل ہوئی اور کئی صدی تک اس ملک پر حکمران رہی۔

اس سے پیشتر آریا اور برہمنی تمدن پر اندر اور باہر سے مختلف اور متعدد حملے ہو چکے تھے۔

(۱) ایرانیون نے پانچوین صدی قبل مسیح مین اس ملک پر حملہ کیا۔

(۲) یونانیون نے چوتھی صدی قبل مسیح مین یورش کی۔

(۳) اس کے بعد اہل باختر کے حملے تیسری یا پانچوین صدی تک ہوئے۔

(۴) پانچوین صدی (ق۔م) بدھ مذہب کا بڑا حملہ برہمنی مذہب اور تمدن پر ہوا۔

(۵) غیر آریا اقوام ہند اور نیچ اقوام کے حملے خصوصاً غیر آریا سلطنتون کی طرف سے ساتوین اور آٹھوین صدی مین۔

(۶) ادنے اعتقادات اور وحشیانہ رسوم کی برہمنی مذہب سے کشمکش جس پر سے شنکراچاریہ کی تعلیم سے اٹھوین نوین صدی مین فلسفی فرقہ شوکی بنا پڑی اور اس مذہب کے دیگر مصلحون کے ذریعہ بارہ سے سولھوین صدی تک نشو ونما ہوئی۔

(۷) مسلمانون کے حملے گیارہوین صدی سے اٹھارہوین صدی تک۔

(۸) انگریزی عہد۔

لیکن نہ یونانی اس کا کچھ کر سکے، نہ ایرانی، نہ بدھ مذہب قائم رہا اور نہ غیر آریا اقوام کا اثر یہان خود بخود یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ کونسی بات ہے جس سے آریا قوم ان تمام مخالف اثرات پر غالب آئی اور وجود دیکھا اس کے اکثر ہم عصر اور ہم سر قومین دنیا سے مٹ گئین لیکن وہ اب تک قائم ہے اور نہ صرف قائم ہے بلکہ اس مین پھر بڑھنے اور عروج کرنے کے آثار موجود ہین۔ اہل بابل اور ان کا تمدن کہان گیا؟ اہل فنشیا اور اُن کی تہذیب و تجارت کدھر گئی؟ مصریون کی مشہور آفاق قوت کیا ہوی؟ ایرنیون کی شان و شوکت کہان ہے؟ یونانیون کی عالمگیر عظمت کا نام رہ گیا مگر وہ عظمت دالے ناپید ہو گئے۔ روما کی شوکت و جلالت کے افسانے صرف تاریخون مین رہ گئے، مگر خود ایسے مٹے کہ پھر ویسے جانشین نصیب نہ ہوے۔ لیکن ہندو اب بھی کم و بیش اُسی تمدن و تہذیب کے ساتھ باقی ہین اور اقوام عالم مین بڑھنے کا دم خم رکھتے ہین آخر اس کے وجوہ کیا ہین؟ میرے خیال مین اس کے بڑے اسباب یہ ہو سکتے ہین:-

(۱) ہندو رشیون کی روحانی اور علمی ریاضت۔

(۲) اُن کا مضبوط نظام تمدن۔

(۳) ان کی رواداری۔

(۴) ان کی عہدون کی وفاداری اور جان نثاری۔

انہین خوبیون کے اثر نے انہین ابھی تک دنیا مین باقی رکھا ہے اور اگر انہون نے ان کے زندہ رکھنے کی کوشش کی تو وہ ہمیشہ قائم رہین گے لیکن یہ بات تسلیم کرنی پڑے گی کہ اسلامی عہد سے قبل جس نے اِس پر تسلط کیا اور اپنا اثر ڈالنا چاہا وہ یا تو خود مٹ گیا یا اس مین ضم ہوکر فنا ہوگیا - رہے انگریز سو انہون نے سرے سے ایسا ڈنگ ڈالا ہے کہ وہ ہندیون کی سوسائٹی سے ایسے الگ تھلگ رہتے ہین جیسے کوئی امراض متعدی سے - نیز فاتح کا غرور مفتوح کے میل جول کو گوارا نہین کرسکتا اس لئے نہ وہ ہم مین مل سکتے ہین اور نہ وہ یہان رہ سکتے ہین - اِن مین ہم مین ایک نہین کئی سمندر حائل ہین - اس مین شک نہین کہ اِن کے تمدن اور تعلیم کا اثر ہم پر ضرور پڑے گا اور پڑ رہا ہے لیکن ہم مین ان مین حقیقی اتحاد اور میل جول پیدا نہین ہوسکتا - کیونکہ یہ وہ چاہتے نہین، اور اتفاد ایسی آ کے پڑی ہے کہ ہم بھی اس کے کچھ ایسے خواہان نہین اور اگر کبھی انہون نے اس کا خیال کیا بھی تو ان کی ہستی بھی اسی طرح مٹ جائیگی جیسی بعض اور قومون کی جو یہان آکر بسین، اور اگر رہے بھی تو انہین ہندوستان کی سب سے ذلیل قوم بن کر رہنا پڑے گا - اس زمانہ کے حکیم شاعر نے ہندوستان کو "غارت گر اقوام و اکال الامم" کا بہت صحیح خطاب دیا ہے - اِس کی حالت ایک سمندر کی سی ہے - مختلف دریا اس مین آ آ کے گرتے ہین اور اپنی ہستی فنا کر کے اسی مین مل جاتے ہین، الّا مسلمانون کے، جو اگرچہ فاتح کی حیثیت سے آئے مگر بھائیون کی طرح گھل مل کے رہے اور باوجود صدیون کے قیام، کثرتِ اختلاط اور بے تکلف میل جول کے ان دونون قومون مین اب تک ننگا جنبی شان نظر آتی ہے - اِس مین شک نہین کہ اگرچہ ہندوستان کے مسلمان ایک حد تک "ہندو آ گئے" ہین مگر اپنی قومی حیثیت اور قومی شان کو اب تک لیے ہوئے ہین - ہندوستان مین مختلف قسم کے تمدن آئے مگر کسی کا اثر باقی نہ رہا اور رہا تو اس طرح کہ گویا کچھ تھا ہی نہین - مگر مسلمانون کے تمدن کے آثار نمایان طور پر باقی ہین اور باقی رہین گے اور اہل ہند پر اسکا ایسا گہرا اثر ہے کہ زمانہ

اسے مٹا نہیں سکتا۔ ہم یہاں نہایت سرسری طور سے چند اثرات کا نام لیتے ہیں :-

(۱) مسلمانوں نے ہندوؤں کے مذہب و خیالات پر بڑا اثر ڈالا۔ خصوصاً خاص توحید کا اثر سب سے زیادہ قابلِ لحاظ ہے۔

(۲) کھانے، پینے، رہنے سہنے، اور دوسرے عام معاشرتی طریقوں میں ترقی دی۔

(۳) بیہودہ رسوم اور توہمات کا زور کم کیا۔

(۴) فنِ عمارت کو خاص طور پر ترقی دی۔

(۵) فنِ جنگ میں بھی خاص ترقی ہوئی اور توپ اور بارود کو رواج دیا۔

(۶) بعض علوم مثلاً علم نجوم، طبابت، اور خاص کر تاریخ و جغرافیہ کا ذوق پیدا کیا۔

(۷) نئے نئے پھل پھول لائے باغبانی اور فلاحت کو بڑھایا اور عمام ذوق میں اصلاح کی۔

(۸) اور سب سے بڑھ کر ایک نئی زبان کا بننا ہے جو ہندو مسلمانوں کے اتحاد کی سب سے بڑی نشانی ہے۔ اور یہ ایک قوی وجہ ہے کہ اُردو کو اس ملک کی عام زبان ہونے کا دعوےٰ ہے۔

غرض دونوں قومیں ایک دوسرے کے تمدن و معاشرت اور خیالات اور دیگر اثرات سے اس قدر متاثر ہوئی ہیں کہ اب اگر کوئی چاہے کہ ان اثرات کو مٹا دے تو ناممکن ہے۔ گویا قسمت میں یہ بدا تھا کہ یہی دونوں قومیں اس ملک کی وارث ہوں گی اور اس کی قسمت انہیں دونوں کے ہاتھ میں ہوگی ان کے ایکے میں اس کی بہبودی، فلاح اور ترقی و عروج ہے تو ان کی پھوٹ میں اس کی ذلت و خواری اور نکبت و غلامی ہے۔ جب اُٹھیں گے تو ملکر اُٹھیں گے اور اگر گریں گے تو باہمی نااتفاقی کی بدولت دنیا میں کوئی فرد بشر ایسا نہیں ہے جو بے عیب ہو اسی طرح کوئی قوم بھی ایسی نہیں جو عیوب و نقائص

سے خالی ہو مگر دنیا مین شاید ہی دو قومین ایسی ہین جو ایسے اوصاف اور عیوب سے متصف ہین کہ اگر یہ اتحاد کرلین تو ایک کے عیوب پر دوسرے کی خوبیون سے پردہ پڑجائے گا اور ایک کے ضعف کو دوسرے کی قوت سنبھال لے گی۔ مسلمانون کو یاد رکھنا چاہیئے کہ ہندو ایک ایسی قوم ہے جس کے گزشتہ کارنامے اس عالم کی بہترین اور اعلےٰ یادگارون مین سے ہین۔ اور اس مین اب بھی بڑائی کے آثار اور دنیا مین ایک اعلےٰ قوم بننے کی صلاحیت موجود ہے۔ اور اسی طرح ہندؤن کو بھی نہ بھولنا چاہیئے کہ مسلمان وہ قوم ہے جس نے اپنی عالمگیر فتوحات کے ساتھ علم و اخلاق کی روشنی دنیا مین پھیلائی اور گو اب انحطاط مین ہے مگر اب بھی اس کی سلطنتین دنیا مین قائم ہین اور اگر وہ عقل سے کام لے تو اس مین اتنی سکت باقی ہے کہ وہ پھر دنیا کی نام آور قومون مین سے ہوجائے۔ اسے خوش قسمتی سمجھنا چاہیئے کہ ان دو قومون کا سنگم ایک ایسے ملک مین واقع ہوا ہے جو دنیا مین اپنی نظیر نہین رکھتا۔ اگر یہ دونون قومین نفسانیت اور خود غرضی کو چھوڑدین اور تھوڑا سا جبر اور تھوڑا سا صبر اختیار کرین تو ان کے اتحاد کی بدولت ایک ایسے تمدن کی بنیاد قائم ہوجائے اور یہ خود ایک ایسی قوت بن جائین کہ اس کی نظیر نہ ہو اور ایک دنیا اُن کے قدمون تلے ہو۔ تاریخ عالم کو چھوڑدو، کیا صرف ہندوستان کی تاریخ اس سبق کے لئے کافی نہین ہے؟ کیا صدہا اور ہزارہا سال سے وقتاً فوقتاً جو آفات و مصائب کا نزول اس بدنصیب ملک پر ہوا ہے وہ کافی شہادت اس بات کی نہین ہے کہ نااتفاقی گناہ اور اتفاق ایک بڑی نیکی ہے؟ کیا اس سبق کے سیکھنے کے لئے ابھی اور ذلتون، مصیبتون، اور ٹھوکرون کی ضرورت ہے؟ ٹھنڈے دل سے تعصب کو برطرف کرکے اگر تاریخ کا مطالعہ کرو اور واقعات و حالات کو سوچو تو اصل راز کا خود بخود انکشاف ہوجائے گا۔ مولوی سید علی مرحوم نے درحقیقت بڑا کام کیا کہ تمدن عرب اور تمدن ہند جیسی کتابون کا ترجمہ اردو زبان مین کردیا تاکہ ہم ایک دوسرے کے محاسن اور کارنامون سے واقف ہوکر ایک دوسرے کی عظمت و قدر کرین اور اپنے عیوب:

نقائص پر اطلاع پاکر اصلاح کے درپے ہوں۔ اور اصل یہ ہے کہ تمدن عرب کے بعد مولوی صاحب مرحوم کا فرض تھا کہ وہ تمدن ہند کا بھی ترجمہ کریں اور ہم خوش ہیں کہ وفات سے قبل وہ اس فرض کو انجام دے گئے۔ اس لحاظ سے اگر ہم مولوی سید علی مرحوم کا شمار فاضل ابوریحان بیرونی علامی ابوالفضل، فیاضی فیضی، جیسے علما میں کریں تو کچھ زیادہ بیجا نہ ہوگا۔

بسیان کے تمدن ہند کے علاوہ ایک اور کتاب اسی بحث پر ہندی فاضل مسٹر دویش چندر مرحوم کی تصنیف سے ہے۔ یہ کتابیں دو تین سال کے تفاوت سے ایک ہی زمانہ میں لکھی گئیں۔ مسٹر دت کی کتاب ہر لحاظ سے قابل قدر اور مستند ہے لیکن اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص اپنے خاندان کے حالات اپنے خاندان والوں کے لئے لکھے۔ اور ظاہر ہے کہ ایسی حالت میں وہ تصویر کے روشن اور تاریک رخوں کے دکھانے میں بڑی استادی سے کام لے گا۔ مسٹر دت نے تحقیق میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا لیکن چونکہ ہندوؤں کو تاریخ سے دلچسپی نہ تھی اس لئے تمدن و معاشرت کے حالات دکھانے میں قصے و فسانے کی کتابوں سے مدد لینی پڑی ہے۔ اور ظاہر ہے کہ قدیم قصوں اور فسانوں میں تمدنی حالات کے دکھانے میں کس قدر مبالغہ سے کام لیا جاتا ہے۔ بخلاف اس کے بسیان ایک غیر شخص ہے مگر ہند اور اہل ہند کے قدیم تمدن سے ہمدردی رکھتا ہے۔ اس نے جہاں محاسن دکھائے ہیں وہاں ان کے ضعف کو بھی جتا دیا ہے۔ اپنی اور غیر کی نظر میں جو فرق ہوتا ہے وہ محتاج صراحت نہیں۔ اگر کوئی ہمدرد ہمیں ہمارے نقص بتائے تو وہ درحقیقت ہمارے شکریہ کا مستحق ہے کیونکہ اس سے ہمیں اپنی اصلاح میں بہت بڑی مدد ملتی ہے۔ علاوہ اس کے بسیان نے یہاں کی مختلف اقوام کے حالات و اصل و فصائل پر بھی بحث کی ہے اور ان اقوام کے باہمی اختلاط سے جو اثرات مترتب ہوئے ہیں وہ بھی دکھائے ہیں، جو دلچسپی و افادہ سے خالی نہیں بمقابلہ مسٹر دت کے اس نے ہند کی عمارت کا حال بھی زیادہ تفصیل سے لکھا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کو اس سے خاص

دلچسپی ہے۔ اگرچہ ہندی تجارت کا مجمل ذکر کیا ہے لیکن ہندی جہازرانی کے متعلق ہیرو مصنفین ساکت ہین۔ حالانکہ جدید تحقیق سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ فن جہازرانی ہندوستان مین قدیم سے ہے۔ علاوہ جہازون کی اُن تصویرون کے جو اجنٹا، مدورا اور ہڑی کے مندرون مین موجود ہین اور عہد اندھرا کے اُن سکون کے جن پر جہاز کی تصویر بنی ہے، ہندون کا جاوا اور سیلون مین آباد ہونا اور بدھ واعظون کا جاپان اور چین جانا اور تجارتی تعلقات کا مصر و روم و دیگر ممالک سے ہونا اور رومی اور چینی سیاحون کا یہان کے بندرگاہون اور تجارت کا ذکر کرنا کافی اور قطعی ثبوت اس امر کا ہے کہ اہل ہند فن جہازرانی سے قدیم سے واقف تھے نیز اس نے ہند کی موجودہ حالت (انگریزی عہد) سے بحث کی ہے لیکن اس ضمن مین اس نے ہندوستان کی موجودہ تعلیم اور تعلیم یافتہ اصحاب پر بڑی سختی کے ساتھ نکتہ چینی کی ہے اور موجودہ انگریزی تعلیم کو اہل ملک اور حکام ملک دونون کے لیے خطرناک بتایا ہے۔ لیبان کی یہ راے بعض دیگر یوروپی سیاحون اور انگلو انڈین مصنفون کی سی ہے اگرچہ اس مین کسی قدر جدت پائی جاتی ہے لیکن صاف بوے تعصب آتی ہے۔

فاضل مصنف نے اِس تنقید کے وقت دو باتون کا لحاظ نہین رکھا ورنہ وہ ایسی سخت راے نہ دیتے

اوّل یہ کہ ایک ایسے ملک مین جو صدہا سال سے ایک خاص نہج پر چلا آرہا ہے اور جو اپنا خاص تمدن اور اپنے خاص علوم رکھتا ہے جب اس مین ایک جدید اور اجنبی زبان و علوم کو رواج دیا جائیگا تو ظاہر ہے کہ دلون مین بے چینی اور دماغون مین پراگندگی اور انتشار پیدا ہوگا اور ابتدا مین اس کے نتائج کبھی اچھے پیدا نہ ہون گے۔

دوسرے لیبان نے اس وقت کے طریقۂ تعلیم پر غور نہین کیا تعلیمی نتائج کی خرابی زیادہ تر طریقۂ تعلیم کی وجہ سے ہوتی ہے چنانچہ اس نقص کو ملک کے اہل الرّاے اور خود گورنمنٹ نے تسلیم کرلیا ہے اور اس کی اصلاح پر برابر توجہ کی جارہی ہے چنانچہ اب کچھ تو مرورِ زمانہ سے اور کچھ جدید اصلاح

سے بڑا فرق پیدا ہوگیا ہے اور ہمین قوی امید ہے کہ موجودہ تعلیم اگر صحیح طریقہ سے دی گئی تو ملک اور گورنمنٹ دونون کے لئے مفید ثابت ہوگی ۔

سوم - چند سال سے خود انگریزی گورنمنٹ نے اصول حکومت مین اصلاح کرنا شروع کردی ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ قوم و ملک کے تغیرات کے ساتھ ہمارے احساسات کا لحاظ کریگی اور بتدریج اپنے انتظامات مین اصلاح کرے گی ۔

خاتمہ مین اس کتاب کے پڑھنے والون سے ملتجی ہون کہ اگر اسمین کوئی سہو و خطا یا فروگذاشت اُن کی نظر سے گزرے تو اوس سے چشم پوشی فرمائین - والد مرحوم کی ناگہانی رحلت ایک ایسا بڑا صدمہ ہے جسکی تلافی تا زیست ممکن نہین - مین ان حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہون جن سے اس کتاب کے مسودہ و پروف کی تصحیح وغیرہ مین مدد ملی ہے بالخصوص عموی جناب میجر سید حسن صاحب بلگرامی کا جنہون نے ترجمہ کی نظر ثانی کی اور جناب مسٹر حافظ محمد جان صاحب کا جنہون نے کہ مسودہ و پروف کی تصحیح مین نہایت محنت کی اور مولوی عبد الحق صاحب بی اے جن سے دیباچہ مین مدد ملی - مولوی محمد ابراہیم خان صاحب مالک مطبع شمس خاص شکریہ کے مستحق ہین جنہون نے اس کتاب کی چھپائی و عکاسی مین خاص اہتمام کیا

سید مجتبےٰ علی بلگرامی سول انجنیر

خلف شمس العلماء ڈاکٹر سید علی بلگرامی مرحوم

تہدیہ

مین اس کتاب کو اس مشہور و قدیم قوم کی تذکرتا ہون جس کا تمدن ہنوز زندہ ہے۔ اور جسکے آثار قدیمہ متمدن اقوام عالم کے لئے باعث حیرت و عبرت ہین۔ وہ قوم جسکا ماضی ایسا شاندار ہے مگر فی الحال خواب غفلت مین سو رہی ہے محض اس امید مین کہ شاید اس داستان کو سنکر اس مجلد کی ورق گردانی کی بدولت وہ اس گہری نیند سے جاگے اور اُن اسباب پر غور کرنے لگے جنہون نے اسے کہان سے کہان پہنچادیا۔

ہندوستان بلادِ عالم مین ایک ایسا ملک ہے جو ہمیشہ سے عالمون وفلسفیون وصناعون اور شاعرون سیاحون اور فاتحون کے لئے باعث دلچسپی وحیرت رہا ہے یہ ملک بلحاظ اپنی آب وہوا وزمین، اعتقادات ونظامات لٹریچر وصنائع کے بجاے خود ایک ایسی دُنیا ہے جو ہماری یوروپی دنیا سے بہت مختلف ہے۔

اس حیرت انگیز دُنیا مین اہلِ بصیرت کیلئے تاریخ انسان کے تمام پہلوؤن کا خلاصہ ایک زندہ حالت مین موجود ہے۔ یہان انسانی ترقی کے وہ کل اطوار جنکو انسان نے ابتدائی وحشیانہ حالت سے لیکر ہمارے موجودہ تمدن تک نہایت محنتون ومشقتون سے طے کیا ہے، نظر آتے ہین۔

اگر ہم محققانہ طور پر اُن مسلسل تدریجی تغیرات کو جاننا چاہین جنکے ذریعہ سے مغربی اقوام نے اپنے موجودہ دماغی اور تمدنی حالت تک ترقی کی ہے۔ اگر ہم اُس بعید زمانہ ماضی کو جو ہمیشہ کے لئے غائب ہوچکا ہے اور جس مین ہمارے موجودہ اعتقادات جذبات اور خیالات کی بنیاد پڑی تھی۔ از سر نو پھر دیکھنا چاہین تو یہ ہمکو ان اقوام کے مطالعہ سے معلوم ہوسکتا ہے جو ارتقا کے مختلف مدارج اسوقت طے کر رہی ہین۔

کرۂ زمین پر صرف ایک ہی خطہ ایسا ہے جہان آج بھی ایک ہی سرزمین مین ایسی اقوام موجود ہین جن مین زمانہ ماضی کے کل ارتقائی مدارج علیحدہ علیحدہ نظر آتے ہین اور یہ وسیع وعجیب وغریب خطہ ہندوستان

ہے جس سے تمدن سے اس کتاب مین بحث کیگئی ہے۔

ہندی تمدن کی تاریخ بنی نوع انسان کی تاریخ ہے کیونکہ اس مین انسانیت کی تدریجی ترقی کے کل زمانے شامل ہین۔ تمدن کی وہ کل صورتین یہان نظر آتی ہین جو زندہ ہین یا عظیم الشان کھنڈرون مین خوابیدہ ہین۔ یہین ہمکو ہمارے نظامات و دستورات و اعتقادات کے بہت سے قدیم و ابتدائی رُخ نظر آجاتے ہین۔

ہندوستان کے نہایت قدیم زمانہ کی تصویر دکھانا مشکل ہے کیونکہ کوئی معتبر تاریخی اسناد موجود نہین۔ جنگون اور فتوحات کے افسانے، مختلف حکمران خاندانون کے نام جو تاریخ مین ملتے ہین اُن سے اقوام کی تدریجی زندگی اور ان کے طور و طریق کے متعلق صحیح معلومات مطلق نہین حاصل ہوتے۔ اسلئے ہمین تاریخی مواد کی کمی سے چندان مایوس نہونا چاہیئے۔ جس بات کا معلوم کرنا ایک محقق کے لئے نہایت اہم ہے وہ اُن خیالات و اعتقادات و جذبات کی عام رو ہے جو ہر زمانہ پر حکمران رہے ہین نیز وہ مختلف اثرات و اسباب جو ان خیالات و اعتقادات و جذبات کے پیدا ہونے کا باعث ہوئے۔ ہم نے ایک اپنی علیحدہ تصنیف[۱] مین جو مشرق کے تمدنون کی تاریخ کے مطالعہ کے لئے بطور مقدمہ کے ہے دکھایا ہے کہ یہ اسباب کیسے قوی ہین اور گو وہ بظاہر مختلف ہین لیکن تمام اقوام کو اسی قسم کے ارتقاے مدارج طے کرنا پڑتے ہین۔ کبھی کبھی جو دو قومون کی حالتون مین تضاد نظر آتا ہے اُنکا سبب یہ ہے کہ وہ ترقی کے مختلف مدارج مین ہین۔

گو قدیم ہندوستان کے متعلق تاریخی مواد و اسناد کی بالکل کمی پائی جاتی ہے لیکن مذہبی یادگارین جو عمارتون اور صنعتون اور کتابون کی صورت مین باقی رہ گئی ہین اُن سے تین ہزار برس تک کا کچھ نہ کچھ پتہ چل سکتا ہے۔ ان کی قدر و قیمت کسی مورخ کے بیان کے مقابلہ مین بالکل جداگانہ ہے۔ کسی

---

[۱] موسیو لبان کی اس تصنیف کا نام ہے "انسان اور انسانی معاشرتین" اُنکی ابتدا اور اُنکی تاریخ" مترجم۔

قدیم مندر کے بنیادی پتھروں پر نظر ڈالنے سے ہم کو ہندوؤں کے خیالات کا پتہ بہ نسبت تمام بادشاہی تواریخ کے اگر وہ موجود ہوتین، زیادہ خوبی سے چلتا ہے۔

مصنفون اور شاعرون کی تصنیفون، نظمون اور قصہ کہانیون سے بھی کچھ نہ کچھ اندازہ کسی قوم کے خیالات کا ہوجاتا ہے۔

کسی قوم کی پوشیدہ دماغی ترقیون کے مطالعہ کرنے کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اُس کی ادبی تصانیف کا مطالعہ کیا جائے۔

شاعرون اور قصہ گوؤن کی طبیعت بہ نسبت فلسفیون اور اہلِ فکر کے حد سے زیادہ اپنے گرد و پیش یعنے اپنی قوم و زمانہ کے حالات سے متاثر ہوتی ہے وہ اپنے زمانہ کے زندہ اور فصیح آئینہ ہوتے ہین گو وہ اس عکس کو کسی قدر ٹیڑھا بانکا بڑا یا چھوٹا کردین لیکن اس ٹیڑھے بانکے عکس مین بھی ہمکو بہت سی نئی باتین دریافت ہوتی ہین۔ وہ اپنے ہم خون اور ہم زبان لوگون کے رنج و خوشی کی امیدون اور جذبات اور محسوسات کے گیت اُنھین کی زبان مین ہم کو سناتے ہین۔ وہ نہ صرف اپنے لوگون کی قلبی حالت و ضمیر کی تصویر ہمارے سامنے پیش کرتے ہین بلکہ یہ بھی کہ اُن کے عصر مین اعتقادات و جذبات کی طاقت در رو کس سمت کو بہتی تھی۔ غرض یہ کہ شاعر و قصہ گو اپنے زمانہ کی روح مجسم کا ظہور ہوتے ہین۔ جب تک کہ شاعرون کی نظمین اور قصہ گوؤن کے فسانے انسانون کے حافظہ مین محفوظ ہین کوئی تمدن ایسا نہین جس کی حالت کم و بیش ہم معلوم نہ کرسکین۔

کسی قوم اور بالخصوص ہندوؤن کے صنعتی یادگارون کی قدر و قیمت کا صحیح اندازہ کرنے کے لئے اُنھین کی سرزمین و موقعون پر اُن کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ کیونکہ جو تمدن جس سرزمین مین پیدا ہوتا اور نشو و نما پاتا ہے وہین اُس کی حقیقت و اصلیت بہتر طور پر دریافت ہوسکتی ہے اور اس قسم کے اندازہ مین صحت بھی زیادہ ہوتی ہے کیونکہ وہ ہمارے اپنے جدید طرز خیال کی آمیزشون سے خالص رہتا

ہے۔ محض کسی کتب خانہ کی کتابوں کے مطالعہ سے کوئی یوروپی فلسفی کسی ایشیائی قوم کی اصلی قابلیت کو تو سمجھ سکتا ہے اور نہ اس کو بیان کر سکتا ہے۔

ہمارے جدید مغربی طرز خیال اور ایک مشرقی کے طرز خیال مین ایک عظیم فرق واقع ہوا ہے۔ ہم لوگ جس قسم کی صحت و وضاحت کے عادی ہین اہل مشرق اس کے برعکس ہین۔ کوئی شخص اہل مشرق کے مختلف و متلون لباسون کی بنا پر اُن کے منجمد و پُرسکون خیالات کا اندازہ نہین لگا سکتا بالخصوص ہندو اپنے خیالات و اعتقادات کے لحاظ سے ایک ایسے دھندلے اور سریع التغیر گہر مین ہے کہ اس کا صحیح طور پر بیان کرنا ہماری لاطینی محدود مگر صحت پسند زبان کے لئے نہایت مشکل امر ہے۔

۲

محققین یورپ نے اب تک جو مطالعہ مشرقی تاریخ کا کیا ہے وہ قریباً تمام و کمال ایسے سنسکرت تصانیف کے ترجمون پر محدود ہے جو زیادہ تر مذہبی رنگ کی ہین۔ لیکن سنسکرت ہندوون کیلئے ایک زمانہ دراز سے بمنزلہ مردہ زبان کے ہے اور اس کی حالت ہندوستان مین وہی ہے۔ جو لاطینی زبان کی یورپ مین۔ ہندوستان کی تمدنی ترقیات کا اندازہ محض وہان کی قدیم مذہبی یا ادبی تصنیفات کے ذریعہ سے لگانا ایسا ہی مشکل ہے جیسے کہ کوئی قدیم تمدن کا مطالعہ محض بائبل کی کہانیون یا ہومر کی نظمون کے ذریعہ سے کرے۔

ویدون کی پُرشان شاعری، قدیم حکماؤن کے عمیق فلسفیانہ خیالات، کثیر التعداد خداون اور خونخوار وحشیانہ رسومات کا اندازہ محض کتابون کے مطالعہ سے نہین ہو سکتا۔ اس عالیشان و نفیس و پُرشکوہ تمدن کا مطالعہ خود ہندوستان کی سرزمین پر کرنا چاہیئے۔ وہ پراسرار رموز جو ہندوون کے لٹریچر مین بھرے ہوئے ہین ہندوستان کے قدیم شہرون کے کھنڈرون اور قصرون اور مندرون کی سنگتراشیون

وصناعیون کے مطالعہ ہی سے سمجھے جاسکتے ہین۔ یہ عالیشان کھنڈر اور اُجاڑ قصر و مندر ہماری کی مرتفع بفانی سطح سے لیکر کوس کے سوکھے دجلے ہوئے میدانون تک پھیلے ہوئے ہین۔ جنکے موقعے دیکھکر گذشتہ عظمت کا ایک عبرتناک سمان آنکھون کے سامنے پھر جاتا ہے۔ ان متبرک و پُراسرار یادگارون کی تحقیقات ہنوز بہت کچھ ہونا باقی ہے۔ یہی وہ ننگی الواح ہین جنمین جھوٹ کا اسکان نہین اور جنمین گذشتہ اقوام ہند کے مجسم و گندہ خیالات بلاکم وکاست ہم پڑھ سکتے ہین۔

بہت ہی تھوڑا عرصہ ہوا کہ ان یادگارون کے ذریعہ سے ہندوستان کے تمدن کی تحقیقات شروع کیگئی ہے یورپ مین بہت سے علماء عرصہ سے سنسکرت لٹریچر کے مطالعے مین مصروف ہین اور سالانہ ضخیم جلدین شائع کیا کرتے ہین اور مختلف پایۂ تختون کے دارالعلوم مین سنسکرت کے درس بھی دیے جاتے ہین لیکن ہندوستان کی ان نمایان یادگارون کا مطالعہ حال ہی مین شروع ہوا ہے اور جاپانی دلچسپی مین قدیم سنسکرت لٹریچر سے کسی طرح کم نہین ہین۔

اگرچہ برٹش گورنمنٹ نے حال ہی مین کمیشن ان یادگارونکی تحقیقات کیلئے مقرر کیا ہے لیکن اس کا کام زیادہ تر ان یادگارون کی کندہ عبارتون کا مطالعہ کرنا رہا ہے۔ اور اُسنے معدودے چند خاص یادگارون کے اقلیدسی نقشے و تختے کاغذ پر مرتب کرلئے ہین۔ حالانکہ آجکل ہمارے مغربی تخیلہ کی تسکین کیلئے انکے صحیح و تفصیلی تصاویر کی از حد ضرورت ہے جنسے ان یادگارون کی اعلیٰ سنگتراشیون و صناعیون کا جو ہماری یورپی صناعیون سے بہت مختلف ہین اندازہ ہوسکے۔ ان باقیات الصالحات یادگارون کا تفصیلی علم باقی رکھنا اس لحاظ سے اور بھی ضروری ہے کہ یہ یادگارین انقلاب زمانہ کے اثر سے خود بخود گرتی اور مٹتی جارہی ہین۔ موجودہ آثار کی بنا پر کہا جاسکتا ہے کہ یہ عجیب و غریب یادگارین جو مدت ہاے دراز مین طیار ہوئی ہونگی پچاس سال کے اندر نیست و نابود ہو جائینگی مثلاً مین اس قدیم مگر فی الحال ویران شہر کھجوراہہ کو پیش کرتا ہون۔ اسکے ساٹھ عالیشان قدیم مندرون مین سے جو اس اُجاڑ شہر کی عجائبات مین سے تھے گذشتہ چالیس سال مین ایک تہائی نیست و نابود ہو چکے ہین۔

جنرل کننگم صاحب لکھتے ہین کہ ہندوستان کے دوران سیاحت مین یہ دیکھکر نہایت افسوس ہوتا ہے

کہ یہان کی بہت سی قدیم و نادر عمارتین اور یادگارین سخت کس مپرسی کی حالت مین چھوڑ دی گئی ہین۔ انگریزی حکومت کو ہندوستان مین سو سال سے زیادہ گذر گئے مگر ان قدیم یادگارون کی حفاظت و بقا کیلئے کچھ بندوبست نہین کیا گیا۔ ہندوستان مین تاریخی تصنیفات کی جو کمی پائی جاتی ہے اُس کی تلافی کسیقدر ان یادگارون سے ہوجاتی ہے کیونکہ یہی ایک ذریعہ ہے جس سے اس ملک کی قدیم حالت و تمدن کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ بہت زمانہ نہ گذرے گا کہ یہ یادگارین مٹ جائین گی اور شاید ان کا پتہ صرف کاغذ کے نقشون و تختون پر باقی رہجائے۔"

اگر جنرل کننگھم صاحب کی یہ نامسعود پیشین گوئی جس کے آثار نظر آرہے ہین پوری ہوجائے تو اس سے انسانیت کو ایک غیر قابل تلافی نقصان پہونچے گا۔ سائنس کی ترقی نے جو نیا راستہ اختیار کیا ہے اور اپنے خیالات کے اظہار اور محفوظ رکھنے کے جو کثیر التعداد و سریع العمل ذرائع اُس نے ایجاد کئے ہین اسلئے وہ زمانہ ہائے قدیم کی تقدیس نہین کرتا کہ ان بیش بہا سنگ تراشیون و نقاشیون پر جو نہایت محنت و صبر سے برت ہائے دور مین ڈھالی اور گھڑی گئی ہین تقدیس زمانہ کی مہر کردے۔

افسوس! کہ ایام جہالت اور اعتقاد کی یہ عجائب یادگارین ہم زیادہ دن نہ دیکھ سکین گے۔ اس زمانہ برق و بھاپ مین اہرام مصری اور گاتھک گرجون کو کوئی وجہ نہین کہ باقی رہین۔

ہندوستان کی یادگارون کے عکسی و قلمی تصویرین و نمونے، باستثنا ان عمارتون کے جو بڑے شہرون مین واقع ہوئی ہین اور جہان یوروپی سیاح کا گذر ہوتا ہے عموماً نہایت ناقص ہین اسکی وجہ یہ ہے کہ ہندوستان کے اندرونی و دشوار گذار حصون مین سفر و باربرداری کے ذرائع نہایت محدود و ناقص ہین۔ علمی سیاح کو علاوہ اپنے نازک سائنٹفک آلات کے ہر ایک ضروری اشیاء کا ذخیرہ اپنے ساتھ مہیا کرنا پڑتا ہے کیونکہ دور و دراز ویران جنگلون مین بجز درندے جانورون اور وحشی انسانون اور ملیریا بخار کے اور کچھ دستیاب نہین ہوتا۔ ایسی حالت مین علمی لیاقت کیلئے سفر کرنا نہایت مشکل کام ہے۔ انہین وجوہات سے ایک نہایت دلیر و جانباز انگریزی سیاح ایسٹ رک اپنی کتاب موسومہ "مینڈ بک فار مدراس پریزیڈنسی" (صوبہ مدراس

کے حالات کی کتاب) مین لکھتا ہے کہ اِن یادگارون کے اُستاد نہایت ناقص ہین اسکی وجہ یہ ہے کہ اِن قدیم یادگارون کی تحقیقات مین سخت گرمی اور لُو یا بخار سیاح کے لئے سدراہ ہین۔ ہندوستان کی اکثر قدیم عجائب وغرائب یادگارین دور ودراز گنجان جنگلون مین واقع ہوئی ہین جہان کی آب وہوا زہریلی ہے اور جہان وحشی درندے اور خونخوار گھڑیال بستے ہین۔ یہی سبب ہے کہ سیاحون کے بیانات اِن یادگارون کے متعلق عموماً مبہم اور ناقص ہین۔

یہی ابہام اور صحت کی کمی اس امر کا باعث ہوئی ہے کہ ہندوستان کی یادگارون سے درحقیقت بہت کم لوگ واقف ہین اور اِن کی عجیب وغریب صناعیون وگلکاریون کی خوبیون کی وہ قدر نہین کرسکتے اور سمجھتے ہین کہ وہ منبت کاریان جن سے یہ یادگارین لسی پڑی ہین ایک نیم وحشی صنعت[1] کی پیدا کی ہوئی ہین۔

فرانس مین اب تک کوئی ایسی کتاب نہین جسمین ہندوستان کی قدیم یادگارون وفن تعمیرات کی بارکیان دکھائی گئی ہون۔ اسکے مقابلہ مین ہنگارون ایسی کتابین ہین۔ جن مین گاتک زمانہ یا سولھوین سترھوین صدی عیسوی کے زمانہ کی عمارتون سے بحث کی گئی ہے تاریخ فن تعمیر کا اول سے آخر تک مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے ملک مین ہندوستان کی قدیم یادگارونسے کسیقدر لاپروائی وسرد مہری برتی گئی ہے وہ چند صفحے جو ہر ایک مصنف نے ہندوستان کی قدیم یادگارونکے متعلق لکھے ہین سراسر غلطیون سے بھرے ہوئے ہین موسیو بوے جنہون نے چار جلدون مین نہایت ہی عمدہ قاموس فن تعمیر کی مرتب کی ہے صرف ۳ صفحے ہند کی قدیم یادگارون کے

---

[1] اس موقع پر اس بات کا اظہار کردینا بھی ضرور ہے کہ ہر فن فن تعمیر ہی جنہون نے ہندوستان کی یادگارون کے متعلق کچھ لکھا ہے بسبب ناقص معلومات کے ہندوستان کی سنگتراشی کی صورتی کی نسبت بہت سی غلط بیان پھیلانے کا باعث ہوئے ہین بیشک نہین کہ انکی تصنیفات بعض خاص علمی معلومات کے خزینہ کے بہت ہی وقعت ہین لیکن قصاویر کے کی نسبت نہایت ہی کم یاب ہین۔ مگر ہندوستان کی سنگتراشی کا باقاعدہ وٹھیک طور سے مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ کثرت بنائی وعجائب ہی سے نہین بلکہ اس کتاب مین ہی ہمنے جو کچھ لکھا ہے اسکے ثبوت پر بہت کچھ کہہ سکتا ہے۔ حاشیہ مصنف

متعلق کافی سمجھتے ہین۔ اور غالباً اسیلئے کہ زمانہ تعمیر آٹھ ہزار سال قرار دیتے ہین حالانکہ یہ سنگ راشی شارلمان بادشاہ فرانس کی ہمعصر ہے اور ہندوستان کی قدیم یادگارون مین بہترین قسم کا نمونہ ہے۔ بات یہ ہے کہ ہمارے اکثر مکسیین اس فن سے خوب واقف نہین۔

فرانسیسی گورنمنٹ نے یہ خیال کرکے کہ ہندوستان کی قدیم یادگارون کی تحقیقات سے فرانسیسی صناعون اور مورخون کی معلومات مین بیش بہا اضافہ ہوگا ایک کمیشن اس غرض کیلئے مقرر کی کہ ہندوستان جاکر مین موقع پر ان قدیم یادگارون کا مطالعہ کیا جائے۔ چنانچہ اس کمیشن نے بعد تحقیقات ایک ضخیم تصنیف[1] شائع کی جسمین چار سو تصاویر مع تصریحات موجود ہین۔ اس تصنیف مین سے چند تصویرین مع اسناد کے ہمنے اس کتاب مین نقل کی ہین۔

تمدن ہند کی تاریخ زیادہ تر انہین یادگارون کے مطالعہ و تحقیقات کی مضبوط بنیاد پر مبنی ہے۔ ہمنے جزیرہ نمائے ہند کے قریباً تمام بڑی بڑی یادگارون کا بذات خاص معائنہ و مطالعہ کیا ہے۔ اور اس مین وہ پراسرار مقامات مثل نیپال کے بھی شامل ہین جہان ابتک بہت کم یوروپی محققین کا گذر ہوا ہے۔ ہمنے اپنی ذاتی تحقیقات کی بنا پر بہت سی نئی باتون کا انکشاف کیا ہے جو ابتک ہندوستان کے تمدن اور ہندوون کی تاریخ مذہب کے متعلق مبہم و لامعلوم تھین مثلاً انہین یادگارون کے مطالعہ سے ہمکو یہ نئی بات دریافت ہوئی کہ مذہب بودہ جسکو ابتک یوروپی محققین ایک لاانتہا مذہب سمجھے ہوئے تھے درحقیقت تمام مذاہب سے زیادہ کثیر الاله مذہب تھا۔ یوروپی محققین کی اس غلطی کا سبب یہ تھا کہ انہون نے اپنی تحقیقات کو زیادہ تر ان فلسفیانہ تصنیفات پر مبنی کیا جو شاکیا منی بدھ سے چھ سو برس بعد پیدا ہوئے تھے۔ انہین یادگارون کے مطالعہ و شہادتون کی بدولت ہمنے مدلل طور پر وہ اصلی اسباب بتائے ہین جنکی وجہ سے بدھ مذہب ہندوستان سے جہان اسکا جنم بھوم تھا غائب ہوگیا۔ علماء یورپ نے اس معمہ کے حل کرنے کی بہت کوشش کی مگر وہ اسکو صحیح طور پر حل نہ کرسکے۔

اس کتاب مین ہمنے انہین اصول تحقیق پر عمل کیا ہے جو ہماری اگلی تاریخی تصنیفات مین پیش نظر

---

[1] اس تصنیف کا نام دی نیو منس تف ہندیا ہے (یعنے ہندوستان کی یادگارین) یہ ۱۸۹۳ء مین شائع ہوئی۔

رہے ہین یعنے ہم نے نتائج کو صرف صحیح شہادتون اور خاصکر یادگارون کی بنا پر قایم کیا ہے۔ ہمنے دکھایا ہے کہ مذہبی اور تمدنی نظامات کیونکر تبدریج متغیر ہوتے گئے اور اُن کے اصلی اسباب کیا تھے۔ تاریخی واقعات کی صحت کو ہمنے سائنٹفک معیار سے جانچا ہے اور محض خیالات پر بھروسہ نہین کیا۔ انھین اصول کی بنیاد پر ہم نے ہندوستان کے نہایت پیچیدہ و پراگندہ فلسفیانہ اور مذہبی اور تمدنی خیالات کی گتھیان کو سلجھانے کی کوشش کی اور جہان تک ممکن ہوا اُن کو سچے و اصلی معنون و حالت مین پیش کر دیا ہے۔ قدیم دیوتاؤن کے اصلی خصائص پر جو پُراسرار پردہ پڑا ہوا تھا اُس کو اُٹھانے اور ان کو روزِ روشن مین لانے کی کوشش کی ہے۔

۳

علاوہ تاریخی و فلسفی وصناعی دلچسپیون کے جو ہندوستان کی تاریخ مین پائی جاتی ہین ایک بہت بڑا عملی فائدہ بھی ہم فرانسیسیون کیلئے ہندوستان کی موجودہ حالت کے مطالعہ مین ہے آج کل جبکہ یورپ مین نوآبادیان قایم کرنے کی ہوس روز بروز بڑھتی جارہی ہے اس بات کا مطالعہ کرنا نہایت اہم ہے کہ کس طرح ایک یوروپی قوم اپنے ایک ہزار اعلیٰ منتخب افسرون اور قریباً اسی ہزار سپاہیون کے ذریعہ سے ایک ایسے وسیع و دور دراز ملک پر کامیابی سے حکومت کر رہی ہے جس کی آبادی تیس کروڑ تک پہونچتی ہے۔ مجھے اپنے دوران سیاحت ہند مین اکثر بڑے انگریز افسران سے ربط ضبط کا عمدہ موقع حاصل رہا جس کی بدولت مین نے اس عجیب و غریب انگریزی نظم حکومت کا تفصیلی طور پر مطالعہ کیا اور اس حکومت کی کل اور اُس کے کیل پُرزون سے جس کے متعلق یورپ مین بہت کم علم ہے وقفیت پیدا کی۔

فی زمانہ جدید ہندوستان کا مطالعہ اس لحاظ سے اور بھی اہم ہوگیا ہے کہ برق و بہاپ نے دو مختلف دُنیاؤن یعنے مشرق و مغرب کو آمنے سامنے کر دیا ہے۔ اب تک ان دونون دُنیاؤن کے معاشرت و خیالات کے درمیان مین ایک غارِ عمیق واقع تھا۔ اب ایک جنگ عظیم ان دونون کے درمیان برپا

ہونے والی ہے مگر اس جنگ کا میدان ہند ہے اور نہ توپ و تفنگ اس کے اسلحہ ہیں۔ یہ جنگ تجارت و صنعت و حرفت کے جانکاہ میدان میں ہونے والی ہے۔ دو ایسی قوموں کا مقابلہ ہے جو بلحاظ معمولی قوائے ذہنی کے ایک دوسرے کے مساوی ہیں مگر ان میں سے ایک قوم کی ضروریاتِ زندگی تو حد سے زیادہ ہیں اور دوسری کی بہت مختصر۔ پس کیا ہم کو اس جنگ کے مستقبل بلکہ یوں سمجھنا چاہیئے کہ ہمارے یورپی تمدن کے لئے ایک خطرۂ عظیم درپیش ہے۔ اس جنگ کا کیا نتیجہ ہوگا؟ ہمیں کہاں تک مادی و دماغی اسلوب شرقی اقوام کو دینی چاہیئے جو ایک دن ہمارے ہی خلاف استعمال کئے جانے والے ہیں؟ یہ وہ اہم سوالات ہیں جن پر ہمیں اس کتاب کے پڑھتے وقت سنجیدگی و خاموشی سے غور کرنا چاہیئے۔

یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ ہندوستان کے تمدن کی تاریخ صرف ایک ایسے زمانہ ماضی کی تاریخ ہے جو ہمیشہ کے لئے داخل دفتر ہو چکا ہے بلکہ اس میں بہت سے لاسعلوم و خوفناک نتائج آئندہ کے لئے چھپے دھرے ہوئے ہیں۔

فرانسیسی زبان میں ہندوستان کے تاریخ تمدن پر یہ پہلی تصنیف ہے اس لئے کچھ عجب نہیں کہ اس میں جا بجا کچھ کمی و نقص رہ جائے۔ جو خاص مقصد اس کتاب میں پیش نظر رکھا گیا ہے وہ یہ ہے کہ گذشتہ تین ہزار سال میں ہندو سوسائٹی جن تدریجی تغیرات و تبدلات میں سے گذری ہے اس کی ایک زندہ تصویر اس کتاب کے پڑھنے والے کے سامنے پیش کر دی جائے۔ تاکہ وہ اس آخری قوم کی حالت سے جس کا قدیم تمدن اب تک زندہ ہے واقف ہو جائے۔

اگر اس کتاب کے پڑھنے سے مدبرین ملک اور فلسفیون اور صناعون میں اپنے معلومات بڑھانے اور جدید سبق حاصل کرنے کیلئے اس عجیب و غریب دنیا کی سیاحت کا شوق پیدا ہو جائے تو گویا اس کتاب کا مقصد پورا ہو گیا۔ ہندوستان ایک ایسی دنیا ہے جس سے بہت سبق سیکھے جا سکتے ہیں۔ ملک کے انتظام کرنے والے اس سے یہ سیکھ سکیں گے کہ انسانون پر حکومت کن طریقون سے کی جاتی ہے۔

فلسفیون کو اقوام کے خیالات سمجھنے مین آسانی ہوگی اور صناعون کو اس عجیب وغریب دُنیا مین ایسی
نئی نئی صناعیان نظر آئین گی جن کو وہ ابتک بسبب لاعلمی کے بہت ہی حقیر سمجھے ہوئے تھے۔

ہم نے قلم اور تصاویر کے ذریعہ سے یہ کوشش کی ہے کہ اس عجیب وغریب دنیا کے بعض
پرچ اپنے ناظرین کو دکھائین جو بہت سے تمدنون اور اعتقادات کی مولد و موطن ہے۔ لیکن قلم و پنسل
مین یہ طاقت کہان ہے کہ وہ اس دور و دراز دنیا کی قدرتی دلفریبی و خوبصورتی کو دکھا سکے جس کے خوشنما
نباتات کی خیرگی و بوقلمونی اور عالیشان مناظر اور مصفا آسمان پر رات کو لاکھون کروڑون تارون کی چمک
دمک سیاح کو محو حیرت کر دیتی ہے اور اسکو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی نئی دُنیا مین آگیا ہے کوئی کیونکر
اُن عجیب وغریب پُراسرار شہرون یا اُن پر جبروت پہاڑون کا بیان کر سکتا ہے جو دنیا مین سب سے اونچے
اور ایدلاباد سے برف کا مسکن ہین۔ جب سیاح اُن موہ شہرون پر سے گذرتا ہے جو کسی زمانہ مین ہمارے
یوروپی پایۂ تختون کے ہم پلہ تھے۔ اور اُجڑے ہوے پُرشکوہ مندرون و عالیشان سنگ سرخ کے
محلون کو جو یکایک کسی جنگل مین سے اُبھرے ہوے نظر آتے ہین دیکھتا ہے تو وہ اس عبرتناک نظارہ
سے سہم جاتا ہے اور سوچنے لگتا ہے کہ ان عظیم الشان شہرون اور پرشکوہ مندرون اور جلیل القدر قصرون
نے ایسی کیا خطا کی تھی کہ تمہارہی ان پر ٹوٹ پڑا۔ وہ پراسرار مندر جنکا سلسلہ پہاڑون کے تیرہ و تاریک کھوہون
مین اندر ہی اندر چلا گیا ہے اور جنمین مشعل یا لالٹین کی روشنی کی مدد سے بیشمار سنگی مورتین سیاح کی طرف
جھکی پڑتی ہے ایک عجیب وغریب اثر سیاح پر پیدا کرتی ہین اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ سنگی مورتین گویا
مردہ خداؤن کے ہزارہا خاموش غلام ہین۔ ان عجیب و غریب مناظر کی تصویر کھینچنا ایسا ہی محال ہے جیسے
کہ کوئی قابل مصور اپنی پنسل سے ان سنگ مرمر کے خوبصورت قصرون کی نقل بنانیکی کوشش
کرے۔ کیونکر ممکن ہے کہ وہ ان موتی کے سے شفاف و آبدار پتھرون کو جو سالہا سال مین محنت و صبر سے
تراشے گئے اور اُن شہابی دیوارون کو جو کسی مصفا کرہ مین دائمی نیلگون آسمان کی طرف اُٹھی ہوئی ہین۔

اپنی قلم سے تصویر کردے۔

جب سیاح ہندوستان کے اِن دلفریب مناظر کو دیکھتا ہے تو گذشتہ عظمت و شوکت کی زندہ تصویر اُس کے سامنے کھڑی ہوجاتی ہے اور ایک پرستان کا سماں اُسکی آنکھوں کے سامنے پھر جاتا ہے۔ ہندوستان ہی کی سیاحت مین ہم برائے العین دیکھ سکتے ہین کہ وہ کون سے تدریجی تغیرات ہین۔ جنھین سے انسان کو اب تک گذرنا پڑا ہے۔ یہین آکر ہمین معلوم ہوتا ہے کہ وہ کون سے اختلافی اسباب ہین جو ایک انسان کو دوسرے سے جدا کرتے اور وہ کون سے اتحادی اسباب ہین جو انکو متحد کردیتے ہین۔ یہین ہمکو یہ شاہدہ ہوتا ہے کہ کیونکر موجودہ حالت زمانہ ماضی کے اسباب کا نتیجہ اور زمانہ مستقبل کی طیاری ہے۔ یہین ہمکو یہ دریافت کرنے کا موقع ملتا ہے کہ کس طرح پر ہمارے خیالات و دستورات و اعتقادات پشتہا پشت مین لامعلوم طور پر بطور وراثت کے ہمارے جزو طبیعت بن گئے ہین اور ہم اُن کے زیر اثر ہین۔ صرف قرون ماضیہ کے کل طبقات پر نظر ڈالنے سے ہم یہ جان سکتے ہین کہ ہمارے نظامات و اعتقادات کیونکر پیدا ہوے۔ اور اِن زبردست قوتون سے انسانی زندگی مین کیا کیا کارہاے عظیم نتیج ہوے اور اب بھی وہ اپنے ارتقائی قانون سے آہستہ آہستہ تمام چیزونکو ایک لامعلوم و پُراسرار نشانہ کی طرف کھینچے لئے جارہی ہین۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب اوّل مرزبوم

باب اوّل - زمین و آب و ہوا

فصل اوّل - ہند کا عام ڈھانچہ

ہندوستان کی شکل ظاہری

شکل ظاہری کے لحاظ سے ہندوستان بجاے خود ایک دنیا ہے - ایک طرف تو عالی شان دیوارین پہاڑون کی ہین جن سے پار ہونا محال معلوم ہوتا ہے اور دوسری طرف سمندر کی موجین ہین جو اسے تین جانب سے گھیرے ہوے ہین - یہ معلوم ہوتا ہے کہ فطرت نے اس ملک کو ہمیشہ کے لئے تمام دنیا سے علیحدہ کر دیا ہے - اِس کی حدود پر غور کرنے سے ثابت ہوتا ہے

کہ اس سنو مین نے ایک خاص تمدن پیدا کیا ہے جو مٹا سے نہین مٹتا اور اس تمدن مین جتنے خارجی اجزا آکر شامل ہو گئے ہین وہ خود اسی مین مرمٹے ہین۔ ہندوستان اس وقت تک وہی متبرک اور پر اسرار زمین ہے جس کا ذکر یہان کی قدیم شاعری مین کیا گیا ہے۔ اس وقت بھی جب کہ اس ملک کی بے نظیر زرخیزی کی بدولت باوجود بہت سے موانع کے اقوام فاتح نے کئی ہزار سال کے اندر اس پر بیس مرتبہ دھاوا کیا ہے۔ اس وقت بھی جب کہ علوم جدیدہ نے آمد و رفت کی آسانیان پیدا کردی ہین اور فاصلون اور راہ کی مشکلات کو معدوم کر دیا ہے ہندوستان کے حدود کا بہت بڑا حصہ سخت دشوار گذار ہے۔ کوہ ہمالیہ کے سارے سلسلہ مین کوئی آسان راستہ موجود نہین اور نہ کوئی عمدہ اور محفوظ بندرگاہ سمندر کے کنارے ہے۔ گویا یہ ایک ملک ہے جو چاردن طرف سے بند ہے۔ یہان آنا بھی ویسا ہی مشکل ہے جیسا یہان سے نکلنا۔ پرانی اقوام مین سے جتنی قومین یہان آکر بسین انہون نے یہان سے نکلنے کا کبھی خیال بھی نہین کیا۔

ہندوستان تمام عالم کا ملخص ہے

اس قدر دنیا سے الگ ہونے پر بھی یہ ملک اختلاف آب و ہوا اور اختلاف مناظر کے لحاظ سے گویا تمام عالم کا ایک ملخص ہے۔ وسعت رقبہ اور بلندی و پستی کے اختلاف کی وجہ سے یہان ہر قسم کی آب و ہوا موجود ہے۔ گرمیون کے موسم مین جب کہ ملابار اور کارومنڈل کے سواحل اور پنجاب کے میدان گرمی کی شدت سے بھن رہے ہین اس وقت پہاڑون کے دامن پر سدا بہار کا موسم ہے اور شمال کی پہاڑی سطحون پر شدت سے ٹھنڈی ہوا ہر چیز کو ٹھٹھرا رہی ہے۔ دوسری طرف ہمالیہ کی چوٹیون پر ایسی موٹی چادر برف کی پڑی ہوئی ہے کہ اس کا مقابلہ صرف اقطاب عالم کے گرد و نواح سے ہو سکتا ہے جب کہ اوائل جون مین جنوب و مشرق کی طرف بارش کی شدت ہو رہی ہے اور ندیان ہر طرف زور سے جاری ہین اور لیہ اور سندہ کے کاشتکار خشکی کی شدت سے اپنے نیلے آسمان کو مایوسی کی نظرون سے دیکھ رہے ہین اور جلتی ہوئی ریتی مین اپنی سوکھی ندیون کے پانی کو ڈھونڈ رہے ہین۔

منظر اور آب و ہوا مین تضاد اور اس کے اسباب

یہ ایک ملک ہے عظیم الشان منظرون اور عظیم الشان تضاد کا۔ تھار کے دردناک ریگستان

سے ملا ہوا رود گنگ کا وہ زرخیز خطہ ہے جس کو دیکھ کر انسان حیرت مین آجاتا ہے۔ دکن کی پہاڑی سطح کی بیچ بیچ مین وہ ہری بھری گھاٹیان ہین جن کے گہرے سبزے کو کوئی چیز تلف نہین کر سکتی۔ کشمیر کے شاداب ملک سے جو کہ جنت کا نمونہ ہے جب اوپر چڑھیے تو وہ خطرناک اور جلی ہوئی پہاڑی دیوارین ملتی ہین کہ بقعات الارض کی تاریخ مین شاید ان سے زیادہ ٹھیرے بگڑے پہاڑ کبھی سطح زمین سے اوپر نہ اُبھرے ہون گے۔ فطرت کے اس شدید تلون اور خودرائی کے دو ہی سبب معلوم ہوتے ہین۔ اولاً سطح زمین کی سخت ناہمواری اور دوسرے ندیون کے ذریعہ سے پانی کی تقسیم مین سخت نامساوات۔ انہین دو اسباب نے ایک خطہ زمین کے ہزار خطے بنا دئے ہین اور ایک تھوڑے فاصلہ کے اندر ایسی مختلف آب و ہوائین پیدا کر دی ہین جو دوسرے اقطار عالم مین ایک دوسرے سے نہایت دور دراز فاصلون پر واقع ہوئی ہین۔

سطح کی ناہمواری اور پانی کی تقسیم مین نامساوات۔

پس ہندوستان کے جغرافیہ مین ہمین سب سے پہلے سطحی ناہمواری کو دیکھنا چاہیے جو بمقابل سمندر کی سطح کے محسوب ہوتی ہے اور ثانیاً ہمین اُن ندیون کی تعداد اور اُن کی سودمندی اور ان کی جہت کو دیکھنا چاہیے جو اس سطح زمین پر جاری ہین۔ ندیون کے ساتھ ہی ساتھ ہمین بارش کی تقسیم اور مانسون پر بھی نظر ڈالنی چاہیے۔ اس عجیب و غریب ملک مین جو پانی آسمان سے زمین پر گرتا ہے یہ بھی نتائج کے پیدا کرنے مین اسی قدر پُراثر ہے جیسا وہ پانی جو ندیون کے ذریعہ سے سطح زمین پر رواں ہوتا ہے۔

ہندوستان دو مثلثون سے بنا ہوا ہے

ہندوستان کی ظاہری شکل ایک مربع کی ہے جو دو مثلثون سے بنا ہوا ہے۔ یہ دونون مثلث قریب قریب مساوی ہین اور ان مین ایک ضلع مشترک ہے۔ شمالی مثلث کا اوج نگا پربت ہمالیہ کی پُرشان چوٹیون مین سے ایک چوٹی ہے اور جنوبی مثلث کا اوج کیپ کامرن ہے ان دونون مثلثون کا مشترک ضلع وہ گہری گھاٹی ہے جو خلیج کھاج سے رود گنگ تک گئی ہے اور جس مین نربدا اور سون کی ندیان ہین۔ ان مین سے ایک تو مغرب کی طرف جاتی ہے اور دوسری شمال و مشرق کی طرف۔

ان دونون مثلثون کے بیچ مین صرف یہی دونون ندیان حد فاصل نہین ہین بلکہ ان کے علاوہ اس گھاٹی کے شمال مین بندیاچل کا سلسلہ ہے اور اس کے جنوب مین ساتپورہ کا سلسلہ۔ پس کہنا چاہیے جزیرہ نما ے ہند کے جنوبی حصہ کو شمالی ہند کے تصرفات سے محفوظ رکھنے والی تین فطرتی دیوارین موجود ہین اور آگے چل کر معلوم ہوگا کہ اس خطہ ملک کے سواحل بھی اسی طرح محفوظ کیئے گئے ہین۔

ہندوستان ودکن شمالی مثلث کا نام ہندوستان یعنی ملک ہنود ہے اور ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ یونانی لفظ انڈیا سے مشتق ہے یونانیون نے اس کو دریاے سندھ (انڈس) کے نام سے جہانتک پہنچے تھے اخذ کیا اور اس ایک ندی کے نام پر اُس سارے ملک کا نام رکھ دیا جس مین سے یہ گذرتی ہے اور جس ملک کو فتح کرنے کی اُنہین بے حد تمنا تھی لیکن یہ اشتقاق پوری طرح مسلم نہین ہے اور ممکن ہے کہ ملک کا نام اس کے مشہور دیوتا اندر کے نام پر رکھ دیا گیا ہو۔ مگر اصل اشتقاق کچھ ہی ہو۔ اس نام کا اطلاق دوسرے ممالک پر بھی ہوا ہے۔ یوروپیون کا متخیلہ ہند کے عجائبات اور اس کی بے انتہا دولت اور زرخیزی کے خیالات سے اس درجہ بھرا ہوا تھا اور انہین اس ملک کی راہ کے پتہ لگانے کی اس درجہ تمنا تھی کہ ان سے اس کی سمت کے متعلق غلطیان وقوع مین آئین جس وقت کرسٹاذ کولمبس کے جہاز دنیاے جدید کے سواحل تک جا پہنچے تو اس کا یہی خیال تھا کہ وہ ہندوستان کے ملک مین آگیا۔ مغربی ہند کے سوا خود ایشیا مین اور جزائر بحر ہند کے جزائر مین بہت سے جزایر اور سواحل کا نام ہند پڑگیا تھا حالانکہ یونانیون نے اس نام کو صرف دوآبہ سندھ کے لئے مخصوص کردیا تھا ہم اپنی اس تصنیف مین ملک ہندوستان سے صرف وہ جزیرہ نما مراد لین گے جس کے حدود آسام کے پہاڑ کوہ ہمالیہ کوہ کاراکورم کوہ ہندوکش کوہ سلیمان اور سمندر ہین۔ اس جزیرہ نما کے حدود ارضی کے اندر شمالی مثلث کے حصے کو ہم ہندوستان کے نام سے تعبیر کرین گے اور جنوبی مثلث کو دکن کہین گے۔



(۱) غربی ہمالیہ کا ایک گاؤں

فصل دوم - ہندوستان

ہندوستان کی حدود ہندوستان کی بڑی سرحد کوہ ہمالیہ کا سلسلہ ہے جس مین دنیا کے پہاڑون مین سب سے زیادہ بلند پہاڑ واقع ہوے ہین - قدیم ہنود اس سلسلہ کی چوٹیون کو دور سے دیکھ کر انہین دیسا کی چھت کہا کرتے تھے - جب اس سلسلہ پر بحیثیت مجموعی نظر ڈالی جاے اور اس کی تمام شاخون کو دیکھا جاے تو یہ ایک سطح منحدر معلوم ہوگی جس کی اوسط بلندی تقریباً ۱۲۰۰۰ بارہ ہزار فیٹ اور جس کا بلند ترین حصہ تقریباً بیس ہزار فیٹ ہے - اس اونچی سطح پر جا بجا چوٹیان ہین جن کی بلندی تیس ہزار فیٹ تک پہنچتی ہے بحالت ہمالیہ کے مغربی حصہ کی ہو لیکن جس وقت ہندوستان کی مشہور ندیون یعنی سندھ گنگا جمنا اور ستلج کے منابع سے اوپر چڑھین تو پھر ہمین ایک پہاڑی سطح ملتی ہے جو تبت تک منتہی ہوتی ہے اور جس مین پہاڑی سلسلہ کی شان بالکل مفقود ہو جاتی ہے - اس بلندی پر جو کہ یورپ کی اونچی سے اونچی چوٹیون سے بھی زیادہ بلند ہے ہمین وہ ویران اور سنسان خطہ ملتا ہے جو نہ حدود ہندوستان مین ہے نہ حدود ترکستان و تبت مین - یہان کسی قسم کے نباتات نہین پاے جاتے اور سطح زمین مین انجماد برف کی وجہ سے پانی ایک جگہ جمع ہو جاتا ہے یہان ہوا اس قدر رقیق ہے کہ تنفس مین دقت واقع ہوتی ہے اور مسافر کو بھاگنا پڑتا ہے - یہان کے باشندون نے اس خطہ کا نام ارض الموت رکھا ہے اور یہ تعریف اس پر پوری طرح صادق آتی ہے - یہین ہے کاکورم کی مشہور چوٹی جس کی بلندی اس وقت تک معلوم نہین ہے کیا عجب ہے کہ یہ ایک دن گوری شنکر سے بھی جس نے ایورسٹ کی چوٹی چھورا زو کو مات کیا بلندی مین گوے سبقت لے جاے - گوری شنکر کی چوٹی سلسلہ ہمالیہ کی سمت مشرق مین واقع ہوئی ہے - اور دھولگری گوری شنکر اور کنچن جنگا یہ تینون ملکر ایک ایسا بلند سلسلہ پیدا کرتے ہین کہ اس کو اگر سلسلہ ہمالیہ کے فقرات الظہر سے تعبیر کرین تو بجا ہوگا - اس ریڑھ کی ہڈی کے شمال مین گنگ دیسری کا سلسلہ ہے جو تبت مین واقع ہوا ہے اور

اِس کے جنوب مین نشیب ہمالیہ کا خط ہے جو گنگا کی شمالی شاخون تک ختم ہوتا ہے ہمالیہ کا سلسلہ جو رقبہ مین فرانس کے ملک سے زیادہ وسیع ہے بجاے خود ایک دیوار ہے جو فطرت نے دو ملکون اور دو اقوام کے بیچ مین قایم کی ہے اور اس کا نظیر روے زمین پر نہین ہے یہ مشکل خیال مین آتا ہے کہ شمالی بلند خطہ مین اور جنوب کی گہری گھاٹیون مین کبھی بھی کوئی تعلق رہا ہو خواہ بیان کے باشندون مین یا اُن کے رسوم و اوضاع مین۔

ہندوستان اور چین کے درمیان راہین

ہندوستان اور چین کے درمیان مین صرف دو راستے ہین جو سلسلہ ہمالیہ کے دونون کناردن پر واقع ہوے ہین۔ ایک شملہ سے ہوکر اور دوسرے دارجیلنگ سے لیکن یہ دونون راستے ناتمام ہین اور ان سے آمد و رفت بہت کم ہے مسافر اور تجار کبھی کبھی اِس راستے سے تبت سے ہندوستان کو آتے ہین۔ اِن کے مال و اسباب کی چھوٹی چھوٹی گٹھریان بکریون یا میندھون کی پیٹھ پر لدی چلتی ہین۔ کیون کہ یہی جانور ہین جو ان دشوار گذار پگڈنڈیون سے عبور کر سکتے ہین۔ عموماً یہ پگڈنڈیان ندی نالون کے کنارے کنارے ہوا کرتی ہین لیکن خطہ ہمالیہ کے ندی نالے بھی ایسے نہین ہین جن پر سے انسان بآسانی گذر سکے۔ یا کنکر گھر سے دنون کے اندر ہوا کرتے ہین اور ان کی گذرگاہین بالکل پتھریلی ہوتی ہین کبھی تو پانی کی آواز کسی عمیق قعر کے اندر سے بمشکل محسوس ہوتی ہے۔ اِن ندی نالون کو پار ہونے کے لیے کہین تو درختون کے تنے استعمال کیے جاتے ہین اور کہین رسّے اور پار ہونے کے ساتھ ہی پھر ایسی بلندی پر چڑھنا پڑتا ہے جس کا محض خیال مرمین چکر پیدا کرتا ہے اس کے ساتھ بھی ہند کے ملک پر بارہا اقوام فاتح کے دھاوے ہوے ہین۔ قدیم الایام سے مغرب زمین کے کل بہادر اور بلند خیال سلاطین کی یہی تمنا رہی کہ اس ملک تک اپنے کو پہنچائین کیون کہ انہون نے کہانیون اور داستانون مین سُنا تھا کہ یہان جواہرات کی ندیان بہتی ہین اور یہان کی شاہی اور زرخیزی احاطہ خیال مین نہین آتی۔

اِس قلعہ کے دروازے

اِس فطرتی قلعہ مین جس کے اندر ہندوستان واقع ہوا ہے صرف شمال و مغرب

ہین ایک دروازہ ہے۔ جو دروازہ دریا سے کابل ہے اور اسی راہ سے اسکندر اور مغل اور اغانہ اس ملک مین آئے ہین۔ بلاشک یہ وہی راستہ ہے جسے قدیم اقوام آریہ نے اختیار کیا تھا کیون کہ بجز اس کے کوئی اور راستہ ایسا نہین ہے جس سے فوج بہ آسانی آسکے۔ اِس ایک منفذ کے بعد سلسلہ سلیمان کے ذریعہ سے پہاڑون کا حلقہ بھرپور ہوجاتا ہے۔ اگرچہ یہ حلقہ اِس قدر مستحکم نہین ہے جیسا ہمالیہ کا سلسلہ لیکن تاہم روکنے کے لئے کافی ہے۔ اِس ایک راہ کے سوا جس کی حفاظت آج پیشاور کی چھاونی اور اٹک کے قلعہ کے ذریعہ سے کی گئی ہے شمال کی طرف جس قدر راہین ہین وہ قریبًا ناممکن العبور ہین۔ اسی طرح مشرق کی طرف بھی ہمالیہ کے حلقہ مین ایک بہت بڑا منفذ ہے جس کی راہ سے برہمپتر کی ندی اوتری ہے۔ زمانہ قدیم مین ممالک چین کی اقوام زرد رنگ اسی راہ سے ہندوستان مین آئی تھین لیکن اس مین شک نہین کہ انھین بڑی مشکلات کا سامنا پڑا ہوگا۔ کیونکہ جہان تک ہم خیال کرسکتے ہین برہمپتر کی بلند گھاٹی جس کی تحقیقات اِس وقت تک پوری طرح نہین ہوئی ہے کثرت بارش کی وجہ سے ناقابل عبور کے لئے گویا بالکل مسدود ہے۔ اس خطہ مین بارش اس شدت اور کثرت سے ہوتی ہے کہ ہر جگہ عالم آب ہوجاتا ہے اور راستون کے علامات بالکل مٹ جاتے ہین چشمکیان و دلدل بن جاتے ہین اور نباتات اِس کثرت اور گنجانی سے پیدا ہوتے ہین کہ آدمی کا قدم آگے نہین بڑھتا نباتات کی وجہ سے ہوا مین سمیت آجاتی ہے اور انہین وجوہ طبعی اسباب کا نتیجہ ہے کہ اِس وقت دنیا مین کوئی خطہ نہین ہے جو متمدن ممالک سے اس قدر قریب ہو اور پھر اس کی نسبت اتنی کم واقفیت حاصل ہوئی ہو جو برہمپتر کے بائین کنارے پر آسام کے پہاڑ ہین اور ندی خم کھاتی ہوئی کھاسی اور گارو کے پہاڑون مین سے نیچے اوتری ہے یہ دونون پہاڑ اس سلسلہ کی اخیر کڑیان ہین جو ہندوستان کو شمال کی طرف سے گھیرے ہوئے ہے۔ اِن پہاڑون کی زنجیر مین جکڑا ہوا ہندوستان یعنی شمال ہند گنگا اور جمنا کی گھاٹیون کے بیچ مین ایک طرف تو آبنائے بنگالہ کی جانب اور دوسری طرف بحر عرب کی جانب بتدریج اوترتا آتا ہے یہ دونون ندیان اس کو دو حصون مین تقسیم کردیتی ہین جو

ایک دوسرے سے بالکل علیحدہ ہین۔ جنوب مین آکر یہ فرق اور بھی بین ہو جاتا ہے کیون کہ یہان کوہ ارولی کا سلسلہ جس مین آبو کا پہاڑ واقع ہوا ہے حد فاصل ہے۔

گنگا اور سندہ کی گھاٹیان | رود گنگ کی گھاٹی زرخیزی اور آبادی اور خوبصورتی مین دنیا کے بہترین خطون مین ہے۔ سندہ کی گھاٹی البتہ ایسی نہین بلکہ دیکھا جاے تو یہین ہندوستان کا ریگستان واقع ہوا ہے۔ ان دونون ندیون کے گذرگاہون کا فرق ان کی سمت کی وجہ سے ہے۔ گنگا کا بھاؤ سلسلہ ہمالیہ کے محاذی واقع ہوا ہے۔ برخلاف اس کے دریاے سندہ کا بھاؤ اس کے ساتھ زاویہ قائمہ بناتا ہے گنگا جیون جیون بہتی جاتی ہے ہر قدم پر اسے ہمالیہ سے مدد ملتی جاتی ہے اور ہر قدم پر اس مین چھوٹی چھوٹی نمیان اور شاخین جو برف کے پگھلنے سے پیدا ہوئی ہین آن ملتی ہین۔ جیون جیون ندی سمندر کی طرف بڑھتی جاتی ہے وہ وسیع تر خطون کو شاداب کرتی جاتی ہے۔ برخلاف اس کے سندہ جیون جیون اپنے منبع سے دور ہوتی جاتی ہے اس کی شاخین کم ہوتی جاتی ہین اور بہت سی ان مین سے ریتی مین جاکر تلف ہو جاتی ہین کیونکہ ان مین بہاؤ کی طاقت نہین رہتی۔ پنجاب کا ملک البتہ پانچ ندیون کی وجہ سے شاداب ہے لیکن تبدیچہ یہ ندیان ایک مین مل جاتی ہین جو جنوب و مشرق کی طرف سمندر مین داخل ہوتی ہے اور اپنے بائین کنارے پر بڑے بڑے اوسر اور تا آباد خطے چھوڑ جاتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی قدیم زمانہ مین اس حصہ پر سمندر کا پانی ایک بڑی خلیج کی شکل مین تھا۔ کیون کہ شمال ہند کے میدان اور وہ طبقات الارض جو ترائی ہمالیہ کے جنوبی پہلو پر واقع ہوے ہین سب جدید طبقات ہین۔ قدیم طبقات جن مین ٹائیٹس اور شسٹ کے پتھر ہین صرف وسط کے حصے مین پاے جاتے ہین۔ بڑی بڑی چوٹیون کے آس پاس زمین شور اور پانی کے ایسے علامات موجود ہین جن سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی زمانہ قدیم مین ان پہاڑی سلسلون پر سمندر موج زن رہا ہے اور اپنی نشانی چھوڑ گیا ہے۔

نمک کے پہاڑ | وہ چھوٹے چھوٹے پہاڑی سلسلے جو ہمالیہ سے ملے ہوے ملک پنجاب کے بلند حصون

(۲۱) کشمیر کا ایک منظر سندھ کی گھاٹی میں

مین واقع ہوے ہین فن جیالجی کے رو سے نہایت دلچسپ ہین - ان مین سے نمک کے پہاڑ ہین جن سے لاکھون من نمک نکلتا ہے - لیکن عجیب بات ان مین یہ ہے کہ یہان طبقات الارض کے قدیم سے قدیم اور جدید سے جدید طبقات ایک ہی مقام پر موجود ہین - سمندر کی موجون نے جو ان پہاڑون سے قدیم الایام مین ٹکرائی ہین اور بارش کے جھونکون نے جو ان کی چوٹیون سے آکر لڑے ہین ان کی عجب ہیات بنادی ہے یعنی معلوم ہوتا ہے کہ یہ قلعون اور برجون کا سلسلہ ہے جو اس درجہ باقاعدہ ہین کہ گویا انسان کے ہاتھون سے بنے ہین - البتہ اس خطے مین پہاڑون کے اوپر زمانہ قدیم مین اکثر حفاظتی عمارتین اور قلعے بنے ہوئے تھے جن کے کھنڈر اس وقت تک موجود ہین - انھین دیکھ کر یہین ملک فرانس کا زمانہ متوسط یاد آتا ہے جبکہ اسی قسم کے قلعے اور گرجا ہر جگہ موجود تھین اور فی الواقع یہ مثال کچھ غلط نہین ہے کیون کہ پنجاب اور بندیل کھنڈ مین بھی ان قلعون سے غرض صرف یہ ہوتی تھی کہ یہ ملک کو غنیم سے محفوظ رکھین بلکہ ان کے ذریعہ سے اوس ظالمانہ اور شخصی حکومت کی بھی حفاظت ہتی جو اس وقت اس ملک مین اُسی طرح موجود تھی جیسے فرانس مین نارمنون کی چڑھائی کے بعد -

بندیاچل | رودگنگ کے بہاؤ کا جنوبی حصہ مالوا اور بندیل کھنڈ مین آکر کسی قدر بلند ہوگیا ہے اور اس کے بعد بندیاچل کا سلسلہ شروع ہوا ہے - بندیاچل بھی ملک ہند کا حجاب حاجز ہے - یہ دو مختلف قسمون دو مختلف آب وہواؤن اور زمینون اور اقوام کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرتا ہے اور ان کو میل جول سے محفوظ رکھتا ہے سندھ اور گنگا کے خطہ مین تو باہر کی اقوام فاتح یعنی اقوام آریہ غالب ہین لیکن دکن مین غربا کی گہری خندق اور پہاڑون کی دوہری دیوارون نے قدیم باشندگان ملک یعنی اقوام دراویڈ کو خارجی تصرفات سے محفوظ رکھا ہے اور یہان یہ اقوام اپنے قدیم اعتقادات اور رسوم و عادات پر اس وقت تک بلا کسی میل جول اور آمیزش کے قایم ہین -

فصل سوم - دکن

دکن کی تقسیم سواحل اور مشرقی و مغربی گھاٹ

کسی قدیم زمانہ مین دکن کا خطہ گویا ایک جزیرہ تھا کیون کہ سندھ و گنگا کی گھاٹیون کا معتدبہ حصہ سمندر کے نیچے تھا۔ اُس وقت سمندر کی موجین اُن پہاڑون سے موج زن تھین جو دکن کو حلقہ کی طرح گھیرے ہوے تھے۔ سمندر تو ہٹ گیا لیکن ان پہاڑون کے دامن مین ایک پتلا ساحل چھوڑ گیا اور قدیم اصلی زمین اس ساحل سے تیرہ سو فیٹ سے دو ہزار فیٹ تک بلند رہ گئی پس گویا دکن کے دو حصے ہین جن کی ظاہری صورت اور پیداوار اور باشندون مین تین فرق ہے۔ ان مین پہلا حصہ پست سواحل کا ہے جس مین شمالی کوکن جنوبی کوکن اور ساحل ملابار بحر عرب کے کنارے واقع ہوے ہین اور سواحل کارومیانڈل اور سرکار کا خطہ اور اوڑیسہ خلیج بنگالہ پر۔ دوسرا حصہ دکن کا ایک عظیم الشان پہاڑی ملک ہے جس کا اوتار مغرب سے مشرق کی طرف ہے اس کے ایک طرف ساپتورا کا پہاڑی سلسلہ ہے اور دو طرف گھاٹ ہین جو اس پہاڑی حصہ اور سواحل کے بیچ مین حد فاصل ہین۔ دو پہاڑی سلسلے جو دکن اور سمندر کے درمیان مین واقع ہوے ہین مغربی اور مشرقی گھاٹ کے نام سے مشہور ہین۔ ان مین سے مشرقی گھاٹ زیادہ بلند نہین ہین اور ساحل مین آکر مل جاتے ہین۔ ان گھاٹون مین کئی منفذ ہین جن کی راہ سے ندیان نکلی ہین جو اوتار کی طرف بہتی ہوئی خلیج بنگالہ مین داخل ہوتی ہین۔ مغربی گھاٹ بہت زیادہ مسلسل ہین اور ساحل کے متوازی جنوب تک چلے گئے ہین۔ اگرچہ یہ گھاٹ مانسون کی بارش اور طوفان کے لیے ایک مضبوط اور مسلسل دیوار کی حیثیت رکھتے ہین لیکن اگر ہم ان پر دکن کی پہاڑی سطح کی جانب سے نظر ڈالین تو یہ بہت شاندار نہین معلوم ہوتے اور ساحل کے قریب آکر تو ان کی بلندی سات آٹھ سو فیٹ سے زیادہ نہین رہتی۔ فی الواقع یہ قدیم ساحلی پہاڑ ہین اور اس وقت تک ان کی یہ حیثیت قایم رہی ہے۔ جہان کہین ساحل نچلا ہو گیا ہے یہ بالکل سمندر کی موجون تک پہنچ گئے ہین۔ ان ساحلی پہاڑون اور بلند سطح زمین کے بیچ مین جا بجا درے واقع ہوے ہین جو کم و بیش

دشوار گذار ہین - ان مین سے مشہور درہ بھور گھاٹ کا ہے جن کو کلید دکن کا نام دیا گیا ہے جنوب کی طرف
پنجرلی گھاٹ دفعۃً ایک بلندی پیدا کرتے ہین - جس مین نیلگیری کا مشہور پہاڑ ہے جو اپنی آب وہوا اور خوش منظری
کے لحاظ سے دکن کا سوئزرلینڈ کہلاتا ہے - نیلگیری کے جنوب مین پال گھاٹ کا اوتار واقع ہوا ہے اور
یہان گویا گھاٹ کا سلسلہ ختم ہوجاتا ہے اگرچہ یہ دوسرے نامون سے کیپ کامرن تک منتہی ہوتا ہے
یہی شگاف ہے جو مغربی اور مشرقی گھاٹون کے درمیان مین راستہ پیدا کرتا ہے اور اس وقت اس
شگاف مین ہوکر ایک ریلوے گزری ہے جو مدراس اور کیالی کٹ کو ملاتی ہے - جس وقت شمال و مشرقی
مانسون خلیج بنگالہ کو نہ دبالا کرتی ہے یہ گھاٹ طوفان کی شدت کو روکتے ہین اور جہاز آرام سے بحر عرب مین
روان ہوتے ہین - لیکن جب جہاز پالگھاٹ کے شگاف کے مقابل پہنچتے ہین تو روک ہونے کی وجہ
سے یہان سمندر مین سخت تلاطم پایا جاتا ہے - اصل یہ ہے کہ ہوا کو منفذ مل جانے کی وجہ سے وہ سارے
شگاف کو طے کرتی ہوئی جزیرہ نما کے دوسری جانب پہنچ جاتی ہے اور سمندر مین تلاطم پیدا کرتی ہے - دکن
کے ساحل کی بابت یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ تھوڑا زمانہ ہوا سمندر کے تصرف سے چھوٹ کر خشکی مین آیا ہے -
بالفعل زمین کا بلند ہونا موقوف ہوگیا ہے بلکہ بعض مقامات پر اس کا عکس نظر آرہا ہے یعنی زمین دھنستی جاتی
ہے مثلاً بمبئی سے بہت قریب ایک مقام پر زمین دھنس جانے کی وجہ سے ایک بڑا جنگل جو سال ہا سال دراز
سے زمین کے اندر چھپا ہوا تھا اوپر کو آگیا ہے - اسی طرح گنگا کے دہانے کے قریب کا خطہ جس کو سندربن
کہتے ہین اور جس پر کلکتہ کا شہر ہے بتدریج دھنس رہا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک دن اوتر تے
اوترتے ایک ایسے قعر مین پہنچ جاے گا جو سمندر کے اندر ہے - اس قعر کے کنارے تو بہ آسانی محسوس ہوتے
ہین لیکن اس کی تھاہ نہین ملتی - پس سمجھنا چاہئے کہ زمین بتدریج اس خطرناک قعر کی طرف جھکی جارہی ہے -

دکن کا پہاڑی حصہ دکن کی پہاڑی سطح ایک پرانی زمین ہے جس مین کسی زمانہ مین بے انتہا آتش فشان پہاڑ
تھے - ان پہاڑون سے جو پگھلتا ہوا مادہ نکلا اور جس کو اصطلاح مین لاوا کہتے ہین اس نے ساری زمین کو

چھپا دیا۔ اگر اس ملک مین بارش کی کثرت نہ ہوتی اور اس نے پتھروں کو گھلا کر برادہ نہ بنا دیا ہوتا تو اس تہ بہ لی زمین مین ہرگز کسی قسم کی قوت نہ ہوتی۔ لیکن سال بہ سال دراز کے موسم بارش کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ یہان کوسون تک اور سر پہاڑی زمین ہے وہان جا بجا وسیع گھاٹیان بھی ہین جن مین پانی کی کثرت اور گرمی کی حدت سے ایسی زور دار زراعت ہوتی ہے کہ بایدو شاید۔ اس دوہری پہاڑی دیوار کی بدولت جو اس ملک کے شمال مین واقع ہوئی ہے اور نیز زبدا اور سون کی گہری گھاٹیون کے بدولت دکن اقوام فاتح کے متواتر دھاوون سے محفوظ رہا ہے اور اسی وجہ سے قدیم باشندگان ملک یعنی اقوام ڈراویڈ کا وجود بندیاچل کے جنوب ہی مین پایا جاتا ہے۔ گویا یہان فطرت نے آتر خارجی کے روکنے کا پورا انتظام کر دیا تھا۔

کیپ کامرن اور سیلون اور جزایر لاڈیو ولکا ڈیو

ہند کا اخیر نقطہ کیپ کامرن ہے اور اس سے ملا ہوا سیلون کا جزیرہ ہے۔ اگرچہ اس جزیرہ کے حالات یا تاریخ کا بیان کرنا ہماری تصنیف کے اغراض سے خارج ہے لیکن صرف جغرافیہ ہند کی تکمیل کے لحاظ سے ہم بر سبیل اختصار سیلون اور دوسرے قرب وجوار کے جزایر کا ذکر اس مقام پر کرتے ہین۔ جزیرہ سیلون جو رقبہ مین فرانس کے دس بارہ ضلاع کے برابر ہے ہند کے براعظم سے بالکل علیحدہ نہین ہے۔ ایک سلسلہ چھوٹے چھوٹے جزایر کا جن مین رامیشورم اور منار کسی قدر بڑے ہین اس کو اُس مقام تک پہنچا دیتا ہے جو براعظم سے بالکل ملا ہوا ہے۔ ان جزایر کے درمیان مین پہاڑیان اور چر واقع ہوے ہین جن پر بمشکل دو چار فیٹ پانی رہتا ہے اور ان کو بحیثیت مجموعی راما کا پل کہتے ہین اس فطرتی دیوار مین تین منفذ ہین جن مین سے ایک اتنا چوڑا ہے کہ چھوٹے جہاز اس مین سے عبور کر سکتے ہین۔ راما کے پل کے شمال اور جنوب مین دو خلیج واقع ہوے ہین جن مین سے ایک کا پانی بالکل سکون کی حالت مین ہے اور یہان مانسون کے زمانہ مین جہاز پناہ لیتے ہین۔ جزیرہ سیلون کے دو حصے ہین شمالی حصہ مین جو مسطح ہے نہایت گنجان جنگل ہے اور جنوبی حصہ پہاڑی ہے سب سے اونچی چوٹی حضرت آدم کے نام سے مشہور ہے اس کی بلندی تقریباً ۷۰۰۰ فیٹ ہے اور اس پر وہ پیر کا نشان ہے جو بدھ کی طرف سے منسوب کیا جاتا ہے۔ ہند کے جنوب اور مشرق کی طرف دس بارہ جزیرے ہین جو جزایر لکا ڈیو اور مالڈیو


تبت
خلیج
ڈومن
خلیج
بنگال
نقشہ ہندوستان
مرتبہ
ڈاکٹر گستاولی بان

کہلاتے ہین۔ ان جزائر کی ساخت بہت عجیب ہے اور اس کے متعلق انگلستان کے مشہور علم طبیعات ڈاروِن کی راے یہ ہے کہ یہ ایک مسلسل پہاڑی سلسلے کی چوٹیان ہین جو پانی کے اوپر رہ گئی ہین اور باقی حصہ تہ آب ہوگیا ہے یہ وہ جزائر ہین جن کو مونگے کے کیڑون نے بنایا ہے اور ان کی شکل ایک مدور حلقہ کی ہے جس کے اندر جھیل ہے۔ کل جزائر اسی شکل کے ہین اور ان کی مجموعی ہیئات بھی دائرہ نما ہے۔

فصل چہارم۔ ہندوستان کی بڑی ندیون کے مجرا

ہندوستان کی ندیان مصنوعی ذرایع آبپاشی

اگرچہ ملک ہندوستان کے ممالک مین سب سے زیادہ شاداب ہے لیکن وہ پانی جو اس کی سطح پر رواں ہوتا ہے ہرگز اس کے تمام حصون کی آب رسانی کے لئے کافی نہین ہے۔ نہ صرف ندیون کی تقسیم نامساوی طور پر واقع ہوئی بلکہ جو پانی ان مین مختلف موسمون مین جمع ہوتا ہے وہ بھی ایک حالت پر نہین رہتا۔ ایک بڑی گہری ندی جو بارش کے زمانہ مین زور شور سے جلتی ہے گرمیون مین بالکل تہی اور پایاب ہوجاتی ہے اور ہر گز اپنے مجرا کے زمینون کی آب رسانی نہین کرسکتی علاوہ برین ہند کی ندیان اپنے مجرا کو بدلتی رہتی ہین اور وہ شادابی جو ان کے ذریعہ سے حاصل ہوتی ہے ایک جگہہ سے دوسری جگہہ منتقل ہوتی رہتی ہے جس مقام سے ندی ہٹ گئی وہ بالکل خشک اور اوسر ہوجاتا ہے۔ گاؤن کے گاؤن بے چراغ اور ویران ہوجاتے ہین اور ان کے باشندے جو حق حق ان مقامات پر جا بستے ہین جہان ندی نے نیا مجرا قایم کیا ہے پانی کی قلت سے بچنے اور ندیون کے چڑھاو تاراور ان کی اٹ کھیلیون سے محفوظ رہنے کے لئے قدیم الایام سے ہندؤن نے مصنوعی ذرایع آبپاشی کی طرف توجہ کی۔ ندیون کے آر پار بڑے بڑے پشتون کا تعمیر کرنا اور پانی کو روک کر نہرون یا وسیع حوضون مین لے جانا یا یہ کہ آب رواں کو روک کر بڑے بڑے تالاب بنانا یہ وہ ذرایع ہین جو قدیم زمانہ سے ہند

مین موجود ہین - کاویری ندی کا مشہور بند جو پندرہ سو سال قبل بنا تھا اور اس وقت تک موجود ہے حیدرآباد کے بڑے بڑے عمیق تالاب جن مین سے ایک کا رقبہ تقریباً نو ہزار ایکڑ ہے اور بندیل کھنڈ مین سوبا کی مشہور جھیل ان قدیم ذرایع آبپاشی کی مثالین ہین - اس براعظم کی ندیان دو جانب کو سمندر مین آ ملی ہین ایک طرف خلیج بنگالہ مین - اور دوسری طرف بحر عرب مین - اب ہم مختصر طور پر ان کے حال کو بیان کرین گے -

گنگا کا مجرا اور اس کی خاصیتین مجرے گنگ - اگرچہ ہو ایک ندی کو پر اُن عظیم منافع کے جو اُن سے حاصل ہوتے ہین بجاے دیوتا کے سمجھتے ہین لیکن گنگا سے زیادہ متبرک کوئی ندی اس ملک مین نہین ہے کیونکہ ہنود اس کی پرستش مثل خدا کے کرتے ہین ہند کی اور بڑی ندیون کی طرح گنگا کا منبع بھی ہمالیہ پہاڑ واقع ہوا ہے اور یہ ندی ہمالیہ کے سلسلہ کو قطع کر کے نیچے اوتری ہے تیرہ ہزار آٹھ سو فیٹ کی بلندی پر دو چھوٹی چھوٹی سوتین جن کو الکانندا اور بھاگیرتھی کہتے ہین برفستان سے نکل کر مل جاتی ہین وہین سے گنگا شروع ہوتی ہے یہ دونون سوتین اور ان کے حوالی ہنود کی نظرون مین نہایت متبرک مقامات ہین کیونکہ شیو جی کا تخت یہین ہے - خوشا نصیب اُس شخص کے جس کو قسمت سفر کی مصیبتون کے بعد بھی اس مقام مبارک تک پہنچا دے - یہ وہ یوروپی ہی سیاح تھے جو سب سے پہلے اس خطرناک مقام تک پہنچے جہان بھاگیرتھی اپنی برف کی خوابگاہ سے نکلتی ہے لیکن اب ہندو زوار بھی اپنی جانون پر کھیل کر نہ صرف اس مقام تک بلکہ اُس سے بھی اوپر پہنچ جاتے ہین اور اس متبرک ندی کے اصل منبع پر جا کر پرستش کرتے ہین - جس مقام پر الکانندا اور بھاگیرتھی آکر مل جاتی ہین اُس کا نام وصل مبارک رکھا گیا ہے اور یہان ایک عبادت گاہ بنی ہوئی ہے جہان کثرت سے زوار جاتے ہین - اس سے اُتر کر ہردوار ہے جہان ہر سال مارچ اور اپریل کے مہینون مین لاکھون زوار آتے ہین بعض وقت ان کی تعداد بیس لاکھ تک پہنچ گئی ہے - ان زوارون مین سے سب کی غرض مذہبی نہین ہوتی بلکہ بہت سے ان مین سے تاجر ہین جو ایسے مواقع پر تجارت کی غرض سے جمع ہوتے ہین گنگا کی ایک بڑی شاخ یعنی جمنا کا منبع بھی اس کے قریب ہی واقع ہوا ہے لیکن یہ ندی خاص ہمالیہ سے نکلتی ہے یہ بھی نہایت

مین گنگا سے کچھ کم نہین - جس مقام پر گنگا مین اکرمل ہے وہان الہ آباد کا شہر ہے گنگا مین ملنے سے پہلے
چنبل اور سندھ کی دو ندیان جمنا مین آملتی ہین - الہ آباد سے اُتر کر گنگا کے کنارے بنارس کا مشہور شہر ہے
جو ندی کی بائین جانب واقع ہوا ہے اس سے زیادہ متبرک کوئی شہر ہندوستان مین نہین اور یہ برہمنون کے
مذہب کا کعبہ ہے ہنود گنگا کو جسے وہ گنگا مائی کہتے ہین اس قدر مانتے ہین کہ جس وقت گورنمنٹ انگریزی
نے دوآبہ کی نہر کو جو ہردوار سے کانپور تک گئی ہے بنانا شروع کیا تو اُس وقت یک بلوہ کی صورت پیدا ہوگئی
اس نہر کے بنانے مین تقریباً اسی قدر مٹی کھودنی پڑی جتنی سویس کی نہر مین - اسی طرح جب گنگا مین مردے
بہانے کی ممانعت کی گئی تب بھی گورنمنٹ کو مخالفت کا سامنا کرنا پڑا - اب بھی ہنود اپنے مردون کی راکھون
کو آنکھ بچا کر ایک قسم کے بیڑے باندھ کر اس مین بتی لگا کر پانی پر بہا دیتے ہین اور دور سے یہ چراغ پانی کی سطح پر
تیرتے ہوئے نظر آتے ہین - جمنا کے نقطۂ اتصال تک گنگا جنوب و مشرق کی طرف بہتی ہے لیکن اس سے
ملنے کے بعد اس کا بہاؤ ٹھیک مشرق رو ہو جاتا ہے اور آگے بڑھ کر یہ دفعۃً جنوب کی طرف مڑ جاتی ہے - اس مقام سے
اوپر اس کے دائین کنارے پر سون کی ندی آملتی ہے اور بائین کنارے پر کئی ندیان جو ہمالیہ سے یا ہمالیہ پار سے
نکلتی ہین اس مین شامل ہو جاتی ہین - ان کے بنجلہ گھاگرا گنڈک بھاگتی اور کوسی ہین - سیمان مین آنے
اور ملک مین شادابی پھیلانے سے پہلے یہ کل ندیان اُس تیرہ و تاریک حلقہ سے گذرتی ہین جس کا نام ترائی
ہے - یہ وہ دلدل والی زمین ہے جو پہاڑون کے دامن مین واقع ہوئی ہے - ہمالیہ کی قہقہہ دیوار مانسون کی
رطوبت کو روک کر جنوب کی طرف پھیر دیتی ہے - اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ پہاڑ کے دامن مین رطوبت کثرت سے
جمع ہو جاتی ہے بنا بنات نہایت گنجان اور زوردار پیدا ہو جاتے ہین زمین کی حالت ایک دلدل کی سی ہو جاتی
ہے اور ہوا مین وہ کثافت داخل ہو جاتی ہے جو انسان کے لئے قاتل ہے - ترائی کے حدود کے اندر قیام کرنا
بالکل محال ہے بلکہ اس مین سے گذرنا بھی خطرہ سے خالی نہین - اس حصہ کو چھوڑ کر گنگا کا سارا بھرا ایک نہایت
زرخیز دوآبہ حاصل خطہ ہے - ہندوستان کی اور ندیون کی طرح گنگا مین بھی موسم کے اختلاف سے بڑا تغیر آجاتا ہے

بارش کے زمانہ مین اس کا پاٹ بے انتہا وسیع ہوجاتا ہے۔ کاشت کار کنارون سے ہٹ کر کچھ زمین درست کرلیتے ہین جس پر وہ ایک درمیانی فصل بُو دیتے ہین اسنے مین ندی کا پانی گھٹکے ایک شاداب اور سرسبز حاصل بنی کی تہ چھوڑ جاتا ہے جس پر وہ کھیتی کرتے ہین۔ گنگا کا بہاؤ نہایت ہی خمدار و پیچدار ہے اور اس کو درست طور پر معلوم کرنا اور اس کی شاخون کا پتہ لگانا آسان امر نہین ہے۔ اِس کے دہانون پر کثرت سے چھوٹے چھوٹے جزیرے اور دلدل ہین کہ اِن کی ہیئت گویا ہر سال بدلتی رہتی ہے مثلاً وہ بناؤ۔ جہان تک کسی زمانے مین بڑے جہاز آتے تھے اب ان تک چھوٹی کشتیان بھی نہین پہونچ سکتین ایک بندر کلکتہ کا رہ گیا ہے جہان لاکھون روپیہ کے صرفے سے انگریزی گورنمنٹ نے یہ نتیجہ حاصل کیا ہے کہ جہاز وہان تک آجاسکتے ہین لیکن اس کے لئے نہ صرف بہت بڑے خرچ کی ضرورت ہے بلکہ مسلسل کوششین بھی کرنی پڑتی ہین۔

دارالسلطنت گور قدیم زمانہ مین گنگا کے دہانہ کے اوپر والے حصے پر گور کا شہر تھا لیکن جس وقت ندی نے اِس کو چھوڑ دیا تو باشندون کو یہان سے بھاگنا پڑا اور اب اس قدیم دارالسلطنت کے صرف کھنڈر ہی کھنڈر رہ گئے ہین جن کے آس پاس گھنا جنگل ہے۔ دہانہ تک پہونچنے سے پہلے گنگا کی کئی شاخین ہوجاتی ہین جن مین سے پدا ایک شاخ ہے یہ اگر برہمپتر مین مل جاتی ہے لیکن سب سے زیادہ متبرک شاخ بھاگیرتھی ہے جس کا دوسرا نام ہوگلی ہے۔ کلکتہ اسی ندی پر واقع ہوا ہے اور یہ دارالسلطنت ہند اور سمندر کے بیچ مین آمدورفت کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔

گنگا کا دہانہ خلیج بنگالہ مین جو ندیان آکر گرتی ہین اِن مین سب سے بڑی ندی گنگا نہین ہے بلکہ برہمپتر کا وہ حصہ ہے جس کو میگھنا کہتے ہین اس مین کشتیون کی آمدورفت محال ہے کیون کہ اس کی دھار بے انتہا تیز ہے اور اس مین جا بجا ریتی کے چر واقع ہوے ہین۔ علاوہ اِس کے اس مین بڑے بڑے بھنور ہین جو کنارون سے آکر اس زور سے ٹکراتے ہین کہ اُن مین سے بندوق کی آواز نکلتی ہے۔ وہ ریتی جس کو گنگا بہا کر لاتی ہے اور جس کی مقدار کئی لاکھ مکعب گز ہے سندربن کے جزایر پر آکر جم جاتی ہے اور انہین روز بروز بڑھاتی جاتی ہے۔

اس کے ساتھ ہی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ سارا خطہ بعوض اس کے کہ سمندر کے اندر خشکی کی حیثیت پیدا کرے خود بخود دھنسا جاتا ہے اور ایک دن پانی کے نیچے غائب ہو جائے گا۔ اسی وجہ سے انگریزوں کا مقولہ ہے کہ یہ ایک ایسا حاشیہ ہے کہ جس کے آگے زمین کا پتہ ہی نہیں لگتا۔ اسی طرح کا ایک غار دریاے سندہ کے دہانہ پر بھی جزیرہ ٹھاکی دوسری جانب واقع ہوا ہے۔ یہ ندی بھی لاکھوں من ریت کو بہا کر لے جاتی ہے لیکن اس کے بہت بڑے حصے کو سمندر کی اندرونی دھارین جو اس حاشیہ کے نیچے واقع ہوئی ہین نگل جاتی ہین گنگا کا طول ایک ہزار پانسو پچاس میل ہے۔

سندہ کا مجرا دریاے سندہ کا مجرا۔ مجراے سندہ کی حالت مجراے گنگ سے بہت مختلف ہے اس خطے مین اس قدر پانی نہین پہنچتا جتنا گنگا کے خطے مین اور اسی وجہ سے یہ اس قدر شاداب بھی نہین ہے۔ اس کے نصف سے زیادہ حصہ مین تھار کا ریگستان واقع ہوا ہے جو اس مین اور ہندوستان مین حد فاصل ہے۔ اگر اس ندی کے اوپر والا حصہ جس کو پنجاب کہتے ہین گنگا کے مجرا سے منفصل نہ ہوتا تو کہا جا سکتا تھا کہ دریاے سندہ کو جزیرہ نماے ہند سے کوئی تعلق ہی نہین ہے۔ یہ پنجاب کا ملک بہت بڑا ذریعہ آمد و رفت کا ہے اور قدیم فاتحین ہند دریاے کابل سے گذر کر اسی ملک سے ہندوستان کو آئے ہین یہین بڑے بڑے شہر اور شاداب خطے ہین جو گنگا کے خطون کے مماثل ہین۔ دریاے سندہ کے دوسرے حصون مین گرمی کا موسم بہت ہی شدید ہوتا ہے اور پانی کی قلت کی وجہ سے یہان وہ شادابی و آبادی نہین ہے جیون جیون یہ ندی اپنے پہاڑی منبع سے دور ہوتی جاتی ہے اس مین پانی کم ہوتا جاتا ہے اور اس کی روانی مین سستی آتی جاتی ہے۔ یہان تک کہ یہ سمندر تک پہونچتی ہے اس کی شاخون مین سے بعض مثل سرسوتی کے ایسی ہین جن مین کبھی پانی کی نوبت نہین آتی بلکہ وہ ریگستان کے ریت ہی مین مرمٹتی ہین۔ دوسری شاخین سندہ مین لاحق ہونے سے پہلے آپس مین مل جاتی ہین۔

پنجاب کی پانچون ندیان پنجاب کی مشہور پانچ ندیان جن سے اس ملک کا نام پڑا ہے ستلج چناب

بیاس جہیلم اور راوی ہین۔ ان کے منابع غربی ہمالیہ مین واقع ہوے ہین۔ ستلج بھی جو کہ سندہ کی سب سے بڑی شاخ ہے ہمالیہ کے اُسی حصے سے نکل ہے جہان سے گنگا اور جمنا نکل ہین لیکن ستلج دسندہ کا تعلق فی الواقع ہمالیہ پہاڑ کے شمالی حصے سے ہے اور میدان مین پہونچنے سے پہلے ان ندیون کو ہمالیہ کے پورے سلسلہ سے گذرنا پڑتا ہے۔ انھون نے پہاڑون کے اندر عمیق گھاٹیان کاٹی ہین اور جن مقامات پر بڑے بڑے پتھران کے سد راہ ہوے ہین وہان ان مین جہیل کی طرح بے انتہا پانی جمع ہوگیا ہے یہان تک کہ یہ اپنے بند کو توڑ نکلی ہین اور نہایت زور کے ساتھ نیچے اتر کر سیلاب پیدا کردیے ہین اور بعض وقت شہر کے شہر بہالے گئی ہین دریاے سندہ کا بہاو دور تک مشرق سے مغرب کی طرف واقع ہوا ہے منگا بربت تک پہونچنے کے بعد یہ جنوب کی طرف مڑکر ہری پور کی پہاڑی حصے مین سے گذرتی ہے اور یہان سے آگے بڑھکر اس کے داہنے کنارے پر کابل کی ندی مین جو کہ ہندوستان کا دروازہ اور فوج کشیون اور تجارت کا ذریعہ ہے اس مین آملتی ہے۔ اٹک اور پشاور کے ضلعے سندہ اور اس کی شاخون پر واقع ہوئے ہین۔ یہ گویا حکومت انگریزی کے مقدمۃ الجیش ہین۔ اس ندی کے کنارے کنارے ایک ریل گئی ہے جو سرحد تک منتہی ہوتی ہے۔ وہ میدان جس مین سے سندہ گذرتی ہے اس درجہ مسطح ہے کہ اس مین ڈھال نہونے کی وجہ سے ندی بکثرت پھرتی ہے اور ادنی روک پر اپنا رُخ بدل دیتی ہے۔ سوکھی ہوئی ندیان جو اس وقت ان غیر آباد خطون مین (جو کسی وقت ان کے پانی سے سیراب ہوتے تھے) نظر آتی ہین تعداد مین اُسی قدر ہین جتنی کہ ترندیان۔ ایک سلسلہ نہرون کا جو زیادہ تر خشک رہتی ہین لیکن بارش کے زمانہ مین لبریز ہوجاتی ہین سندہ کے مختلف شاخون کو ایک دوسرے سے ملاتا ہے۔ اس کی صورت ایک نہایت پیچیدہ جالے کی سی ہے جو ہر وقت بدلتا رہتا ہے۔

رود سندہ کا دہانہ جن دہانون سے یہ ندی سمندر مین داخل ہوئی ہے اُن کی صورت بھی ہمیشہ تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ وہ بے انتہا ریتی جس کو یہ ندی بہالاتی ہے خود اس مین روک پیدا کردیتی ہے جس کی وجہ سے دہانے بدلتے رہتے ہین۔ دریاے سندہ پر کشتی رانی گویا محال ہے نہ اس کے دہانے پر کوئی بندرگاہ قایم ہوسکتا ہے اور

جتنے بندر قدیم الایام مین قایم ہوے ہین وہ یکے بعد دیگرے دھارے کے بدلنے سے نیست و نابود ہو گئے ہین۔ اِس کے شاخون کی یہ حالت ہے کہ کہین تو وہ ایسی گہری ہین کہ اُن مین بڑی بڑی کشتیان چل سکتی ہین اور کہین وہ بالکل پایاب ہین۔ اپنی بے معنی اٹ کھیلیون کی وجہ سے سندہ کی ندی بتدریج مغرب کی طرف ہٹتی جاتی ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ کسی قدیم زمانے مین اِس مین پانی زیادہ ہوگا اور اُس کی تقسیم زیادہ تر مساوی ہوگی اور اِس مین شاخین بھی زیادہ شامل ہوی ہون گی اور جو خطہ اسوقت ریگستان کی صورت مین ہے اِس قدر خشک آباد نہ ہوگا۔ ہندون کی قدیم کتابون مین اِس ملک کا نام سپت آ سندھانہ کہ پنجاب جیسا اب ہے۔ انہین کتابون مین بڑی بڑی ندیون کا ذکر ہے جن کا وجود اب باقی نہین رہا اور انہین سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی وقت مین سرسوتی ایک بہت بڑی ندی تھی جو سندہ مین آکر ملتی تھی لیکن یہ دیوی دفعۃً غائب ہو گئی۔ اصل یہ ہے کہ ریگستان کی ریتی اسے کھا گئی اسی طرح اور ندیان تھین جو بالکل خشک نہین ہو گئین بلکہ انہون نے سطح کے نیچے سوتے پیدا کر لیے جیسا کہ اِس وقت اِن کے مجرون مین کنوے کھودنے سے ثابت ہوتا ہے سندہ کی ندی ہندوستان کی ندیون مین سب سے لمبی ہے اور اِس کا طول اٹھارہ سو میل ہے۔

نربدا و تاپتی نربدا اور تاپتی کے مجرا۔ وہ دو ندیان جو پہاڑون کے ساتھ مل کر ہندوستان اور دکن کو ایک بحر سے علیحدہ کرتی ہین نربدا اور تاپتی ہین۔ اِن مین سے پہلی کا طول ۷۳۵ میل اور دوسری ۱۰۱۰ میل ہے نربدا کا امرکنٹک سے جو وسط ہند کے پہاڑی سلسلے کا سب سے اونچا حصہ ہی نکلتی ہے یہ نہایت سرعت کے ساتھ مشرق سے مغرب کو ایک بہت ہی عمیق گھاٹی مین سے ہو کر جو ساتپورہ اور بندیاچل کے سلسلون کے بیچ مین واقع ہوئی ہے سمندر مین داخل ہوتی ہے۔ چونکہ اِس مین نشیب و فراز بہت ہے یہ کشتی رانی کے لئے موزون نہین ہے اِس کے منبع سے قریب ہی وہ مشہور سنگ مرمر کے پتھرون کا درہ واقع ہوا ہے جہان ندی کا پانی نہایت صفائی و پاکیزگی کے ساتھ سفید سنگ مرمر کی دیوارون کے بیچ مین سے جاری ہوتا ہے صبح کے آفتاب کی کرنین جب اِس پر پڑتی ہین تو عجب رنگ آمیزیون کا لطف نظر آتا ہے۔ گنگا کے بعد نربدا ہی ہندو مین

زیادہ مقدس ندی ہے۔ اِس مین لوگ کثرت سے نہاتے ہین اور اِس کے سنگ ریزے اپنے گھرون کو لیجاکر اُن کے تعویذ بناتے ہین۔ دکن کے ملک مین خارجی اثر بعرض اس کے کہ فوج کشیون کے ذریعہ سے آتا انھین نربدا کے زوارون کے ذریعہ سے آیا ہے۔ نربدا خلیج کھمبات کے آخر مین جاکر گرتی ہے اور اس کا دہانہ تاپتی کے دہانہ کے قریب واقع ہوا ہے یہ ندی اگرچہ اِس قدر بڑی نہین ہے لیکن اِس کا سیلاب نہایت پُرزور ہوا کرتا ہے سورت کے شہر کو جو تاپتی کے دہانہ پر ہے ہمیشہ بند اور پشتون کے ذریعہ سے ندی کے دست بُرد سے محفوظ رکھنے کی ضرورت پڑتی ہے

ماہی اور سبرمتی | نربدا کے شمال مین تین چھوٹی ندیان واقع ہوی ہین جو پہاڑون سے نکل کر گجرات کے خطے کو شاداب کرتی ہین یہ بھی خلیج کھمبات مین آکر گرتی ہین۔ ان مین سے ماہی کا طول ۳۱۵ میل اور سبرمتی کا جس پر احمد آباد واقع ہوا ہے تقریباً دو سو میل ہے۔

آبِ شور کی کھاڑیان | تاپتی کے بعد کیپ کامرن تک کوئی بڑی ندی بحر عرب مین داخل نہین ہوتی۔ مغربی گھاٹ ساحل سے اس قدر دور واقع ہوے ہین کہ ان سے جو پانی گرتا ہے وہ تنگ نالون مین ہوکر بہتا ہے اور مانسون کے زمانہ مین یہ نالے بہت بھر جاتے ہین۔ البتہ پال گھاٹ کے شگاف مین سے ایک چھوٹی ندی جس کا نام پونانی ہے پہاڑون کے مشرقی حصہ سے نکلی ہے۔ اِس مقام پر دونون گھاٹون کے اوتار آپس مین مل جاتے ہین اور کاویری کی بعض شاخین گھاٹ کے مغربی جانب سے نکلی ہین۔ پونانی کے جنوب مین ساحل کے کنارے کنارے اور سمندر کی متوازی کھاڑیان یعنی آبِ شور کی شاخین ہین جو ایک دوسرے سے ملی ہوئی ہین اور نہر کا کام دیتی ہین۔ ان کے تھیر پانی مین کشتیان آسانی کے ساتھ چلتی ہین اور سمندر کے حوادث سے محفوظ رہتی ہین گویا کوچین اور ٹراونکور کی ساری تجارت انھین کھاریون کے ذریعہ سے ہوتی ہے۔

مشرقی دکن کی ندیان | دکن مین وہی ندیان بڑی ہین جن کا انحدار مشرق سے خلیج بنگالہ کی طرف واقع ہوا ہے ان مین سے پہلی ندی جو گنگا کے دہانہ کے بعد ملتی ہے سُوورن رکھا ہے۔ یہ چھوٹا ناگپور سے نکل کر تقریباً ۴۵۰ میل تک بہنے کے بعد سمندر مین داخل ہوتی ہے۔ اس کے بعد سب سے بڑی ندی مہانَدی ہے جس کا طول پانسو ۵۱۲



(۳) سنگ مرمر کے پہاڑ جھیل چور کے قریب نربدا کی گھاٹی میں

میل ہے۔ دو ندیان یعنی بہت رانی جس کا طول تقریباً ساڑھے تین سو میل ہے اور برہنی جس کا طول تقریباً ساڑھے چار سو میل ہے اس میں آکر مل جاتی ہیں اس کے بعد مہاندی اُڑیسہ کے کنارے سمندر میں داخل ہوتی ہے اس کا دہانہ بہت ہی بڑا ہے اور دور تک سمندر میں چر بنا رہا ہے۔ دکن کی زمین جو آتش فشاں مادہ سے بنی ہوئی ہے بارش اور سیلاب کی قوت سے دھل جاتی ہے اور ندیوں کے ذریعہ سے بہ کر ساحل تک آجاتی ہے اور وہاں چر بناتی ہے اسی قسم کا چر مہاندی کے دہانہ پر واقع ہوا ہے اور اس سے متصل ایک بڑی سی جھیل ہے جس میں سے ایک چھوٹی نہر سمندر تک گئی ہے اور آمد و رفت کا ذریعہ ہے۔ اس جھیل کا نام چلکا ہے۔ اُڑیسہ کا وہ حصہ جس میں مہاندی کی شاخیں پھیلی ہیں ہندوستان کے بہت ہی پنصیب خطوں میں ہے اور اسی وجہ سے یہاں کے باشندے نہایت افلاس کی حالت میں اور تقریباً وحشی ہیں۔ اس خطے میں کبھی تو شدت کی خشکی ہو جاتی ہے اور کبھی سیلاب ملک کو تباہ کر دیتا ہے۔ ندیاں جو تھوڑی دیر پہلے خشک تھیں ایک عالم آب بن جاتی ہیں۔ علاوہ اس کے یہ خطہ اس قدر پست اور مسطح ہے کہ سمندر بھی اکثر چڑھ آتا ہے اور نقصان عظیم پہونچا دیتا ہے مثلاً ۱۸۶۶ء میں ایک بہت ہی شدید قحط کے بعد جس میں تقریباً ایک چوتھائی حصہ یہاں کے باشندوں کا تلف ہو گیا ایک ایسا طوفان آیا جس نے گانوں کے گانوں زیر آب کر دیے اور بارہ لاکھ آدمی ڈوب کر مر گئے خشکی ملک دکن کی بڑی آفتوں میں سے ہے اور اس کے علاج کے لئے پشتے اور بند تعمیر کیے گئے ہیں جو بارش سے لب ریز ندیوں کے پانی کو تالابوں میں جمع کرتے ہیں۔ مہاندی۔ گوداوری اور کرشنا ان تینوں ندیوں کے دہانوں پر اس قسم کے پشتے موجود ہیں جو سیلاب کے وقت میں پانی کو پھیر کر آبپاشی کی نہروں میں پہونچاتے اور بڑے بڑے مصنوعی حوضوں میں جمع کر دیتے ہیں۔ یہ کل ندیاں ہنود کی نظروں میں متبرک ہیں اور ان کے کناروں پر عبادت گاہیں بنی ہوئی ہیں۔

گوداوری و کرشنا مہاندی سے اُتر کر گوداوری کی ندی ہے دکن کی ندیوں میں یہ بہت بڑی ہے اور اس کا طول ۹۰۷ میل ہے۔ اس کے بعد کرشنا ہے جس کا طول تقریباً نو سو میل ہے۔ بنا کا طول تقریباً چار سو میل۔ اور

کاوری کا پانسوہیل ہے۔ کرشنا کا مجرا نہایت عمیق واقع ہوا ہے اور اسی وجہ سے نداس مین کشتی رانی ہوسکتی ہے اور نہ اس کا پانی زیادہ تر آبپاشی کے کام مین آسکتا ہے۔ لیکن یہ وہ ندی ہے جو دو مختلف خطون کو اور دو مختلف تمدنون کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرتی ہے۔ یہ بطور ایک خط کے واقع ہوئی ہے جو مغرب سے مشرق کی طرف جاتا ہے اور جزیرہ نما کے دو حصے کر دیتا ہے۔ اس ندی کے جنوبی حصے مین ہمین اقوام ڈراویڈ کا پتہ لگتا ہے اور ان کے رسومات وعادات وزبان کی تحقیقات کا موقع حاصل ہوتا ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان مین خارجی اثر نے بہت ہی کم تغیر پیدا کیا ہے۔ ہندوستان اور دکن کے بیچ مین تین بڑی دیوارین یعنی بندھیاچل اور ستپدا اور ساتپورہ حایل ہین۔ ساتپورہ کا سلسلہ تقریباً گنگا تک پہونچتا ہے اور اس مین صرف ایک ہی شگاف ہے جو سرکار کے خطے مین واقع ہوا ہے اور جس کو ہند کا تھرمابلی کہتے ہین ایسے زبردست موانع کے ہونے پر بھی اقوام فاتح کرشنا تک پہونچ گئی تھین لیکن یہ کبھی اس ندی کو پار نہ سکین یا یہ کہا جاے کہ ایسی تعداد مین پار نہ سکین جو دکن کے اصلی باشندون مین کسی قسم کا جسمانی یا روحانی تغیر پیدا کرسکین۔ ممالک یورپ مین جو کچھ حالات اس خطے کے معلوم ہوے ہین وہ بذریعہ اُن تجار کے ہین جو ان سواحل مین تجارت کی غرض سے آئے تھے۔ ان کی پُرجوش داستانین عجائبات سے بھری ہوئی ہین۔ ان بیانات کے بموجب یہی اصل ملک ہند ہے جہان آفتاب کی تیز شعاعین انواع واقسام کا گرم مصالح پیدا کرتی ہین اور جواہرات کے معدنون سے ٹکرا کر عجیب رنگ آمیزیون کا سمان دکھاتی ہین۔

ہند کے سواحل دبنادر ایک زمانہ دراز تک جنوب ہند کو پہنچنے کا ذریعہ صرف سمندر رہا۔ اس سفر مین سخت مشکلات کا سامنا تھا۔ دکن کے جزیرہ نما مین جس کے گرد دریاے سندھ کے دہانون سے لیکر گنگا کے دہانون تک ایک ساحلی حصہ پیدا ہو رہا تھا کوئی مقام ایسا نہ تھا جہان جہاز آسانی سے پہونچے اور جہان کوئی بندر قایم کیا جاے۔ بمبئی مدراس کلکتہ یہی ہندوستان کے بڑے ساحلی شہرون مین ہین لیکن ان کو انسان کی مشقت اور ارادہ نے ان کی موجودہ حالت کو پہونچایا ہے۔ اگرچہ لفظ بمبئی کے معنی عمدہ خلیج کے ہین تاہم اس مغربی دارالسلطنت

مین مسافر و مال کے اُترنے مین مشکلات واقع ہوتی ہین۔ لنگرگاہ تو نہایت عمدہ ہے لیکن مال اُتارنے کے پشتے کم ہین۔ مدراس مین جہازون کے لئے کوئی دامن نہین ہے۔ یہ کنارہ سے بہت دور لنگر دیتے ہین اور مسافر و مال کو کشتیون یا بیڑون پر جو محفوظ نہین ہین کنارے تک پہنچنا پڑتا ہے۔ اس وقت مدراس کے کنارے پر ایک پشتہ (جیٹی) ہے جس کا طول تقریباً ایک ہزار فیٹ ہے اور جو کبھی مرمت ہو چکا ہے۔ اب یہ تجویز ہے کہ جہان سمندر کو عمیق کرکے ایک بندرگاہ بنائی جاوے۔ کلکتہ کا یہ حال ہے کہ اس کے کنارے تک پہونچنا نہایت مشکل ہے اور آمد و رفت کی راہ کو قایم رکھنے اور ہوگلی کو کشتی رانی کے اغراض سے کھلا رکھنے کے لئے بے انتہا مصارف اور کوشش مینج کی ضرورت پڑتی ہے۔ باستثنار ساحل ملابار کے جہان کے چھوٹے بندر صرف ساحلی تجارت کا کام دیتے ہین ہندوستان کا سارا ساحل دشوار گذار اور جہازون کے لئے خطرناک ہے۔ خلیج بنگالہ پر تو کوئی عمدہ مقام نہین ہے۔ مہندی اور گوداوری کے دہانون کے درمیان جا ہوسیل کے فاصلہ مین صرف ایک متوسط بندرگاہ ہے جس کو کلنگا پٹام کہتے ہین۔

فصل پنجم - ہندوستان کی آب و ہوا

آب و ہوا | ہندوستان تمام دنیا کے ملکون مین سب سے زیادہ گرم ہے لیکن بلندی و پستی کے اختلاف سے جو اس ملک مین پائی جاتی ہے ہر خطے کی آب و ہوا علیحدہ ہے اور یہ ممکن ہے کہ کوئی مسافر تھوڑے دنون کے عرصہ مین گرمی اور سردی کے کل مدارج کو طے کرلے۔ ہمالیہ کے خطے مین یہ اختلاف زیادہ تر ین طور پر معلوم ہوتا ہے۔ ایک طرف تو اس کی بلند چوٹیون پر ایسی گہری برف کا تاج ہے جو کبھی نہین گھلتی ہے اور دوسری طرف اس کے دامن مین وہ معتدل آب و ہوا ہے جو فرانس و اطالیہ کو یاد دلاتی ہے اور پھر اُتر کر تشیب مین وہ گرمی ہے جو دائرہ حارہ کی خبر لاتی ہے۔ ان پہاڑون پر دائمی برف کا منطقہ نہایت بلند ہے اور اس کا اوسط تقریباً

سترہ ہزار سے اٹھارہ ہزار فیٹ ہے - اِس سے نیچے بہت کم برف پڑتی ہے اور جو پڑتی بھی ہے تو وہ جلد پگھل جاتی ہے - جتنے بڑے گلاسیر یعنی یخ زار اس خطے مین واقع ہوے ہین وہ سب مغربی ہمالیہ مین ہین جہان کی بلند سلسلین اِن کو بننے کا اور قایم رہنے کا موقع دیتی ہین جب یہ یخ زار مشرقی دامن تک پہونچتے ہین تو اِن کے برف کے تودے نیچے اُتر آتے ہین - وہ برف کے بڑے بڑے میدان جو مغرب کی طرف اور کاراکورم کے خطے مین پائے جاتے ہین اِن کا مقابلہ صرف اقطاب کے حوالی سے ہوسکتا ہے - اِن مین سے بعض بیس بیس پچیس پچیس اور تیس تیس میل لمبے ہین - اِن کی بڑی خاصیت یہ ہے کہ ان کے اندر بے انتہا کنکڑ پتھرون کے جمے ہوتے ہین اور اِن کے نیچے کے حصون مین پتھرون کی تعداد بہت بڑھ جاتی ہے اور اِن مین سے درخت اُگتے ہین اور یخ زار کی ساری سطح سبزہ سے چھپ جاتی ہے -

انگریزون کی صحت گاہین تین ہزار فیٹ سے نو ہزار فیٹ کی بلندی تک ہمالیہ کے دامن مین ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک اِس قسم کے خطے موجود ہین جو اپنی پیداوار اور عمدہ آب وہوا کے لحاظ سے یورپ کے بہترین حصون کو یاد دلاتے ہین - یہین انگریز اپنے تئین گرمی کی شدت سے بچانے کے لئے آیا کرتے ہین یہان انہون نے ایک سلسلہ شہرون کا قایم کیا ہے جو صحت گاہون کے نام سے مشہور ہین اور جہان کا قیام اُن کے قوا ے جسمانی اور دماغی کو جو نشیبی ملک کی سخت گرمی سے متاثر ہو گئے ہین بہت فایدہ کردیتا ہے - اِن صحت گاہون مین سے مشہور شملہ منصوری اور دارجیلنگ ہین - شملہ وہ مقام ہے جہان گرمیون کے موسم مین کل اعلیٰ درجہ کے حکام جمع ہوتے ہین اور چند ماہ کے لئے یہ حکومت انگریزی کا مرکز بن جاتا ہے شہر کی صورت اور بلوط (اوک) اور الش (بیچ) کے جنگل اور مغربی پھلون کے باغ اور آب وہوا کا معتدل یہ خیال پیدا کرتا ہے کہ انسان انگلستان مین ہے - ہندوستان کے اور بہت سے مقامات پر بھی یہی لطف آتا ہے مثلاً نیلگیری مین بھی جو کہ جنوب مین واقع ہوا ہے اور مغربی گھاٹ کے سلسلے کا جز ہے - اِسی قسم کی صحت گاہین بتائی گئی ہین جن مین سب سے مشہور اوٹاکمنڈ ہے - یہان کی آب وہوا نہایت خوشگوار ہے اور

گرمی و سردی مین بمقابلہ ہمالیہ کے یہان بہت زیادہ اعتدال ہے۔ کہنا چاہیئے کہ یہان کا موسم گویا دائمی بہار کا موسم ہے اور یہان میوہ جات کی ریل پیل رہتی ہے۔ یورپ کے طیور یعنی دا لبر اور بلبل جھاڑیون مین چھپاتے ہین۔ انگریز اپنے ملک کی کنجشک کو بھی یہان لاے ہین جو اُسی بے باکی کے ساتھ گھرون کے اندر گھونسلے لگاتی اور انڈے دیتی اور بچے نکالتی ہین۔

گرمی سردی کے اختلافات | ان پہاڑی مقامات کو چھوڑکر ہندوستان کی سردی گرمی ۳۲ درجے سے ۱۲۲ درجہ تک ہوتی ہے۔ یہ سردی اور گرمی کی انتہا پنجاب مین موجود ہے جہان کا موسم بالکل ایک براعظم کا موسم ہے جیون جیون جنوب کی طرف اُترتے جائین موسم سرما و گرما مین اس قدر فرق نہین رہتا۔ بالکل جنوب مین اگر سمندر کی ہوا گرمی اور سردی کی تعدیل کا کام دیتی ہے۔ غرض بلد کے لحاظ سے تو گرمی زیادہ ہے لیکن سمندر کی ہوا اس مین خنکی پیدا کردیتی ہے۔ یہان تمام سال مین گرمی ۸۰ درجہ سے ۸۵ درجہ تک رہتی ہے۔

تین موسم | ہندوستان مین تین موسم ہین بارش کا موسم جو کہ مئی سے اکتوبر تک رہتا ہے۔ سردی کا موسم نومبر سے اخیر فروری تک اور گرمیون کا موسم ابتداے مارچ سے ابتداے جون تک۔ ملک کے مختلف حصون مین ان ایام مین کسی قدر اختلاف ہے لیکن عام طور پر کہا جاسکتا ہے کہ ہندوستان مین صحت کا زمانہ جس مین یوروپی ایک جگہ سے دوسری جگہ بلا تکلف سفر کرسکین یا کسی جگہ مقیم رہ سکین اکتوبر سے اپریل تک ہے۔ اپریل دسمبر مین گرمی کی شدت ہوتی ہے اور خود دلیسی اس کی حدت کو محسوس کرنے لگتے ہین۔ دریاے سندھ کے مجرا مین اور دکن کے سواحل پر تو یہ گرمی ایسی شدید ہے کہ کسی قطر عالم مین اس سے زیادہ نہین ہوسکتی۔ یہ بڑی بڑی ندیون کو خشک کردیتی اور ہر قسم کی سبزی کو جلادیتی ہے۔ آنکھین دنون تک ایک نیلے آسمان کو دیکھتی ہین جس مین کسی قسم کا کوئی تغیر نہین معلوم ہوتا لیکن بتدریج اس آسمان کی صورت بدل جاتی ہے باریک ریتی کی آندھیان نیلاہٹ کو چھپادیتی ہین اور اس مین سے آفتاب مثل ایک مرخ فلزی گولے کے نظر آنے لگتا ہے جس مین شعاعون کا مطلق پتہ نہین ہوتا۔ ہر شخص کی حالت بے صبری کی ہوجاتی ہے کیونکہ نجات کا زمانہ قریب ہے

اور اس کی علامات کو آنکھیں افق کے جنوب مین ڈھونڈتی ہین - اس بخت کی لانے والی مانسون ہے یہ بڑے زور شور سے آتی ہے اور خیر و برکت کو تمام ملک مین پھیلاتی ہے -

مانسون | ہندوستان کے ملک مین کوئی فطرتی واقعہ اس قدر پُرشان اور مفید نہین ہے جیسی مانسون - اس کی آمد سے دو ایک روز پہلے آسمان پر اُفق کے قریب بڑے بڑے سکے ابر کے جمع ہو جاتے ہین بتدریج ان مین ایک خفیف سی حرکت پیدا ہوتی ہے اور یہ تقریباً افق کے نصف حصے پر ایک تیرہ و تاریک پردہ ڈال دیتے ہین لیکن افق کا دوسرا نصف ویسا ہی روشن رہتا ہے اور اس مین سے مکانات اور پہاڑ وغیرہ صاف نظر آتے ہین - اس کے بعد تاریکی عالمگیر ہو جاتی ہے - بجلی کی چمک آنکھون مین چکاچوند لاتی ہے اور بادل کی گرج ایسی شدید ہوتی ہے کہ انسان کا دل تھرانے لگتا ہے - اس کے ساتھ ہی ساتھ ابر گہرا ہو جاتا ہے اور بالآخر مشکیزہ پر آب کی طرح زمین پر خالی ہونے لگتا ہے - موسلا دھار بارش ہونے لگتی ہے اور تھوڑی سی دیر مین سوکھی ہوئی ندیان لبالب ہو جاتی ہین اور زور سے بہنے لگتی ہین - زمین جو ایک مدت دراز سے خشک ہو رہی ہے اس مینھ کو سوک لیتی ہے - یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک نئی زندگی کا دور آگیا اور ہر ایک چیز سوتے سے جاگ اُٹھی - یہ پہلی شدت زیادہ دنون تک نہین رہتی ارجھیٹ جاتا ہے نیلا آسمان نظر آنے لگتا ہے اور ساری زمین اس طرح ہری بھری ہو جاتی ہے جیسے کوئی معجزہ ہوا ہو - جانور چلنے پھرنے لگتے ہین اور چند روز مین صفحہ عالم بالکل بدل جاتا ہے پانچ چھ مہینے تک جنوب و غرب کی مانسون جو سمندر کی طرف سے آتی ہے رطوبت کو لاتی ہے اور کم و بیش بارش تھوڑے تھوڑے وقفے سے ہوا کرتی ہے - یہی بارش کا موسم ہے - جنوب و مغرب مین مانسون اسی طرح شروع ہوتی ہے جیسا ہم نے اوپر بیان کیا لیکن ہند کے اور حصون مین نہ تو یہ وقت واحد مین شروع ہوتی ہے اور نہ اس زور شور سے - جدید تحقیقات کی رو سے مانسون کے اسباب حسب ذیل ہین -

مانسون کے اسباب | دو مخالف ہوائین ہندوستان پر سے گذرتی اور سال کو دو حصون مین تقسیم کرتی ہین شمال

مشرق کی ہوا فوہر سے مئی تک چلتی ہے - اور جنوب و مغرب کی ہوا جون سے اکتوبر تک - اس مین سے پہلی ہوا جو کہ وسط ایشیا کے خشک میدانون سے ہوکر آتی ہے ایک قطرہ بھی پانی کا نہین لاتی - اس کو خشک مانسون کہین تو بجا ہے یہ مثل موسمی ہواؤن کے ہے اور اس مین کوئی خصوصیت نہین ہے دوسری ہوا جو بحر ہند کو طے کرتی ہوئی آتی ہے رطوبت سے بھری ہوئی ہے اور یہی رطوبت موسلا دھار بارش کا باعث ہے یہ اصلی مانسون ہے اور اُن ہواؤن سے جو اسباب سائی سے پیدا ہوتی ہین بالکل علیحدہ ہے - یہ صرف سمندر اور خشکی کی تقسیم اور جزیرہ نمائے ہند کی اس رنگی کا نتیجہ ہے جو تین مہینے تک شدت سے پڑتی ہے - موسم گرما کے آخر مین وہ کرہ ہوائی جو ہندوستان سے ملحق ہے گرم ہوکر پھیلنا شروع ہوتا ہے اور جو مین بلند ہوتا جاتا ہے اس کی حالت بالکل اُس ہوا کی ہے جو تنور مین سے نکل کر اوپر کو چڑھتی ہے - اس ہوا کا اوپر جانا ایک خلا پیدا کرتا ہے اور خلا کو بھرنے کے لئے وہ رطوبت سے بھری ہوئی ہوا جو بحر ہند کے سمندر سے ملحق ہے بتدریج حرکت کرتی ہے اور اس کی جگہ لے لیتی ہے - جس وقت تک ثقل کی مساوات نہ قایم ہوجائے یہ برابر اوپر چڑھتی رہتی ہے - جب کہ جنوب و غرب کی مانسون کے لائے ہوئے بادل ہندوستان کے ساحل سے اوپر چڑھتے ہین تو وہ مغربی گھاٹ سے ٹکراتے ہین اور ان کی رطوبت کا بہت بڑا حصہ بارش کی صورت مین گھاٹ کے مغربی دامن پر برس جاتا ہے - اس بارش کے زور نے ان گھاٹون کو دھویا ہے اور ان مین برج نما اور نوکدار چوٹیان پیدا کردی ہین جو ان پہاڑون سے مخصوص ہین - ان پہاڑون کو پار ہونے کے بعد ہوا مین رطوبت بہت کم رہ جاتی ہے یعنی پہلی رطوبت کا نصف یا تیسرا حصہ - اب یہ مشرقی گھاٹ کی طرف بڑھتی ہے اور کچھ مینھ برساتی ہے چونکہ اس مین مشرقی گھاٹ کو پار ہونے کی طاقت نہین رہتی یہ شمال و مشرق کی جانب ساحل کارومیانڈل تک پہونچتی ہے لیکن اُس وقت اس مین ایک قطرہ بھی پانی کا باقی نہین رہتا اس ساحلے حصہ مین بارش شمال و مشرق کی مانسون سے پہونچتی ہے کیونکہ خلیج بنگالہ سے گذرتے وقت اس خشک ہوا مین تھوڑی بہت سمندر کی رطوبت آجاتی ہے - اسی وجہ سے اس خطے مین بحیثیت مجموعی بارش

بہت کم ہوتی ہے۔ ساحل کا ریگستانی کی آفت یہی خشکی ہے اور ہند کے کسی حصہ مین مصنوعی ذرایع آبپاشی کی اس قدر ضرورت نہین ہے جیسے اس خطے مین۔ یہان یہ ذرایع کثرت سے موجود بھی ہین اور ان کا رقبہ قریب قریب اُتنا ہی ہے جتنا قابل کاشت آراضی کا۔

مانسون کی رفتار جس وقت جنوب مشرق کی مانسون خلیج بنگالہ سے نیچے اُترتی ہے تو اس مین پھر رطوبت جمع ہوجاتی ہے اور برما اور آسام کے پہاڑون سے ٹکرا کر اس کا رُخ بدل جاتا ہے اور یہ ٹھیک جنوب کی طرف چلنے لگتی ہے۔ اس کی رطوبت سے بھرے ہوے بادل برہمہ پتر کی بلند گھاٹی مین پانی برساتے ہین اور ہمالیہ کے مشرقی جانب آسام کے پہاڑون پر خالی ہوتے ہین۔ اسی وجہ سے چیرا پونجی کی چوٹی پر بارش اس کثرت سے ہوتی ہے کہ اس کی مقدار چھ سو انچ سالانہ سے بھی زیادہ ہے۔ اس خطے کی چوٹیان بھی اسی طرح کٹی اور چھلی ہوی ہین جیسے مغربی گھاٹ کی۔ اس کے بعد مانسون کا رُخ بالکل بدل جاتا ہے چونکہ یہ ہمالیہ کے سلسلے سے پار نہین ہوسکتی اس کے محاذی شمال و مغرب کی جانب روان ہوتی ہے۔ اس عبور مین وہ پھر رطوبت کو جمع کرلیتی ہے اور پنجاب کے ملک مین بارش کا موسم پیدا کرتی ہے اسی وجہ سے پنجاب مین موسم بارش جون کے آخر مین شروع ہوتا ہے۔ کئی مہینے تک مانسون کا سلسلہ ویسا ہی رہتا ہے جیسا بیان کیا گیا لیکن اس کی قوت روز بروز گھٹتی جاتی ہے۔ بارش کی اس تقسیم مین صرف دریاے سندھ کا مجرا اور اڑیسہ کا ساحلی خطہ یہ دونون سخت بدنصیب ہین۔ اگر ان کی بدقسمتی سے عام موسم بارش کم ہوا تو یہان وہ ایک دہایانوج کتنی کا اثر پیدا کرتا ہے۔ قحط شروع ہوجاتا ہے اور لاکھون جانین ضایع ہوجاتی ہین۔ کچھ تعجب کی بات نہین کہ ہندوون نے اپنے ملک کی ندیون کو دیوتا مانا ہے اور وہ ان کی پرستش کرتے ہین۔ مہابھارت مین لکھا ہے کہ "مینھ اللہ کی دین ہے یہ آسمان سے آتا ہے اور اسی کی بدولت وہ زراعت ہوتی ہے جس پر انسان کی بھلائی کا دارومدار ہے"۔

جنوب دکن کی حالت جنوبی دکن مین ہمین صرف بارش ہی کی کمی یا زیادتی کی وجہ سے ہر جگہ اختلاف منظر محسوس


(شکل ۱۰) مہوبہ کا مصنوعی غار

ہوتا ہے۔ پہاڑون اور دوسرے موانع کی وجہ سے اِس خطے مین پانی کی تقسیم ناساوی ہے۔ جہان پانی کثرت سے برستا ہے نباتات روز سے اُگتے ہین اور دشوار گذار گھنے جنگل پیدا ہوجاتے ہین برخلاف اس کے تھوڑی سی دور پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ سمان بالکل بدل گیا اور زمین مین صرف اس قدر رطوبت رہ گئی کہ اس مین چھوٹے چھوٹے بانس کے جھنڈ اُگ جائین۔ بعض وقت تو زمین ایسی خشک اور سخت ہوتی ہے کہ اُس پر کوئی چیز نہین اُگتی۔

پانی کی تقسیم مین ناسادات | پانی کی تقسیم مین ناسادات کا ہونا ملک ہند کے لئے ایک بڑی مصیبت ہے لیکن یہی ایک مصیبت نہین بلکہ اس کے سوا ہیضہ اور ملیریا اور طوفان بھی ہین جو جو کی ہواؤن کی کثافت مین ناسادات ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتے ہین اور بڑے بڑے قطعون کو ویران و برباد کردیتے ہین بعض وقت یہ سمندر کی موجون کو کھینچ کر دور تک پہونچا دیتے ہین اور لاکھون خلق اللہ کی جانین تلف کردیتے ہین یہ طوفان موسم گرما کے آخر مین اکثر ساحل کارومیانڈل اور سرکار اور اُڑیسہ کے ملک مین ہوا کرتے ہین ان کی غارت گری سخت و دردناک ہے ۱۷۸۹ء مین مدراپولم کا حصہ جو گوداوری کے دہانون کے قریب ہے بالکل زیرآب ہوگیا تھا لاکھون مخلوق ڈوب گئی تھی اور ایک جہاز دور تک بہ کر خشکی مین آگیا تھا۔ اسی ساحل پر ۱۸۶۴ء مین مچھلی بندر جو ایک متوسط آبادی کا شہر ہے گویا بالکل نیست و نابود ہوگیا تھا۔ سندربن کے جزایر کو بھی جو گنگا کے دہانے پر واقع ہوے ہین ان ہولناک اور ناگہانی مصیبتون کا سامنا رہتا ہے اور ظاہرا ان سے بچنے کی کوئی صورت معلوم نہین ہوتی۔ یہی سندربن ہیضہ کا بھی گھر ہے۔ یہ خطرناک بیماری جو دن کے بیچ مین زمین کی رطوبت اور نباتات کی کثرت سے پیدا ہوتی ہے اور یہان ہمیشہ رہتی ہے۔ ہندوستان کے دوسرے حصون مین البتہ یہ مرض وقتاً فوقتاً ظاہر ہوتا ہے۔

ملیریا کا بخار ہند کی آب وہوا | ملیریا کا بخار جو ہیضہ سے ہلاکت مین کم نہین ساری ترائی مین یعنی اُس نشیبی خطہ مین جو ہمالیہ کے دامن مین واقع ہوا ہے موجود رہتا ہے۔ یہان قیام کرنا یا اس مین سے گذرنا گویا

موت کو بُلانا ہے۔ مسافر کو ہیضہ تو یہ مرض نہین ہوتا لیکن اگر بے احتیاطی کی جاے تو انسان اس مین ضرور مبتلا ہوجاتا ہے اور بہت کم صورتین دیکھی گئی ہین جو کوئی اس کے اثر سے بچا ہو۔ اس کے ساتھ بھی عام طور پر یہ نہین کہا جاسکتا کہ ہند کا ملک بد آب و ہوا ہے۔ خود یوروپی اس مین بلا کسی خطرے کے بود و باش کر سکتے ہین علی الخصوص جبکہ وہ اعتدال کے ساتھ زندگی بسر کرین اور وقتاً فوقتاً موسم کے لحاظ سے بلند اور پہاڑی خطون مین تبدیل آب و ہوا کرتے ہین۔ یہ اس ملک مین قیام تو کر سکتے ہین لیکن بس نہین سکتے۔ انہین معلوم ہوگیا ہے کہ یہ آب و ہوا کے عادی نہین ہو سکتے اور اسی وجہ سے یہ اپنے بچون کو تربیت کے لئے انگلستان بھیجا کرتے ہین۔

ہند مین بسے ہوئے یوروپی لوگون مین سے جو اشخاص ہند مین بس گئے ہین اُن مین نہایت درجہ کا انحطاط آگیا ہے اور اس مین شک نہین کہ وہ بہت جلد نیست و نابود ہو جائین گے۔ اسی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ ہندوستان مین اقوام یوروپی کی پہلی جھول مین ضعف جسمانی و روحانی ہوتا ہے اور دوسری جھول مین وہ ٹھٹھرے ہوے سادہ لوح رہ جاتے ہین اور تیسری پشت کا تو کوئی نام بھی نہین لیتا۔ آب و ہوا کی گرمی مکانات لباس اور غذا کی ضرورتون کو نہایت کم درجہ پر لے آئی ہے۔ زمین اس قدر شاداب ہے کہ بہت تھوڑی سی محنت مین انسان کی قوت بسر ہی کے موافق پیدا وار ہوجاتی ہے۔ یہ گویا اصلی حالت ہند کی ہے۔ ایسی صورت مین زندگی کی کشمکش نہایت کم درجہ مین ہوتی ہے اور اسی وجہ سے اشخاص مین قوت عمل اور جوہر ذاتی اور بھی بہت کم پیدا ہوتا ہے۔ ان اقوام کو گویا فطرت نے شروع ہی سے غلامی کے لئے بنایا ہے۔ یہ ہر ایک فاتح قوم کے شکار بن جاتے ہین۔ ہمیشہ سے اطاعت کے عادی یہ کبھی بطور خود کچھ نہین کر سکتے۔

LIBRARY
OSMANIA

باب دوم

ہند کے مختلف خطون کا جغرافیہ

ہند کے مختلف خطون کے حدود

ہند کے مختلف خطون کے حدود کو عموماً خود فطرت نے مقرر کردیا ہے۔ کوئی نہ کوئی ندی یا کوئی نہ کوئی سلسلہ پہاڑون کا ایک قوم اور ایک حکومت اور ایک تمدن کو دوسرے سے علیحدہ کرتا ہے البتہ سیاس ضرورتون نے ان فطرتی حدود کو وقتاً فوقتاً متاثر کردیا ہے۔ صرف بنگال پنجاب کی ایک حد فاصل ہے جس کو اس وقت تک نہ فتوحات بدل سکے اور نہ اتحادی ذرایع اس ایک فطرتی دیوار کی وجہ سے ہندوستان دو ملکون کے خطے ایک دوسرے سے ہمیشہ کے لئے علیحدہ رہے۔ ان دونون خطون مین نہ صرف اب رہو اور پیداوار کا اختلاف ہے بلکہ ان مین رہنے والی اقوام اور ان کے رسوم و عادات بھی بالکل علیحدہ رہے ہین۔ شمال کے باشندے اس وجہ سے کہ اس ملک مین شدت کی گرمی اور شدت کی سردی ہوا کرتی ہے بمقابل باشندگان جنوب کے زیادہ قدآور اور بہادر اور مستعد ہوتے ہین۔ جنوب کی اقوام مین صرف مرہٹے ہین جو شمالی باشندون کا مقابلہ کرسکتے ہین۔ ورنہ علی العموم دکن کے رہنے والے پست قد اور کاہل اور کم جرأت ہوا کرتے ہین۔ وہ معتدل گرمی اور سردی جس مین وہ پیدا ہوتے ہین ان مین قوائے جسمانی و روحانی کی پوری طرح نشوونما نہین ہونے دیتی۔ ان کی جلد کا رنگ بھی اقوام شمال کے رنگ سے مختلف ہے۔ بطور عام کہا جاسکتا ہے کہ جنوب مین رنگ بالکل سیاہ ہے اور جیون جیون و پرچھمین اس مین صفائی آتی جاتی ہے یہان تک کہ شمالی باشندون کی جلدین سبی رنگ کی ہین بلکہ راجپوتانہ مین جاکر گویا بالکل سفید ہوجاتی ہین۔ اب ہم شمال سے شروع کرین گے اور ہندوستان کے مختلف حصون کا مختصر بیان اور ان کی پیداوار اور باشندون کی عادات دکھائین گے۔

فصل اوّل - شرقی ہمالیہ

یعنی

نیپال - سکم اور بھوٹان

نیپال | شرقی ہمالیہ مین دو ریاستین ہین جو اِس وقت تک خود مختار رہی ہین - یہ نیپال اور بھوٹان ہین نیپال کا ملک ایک لمبی گھاٹی مین واقع ہوا ہے جو سلسلہ ہمالیہ کے دو حصون کے بیچ بیچ نیپال اور ہندوستان کے درمیان مین صرف ہمالیہ کا جنوبی حصہ ہی حد فاصل نہین بلکہ ہندوستان سے اِس ملک کو پہونچنے کے لئے ساری ترائی کا خطہ قطع کرنا پڑتا ہے جس کی زہریلی ہوا انسان کے لئے قاتل اور بطور خود ایک سد عظیم ہے - اِس علیحدگی کی وجہ سے نیپال کے ملک نے اپنی خصایص کو قایم رکھا ہے - اگرچہ نیپالیون مین آزادی کا جوش بے انتہا ہے لیکن دو بڑی لڑائیون کے بعد وہ اِس بات پر راضی ہو گئے ہین کہ حکومت انگریزی کا ایک سفیر اِن کے ملک مین رہے مگر شخص ایک تنہا یورپی ہے جس کو یہان رہنے کی اجازت ملی ہے - خود اِن اوراق کے مصنف نے جب اِس ملک مین سفر کرنے کا ارادہ کیا تو اسے ایک لمبی چوڑی خط و کتابت کی ضرورت پڑی مصنف سے پہلے کوئی فرانسیسی یہان آنے نہ پایا تھا کیونکہ مشہور فرانسیسی سیاح ژاکمان اپنے ارادے مین کامیاب نہونے پایا - مصنف نے نیپال کے متعلق ایک علیحدہ تحریر شایع کی ہے جو اپریل ۱۸۶۶ء کے تورماند کے رسالے مین چھپی - نیپال ہی کا ملک ہے جس مین ہمالیہ کی شان پوری طرح نظر آتی ہے اور یہین اِس کی مشہور چوٹیان واقع ہوئی ہین - مغرب کے جانب دھول گیری اور مشرق کی جانب کنچنجنگا یعنی پانچ پانچ ہزارون کا پہاڑ اور آخر مین گوری شنکر یہ سب نیپال ہی کی وادی مین واقع ہوے ہین اور وہ پُرشان منظر پیدا کرتے ہین جس کا ثانی تمام عالم مین نہین ہے - میدان مین کھڑے ہونے سے اِس کی اونچی اور دشوار گذار برف سے

چھپی ہوئی چوٹیاں دور سے نظر آتی ہین اور اگر انسان جرأت کرے اور اُن پگڈنڈیون پر جو ان پہاڑون کے درمیان مین واقع ہوئی ہین عبور کرے تو ایسے بڑے بڑے سیاہ و تاریک غار نظر آئین گے جو معلوم ہوتا ہے کہ زمین کے اندرونون تک چلے گئے ہین۔ اِن غارون کے کنارے سنگ سماق کی دیوارین نظر آتی ہین جو برف سے ڈھکی ہوئی آسمان سے باتین کر رہی ہین۔ وہ مشہور اور خطرناک گردنہ جس پر سے تبت کا راستہ گذرتا ہے نیلو کے نام سے مشہور ہے اور یہ کیلاس کے دامن مین جہان مناسر اور کی جھیل واقع ہوئی ہے منتہی ہوتا ہے۔ باعتقاد ہنود اسی کیلاس کی حوالی مین وہ عجیب الخلقت حیوانات ہین جن کے حلق سے ہندوستان کی چارون ندیان یعنی برہمپتر و سندھ و ستلج و گنگا جوش کھاتی ہوئی نکلتی ہین۔ گنگا کی وہ شاخین جو نیپال مین ہو کر گذری ہین بکثرت ہین اور ملک کی طبعی حدود ان سے قائم ہوگئی ہین بعض ان مین سے تو ہمالیہ کے شمالی حصے سے نکلی ہین اور ان کے اوپر کا حصہ تبت مین ہے اور نیچے کا حصہ نیپال مین سے گذرتا ہے۔ ان کی گھاٹیان ایسی عمیق اور پتھریلی ہین کہ یہ مطلق کشتی رانی کا کام نہین دے سکتین نہان کے ذریعہ سے آمد و رفت قائم ہو سکتی ہے۔ خود نیپال مین ان کی دھار اس درجہ تیز ہے کہ ان مین صرف نکلوی کے پیڑ بہائے جا سکتے ہین یا ان کے پانی سے آبپاشی کا کام لیا جا سکتا ہے۔ یہ نہان نیپال کو کئی حصون مین تقسیم کر دیتی ہین جن کے باشندون مین بھی بلندی ملک کے بہت کچھ فرق پایا جاتا ہے مثلاً نیپال کے پہاڑی حصون کے باشندون مین تبت کا بہت کچھ اثر ہے علاوہ اس کے ان مین آریون کا میل بھی پایا جاتا ہے جس کا ذکر اس باب مین ہوگا جو اقوام ہند کے متعلق لکھا گیا ہے۔ غرض عام طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ نیپال کا ملک کیا لحاظ لمبائی چوڑائی کے اور کیا لحاظ نظر تعمیر اور رسم و عادات کے چین و ہندوستان کے تمدن مین ایک درمیانی درجہ کی خبر دیتا ہے۔

سکم نیپال اور بھوٹان کے بیچ مین سکم کی چھوٹی سی ریاست ہے جہان کا حاکم ایک راجہ ہے اس کا دارالسلطنت تم لانگ ہے جو بالکل ایک قریہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس ریاست کی مردم شماری صرف ساٹھ ہزار ہے اور یہ لوگ زیادہ تر تبتی ہین سکم کا پہاڑی ملک نہایت درجہ مرطوب ہے اور سال مین

زیادہ دنون تک بودو باش کے لایق نہین اس کا زرخیز حصہ حکومت انگریزی نے علیحدہ کرکے اُس کا ایک ضلع بنادیا ہے جس کا مستقر دارجیلنگ ہے۔ یہ شہر بھی منجملہ اُن صحت گاہون کے ہے جو گورنمنٹ نے موسم گرما کے لئے قایم کئے ہین یہ شملہ سے دوسرے درجہ مین ہے کیونکہ یہان کی آب وہوا نہایت مطبوع ہے یہی مقام ہے جہان تبت و ہندوستان کے اشیاء تجارتی مین تبادلہ ہوتا ہے۔

بھوٹان | بھوٹان جو سکم سے ملحق ہے جغرافیہ اور دوسری حیثیتون سے اس کے ماتحل بھی ہے۔ یہ شرقی ہمالیہ کے جنوبی اوتار پر واقع ہوا ہے اور اس مین نباتات کے تین منطقے ہین نیچے کے حصے مین گرم ملکون کے نباتات اور درمیانی ڈھالوان حصے مین معتدل ممالک کے اور اوپر کے برفستان مین دیودار کے جنگل واقع ہوئے ہین پہاڑون کے جنوبی دامن پر بارش بہت شدت سے ہوتی ہے اور ترائی کا خطہ اس سے ملحق ہے۔ یہان کے باشندے بالکل پہاڑی ہین اور اس ملک مین کل دو قصبے ہین جو کسی قدر بڑے ہین اور بلندی پر واقع ہوئے ہین۔

فصل دوم۔ بنگال

بنگال | سکم اور بھوٹان کے پہاڑون کے جنوب مین بنگالہ کا وسیع ملک واقع ہوا ہے اگر ہمالیہ کی بلندی سے اسپر نظر ڈالی جاے تو معلوم ہوگا کہ یہ ایک سرسبز خوان نعمت ہے جس پر بڑی بڑی عظیم الشان ندیان اور اُن کی بیچدار شاخین بہ رہی ہین اور اس کو شاداب اور زرخیز بنا رہی ہین۔ سیلاب کے زمانہ مین یہان پانی اور زمین کی مقدار تقریب برابر ہوتی جاتی ہے کیونکہ جس وقت جنوبی انسون اس ملک سے ٹکراتی ہے تو اس مین بے انتہا رطوبت پیدا کردیتی ہے۔ اصل یہ ہے کہ بنگال کے ملک پر نزی کا اطلاق اُسی طرح ہوسکتا ہے جیسا خشکی کا۔ جس قدر زمین اس کی سطح پر روان ہین اسی قدر سطح کے نیچے پانی کے سوتے بھی

جاڑی مین اور فٹ دو فٹ کھودنے کے ساتھ ہی پانی اُبلنے لگتا ہے - بنگال کے آباد مرزوعہ حصون مین آفتاب اور پانی مین ترائی ہے - اگر آفتاب کی گرمی زندہ وار نہون تو تھوڑے دنون مین یہ ملک تہ آب ہوجاے لیکن گرمی کی شدت اور رطوبت کی کثرت سے ایک پُرزور سبزی اس ملک مین پیدا ہوتی ہے جس کا ثانی روے زمین پر نہین ہے - اس کے ساتھ ہی وہ خاص سمت بھی یہین کی ہوا مین ہے جو خطرناک بیماریون اور وباؤن کی جڑ ہے - ہیضہ یہین سے تمام ہند مین پھیلا ہے اور ملیریا کے بخار نے بھی اسی خطے مین دایمی قیام اختیار کیا ہے - باوجود ان دو مصیبتون کے جن مین ورندون کی مصیبت بھی شامل ہونی چاہیے یعنی جنگلون کے شیر اور نیلون کے گھڑیال بنگال کا ملک عالم کے نہایت گنجان اور نہایت آباد اور مرزوع ملکون مین ہے - بہت ہی تھوڑی مدت مین زمین بآسانی تین فصلین دے دیتی ہے اور سمندر جو اس کے کنارون کو دھوتا ہے یہان کی پیداوار کے لئے باہر جانے کی راہ بھی پیدا کر دیتا ہے - نشیبی حصون مین جہان رطوبت کثرت سے ہے ہزار ہا بیگہ مین دھان کی کھیتی ہوتی ہے اور بالائی حصون مین جو اور گیہون اور جوار وغیرہ کی زراعت ہوتی ہے علاوہ ان کے روئی نیشکر تمباکو سن افیون اور نیل جن پر صنعتون کا دارمدار ہے نہایت آسانی کے ساتھ پیدا ہوتے ہین

بنگال کے شہر بنگال کے خوشحال شہر جو کثرت سے ہین اُن ندیون کے کنارے واقع ہوے ہین جو اس خطے مین سے گذرتی ہین - بعض ان مین سے مثل گور کے جو کسی زمانہ مین نہایت آباد تھے اب ندی کے رخ بدل جانے کی وجہ سے ویران ہو گئے ہین - ان سب شہرون مین مشہور اور بڑا شہر کلکتہ ہے جو حکومت انگریزی کا دارالسلطنت اور ہند کا سب سے بڑا بندر ہے -

باشندے بنگال کے باشندے بہت ہی مختلف الاصل ہین اور ان مین کثرت سے میل ہے - یہان کے ہندو کیا جسمانی اور کیا روحانی خصایص کے لحاظ سے نہایت ذلیل ہین اور اکثر اوقات انہین سے یورپی تمام ہند کے اقوام کا اندازہ کر لیتے ہین کیونکہ بہت سے سیاح ایسے ہین جن کو سواے بنگالیون کے

کسی اور اقوام ہند کے دیکھنے کا اتفاق نہین ہوتا۔ بنگالی پست قد اور چھریرے بدن کے ہوتے ہین۔ اِن کا رنگ گندمی ہے اور چہرہ کا نقشہ کسی قدر دبا ہوا ہے۔ دماغی حالت اِن کی یہ ہے کہ جو کچھ انہین سکھایا جاتا ہے بآسانی سیکھ لیتے ہین لیکن چال چلن کے لحاظ سے یہ بزدل اور کاہنے اور کم ظرف ہین۔

فصل سوم۔ اودھ

اودھ | اودھ وہ صوبہ ہے جو بنگال سے بڑھ کر شمال اور مغرب کی جانب واقع ہوا ہے۔ یہان کے باشندے بنگالیون سے بالکل علیحدہ اور یورپ کے لوگون سے زیادہ ملتے جلتے ہین۔ یہ قد آور ہین اِن کا نقشہ سڈول اور خوشنما ہے اور رنگ بھی اِن کا صاف ہے۔ یہ خوبصورت اور بہادر قوم اُس خطے مین رہتی ہے جو دنیا کے عمدہ ترین ملکون مین ہے۔ گنگا اور ہمالیہ کے بیچ مین واقع ہونے کی وجہ سے اودھ کی آب و ہوا بنگالہ سے بدرجہا بہتر ہے۔ یہان رطوبت بے اندازہ نہین ہوتی مگر زمین مین شادابی پیدا کرنے کے لئے کافی ہوتی ہے۔ یہان کا موسم گرما نہایت سخت ہوتا ہے لیکن جاڑون مین اکثر اوقات سردی یہانی جم جانے کی حد تک آجاتی ہے۔ اودھ کے پہاڑی حصون مین جنگل واقع ہوا ہے جس مین شکار کثرت سے ہے اور یہین وہ درخت ہین جن سے انواع و اقسام کے قیمتی جوہر نکلتے ہین۔ نیچے والا حصہ جس کا انحدار اس قدر کم ہے کہ محسوس نہین ہوتا اور جس مین سے گنگا گذرتی ہے بہت ہی شاداب ہے اور یہان ہر سال اعلیٰ درجہ کی پیداوار ہوتی ہے۔ اِس مین شک نہین کہ اودھ کا ایک معتدبہ حصہ ترائی مین واقع ہوا ہے لیکن یہان انسان کا ارادہ اور اُس کی مشقت فطرت پر غالب آئی ہے اور اس خطرناک خطے کا بہت بڑا حصہ صاف کر کے قابل بود و باش کر دیا گیا ہے اور اودھ کی خوبصورتی اور اُس کی زرخیزی زمانہائے دراز سے ہندوستان مین ضرب المثل رہی ہے۔ اِس کے قدیم نام کوشل اور اس ملک کے قدیم دارالسلطنت اجودھیا کا ذکر


(۵) سری نگر کشمیر

ہندو شاعری مین پایا جاتا ہے۔ رامایں مین لکھا ہے "یہ ایک وسیع بستی ہوئی سرزمین ہے جس مین ہر قسم کا غلہ اور مویشی پیدا ہوتی ہے۔ اس سرزمین کا نام کوشل ہے اور یہان ایک بڑا شہر تھا جو تمام عالم مین مشہور تھا اور جس کے بانی منو نوع انسان کے گرو منو رشی تھے۔ اس شہر کا نام اجودھیا تھا" یہ مشہور شہر اخیر مین آکر اودھ ہوگیا اور اسی نام سے سارا ملک نام زد ہوا۔ یہ شہر گھاگرا کے کنارے پر تھا۔ مثل ہند کے اودھ کے حکمران کے اودھ کا دارالسلطنت بھی بدلتا رہا۔ پہلے فیض آباد تھا اور اب لکھنؤ ہے جب سے اودھ کا ملک جسے ہند کا باغیچہ کہتے ہین حکومت انگریزی کے ہات مین آیا ہے لکھنؤ اور بھی زیادہ ترقی پر ہے۔ یا ایسے عمدہ مقام پر واقع ہوا ہے کہ یورپی سیاح یہان کثرت سے آتے ہین۔ یہ شہر مخزن لطافت ہے یہان کی عمارتین جو دور سے بہت ہی خوش نما ہین فی الواقع اس امر کو ثابت کرتی ہین کہ یورپین کے ہات مین ہند کے فن تعمیر نے کس درجہ ترقی پیدا کیا ہے۔

فصل چہارم۔ مغربی ہمالیہ یعنی کشمیر

کشمیر | کشمیر کی گھاٹی اودھ سے بھی زیادہ خوش نصیب ہے اور ہنود کی کتابون مین اور تمام دنیا مین اس کی شہرت بہت زیادہ ہے۔ آب و ہوا کی لطافت اور خوش منظری مین صرف نیپال اس کا مقابلہ کرسکتا ہے یہ ملک غربی ہمالیہ کے اخیر حصے اور کاراکورم کے ابتدائی حصے کے درمیان مین واقع ہوا ہے۔ اس کے ایک طرف تو برف سے ڈھکی ہوئی چوٹیان ہیں اور دوسری طرف پہاڑون کی دیوارین جہان انسان کا قدم پہونچ نہین سکتا۔ ان دو موانع کے بیچون بیچ مین نہایت خوش گوار آب و ہوا کا یہ ملک ہے جس کے کہیت سرسبز مرغزین جھیلین شفاف اور پرسکون۔ گانون اور مکانات خوبصورت اور سندر اور قصرون کی دیوارین سفید نظر آتی ہین۔ اس ملک مین صرف ایک ہی ندی جہیلم ہے جس کا نام اریاؤن نے وتستار کہا تھا اور جسے

یونانیون نے ہی ڈاس نیچر کیا۔ یہان یہ ندی اپنے منبع سے قریب واقع ہوی ہے اور اس کے کنارون پر چنار و بید اس طرح اُگے ہوئے ہین کہ پردون کا کام دیتے ہین۔ ندی کے کنارون پر شی کرنے وقت جہاں کوہ کھمتی ہے تو ایک طرف سنگار پربت کی پہاڑی چوٹی جو ملک ہند کی سرحد ہے اور دوسری طرف ڈب سنگ کا پہاڑ جس کی وجہ دنیا کے پہاڑون مین دوسرا اچھا جاتا ہی نظر آتا ہے مگر نیچے نظر آتے ہین تو ایک ایسی منظر آنکھون کے سامنے نظر آتا ہے جو پرستان اور سین فیکن بے انتہا خوشگوار اور دلپذیر ہے۔ ایک طرف تو جھیلون کے پرسکون نیلے پانی مین سنگ مرمر کی خوبصورت عمارتین اپنے بیر و صورہی ہین اور دوسری طرف وہ سبزہ ہے جس کی گہری سبزی مین انواع و اقسام کے پھول اپنا تبسم دکھا رہے ہین۔ کشمیر کے وسط مین سری نگر جو کہ اس ملک کا دارالسلطنت ہے جھیلم کے دونون کنارون پر واقع ہوا ہے اور اس مین نہرین اس کثرت سے ہین کہ اسے بند کا وینس کہتے ہین۔ مکانات کی سطح چھتون پر ایک تہ مٹی کی بچھائی گئی ہے جس مین سے ہری گھاس اور اقسام کے پھول نکلتے ہین اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک سلسلہ معلق باغون کا ہے۔ خود جھیلون کے اندر تیرتے ہوے باغ ہین جو پیڑون پر لگاے گئے ہین۔ ان مین سری نگر کے باشندے کھیرے اور خربوزے بویا کرتے ہین۔ اس آسودہ گھاٹی مین انسان کا حس بھی فطرت کی لطافت سے مقابلہ کرتا ہے۔ کشمیری صورت شکل مین نہایت حسین اور رنگ مین ہند کے کل باشندون سے صاف ہین۔ ان کی عورتون کی نزاکت و انداز تمام مشرق کے بردہ فروشی کے بازارون مین مشہور و معروف ہے۔

کشمیر کی صناعی | زمانہ قدیم سے کشمیر کی بہت بڑی تجارت اور دولت پیدا کرنے کا ذریعہ اُونی شال تھے جو یہان سے تمام دنیا مین جاتے تھے لیکن یورپ مین مذاق کی تبدیل کی وجہ سے یہ تجارت بہت کم ہوگئی ہے اور صنعتین بھی مثلاً گلاب کا عطر یا مختلف قسم کی چیزون کا کام یہان موجود ہین۔

جموں | کشمیر کی گھاٹی اس ملک کا صرف ایک حصہ ہے۔ اس کے علاوہ وہ ملک ہے جس کا دارالسلطنت جموں چناب کی ندی پر آباد ہے۔ یہ خطہ دریاے سندھ اور اس کی شاخون کے بلند حصے پر

واقع ہوا ہے اور قبت تک پھیلا گیا ہے۔ ملتان اور بالتستان گویا اسی کے جزہین۔ کشمیر کی گھاٹی عجیب طور وجود مین آئی ہے۔ علمی تحقیقات کی رو سے یہ نتیجہ نکالا گیا ہے کہ کسی زمانۂ قدیم مین یہ سارا ملک ایک جھیل تھا اس کے بعد پانی کے اندر سے پہاڑ نکل آئے اور ان پر بندیان بھی لگین جنہون نے اس کی موجودہ حالت پیدا کردی۔ ملک کی قدیم تاریخون مین بھی اس کا ذکر کیا جاتا ہے لیکن ظاہر ہے کہ یہ قصہ انسان کے وجود سے بہت ماقبل کا ہے۔

فصل پنجم۔ اسلامی ہند یعنی

پنجاب راجپوتانہ وسندہ وغیرہ

پنجاب دریاے سندھ کا مجرا جس مین پنجاب وراجپوتانہ وگجرات وسندھ شامل ہین ایک ایسا خطہ ہے جسے اسلامی کہنا سکتے ہین کیونکہ نہ صرف یہان فاتحین اسلام کی حکومت رہی بلکہ تمدن اسلامی کی بہت سی یادگارین یہان موجود ہین۔ اسی مین مجرا ہے گنگ کا وہ بلند حصہ شامل ہے جسے حکومت انگریزی نے ممالک مغربی وشمالی کا نام دیا ہے۔ پنجاب اور ممالک مغربی شمالی مین جمنا جو گنگا کی ایک شاخ ہے حد فاصل سمجھی جاتی ہے۔ پنجاب کا ملک عموماً مین زیادہ اور نہایت آباد اور مرزوع ہے۔ یہ ہمالیہ کے دامن سے شروع ہوتا ہے اور دریاے سندھ کے اس پار گنگا کی شاداب گھاٹی تک چلا جاتا ہے گویا یہ اُن دو بڑے شمالی خطون مین جو فی الواقع ایک دوسرے سے الگ ہین اتصال پیدا کرتا ہے۔ پنجاب مین بھی بڑے بڑے شاداب سرسبز زرخیز میدان ہین۔ آبادی گنجان ہے اور یہان کے شہر بھی پُررونق اور مشہور ہین مثلاً لاہور امرتسر سدھلی وغیرہ۔ لیکن پھر بھی اس کے کہ انسان جنوب کی طرف رُخ کرے ہر جگہ جہان تک نگاہ جاتی ہے بجز دو تاک ریگستانون کے کچھ نظر نہین آتا۔ انسان کی ہود وباش کی نشانیان کم ہوتی جاتی ہین یا بالکل غایب ہوجاتی ہین کسی قسم کی کاشتکاری یہان نہین ہوتی۔ اور یہان کی سبزی صرف جانورون کے

چارہ تک محدود ہے جو کہ بہت ہی کم مقدار مین پیدا ہوتا ہے۔

پنجاب کی آب وہوا اس سارے خطے کی آب وہوا کی خاصیت یہ ہے کہ یہان گرمی وسردی مین بے انتہا فرق ہے اور مقیاس الحرارت مین یہ فرق تقریباً نوے درجے تک معلوم ہوتا ہے۔ یہ اختلاف نہ صرف تھار کے ریگستان ہی مین ہے بلکہ شمالی شہرون مین بھی محسوس ہوتا ہے مثلاً آگرہ موسم گرما مین تمام عالم کے گرم ترین مقامات مین سے ہے لیکن جاڑون مین یہان اکثر صبح وشام پانی جم جاتا ہے۔ ریگستان کی یہ حالت ہے کہ یہان گرمیون مین اس قسم کی جلتی ہوئی ہوا چلتی ہے کہ گویا وہ تنور سے نکلی ہو۔ جانور بھی تپتی ہوئی ریتی پر بمشکل پانون رکھ سکتے ہین اس زمانہ مین یہان کے باشندے گھوڑون اور اونٹون پر بیٹھ کر بوچھری کا شکار کھیلتے ہین کیونکہ اس بیچارے جانور مین جلتی ہوئی زمین پر بھاگنے کی طاقت نہین رہتی۔

کچ کا رن ریگستان تھار کے جنوب مین ایک عجیب خطہ واقع ہوا ہے جس کو کچ کا رن کہتے ہین یہ بالکل مسطح زمین تقریباً چالیس میل سے ساٹھ میل تک لمبی ہے جس کی سطح گرمیون مین بالکل خشک اور شیشہ کی طرح چکتی ہے لیکن جاڑون مین اس پر ایک گز کے قریب پانی آجاتا ہے اس سمندر کے بیچ مین کچ کا جزیرہ واقع ہوا ہے جو کسی قدر بلند ہے اور جس پر سرسبز درخت چند گاؤن ہین اور تھوڑی سی زراعت ہوتی ہے۔ اس رن کی چمکیلی سطح پر جس وقت آفتاب کی عمودی شعاعین پڑتی ہین تو اس مین سراب کا منظر پیدا ہوتا ہے جو مسافر کو پریشان اور بالآخر دیوانہ بنا دیتا ہے۔ اس سراب کی وجہ سے اور نیز آفتاب کی سخت چمک کے باعث جو ریتی اور اُتھلے پانی پر پڑنے سے پیدا ہوتی ہے کچ کے رن سے ان کو گذرنا محال ہے۔ صرف اُسی وقت جبکہ آفتاب غروب ہوجائے انسان اس عجیب اور سنسان میدان کو طے کرنے کا ارادہ کرسکتا ہے۔ جزیرہ کچ کے جنوب مین کاٹھیاواڑ کا جزیرہ نما واقع ہوا ہے جو اصل مین صوبہ گجرات سے متعلق ہے۔

گجرات گجرات ہند کے متمدن ترین حصون مین ہے۔ اس کا دارالسلطنت احمد آباد صنعت وتجارت کا بڑا مرکز ہے۔ جزیرہ نمائے کاٹھیاواڑ کے بندرگاہون مین تمام عالم کے تجارتی جہاز آیا کرتے ہین۔ خلیج کھمبات بھی مین



(٦) پوکھر کا تالاب اجمیر شریف کے قریب

جو اس کے گرد واقع ہوی ہے نربدا اور تاپتی کی نمدیان آکر گرتی ہین۔

اراولی کا سلسلہ اور آبو کا پہاڑ

گجرات سے شمال کی جانب اور ریگستان تھار کے مشرق مین اراولی کا پہاڑی سلسلہ واقع ہوا ہے جس مین آبو کا شاندار پہاڑ ہے جو اس سے بالکل علیحدہ ہو گیا ہے۔ یہ پہاڑ سارے ہندوستان مین مشہور ہے اور نہایت متبرک سمجھا جاتا ہے۔ اس کے دامن مین فرقہ جین کے بے نظیر مندر واقع ہوے ہین جن مین ہندو صناعین نے اپنی دستکاری و تخیلہ کا رنگ دکھایا ہے اور انواع و اقسام کی حیرت انگیز سنگ تراشی کا کام کیا ہے۔ اراولی کے سلسلے اور اس کے پاس کے پہاڑی خطون مین راجپوتون کی قوم جو کہ ہندوستان کی قدیم ترین قومون مین سے ہے بود و باش رکھتی ہے۔ یہان انھون نے گویا ابتداے زمانہ سے باوجود مختلف بیرونی فوج کشیون کے اپنے تئین آزاد رکھا ہے۔ یہ اس خطے کی جغرافی ہیئت کی بدولت ہے کیونکہ اس کے چارون طرف خطرناک دیوارین واقع ہوئی ہین۔ یہان کی پہاڑیان دور سے مثل قلعون اور برجون کے نظر آتی ہین اور جب ان پر فی الواقع کوئی قلعہ بنا ہوا ہو تو بشکل معلوم ہوتا ہے کہ فطرت کا حصہ کہان تک ہے اور انسان کا کام کہان تک۔ راجپوتانہ کے مشرق مین بندیل کھنڈ اور بگھیل کھنڈ کے خطے واقع ہوے ہین۔ یہ بھی پہاڑی ہین اور ان مین تیل اور لوہے کی کانین ہین۔ کھجوراہو کے مقام پر جو کہ بندیل کھنڈ کا قدیم دار السلطنت تھا اور اب بالکل ویران ہو گیا ہے ایسے پُرشان مندر بنے ہوے ہین کہ ان کا شمار عجائبات ہند مین ہے۔ ہند کا یہ سارا حصہ بندہو کر مالوہ کی سطح اور سلسلہ بندیاچل کے ذریعہ سے ممالک متوسط مین مل گیا ہے اور اس کے بعد جزیرہ نماے ہند یعنی دکن کی جدی شروع ہوی ہے۔

فصل ششم۔ ممالک متوسط اور سواحل اُڑیسہ

گونڈوانہ جس خطے کو حکومت انگریزی نے ممالک متوسط کا نام دیا ہے یہ قدیم زمانہ مین گونڈوانہ کہلاتا تھا

کیا بلحاظ جغرافیہ اور کیا بلحاظ نباتات و حیوانات یہ خطہ ہندوستان اور دکن کے بین بین ہے۔ قدیم زمانہ مین یہان نہایت گھنا جنگل تھا جس کی اب وہوا انسان کے لئے قاتل تھی۔ اٹھارہوین صدی مین یہ جنگلی خطہ شمال اور جنوبی ہند کے بیچ مین ایک ایسی دیوار کا کام دیتا رہا کہ اقوام فاتح اس سے پار نہ سکین اور فاتحین بجز اس کے کوئی چارہ نہ دیکھا کہ اس کے گرد گھوم کر جائین پچیس تیس سال کا زمانہ ہے کہ یہ خطہ اُسی قدر نامعلوم تھا جیسا وسط افریقہ گونڈوانہ کا ملک ایک سلسلہ پہاڑی سطحون کا ہے جن کی بلندی تقریباً ہزار فیٹ سے بارہ سو فیٹ تک ہے۔ اس مین بڑے بڑے غار اور درہ اور میدان واقع ہوئے ہین۔ اس خطہ کا سب سے بلند حصہ امرکنٹک ہے جس کی اونچائی تقریباً تیرہ سو فیٹ ہے۔ یہ دیون کا گھر ہے اور اس مین سے کہ دیش چھ میدان چھوٹی بڑی نکلی ہین جن مین سے سون اور جمادی اور نربدا مشہور ہین۔ گونڈوانہ کے باشندے یعنی گونڈ جن کے متعلق ہم آگے چل کر بحث کرینگے ایک نہایت دلچسپ قوم ہے اور بعض ان مین سے بالکل وحشی ہین

اوڑیسہ | گونڈوانہ کے مشرق جانب اوڑیسہ کا ساحل واقع ہوا ہے۔ یہ دراصل کم آباد ملک ہے اور اس مین ہمیشہ خشکی اور سیلاب دونون آفتون کا سامنا رہتا ہے اور اسی وجہ سے یہان قحط کثرت سے ہوا کرتا ہے اس مین شک نہین کہ کسی زمانہ مین یہان ایک بڑی حکومت تھی جیسا کہ اُن شاندار مندرون سے جو باقی رہ گئے ہین استنباط کیا جا سکتا ہے ان مین سے بھون الیشور اور جگناتھ اس وقت بھی ہندوستان کی مشہور ترین عبادت گاہون مین ہین۔ جگناتھ مین تو ہر سال لاکھون زوار ہند کے مختلف حصون سے آتے ہین۔ اوڑیسہ کا ساحل جنوب کی طرف سرکار کے ساحل سے ملا ہوا ہے۔ چلکا کی جھیل سے اُتر کر اور برہم پور سے گذرنے کے بعد پہاڑون کے بیچ مین ایک تنگ درہ واقع ہوا ہے جو سمندر تک چلا گیا ہے اور جس کا نام سرکار کا تھرمپلی رکھا گیا ہے۔ قدیم ہندو فاتحین ہند بغیر اس درہ سے گذر کے ہوئے دکن مین نہین آ سکتے تھے اودھی درہ آریہ اور ڈراوڑی زبانون مین حد فاصل ہے۔ اس کے شمال مین اڑیا بولی جاتی ہے اور اس کے جنوب مین تلنگی۔

فصل ہفتم - دکن

دکن لفظ دکن کا اطلاق قدیم سے ہند کے جنوبی حصے پر بمقابل ہندوستان یعنی شمالی حصے کے ہوا کیا ہے - لیکن اب اس سے مراد وہ بلند پہاڑی ملک ہے جو ممالک متحدہ اور سواحل کے بیچ میں واقع ہوا ہے یہ بلند سطحین جن کی زمین آتش فشانی مادہ سے بنی ہوئی ہے عموماً کم آباد اور کم مزروع ہیں باستثنا اُن حصوں کے جو ندیوں کے کنارے اور گھاٹیوں میں واقع ہوئے ہیں جہاں وہ مشہور سیاہ مٹی ہے جو روئی کی کاشت کے لئے خاص طور پر موزون ہے - اسی طرح مغربی حصہ بھی جہاں جنوب و مغرب والی مانسون ہر سال موسلا دھار مینھ برساتی ہے آباد و زرخیز ہے -

دکن کے باشندے اِس خطے کے کل شمالی و مغربی حصے میں مرہٹوں کی قوم آباد ہے جو کہ ہندوستان کی اقوام میں ایک بڑی بہادر اور جنگجو قوم ہے اور جس نے کسی زمانہ میں ایک پُرزور حکومت قایم کر لی تھی - اقوام بھیل کو جو اس ملک کے اصلی باشندے تھے فتح کرنے کے بعد مرہٹے گھاٹ کے دونوں ڈھلوانوں پر بس گئے اور کوکن کی بلند سطحوں اور شاداب زمین پر بھی قبضہ کر لیا - یہ منجملہ اُن اقوام کے ہیں جن کا عروج حکومت انگریزی کی سمجھ میں نہیں آتا - باستثنا مرہٹوں کے دکن کے کل باشندے دراوڈی نسل کے ہیں - اغلباً یہ کہا جا سکتا ہے کہ اِن میں دراوڈی اثر غالب ہے -

میسور و حیدرآباد منجملہ اُن عظیم الشان حکومتوں کے جو دکن میں قایم تھیں اور جن کے مشہور دارالسلطنت گولکنڈہ بیجاپور اور بیجانگر نے وقتاً فوقتاً اس قدر شہرت حاصل کی اور یورپین کے تخیلہ کو انواع و اقسام کی پُرخیالیوں سے بھر دیا اب صرف دو باقی رہ گئی ہیں - یعنی میسور و حیدرآباد -

میسور میسور کا خطہ جو مغربی گھاٹ کے مشرقی دامن میں واقع ہوا ہے نیلگیری کے پہاڑ تک چلا گیا ہے

اس خطے مین مانسون ساحل ملابار پر اپنی شدت کو کم کرنے کے بعد بہت ہی معقول مینہ برساتی ہے اس وجہ سے یہان ایک پُرزور سبزی اور عمدہ جنگل ہین جن مین صندل کے درخت کثرت سے ہین یہ وہ خوشبودار لکڑی ہے جس کو ہندوستان کے باشندے نہایت خوبصورتی و عمدگی سے تراشتے ہین - میسور کی برآمد کی اشیاء روئی اور غلہ اور مصالح ہین - اس کا دارالحکومت یعنی میسور ایک خوش وضع اور خوش آب و ہوا مقام ہے لیکن یوروپی اوٹاکمنڈ کو زیادہ پسند کرتے ہین جو جنوبی ہند کی مشہور صحت گاہ ہے - میسور ہی کے ملک مین گھاٹ کے مشرقی دامن سے کاوری کی ندی نکلی ہے جو بعد کرشنا کے دکن کی سب سے بڑی ندی ہے - یہ جس بلند مقام سے نکلی ہے وہان تقریباً تین ہزار فیٹ کا عمودی ڈھال واقع ہوا ہے اور بارش کے زمانہ مین اس کا آبشار دنیا کے آبشارون مین نہایت ہی پُرشان سمجھا جاتا ہے - اس ندی کے دہانے پر ایک بڑا بچر ہے جس پر کاروان کا بندر واقع ہوا ہے - مثل ہندوستان کی اور ندیون کے کاوری بھی ایک متبرک ندی ہے اور جہان جہان سے یہ گذری ہے مثلاً ٹن جور ٹرچناپلی کنبھ کونم اور مدورہ اس کے کنارون پر بڑے بڑے مشہور مندر تعمیر ہوے ہین - ان مندرون کا طرز تعمیر ہندوستان کے مندرون سے بالکل علیحدہ ہے اور ان مین خاص بات یہ ہے کہ بڑے بڑے اہرامی شکل کے دروازے ہین جن کو گوپُرا کہتے ہین اور ان پر ہزار ہا تراشی ہوی مورتین ہین جن کا مجموعی اثر ایک بڑی شان پیدا کرتا ہے - دکن کا وہ حصہ جو کاوری کے جنوب مین واقع ہوا ہے بالکل پہاڑی اور کم آباد ہے اس مین بڑے بڑے جنگل ہین جن مین درندے جانور اور زہریلے سانپ کثرت سے پاے جاتے ہین - نشیب کے حصون مین آب و ہوا نہایت خراب ہے لیکن کوشش ہو رہی ہے کہ زمین کی خلقی زرخیزی سے کام لیا جاے اور پہاڑون کے کنارے پر قلعے و قصبے قایم ہوے ہین جن کی بلندی انہین گرمی سے محفوظ رکھتی ہے اور یہان فرحت بخش ہوا ئین چلتی رہتی ہین -

حیدرآباد دکن کے اوپر والے حصے مین حضور نظام کی حکومت واقع ہوی ہے - یہ ہندوستان کی

خود مختار ریسی حکومتون مین سب سے بڑی ہے اور حیدرآباد کا شہر بھی جو اس کا دارالسلطنت ہے ہندوستان کے عجیب شہرون مین سے ہے۔ اس اسلامی دارالسلطنت کے دیکھنے سے ہمین کچھ تھوڑا سا اندازہ مشرقی دارالحکومتون کا (مثلاً بغداد کا) ہوسکتا ہے جو عربون کے زمانۂ حکومت مین قایم ہوئے تھے۔

حیدرآباد کے پاس ہی گولکنڈہ ہے یہ شہر جو کسی زمانہ مین نہایت شاندار تھا اور جسکا نام اُس پرستان کی یاد دلاتا ہے جس مین عظیم الشان قصرون کے اندر ایک خلقت تھی جنکے جسمون پر بیش بہا کپڑے اور جواہرات چمک رہے تھے اب ایک بے رونق کا ٹون رہ گیا ہے۔ اس سے ملا ہوا ایک پُراسرار قلعہ ہے جو اس ملک کی کنجی ہے اور جہان مصنف کے سوا بہت کم یوروپین کا قدم گیا ہے۔

بیجانگر کے کھنڈر | دکن کے ویران دارالسلطنتون مین صرف گولکنڈہ ہی نہین ہے۔ ہند مین اس قسم کے بہت شہر ہین جو کسی زمانہ مین دارالحکومت تھے اور اب کھنڈر ہین۔ منجملہ ان کے دکن مین دیکھنے کے لایق مقامات بیجاپور اور بیجانگر ہین جن کی بہت سی عمارتون کو ہم نے اپنی تصاویر مین دکھایا ہے۔ ایک اتنے بڑے رقبہ مین جیسا کہ پیارس کا رقبہ ہے بیجانگر کے مندر اور قصر برقصر واقع ہوے ہین جہان کسی انسان کا قدم نہین پہونچا اور جس کے باشندے اِس وقت صرف درندے جانور رہ گئے ہین۔ اگر ہم کسی وقت چاند کی روشنی مین اِن ویران مندرون کے کھنڈرون سے اور اِس مردہ شہر کے اندر سے جس کے باقاعدہ ستون اور عمارتین کوسون تک چلی گئی ہین گذرین تو ہمین معلوم ہوگا کہ بعض وقت خاموشی مین بھی کس قدر فصاحت ہے۔ اِس قسم کے باقیات الصالحات کے مطالعہ کرنے سے ہم اس لایق ہوتے ہین کہ صدیون کی گرد کے اندر سے ایک پُرانے اور مٹے ہوئے تمدن کی مورت کھڑی کرین۔

باب سوم - نباتات وحیوانات ومعدنیات

فصل اوّل - نباتات

نباتات وحیوانات کی بوقلمونی

جس طرح ہند کے ملک مین سب قسم کے موسم ہین اسی طرح یہان کے نباتات وحیوانات بھی بوقلمون ہین - کسی نبات یا حیوان کے متعلق یہ نہین کہا جاسکتا کہ ہند سے مخصوص ہے - ایک طرف تو پہاڑون کے دامن یورپ کے پھولون پھلون سے بسے ہوئے ہین اور دوسری طرف تبتی خطون کی یہ حالت ہے کہ ایران وچین یاد آتے ہین - ان خشک اور جلتے ہوئے خطون مین سے گذرتے وقت انسان یہ خیال کرتا ہے کہ گویا وسط افریقیہ مین ہے - اسی طرح ترائی وسندربن کے گھنے اور بے ترتیب جنگل جز ابر ملایا کو یا دولا تے ہین - اگر عام طرح پر دیکھا جاے تو ہندکا ملک ایک نہایت شاداب وزرخیز ملک ہے اور اس مین باشندون کی ضروریات کے لئے کافی نوذتہ پیدا ہوسکتا ہے - اس مین شک نہین کہ ملک کے بعض حصون مین کبھی کبھی دردناک قحط پڑجاتے ہین لیکن ان کی ہر ہی وجہ یہ ہے کہ آمدورفت کے ذرایع کافی نہین ہین اور ایک صوبہ کی توفیر کو دوسرے صوبہ مین جہان قحط ہے بآسانی پہنچایا نہین جاسکتا - ان قحطون کی دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ نیچے درجہ کی خلقت نہایت ہی مفلوک الحال ہے اور اس مین کسی قسم کا غلہ خریدنے کی مطلق سکت نہین ہے - پس اس قسم کے لوگ بوجہ کم استطاعتی کے لاکھون کی تعداد مین مرجاتے ہین درآن حالیکہ ایک کثیر المقدار غلہ جہازون مین لدکر ممالک خارجہ کو چلا جاتا ہے -

غلہ | ہند کی پیداوار مین سب سے پہلا درجہ غلہ کا ہے۔ گیہون چاول کئی اور جوار یہان کثرت سے پیدا ہوتے ہین اور یہان کے باشندون کی غذا کا دارومدار بھی انھین پر ہے۔ کیونکہ ان مین عموماً گوشت کا استعمال ممنوع ہے آب ہوا کی گرمی اور جانورون کی قلت اور مذہبی ممنوعات نے ہندو کو نباتی غذا پر مجبور کیا ہے۔ اِس ملک مین زراعت ہمیشہ سے نہایت مستعدی اور عقلمندی سے ہوا کی ہے۔ جہان کہین یوروپیون نے کاشت کاری کے نئے طریقے جاری کرنے کا ارادہ کیا ہے تو عموماً ثابت ہوا ہے کہ پُرانے ہی طریقے زیادہ مفید ہین اور اِس امر کو تسلیم کرنا پڑا ہے کہ یہی ملک کی حالت کے لحاظ سے بہتر بھی ہین البتہ اس کی ضرورت تو ہے کہ زراعت کے رتبے مین ترقی دی جاے کیونکہ اِس وقت صرف ایک تہائی حصہ مزروع ہے۔ گنگا کی گہائی نہ صرف ہندوستان مین بلکہ تمام عالم مین ایک بہت ہی زرخیز خطہ ہے اِس کے کنارون پر جہان تک نگاہ جاتی ہے ہرے ہرے کھیت نظر آتے ہین۔ اِن کی مسلسل کیسانی نے بابر کی آنکھون کو تمکا دیا اکثر اِس زمین مین تین فصلین ہوتی ہین۔ گنگا کے کنارے زیادہ تر دھان کی کاشت ہوتی ہے اور یہ اُن شداب کھیتون مین جو سیلاب کے زمانے مین زیر آب ہو جاتے ہین بویا جاتا ہے لیکن گیہون کپاس تمباکو۔ سن اور انیون بھی اِس بے نظیر گہائی مین جس کی زرخیزی شہرۂ آفاق ہے بآسانی پیدا ہوتے ہین کُل ہند کے ملک مین جہان زمین مین پانی پہونچایا گیا ہے کھیتی کی ترتیب یہی حالت ہے اور جن خطون مین کثرت سے نیان گذری ہین یا جہان مانسون کی بارش متواتر ہوتی رہتی ہے اُسی قسم کی پیداوار ہوتی ہے۔ جیسے بنگال مین نشیبی حصون مین جہان رطوبت بہت کثرت سے ہے ہر قسم کا دھان پیدا ہوتا ہے برخلاف اِس کے گیہون اُنھین مقامات پر ہوتا ہے جو کسی قدر بلند اور خشک ہین۔

انیون | غلہ کے بعد اُن تجارتی اشیا مین جو جہازون پر کثرت سے باہر جاتی ہین انیون ہے یہ مجرا گنگا اور پنجاب اور راجپوتانہ کے خطے مین پیدا ہوتی ہے۔ حکومت انگریزی نے اِس کی تجارت خود اپنے ہاتھ

مین رکھی ہے۔ وہ کثیر المقدار افیون کی جو چین مین استعمال کی جاتی ہے ہند ہی سے بذریعہ حکومت اُس ملک مین پہنچائی جاتی ہے یہ توہم سب کو یاد ہوگا کہ جس وقت چین کی حکومت نے اپنی رعایا کو اُس مُتلف اور مہلک شے کے زہر سے محفوظ رکھنے کے لئے افیون لینے سے انکار کر دیا تو یہان کس قدر شور و غل مچا۔ اُس وقت وہ مشہور افیون کی جنگ ہوی جس کے بعد حکومت ہند نے چین کو از سر نو افیون خریدنے پر مجبور کیا اور اس کی وجہ سے ہزار ہا بنی نوع انسان کی جانین ہر سال تلف ہو رہی ہین۔

روئی | ہند کے زراعتی پیداوارین جو ملک سے باہر جاتی ہین روئی کا تیسرا درجہ ہے۔ دکن کے بعض حصون مین یہ نہایت عمدہ ہوتی ہے۔ البتہ یہ امریکہ کی روئی سے دوسرے نمبر پر ہے لیکن جنگ امریکہ نے جو کئی سال تک ہوتی رہی اس کو ایک غیر معمولی موقع دیدیا اور یہ اس وقت دشیائے تجارتی مین ایک بہت بڑی چیز ہے خواہ خام حالت مین ہو یا کپڑے کی صورت مین ہند کی ململ اور چھینٹین کسی زمانہ مین نہایت مشہور تھین لیکن مغرب کی کلون نے مشرقی دست کاریون کو صنعت صدمہ پہنچا دیا ہے۔ اِس وقت گویا کل ہندی مال درامد یورپ مین بنتا ہے اور بمبئی یا کلکتہ کے ذریعہ سے اس ملک مین آتا ہے

سن تیل تمباکو | سن بھی ہند سے بہ کثرت باہر جاتا ہے اس کے سوا وہ اقسام کے بیج بھی جن سے تیل نکلتا ہے اشیاے تجارتی مین محسوب ہوتے ہین۔ تمباکو جو یہان بہت اچھی طرح پیدا ہوتا ہے اتنا عمدہ نہین ہے کہ یورپ کو جاوے اور اس کا استعمال زیادہ تر ملک ہی کے اندر ہوتا ہے۔ ترچناپلی کے چرٹ عمدگی مین بہت مشہور ہین۔

قہوہ اور چاے | چین کے بعد ہند ہی وہ ملک ہے جس مین چاے کثرت سے پیدا ہوتی ہے اور تمام کی کھیتون سے بہت عمدہ نتایج پیدا ہوے ہین۔ قہوہ کی کاشت انیسوین صدی کے وسط مین یہان جاری کی گئی اور یہ دکن کے پہاڑون پر نہایت عمدہ ہوتی ہے علی الخصوص مائسور کے خطے مین جو میسور کے جنوب مین واقع ہے۔

اور تجارتی پیداوار | نیل - پان - کونین - اور ریشمی کپڑوں کے لئے شہتوت حال مین لائے گئے ہین لیکن اب ان کا شمار بھی ہندوستان کی پیداوار مین ہونا چاہئے -

جنگل | قدیم زمانہ مین ہند مین بڑے بڑے جنگل تھے لیکن افسوس ہے کہ اول تو دیسیون نے اور اس کے بعد انگریزی حکومت نے قبل اس کے کہ وہ چیتین ان کو اس طرح برباد کیا کہ ملک کی دولت کا یہ ذریعہ بست کم ہوگیا - ممالک متوسط مین اس وقت بھی ہند کا شتکار ایک عجیب طریقہ بربادی کا استعمال کرتے ہین - یہ کسی ایک قطعہ مین کل جنگلی درختون کو گرا کر ان مین آگ لگا دیتے ہین اور ان کی راکھ کو بطور کھاد کے استعمال کرکے زمین مین بیج ڈالتے ہین - اس طرح دو تین عمدہ فصلین ان کے ہاتھ لگ جاتی ہین اور جس وقت کھاد کی قوت گھٹ گئی تو وہ پھر کوئی دوسرا قطعہ انتخاب کر لیتے ہین اور وہان اسی نواسی کام کو شروع کرتے ہین - حکومت انگریزی نے کچھ تو نفع کے خیال سے اور کچھ نادانی سے اس دیسی طریقے کو کم و بیش جاری رکھا ہے لیکن امید ہے کہ آیندہ چل کر یہ دردناک طریقہ جنگلون کو برباد کر دینے کا مسدود ہو جائے گا -

سال اور ساگوان | ہند کے جنگلون کے بادشاہ دو درخت ہین سال اور ساگوان - سال مین ایک قسم کا گوند نکلتا ہے - اور ساگوان تعمیر کے لئے نہایت عمدہ لکڑی ہے اور اس کی مینون سے اعلی درجہ کا کوئلہ بنتا ہے - ان دونون درختون کو مختلف قسم کی زمینون کی ضرورت ہے اور یہ کبھی ایک دوسرے کے پہلو مین نہین اُگتے - سال تو جنوبی ہمالیہ کے دامنون پر پیدا ہوتا ہے اور ممالک متوسط مین بھی پایا جاتا ہے لیکن دکن کی بلند سطحین اس کی حد فاصل ہین اور یہان ساگوان ہی ساگوان جنگلون پر قابض ہے -

ولیوار اور صنوبر سرد ملک کے پھل | مثل اور پہاڑون کے ہند کے پہاڑون پر بھی ایک بلندی تک پہونچنے کے بعد ولیوار اور صنوبر کے درخت پائے جاتے ہین - اس سرد منطقہ سے جہان یہ درخت اُگتے ہین اُتر کر معتدل آب و ہوا مین یورپی اشجار مثلاً اوک یعنی بلوط - اور ایش - اور بید وغیرہ کل وہ درخت جو

ہمارے مغربی جنگلون مین پیدا ہوتے ہین یہان کثرت سے سایہ گگن ہین ان کے بیچ بیچ مین کل ہمارے میوے کے درخت اور جھاڑیان پیدا ہوتی ہین۔ گوزبری کی جھاڑیون کے ساتھ ہی ساتھ سیب دناشپاتی وآلوچہ اور انگور موجود ہین۔

کھجور۔ برگد۔ بانس تاڑ صندل وغیرہ

بلندی سے اُترنے کے بعد ہمین اور قسم کے درخت ملتے ہین جن کی لکڑی اور پھل انسان کے لئے بکار آمد ہین اور جن کے ہر ہر ہر ہر پتے ایک شان پیدا کرتے ہین۔ منجملہ ان کے کھجور ہے اور مختلف قسم کے برگد کے درخت اور مہوہ جس کے پھولون مین اس قدر غذائیت ہے کہ قحط مین یہ بڑا کام دیتا ہے بانس۔ لوہے کی لکڑی اور صندل پھر ان کے سوا تاڑ کا درخت جو ہر جگہ ہے اور جس کی لکڑی اور پتے اور چھال اور رس سب سے اس ملک کے باشندے فائدہ اُٹھاتے ہین۔ تاڑ کا درخت زیادہ تر جنوبی حصون مین پایا جاتا ہے۔ اُن حصون مین جہان گرمی اور رطوبت دونون کا اجتماع ہے منطقہ حارہ کے درخت پیدا ہوتے ہین۔ مثلاً آسام مین جہان گرمی شدت سے ہوتی ہے جنگل اس درجہ گنجان پیدا ہوتا ہے کہ اسے جلائے بغیر چارہ نہین ہوتا۔ گرمیون کے موسم مین تھوڑا تھوڑا جنگل جلا کر زمین صاف کی جاتی ہے۔ درختون کی بلندی پچاس اور ساٹھ گز تک پہونچتی ہے اور ان کے بیچ بیچ مین اس قدر گھنی جھاڑی پیدا ہوتی ہے کہ اس مین سے گذرنا دشوار ہے اور اس جھاڑی مین انواع واقسام کے خودرو پھول اُگتے ہین۔ مثلاً کھاسیہ کے پہاڑ پر اڑھائی سو قسم کے آرکڈ پیدا ہوتے ہین۔ دنیا کے کسی حصے مین اتنا پریشان اور اتنا بے ترتیب جنگل نہین پایا جاتا۔

فصل دوم۔ حیوانات

حیوانات

ہند مین خاص قسم کا کوئی جانور نہین ہوتا۔ جس طرح یہان مختلف نباتات اور مختلف قسم کی آب وہوا

ہے اُسی طرح حیوانات بھی مختلف قسم کے ہین اور چین وافریقہ وملایا ویورپ کے حیوانات سے ملتے جلتے ہین -
جالیہ کے اُس خطے مین جو برف کے نیچے واقع ہوا ہے تبت کے جانور ہین - یعنی چھوٹے ہرن ریچھ اور بھیڑیے
گرم خطے اور ترائی اور اسام مین درندون کی مختلف اجناس رہتی ہین - یہ ملک کے دوسرے مقامات سے
بخوف جان بیان کر کھیرے ہین اور چین سے نہ بچے دیتے اور بڑھتے ہین -

ہاتی | اِسی خطہ مین ہاتی کے گلے بھی ہین جو بیان آزاد پھرتے ہین یہ قیمتی جانور تو ہند سے مفقود ہی
ہوگیا ہوتا لیکن حکومت انگریزی نے اس کی جان بچال اور یہ قرار دے دیا کہ جتنے ہاتی ملک مین ہین سب
سرکار کی ملک ہین - انمین کوئی پکڑنے اور شکار کرنے کا مجاز نہین - ہر سال قریب سو ہاتی کے پکڑا جاتا ہے
یہ پہلے دام مین پھانسے جاتے ہین اور اس کے بعد پلے ہوے ہاتیون مین رکھکر ان کو تعلیم دی جاتی ہے
اِن سے مختلف کام لئے جاتے ہین - یہ شیر کے شکار مین بکار آمد ہین اور راجاؤن کے جلوس اور سواریون
مین اِن سے شان وشوکت پیدا ہوتی ہے - اِس قسم کے جلوسون مین ہاتیون پر نہایت زرق برق جھولیں
ڈالی جاتی ہین اور ان پر سنہری ہودے باندھے جاتے ہین - ان ہودون پر خود راجہ یا اُن کے معزز اور محترم
مہمان سوار کیے جاتے ہین -

ببر اور شیر | شیر ببر تو ملک ہند سے گویا مفقود ہو گئے ہین - ان مین سے معدودے چند کاٹھیاواڑ
کے جزیرہ نما مین رہ گئے ہین لیکن یہ قد مین بالکل چھوٹے ہین اور ان پر یال کے بال نہین ہوتے -
شیر ہند کے ہر حصے مین پایا جاتا ہے - یون تو وہ ہر جگہ رہتا ہے لیکن گھنے جنگلون کی جھاڑیان اُسے زیادہ
پسند ہین - اِس درندے کی کثرت سے ہونے کا بڑا باعث یہ ہے کہ اِس کا زیادہ پیچھا نہین کیا جاتا کیونکہ
یہ جنگلی سور کا جو زراعت کو برباد کرنے والا جانور ہے دشمن جانی ہے شیر عموماً جنگل کے جانورون کا شکار
کر کے جیتا ہے مثلاً مختلف قسم کے ہرن جنگلی سور وغیرہ - البتہ جب یہ جانور اُسے نہین ملتے اور اُس کو
بھوک کی شدت ہوتی ہے تو پھر وہ بستیون کے قریب آتا ہے اور مویشی کا شکار کرنے لگتا ہے - خیر آدمی پر

کم حملہ کرتا ہے لیکن جب اُسے دفعۃً آدمی کے گوشت کا مزہ پڑ گیا تو پھر وہ بہت ہی خطرناک بن جاتا ہے۔ جب شیر اور شکار چھوڑ کر آدمی کے پیچھے پڑتا ہے تو اُس مین کچھ ایسی سبُعیت اور کائیان پن آجاتا ہے کہ گاؤن کے گاؤن اُس کے مقابلہ سے دست بردار ہو جاتے ہین۔ جس وقت وہ سو دو سو آدمیون کو کھا لیتا ہے تو باشندے گانون چھوڑ کر بھاگ جاتے ہین اور گویا یہ ایک نیا جانور بن جاتا ہے اور اسے آدم خوار کا نام دیا جاتا ہے۔ اِن آدم خور شیرون کے متعلق ڈاکٹر ہنٹر حسب ذیل لکھتے ہین "ایک آدم خوار تین سال مین ایک سو آٹھ اشخاص کو کھا گیا۔ ایک دوسرا آدم خوار سال مین اسّی آدمیون کا شکار کرتا تھا ایک نے تیرہ گاؤن بے چراغ کر دئے اور ساڑھے چار سو مربع میل تک ویرانہ بنا دیا۔ ایک نے ایک سو ستائیس آدمی مارے اور کئی ہفتہ تک ایک بڑی شاہراہ کو بند کئے بیٹھا رہا" حکومت انگریزی نے مردم خوار شیرون کو مارنے کے لئے ایک بیش قرار انعام مقرر کر رکھا ہے لیکن اِس پر بھی دیسی لوگ اِس جانور پر ہاتھ نہین چلاتے۔ اوّل تو وہ اِس کی ہیبت سے ڈرتے ہین اور دوسرے یہ کہ جو شیر بہت سے آدمی کھا لیتا ہے وہ دیوتا سمجھا جاتا ہے۔

سانپ | ایک اور قسم کا جانور جو شیر سے کہین زیادہ خطرناک اور کہین زیادہ متبرک سمجھا جاتا ہے سانپ ہے دنیا کے کسی ملک مین اِس کثرت سے اور اِس قدر زہریلے سانپ نہین پیدا ہوتے جیسے ہندین۔ یہ ہر جگہ زمین پر بھی رینگتے ہین اور پانی کے اوپر بھی تیرتے ہین۔ جو سانپ ملابار کے ساحل آب شور کی کھاڑیون مین رہتے ہین وہ سخت زہریلے ہین برخلاف اس کے میٹھے پانی کے سانپ بالکل بے مزہ ہین۔ لیکن خشکی کے سانپون مین جس مین کثرت سے زہریلے سانپ ہین سب سے زیادہ زہریلا ناگ ہے۔ اِس کا زخم بالکل مہلک ہے اس مین شک نہین کہ انسان شیر کا مقابلہ کر سکتا ہے اور ایک دن آنے والا ہے جبکہ ملک اِس سے خالی ہو جاے گا لیکن سانپ سے بچنا بالکل محال ہے یہ جھاڑیون مین چپ چاپ رینگتے رہتے ہین یا دفعۃً زمین کے سوراخون سے نکل کر گھرون مین چلے آتے ہین۔ علاوہ اِس کے یہ نہایت کثرت کے ساتھ بچے دیتے اور جلد بڑھ جاتے ہین۔ ناگ کی تعظیم و تکریم ہندوون مین اس وجہ سے ہوتی ہے کہ اس کا تعلق

وشنو سے ہے۔ مندرون کی کل سنگ تراشیون مین ہر جگہہ اس کی تصویر اس طرح بنی ہے کہ یہ کنڈلی مارے پھن پھیلائے غضبناک آنکھون سے دیکھ رہا ہے۔ ہند مین ہر سال تقریباً بیس ہزار آدمی سانپ کے زہر سے مرتے ہین۔

اور موذی جانور | صرف شیر اور سانپ ہی ہند کے موذیون مین سے نہین ہین۔ چوہے ٹڈیان اور انواع و اقسام کے کیڑے سخت مضر رسان پہنچاتے ہین۔ بھیڑیا بھی ہند مین کثرت سے ہے۔ اور اس کی بہت سی قسمین ہین۔ چیتا۔ گیدڑ۔ لگڑبگھا۔ گینڈا اور مگرمچھ بھی منجملہ درندے جانورون کے ہین۔ گینڈا سندربن کے ہر حصے مین پایا جاتا ہے اور ہمین کے دلدلون اور ندیون مین مگرمچھ بھی کثرت سے موجود ہے اس کی دو قسمین ہین۔ گھڑیال اور مگرمچھ۔

موشی گھوڑا اونٹ وغیرہ | ہند مین چارہ کی قلت ہے اور اسی وجہ سے یہان مویشی کم ہے۔ اونٹ۔ گھوڑے۔ بیل بھینس گھریلو جانورون مین ہین۔ گھوڑا یہان بہت چھوٹے قد کا ہوتا ہے۔ بھیڑ صرف گوشت اور دودھ کی غرض سے پالی جاتی ہے۔ سور ہندوون کی نظرون مین ایک نہایت ہی نجس جانور ہے صحن خانہ کے پرندوں مین جو یورپ مین۔ ندیون مین مچھلیان عمدہ و کثرت سے ہین اور نیلگیری مین یہ سرد ممالک سے لاکر پالی گئی ہین۔

بندر | بندر ہند مین ہر جگہہ ہے اور کاشتکارون کے لئے ایک بلا ہے۔ یہ کھیتون سے غلہ چرا لیتا ہے اور گھرون کے اندر گھس کر جو چیز چاہتا ہے لے جاتا ہے لیکن چونکہ ہنود ہنومان کو دیوتا مانتے ہین اس لئے یہ بندر کو مطلق نہین ستاتے۔ متعصبین بندر اس کثرت سے ہین کہ یوروپیون کے لئے یہان رہنا مشکل ہے۔ بنارس مین یہ اس قدر ستاتے تھے کہ چند سال سے کثیر تعداد مین ان کو پکڑ پکڑ کر گنگا کے اُس پار کر دیا جاتا ہے۔

پرندے | ہند کی چڑیون کے پر نہایت ہی خوبصورت ہوتے ہین لیکن ان مین سے خوش الحان بہت کم ہین

کاشتکارانِ کو اس لئے دعائیں دیتے ہین کہ یہ کیڑون کو کھا جاتی ہین - شہرون کے باشندے زیادہ تر چیل سے خوش ہین کیونکہ وہ قسم کی سڑی ہوئی چیز کو صاف کر دیتی ہے - ہند مین طوطے خوبصورت اور کثرت سے ہین -

فصل سوم - معدنیات

جواہرات سیاحون کی کہانیان اور اقوام مغربی کے تخیلے اس خیال سے بھرے ہوے ہین کہ ہند کا ملک انمول اور بے انتہا جواہرات کا معدن ہے - یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سارا جزیرہ نما جزیرہ سیلون کا مماثل ہے جس مین یاقوت نیلم کھرانج اور نامڑا قدیم پتھرون مین پیدا ہوتے ہین اور لنڈھک کرندون کی ریتی مین آجاتے ہین - ان تعجب انگیز بیانات مین بہت سی اصلاح کی ضرورت پڑی - اس مین شک نہین کہ قدیم زمانے مین اس ملک مین ہیرے کی معدنین تھین لیکن وہ مدت سے بالکل خالی ہوگئی ہین - اوننیسوین صدی کے شروع مین صرف سنبل پور کی کان مین جو مہاندی کی گھاٹی مین واقع ہوئی ہے اور جنوب مین کرنول کی کانون کے اندر کام جاری تھا - گولکنڈہ جس کا نام ہمارے سامنے ایک بہتی ہوئی دھار جگمگاتے جواہرات کی موجود کر دیتا ہے جس کو وہان کے بادشاہ کثرت سے استعمال کرتے تھے بالکل معدنون سے خالی ہوگیا ہے - اب یہان اگاڈ کا پتھر مل جاتا ہے جس کی کچھ قیمت نہین - اراولی کے پہاڑون مین نیلا گار کا پتھر پیدا ہوتا ہے اور میسوار مین تانبرا اور زبدا کے وادی مین بلور - گجرات مین سمندر کے کنارے سنگ یشب اور سنگ سلیمانی اور عقیق پیدا ہوتے ہین اور بعض مقامات پر سنگ پشم اور کورند بھی ہوتا ہے - موتی کے سیپیون کا سمندر سے نکالنا بھی ملک ہند مین ایک بہت بڑا ذریعہ دولت کا ہے - یہ کام خلیج کھمبات سواحل مدورا ٹراونکور اور سیلون کے جزیرہ مین جاری ہے -

تعمیری پتھر۔ زغال | راجپوتانہ مین سفید اور گلابی سنگ مرمر کی کانین ہین بندیل کھنڈ اور وادی جبل کا بلوا پتھر عمارت مین بطور زینت کے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہند مین کوئلے کی کانین بہت کثرت سے ہین یہ گنگا اور گوداوری کے بیچ مین واقع ہوئی ہین اور ان کی چار تقسیمین ہین مگر بہت سی ان مین سے ایسی ہین کہ کام کرنے کے قابل نہین اور بعضون کا زغال یوروپی زغال سے بہت ہی کم درجہ مین ہے۔ ان مین راکھ بہت زیادہ ہے اور گرمی بمقابل انگریزی کوئلے کے تقریبا نصف ہے۔ ملک ہند مین زغال کی کمی اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ اس ملک مین ہمیشہ بمقابل حرفت کے زراعت زیادہ رہے گی۔ اس ملک کو فطرت نے زیادہ تر اس لئے خلق کیا ہے کہ اس مین دوسرون کے لئے اوقوہ پیدا ہو اور اسی وجہ سے جس وقت سویس کی نہر نے مغربی ممالک کی تجارت مین آسانی پیدا کردی ہند کی حرفتین بہت ہی تھوڑے زمانہ مین نیست و نابود ہوگئین۔

لوہا | لوہا بھی ہند مین بکثرت ہے اور عمدہ قسم کی کانین سلیم مین ہین جو صوبۂ مدراس مین واقع ہوا ہے۔ زمانۂ قدیم سے ملک کے باشندے لوہا بنانے سے واقف تھے اور پرانی سی پرانی یادگارون مین لوہے کے بنے ہوے دروازے ملے ہین جن کا زمانہ بہت ہی قدیم ہے اور ثابت کرتا ہے کہ انسان کے وجود سے تھوڑے ہی دنون بعد یہ حرفت ہند مین شروع ہوگئی تھی۔ اس وقت تک بھی دیسی چھوٹی چھوٹی بھٹیون مین کوئلے کے ذریعہ سے لوہا بناتے ہین لیکن اس حرفت مین انحطاط ہوتا جاتا ہے اور زغال کی کمی کی وجہ سے وہ طریقہ لوہا بنانے کا جو یورپ کے ممالک مین مروج ہے یہان پوری طرح جاری نہین ہوسکتا۔ اسی وجہ سے اس وقت تمام ہند مین انگلستان کا بنا ہوا لوہا استعمال کیا جاتا ہے۔ تانبا سونا بھی ہند کے معدنیات مین سے ہے لیکن یہ دونون نظر کم مقدار مین پاے جاتے ہین جن کا خصوص سونا ایسی مقدار مین نہین ہے کہ اس سے زیادہ فائدہ ہوسکے۔

نمک | منجملہ معدنی اشیا کے وہ چیز جو ملک ہند مین نہایت کثرت سے پیدا ہوتی ہے نمک ہے۔ یہ صدیون تک تمام دنیا مین پہونچایا جاسکتا ہے۔ ایک پورا سلسلہ پہاڑون کا بالکل اسی نمک کا بنا ہوا ہے یہ

دو نمک کے پہاڑ ہین جو پنجاب مین دریاے سندہ کے کنارون پر واقع ہوے ہین۔ نمک کی تجارت کو حکومت انگریزی نے سرکاری طور پر محفوظ کر لیا ہے۔

جغرافیہ کا خاتمہ ہمارا مختصر بیان جغرافیہ ہند کا ختم ہوگیا۔ یہان کے باشندون کی حالت اور اسباب زندگانی اور نظامات اور رسوم و عادات کو جن کا ذکر اب آے گا سمجھنے کے لیے تھوڑی سی جغرافیہ کا معلوم کرنا لازمی تھا اس مختصر بیان مین ہم نے یہ دکھایا ہے کہ اس ملک کو فطرت نے کیسا شاندار بنایا ہے۔ نظرتی قوتین یہان بہت ہی زوردار اور پُرشان ہین اور اس کے ساتھ ہی جہت ہی نفع بخش۔ دنیا کے کسی خطے مین یہ قوتین جن پر انسان کی بُرائی اور بھلائی کا دارومدار ہے اور جن کے رام کرنے سے انسانی تمدن جس کی تاریخ ہمین لکھنی ہے پیدا ہوتا ہے کہین اس کثرت اور عظمت کے ساتھ جمع نہین ہوئی ہین۔

کتاب دوم - اقوام

باب اوّل - اقوام ہند کی اصل اور ان کی تقسیم

فصل اوّل

قوم کیونکر پیدا ہوتی ہے اور اس مین تغیرات کیونکر ہوتے ہین

قوم و ملت | قبل اس کے کہ ملک ہند کے اقوام کا بیان کیا جاے ہم اس امر کی تصریح کرنا چاہتے ہین کہ قوم کیا چیز ہے یہ کیونکر پیدا ہوتی ہے اور اس مین تغیرات کیونکر وقوع مین آتے ہین اور وہ کون سی خصایص ہین جن کی بنا پر اقوام کی تقسیم ہو سکتی ہے - اس سے پہلے ہم نے اپنی دوسری تصانیف مین اس مضمون پر تفصیلی بحث کی ہے اور دکھایا ہے کہ علمی تحقیقات کی رو سے عام خیالات کیا ہین اور خود ہماری ذاتی تحقیقات اس مسئلہ مین کیا ہے - پس اس مقام پر اُس پرانی تحقیقات کا ایک خلاصہ درج کیا جاتا ہے جس نوع انسانی کے مختلف گروہ جو تمام صفحہ عالم پر پھیلے ہوے ہین اُن کی جو تقسیمین کی گئی ہین جن کو نام اقوام کا دیا گیا ہے یہ قوم کا لفظ گویا انسان کے لئے وہی معنی رکھتا ہے جو لفظ "جنس" حیوان کے لئے نوع انسانی کی مختلف اقوام اسی طرح ایک دوسرے سے علیحدہ ہین اور ان کی خصایص ویسی ہی صاف اور بین ہین جیسے اجناس حیوانی کی - ان خصایص مین ایک اصولی امر یہ ہے کہ یہ بذریعہ وراثت کے ابا عن جد پہونچتی ہین - لفظ "قوم" کا مفہوم جنس کا تو ہے لیکن یہ لفظ "ملت" سے بالکل علیحدہ ہے یعنی قوم اور ملت مترادف الفاظ نہین ہین - ملت کا اطلاق اقوام مختلفہ کے ان گروہون پر ہوتا ہے جو خاص وجوہات سے خواہ

وہ وجوہات سیاسی ہون یا جغرافی کسی ایک حکومت کے تحت مین آجاتے ہین - مثلاً ہند و فرانسیسی نسوی ان الفاظ سے مراد ایسی قوم کے گروہ ہین جو بالکل ایک دوسرے سے مختلف ہین لیکن ایک ہی ملک مین رہتے ہین اور اسی وجہ سے ان کی غرض بھی متحد ہین -

خصایص موروثی و خصایص اکتسابی

اجناس حیوانی کی طرح اقوام انسانی مین بھی دو قسم کے خصایص ہین جن کا اثر اور جن کی عظمت نامساوی ہے - ان مین سے اولاً وہ خصایص ہین جو وراثت کے ذریعہ سے آبا و اجداد سے پہونچی ہین اور پیدا ہونے کے ساتھ ہی اشخاص مین فطرتاً موجود ہو جاتی ہین - ثانیاً وہ خصایص جو کسی مخصوص فرد قوم مین مرزبوم تعلیم و ترتیب اور دوسرے اسباب سے پیدا ہو جاتی ہین - گویا یہ وہ گٹھری ہے جسے قوم زمانہ دراز سے اپنے سر پر لئے آتی ہے - ہر فرد قوم پیدایش کے وقت انہین اپنے ساتھ لاتا ہے وہ خصایص جو افراد قوم کے ایام زندگی مین پیدا ہو جاتی ہین بمقابل موروثی خصایص کے نہایت ہی کمزور ہین اور ہرگز خصایص موروثی کا جو صدیون مین پیدا ہوی ہین مقابلہ نہین کرسکتی - لیکن اس کے ساتھ ہی جب یہ اکتسابی خصایص بہ مرور زمان اور باثر مرزبوم کسی قوم مین زمانہ دراز تک رہ جاتی ہین تو پھر بہ تدریج اُس قوم کے رگ ریشہ مین سرایت کرکے بڑے بڑے تغیرات پیدا کردیتی ہین -

اتصال قومی

اُن تصانیف مین جن کا ذکر اوپر ہوا ہم نے دکھادیا ہے کہ وہ مختلف اقوام جنھین اسباب خارجی نے کسی ایک ملت مین شامل کردیا ہے آگے چل کر کسی روز ایک قوم بن جائین گی اور جو چیز انھین ایک قوم بنائے گی وہ یہ ہے کہ اثر مرزبوم ازدواج باہمی اور وراثت یہ تینون مل کر مرد اے وراثین ایسی جسمانی اخلاقی اور دماغی خصایص پیدا کردین گی جو ہر فرد قوم مین عام ہو جائے گی -

اتصال قومی کی شرایط

مصنف نے یہ بھی ثابت کیا ہے کہ اس اتصال قومی کے لئے دو شرطین لازمی ہین اولاً جو تغیرات پیدا ہون وہ بتدریج وراثت کے ذریعہ سے پیدا ہوے ہون - اور ثانیاً ان مختلف اقوام مین جو کسی ایک ملت کے اجزا مین حد سے زیادہ نامساوات نہو - شرط ثانی ہی نہایت ضروری ہے - مثلاً اگر کسی

سفید رنگ قوم کا چھوٹا سا گروہ حبشیون کے بڑے گروہ مین شامل کیا جاے تو وہ چند روز مین مفقود ہوجاے گا
بہت سی اقوام فاتح کا جنھون نے کثیر التعداد اقوام کو فتح کیا انجام یہی ہوا یعنی وہ قوم مفتوح مین مرتہن جیسے عرب
مصر مین۔ اس زمانہ کے مصری جو زبان مذہب اور رسومات کے لحاظ سے بالکل عرب ہین فی الواقع اُنھین
اقوام کی اولاد ہین جو فاتحانہ کے وقت یہین اس ملک مین متمکن ہوے اس کا ثبوت اُن مہرتون سے ہوتا ہے
جو سندرون اور قدیم سلاطین مصر کی قبرون پر کندہ ہین۔

اثر مزیوم | مزیوم کا اثر جو کسی زمانہ مین بہت بڑا سبب اقوام کے تغیر کا سمجھا جاتا تھا فی الواقع نہایت خفیف
اور کمزور سبب ہے۔ اس کا اثر اُسی وقت ہوتا ہے جب کوئی قوم کسی مزیوم مین ہزارہا صدی رہی ہو جس سے
اتنا طویل زمانہ مراد ہے جو تاریخ انسانی کے شروع ہونے سے ماقبل تک پہونچ جاتا ہے۔ فی زمانہ منجملہ
اُن اسباب کے جو خصایص موروثی مین تغیر پیدا کرتے ہین مزیوم کا اثر بہت خفیف سمجھا جاتا ہے۔ مثلاً قوم
یہود نے جو تمام عالم مین پھیل ہوئی ہے اپنی موروثی خصایص کو نہایت مضبوطی سے قایم رکھا ہے۔ خصایص
موروثی اس درجہ مضبوط اور مستحکم ہین کہ اگر کوئی قدیم قوم ایسے مزیوم مین جا بسے جہان بلا اپنی حالت بدلے
ہوے اور اپنے مین تغیرات عظیم پیدا کیے ہوے قایم نہ رہ سکتی ہو وہ مرمٹے گی لیکن بدلے گی نہین۔
مزیوم کا عادی ہوجانا محض خیالی امر ہے مثلاً باوجود اُس باقاعدہ زندگی کے جو انگریز ملک ہند مین بسر
کرتے ہین اور جس مین اصول صحت کا پورا لحاظ رکھا گیا ہے وہ ہرگز اس ملک کی آب وہوا کے عادی
نہین ہو سکتے اور اگر وہ اپنے بچون کو تربیت کے لئے یورپ نہ بھیجین تو اس براعظم کے اگلی تیسری ہی
پشت مین ایک یورپین بھی باقی نہ رہ جاے۔ مزیوم کا اثر خفیف تو ہے مگر موجود ضرور ہے گو یہ اثر محسوس
اُسی وقت ہوتا ہے جب دراصل اس کی پوری اعانت کرے مثلاً اگر اقوام مختلفہ مین جو ایک ہی ملک کے
باشندے ہین اتصال پیدا کرنے کی دوسری شرط جس کا ذکر اوپر کیا گیا موجود ہو یعنی ان مین زیادہ نا مساوات
نہو تو اس صورت مین موروثی خصایص قدیم کا وزن خصایص جدید کے وزن سے مساوی ہوجاتا ہے اور

اُس وقت مرزبوم اپنا بین اثر دکھانے لگتی ہے۔ پس ہم اُسی پہلے نتیجہ پر آگئے یعنی نئی اقوام ازدواج باہمی اور میل جول سے پیدا ہوتی ہین نہ صرف اثر مرزبوم سے۔

اس نئی قوم کا درجہ لیکن یہان ایک نیا مسئلہ ہمارے سامنے آجاتا ہے جس کے حل ہونے پر بڑے بڑے عملی نتائج کا دارومدار ہے یعنی تمدن انسانی مین اس نئی قوم کا درجہ کیا ہوگا۔ مثلاً اگر یہ نئی قوم اقوام ممزوجہ کے بہترین قوم سے بہتر یا اس کے مساوی بھی ہو تو یہ کہین گے کہ نتیجہ عمدہ ہوا۔ اور اگر بالفرض اس کا عکس ہوا اور نئی قوم درجہ مین گھٹ گئی تو نتیجہ بُرا ہوا۔ اقلاً اقوام ممزوجہ مین سے وہ قوم جو امتزاج سے پہلے اعلیٰ درجہ رکھتی تھی گھاٹے مین رہے گی۔ ہم نے اپنی مذکورۂ الصدر تصنیفات مین اس اصولی مسئلہ پر تفصیلی بحث کی ہے اور یہان صرف نتائج کا لکھدینا کافی ہوگا جس مقام پر ہم نے اُن نتائج کو بیان کیا ہے جو عالم کے مختلف حصون مین اس قسم کے امتزاج اور میل سے پیدا ہوے ہین وہان یہ بتادیا گیا ہے کہ میل جول کا نتیجہ مخصوص حالات کے لحاظ سے باتو بہت ہی مفید ہوا ہے یا سخت مضر۔ میل جول مفید اُسی وقت ہوتا ہے جب کہ اُن اجزاے مختلفہ مین جن کے ملنے سے ایک نئی قوم پیدا ہوتی ہے بنائن نہ ہو بلکہ مماثلت ہو۔ مثلاً قوم انگریز کے مختلف اجزا یعنی قدیم برٹن ڈین اینگلو سکسن اسکاٹ اور نارمن فرنچ ایرش وغیرہ مین یہ مماثلت موجود تھی اور اس وجہ سے اِن کے میل کے نتیجہ سے ایک اعلیٰ درجہ کی قوم تیار ہوگئی۔ برخلاف اِس کے اگر مختلف اجزا مین زیادہ بنائن ہے اور اتصال کی صلاحیت کم ہے تو نتیجہ یقینی مضر ہوتا ہے۔ مثلاً اقوام سفید رنگ اور اقوام سیاہ فام کا میل۔ یا ہندو اور یوروپی کا میل۔ ہنود اور یوروپیون کے میل کے متعلق اس تصنیف کے اُس حصے مین پھر رجوع کیا جاے گا جس مین ذات کا بیان ہے اور دکھایا جاے گا کہ فی الواقع اس میل جول سے کس قدر بُرے نتائج پیدا ہوتے ہین۔ ہم دکھائین گے کہ ہند کے قدیم فاتحین یعنی قوم آریا اُن بُرے نتائج سے بخوبی واقف تھے اور اِن کا یہی علم غالباً ذات کی تقسیم اور اس کے متعلق کل نظامات کے قرار دینے کا باعث ہوا۔ اس قسم کے امتزاج اور میل کے سیاسی اور اخلاقی نتائج پر بھی جو مختلف صورتون مین واقع ہوے ہین بحث

کی گئی ہے اور دکھایا گیا ہے کہ اقوام کے تنزل اور حکومتون کی ترقی اور انحطاط کے اسباب مین یہ بہت باوقعت سبب ہین ہم نے یہ بھی دکھایا ہے کہ جس وقت دو قومین ایسی ہون کہ ان مین سے ایک دوسرے کی محکوم ہو تو میل کا نتیجہ کیا ہوتا ہے اور ثابت کیا ہے کہ جب ان اقوام مین زیادہ فرق نہو تو ایک قوم دوسرے کی حکومت کو بآسانی قبول کر لیتی ہے مثلاً مسلمانون کی حکومت ہند مین جہان تقریباً پانچ کرور ہندوون نے اسلام قبول کر لیا - برخلاف اس کے جب فاتح و مفتوح مین فرق زیادہ ہے تو محکوم قوم اس آسانی سے غلامی قبول نہین کرتی - یہ حال ہند مین انگریزی حکومت کا ہے - باوجود ڈیڑھ سو سال کے تسلط کے انگریزون نے اس ملک کے باشندون کو اپنی زبان اور اپنا مذہب سکھانے مین کامیابی حاصل نہین کی حالانکہ اتصال قومی کے پیدا کرنے مین یہ دو بہت بڑے جز ہین -

اس مقام پر ہم اُن اصول کا جو اقوام عالم پر صادق آتے ہین اور جن کا ذکر ہم اپنی ایک دوسری تصنیف مین تفصیل سے کر چکے ہین اعادہ نہین کرین گے - اقوام جدید کے پیدا ہونے کے مسئلہ کو چھوڑ کر اب ہم ایک نظر اُن خصایص پر ڈالین گے جن کے ذریعہ سے اقوام انسانی کی تقسیم اور تفریق ہو سکتی ہے -

فصل دوم

تقسیم اقوام کے اصول خصایص جسمانی و اخلاقی و دماغی کی وقعت تقسیم اقوام مین

تقسیم اقوام کے اصول

بہ نظر سرسری تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اقوام کی تقسیم مین سب سے باوقعت خصایص وہ ہین جن کو خصایص جسمانی کہنا چاہیے مثلاً جلد اور بالون کا رنگ یا کھوپڑی کی ساخت وغیرہ وغیرہ - کیونکہ یہ وہ خصایص ہین جو سب سے پہلے ہمارے سامنے آتی ہین - لیکن تھوڑے سے غور کے بعد معلوم ہوگا کہ فی الواقع ایسا نہین ہے اور ان کے خصایص کے ذریعہ سے صرف سطحی تقسیم ہو سکتی ہے مثلاً اگر صرف

جلد اور بالون کے رنگ کی بنا پر اقوام کی تقسیم کی جاے تو کل اقوام عالم چار یا پانچ سے زیادہ قسمون مین تقسیم نہوسکین - اگر اس کے ساتھ کھوپڑی کی ساخت بھی شامل کرلی جاے تو ان چار یا پانچ قسمون مین سے ہر ایک کی دو یا تین قسمین بن سکین گی لیکن اس سے آگے بڑھنا محال ہوگا - اگر ہم اقوام سفید رنگ کی تقسیم عریض الراس اور طویل الراس مین کرین اور پھر ان مین نہایت سفید اور کم سفید کی تفریق کرین تو اس تقسیم سے ہمین فائدہ نہوگا کیونکہ اس تقسیم مین ایسی مختلف الاصل اقوام شامل ہوجائین گی جیسے فرانسیسی انگریز روسی اور المانی وغیرہ پس معلوم ہوا کہ صرف جسمانی خصایص کی بنا پر اقوام انسانی کی تقسیم نہین کی جاسکتی اور ایک ملت مین مختلف اقوام کے مجتمع ہونے کے بارہ مین جو کچھ ہم اوپر کہہ چکے ہین اس سے معلوم ہوگا کہ زبان و مذہب و تقاسیم سیاسی بھی بنا سے تقسیم نہین قرار دی جاسکتین -

خصایص اخلاقی و دماغی | پس بنا سے تقسیم نہ تو خصایص جسمانی ہین اور نہ زبان و مذہب و تقاسیم سیاسی لیسکن خصایص اخلاقی و دماغی البتہ بنا سے تقسیم قرار دی جاسکتی ہین - کیونکہ یہ وہ قومین ہر قوم کی خاص قوا سے دماغی کے جو مادہ دماغی کی ساخت پر موقوف ہین اور ان کا فرق اس درجہ باریک ہے کہ ہمارے آلات سے پیمایش نہین کیا جاسکتا نہ ہمین خواہ مخواہ اس کی ضرورت ہے کہ مادہ دماغی کے اس فرق کو ہم معلوم ہی کرین - ہمارے لیے اسی قدر کافی ہے کہ اس فرق کی وجہ سے جو دماغی اور اخلاقی صلاحیتین کسی قوم مین پیدا ہوجاتی ہین اُن سے ہم مطلع ہون - انہین خصایص اخلاقی و دماغی پر قوم کی ترقی تدریجی کا دارومدار ہے اور یہی خصایص اُس قوم کا حصہ تاریخ عالم مین مقرر فرمین کرتی ہین - اسی وجہ سے ان خصایص کی بہت بڑی وقعت ہے اور جو شخص کسی قوم کی اصل حالت کو دریافت کرنا چاہے اُسے لازم ہے کہ ان خصایص کا مطالعہ کرے نہ کہ خصایص جسمانی کا ایک بہادر راجپوت اور بزدل بنگالی کے درمیان مین فرق کرنے کے لیے نہ تو کھوپڑی کی ساخت کام مین آسکتی ہے اور نہ کھوپڑی کا زاویہ بلکہ ہمین صرف ان کی خصایص روحانی اور جبلیات کے ذریعہ سے اُس اختلاف عظیم کا پتہ لگے گا جو ان دونون مین واقع ہوا ہے مثلاً ہم انگریزون اور ہندوون کی ہزار کھوپڑیون کا ایک دوسرے

سے مقابلہ کرین لیکن اس مقابلہ سے ہمین ہرگز یہ نہ معلوم ہو سکے گا کہ وہ کون سے اسباب ہین جن سے تیس کروڑ ہندوکئی ہزار انگریزون کے تابع حکومت ہین - یہ راز ہم پر جب ہی کھلے گا جب ہم ان دونون اقوام کی اخلاقی اور دماغی حالتون کا مقابلہ کرین - اس مقابلہ سے صاف ظاہر ہوجاے گا کہ ایک مین کس اعلیٰ درجہ کا استقلال اور قوت علی ہے اور دوسرے مین کس درجہ کا ضعف اور کمزوری ہے - کسی قوم کی دماغی اور اخلاقی صلاحیتین اُس قوم کا ارث ہین جسے ہم نے کسی مقام پر مرورن کی آواز سے تعبیر کیا ہے اور اسی وجہ سے یہ خصایص ان کے کردار و رفتار مین بہت بڑا دخل رکھتی ہین - یہی خصایص قوم کے نظامات کو قرار دیتی ہین - نظامات انہین نہین پیدا کرتے - اس مین شک نہین کہ افراد کے اندر ان خصایص مین تھوڑا بہت فرق واقع ہوتا ہے جیسا شکل وصورت مین فرق ہے لیکن قوم کے کثیر التعداد افراد مین ان مین سے بہت سی خصایص اُسی طرح مستحکم ہوتی ہین جیسے حیوانات کے اجناس مین خصایص جسمانی -

قوم ایک جاندار ہے ہمارے زمانہ کے علم تشریح وعلم حیات نے ہمین بتایا ہے کہ اشیاء جاندار کے جسم لاکھون ذرّون سے بنے ہوے ہین جن مین سے ہر ایک بطور خود زندہ ہے اور اپنی تجدید کرتا ہے اور اسی وجہ سے ہر ایک ذرّہ کی زندگی کی مدت اُس عضو بدن سے کم ہے جس کا وہ ایک جزء ہے اسی طرح قوم کو بھی ایک جاندار سمجھنا چاہئے جو ہزارہا منفرد اجزا سے بنا ہوا ہے جن مین تجدید ہوتی جاتی ہے - ہر فرد قوم کی ایک ذاتی زندگی ہے جو شل ذرّہ کے زندگی پر تھوڑی ہوتی ہے لیکن قوم بحیثیت مجموعی ایک علیحدہ زندگی رکھتی ہے اور اُس مین وہ مجموعی خصایص ہوتی ہین جن پر تاریخ کے مطالعہ کے وقت ہمین نظر رکھنی چاہئے - جب کسی زمانہ مین مختلف اقوام عالم کے علم النفس کا باہمی مقابلہ کیا جاے گا اور اُس سے ایک نیا علم استخراج ہوگا تو اس علم کے محقق کا کام یہ ہوگا کہ اُن خصایص مین سے جو ہر ایک قوم مین مخصوص ہین ایسے خصایص کو اخذ کرلے جو تمام اقوام عالم مین مشترک ہون - اس خیالی قوم کے افراد ان خصایص کے ذریعہ سے کسی قدر ایک دوسرے سے علیحدہ ہوتے جائین گے لیکن پھر وہ ایک معین اور لازمی قانون قدرت کے مطابق ایک دوسرے سے

قریب بھی ہوتے جائین گے۔ انسان صرف اپنے والدین کا فرزند ہی نہین ہے بلکہ اُس کے ساتھ ہی اپنی قوم کا وارث بھی ہے۔

خصایص ملی | ظاہر ہے کہ وہ خصایص جو کسی ملت کے مختلف افراد مین بطور عام پائی جاتی ہین تعداد مین اُسی قدر زیادہ ہون گی جس قدر اُس ملت کے اجزا مین مماثلت ہو۔ اور اگر ان اجزا مین تباین ہو یا اتصال کم ہو تو اُس وقت بیشک عام خصایص کی تعداد کم ہو جاے گی۔ اگر ہم حیوانات کی تقسیم سے مقابلہ کرین تو یہ کہا جاے گا کہ کسی ملت کے وہ گروہ جن مین مماثلت ہے بجاے کسی جنس حیوانی کے اقسام کے ہین یعنی ان مین باہمی فرق اُس قدر نہین ہے کہ ان مین سے ہر ایک کو ایک علیحدہ جنس قرار دیا جاے برخلاف اس کے جو گروہ آپس مین غیر مماثل ہون اُن کی حیثیت علیحدہ علیحدہ اجناس کی ہوگی۔ وہ تمام خصایص جو کسی ملت کے افراد مین زیادہ تر پائی جائین اُنہین اُس ملت کے خصایص سمجھنا چاہیے مثلاً ایک ہزار فرانسیسی اور ایک ہزار انگریز لیے جائین تو اُن کے افراد مین بہت کچھ فرق محسوس ہوگا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ان ہزار ہزار آدمیون مین بعض خصایص ایسی عام ہون گی جن سے ہر ایک خیالی فرانسیسی اور خیالی انگریز اپنے ذہن مین بنا سکتے ہین جس سے فرانسیسی اور انگریز کی تعریف ہو سکے گی۔ اسی طرح علم حیوانات کے ماہرین نے مثلاً گھوڑے یا کتے کی تعریف کی ہے۔ جب اس تعریف کو گھوڑون اور کتون سے تطبیق دین تو اُس مین بہت سے افراد شامل ہو جائین گے اور شاید تھوڑے سے ایسے بھی ملین گے جن مین خفیف سا فرق ہوگا اور اُن پر یہ مجموعی تعریف پوری طرح صادق نہین آے گی۔

اقوام ہند کی تقسیم | اصول تقسیم کو قرار دینے کے بعد اب ہم ان اصول کو اقوام ہند کی تقسیم مین استعمال کر سکین گے۔ ان اقوام کے بیان مین ہم پہلے ہر ایک کا مقام جغرافی بتائین گے۔ اس کے بعد ہم ہر ایک قوم کا علیحدہ علیحدہ بیان لکھین گے اور پھر ایک خاص فصل مین ان کی اُن عام خصایص کا ذکر کرین گے جو امتزاج باہمی اتحاد مزہب و نظامات و اعتقادات کی وجہ سے ان مختلف اقوام مین پیدا ہوئی ہین۔

فصل سوم

ہند کی اقوام کیونکر بنی اور اُن کی اصلی تقسیمیں کیا ہین

ہند کی اقوام اور اُن کی تمدنی حالت کا اختلاف

تھوڑا ہی زمانہ گذرا ہے کہ ہندوستان ایک ایسا ملک خیال کیا جاتا تھا جس مین ایک ہی قسم کی قوم رہتی ہے اور ان کا مذہب اور تمدن اور صنعت و حرفت ایک ہی سا ہے اور مدت ہاے دراز سے بلا کسی تغیر کے چلا آتا ہے لیکن یہ غلط رائے اس وقت قایم نہین رہ سکتی - ہم نے مرزبوم کے باب مین دکھایا ہے کہ اس ملک کی آب و ہوا اور منظرون مین کس قدر عظیم اختلافات ہین اور مختلف خطون کے وسایل زندگانی مین کتنا بین فرق ہے - اس ملک مین انسان مین بھی بلحاظ اپنی مختلف اقسام مختلف خیالات مختلف رسوم و عادات اور مختلف مدارج تمدن کے اُسی قدر فرق ہے جس قدر اُس مرزبوم مین جہان وہ رہتا ہے - اگر ہم نے یہ کہا ہے کہ ہند بوجہ اپنی تضاد اور مختلف آب و ہوا کے تمام عالم کا ملخص ہے تو ہم یہ بھی کہہ سکتے ہین کہ ہند کے باشندون مین بھی یہ تضاد اور تفریق کچھ کم نہین اور بہ حیثیت مجموعی بیان تاریخ بنی نوع انسانی کا ہر ایک طبقہ موجود ہے - نوع انسانی کی تقسیمین بیان اشہ در یہ مختلف ہین - ایک طرف تو سیاہ فام وحشیون کی اقوام ہین اور دوسری طرف ایسی اقوام ہین جن کی بلدہ شمل بوردیفون کے صناعت اور سفید ہے - یہان دنیا کے مدارج ترقی کے کل درجے موجود ہین یعنی ممالک متوسط کے پہاڑی حصون کی وحشیانہ زندگی سے لیکر گنگا کنارے کے شہرون کی پر لطف معاشرت اور پھر یوروپی زندگانی کے اُن اعلیٰ وسائل تک جن کو اس ملک کے اخیر فاتحین یہان لاے ہین

اقوام ہند چار اقوام سے مرکب ہین - نقطہ ہند

وہ پچیس کروڑ مخلوق جس کو ہم یورپ مین بطور عام ہندو کہتے ہین - کئی بڑی بڑی اقوام سے مرکب ہے جو حبشی زرد رنگ قوم تورانی اور آریہ لیکن ان چار اصلی اجزا کے مختلف

تناسب مین ملنے کی وجہ سے اور نیز اُن اثرون کی وجہ سے جو اختلاف مزاج وم سے پیدا ہوے ہین ہند مین ایک بہت بڑا گروہ ذیلی اقوام کا پیدا ہو گیا ہے جو تعداد مین یورپ کی اقوام سے زیادہ ہین۔ لفظ ہندو قومیت کے لحاظ سے کچھ معنی نہین رکھتا۔ ہند مین اس سے مراد صرف وہ شخص ہے جو نہ مسلمان ہو نہ عیسائی نہ یہودی اور نہ پارسی اور جو اُن چار ذاتون مین سے جن کو نی الواقع بدھ مذہب نے بھی جایز رکھا کسی ایک ذات مین شامل ہو۔ یہ ذاتین ابتدا مین چار ہی تھین یعنی برہمن چھتری ویشش اور شودر۔ لیکن اب ان کی تعداد بہت زیادہ ہے۔

یہ ذاتین اقوام کی تقسیم سے مطابقت تو نہین رکھتین لیکن جیسا ہم آگے چل کر دکھائین گے ہمین ذات قایم ہونے کے اصول کی خبر دیتی ہین۔ ہمین معلوم ہوگا کہ برہمن عموماً آریہ ہے اور چھتری، راجپوت، ویش تورانی اور شودر تورانیون اور اصلی باشندگان ملک کے میل سے بنا ہے۔

ہند کے قدیم باشندے ہند کے قدیم باشندے سیاہ فام تھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قدیم الایام سے ان کی دو قسمین تھین ایک حبشی وش جن کے بال اونی اور چہرے چپٹے تھے۔ یہ مشرق اور وسط مین رہتے تھے اور دوسرے آسٹریلیا کے حبشیون کے قسم مین سے تھے اور زیادہ ہوشمند اور ان کے بال لمبے تھے یہ جنوب اور مشرق مین بود و باش رکھتے تھے۔ ان مین سے پہلی قوم اس وقت تک گونڈوانہ کے پہاڑون مین موجود ہے اور دوسری نیلگیری کی وادیون مین۔ یہ قدیم اور وحشی اقوام جو کبھی ابتدائی تعلیم کے درجہ تک بھی نہین پہونچین تاریخی زمانہ کے پہلے سے ہند کے ساحلی جنگلون مین رہا کرتی تھین اور جیون جیون ملک مین تمدن ترقی کرتا گیا یہ بتدریج مفقود ہوتی گئین۔

ملک ہند مین داخل ہونے کی مشکلات جیسا ہم اوپر دکھا چکے ہین ہند وہ ملک ہے جس مین داخل ہونا نہایت مشکل ہے۔ ایک طرف تو ہمالیہ کے پہاڑ نے اور دوسری طرف سمندر نے اسے تمام دنیا سے علیحدہ کر لیا ہے خلیج بنگالہ کی طرف اس کے سواحل کو موجون کی تھپیڑون نے غیر ممکن العبور بنا رکھا تھا اور بحر عمان اور بحر عرب کے



(۷) برہت کی ایک بنسٹ مورت جسمیں دوسری صدی قبل مسیح کے
مندر دکھائے گئے ہیں

جانب مانسون کی شدت اوقیقہ سے آنے والی کشتیون کو مار کر ہٹا دیا کرتی تھی۔ اگر وہ کنارے تک پہونچ بھی گئین تو مغربی گھاٹ اِن کے لئے ایک سدحائل تھے اور ان کی آڑمین بیان کے باشندے بخوبی ان اجنبی اشخاص کا مقابلہ کر سکتے تھے۔ اِن وجوہات سے اُس قدیم زمانہ مین کسی اجنبی قوم کو اِس ملک مین سمندر کی راہ سے آنے کا خیال تک نہین گزرا اور اقوام فاتحین جو اِس ملک مین آئین وہ ہمالیہ کے راستے سے آئین۔ یہ بڑی قلعہ دیوار ملک کو دور تک محفوظ کئے ہوئے ہے لیکن اس کے دونون کنارون پر دو منفذ ہین۔ مشرق کی طرف برہمہ پتر کی گھاٹی اور مغرب کی طرف دریاے کابل کی گھاٹی۔ اِن دونون نے اِس دیوار مین راستہ پیدا کیا ہے اور انھین راستون سے ایشیائی فاتحین کی فوجین یکے بعد دیگرے اِس زرخیز ملک مین داخل ہوئی ہین ان اقوام مین سے زیادہ قوی اور کثیر التعداد قوم مغربی راستے سے داخل ہوئی کیونکہ دونون راستون مین سے یہی راستہ زیادہ آسان تھا۔ مشرقی راستہ یعنی برہمہ پتر کی گھاٹی ایک ایسا خطہ تھا جہان جنگل کی گنجانی اور پانی کی توفیر انسان کو ہر قدم پر روکتی تھی۔ انگریزون نے اِن دونون راستون کو دو نام دیے ہین جو بالکل صحیح تو نہین لیکن یہ ملک ہند کے جغرافیہ سے کسی قدر مطابقت رکھتے ہین مغربی راہ کا نام باب آریہ رکھا گیا ہے اور شرقی راہ کا باب تورانی۔

باب تورانی | باب تورانی یعنی برہمہ پتر کی گھاٹی وہ راہ ہے جس سے فی الواقع اقوام تورانی اِس ملک مین نہین آئی ہین لیکن اگر اس لفظ کو خاص معنی مین نہ استعمال کیا جاے تو کہہ سکین گے کہ یہ نام غلط نہین ہے لفظ تورانی سے دراصل وہ اقوام مراد ہین جو ترکستان کے باشندہ ہین لیکن بطور عام اِس لفظ کا اطلاق اُن زرد فام اقوام پر بھی ہوتا ہے جو تورانیون سے مشابہ ہین۔ باب تورانی سے ہند مین آنے والی یہی اقوام زرد فام تھین جن کے چہرے چپٹے اور آنکھین ترچھی تھین۔ یہ تاریخی زمانہ سے پہلے یہان آئین اور یہ ملک کے پہلے اجنبی تھے۔ اصلی تورانی سیدھے بالون والے جن کے مُنہ پر ڈاڑھیان نہین اور جن کی آنکھین سیدھی

تھین اس زمانے سے بہت بعد ہند مین آئے اور درحقیقت اِن کا بڑا گروہ باب آریہ سے اس ملک مین داخل ہوا۔ اصلی تورانیون کے ذکر سے پہلے ہم اِس امر کی تحقیق کرین گے کہ زرد فام اقوام جو ہند مین آئین اُن کا کیا حشر ہوا اور وہ کون سی نشانیان اس ملک مین چھوڑ گئین یہ اقوام زرد فام برہمپتر کی وادی سے گزرنے کے بعد مشرق کی طرف روانہ ہوئین۔ یہان اُنھین اُس پہاڑی خطے نے رد کا جواب گونڈوانہ کہلاتا ہے اصلی باشندگان سیاہ فام نے جو بالکل مقابلہ نکر سکتی تھین یہان آکر پناہ لی اور اس خطے کی دشوار گزار زمین اور یہان کی قاتل آب و ہوا نے اجنبیون کو آگے نہ بڑھنے دیا۔ اب یہ دو حصون مین تقسیم ہو گئے ایک ان مین سے گنگا کے کنارے کنارے مغرب کی طرف چلا۔ اور دوسرے نے خلیج بنگالہ کے کنارے کنارے جنوب کی راہ لی۔

پروٹوڈراویڈی اقوام | ان ایشیائی فاتحین اور اصلی سیاہ فام باشندگانِ ہند سے جو اقوام پیدا ہوئین اِن کا نام پروٹوڈراویڈی (یعنی قدیم قوم ڈراویڈ) رکھا گیا ہے اور چونکہ ان مین اصلی باشندون کا میل زیادہ تھا یہ بھی جنم یعنی اصلی باشندے سمجھے جاتے ہین۔ نئے فاتحین کی ریلون نے اِن بھی جنم اقوام کو روز بروز جنوب کی طرف بھگایا اور نئے فاتحین و مفتوحین کے میل سے وہ قدیم قوم بنی جس کو ڈراویڈیا نامل کہتے ہین۔ پس گویا قوم نامل نتیجہ ہے پروٹوڈراویڈیون اور زرد فام اقوام کے میل کا۔ اگر اقوام زرد فام کے اثر کو ہند کی اقوام پر بالعموم دیکھا جاے تو یہ اثر زیادہ تر برہمپتر کی گھاٹی مین نظر آتا ہے۔ جہان فاتحین کی نئی نسلین کیے بعد دیگرے زمانہ دراز تک آتی رہین مثلاً آسام کے باشندے جن کی تعداد تقریباً بیس لاکھ ہے خالص زرد فام نسل کے ہین۔ لیکن بنگال مین بھی جہان کے باشندے نہایت مخلوط ہین زرد فام دھاوے کا اثر اس وقت تک موجود ہے کیونکہ یہان وہ اقوام دور تک پھیل گئی تھین۔ جیون جیون ہم جنوب کی طرف خلیج بنگالہ کے کنارے کنارے چلین ان زرد فام اقوام کا اثر کم ہوتا جاتا ہے۔ مثلاً سنتالون مین یہ اثر بمقابل ان اقوام کے جو گونڈوانہ مین رہتی ہین بہت زیادہ محسوس ہوتا ہے۔ گونڈ و اورانگ اقوام کھونڈ مالیر اور

(۸۱) برہت کی بنست مورتیں۔ دوسو سال قبل مسیح کے ہندو

(۹،۱۰) برہت کی بنست مورتیں

(۱۶) آسام کی ناگ قوم کا سردار



گونڈ اس وقت تک اصلی باشندگان ہند سے زیادہ مشابہ ہیں اور شاید انہیں میں وہ قدیم حبشی وحشی قوم جس کا اوپر ذکر ہوا اس وقت موجود ہے۔

ٹامل اور تلنگے غرض اس وقت جنوبی ہند میں گوداوری سے لے کر کیپ کامرن تک مختلف ڈراوڈی اقوام جن میں متعدد تقسیمیں ہیں بود و باش رکھتی ہیں۔ ان میں سے زیادہ مشہور تقسیمیں ٹامل اور تلنگے ہیں۔ یہ کل زردفام اقوام اور حبشیوں کے میل سے بنی ہیں لیکن ان میں اور اجزا بھی شامل ہو گئے ہیں جن میں سے ایک جز تورانی ہے۔ قبل اس کے کہ ہم اقوام تورانی کے مغرب کی طرف سے آنے کا ذکر کریں ہمیں یہ کہہ دینا ضرور ہے کہ ہمالیہ کی بلند سلسلوں اور وادیوں کے باشندے باستثنا باشندگان کشمیر کے بہت الاصل ہیں اور مشرقی چین کے باشندوں سے بہت مشابہ ہیں لیکن تبتی اقوام یہاں بطور فاتحین کے نہیں آئیں کیونکہ جغرافی حیثیت سے اور نیز محافظ نسل و مذہب و رسوم و عادات کے ان کا زیادہ تر تعلق تبت سے ہے نہ کہ ہند سے۔ لداخ، دردستان، بالتستان، بھوٹان اور نیپال کے ایک حصے کے باشندے بھی تبتی ہیں۔ ان کے گال کی ہڈیاں ابھری ہوئی اور بلکیں کوتاہ ہیں۔

باب آریہ سے آنے والے فاتحین اگرچہ ہمیں وہ زمانہ قطعی طور پر نہیں معلوم ہے جب باہر کی اقوام باب تورانی کی راہ سے ہند میں آئیں لیکن برخلاف اس کے ہمیں ان فاتحین کا حال بہت کچھ معلوم ہے جو باب آریہ سے اس ملک میں داخل ہوئے۔ البتہ ان میں سے بہت قدیم آنے والی اقوام زردفام کی طرح زمانے کی تاریکی میں غائب ہو گئے ہیں اور ان کا پتہ صرف ان نتائج سے پایا جاتا ہے جو ان کے میل جول سے مفتوحہ اقوام میں پیدا ہوا۔ تورانی اقوام وہ ہیں جنہوں نے ان اقوام کی جسمانی خصائص میں بہت بڑا فرق پیدا کر دیا برخلاف اس کے آریوں نے ان کو زیادہ تر تمدنی اثر سے متاثر کیا۔ عام طور پر کہا جا سکتا ہے کہ ہند کی اقوام نے اپنا تناسب اعضا اور صورت شکل تورانیوں سے پائی ہے اور زبان و مذہب اور رسوم و عادات آریوں سے مثلاً ستر کروڑ ہندو اس وقت آریہ زبانیں بولتے ہیں لیکن ان میں سے بہت تھوڑے ایسے

خطے مین نہین پائی جاتی اسی طرح ہم دیکھ چکے ہین کہ اگرچہ آریہ زبانین ہندوستان مین سب سے زیادہ رائج ہین لیکن وہ اقوام جن کو اصلی آریہ کے ہونے کا فخر ہے تعداد مین بہت کم ہین۔ پس صرف زبان قومیت کا معیار نہین قرار دی جا سکتی۔

آریا اقوام کا ملک ہند مین آنا | جس وقت سفید رنگ قوم یعنی آریہ شمالی ہند مین داخل ہوے تو انہین وحشیون سے مقابلہ نہین پڑا بلکہ اُن متمدن اور زبردست حکومتون سے جنہین تورانیون نے قایم کیا تھا آریون نے پہلے مجرا سے سندھ کی حکومتون کو زیر کیا اور یہان مدت تک مقام کرنے کے بعد مغرب اور جنوب کی طرف بڑھے ۱۵۰۰ کی پندرہ سو سال قبل مسیح تک قوم آریہ وندھیاچل کے پہاڑون کو پار نہو سکی تھی۔ اس نے شمال کے تورانیون کو البتہ زیر کر لیا تھا اور ان کے لیے ایک نئی ذات ویش کی قایم کی گئی تھی جس کا درجہ برہمنون اور کھتریون کے بعد تھا۔ برخلاف اس کے اصلی باشندون کو انہون نے ایک وسیع ذات مین شامل کر لیا تھا جس کا نام شودر تھا اور جو درجہ مین سب سے نیچی تھی۔ اسی زمانہ مین آریون نے دکن پر دھاوا کیا تھا جس کے متعلق رامایں لکھی گئی ہے۔ رامائن کی سپہ سالاری مین یہ نہ صرف دکن تک پہونچے بلکہ بڑی بڑی بھاریون کے بعد یہ جزیرہ نماے ہند کے جنوبی حصہ تک پہونچ گئے اور سیلون کے باشندون پر بھی اپنی حکومت قایم کر دی۔ رامائن مین لکھا ہے کہ ان آریون کو بڑے بڑے دیوؤن سے سامنا پڑا اور انہون نے بندرون کی مدد سے قوم ناگ کے ملک کو جو سانپ کی پرستش کرتے تھے زیر و زبر کیا۔ یہ ناگ دراصل تورانی فاتحین تھے جنہون نے جنوبی ہند مین بڑی بڑی حکومتین قایم کی تھین اور اپنی رمایا یعنی قدیم اقوام ڈراویڈ کے ساتھ انہون نے سانپ کی پرستش اختیار کی تھی۔ بندرون سے جو اچھندجی کے شریک اور معاون تھے گویا وہ قدیم اقوام سیاہ فام مراد ہین جو اس خطے کے اصلی باشندے تھے۔ آریون کی یہ فوج کشی صرف بمنزلہ ایک فوجی دھاوے کے تھی اور اس کا کوئی اثر اس ملک مین باقی نہین رہا۔

راجپوتون کی فوج کشی | چوتھی صدی مسیحی مین ہند پر پھر ایک نئی فوج کشی راجپوتون کی ہوئی۔ یہ قوم جو

بادشاہون کی اولاد تھی اور جن کا ہر زد بہادر اور آپس مین برابر تھا چھتری کے نام سے مشہور ہوئی اور اس نے اپنے تئین اُس خطے مین جس کا نام اب راجپوتانہ ہے یعنی دریاے سندھ کے مشرق سے لے کر اراولی کے پہاڑون تک قایم کیا۔

پنجاب اور وسط ہند کی اقوام ہم اوپر بیان کر چکے ہین کہ شمال و مشرق کی جانب سے باب توانی سے ہو کر زرفام اقوام اِس ملک مین آئی تھین اور یہ سیاہ اقوام کے ساتھ کم و بیش میل پیدا کرنے کے بعد جزائے گنگا اور جنوب دکن مین اقوام توانی کی تابع ہو گئی تھین اسی طرح اب ہم اُن دھاوون کے نتایج بتائین گے جو باب آریہ کی طرف سے ہند پر ہوے یہ دکھائین گے کہ انھون نے شمال و غرب اور غرب مین اقوام توانی کو فتح کیا اور آریہ اثر کو جو بہ مقابل جسمانی اثر کے زیادہ تر روحانی اور اخلاقی تھا اِس ملک مین پھیلایا۔ اگر ہم اب شمال سے مغرب کی طرف چلین جیسا کہ ہم پہلے شمال سے مشرق کی طرف گئے تھے اور پنجاب کی حالت پر غور کرین تو ہمین معلوم ہو گا کہ جاٹ اور گوجر اور سکھ جو توانی اقوام ہین یہان کے باشندون مین تین چوتھائی ہین اور ایک چوتھائی آریہ ہین جن کا رنگ انھین صاف بتاتا ہے۔ اس سے نیچے اُتر کر ہمین راجپوت ملتے ہین جو آریون مین شریک ہین لیکن خالص آریہ نہین ہین۔ گجرات کے باشندے بہت ہی مخلوط ہین لیکن ان مین توانی میل زیادہ ہے۔ ماہادھی سطح جو بندیاچل تک چلی گئی ہے اور جس کے جنوب مین گنگا واقع ہوئی ہے آریہ اقوام کی حد ہے۔ اس سے نیچے اُتر کر گویا یہ بالکل مفقود ہو گئی ہین لیکن یہان کے باشندون کی صورتون مین اگر ان کی نشانی باقی نہین رہی ہے تو اقلاً اِن کا مذہب اور اِن کے نظامات ہر جگہ غالب ہین۔ بمبئی سے آگے گھاٹ کے دونون دامنون پر ایک جگہ قوم ہے جس نے تاریخ مین بڑا حصہ لیا ہے۔ یہ توانی اقوام مرہٹے ہین اور اِن کی تعداد کئی ملاکھ ہے جیون جیون ہم وسط ہند کی طرف اور جنوب کی طرف اُترتے جاتے ہین آریائی تمدن اور توانی نقشے کم ہوتے جاتے ہین اور مخلوق ڈراوڈی ہوتی جاتی ہے۔ اِن اجزا کے مختلف الامتزاج سے کئی نوعین پیدا ہوئی ہین اولاً بھیل جنہین راجپوتون نے بھگا کر پہاڑی حصون مین پہونچا دیا۔

یہ پروٹو ڈراویڈی ہین اور ان مین تورانی اثر بہت کم آیا ہے بلکہ بعض ان مین سے گویا اصل باشندگان ہند کی اولاد ہین۔ یہ بندیاچل کے مغربی حصے مین رہتے ہین اور ان کی تعداد تقریباً تیس لاکھ ہے دوسری قوم مہیر ہے جو جاٹون سے زیادہ ملتے ہوے ہین اور اراولی کے شمال مین رہتے ہین۔ انکی تعداد تقریباً چھ لاکھ ہے۔ تیسری قوم میو ہے جو ریاست جے پور مین بود و باش رکھتے ہین اور ان کی تعداد تقریباً تین لاکھ ہے۔ اخیر مین راموسی اور دھانک ہین جو مغربی گھاٹ کے دامن مین رہتے ہین۔ یہ زیادہ تر ڈراویڈی معلوم ہوتے ہین جیسا کہ ان کی تاریک جلدون چپٹی ناکون اور ابھرے ہوے رخسارون سے معلوم ہوتا ہے۔

مسلمانون کی فتوحات | مسیحی گیارہوین صدی مین مسلمانون کی فتوحات شروع ہوین یہ فاتحین بھی نہایت مختلف الاصل تھے ان مین عرب ایرانی افغانی اور مغل ملے جلے ہوے تھے اور انہون نے ہند کی اقوام کو جو پہلے ہی سے مخلوط تھین اور بھی زیادہ مخلوط بنا دیا۔ ان کی حکومت اور ان کے تمدن نے سندھ و گنگا کے بھراؤن مین بہت کچھ اثر پیدا کیا لیکن جنوب مین ان کے میل سے کوئی علیحدہ قوم پوری طرح قایم نہین ہوی۔

اقوام ہند کی چار تقسیمین | اس مختصر بیان کے بعد جس مین ہم نے ہند کی چار اقوام کو چار بڑے گروہون مین تقسیم کیا ہے یعنی کولاری[1] ڈراویڈ[2] تورانی[3] آریائی[4] اور تبتی[5]۔ ہم اب ان گروہون کی تفصیل اور ان کی ذیلی اقوام کا بیان کرین گے جس مین ہم ہر ایک کی ظاہری شکل اور اصلیت اور رسوم و رواج مذہب و اعتقادات اور کارنامون کا ذکر کرین گے اور دکھائین گے کہ ان کی موجودہ حالت کیا ہے۔ ان بیانات کے بعد ہم پھر ایک عام نظر کل اقوام ہند کے مجموعی تمدن پر ڈال سکین گے۔

باب دوم - شمال ہند کی اقوام

فصل اوّل - ہمالیہ کی اقوام

غربی ہمالیہ غربی ہمالیہ کی بلند سطحین اور اس کی وادیون کا بہت بڑا حصہ جغرافی حیثیت سے ملک ہند کے نہین بلکہ تبت کے اجزا ہین اور باشندون کے لحاظ سے بھی ان کا تعلق تبت ہی سے ہے - یہ چھوٹے قد کی اقوام جو یہان رہتی ہین اور جن مین سے بہت سی نہایت قدیم ہین بتدریج اس خطے کے دشوار گزار مقامات پر پھیل گئی ہین - یہ زیادہ تر تبت سے آئی ہین اور تھوڑی بہت ہند سے لیکن یہ اقوام بہان بحیثیت فاتحین کے نہین آئین کیونکہ یہ ملک اس وجہ پہاڑی ہے کہ یہان فوجی چڑھائی ناممکن ہے اور اسی وجہ سے یہ ابتک غیر اقوام کی محکوم نہین ہوئین اور زیادہ تر آزاد رہی ہین - ہمالیہ کی جنوبی وادیون مین جہان یہ پہاڑی لوگ نشیب کے اقوام سے مل گئے ہین ان مین تبتی اثر کم ہوتا جاتا ہے - مذہب و رسوم و عادات ہندی ہوتی جاتی ہین اور یہ راجپوت راجاؤن کی حکومت مین آتی جاتی ہین -

غربی ہمالیہ یعنی لداخ بالتستان و درد ستان اُس پہاڑی حصے مین جس مین سے ستلج اور سندھ اور شیوک کی ندیان ہمالیہ کو پار ہونے سے پہلے مشرق سے مغرب کی طرف گذرتی ہین مختلف تبتی اقوام بود و باش رکھتی ہین - ان کے چہرے بڑے آنکھین کسی قدر ترچھی بال سیاہ اور سیدھے اور ڈاڑھیان نہایت مختصر ہین - یہ خوش مزاج مہمان اور پھرتیلے ہین اور ہر حالت مین شاد و خرم رہتے ہین - یہ کل اقوام ایک ہی مذہب نہین رکھتین - مثلاً لداخی بدھ مذہب کے ہین اور اپنے لاماؤن کو مانتے ہین باقی یعنی بالتستان کے رہنے والے مسلمان ہو گئے ہین اور اپنے ملاؤن کے تابع ہین - لداخیون مین کثرت البعول کی رسم جاری ہے لیکن یہ رسم ان کے وادیون کی کم پیداواری کی وجہ سے ہے - اکثر پانچ یا چھ بھائی مل کر ایک عورت کی پرورش کرتے اور اس سے اولاد پیدا کرتے ہین

بالتی اگرچہ لداخیون سے زیادہ خوشحال نہین ہین لیکن اسلام کی وجہ سے وہ اس رسم کو نہین اختیار کرسکے۔ اِن مین سے بہت سے اشخاص مفلسی کی وجہ سے اپنا ملک چھوڑکر گنگا کی وادی مین آتے ہین اور انگریزون کی نوکری کرلیتے ہین۔ جب اِن کے پاس کچھ روپیہ جمع ہوگیا تو پھر وہ اپنے پہاڑی وطن کو واپس آکر اپنی پیدائش کے گانون مین زندگی بسر کرتے ہین اور اگر اِن کے پاس زیادہ مال و دولت ہوگئی تو وہ دو تین بیوبان کرلیتے ہین۔

دردستان | وہ خطہ جس مین سندھ کی ندی شمال سے جنوب کی طرف نانگا پربت سے گھومتی ہوئی بہتی ہے دردستان کہلاتا ہے یہان کے باشندے بالکل علیحدہ ہوتے ہین یہ نسل مین آریہ معلوم ہوتے ہین اِن کے قد بلند رنگ صاف اور چہرے بیضاوی ہین اگرچہ مذہب اِن کا اسلام ہے لیکن اِن مین ذات موجود ہے۔ سب سے اونچا درجہ اُس ذات کا ہے جس کو شِن کہتے ہین۔ اِن کا ذکر مہابھارت اور منوشاستر مین پایا جاتا ہے۔ اِس نام سے بعض یورپی مصنفین نے خیال کیا ہے کہ دردستان کے باشندے چینی الاصل ہین۔

قوم درد | قوم درد اِس خطے کی حاکم قوم ہین اور یہان کے اصلی باشندے جو اِن کے تحتِ حکومت ہین ڈوم ہین۔ یہ نیم اصلی اقوام ہند کے ہین اور پنجاب بلکہ شمال راجپوتانہ تک موجود ہین۔ اِن کی جلد ایسی سیاہ ہے جیسے وسط ہند کے وحشیون کی اور ہندو مسلمان دونون اِن کو نجس سمجھتے ہین۔ اِن مین اِس وقت تک بت پرستی جو اِن کی قدامت کی دلیل ہے قایم ہے اور اِن کا ملک اِس طرح پہاڑون سے گھرا ہوا ہے جیسا فرانس مین پرینی کا خطہ دردستان کے یہ ماتحت ہین عموماً ایک آزاد اور مغرور قوم ہے یاغستان کو جس مین اِس قوم کی ایک شاخ بستی ہے انگریزون نے ملک یاغی کا نام دیا ہے کیونکہ یہ کبھی زیر نہو سکے۔ دردستان کی زبان پشتو سے ملتی ہوئی ہے۔

وادیٔ کشمیر | جن خطون کا ہم ذکر کرچکے ہین یہ کشمیر کی حکومت مین داخل ہین۔ جب ہم نیچے اُتر کر خاص

وادی کشمیر مین آئین جو تقریباً ۸۰ میل لمبی اور ۲۰ میل چوڑی ہے اور جس کا منظر تمام عالم مین مشہور ہے تو یہان ہمین ایک ایسی قوم ملتی ہے جو گرد و نواح کی اقوام سے اُسی قدر مختلف ہے جیسی کشمیر کی وادی تمام دنیا کے ملکون سے۔ کشمیریون کا نام صرف اسی وادی کے باشندون پر صادق آتا ہے۔ ملک ہند کے باشندون مین کشمیری جسمانی خصایص کے لحاظ سے سب سے زیادہ عجیب اور سفید رنگ ہین۔ ان کی عورتون کا حسن شہرۂ آفاق ہے۔ جلد ان کی نرم اور صاف ہے۔ ناک خدا رہال ڈاڑھی گھنی۔ قد مین یہ زیادہ لمبے نہین ہین لیکن مضبوط ہین۔ یہ زیادہ جری نہین ہین لیکن ان کی صنعتی قابلیت تعجب خیز ہے۔ یہی اُس مشہور شال کے بنانے والے ہین جو تمام دنیا مین پہونچ گئی ہے اور یہین وہ نازبرپینا کاری کا کام بنتا ہے جس کی نقل اس وقت تک یورپ نہ کر سکا اصلیت کے لحاظ سے کہا جا سکتا ہے کہ کشمیر کے باشندے اقوام آریہ کی خالص اولاد مین ہین اور ان کے اعلیٰ طبقات مین جتنی میل نہایت خفیف ہے یہ سب مسلمان ہین لیکن ذات کی رسم ان مین بھی موجود ہے کشمیری زبان فارسی اور سنسکرت سے مرکب ہے۔

دامن ہمالیہ کے اقوام ہمالیہ کے بلند حصون کو چھوڑنے کے بعد جب ہم تنگ پہاڑی دروں مین سے ہو کر پنجاب کی طرف نیچے اُترین تو ہمین ایک گروہ اقوام کا ملتا ہے جو تعداد مین کم ہین لیکن جن مین کل مدارج جبت کی بلند سطحون کی اقوام سے لے کر پنجاب کے ہندو دن تک ملتے ہین اور مذہب کے لحاظ سے ان مین بدھ مسلمان اور روشنوی پرستش کرنے والے موجود ہین۔ ان اقوام کو تفصیل سے بیان کرنا ضرور نہین ہے ان مین جیالی پہاڑی گدی کولو اور گوجر ہین جو نہایت درجہ ممزوج ہین ان مین اقوام زرد فام کا اثر کم ہوتا جاتا ہے لیکن اس کی جگہ قدیم سیاہ فام اقوام کا اثر پیدا ہو گیا ہے۔ یہان کے حاکم عموماً راجپوت ہین ان کے مذہب مین بھی بہت کچھ اختلاف ہے زیادہ تر ان مین گلربان ہین اور بعض خانہ بدوش۔ تھوڑے بہت ان مین سے رسم کثیر الفعول کے پابند ہین لیکن زیادہ تر یہ مسلمان اور ہندو ہین اور کچھ تھوڑے سے بت پرست اور سانپ کے پوجنے والے بھی ہین اس خطے کی آب و ہوا اور اقوام اور زبانون مین تدریجی تغیر کے علامات

(۱۴) آسام کی پہاڑی عورتیں

پائے جاتے ہین جس طرح ہمالیہ کے برفستان سے لے کر سندھ کی تپتی ہوئی زمین تک آب وہوا کے مدارج ہین
اسی طرح ان قومون مین بھی ویسا ہی فرق ہے۔

نیپال کی اقوام گورکھے | نیپال کے ملک مین اور کشمیر مین اسی قدر مشابہت ہے کہ یہ بھی ایک لمبی گھاٹی مین
واقع ہوا ہے اور ایک خاص تمدن کا مرکز ہے یہ وہ وادی ہے جو مشرق کی طرف واقع ہوئی ہے اور اسی مین
کھٹمنڈو دارالسلطنت ہے۔ اس وادی کا طول تقریباً پانسو میل ہے اور عرض تقریباً سو میل یہ ملک ترائی
اور ہمالیہ کے بیچ مین ہے۔ نیپال کے باشندے مختلف الاصل ہین اور ان کی زبانین بھی مختلف ہین بعض
تبتی ہین اور بعض وہ ہین جو تبتی اور قدیم باشندون اور ہندوستان کی اقوام کے میل سے بنے ہین۔ ان
ہندوستانیون مین سے جو اس ملک مین آکر بسے اول تو راجپوت ہین اور اُن کے بعد نیم وحشی اقوام ہین جو چھوٹا
ناگپور اور اڑیسہ کے کولون سے مشابہ ہین۔ تبتیون کے میل سے جو اقوام بنی ہین ان کو عام طور پر گورکھا کا نام دیا گیا
ہے اور ہندی میل کی اقوام کو ہین دو رسکم کے سر پر رہتی ہین۔ خاص نیپال کی وادی مین دو بڑی قومین ہین ایک
نیوار جو قدیم باشندون کے زیادہ تر ہین اور جنھون نے دوسری قوم یعنی گورکھون کے اس ملک مین آنے سے
پہلے حکومت کی۔ گورکھ نیپال کی ایک جنگجو قوم تھی اور ان کا دعویٰ یہ ہے کہ یہ اُن راجپوتون کی اولاد ہین جو فتوحات اسلام
کے زمانہ مین بھاگ کر اس ملک مین آ بسے تھے نقاشیرہ ہندو نسل کے معلوم ہوتے ہین لیکن ان مین بہت
کم اشخاص ایسے ہین جن مین تبتی میل نہو۔ لفظ گورکھ سے مراد کوئی خاص قوم نہین ہے بلکہ وہ کل اقوام جو نیپال
کے اُس حصے مین جس کا نام گورکھا تھا بود و باش رکھتی تھین اور جنھون نے سارے ملک کو اٹھارہین
صدی مین فتح کر لیا۔ ان مین مختلف ذاتین ہین اور بڑی ذات کھتریون کی ہے جو راجپوتون اور دیسی عورتون
کے میل سے پیدا ہوئے ہین۔ گورکھے فی الواقع نیپال کے جنگجو باشندون مین ہین لیکن ان مین دوسری
اقوام بھی یعنی مگر اور گورنگ جن مین تبتی میل زیادہ ہے شامل ہوگئی ہین۔ یہ جنگجو اقوام بہ کثرت اپنے ملک کو
چھوڑ کر انگریزی فوج مین بھرتی ہوتی ہین اور یہ سب گورکھے کے نام سے معروف ہین۔ جیسا ہم اوپر بیان کر چکے ہین

گورکھون ہی نے نیپال مین ایک حکومت قایم کی اوران مین ایک خاص قسم کا جنگی مادہ ہے۔ زراعت تجارت اور حرفت سے ان کو نفرت ہے اور جسمانی مادہ تو ان مین مطلق نہین۔ لیکن یہ خصایص نواروں مین نہین پائی جاتی۔ گورکھون کا مذہب ہندو ہے اور ان کی زبان جس کو نیپالی کہتے ہین سنسکرت اور تبت کی زبان کے میل سے بنی ہے اور ناگری حرفون مین لکھی جاتی ہے۔

قوم نوار | وادی نیپال کے باشندون مین نوار کی قوم جن کو گورکھون نے فتح کیا زیادہ غالب ہے۔ ان کے راجاؤن نے اس ملک پر مدت تک حکومت کی اور بڑی بڑی یادگارین چھوڑین۔ ان مین بھی ملک ہندو اور تبت کا میل موجود ہے لیکن ان مین تبتی جز غالب ہے جس وقت مین نے نیپال مین سفر کیا تو میرے ساتھ ایک بمبئی کا نوکر تھا جو تمام ہندوستان مین پھر چکا تھا لیکن نیپال کی سرحد مین پہونچنے کے ساتھ ہی اس نے مجھ سے پوچھا کہ کیا یہ چین کا ملک ہے کیونکہ اس کی نظرون مین یہان کے باشندے بالکل ان چینیون کے مشابہ معلوم ہوے جنھین اس نے بمبئی مین دیکھا تھا نوارون کی زبان نواری اور گورکھون کی زبان سے بالکل علیحدہ ہے نیپال کی بھی ایک خاص زبان ہے جس مین لٹریچر موجود ہے۔

نوارون کی صنعت | نوارون مین گورکھون کی جنگی خاصیت بالکل نہین پائی جاتی اور وہ زیادہ تر زراعتی حرفتی اور صناع قوم ہین۔ وہ عجیب وغریب مندر جن مین اعلے درجہ کی سنگ تراشی پائی جاتی ہے اور جن کی تصاویر ہماری کتاب مین موجود ہے انھین کے ہاتھون سے بنے ہین۔ لکڑی کو تراشنے کا فن ان مین اس درجہ کو پہونچا ہے کہ یورپ مین بھی اس سے بہتر نہین پایا جاتا لیکن گورکھے جو ان کے حاکم ہین ان چیزون کی قدر نہین کرتے اور اس وجہ سے یہ صنعت بتدریج مفقود ہوتی جاتی ہے اور اس وقت دس بارہ آدمیون سے زیادہ ایسے نہین ملین گے جو عمدہ سنگ تراشی یا خوب تراشی کرسکین گے۔ فن تعمیر بھی نیپال مین انحطاط کی حالت مین ہے اور یہان جو کچھ عمارتین دکھائی دیتی ہین وہ گورکھون کے زمانے سے ماقبل کی ہین نوارون مین تبلشہ خاص ہندو ہین اور شیوجی کی پرستش کرتے ہین باقی دو نسلین بدھ ہین لیکن ہندو اور بدھ دونون مذاہب کے پابند ہین۔

(۱۲۔) کشمیر کے سپاہی

بھوٹان اور سکم | نیپال کے مغرب میں بھوٹان اور سکم کی دو مختار ریاستیں واقع ہوی ہیں۔ یہ دونوں ہمالیہ کے خطے میں ہیں اور ان کے باشندے بھی اسی خطے کے باشندوں سے مشابہ ہیں۔ یہ بھی تبتی الاصل ہیں اور بھوٹان کا نام لفظ بود سے مشتق ہے جس کے معنی تبتی کے ہیں انگریز محققین سکم کے باشندوں کو بھوٹانیوں سے زیادہ ہیں خیال کرتے ہیں کیونکہ یہ خوش مزاج اور بہادر قوم ہے۔ ہندوستان کی اقوام میں کوئی قوم اس قدر خوش مزاج نہیں ہے اور اگرچہ ان کی حالت نیم وحشیوں کی ہے لیکن یہ بہت نہایت عمدگی سے بجاتے ہیں اور اخلاق میں بڑھے ہوے ہیں۔ ان کی زبان میں کوئی لفظ سخت یا بداخلاقی کا نہیں ہے جس سے ان کی خوش مزاجی کا ثبوت ہوتا ہے۔ ان میں کثرت البعول کی رسم جاری ہے اور یہ بدھ مذہب رکھتے ہیں ان کے پہاڑوں کے دامن لاماؤں کی خانقاہوں سے بسے ہوے ہیں اور یہ عمارتیں اکثر نہایت خوش منظر مقامات پر تعمیر کی گئی ہیں۔

بھوٹان کے باشندے | بھوٹان کے باشندے اس قدر خوش مزاج نہیں ہیں جیسے سکم کے اور اس کی وجہ ... کہ ان کی ظالمانہ حکومت نے انہیں سخت مصیبت میں ڈال رکھا ہے۔ ان میں وہ اشخاص جو اپنی صحت سخت سے مستفید ہونا چاہتے ہیں حکومت انگریزی کی نوکری کر لیتے ہیں۔ ان کی زبان اور مذہب وہی ہے جو باشندگان سکم کا اور ان میں بھی کثرت البعول کی رسم جاری ہے۔ ان کا حاکم ایک لاما ہے جو مذہبی حکومت بھی کرتا ہے اور دنیاوی حکومت بھی۔ ان دونوں اقوام میں سے تبتی ساخت انہیں اشخاص میں قایم رہ گئی ہے جو اوپر کی وادیوں میں رہتے ہیں لیکن نیچے اتر کر ان میں بنگالیوں کا میل ہو گیا ہے جس سے نہ صرف ان کی صورتیں بدل گئی ہیں بلکہ ان کے اخلاق بھی متاثر ہو گئے ہیں۔

فصل دوم۔ آسام کی اقوام

آسام | آسام وادی برہمپتر کے اس حصہ کا نام ہے جو حکومت انگریزی کے تحت میں ہے۔ اس سے

وہ حصہ خارج ہے جو اس ندی کے دہانہ پر واقع ہوا ہے اور جہان رود گنگا کا پانی اس مین مل گیا ہے کیونکہ خط بنگال مین شامل ہے۔ برہمپتر کا اوپر والا حصہ بالکل وحشی گذارا وغا معلوم ہے اور اس کی آب وہوا ایسی قاتل ہے کہ یہین اقوام وحشی نے آکر پناہ لی ہے۔ ہم اوپر لکھ چکے ہین کہ ملک ہند کے کسی حصہ مین اس شدت کی بارش نہین ہوتی جیسی آسام مین۔ بارش کی کثرت اور شدت جس کی وجہ سے یہان نہایت ہی گنجان جنگل پیدا ہوجاتا ہے اور پھر یہان کی ہوا کی سمیت وہ اسباب ہین جن کی وجہ سے اس خطے کی وحشی اقوام اب تک آزاد رہی ہین لیکن یہی اسباب ان پہاڑون کی پربادی کے بھی باعث ہین۔ چونکہ یہ روز بروز آباد خطون سے دور ہوتے جاتے ہین اور بد آب وہوا مقامات پر جاکر ٹھیرتے ہین۔ ان کی تعداد کم ہوتی جاتی ہے اور اس ملک کے روز افزون تمدن کے سامنے جس سے وہ فائدہ نہین اٹھا سکتے یہ ایک روز بالکل نیست ونابود ہونے والے ہین یہ کل اقوام یعنی آیوریجی اور سنگ پو جو برہمپتر کے کنارون پر رہتی ہین اور ناگا۔ گارو اور کھاسیا جو اس ندی کے بائین کنارے کے پہاڑون مین رہتی ہین۔ یہ سب ایک ہی نسل کی مختلف اقسام ہین۔ لیکن اس قوم کا ٹھیک پتہ لگانا مشکل ہے کیونکہ اس کی خصلتین مین تورانی اور ملے اثر دونون ملے ہوے ہین۔ چہرے کی ساخت۔ لمبی ہوئی ناک۔ موٹے ہونٹ۔ ترچھی آنکھین۔ بال سیدھے اور سیاہ۔ ڈاڑھی کم۔ یہ سب اقوام زرد رنگ کی علامات ہین۔ برخلاف اس کے جلد کا رنگ جو کہ بالکل سیاہ ہے اور بعض خصلتین ملے اثر کی خبر دیتے ہین۔ تاہم تبتی تورانی اثر زیادہ تر غالب ہے اور یہ برخلاف قیاس بھی نہین کیونکہ اقوام ہند و رنگ کی موجین جس وقت ہندوستان مین آئین تو یہ نشیبی حصہ ان کی راہ مین واقع ہوا تھا۔ پہاڑی حصون کے باشندے برما کے شان اقوام سے بہت ملتے ہوے ہین۔ یہ خالص ایشیائے شرقی کی اقوام ہین جو سیام اور انڈوچین مین اگر چین اور شاید چین سے آسام مین آئین۔

قوم کھاسیا کی عجیب زبان کھاسیا کی قوم مین جو کہ کھاسی پہاڑ کے دامن مین رہتے ہین وہی خاصیت ہے جو یورپ مین سلسلہ پیرنیز کی باسک اقوام مین ہے یعنی یہ ایک ایسی زبان بولتے ہین جس کا تعلق عالم کے

کسی معلوم زبان سے نہیں پایا جاتا۔ نہایت تعجب کی بات ہے کہ یہ غیر مرکب زبان کیونکر ایسی زبانون مین جہن سے ہم بخوبی واقف ہین آکر پھنس گئی۔ اِن مختلف اقوام مین جن کا نام لیا گیا سب سے زیادہ وحشی آبور اور گارو ہین۔ آبور تو بالکل مادر زاد ننگے ہین اگرچہ انہین زیور کا شوق ہے اور جا اپنی عورتون کو فلزی ہار اور کمر بند پہناتے ہین جن سے بار نے حرکت آواز نکلتی ہے۔ اِن مین زراعت مطلق نہین اور یہ پھل پھلاری اور شکار کے گوشت پر زندگی بسر کرتے ہین آبور بہت ہی ادنے درجہ کی موت پرستی کرتے ہین اور گویا بنی نوع انسانی کے قدیم آبا و اجداد کی یاد گار ہین۔

قوم گارو گارو مین اس وقت انسانی قربانی کی رسم جاری ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ان مین بعض اوصاف بھی ہین مثلاً یہ اپنے قول قرار کے از حد پابند ہین اور دشمنون کے ساتھ بھی بدعہدی نہین کرتے اسی وجہ سے یہ جھوٹے اور دغا باز بنگالیون سے جو ان کے پہاڑون کے نیچے بستے ہین سخت نفرت کرتے ہین اور تھوڑا ہی زمانہ گذرا ہے کہ یہ اپنے مردون کے اعزاز کی غرض سے چند بنگالیون کو پکڑ لائے تھے اور اُن کے گلے کاٹ کر اُن کا خون لاش کے گرو بہایا تھا۔ گارو اپنے مردون کا بے حد اعزاز کرتے ہین اور چونکہ لاش کا جلانا اس اعزاز مین شامل ہے اور بارش کے زمانہ مین یہ غیر ممکن ہوتا ہے وہ لاشون کو شدید مین رکھتے ہین اور موسم بارش کے بعد ان کو جلاتے ہین۔

قوم ناگ ناگ کی وہ قوم ہے جس کا نام راماین مین آیا ہے اور انہون نے جنوب ہند کے فاتحین کو آگے بڑھنے سے روکا تھا۔ کچھ عجب نہین جو ان کا تعلق پروٹو ڈراویڈا اقوام سے ہو کیونکہ یہ بالکل سیاہ فام ہین۔ یہ ایک جنگ جو اور بہادر قوم ہے اور ہمیشہ آزاد رہی ہے۔

ان اقوام پر عام نظر اِن اقوام مین صرف کھاسیا وہ قوم ہے جو کم و بیش زراعت و تجارت کے کاروبار مین مصروف ہے۔ یہ بڑے بڑے گانون مین رہتے ہین نیک چلن ایماندار اور خوش مزاج ہین اور ان مین عجیب بات یہ ہے کہ یہ سیخی مین راگ اس خوبی سے نکالتے ہین جس کا نظیر اقوام مشرقی مین نہین پایا جاتا

یہ ایک قسم کی لکڑی چبایا کرتے ہین جس سے ان کے دانت سرخ ہوجاتے ہین اور اس رسم کی وجہ وہ یہ بیان کرتے ہین کہ کتون اور بھگالیون کے دانت سفید ہوا کرتے ہین۔ ایک اور عجیب رسم ان مین یہ ہے کہ یہ انڈے زمین پر پھینک دیتے اور اس کی زردی کے پھیلنے سے خیر و شر کا اقتباس کرتے ہین ان کے گاؤن کے راستون مین کثرت سے ٹوٹے ہوے انڈے پڑے ہوتے ہین جن کے سڑنے سے بدبو نکلتی ہے غرض قوم کھاسیا اپنی مرغیون کے انڈون کو کھا نہیں سکتے کیونکہ وہ اُن کے لیے بڑا ذریعہ غیب کے معلوم کرنے کا ہے۔

ان اقوام کا مذہب یہ کل وحشی اقوام جن کا ذکر اوپر ہوا بُت پرست ہین اور لکڑی کی مورتون کو پوجتی ہین۔ شادی کا تعلق ان مین نہایت کم زور ہے اور عموماً گھر کی حکومت جائداد کی وراثت اور بچون کی نگہداشت عورتون کے ہاتون مین ہوتی ہے اور یہی ملک کی حکومت مین زیادہ دخیل بھی ہین علی الخصوص اقوام گارو مین بعض ایسی قدیم رسوم ہین جن کا ذکر ہم اقوام جنوبی کے بیان مین زیادہ تفصیل سے کرین گے۔ یہ چند ایسے گروہون مین منقسم ہین جن کو ہماری یعنی تقسیمات امریہ کہتے ہین کیونکہ ان کا تعلق ماؤن سے ہوتا ہے۔ قدیم زمانہ مین ہر ایک گروہ کی سردار کوئی عورت ہوا کرتی تھی لیکن اب یہ حکومت اُس شخص کو دی جاتی ہے جو سب سے زیادہ غلامون کا مالک ہو۔ اس حاکم کو ولاسکر کہتے ہین مگر اس کا انتخاب قوم کی عورتون کی رائے پر ہوتا ہے۔ اسی طرح شادی مین لڑکی لڑکے کو پیغام دیتی ہے اور اکثر یہ ہوتا ہے کہ شادی سے پہلے دلہن کی ماری کے لوگ دلہے کو بطور پرداختہ کو چرا لاتے ہین۔ بیٹا اپنی پھوپی اور اُس کی اولاد کے بعد وارث ہوتا ہے۔ چونکہ طلاق ان اقوام مین کثرت سے ہوتی ہے اولاد ہمیشہ ماں کی ملک ہین اور باپ کو پہچاننے تک نہین۔ بعض اوقات یہ اپنے باپ سے بہت قریب رہتے ہین لیکن اُسے ایک اجنبی شخص سمجھتے ہین۔ یہ کل قدیم رسوم و عادات جو ایک دن ان راندہ اور ضعیف اقوام کے ساتھ تلف ہو جائین گی اس وقت بھی اُنہین اقوام مین پائی جاتی ہین جو آسام کے پہاڑی حصون مین رہتی ہین۔ پہاڑون سے اگرچہ منقود ہو جاتی ہین نشیبی خطہ کے باشندے

(۱۴) شبیہ تیمور بادشاہ کی

فی الواقع ہندو ہین اور خصایص وزبان مذہب رسوم وعادات مین بالکل بنگالیون کے مماثل ہین اور ان مین روز بروز ملتے جاتے ہین ہم آسام سے اُتر کر خاص ہندوستان مین پہنچ گئے اور اب اُن اقوام کا ذکر کیا جاے گا جو مجراے گنگ مین رہتی ہن۔

فصل سوم۔ مجراے گنگ کی اقوام

اقوام ہنود | اُس مختصر بیان مین جو اوپر گزرا نہ اقوام ہمالیہ مین اور نہ آسام صعید کی اقوام مین ہین کوئی قوم ایسی ملی جس پر ہندو کا اطلاق ہوسکتا۔ اگرچہ خود یہ لفظ مبہم اور وسیع معنی رکھتا ہے لیکن مجراے گنگ مین پہنچنے کے ساتھ ہی ہمین اقوام ہنود کا سامنا ہوتا ہے یعنی وہ اقوام جن کی رگون مین مختلف تناسب مین وہ خون دوڑتا ہے جو پرٹو ڈراویڈو تورانی وآریہ خونون سے ملا ہوا ہے۔ وہ خطہ جس مین سے گنگا اور اس کی شاخین گذری ہین اور اُس کو شاداب کرتی ہین دنیا کے گنجان ترین اور آباد ترین خطون مین سے ہے یہان کی زرخیز زمین سے چودہ کروڑ مخلوق یہ آسانی تمام اپنی ایمعاش کو کال لیتی ہے لیکن زمین کی حالت یہ ہے کہ باوجود اس گنجان آبادی کے جس کا نظیر دنیا مین کم ہوگا اگر یہ مردم شماری دوچند ہوجاے تب بھی زمین ان کو اذوقہ پہنچانے سے قاصر نہ رہے۔

جو فاتح اقوام ہندوستان پر شمال ومغرب باشمال ومشرق سے اُمڈین وہ اس پُر عجایب ملک مین ایک دوسرے سے مطابقت کرتی ہوئی پھیل گئین اور اسی وجہ سے اِس خطہ کے باشندون مین جس قسم کا خلط ہے وہ کسی دوسری جگہ نظر نہین آتا۔ اگر ان مین کوئی خاص قوم پیدا ہوئی ہے تو نیاندہ گنگا کے ساحلی گاون۔ کے باشندے ہین اور یہ زیادہ تر بہار اور اودھ کے کاشتکار ہین۔ انہون نے اپنی سیاہ جلد تو دراویڈون سے پائی اور تورانیون سے اپنے چوڑے اور چکنے چہرے اور نقشہ اور نزاکت اعضا پایا۔ اور آریون سے انہین جرأت وشجاعت

ذہن وذکا اور مذہبی خیالات ملے۔ وادی گنگ کی اقوام مین تین بڑے جز ہین لیکن چونکہ ان اجزا کا میل مختلف تناسبون مین ہوا ہے یہ اقوام ہم جنس نہین ہین مثلاً اودھ کے باشندون مین اقوام زرد فام کا حصہ غالب ہے ان دونون کے درمیان مین بہار ہے جس کے باشندے بھی درمیانی حالت رکھتے ہین غرض جیون جیون رود گنگ کے دہانہ سے اُس کے منبع کی طرف بڑہین اقوام ہند کی جسمانی اور اخلاقی حالت مین تنزلی پائی جاتی ہے۔

بنگالی ان مخلوط اقوام مین سے بنگالی سب سے کم درجہ مین ہین یہ پست قد دُبلے پتلے گندمی رنگ ہین۔ ان کی ناکین چھوٹی اور بعض اوقات دبی ہوئی ہین۔ ان کے دہانے بڑے بال سیاہ اور ڈاڑھیان حقیر ہین ذہن ان کا ان معنون مین اچھا ہے کہ انہین جو کچھ سکھایا جاے یہ بہت جلد یاد کر لیتے ہین لیکن ان کے چال چلن مین جھوٹ اور دغابازی اور نمایش شامل ہے۔

بہار اور اودھ کے باشندے بہار کے باشندون کی جلد سیاہ فام ہے لیکن ان کے چہرے کا نقشہ یوروپیون سے ملتا جلتا ہے۔ بنگالیون کا جھوٹ فریب ان مین مطلق نہین ہے۔ اودھ کے باشندے ان سے بھی اعلیٰ ہین اور یہ اصل آریہ قوم معلوم ہوتے ہین۔ ان کا رنگ صاف چہرہ بیضاوی نقشہ سڈول اور قد بلند ہے اور ان کی روش سے ان کی اعلیٰ نسل کا گمنڈ نمایان ہے۔ اودھ کے باشندون مین برہمن ایک ثمن ہین اور راجپوت بھی اسی قدر اور یہ اکثر زمینات کے مالک ہین۔ اودھ کے کاشتکار تک کرشن کی نسل سے ہونے پر فخر کرتے ہین۔ ان تینون صوبون مین ذات اسی طرح قایم ہے جیسے ملک ہند کے اور حصون مین۔ لیکن اودھ کا شودر بنگال کے برہمن کو ذلیل وخوار سمجھتا ہے۔ بنارس کا بازاری فقیر بھی کلکتہ کے برہمن کے ساتھ روٹی نکھائے گا برخلاف اس کے بنگالی برہمن اپنی بیٹی کسی گھاگھرا ندی کے کنارے پر رہنے والے کاشتکار کو نہایت خوشی اور فخر سے دے گا۔

وادی گنگ مین مسلمانون کا اثر گنگا کی وادی مین مسلمانون کا اثر بالعکس پایا جاتا ہے یعنی یہ مغرب سے مشرق اور

شاہ جہاں کا دربار

(۱۷) شبیہ علی عادل شاہ بادشاہ بیجاپور

ضلع سے دہانہ کی طرف زیادہ قوی ہوجاتا ہے اور وہ کے باشندون مین مسلمانون کا دسوان حصہ ہے۔ بہار مین ساتوان حصہ اور بنگال مین تیسرا لیکن جن ہندو نے مذہب اسلام قبول کیا وہ اپنے ہندو بھائیون سے چندان مختلف نہین ہین۔ ان مین ذات موجود ہے اور بہت سی مذہبی رسمین بھی ان دونون مین عام ہین۔

ان اقوام پر عام نظر | مذکورہ بالا بیان سے ہمین معلوم ہوگا کہ وادی گنگ کی اقوام مین ایسے مماثل اجزا موجود ہین جن سے مل کر کسی زمانہ مین ایک ہم جنس قوم بن سکتی ہے۔ جن اقوام مین ظاہرا بین فرق معلوم ہوتا ہے ان کے بھی درمیانی مدارج اتنے ہین کہ یہ بتدریج ایک دوسرے سے مل جاسکتی ہین۔ ہند کے دور سرے صوبون مین ہمین ایسی اقوام ملتی ہین جو ایک ہی جا بود و باش رکھنے پر بھی ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہین۔ برخلاف وادی بنگالہ کے باشندون کے جن مین نسلون کا فرق بالکل کم ہوگیا ہے۔ مثلاً بنگالی اپنے کو ایک قوم خیال کرتے ہین اور اس مین شک نہین کہ ان کے اعلیٰ طبقات کے اشخاص ایک ہی قسم کے معلوم ہوتے ہین اور بظاہر اندوپین کے اعلےٰ طبقات سے مشابہین۔ نیچے کی خلقت مین زرد فام اقوام کا اثر کم اور پرد توڈراویڈی اور کولاری اثر زیادہ معلوم ہوتا ہے۔

سنتال ماہر وغیرہ | وادی گنگ کے نشیب کی اقوام سنتال۔ ماہر وغیرہ جن مماثل اقوام کا ذکر کیا گیا اُن کے بیچ بیچ مین نیم وحشی قدیم اقوام کے دستے جا بجا رہ گئے ہین۔ نسلاً اور نیز جغرافی لحاظ سے یہ اقوام فی الواقع وادی گنگ سے باہر ہین۔ ان کا تفصیل ذکر اس وقت کیا جاے گا جب ہم ان کے ہمسایون سے جو ممالک متوسط مین رہتے ہین بحث کرین گے یہان ہم صرف اُن اقوام کا ذکر کرین گے جو وادی گنگ سے تعلق رکھتی ہین

اوپر بیان ہوچکا ہے کہ وہ مقام جہان اصلی باشندگان ہند نے اقوام خارجی کے دھاوون سے پناہ لی وہ پہاڑی ملک ہے جو نربدا اور سون کی ندیون کے جنوب مین واقع ہوا ہے اور جو اصلی سرحد ہے ہند اور دکن کے درمیان مین۔ صورت اور آب وہوا کے لحاظ سے یہ ایک محض جنگلی ملک تھا اور اس کی دشوار گذاری اور قاتل آب وہوا اور زمین کی کم حاصلی نے اقوام فاتح کو قدم آگے نہ بڑہانے دیا۔ اوپر کے حصہ مین ان پہاڑیون کے

دامن گنگا کے اُس حصہ میں جہاں ندی میں خم واقع ہوا ہے اور وہ جنوب کو مڑ گئی ہے پانی کے کنارے تک پہنچ جاتے ہیں لیکن ان دامنوں میں نہ زراعت ہے اور نہ ان کا حال زیادہ معلوم ہے۔ اس خمر پر راج محل کی پہاڑی خطہ واقع ہوا ہے جو بطور سنتری کے یہاں کھڑا ہے۔ اس مقام پر صوبہ بہار اور بنگال کی متمدن اقوام کے بیچوبیچ میں مالیر اور سنتال کی یہ وحشی اقوام رہتی ہیں اور ان سے ذرا جنوب کی طرف چھوٹا ناگپور کے اوراؤں پرا اور ان مُنڈے اور کول ہیں جو شاید ایشیا کی اصل اقوام میں سے ہیں۔ ان آخر الذکر قوم کو چھوڑ کر ہم اب کچھ تھوڑا سا بیان سنتال اور مالیر اقوام کا کریں گے۔ اقوام مالیر راج محل کے بلند حصہ میں رہتی ہیں اور ان کو پہاڑی کہتے ہیں۔ یہ گویا سیاہ فام دراوڑ و بدا اور زرد فام اقوام کے میل سے بنی ہیں اور ان میں آریہ اثر مطلق نہیں پایا جاتا اور ذات سے بھی یہ واقف نہیں ہیں۔ یہ جنوب ہند کے دراوڑیوں سے زیادہ مشابہ ہیں۔ ان کے رسوم و عادات اچھی ہیں اور جھوٹ سے انہیں سخت نفرت ہے۔ ان کا قول ہے کہ مرنا بہتر ہے جھوٹ بولنے سے۔ مالیر بانس کی بڑی بڑی جھونپڑیوں میں رہتے ہیں اور ان کے اندر وہ نہایت خوبصورت ترشا ہوا سامان خوش سلیقگی سے سجاتے ہیں۔ یہ ستاروں اور عناصر اور جنات کی پرستش کرتے ہیں جو ان کے اعتقاد میں ہوا کے رہنے والے ہیں۔ یہ اپنے نوجوانوں کے لئے ایک بڑا سا مکان بناتے ہیں جہاں وہ سب مل کر ریاضت کرتے اور فنون حربی وغیرہ کی تعلیم پاتے ہیں حکومت انگریزی نے ان اقوام کو تلوار سے نہیں فتح کیا بلکہ تدبیر سے۔ یعنی باتوں اور روپیہ نے وہ کام کیا جو تلوار سے نہ نکل سکتا تھا۔

سنتال | سنتال مالیروں سے تعداد میں بھی زیادہ ہیں اور زیادہ دلچسپ قوم بھی ہیں۔ یہ اُن پہاڑوں کے جن میں مالیر رہتے ہیں دامن اور نیچے کے حصہ میں بود و باش رکھتے ہیں۔ ان کی زبان ایک مخصوص حیثیت رکھتی ہے کیونکہ یہ تمام کولاری بولیوں کی ماں ہے۔ قدیم اقوام میں یہ وہ قوم ہے جس میں زرد فام اقوام کا اثر بہت زیادہ ہے کیونکہ شمال مالیروں کے یہ بھی دراوڑ اور اقوام زرد فام کے میل سے بنے ہیں سنتال خوش مزاج چست و چالاک نیک طبیعت اور بڑے مہمان نواز ہیں۔ ان کے خوبصورت جھونپڑوں میں ہمیشہ

(۱۸) شبیه فرخ سیر بادشاه

(۱۹) شبیہ ابوالحسن تانا شاہ بادشاہ گولکنڈھ

ایک جگہ مہمان کے لئے بنی ہوتی ہے اور جو کوئی ان مین جا پڑے وہ بہت آرام سے بسر کرتا ہے - ان کی خاندانی حالت نہایت مضبوط ہے اور نوجوان لوگ اپنی پسند سے شادی کرتے ہین شرطاسی قدر ہوتی ہے کہ زن دشو دو مختلف خاندانون کے ہون - ایک سے زیادہ بی بیان اُسی وقت ہوتی ہین جب کہ پہلی بی بی لاولد ہو سنتال عورتون کا بڑا پاس کرتے ہین اور انھین زیور سے لاد دیتے ہین اور خود بھی اُن کے خوش کرنے کے لئے زیور پہنتے اور اپنے کو بناسے سوارے رہتے ہین - ان کا مذہب نہایت سادہ اور پرستش بھی سادہ ہے یہ اپنے پرکھون اور آفتاب کو پوجتے ہین - ہر ایک خاندان کا باپ اپنے خانوادہ کا مُلّا ہے اور مرتے وقت اپنے بڑے بیٹے کو ان دعاؤن کی تعلیم کر جاتا ہے جن سے دیوتا راضی ہون اور آسمان سے رحمت خاندان پر اُترے - سنتال اپنے مردون کو جلاتے ہین لیکن وہ ہمیشہ چند ہڈیان ذخیرہ کے متبرک ندی مین ڈالنے کے لئے رکھ چھوڑتے ہین ان مین عزت کا بڑا خیال ہے - غرض منصبی مین چوکنا سب سے بڑا جرم سمجھا جاتا ہے اور اس کی سزا خاندان سے باہر کر دینا ہے - سنتال اچھے کاشت کار ہین اس کے ساتھ بھی ان مین صحرائیت کا مذاق موجود ہے جب کسی خاص مقام پر خالی زمین باقی نہین رہتی تو وہ دور تک جنگل صاف کرنے کے لئے چلے جاتے ہین - لیکن ان کی صحرانوردی دودھمون سے محدود ہو گئی ہے اول تو حکومت انگریزی روز بروز اپنا دخل کرتی جاتی ہے اور دوسرے یہ کہ سنتال کثیر الاولاد ہوتے ہین اور ان کی تعداد بڑھتی جاتی ہے - ان دونون آفتون سے تنگ آکر چند سال ہوے یہ سب مل کر کلکتہ کی طرف روانہ ہوے تھے تاکہ حکومت سے چارہ جوئی کرین لیکن جب وہ ایک موقع کی جگہ پہنچے تو اُن پر چھتروں کی مار پڑنے لگی بہت سے سنتال اپنا پیاری وطن چھوڑ کر کام کی تلاش مین نیچے اُترتے ہین اور بعض ان سے جلاوطنی اختیار کر کے دور دور چلے جاتے ہین

قدیم باشندون سے صرف مالیر اور سنتال ہی رہ گئے ہین جو اقوام کی حیثیت سے گنگا کی وادی مین رہتے ہین لیکن علاوہ ان کے ہر جگہ ایک گروہ اُن اشخاص کا موجود ہے جو قلی کے نام سے مشہور ہین اور انواع و اقسام

کی مزدوری کا کام کرتے ہیں۔ یہ بھی باشندگان قدیم کے پس ماندوں میں ہیں اور ساری وادی میں پھیلے ہوئے ہیں۔

وادی گنگ کو چھوڑنے سے پہلے ہمیں اتنا کہنا ضرور ہے کہ اس خطے میں جتنے بڑے شہر اور آباد مکان واقع ہوئے ہیں وہ سب باستثنا کلکتہ کے نہ ہی کے نصف غربی میں ہیں۔ مشرقی حصہ جو بنگال ہے ایک بالکل زراعتی ملک ہے اور یہاں کی مخلوق اُن خوش نما گاؤں میں رہتی ہے جو درختوں کے سبز جھنڈوں میں چھپے ہوئے ہیں اور غربی حصہ کے باشندوں کی طرح غربی شہروں اور گنجان آبادیوں میں نہیں رہتی۔

فصل چہارم۔ پنجاب کی اقوام

پنجاب کی اقوام | مجرائے سندھ جس کی اقوام کا بیان ہم اب کرنے والے ہیں تین حصوں میں منقسم ہے شمال میں پنجاب میں جنوب میں سندھ اور مشرق کی طرف راجپوتانہ۔ لیکن ان تینوں حصوں کے باشندے بہت ہی مختلف الاصل ہیں۔ چونکہ پنجاب اقوام فاتح کے راستہ میں واقع ہوا ہے اس کے باشندے بھی نہایت مخلوط ہیں لیکن وادی گنگ کے باشندوں کی طرح ان کی اصلی خصلتیں مٹ نہیں گئی ہیں بلکہ آریہ اور تورانی اور مسلمان اجزا یہاں بالکل صاف اور علیحدہ معلوم ہوتے ہیں۔ لیکن دراوڑی جز گویا بالکل مفقود ہوگیا ہے۔ اس خطے کا غالب مذہب اسلام ہے اس نے یہاں کے ہنود کو بھی زیر کرلیا ہے جو ہند کے کل ہنود پر آوازہ کسا کرتے تھے۔ پنجاب کے اصل باشندے یعنی جاٹ تورانی الاصل ہیں پھر ان میں آریہ اثر بایں ہے جو نصف سے زیادہ ہے اور ایک خفیف جز اسلامی اثر کا بھی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ تورانی جاٹ آریوں کی چڑھائی کے وقت سارے ملک کے مالک تھے اگرچہ جنرل کننگھم جو ہند کے آثار قدیمہ کے ایک بہت بڑے ماہر شخص ہیں جاٹوں کو اندوسیتھین بتاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ اسکندر کے بعد

مغلیہ زمانہ کی حرم شاہی کی ایک خاتون ر ۲۰

اس ملک مین آسے لیکن اس مین کسی طبع کا شک نہین کہ یہ تورانی یا اندوسیتھ قوم نہ تو دراوڑون سے زیادہ ملی نہ آریون سے - تاہم اُس قلیل میل کا اثر جو وقوع مین آیا جاٹون مین موجود ہے مثلاً بعض تو ان مین سے سیاہ فام ہین اور بعض کا رنگ اِس قدر صاف ہے جیسے راجپوتون کا -

اقوام آریہ | اِن اقوام کے بیان سے پہلے ہم کچھ بیان آریون کا کرین گے کیون کہ اگرچہ بعد لومین یہ کم ہین لیکن اپنا اثر ڈالنے اور مذہب و زبان کے پھیلانے کے لحاظ سے اِن کا بڑا درجہ ہے - اصل آریہ پنجاب کے شمال و مغرب مین اُس منقطہ سے قریب ہین جس کا نام ہم نے باب آریہ رکھا ہے - یہ ایرانی افغان ہین جو پٹھان کہلاتے ہین اور دردستان اور کافرستان کے باشندون سے بہت مشابہ ہین اور کشمیریون سے بھی تعلق رکھتے ہین - اِن کے رنگ صاف ناک خم دار چہرے بیضاوی بال بھورے اور بعض اوقات سفیدی مائل اور آنکھین عموماً نیلی ہین - یہ خصائص ہندوستان مین کم پائی جاتی ہین اور یہان اکثر بال اور آنکھون کی پتلیان سیاہ ہوتی ہین - ہمالیہ کے کنارے کنارے آوان اور گگر کی اقوام ہین جو یونانی الاصل خیال کی جاتی ہین مگر اس مین شک نہین کہ یہی خالص آریہ ہین - دوگرے اور بعض اقوام بھی آریہ ہین لیکن جنوب کی طرف راجپوت کثرت سے ہین - راجپوتون کا اصل ملک راجپوتانہ ہے جس کا بیان ہم آگے کرین گے -

قوم جاٹ | پنجابی ہمالیہ کے خطے مین جتنی اقوام رہتی ہین جن کا بیان ہم اوپر کر چکے ہین اور اب ہم جاٹون کی طرف جو پنجاب اور سندھ کی زراعتی سب سے زیادہ باوقعت قوم ہے توجہ کرین گے - اگرچہ جاٹون مین شاذونادر طور پر خارجی میل سے تھوڑا بہت تغیر پیدا ہوا ہے تاہم اِن کا عام ڈھانچہ حسب ذیل ہے -

قد لمبا - ہاتھ مضبوط چہرے سے ذہانت نمودار جلد کسی قدر سیاہ ناک بڑی اور اونچی اور بعض اوقات خم دار - آنکھین چھوٹی اور سیدھی گال کی ہڈیان کم بھری ہوئی - بال سیاہ اور کثرت سے ڈاڑھیان چکی اور کم بالون کی ان کی عورتین بلند قامت اور خوش منظر ہین اور ان کی چال سیدھی اور شان دار ہے گویا انھین اُن بھاری

کڑون کے وزن نے جو یہ پہنے ہوتی ہین سیدھا کر دیا ہے یہ ایک بڑا سا اُونی کپڑا ہوا لنگا پہنتی ہین اور اس کے اوپر ایک دوپٹا نہایت نزاکت سے اوڑھتی ہین - بعض وقت دوپٹے کو منہ پر کھینچ کر گھونگٹ بنا لیتی ہین -

جاٹون مین تین مذہب کے لوگ ہین - مسلمان تو مجرا سے سندہ کے نیچے والے حصہ مین رہتے ہین سکھ پنجاب مین اور ہندو جو ذات مین وشش ہین راجپوتانہ مین -

جات مغربی ہند کے مالک تھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جاٹ پورے مغربی ہند کے مالک تھے اور جس وقت جنگ جو آریون نے ان پر حملہ کیا تو یہ بآسانی اُن کے محکوم بن گئے - آریہ فاتحین نے ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا اور ان کو اُنھون نے دیسانی ذات یعنی ویشش یا تجارت پیشہ ذات مین شامل کر دیا برخلاف اس کے ہمارے اصل باشندے سب شودر بتا دیے گئے - پس گویا آریہ قوم جاٹون کی رضامندی سے اس ملک مین حاکم بن گئی اور اس باہمی رضامندی کا پتہ ہمین تخت نشینی کے رسوم مین ملتا ہے کیونکہ بادشاہ تاج حکومت کو جاٹون کے ہاتھ سے پاتا - ہے جو اس کی رعایا بن گئے تھے - پندرہوین صدی عیسوی کے آخر مین ان کے مذہب مین ایک بڑی اصلاح شروع ہوئی جس کا نتیجہ سکھون کا مذہب تھا - سکھ شروع مین تو صرف ایک مذہبی فرقہ تھا لیکن بتدریج یہ ایک قوم بن گئی - ان کے مذہبی پیشوا گرو نانک نے اسلام اور مذہب ہنود دونون سے عمدہ باتون کو اخذ کر لیا اور ذات کی رسم کو توڑ کر مساوات قایم کر دی - جن لوگون نے اس نئے مذہب کو قبول کیا وہ سکھ یعنی شاگرد کے نام سے مشہور ہوے لیکن بعض آریہ بھی ان مین آکر مل گئے اور ان کی وجہ سے قوم کی عقل زیادہ ہوگئی - ہمیشہ لڑنے بھڑنے کی وجہ سے سکھ بتدریج ایک جنگ جو قوم بن گئی اور ان مین تناسب اعضا اور جسمانی خوبصورتی کے ساتھ ایک ایسی شجاعت اور خوش اخلاقی پیدا ہوگئی جس نے انھین دنیا کی اقوام مین نوع انسانی کا ایک عمدہ نمونہ بنا دیا -

سکھون کی فوجی حالت سکھون نے فوجی حیثیت اپنے دسوین گرو گرو گوبند سے پائی - گرو نانک نے تو انھین توحید کی تعلیم کی تھی اور ان کے مذہبی خیالات کو بلند کیا تھا - گرو گوبند سنگھ نے انھین قومی علامت کے لئے

فولاد دیا جس سے زرہ اور ٹوپا بنتی ہے۔ ہر ایک سکھ خواہ وہ ہتھیار نہ بھی باندھے جو کسی نہ کسی قسم کا فولاد بطور تعویذ کے اپنے پاس رکھے گا۔ سکھ اپنے ایک سردار کے تابع ہیں جسے وہ خود انتخاب کرتے ہیں اور ان میں فوجی مجلسیں ہیں جو اہم معاملات پر غور کرتی ہیں۔ اٹھارہویں صدی کے شروع میں انہوں نے پنجاب کے ملک میں ایک زبردست حکومت قایم کرلی تھی۔ ان کے بادشاہ رنجیت سنگھ نے انگریزوں کے ساتھ مساوات کا عہد و پیمان کیا تھا اور خود اپنے انتخاب سے افغانستان کے تخت پر بادشاہ بٹھایا تھا۔ آج کے روز سکھ پھر اپنی قدیم حالت پر آگئے ہیں۔ ہیں یہ صرف ایک مذہبی فرقہ رہ گئے ہیں اور ان کے مذہب کا مرکز امرتسر کا شہر ہے۔ سکھوں میں تعلیم کا شوق حد سے زیادہ ہے اور ان میں بڑی بڑی علمی مجالسیں ہیں مثل انجمن لاہور کی مجلس جس کے بعض ارکان نہایت مشہور اشخاص ہیں۔ تاہم جنگی مذاق ان میں اب بھی باقی ہے اور یہ گورنمنٹ حکومت انگریزی کے بہترین سپاہیوں میں ہیں۔ جن سکھوں نے زراعت کا پیشہ اختیار کیا ہے وہ نہایت سنعمدار محنتی کاشت کار ہیں بجز اسے سندھ کی ساری زراعت پذیر زمین انھیں کے ہاتھوں میں ہے اور یہ ہند کے زراعت پیشہ اقوام میں سے اعلےٰ درجہ رکھتے ہیں۔

تجارت پیشہ جاٹ جاٹوں کا ایک بہت بڑا گروہ تجارت پیشہ ہے اور یہ اس کام کو بھی اسی خوش اسلوبی سے کرتے ہیں جو ان کی فطرت میں ہے۔ جاٹ بنئی ملتانیوں کے نام سے مشہور ہیں اور ان کی شہرت نہ صرف ہندوستان ہی میں ہے بلکہ ایشیا سے متوسط کے کل شہروں میں یہ بڑے پیمانہ پر کاروبار کرتے ہیں اور خیر نیز اور بازاری پیمین انھیں کے ذریعہ سے پھیلتی ہیں۔ سارے ملک ہند میں کیا پنجاب میں کیا گنگا کے کنارے اور کیا دکن میں تمام لین دین اور ہنڈی کا بیوپار مارواڑ کے جاٹوں کے ہاتھ میں ہے جو مارواڑی کہلاتے ہیں۔ ان کا ملک راجپوتانہ کا ایک حصہ ہے اور پنجاب کے جنوب میں واقع ہوا ہے ہند میں لفظ مارواڑی کا وہی مفہوم ہے جو اور ممالک میں لفظ یہودی کا۔ اس سود پر روپیہ چلانے والی قوم کا نام جو بیچاری لگان کی ماری ہندو رعایا کو سود در سود سے تباہ کرتے ہیں ہر جگہ خوف اور نفرت کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ ہم اس

مقام پر ریاست بڑودہ کے مشہور مصنف مسٹر بلابارجی کے اُس کتاب مین سے جو اُنھون نے باشندگانِ گجرات کے متعلق لکھی ہے ایک فقرہ نقل کرتے ہین جس مین اُنھون نے ماڑواڑیون کی حقیقت ظاہر کی ہے ملک ہند کے اور خطون کی طرح گجرات مین بھی ماڑواڑی جاکر حاکم بن جاتا ہے اور جب اُس نے من مانا روپیہ پیدا کرلیا تو پھر وہ شادی کرتا ہے اور اپنی بقیہ عمر کو اپنے وطن مین صرف کرتا ہے۔ مسٹر بلابارجی لکھتے ہین۔

"ماڑواڑی کبھی کسی ایسے کام مین بات نہین لگاتا جس مین دوچند کا نفع نہو وہ ہمیشہ لمبی مدت کے لین دین کو پسند کرتا اور قرض پر قرض دیتا چلا جاتا ہے یہان تک کہ بچارہ قرض لینے والا بالکل اُسکے قابو مین آجاتا ہے اور اُس کا غلام بن جاتا ہے۔ جب وہ اپنے قرض دار سے زیادہ نہین کھینچ سکتا تو پھر اُسے لوٹ لیتا ہے۔ یہ اُن بچارون کو لوٹتا ہی نہین بلکہ اُن کی عورت بھی لے لیتا ہے۔ اس وقت بمبئی مین جتنی کسبیان موجود ہین ان مین سے نصف ایسی ہین جن کے شوہر یا بھائی ماڑواڑیون کے مارے ہوے ہین۔ یہ لوگ سیر شکر اودھار لینے سے کاروبار شروع کرتے ہین اور انجام یہ ہوتا ہے کہ وہ کسبین کے نین رہتے اور ان کا جسمانی اور اخلاقی خاتمہ ہوجاتا ہے۔ اگرچہ ماڑواڑی وشنو کی پرستش کا دعوے کرتا ہے لیکن اس کے نزدیک ملکہ وکٹوریہ کی تصویر والا چھوٹے سے چھوٹا سکہ بھی وشنو کی مورت سے زیادہ قیمتی ہے"

بنجارے | جاٹون مین علاوہ اُن اشخاص کے جو زراعت یا تجارت یا لین دین کرتے ہین بعض گروہ ایسے بھی موجود ہین جو نیم وحشی ہین ان مین ملک ہند کے بنجارے ہین جو یورپ کے زی گان کی جگہ ہین۔ یہ قوم بالکل ہمارے ملک کے خانہ بدشون سے مشابہ ہے ان کی صورتین بھی ویسی ہی ہین اور اُن کا پیشہ بھی وہی ہے۔ یہ ایک قصبہ سے دوسرے قصبہ کو اور ایک گاون سے دوسرے گاون کو اپنی گاڑیون مین سفر کرتے ہین اور چھوٹی چھوٹی چیزون کی تجارت اور گانے ناچنے اور قصہ کہانیان کہنے مین اپنی زندگی بسر کرتے ہین۔

فصل پنجم سندہ اور راجپوتانہ کی اقوام

سندہ کی اقوام پنجاب سے اُتر کر اگر ہم برابر رود سندہ کے کنارے کنارے چلے آئین تو ہم سندہ کے ملک مین پہنچ جائین گے - یہان جاٹ کثرت سے ہین اور یہ مسلمان اور سکھ اور ہین مذہب رکھتے ہین - ان کے علاوہ بلوچون کی قوم ہے جو پہاڑی ملک کے رہنے والے اور بلوچستان کے باشندون سے ملتے جلتے ہین - بلوچی سندہ مین رہتے ہین - یہ سب مسلمان ہین اور ان کا طریقہ سنت جماعت ہے ان کی کئی قسمین ہین بعض جو اپنے کو عرب کہتے ہین سامی الاصل ہین - ان مین ایسے اشخاص بھی ہین جن کے بال سفیدی مائل ہین - اور پھر وہ لوگ ہین جو بلوچیون اور جاٹون کے میل سے پیدا ہوے ہین یکل اقوام جو مجرائے سندہ مین رہتی ہین سنسکرت الاصل زبانین یعنی پنجابی سندھی - اور ہاڑہ اڑی بولتی ہین - یہ زبانین ایک دوسرے سے مشابہ ہین اور ان مین زیادہ فرق نہین ہے -

راجپوتانہ کی اقوام راجپوتانہ ایک بہت بڑا خطہ ہے جو رود سندہ سے اگرہ تک اور پنجاب کی جنوبی سرحد سے مرہٹون کے ملک یعنی بڑودہ اور گوالیار کی سرحد تک پہنچتا ہے - اس کے مغربی نصف مین تھار کا ریگستان واقع ہوا ہے جس مین نیم وحشی اقوام خانہ بدوشی کی حالت مین ہین اس کے مشرقی نصف مین کثرت سے ندیان ہین جن سے یہ خطہ سیراب ہوتا ہے ندیون کے بیچ بیچ مین بلند سلسلہ کوہ اور پہاڑ واقع ہوے ہین جن مین سے مشہور اراولی کا سلسلہ ہے اور اسی مین آبو کا پہاڑ ہے - زمین کی بلندی اور پستی نے راجپوتانہ کی اقوام کو ایک دوسرے سے بالکل علیحدہ رکھا ہے اور یہ آپس مین اس طرح ملنے جلنے نہین پائی ہین جیسے گنگا اور سندہ کے مجراون کے باشندے - اس وجہ سے ان مین تین علیحدہ علیحدہ تقسیمین ہین یعنی نشیب کے رہنے والے پہاڑی سلسلون کے رہنے والے اور پہاڑون کے باشندے - ندیون کے کنارے پر نواڑی

جاٹ زراعت مین مصروف ہین - اور پہاڑی سطحون پر جنگ جو راجپوت اپنے قلعون مین سکونت پذیر اور اور اونچے پہاڑون کے دامن مین گنجان اور دشوار گذار جنگلون کے اندر اقوام بھیل اپنے قدیم رسوم ورواج کی زنجیرون مین جکڑے ہوے آزادی کے گہوارہ مین پھر رہے ہین -

قوم راجپوت | اِس ملک کو راجپوتانہ کا نام اِس لئے دیا گیا ہے کہ راجپوت اِس کے مالک ہین اور اِن کی ایک مخصوص اور عمدہ قوم ہے لیکن یہ اِس وقت تمام ہندوستان مین پھیل گئے ہین اور کچھ تو اِن مین سے خالص ہین اور کچھ مخلوط - اگرچہ راجپوتون کی اصلیت کی بابت جو کچھ اِن کی قدیم قصص وحکایات مین لکھا گیا ہے وہ تاریخی واقعات نہین ہین لیکن اِس مین شک نہین کہ ہندوستان کی اقوام مین نہایت خالص اور حسین قوم ہے بلند قامت اور سڈول بدن کا رنگ صاف اور مائل ہے آنکھین بڑی اور خوبصورت اور رنگ مین کچھی سیاہ یا بھورا - ناک خم دار نتھنے نازک اور پھولے ہوے بال سیاہ کثرت سے اور گھنگرو والے ڈاڑھی بسی بادگنی اکثر یہ اپنی ڈاڑھیون کو یا یہ کہنا چاہیے کہ اپنے ٹھیکون کو بڑھنے دیتے ہین اور انھین اوپر لے جاکر سر کے بالون کے ساتھ باندھ دیتے ہین - ان کی عورتین عموماً نہایت حسین ہوتی ہین - سب کے قدیم رؤسا ے ملک راجپوتون ہی مین پائے جاتے ہین مثلاً اودے پور کے مہاراجہ یہ کہہ سکتے ہین کہ اُن کے خاندان مین سلطنت ایک ہزار سال سے بھی زائد زمانہ سے چلی آتی ہے -

راجپوتون کی تاریخ | راجپوتون کی اصلی تاریخ تو اُسی طرح نامعلوم ہے جیسے ہندوستان کی قدیم حکومتون کی تاریخین لیکن اِن کی غیر معمولی بہادری کی داستانین کثرت سے موجود ہین - جس شجاعت کے ساتھ یہ مسلمانون سے لڑے ہین اور جیسے جیسے قلعہ بندیون کے پیتھل ہوے ہین اُن سے اِس قوم کی عظمت معلوم ہوتی ہے - اِن محاصرون مین مشہور محاصرہ چیتور کا ہے جس مین مرد لڑ مرے لیکن اپنے کو قید نہ ہونے دیا اور عورتون نے بھی وہ بہادری کی جو شہرہ آفاق ہے - انھون نے اپنے کو مسلمانون کے تصرف سے بچانے کے لئے ایک بڑا سا الاؤ بنایا اور اُس مین جل مرین راجپوت اپنی بہادری کی وجہ سے اقوام ہنود مین جو عموماً بزدل ہین نہایت

سربرآوردہ ہین جس وقت مسلمان اس ملک مین آئے تو اُنھون نے شمال ہند مین ہر جگہ راجپوتون کا راج پایا۔ ان کی حکومت لاہور۔ دہلی۔ قنوج اجودھیا وغیرہ مین تھی۔ غرض ان کا راج سندھ و ستلج سے لے کر آگرہ تک اور جنوب مین بندیاچل تک تھا۔ یہ کہا جاسکتا ہے کہ شمال و مغرب ہند کے یہی مالک تھے۔ جب مسلمانون نے ان کو شکست دی تو یہ راجپوتانہ کے ملک مین آئے جو شوارگذارا بھی تھا اور جس کی حفاظت بھی آسان تھی۔ راجپوتانہ مین اس وقت اُنیس ریاستین ہین جن مین سے سولہ کے حکمران راجپوت ہین ان مین سب سے بڑا درجہ مہاراجہ اودے پور کا ہے۔ عیسوی چودھوین صدی تک راجپوت راجہ مسلمانون کا مقابلہ کامیابی کے ساتھ کرتے رہے لیکن جس وقت سے چتور فتح ہوا ان کی قوت گھٹ گئی۔ اکبر نے راجپوت راجاؤن کو حکومت مغلیہ کا جزو بنالیا اور ان کو اپنی فوج مین بڑے بڑے عہدے دئے اور ان کی لڑکیون کو اپنے عقد مین لایا۔ اکبر کے جانشینون نے بھی اُس کی تقلید کی لیکن اس کے ساتھ بھی راجپوت راجہ نیم آزاد اور صرف سلطنت مغلیہ کے ماتحت ہی رہے۔

راجپوتون کا طرز حکومت ملک ہند مین راجپوتون ہی کا طرز حکومت ہے جو اس وقت تک قایم اور زمانہ کے تصرفات سے بچا ہوا ہے اور ان رسوم و عادات پر بھی بیرونی اثر مطلق نہین پڑا ہے۔ اس کتاب کے ایک دوسرے باب مین ہم نے ہندو کے طرز حکومت اور رسوم و عادات کی بنا پر دسوین صدی عیسوی کے تمدن ہند کی تصویر اُتارنے کا ارادہ کیا ہے اور اس مقام پر ہم اُس سے بحث نہین کرین گے۔

راجپوتانہ کی نیم وحشی اقوام بھیل علاوہ راجپوتون اور جاٹون کے راجپوتانہ کے خطہ مین بعض نیم وحشی اقوام بھی آباد ہین جن کی طرف اب ہم متوجہ ہوں گے۔

راجپوتانہ کی نیم وحشی اقوام بھیل مینا وغیرہ۔ بھیلون کی قوم جو نہ صرف راجپوتانہ مین بلکہ اس کے اطراف مین بھی بستی ہے بجملہ ہند کی نہایت قدیم اقوام کے ہے۔ انھین کے زمانہ مین تورانیون نے ہند کے شمال

ومغرب کو فتح کیا تھا اور یہ دونون اقوام مدت دراز تک وادی سندہ پر قابض رہین۔ مورخین کی راے ہے کہ مسیحی سنہ کے اوائل کی صدیون مین راجپوت آریون نے انھین اس خطہ سے بھگا کر پہاڑون مین کردیا۔ یہ وحشی اور بہادر قوم آسانی سے زیر نہین ہوئی اور صدیون تک راجپوتون کو ان کا خوف رہا اور یہ اپنے پہاڑون سے اپنے فاتحین پر حملے کرتے اور انھین ستاتے رہے راجپوت راجاؤن مین تخت نشینی کے وقت ایک عجیب رسم اس وقت تک قایم ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان قدیم باشندگان ملک کی کس درجہ عظمت کرتے ہین۔ ایک بھیل اپنے ہات اور پیر کے انگوٹھون پر خفیف سا زخم لگاتا ہے اور اس مین سے خون نکال کر راجہ کی پیشانی پر لگا دیتا ہے۔ باوجود اس رسم کے بھی بھیل ہندؤن کے دشمن جانی ہین اور جب کبھی حکومت انگریزی راجپوتون سے لڑی ہے بھیل موقع پاکر ان کے شریک ہو گئے ہین چنانچہ ۱۸۵۷ء کے غدر مین بھیلون نے حکومت انگریزی کا ساتھ دیا۔

بھیل خالص النسل نہین ہین۔ منجملہ بیس لاکھ کے جوان کی تعداد کا اندازہ ہے تقریباً دس لاکھ گویا خالص ہین۔ انھین اپنے خالص النسل ہونے کا بڑا گھمنڈ ہے۔ لیکن عجیب بات یہ ہے کہ ان کا مفاخرہ بالعکس ہے یعنی ان مین جس قدر تورانی میل زیادہ ہوتا ہے اسی قدر یہ اپنے کو زیادہ شریف اور عالی خاندان خیال کرتے ہین۔ تورانی میل کے لحاظ سے دو اور قومین بھی جو راجپوتانہ کی نیم وحشی اقوام ہین بھیلون مین شامل ہوجاتی ہین۔ یہ مینا اور مہیر ہین۔ عام طور پر کہا جاسکتا ہے کہ بھیلون مین اصلی دراوڑی جز غالب ہے اور تورانی اثر مغلوب۔ مہیرون مین دونون جز منصف نصف ہین اور میناؤن مین تورانی جز غالب ہے جس خطہ مین بھیل اپنے اصلی وطن سے نکالے جانے کے بعد آکر بسے ہین وہ ایک پہاڑی اور جنگلی خطہ ہے جو کہ مغربی گھاٹ کے شمالی حصہ سے سلسلۂ اراولی کے جنوبی حصہ تک اور خلیج کھمبات سے نربدا اور تاپتی کی وادیون کے وسط تک منتہی ہوتا ہے بندیاچل اور ستپورا کے پہاڑون مین ان کا ٹھکانا ہے اور یہان یہ آزادانہ زندگی بسر کرتے ہین۔ بھیل گجرات کے پہاڑون اور ودھیاچل کی وادی مین بھی کثیر التعداد مین موجود ہین۔

بھیل سیاہ فام اور سخت بدشکل ہین۔ اِن کے چہرے چپٹے۔ آنکھین چھوٹی لیکن سیدھی اور رخسارون کی ہڈیان کم اُبھری ہوئی ہین۔ اِن کے قد زیادہ بلند نہین لیکن یہ نہایت قوی اور پھرتیلے ہین۔ یہ بجز ایک لنگوٹی کے کوئی لباس نہین پہنتے اور اِن کے لمبے لمبے سیدھے اور سیاہ بالون مین ایک رسی بندھی ہوتی ہے۔ اِن کے ہتھیار نہایت سادہ اور قدیم ہین یعنی نیزہ برچھا کمان اور تیر۔ تیراندازی مین یہ بڑے مشاق ہین اور شیر تک کو تیر سے شکار کرتے ہین۔ اِن کی زندگی شکار کے گوشت اور مچھلی پر ہے۔ یہ پانی مین ایک قسم کے بیج کا دودہ ڈال کر اِس کو مسموم کر دیتے ہین اور مچھلیان اِس کے اثر سے بیہوش ہوکر آسانی سے ہات لگتی ہین۔

بھیلون کی خاندانی تقسیم | بھیلون مین اُسی قسم کی خاندانی تقسیم ہے جیسی راجپوتون مین لیکن یہان یہ ابتدائی حالت مین ہے۔ خاندان سے مراد وہ گروہ ہے جس کے افراد کسی خاص شخص کی اولاد مین ہون آریون مین بھی یہ بات شاذ و نادر ہے کہ خاندان کی حدود پوری طرح قایم اور محفوظ رہین اور حق ہمسایگی یا حفاظت کے مصالح سے اُس مین کوئی غیر شخص شامل نہو جاے۔ خاندان مین بیرونی اشخاص کا شامل ہونا جس قدر زیادہ ہوگا اُسی قدر خاندان کی حدود زیادہ وسیع ہون گی اور قوم کا درجہ ترقی مین کم تر ہوگا۔ بھیلون مین خاندان بالکل کھلے ہوے ہین۔ جب کوئی نشیبی ملک کا رہنے والا خواہ وہ تورانی ہو یا راجپوت کسی جرم کا مرتکب ہوکر خارج کر دیا جاتا ہے تو بھیل جو خود ایک راندہ قوم ہین اُسے اپنے مین ملا لیتے ہین لیکن چون کہ شادی اِن مین خاندان کے باہر ہوتی ہے لہذا ضرور ہوتا ہے کہ وہ کسی خاص خاندان مین داخل ہو جاے تاکہ پھر اُس خاندان سے باہر اُس کی شادی ہو سکے۔ اسی طرح جب بھیل کسی عورت کو چُرا لاتے ہین تو وہ بھی کسی نہ کسی خاندان مین شریک کر لی جاتی ہے۔ یہ امتزاج کی آسانی اور پھر سختی اِس امر کو ثابت کرتی ہین کہ بھیل بھی اپنے کو مثل اپنے متمدن ہمسایون کے بنانا چاہتے ہین لیکن اِس کے ساتھ بھی اِن کی موجودہ حالت بہت ہی ابتدائی ہے۔

بھیلون کی رسوم و عادات | بھیلون مین شادی کی رسم نہایت ہی سادہ ہے۔ مرد و عورت جو ایک دوسرے سے منسوب ہین چند روز کے لیے جنگل کے اندر غایب ہوجاتے ہین اور واپسی کے بعد قوم کو خبر کردیتے ہین۔ اُس وقت رسوم ادا کی جاتی ہین۔ طلاق ان مین نہایت شاذ ہے۔ بھیلون کے گانون محصور ہوتے ہین اور انھین پال کہتے ہین اسی وجہ سے نشبی لوگ بھیلون کو پالاری بھی کہتے ہین لیکن یہ لفظ بُرے معنون مین استعمال ہوتا ہے اگرچہ یہ پالاری اقوام جن مین بھیل اور مھیر اور مینا ہین ذات کے پابند نہین ہین لیکن ہندو انھین نجس نہین سمجھتے۔

بھیلون کا مذہب | بھیلون کا مذہب بھی اُسی قدر سادہ ہے جیسے اُن کی اور باتین۔ یہ درختون کی پرستش کرتے ہین اور ان کے نیچے پتھر کی چٹان بطور قدمچہ کے رکھکر اُس پر خون یا سرخ رنگ ڈالتے ہین جسے وہ زندگی کی علامت خیال کرتے ہین بھیل ہنومان کی بھی بڑی عظمت کرتے ہین اگرچہ یہ کسی قدر تعجب کی بات ہے کیون کہ ہنومان نے رام چی کا ساتھ دے کر ہند کے ملک کو اصلی باشندون کے ہات سے فتح کرایا تھا۔

مھیر اور مینا | مھیر اور مینا بھی جن ذکر اوپر ہوچکا راجپوتانہ کی نیم وحشی اقوام مین شامل ہین۔ یہ گویا دونون کڑیان ہین جو وحشی بھیلون کو متمدن جاٹ سے ملاتی ہین۔ یہ وسطی راجپوتانہ مین اراولی کے پہاڑون کے اندر محصور گانون مین رہتے اور زیادہ تر ڈاکہ کو پیشہ ہین راجپوت جاٹ اور ہر قسم کے خارج کئے ہوئے اشخاص ان مین آکر مل جاتے ہین۔ اس میل سے ان کی قوم کا درجہ بڑھ جاتا ہے اور اسی میل کی وجہ سے مینا بالکل جاٹون کے مماثل ہوتے جاتے ہین۔

ان وحشی اقوام مین تمدن کا پھیلنا | ان دونون نیم وحشی اقوام مین تمدن تیزی سے پھیل رہا ہے انھون نے زراعت شروع کی ہے اور ہندو مذہب کی طرف بھی مایل ہو رہے ہین اگرچہ کم خوشی کے ساتھ۔ بھیلون کی طرح ان مین بھی اس وقت تک درختون اور پتھر کی چٹان اور لوہے کی پرستش باقی ہے۔ مھیر اور مینا ایک قسم کی ہندی

(۲۱) راجپوت سپاہی





(۲۱) اودے پور کے ایک پنڈت

بولتے ہین۔ برخلاف اس کے بھیلون کی زبان گونڈون کی زبان سے ملتی جلتی ہے۔

فصل ششم۔ گجرات اور کاٹھیاواڑ کی اقوام

گجرات مین ایک مخلوط خلقت بستی ہے۔

گجرات راجپوتانہ کے جنوب مین واقع ہوا ہے اس کا ایک حصہ براعظم سے ملا ہوا اور نہایت سرسبز حاصل ہے اور اسی مین بڑودہ و سورت و احمد آباد کے بڑے بڑے اور مشہور شہر واقع ہوے ہین۔ دوسرا حصہ پہاڑی ہے جس کو جزیرہ نماے کاٹھیاواڑ کہتے ہین اور ان دو حصون کے بیچ مین خلیج کھمبات ہے اس ملک مین جس کے کنارون پر سمندر ہے اور جہان تمام دنیا کے لوگ تجارت کی غرض سے آتے ہین ایک بہت ہی مخلوط خلقت بستی ہے مرہٹے۔ راجپوت۔ ہندو۔ جین۔ جاٹ۔ شیعہ اور سنی مسلمان پارسی اور ڈراوڈی اصلی اقوام جو بھیلون سے مشابہ ہین اور لاری اقوام جو کولیون سے مشابہ ہین۔ یہ سب یہان موجود ہین۔

کاٹھیاواڑ کے جین

جزیرہ نماے کاٹھیاواڑ کے پہاڑون مین اس وقت تک نیم وحشی اقوام پناہ گزین ہین۔ لیکن سواحل پر اور شہرون مین جین مذہب کے ہندو بستے ہین۔ یہ وہ فرقہ ہے جو اپنے مندرون کو نہایت اہتمام کے ساتھ تعمیر کرتا ہے۔ یہ عمارتین سارے جزیرہ نما مین پھیلی ہوئی ہین اور ان مین اعلےٰ درجہ کی ہندو صنعت کا نمونہ نظر آتا ہے شترونجیا پہاڑ کی چوٹی پر جو جنوب و مشرق مین واقع ہوا ہے ان مندرون کا ایک شہر بسا ہوا ہے۔ یہان پرستش کی تو اجازت ہے لیکن ٹھیرنے کی اجازت نہین جس وقت انسان ان مندرون کے پرشان گنبدون اور باریک سنگ تراشیون سے لدے ہوے ستونون کے بیچ مین سے ہوتا ہوا پرستش ختم کر چکتا ہے تو پھر وہ پہاڑ سے اوتر کر پالیٹانہ کے شہر مین پہنچ جاتا ہے جو مین دامن کوہ مین واقع ہوا ہے۔

گجرات کے وشنو اور اُن کے مہاراج

گجرات مین زیادہ تر ایک فرقہ وشنوون کا ہے جن کا مذہب عجیب قسم کا

ہے یعنی یہ صرف پچیس قسم برہمن پوجاریون کی جو مہاراج کہلاتے ہین کو رات دن پرستش کرتے ہین ان پوجاریون کی زندگی اور ان کے پوجنے والون کی خوش اعتقادی کے متعلق ہم پھر مسٹر ملاباری ایڈیٹر انڈین اسپکٹیٹر بمبئی کی کتاب سے نقل کرتے ہین۔ وہ لکھتے ہین۔

"یہ پوجاری جسے مہاراج کہتے ہین وشنو اور کرشن کا جسمانی اوتار ہے اور کل خوش اعتقاد ویشنو نہ صرف اپنے جسم و روح اور عزت کو بھی جو اُن سے وابستہ ہین یہ مہاراج اپنے پوجنے والون سے حسب ذیل فیس وصول کرتے ہین۔ روز پرستش کرنے کے لئے پانچ روپیہ (۵ر) جسم چھونے کے لئے بیس روپیہ (۲۰) ان کے پیر دھونے کے لئے پینتیس روپیہ (۳۵) ان کے پلو میں بیٹھنے کے لئے ساٹھ روپیہ (۶۰) ان کے ساتھ ایک ہی چمڑے میں ٹھیرنے کے لئے پچاس سے پانسو روپیہ (۵۰۰) تک ان کے ہاتھ سے کوئی کھانے کے لئے تیرہ روپیہ (۱۳) ان کے نہائے ہوئے پانی یا میلے کپڑون کے دھون پینے کے لئے اُنیس روپیہ (۱۹) اور بالآخر ان کے ساتھ وصل کے لئے عورتین سو روپیہ (۱۰۰) سے دو سو (۲۰۰) تک نذر کرتی ہین"

اس آخر الذکر رسم کے متعلق مسٹر ملاباری نہایت تعجب ظاہر کرتے ہین اور لکھتے ہین کہ سمجھ مین نہین آتا کہ یہ عزت جن کو اپنی عورتون کی عزت کا اس درجہ خیال ہے اور جو عورتین فطرتاً ضعیف ہوتی ہین کیونکر اس بے عزتی پر راضی ہو جاتی ہین۔ اس مین شک نہین کہ یہ رسم نہایت عجیب ہے لیکن بخوبی سمجھ مین آتی ہے۔ اون تمام محرکات مین جو انسان کے قوائے عمل کو ہیجان مین لاتی ہین سب سے بڑی محرک چیز مذہب ہے۔ مذہبی اعتقاد انسان سے سب کچھ کراتا ہے اور انسان کو ہر ایک تکلیف کے سہنے پر آمادہ کر دیتا ہے۔ یہی مذہبی اعتقاد ہے جو شہیدون کو کشادہ پیشانی اور تبسم کے ساتھ جلتی ہوئی آگ مین گراتا ہے۔ یہی مذہبی اعتقاد ہے جس کی بنیاد پر فاتحین عالم نے بڑی بڑی سلطنتین قایم کر لی ہین۔

(۲۳) راجپوتانہ کے نیم وحشی

باب سوم - ممالک متوسط اور دکن کی اقوام

دکن اور ہندوستان کی تفریق

دکن کی اقوام پر عام تنقید -

ہم نے اقوام ہند کے بیان مین اُن جغرافی حدود کو قایم رکھا ہے جو باب اول مین مقرر کی گئین اور اس لئے ہندوستان کی اقوام کو بیان کرنے کے بعد ہم اب دکن کی طرف رجوع کرتے ہین - لیکن دکن کے لفظ کو ہم وسیع معنون مین استعمال کرین گے یعنی اس سے مراد کل وہ ملک لیا جاے گا جو نربدا اور سون کی ندیون سے لے کر کیپ کامرن تک واقع ہوا ہے - دکن مین ہم مرہٹون سے شروع کرین گے کیون کہ یہان یہی ایک قوم ہے جس کا تعلق ہند کی فاتح اقوام سے ہے - اس کے بعد ہم اقوام دراویڈ کا ذکر کرین گے جو خصایص مین اُن اقوام سے جن کا ذکر ہو چکا بالکل علیحدہ ہین اور آخر مین ہم اُن وحشی اقوام کا بیان کرین گے جو ممالک متوسط کے پہاڑون مین بستی ہین اور جن مین زیادہ تر کولاری اقوام ہین یہ اقوام ہند مین سب سے نیچے درجہ پر اور اس ملک کے قدیم ترین باشندون مین ہین -

فصل اوّل - مرہٹے

مرہٹے

مرہٹے کا لفظ سنسکرت مہاراشٹر سے نکلا ہے اور اس کے معنی حکومت عظیم کے ہین لیکن یہ نام اور وہ اقوام جو اس نام سے نامزد ہوئی ہے دونون اس قدر قدیم ہین کہ ان کا پتہ نہین لگتا - نہ تو ہم اس حکومت عظیم کی حدود سے واقف ہین اور نہ قوم کی اصلیت سے تاریخ مین مرہٹون کا نام پہلے پہل سترھوین صدی عیسوی مین آیا ہے لیکن اُس وقت مرہٹون نے بڑی قوت حاصل کی اور قریب تھا کہ یہ کل ہندوستان کو فتح کرلین اور یہان ایک دیسی حکومت قایم کرین - اس وقت ان کی مردم شماری تقریباً ایک کروڑ ہے

اور یہ دکن کے شمال و غرب مین مغربی گھاٹ اور کُل اُس پہاڑی خطہ مین جو گوداوری اور کرشنا کے اوپر والے حصہ مین واقع ہوا ہے بود و باش رکھتے ہین چون کہ نہایت قدیم زمانہ سے مرہٹون نے ہندون کا مذہب اختیار کیا تھا اِن مین بھی ذات موجود ہے لیکن اِن کی ذاتین اور ہندو کی ذاتون سے درجہ مین کم سمجھی جاتی ہین اور بحیثیت مجموعی یہ کہا جاسکتا ہے کہ مرہٹون کا درجہ شودر کا ہے اور اسی سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ قوم زمانہ قدیم کی منفوح اقوام مین سے ہے۔ صورت شکل مین یہ تورانی الاصل معلوم ہوتے ہین لیکن زیادہ میل کے سب سے ان کی خصایص مخلوط ہوگئی ہین۔ یہ میانہ قد ہین۔ جلد ان کی زرد اور سیاہی مائل ہے رخسارے کی ہڈیان کم اُبھری ہوئی ہین۔ آنکھین چھوٹی ناک نوک پر اونچی اور نتھنے پھولے ہوئے۔ اِن کی عورتون کا رنگ زیادہ صاف ہے اور ان کے سر کے بال لمبے اور سیاہ ہوتے ہین۔

مرہٹون کی دیہی مجالس اِن مین دیہی مجالس مین جو پٹیل کے تحت مین ہوتی ہین اور پٹیل کا تقرر انتخاب سے ہوتا ہے۔ یہ مجالس اپنی طرف سے ایک ایک شخص کو پنچایت کے لیے منتخب کرتی ہین۔ مرہٹون کو اپنی قدیم نظامات کے ساتھ اِس درجہ اُنس ہے کہ جب یہ ملک کے مالک ہوے اُس وقت بھی بادشاہ کو پٹیل ہی کہتے رہے اور اصلی حکومت پنچایتون کے ہات مین رہی۔

وسط ہند کی مرہٹہ ریاستین گھاٹ کے مرہٹون کے سوا وسط ہند مین بھی مرہٹہ ریاستین موجود ہین۔ اِن ریاستون کے بانندے تو مرہٹے نہین ہین لیکن ان کی حکومت مرہٹی خاندانون مین رہی ہے اور یہ قدیم مرہٹے فاتحین کی یادگارین ہین۔ اِن مرہٹی ریاستون مین جو کئی سو میل تک چلی گئی ہین اور جنا سے لے کر نربدا تک اور تاپتی تک راجپوتانہ اور بندیل کھنڈ اور گجرات مین واقع ہوئی ہین سب سے بڑی ریاست گوالیار ہے مہاراجہ گوالیار سندھیا کے مشہور خاندان مین ہین۔ ان کے اجداد نے سلطنت مغلیہ کے انحطاط کے وقت ایک بڑی حکومت قایم کرلی اور انگریزون کا مقابلہ کامیابی کے ساتھ کرتے رہے اور ایسے وقت مین جب کہ دیسی حکومتین ٹوٹ رہی تھین اپنے تاج و تخت کو قایم رکھا۔ خاندان سندھیا کی بنیاد بہت تھوڑے سے ہوئی ۱۷۲۷ء مین

(۲۴) حیدرآباد دکن کے عرب افسر

راناجی سندھیا پیشوا کے دربار میں کفش برداری کی خدمت رکھتا تھا لیکن اوسنے اپنی ہوشیاری اور قابلیت سے ترقی کی اور اُس کی اولاد میں مدھاجی اور دولت راؤ بہادر سپہ سالار ہوے جنہوں نے ہندوستان میں دیسی حکومت قایم کرنے کا ارادہ اور انگریزوں کے مقابلہ میں انکار کیا۔

سیواجی مرہٹوں کی قوت کا بانی جس نے سترھویں صدی عیسوی میں اس کاشت کار قوم کو جو اس وقت گم نام تھی صفحۂ تاریخ پر لاکر کھڑا کر دیا ایک کم درجہ کا سپاہی شیواجی تھا۔ اسی نے ایسے بہادر قوم کے دستے قایم کئے جنہوں نے گنگا کے دہانہ تک تمام ہندکو لوٹا اور حکومت مغلیہ کے پرخچے اڑا دئے اُنکی اولاد میں وہ زور نہیں رہا ہے اور صرف گوالیار اور اندور کی دو ریاستیں رہ گئی ہیں جن میں ان کی قدیم عظمت و شان باقی ہے

فصل دوم - اقوام ڈراویڈ کی عام خصایص

ڈراویڈی اقوام اُن کی عام خصایص ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قوم ڈراویڈ ملک ہند کے قدیم باشندوں اور اُن اقوام زرد رنگ کے میل سے بنی ہیں جو برمہ پتر کی طرف سے ہندوستان میں آئیں۔ پھر ان میں تورانیوں کا جو شمال و مغرب سے آئے میل ہو گیا۔ غرض اُس دُہرے میل کا نتیجہ اقوام ڈراویڈین ہیں۔ ڈراویڈوں کی دو تقسیمیں کیگئی ہیں۔ اولاً وہ جن میں اصلی باشندوں کا جز غالب ہے اِن کو پروٹو ڈراویڈ کہتے ہیں۔ ثانیاً وہ جو پروٹو ڈراویڈ اور تورانی اقوام کے میل سے بنی ہیں یہ خاص ڈراویڈین ہیں۔ عام طور پر کہا جا سکتا ہے کہ گوداوری کے جنوب کی کل اقوام ڈراویڈین ہیں۔ ان میں سے پروٹو ڈراویڈ نے جیسا اوپر بیان ہو چکا فاتح اقوام کی چڑھائیوں سے بھاگ کر پہاڑوں میں پناہ لی اور کم و بیش خالص رہیں۔

باوجود اس کے کہ ان ڈراویڈ اور پروٹو ڈراویڈ اقوام میں بے انتہا اختلافات ہیں تاہم بعض خصایص ان سب میں عام ہیں۔ مشکلہ کا رنگ۔ بالوں کی کمی اور اُس کی سیاہی اور چکنائی۔ ناک کی موٹائی اور خصنوں کا پھولا ہوتا

قد کی پستی سر اور کھوپڑی کی لمبائی۔ یہ تو جسمانی خصائص ہین۔ اور روحانی خصائص مین ان کی پست اعتقادی پوجا کی چیزون کو ماننا اور ذات پرستی ہے جو ان مین غالباً آریہ اقوام کے ہندوستان مین آنے کے قبل سے موجود ہے۔ رامائن مین جو ان اقوام کا بیان ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ جس وقت آریہ اقوام نے ان پر حملہ کیا تو ڈراویڈون مین ایک درجہ تک تمدن اور شائستگی موجود تھی۔ یہ ظروف کو کام مین لاتے تھے اور کشتیان کپڑا اور دھی کے برتن بنانا جانتے تھے اور ان مین لکھنے کا فن بھی تھا۔

ڈراویڈی زبانین ڈراویڈی زبانون کو سنسکرت سے کوئی تعلق نہین اور سنسکرت کو سمجھ کرنے سے پہلے یورپین علما ان زبانون سے واقف تھے۔ ان کی چار بڑی قسمین ہین اور ہر ایک زبان مین بہت سے علیحدہ لہجے اور لٹریچر موجود ہے۔ کنڑ ہی مغربی گھاٹ کے خطے اور کوکن اور ملابار کے بعض حصون مین بولی جاتی ہے مالیالم کل ساحل ملابار کی زبان ہے۔ تلنگی گوداوری اور کشنا کے دہانون مین بولی جاتی ہے اور تامل جس کو اروی بھی کہتے ہین ساحل کارومیانڈل اور کل جنوبی حصہ مین کیپ کامرن تک اور نیز سیلون کے بعض حصون مین رائج ہے۔

وحشی اقوام اصلی ڈراویڈی اقوام کے بیچ بیچ مین گوداوری سے کیپ کامرن تک جا بجا وحشی اقوام کے چھوٹے چھوٹے ہین۔ یہ اقوام عموماً پہاڑی اور دشوار گزار حصون مین رہتی ہین جہان انہون نے اقوام فاتح کے حملون سے بھاگ کر پناہ لی ہے۔ یہ زیادہ تر خالص النسل ہین اور ان مین زرد مایل بسرخ کم ہے۔ اگر ان وحشی اقوام سے قطع نظر کی جاے تو کہا جا سکتا ہے کہ گوداوری کے جنوب مین سارا دکن ڈراویڈی اقوام کا گھر ہے اور ان کی تعداد تقریباً پانچ کروڑ نفوس کی ہے۔

ڈراویڈی اقوام کا تمدن اگرچہ ہم ان ڈراویڈی اقوام کو ایک متحد اور متصل الاجزا قوم نہین کہہ سکتے لیکن ان کی تقسیم صرف زبانون کی بنا پر ہو سکتی ہے۔ یہ کل اقوام تمدن کے میدان مین آگے ہین اور انہون نے برہمنی مذہب اختیار کر لیا ہے اور ذات کے لحاظ سے کل کی کل اُس طبقہ مین شامل ہین جس کو شودر کہتے ہین۔

(۲۵) علاقہ مدراس کے تیر تھی ہندو

برخلاف اس کے اقوام وحشی جن مین اندرونی تقسیمین موجود مین ہندوؤنکی نظر مین بالکل ذات سے خارج مین اور ان کا نام پاریا رکھدیا ہے۔ تمدن کے لحاظ سے دراویڈون مین سب سے اعلیٰ درجہ تاملون کا ہے یہ دکن کے مشرقی اور ساحلی حصہ مین رہتے ہین اور اسی خطہ مین مدراس اور پانڈیچری کے شہر واقع ہوے ہین اردو کی زبان کی کتابین ہر روز مدراس مین طبع ہوتی ہین۔ اس زبان مین الفاظ کثرت سے ہین اور اس مین تصنیف کی اعلیٰ قابلیت ہے۔ اسی وجہ سے اردو اس طبقہ کی دوسری زبانون پر برابر اثر ڈال رہی ہے تقریباً ڈیڑھ کروڑ مخلوق اس زبان کو بولتی ہے اور اس مین بعض تصنیفات ایسی قدیم ہین جن کو ہزار سال سے زیادہ کا زمانہ گزرا ہے۔ اردون کی قوم نہایت مستعد کاروبار مین ہوشیار ترقی پذیر ہے اور جنوب ہند کی قسمت کا فیصلا انہین کے ہاتھون مین معلوم ہوتا ہے۔

تلنگے | تلنگے جو ساحل کارومیانڈل کے ایک حصہ مین رہتے ہین اور جنوب تک چلے گئے ہین تعداد مین اردون کے برابر ہین لیکن ان مین اس قدر مادہ اور تمدن کی صلاحیت نہین ہے۔

مالیالم بولنے والے | مالیالم بولنے والے ساحل ملابار کے باشندے ہین برخلاف اردون کے یہ اپنی قدیم رسوم کو قایم رکھنے کی طرف مائل ہین اور ان مین ترقی کا مادہ کم ہے۔

کنڑے | چوتھا طبقہ کنڑون کا ہے۔ یہ دکن کے وسط اور میسور اور ملک نظام کے مغربی حصہ مین رہتے ہین یہی کرناٹ یعنی زمین سیاہ کا قدیم ملک ہے اور یہین کنڑی زبان بولی جاتی ہے۔ یوروپیون نے غلطی سے اس نام کو ساحل مشرقی یعنی کارومیانڈل کی طرف منسوب کردیا ہے اور اس خطہ کا نام کرناٹک رکھدیا ہے۔ لیکن اصلی کرناٹک وسط دکن مین واقع ہوا ہے جہان آتش فشان سیاہ پتھرون کو مانسون کی موسلادھار بارش نے گھلاکر وہ سیاہ زمین پیدا کی ہے جس کو بیگڑ کہتے ہین اور جو روئی کی کاشت کے لئے مخصوص ہے۔

دکن کی وحشی اقوام | اقوام دراویڈ کی خصایص کا بیان کرنے کے بعد اب ہم اُن وحشی اقوام کی طرف متوجہ ہونگے

جن کی آبادیان جابجا ڈراویڈون کے بیچ بیچ مین بطور چرون کے واقع ہوئی ہین۔

فصل سوم - اقوام کوکن

کوکن کا بیان

کوکن سے مراد کل وہ خط ہے جو خلیج کھاج سے گوا کے جنوب تک واقع ہوا ہے اور جس کے بعد ملابار شروع ہوتا ہے کوکن کے دو حصے ہین شمالی اور جنوبی۔ باسانی سمجھ مین آسکتا ہے کہ اس خطے کے باشندے جو سمندر کی طرف کھلا ہوا ہے اور جس مین یورپ و ایشیا دافریقہ کے ہر قسم کے تجار سال ہاے دراز سے آرہے ہین کس درجہ مخلوط ہون گے فی الواقع ان مین کوئی قوم بھی ایسی نہین ہے جس کا بیان علیحدہ طور پر کیا جاے۔

گھاٹ کے دامنون کی وحشی اقوام

البتہ گھاٹ کے دامنون پر بعض وحشی اقوام رہتی ہین جن مین خاص یہ بات ہے کہ ان کے مردہ خشون پر بندر کی طرح چڑھ جاتے ہین اور اُن کے بیرون مین ویسی ہی پکڑ ہے جیسی بندرون مین ہوتی ہے۔ یہ ملک تاڑ اور کھجور کا ہے اور ان کے لئے یہ بندری خاصیت نہایت مفید ہے۔ تاڑ اور کھجور وہ درخت ہین جن سے پیٹ کا اذوقہ تن کا کپڑا اور رہنے کے لئے گھر ملتا ہے ان کا رس لکڑی پھل ان کا سن اور پتے سب انسان کے لئے بکار آمد ہین۔ انہین جنگل کے باشندون کی نسبت کہا جاتا ہے کہ جب ٹیپو سلطان نے انہین پکڑ بلانا چاہا اور ہر ایک کے آگے ایک ٹکڑا کپڑے کا رکھوا دیا تو تھوڑی دیر کے لئے یہ سخت گھبرائے۔ آخر کو ان کا سردار اُٹھا اور کہنے لگا اے بادشاہ تو خود اور تیری رعایا اپنے آباواجداد کی رسم بجالیا کرتے ہین۔ ہم بیچارون کو بھی اپنے آباواجداد کے طریقے پر قایم رہنے دے۔ ملابار کی نائر قوم مین عورتین صرف کمر کے نیچے کپڑا پہنتی ہین اور اوپر کا جسم بالکل ننگا رہتا ہے۔ انگریز جب اس قوم کی عورتون کو اپنے گھرون مین بطور مامایا دایہ کے رکھتے ہین تو یہ بھی وہی کرتے ہین جو ٹیپو سلطان نے کیا۔ یعنی ان کو کپڑے

پہنچنے پر مجبور کرتے ہین۔

فصل چہارم۔ سواحل ملابار کے باشندے نائر وغیرہ

ہندوستان مین مختلف مدارج تمدن کا ایک جا پایا جانا۔

ہندوستان کے مختلف اقوام مین اس وقت وہ مقامات اور مدارج تمدن موجود ہین جن کو تمدن اقوام مدت سے قطع کرکے اپنی موجودہ حالت پر پہنچے ہین۔ اسی وجہ سے ان کی اقوام پر نظر ڈالنے سے ہمین وہ کل مدارج ملتے ہین جو ہمارے آباؤ اجداد طے کر چکے ہین۔

نائر

ملابار کے نائرون مین بعض ایسی رسمین موجود ہین جو یورپ سے بالکل مفقود ہوگئین اور جن کا پتہ صرف ہماری کتابون مین رہ گیا ہے مثلاً ان مین خاندان کا دارومدار مان پر ہے جو یورپ مین بھی ابتدائی زمانہ تاریخی مین تھا۔

اُسیت

تاریخی تحقیقات نے جن کا ذکر ہم نے اپنی دوسری تصنیف مین کیا ہے اس امر کو ثابت کردیا ہے کہ جب انسان اپنی وحشی حالت سے نکل کر تمدن کے میدان مین آیا تو اُس ابتدائی حالت معاشرت مین کسی ایک قوم کی کل عورتین کل مردون کی ملک ہوا کرتی تھین اور بچے جو ان سے پیدا ہوتے وہ بھی کل قوم کی ملک تھے اس کے بعد اُمیت یعنی مادری خاندان کی بنا پڑی جس کی رو سے بچے ان کی ملک ٹھیرائے گئے اور مان کی جائداد کے وارث قرار دئے گئے۔ یہ اُس عام ملکیت کے مقابل مین ایک بہت بڑی ترقی تھی کیونکہ شخصی ملکیت عمومی ملکیت سے بہت زیادہ قوی ہوتی ہے۔

نائرون کی حکومت

ایک فرانسیسی فرانسوا پیرارستر ہوین صدی عیسوی کی ابتدا مین ملابار آیا تھا اُس نے جو کچھ بیان نائرون کا لکھا ہے وہ کم و بیش اس وقت تک اُن کی حالت سے مطابقت رکھتا ہے وہ لکھتا ہے کہ نائر ایک بہادر اور جنگ جو قوم ہے اور ان مین اُسی قسم کا مردانہ اخلاق ہے جیسا یورپ مین ازمنہ متوسط مین تھا۔ یہ بالکل نڈر اور غیرت مند قوم ہے انمین اپنی عزت کا بے انتہا خیال ہے اور ان مین عورتون کی بہت

اعلیٰ درجہ کی ہے۔ سولھوین صدی عیسوی مین نائرون کی ایک بڑی حکومت تھی اور یہ متمول قوم تھی۔ یہ ارکھا ہے کہ کیا لیکٹ کا زامورن ہندوستان کے بڑے حکمرانون مین ہے اور اُس کے پاس ڈیڑھ لاکھ نائرون کی فوج ہے۔

نائرون کے اوصاف | جسمانی لحاظ سے نائر ایک حسین قوم ہین۔ ان کا قد بلند۔ جسم سڈول ہاتھ پیر خوبصورت اور رنگ صاف ہے۔ نائر کے لفظ کے معنی مالک کے ہین اور یہ فی الواقع ساحل ملابار کے اُمرا اور حاکم قوم ہین۔ برہمنون نے صرف تھوڑے دنون ان پر حکومت کی اور انہون نے بہت جلد اپنے کو آزاد کرلیا۔ اس وقت برہمنون کی مذہبی حکومت بھی نائرون پر بہت کم ہے یہ ملابار کے برہمن آریہ نہین ہین اور نہ شمال کے آریہ برہمنون کے برابر سمجھے جاتے ہین۔ خود نائر جو اپنے کو کھتری کہتے ہین ہندون کے نزدیک شودر کا درجہ رکھتے ہین۔ اسکے ساتھ نائر بھی اپنی ہمسایہ اقوام کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہین۔ یہ ہمسایہ تیر کی قوم ہے جو اصل مین نائرون سے زیادہ خالص ہین اور ان کا رنگ بھی زیادہ صاف ہے۔ علاوہ ان کے موپلون (موپلا) کی قوم ہے جو عرب ملاحون کی اولاد اور مسلمان ہین۔ یہ نہایت بہادر ہین اور اکثر نائرون سے لڑتے رہتے ہین۔

خاندان | خاندان کی بنیاد کا اُمیت پر ہونا ایک ایسی رسم ہے جو اعلیٰ متمدن اقوام سے بالکل مفقود ہوگئی ہے اور اب بہت ہی کم اقوام مین باقی ہے۔ ہند مین یہ رسم صرف آسام کے کھاسیا مین جن کا ذکر ہوچکا اور ملابار کے نائرون مین پائی جاتی ہے۔ وحشی اقوام مین شادی کوئی چیز نہین بلکہ قوم کی کل عورتین کل مردون کی ملک ہین۔ اُمیت کی رسم اس سے ایک درجہ اوپر ہے اور اس مین ایک عورت کے کئی معدود شوہر ہوتے ہین اور خاندان کی مالک عورت ہوتی ہے۔

شادی | نائرون مین شادی کثرت البعول کے قسم کی ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شادی کی رسمین اُس وقت قرار دی گئین جب برہمن ان پر غالب ہوچکے تھے۔ شروع مین تو ایک عورت کا ایک ہی شوہر

ہوتا ہے لیکن شادی کی مدت محدود ہوتی ہے۔ شوہر اپنی بی بی کے گلے مین ایک ہار ڈالدیتا ہے اور جبتک عورت اُس ہار کو پہنے رہے شادی قائم رہتی ہے تھوڑے دنون کے بعد پہلا شوہر کچھ دے کر رخصت کر دیا جاتا ہے اور دوسرے اشخاص اس کی جگہ لیتے ہین۔ یعنی عورت تمام قوم کی ملک نہین ہوتی بلکہ صرف چند اشخاص کی۔ لیکن اِس شرط سے کہ وہ خود اُن کو انتخاب کرے اور اُن سے بچے لے اور اُن کی تعداد دس بارہ شخص سے زیادہ نہ ہو۔ نائر عورت جو اپنے بھائیون کے ہمراہ رہتی ہے پہلی شادی ہونے کے بعد ہی اپنے مختلف شوہرون کو یکے بعد دیگرے بُلا کر گھر مین رکھتی ہے اور جو شوہر برسرکار رہتا ہے وہ اپنا چھڑی طور علامت کے دروازہ پر گاڑ دیتا ہے۔ ایسی شادی سے جو بچے پیدا ہوتے ہین وہ اپنی ماں کے نام سے کہلاتے ہین کیونکہ باپ ان کا نامعلوم ہوتا ہے۔

خاندان کی حکومت نائرون مین خاندان کی حکومت پوری طرح عورت کے ہات مین ہے اور وہ اس کام مین اپنی بڑی بیٹی سے مدد لیتی ہے جو مرد ہمیشہ اُس کے ساتھ رہتے ہین اُس کے بھائی اور بیٹے ہین بچون کو جو اپنی ماں اور اس کے بھائیون مین پاتے ہین ماموں کے ساتھ ویسے ہی محبت ہو جاتی ہے جیسے دوسری اقوام مین اولاد کو باپ کے ساتھ ہوتی ہے۔ بھائی بہنون مین بھی ہمیشہ ساتھ رہنے کی وجہ سے بڑی محبت ہو جاتی ہے جو ہرگز زن و شو مین نہین ہو سکتی کیونکہ شوہر اپنی بی بی کے ساتھ کبھی زیادہ دنون نہین رہ سکتا۔ آسانی سے سمجھ مین آ لیگا کہ اس انتظام کی رو سے خاندان مین اوّل درجہ عورت کا ہے اور اس کے بعد اس کے بھائیون کا۔ شوہر کا درجہ نہایت کم ہے کیونکہ اُس کا تعلق عارضی اور چند روزہ ہوتا ہے۔ عورت ہمیشہ اُسی مرد کو انتخاب کرتی ہے جو مضبوط اور حسین ہو۔ اُس کو پورا حق اِس بات کا ہے کہ جس کو چاہے اپنا شوہر بنائے بشرطیکہ وہ شخص نیچی ذات کا نہ ہو کیونکہ ایسی صورت مین اُس کی عزت مین فرق آتا ہے۔ یہ ہنگامی شوہر زیادہ تر برہمن ہوتے ہین اِس لئے کہ ان کی ذات اعلیٰ ہے۔ یہ گھر گھر پھرتے ہین اور اپنی قیمتی نسل کو نذر کر کے قوم کا درجہ بلند کرتے ہین۔

مردون کی آزادی | نائرون مین مردون کو ویسی آزادی ہے جیسی عورتون کو۔ یعنی جس طرح عورتین کثرۃ البعول ہین ویسے ہی مرد کثیر الازدواج ہوتے ہین۔ البتہ جو اشخاص مفلس ہین وہ زیادہ بی بیان نہین رکھ سکتے بلکہ کئی بھائی یا کئی اشخاص مل کر ایک عورت کے شوہر بن جاتے ہین۔

کثرت البعول کی رسم | کثرت البعول کی رسم ہندوستان کے دوسرے خطون مین پائی جاتی ہے۔ اقصائے شمال کی طرف تبت مین اور اقصائے جنوب کی طرف مدورا مین یہ رسم موجود ہے۔ کثرت البعول کی رسم جو یہان اس قدر نفرت انگیز معلوم ہوتی ہے فی الواقع نہایت قدیم رسم ہے اور ہما بھارت مین پانچون پانڈو جو آپس مین بھائی ہین ایک ہی عورت سے جس کا نام دروپدی ہے اور جس کی آنکھین کنول کی سی ہین شادی کرتے ہین۔

ارث | جب کوئی نائر مرتا ہے تو اُس کی اولاد وارث نہین ہوتی بلکہ اُس کی بہن کی اولاد۔ مادری جائداد لڑکی اور اُس کی لڑکی کو پہنچتی ہے جیسا کہ پہلے ٹراونکور کے راج مین ہوا کرتا تھا۔ بھائی اپنی ماں کی نگرانی مین جائداد کا انتظام کر سکتے ہین لیکن قانوناً انہین اُس مین کوئی ملکیت کا حق نہین ہوتا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ اُمہتی خاندان نائرون کی طبائع اور حالت سے خاص مناسبت رکھتا ہے کیونکہ یہ اُس ملک مین زمانۂ قدیم سے جاری ہے۔ اگرچہ مسلمان اور عیسائی اس ساحل پر سال ہائے دراز سے بسے ہوئے ہین ان کا کوئی اثر اس رسم پر نہین پڑا ہے۔

فصل پنجم۔ نیلگری کی اقوام

نیلگری کی اقوام | نیلگری کے پہاڑون مین کئی قسم کی وحشی اقوام رہتی ہین۔ ان کی رسوم و عادات نہایت دلچسپ ہین اور ان سے ہمین قدیم زمانہ کا پتہ لگتا ہے جو اب بالکل مفقود ہو گیا ہے یہ اقوام تُوڈا۔ بڈگا۔ کوٹا۔ کورسیا اور ایرولا ہین۔ تُوڈے پہاڑ کی چوٹی پر رہتے ہین اور ان اقوام مین ان کا درجہ سب سے اونچا ہے۔ یہ صرف شبانی

زندگی بسر کرتے ہین اور ایک قسم کی کنڑی زبان بولتے ہین۔ کہا جاتا ہے کہ کنڑی الاصل ہین جو آٹھ سو سال قبل یہان آئے تھے۔ ان کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ نہین ہے۔ بڈگا سولھوین صدی کے قریب میسور سے آئے ہین ان مین اور نشیبی باشندون مین صرف اسی قدر فرق ہے کہ یہ متمدن ہین۔ نیلگری کی پہاڑی اقوام مین ان کی تعداد بہت زیادہ ہے اور تقریبا پچیس ہزار نفوس ہین ان کا شغل زراعت ہے اور یہ بھی کنڑی بولتے ہین۔ ان دونون اقوام کے علاوہ جن کی اصلیت سے ہم بخوبی واقف ہین۔ کوٹا اور کورمبا اور ایرولا کی اقوام ہین جن کی تعداد تین ہزار ہے یہ اصل باشندون کے باقیات مین ہین۔ وہ پتھر کے ستون اور کھمبے جو اس نواح مین ہر جگہ نظر آتے ہین انہین کے آباؤ اجداد کی طرف منسوب کئے جاتے ہین۔ ان کی زبان اُن ڈراویڈی زبانون سے مشابہ ہے جو نشیب مین بولی جاتی ہے اور نشیبی باشندون سے ان کا تعلق بھی ہے۔ کوٹے اس پہاڑی ملک کی حرفتی قوم ہے اور ایرولا جو پہاڑ کے دامن مین جنگلون کے اندر رہتے ہین۔ نوع انسانی کے پست ترین مثالون مین ہین۔ اب ہم ان اقوام کا علیحدہ علیحدہ بیان لکھین گے۔

ٹوڈے | ٹوڈے نیلگری کے باشندون مین سب سے اعلیٰ درجہ رکھتے ہین۔ یہ میانہ قد ہین ان کے بال سیاہ اور گھنے۔ ڈاڑھی بھی گھنی اور گھنگرالی۔ ان کے ہونٹ موٹے ہین۔ ناک سیدھی اور اکثر خم دار۔ ان کی چال نہایت شاندار ہے۔ ان کا اخلاق اور خوش مزاجی ان کا گہرا رنگ اور نیک چلنی ان کی صورت شکل اور کپڑے پہننے مین ان کا مذاق اور ان کی فطرتی تیزداری اس امر کو ثابت کرتی ہے کہ یہ وحشی نہین ہین یہ گویا اُس خیالی انسان کا نمونہ ہے جو فطرت کی گود سے نکلا ہے وہ انسان جس کا بیان روسو اور اُس کے ہم مذاق مصنفین اٹھارہوین صدی عیسوی مین کیا کرتے تھے۔ لفظ ٹوڈا کے معنی چرواہے کے ہین اور ٹوڈون کا شغل صرف مویشی کی نگہداشت ہے نیلگری کی نفیس گھاس سے عمدہ قسم کی مویشی پیدا ہوتی ہے اور ان کا دودھ اس خطہ کے باشندون کی غذا ہے۔ علاوہ اس کے ٹوڈے اپنی مویشی کی

پرستش کرتے ہین۔ اِن مین اور بدگون مین گائے ایک متبرک جانور ہے اور مویشی کا تھان اِن کی عبادت گاہ ہے۔ اِن کے ملّا کا نام پلال یعنی بڑا دودھ دوہنے والا ہے اِن کی سب سے بڑی دیبی ایک اعلیٰ نسل کی گائے ہے اور اِن مین بڑا پادری وہ شخص ہے جو گایون کی داشت اور سیوا مین مدطولے رکھتا ہے۔ یہ متبرک گائے ٹوڈون کی تمام مذہبی پرستش اور اِن کی زندگانی کے تمام اہم اُمور مین جزو اعظم سمجھی جاتی ہے۔ جب ٹوڈا پیدا ہوتا ہے تو بچہ فوراً مویشی کو سونپا جاتا ہے جب ٹوڈا مرتا ہے تو اُس کے کنبے کی گل گائین لاش کے آگے آگے ہوتی ہین اور ان مین دُو اس غرض سے قربانی کی جاتی ہین کہ وہ عالم ارواح مین مردے کے ساتھ رہین۔ سال مین ایک خاص دن معین ہے جب تمام قوم کے گناہ ایک بچھڑے پر لادے جاتے ہین۔ جس کو لیسا دا کہتے ہین اور پھر یہ بچھڑا ڈنڈون سے مار کر جنگل کے اندر بھگا دیا جاتا ہے۔ یہ رسم ہمودیون کی اُس رسم کو یاد دلاتی ہے جس مین گناہون کی گٹھری بکری کی پُشت پر رکھکر اس کو جنگل مین چھوڑ دیتے ہین۔

ارواح پرستی | علاوہ گائے کے ٹوڈے اور کل وحشی اقوام ارواح کو بھی پوجتی ہین۔ جب اِن مین سے کوئی شخص ہلاک کیا جاتا ہے تو اُن کا یہ خیال ہوتا ہے کہ مقتول کی روح انتقام کے لئے پلٹ آتی ہے اور آلۂ قتل کے گرد پھرتی ہے اور اِس وجہ سے یہ آلہ اُن کی نظرون مین متبرک ہوجاتا ہے اور اُسے یہ دوسری اشیائے پرستش یعنی تتھنی۔ لکھن کے برتن اور پنیر کے سانچے کے ساتھ رکھ دیتے ہین۔ اِن اقوام کو نیلگری مین ایک عجیب تعصب یہ ہے کہ یہ کو رسیون کو (جو جنگل کے رہنے والے اور زہریلی ہوا کے اِس درجہ عادی ہین کہ صاف ہوا مین آکر وہ مرجاتے ہین) اعلیٰ درجہ کا جادوگر سمجھتے ہین۔ اگر کسی ٹوڈا خاندان پر کوئی مصیبت آئے یا بدگون کی مویشی کسی بیماری سے مرنے لگے تو وہ فوراً ایک کورمبا کو بُلا لاتے ہین اور اُس سے التجا کرتے ہین کہ اپنی کی ہوئی بُرائی کا علاج کردے۔ کورمبا بھی اِس بات کو قبول کرلیتا ہے کیونکہ اِس سے اُس کا اعتبار بڑھتا ہے اور آکر اشارے کرتا اور گھومتا ہے اور بالآخر اپنے

(۲۶) نیلگری کا ٹوڈا

کو زمین پر ڈال کر چیخیں مارتا ہے یہ عمل مصیبت کو دور کرنے کے لئے کافی سمجھا جاتا ہے۔ ٹوڈے درختوں کی بھی پرستش کرتے ہیں۔

شادی | ٹوڈوں میں شادی بہت ہی سادہ طور پر ہوتی ہے لیکن وہ اُسی وقت جاتی ہے جبکہ زوجہ کو پہلے حمل کا ساتواں مہینہ لگ گیا ہو۔ اُس وقت میاں بی بی جنگل کے اندر چلے جاتے ہیں اور کسی درخت کے نیچے بیٹھ کر اپنے پیدا ہونے والے بچے کو اُس درخت کے سپرد کرتے ہیں جب بچہ پیدا ہوا تو باپ اُس درخت کے پتے توڑ لاتا ہے اور اُن کا ایک دونہ بنا کر اُس میں تھوڑا سا پانی ڈالتا ہے۔ پھر بچہ اور والدین اُس پانی سے اپنے لبوں کو تر کرتے ہیں اور اِس مذہبی رسم سے خاندان کی بنا پڑتی ہے۔ شادی سے پہلے بعض رسمیں کی جاتی ہیں مثلاً جس وقت کسی نوجوان نے اپنی ذات کی کوئی لڑکی پسند کر لی تو وہ لڑکی کے باپ کو اُس کی ایک قیمت دیتا ہے اور باپ داماد کے پیر کو اپنے سر پر رکھ لیتا ہے۔ اِس کے بعد لڑکی سنواری جاتی ہے اور باجے کے ساتھ دولہ کے گھر آتی ہے۔ اُس وقت وہ دولہ کے قدموں پر گرتی ہے اور دولہا اپنا پاؤں اِس کے سر پر رکھتا ہے اور اسی طرح ان باپ بھی بیٹی کے سر پر پیر رکھتے ہیں۔ بعد اِس کے دولہن سے پانی کا گھڑا اُٹھوایا جاتا ہے اور وہ اُس دن سے گویا اُس گھر کی باندی بن جاتی ہے۔ لیکن یہ شادی ناتمام ہے۔ اِس کی تکمیل اُسی وقت ہوتی ہے جب عورت کو ساتواں مہینہ لگے۔ اُس وقت دھوم دھام سے دعوت ہوتی ہے اور زوجہ ناچتی ہے اور ہر ایک کو اپنی بدلی ہوئی حالت دکھاتی ہے۔ اُس وقت دولہا اُس کے گلے میں ایک ہار ڈال دیتا ہے جو نائرون کے ہار کو یاد دلاتا ہے۔

کثرت البعل کی رسم | ٹوڈوں میں کثرت البعول اور کثرت الازواج کی رسمیں ساتھ ہی ساتھ موجود ہیں لیکن اِس طور پر کہ ایک خاندان کے سب بھائی دوسرے خاندان کی کُل بہنوں سے شادی کر لیتے ہیں اور ہر مرد کی کئی ازواج ہیں جو آپس میں بہنیں ہیں۔ جب کوئی نوجوان شادی کرتا ہے تو وہ نہ صرف اپنی بی بی

ہی سے خلدی کرتا ہے بلکہ اپنی بی بی کی کل بہنوں سے بھی - یہ جیوں جیوں بلوغ کو پہنچتی ہین اُس کی ملک ہوتی جاتی ہین اور وہ اُن مین سے ہر ایک کے لئے وہی قیمت دیتا ہے جو بڑی بہن کے لئے مقرر ہوئی تھی - اسی طرح سب اُس کے حقیقی بھائی اُس کی بہنوں مین شریک ہین اور مقررہ قیمت کے دینے مین اُس کی مدد کرتے ہین - باوجود اِن آسانیون کے اور باوجود اِس کے کہ طلاق بھی آسانی سے ہو جاتی ہے سُنا جاتا ہے کہ بدگون کی قوم مین رقابت کے باعث سے خود کُشیان بہت ہوتی ہین اگرچہ یہ بیان تصدیق کا محتاج ہے -

اولاد کی تقسیم | بچے اپنی عمرون کے لحاظ سے مختلف شوہرون مین تقسیم ہو جاتے ہین - بڑا بچہ تو اصلی شوہر کا ہوتا ہے اور اس کے بعد کا بچہ سب سے بڑے چچا کا اور علی ہذا القیاس - لیکن یہ رسم ٹوڈون مین سے مفقود ہوتی جاتی ہے اور اِن مین وہ اشخاص جو خوش حال ہین اور ایک بی بی کی پوری قیمت دے سکتے ہین وہ اپنی بی بی پر پورا قبضہ بلا شرکت غیرے رکھتے ہین اور کثرت البعول کی رسم کو نیچے کے طبقات کے لئے چھوڑ دیتے ہین -

ارث | باپ کے مرنے کے بعد جائداد اولاد مین مساوی حصون مین تقسیم ہو جاتی ہے لیکن سکونت کا مکان سب سے چھوٹے کے قبضہ مین رہتا ہے اور یہ کل عورتون کو اس مین رکھنا اور اُن کی نگہداشت کرتا ہے ٹوڈون مین بجز مسکونی مکان اور اساس البیت کے کوئی اور جائداد نہین ہوتی - زمین عام ملک ہے اور اس مین صرف مویشی کے لئے چارہ پیدا ہوتا ہے کیونکہ ٹوڈون مین زراعت مطلق نہین ہے - یہ شکاری بھی نہین ہین اور نہ اِن کے پاس زیادہ ہتھیار ہوتے ہین - یہ نہ کسی پر حملہ کرتے ہین اور نہ ان مین بیرونی حملہ کو روکنے کی طاقت ہے اِس وجہ سے یہ اپنی حفاظت صرف اسی قدر کرتے ہین کہ اپنے بھونپڑون کے دروازے نہایت نیچے بناتے ہین تاکہ کوئی آسانی سے اندر نہ آسکے ٹوڈی اور بڈگے تو گاؤن مین رہتے ہین اور ایودے جانورون کی طرح غارون یا درختون کے نیچے زندگی بسر کرتے ہین -

تسمانیے | نہ تو صورت شکل میں ٹوڈوں کا مقابلہ کر سکتے ہیں اور نہ خصائص میں۔ ان کے قد چھوٹے۔ رنگ زیادہ سیاہ۔ بال کم۔ ڈاڑھی منتشر۔ ناک دبی ہوئی اور ہونٹ نہایت کلفت ہوتے ہیں۔ یہ کائیے اور سخت دل اور بخیل ہیں اور انہیں افیون کی عادت نے اور بھی حیوان بنا دیا ہے۔ نیلگری کی پانچوں اقوام میں یہ سب سے تعداد میں زائد ہیں۔ یہ زراعت پیشہ تو ہیں لیکن موشی بھی پالتے ہیں۔ ان کے اعتقادات ٹوڈوں سے ملتے ہوئے ہیں۔ لیکن زیادہ تر ان کا مذہب برہمنی ہے یہ تنگ کی اور شیوجی کی پرستش کرتے ہیں۔ ان میں بھی شادی کی رسمیں اُسی قدر سادہ ہیں اور تعدد ازدواج کی وجہ سے ویسی ہی پیچیدگیاں واقع ہوتی ہیں جیسی ٹوڈوں کی طرح ان دونوں اقوام میں بھی خوشی کی رسوم کے ساتھ رنج ملا ہوا ہوتا ہے اور ناچتے ناچتے یہ رونے لگتے ہیں اور مردوں کے دفن کرنے میں ان کے ہاں خورونوش کی بے اعتدالیاں ہوتی ہیں اور خوشی جھلکتی ہے۔

کورمبے کوئے اور ایروے | نسل کے لحاظ سے یہ تینوں اقوام اوپر والی دونوں اقوام سے بالکل علیحدہ ہیں یہ اصلی اقوام ہند کی باقیات میں سے ہیں اور نہایت حقیر اور سیاہ فام ہیں۔ ان کی ڈاڑھیاں موٹی اور سخت بالوں کی۔ مردوں کے بال کسی قدر گھنگرو والے۔ ہونٹ موٹے۔ سینے بالکل سپاٹ۔ بازو لمبے اور ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں۔ یہ بیان زیادہ تر کوریموں اور ایروؤں پر صادق آتا ہے اور بعض سیاحین کی رائے ہے کہ یہ اقوام اسٹریلیا کے اصل باشندوں سے بہت مشابہ ہیں۔ کورمبے پہاڑ کے نشیب میں بڑے بڑے جھونپڑوں کے اندر رہتے ہیں۔ ٹوڈے اور بڈگے ان بیچاروں سے بہت ڈرتے ہیں اور بعض وقت ان کی عورتیں اگر دفعتہً کسی کورمبے کو دیکھ لیں تو مارے خوف کے غش کھا کر گر پڑتی ہیں۔ کورمبے اپنے ان دونوں ہمسایوں کی نظروں میں جادوگر ہیں اور اس وجہ سے انہیں ہمیشہ بقدر فائدہ کے زیادہ تر نقصان پہنچتا رہتا ہے کورمبوں کے اشغال مختلف ہیں۔ لیکن ان سے انہیں حاصل بہت کم ہوتا ہے کبھی تو یہ عمل اور جادوگری کرتے ہیں اور کبھی گاتے پھرتے ہیں اور بعض اوقات

نوکری بھی کر لیتے ہین - یہ تھوڑی بہت زراعت بھی کرتے ہین اور زمین کو ایک نوکدار لکڑی سے کھودتے ہین - کوئے کوریون سے کچھ زیادہ اچھی حالت مین نہین ہین - یہ بھی مختلف کام کرتے ہین اور زیادہ تر ان کا پیشہ مزدوری ہے - لیکن یہ کبھی پنپتے نہین - ان کے گھرون مین ہمیشہ فاقہ رہتا ہے اور صرف سال کے پہلے روز یہ پیٹ بھر کر کھاتے ہین - اُس روز ان کے پاس جس قدر اذوقہ ہوتا ہے اُس کو یہ ایک جگہ جمع کرتے اور چوبیس گھنٹہ کے اندر جتنا ممکن ہو کھا لیتے ہین - سب سے نیچے طبقے مین ایروے ہین - یہ نیلگری کے نشیبی جنگلون مین رہتے ہین اور بالکل سیاہ ہین - ان کی کمر مین خمیدگی ہوتی ہے اور ٹانگین چھوٹی ہین - یہ اُس توانائی کی قائل ہوا کے عادی ہو گئے ہین جس مین اور کوئی بشر نہین ٹھہر سکتا - جب کبھی یہ کسی خوش آب و ہوا مقام پر آتے ہین تو پھر یہ مرجھا کر مر جاتے ہین - ان کے ہمسائے جوان سے بہتر نہین ہین ان کی نسبت بُرے خیالات رکھتے ہین اُنھین اس بات کا یقین ہے کہ ایروے شیرون کے ساتھ مل جل کر رہتے ہین اور ان کی اولاد ورندون کے بچون کے ساتھ پرورش پاتی ہے ایروون مین ایک بڑا وصف ہے - یہ نہایت کھرے ہوتے ہین شاید ان مین اتنی عقل نہین ہوتی کہ جھوٹ بول سکین - لیکن فی الواقع ان بیچارے وحشیون کی صرف زبان اعلیٰ سے اعلیٰ برہمنون کی قسم سے بھی زیادہ قابل اعتبار ہے - ایروے ٹوکریان بناتے ہین اور جنگل کے پھل پھلاری اور جڑون پر زندگی بسر کرتے ہین -

فصل ششم - دکن کی مختلف اقوام

جنوب نیلگری کی اقوام

نیلگری کے جنوب مین انامالی کا پہاڑ ہے اور اس مین بھی وحشی اقوام رہتی ہین - لیکن ان کو ٹوڈون سے کوئی مناسبت نہین ہے یہ بطور خود ایک علیحدہ قوم ہین - انامالی کے باشندے کادر

(۲۹) گجراتی مسلمان

یعنی مالک کہلاتے ہین اور زراعت کرنے کو بے عزتی سمجھتے ہین - ان کا شغل شکار ہے اور زراعت اور تجارت کا کام مسلمان اور بنیا کی قوم کرتی ہے - پلیارا اپنے موٹے اور گھنے بالون کو کمر تک بڑھنے دیتے ہین جس کی وجہ سے وہ اور بھی زیادہ وحشی معلوم ہوتے ہین محققین کا خیال ہے کہ یہ ڈراوڑ ملایا کے بدھیون کی نسل سے ہین - جنوب ہند مین اور قسم کے پردھان ڈراوڑ اقوام بھی بستی ہین - جو صورت شکل رسم و عادات و اشغال مین اُن اقوام سے مشابہ ہین جن کا ذکر ہو چکا - یہ لکڑی کی مورتون اور ارواح کی پرستش کرتے ہین اب ہم ان کا بیان بطور اختصار کرین گے -

سنتال | سنتال چوٹا ناگپور سے کیپ کماری تک رہتے ہین تعداد ۱۰ لاکھ ہین اور ان سے ایک لاکھ کے قریب نصرانی ہو گئے ہین - بقیہ اپنی اموات کی پرستش کرتے ہین - ان کے گاؤن کے سامنے چھوٹے چھوٹے اہرام ہین جن پر وہ پیپل اور بڑ اور چیل ارواح کو چڑھاتے ہین - یہ صرف تار سے اپنی بسر اوقات کرتے ہین اور اس درخت سے کل ما تحتاج نکال لیتے ہین - ان کی زبان اردی ہے اور ان کے ہمسایہ الاد ابھی یہی زبان بولتے ہین -

کینکھ | انامل کے جنوب الی گیری کے پہاڑون مین کنکھ رہتے ہین - یہ اپنے چھوٹے چھوٹے جھونپڑے درختون کی شاخون پر بناتے ہین تاکہ درندون سے محفوظ رہین - ان مین جادو کسی کی خاص ملک - نہین بلکہ عام ملک ہے اس کے ساتھ بھی یہ کثرت البعول کی رسم سے ترقی کر کے وحدت البعول تک پہنچے ہین حالانکہ ہند مین کسی وحشی قوم نے اس قدر ترقی نہین کی -

نیادی | نیادی جن مین سے بعض کیالیکٹ کے آس پاس اور بعض پونی کاٹ کی جھیل کی اطراف مین بستے ہین جنوب ہند کے وحشیون مین سب سے اخیر درجہ مین ہین - تھوڑے دنون قبل تک وہ آگ دو لکڑیون کو رگڑ کر سلگایا کرتے تھے -

کولار | کولار جو کوئمبٹور اور نیلگری کے پہاڑی حصون مین رہتے ہین سخت وحشی ہین - تھوڑا ہی زمانہ گزرا ہے

کہ اُنھون نے اپنی ایک خونی رسم کو چھوڑا ہے۔ اِن مین رسم تھی کہ جب کوئی شخص کسی دوسرے سے بیر رکھتا تھا تو وہ اپنے چھوٹے بچے کو اُس کے دروازہ پر لیجا کر گیا چاہا جاتا تھا۔

فصل ہفتم۔ ممالک متوسط یعنی گونڈوانہ کی اقوام

گونڈوانہ کی اقوام جنوب ہند کی اقوام کا بیان ختم ہوگیا اور اب ہم اُس خطہ کی طرف توجہ کرین گے جو دکن کے شمالی اور وسط ہند مین واقع ہے اور جسے گونڈوانہ کہتے ہین۔ یہ وہ خطہ ہے جس کی اس وقت تک تفتیش نہین ہوئی ہے اور یہین قدیم اقوام ہند کا بقیہ جو اقوام فاتح کے داؤن سے بھاگ کر پہاڑون مین چھپ رہین ہمارے سامنے آتا ہے۔ گونڈوانہ ایک پہاڑی خطہ ہے جو ہندوستان اور دکن مین حد فاصل ہے یہان کی آب ہوا اور نباتات وحیوانات بھی درمیانی درجہ کے ہین اور یہ پہاڑ نا ممکن العبور ہین۔ یہی وہ پہاڑی دیوار ہے جس سے فاتح اقوام یکے بعد دیگرے آکر ٹکرائی ہین اور اگر وہ اس سے پار بھی ہوئین تو اس پر چڑھ کر نہین بلکہ اس کے گرد ہو کر۔ ان پہاڑون کی چوٹیون پر سے ہر سمت کو گنگا کی طرف۔ خلیج بنگالہ کی طرف اور بحر عمان کی طرف ندیان بہ کر نکلی ہین اور ان سب کا منبع یہی ہے پہاڑ ہے۔ لفظ نا ممکن العبور جو ہم نے ان پہاڑون کے لئے استعمال کیا ہے وہ البتہ بیس سال سے ان پر صادق نہین آتا۔ کیونکہ اس زمانہ قلیل مین علوم طبعی کی ترقیان معجزہ کا کام کر گئی ہین اور دشوار سے دشوار رستے کھل گئے ہین لیکن جس وقت ہم اقوام ہند پر نظر ڈالتے ہین تو اتنا قلیل زمانہ حساب مین نہین آسکتا اور یہین صرف اُن صدیون کو دیکھنا پڑتا ہے جب سے یہ اقوام یہان آکر بسی ہین اور یہان کی مرز بوم سے متاثر ہوئی ہین۔ اس مین شک نہین کہ حکومت انگریزی نے انسانی قربانی کی رسم کو ممنوع کر دیا ہے اس مین بھی شک نہین کہ میانچسٹر کی خاطر سے یہ اقوام پتون کی جگہ انگلستان کی کلون کا بنا ہوا کپڑا پہننے لگی ہین۔ اس مین شک نہین کہ بمبئی سے کلکتہ کو اور بمبئی سے ناگپور کو جو ریلین گئی ہین گونڈوانہ کے ناف مین

ہوکر گزرتی ہین - اِس مین بھی شک نہین کہ شاید پچاس سال کے اندر وہ رسم و عادات و اعتقادات جو ہزار سال سے بلا تغیر و تبدل کے چلے آتے ہین بالکل مفقود ہو جائین گے - لیکن اِس کے ساتھ ہی یہ ہم ضرور کہین گے کہ اس وقت تک تو وہ موجود ہین اور ہم اِس وقت بھی آبادی سے دور اور جنگلی حصون مین ان کا مطالعہ بخوبی کر سکتے ہین - البتہ نشیبی حصون مین جو اس قدر شوار گزار نہین ہین یہ اقوام ہندؤن سے ملتی جاتی ہین گو بنڈیل کھنڈ سے اِس خطہ کا نام پڑا ہے تعداد مین کئی لاکھ ہین لیکن اِن مین سے وہ اشخاص جو بالکل وحشی حالت مین ہین پندرہ لاکھ سے زیادہ نہین - یہ اقوام ہرنستیا اور اندرلونی ندیون کے منابع کے قریب اور نیز امرکنٹک مین اور نربدا کے اوپر والے حصہ مین بود و باش رکھتی ہین - یہان انہون نے بڑھتے ہوئے تمدن کی موجون سے بھاگ کر پناہ لی ہے - ان مقامات کے متعلق بھی اُسی قسم کے بیانات سُنے جاتے ہین جو ہندؤن کی کتابون مین سارے وسطی پہاڑون کی نسبت درج ہین اِن بیانات کے مطابق یہ ملک بڑے بڑے درختون کا ہے جن کے آس پاس بہت ہی گہری اور خطرناک تاریکی ہے اور ان مین سے قاتل بخارات نکلتے ہین - یہان کے باشندے بڑے بڑے جانور ہین جو قد و قامت مین دیوؤن کے سے ہین اور ان کے علاوہ نہایت ہی بدہیات اور مہیب بندر رہتے ہین جو انسان سے مشابہ ہین - غرض ہندؤن کے متخیلہ نے اِس خطہ کو جہان انہون نے اقوام وحشی کو رگید کر پہنچا دیا ایسا خطرناک سمجھا تھا کہ انہون نے اِس کے اندر قدم رکھنے کی جسارت نہین کی -

مرہٹون کا گونڈوانہ مین آنا اٹھارہوین صدی عیسوی مین سب سے پہلے مرہٹے گونڈوانے مین داخل ہوئے اور یہان اُنہون نے اپنی حکومت قایم کی اگرچہ یہ زیادہ دنون تک نہ ٹکے - ہمارے زمانہ مین حکومت انگریزی نے اُس کل خطہ کو کھول دیا ہے اور وحشیون کا اُن کے اخیر امن و ملجا تک پیچھا کیا ہے وہ وحشی اقوام جو بار بار کے دھاوؤن سے بھاگ کر گونڈوانے مین پناہ گزین ہوئی ہین تین ہین بھیل کول اور گونڈ

اسی آخر الذکر قوم نے جو تعداد مین بھی زیادہ ہین اور سب سے قدیم بھی ہین اس خطہ کو اپنا نام دیا ہے

بھیل بھیلون کا بیان ہم پہلے ہی کر چکے ہین - اِن مین سے بیس ہزار صرف یہان رہتے ہین ورنہ اس ڈاویڈی قوم کا اصلی وطن زیادہ تر شمال کی طرف اور مغرب کی طرف واقع ہوا ہے - کول جو ڈراویڈ نہین تقریباً چالیس ہزار اس خطہ مین ہین - لیکن یہ چھوٹا ناگپور اور اوڑیسہ و بنگال کی طرف پہنچ گئے ہین - اِن کی دو تقسیمین یعنی گرگو جو ادی صادیو مین رہتے ہین اور کھونڈ گونڈوانہ کی اقوام مین محسوب ہوتی ہین - کرون کا بیان آگے چل کر ہوگا لیکن اِس مقام پر ہم گونڈون سے بحث کرین گے جو کہ گونڈوانہ کے اصلی باشندے ہین اور ہند کی تمام اقوام وحشی مین تعداد کے لحاظ سے سب سے زیادہ ہین -

ذات اور شادی اگر گونڈون کو ہم ہند کے قدیم ترین اور اصلی اقوام مین نہ شامل کرین تو یہ کہنا درست ہوگا کہ یہ حبشی قسم کے قدیم پروٹوڈراویڈ ہین - نہایت بدصورت - پست قد اور نہایت سیاہ فام اِن کا درجہ عالم کی اقوام مین بہت ہی نیچا ہے - اِن کے ہاتھ پاؤن کے پٹھے البتہ مضبوط ہین اور اِس لحاظ سے یہ نیگری کی بعض کمزور وحشیون اور نشیب کے لاغر ہندؤن سے بہتر ہین - اِن کے چہرے چپٹے - ناک دبی ہوئی ہونٹ موٹے اور آنکھین چھوٹی مگر سیدھی ہین - اِن کے بال سیاہ اور چمکیلے ہین اور چہرے کے دونون طرف جٹون کی طرح پڑے ہوتے ہین اِن کے لباس مین صرف دو ٹکڑے کپڑے کے ہین ایک تو کمر کے گرد بندھا ہوتا ہے اور دوسرا سر کے گرد - عورتون کا لباس کسی قدر لمبا ہے - یہ ایک کپڑا کو کمر کے گرد باندھکر اُسے اوپر لپیٹ لیتی ہین اور نصف دھڑ اُس سے چھپ جاتا ہے لیکن اِن مین بعض اشخاص ایسے موجود ہین جو کمر کے گرد صرف پتے باندھ لیتے ہین صبح اور شام کی سرد ہوا کے لیے یہ مختصر لباس کافی نہین ہوتا اور گونڈ سردی سے بچنے کے لئے بڑے بڑے الاؤ آگ جلا کر تاپتے ہین لیکن اِس سے زیادہ لباس پہننے کو وہ عار سمجھتے ہین -

ہتھیار اور زیور گونڈون کے ہتھیار بالکل ہی سادہ ہین اور اِن مین بہت سے ایسے ہین جن کے پاس

کمان دیر بھی نہین۔ ان کے ہاتھ مین ہمیشہ ایک کلہاڑی رہتی ہے جس سے وہ شکار مارتے ہین۔ دشمن پر حملہ کرتے ہین جنگل کی جھاڑیون کو جو ان کے سد راہ ہون کاٹتے ہین اور شیر تک کو اُس کی گوٹی مین جاکر مارتے ہین۔ ہتیارون کا تو انہین شوق نہین لیکن اپنے جسم کو اور چہرے کو بھاری بھاری زیور اور گودنے سے آراستہ کرنے کا بڑا شوق ہے۔ علی الخصوص ان کی عورتین تو ہے کے کڑون پر جان دیتی ہین اور اپنے ہاتون بازون اور ٹانگون پر کثرت سے کپڑے پہنتی ہین۔ ان کے گال اور رانین مختلف قسم کے گودنون سے گدگدی ہوتی ہین اور یہ بہت بڑا حسن سمجھا جاتا ہے فی الواقع یہ عورتین صورت شکل مین مردون سے کسی قدر بہتر ہین اور بعض وقت توان مین نزاکت بھی پائی جاتی ہے۔

کاشتکاری | گونڈ کاشتکاری بھی کرتے ہین لیکن اشغال کی طرح اس فن مین بھی یہ بالکل کچے ہین جب وہ کسی مقام کو انتخاب کر لیتے ہین تو پہلے جنگل کو کاٹتے ہین کیونکہ اس خطے مین جنگل بہت ہی گنجان اور نہایت سرعت کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔ سال۔ مہوا اور برگد کے بڑے بڑے درختون کو وہ جلا دیتے ہین اس کے بعد بیج بوتے ہین۔ اکثر اوقات وہ بیج کو ایک برتن مین رکھ کر کھیت کے کنارے پر چھوڑ دیتے ہین اور ہوا اور بارش کے ذریعہ بیج تمام کھیت مین پھیل جاتا ہے فصل کی طیاری تک یہ کھیت کے گرد جنگلون کی جھونپڑیون مین بسیرے رہتے ہین۔ اس صاف کی ہوئی زمین سے وہ دو تین فصلین لے لیتے ہین اور جب اُس کی قوت گھٹ گئی تو پھر دوسری جگہ تجویز کر کے وہان اُٹھ آتے ہین اور پھر یہی کاروبار شروع کر دیتے ہین۔ چونکہ ان کے پاس زراعت کے اوزار نہین ہین اور نہ یہ زراعت سے واقف ہین اگر ان کا دارومدار صرف زراعت ہی پر ہوتا تو یہ سخت مصیبت مین گرفتار رہ جاتے لیکن ان کا مالک ان کے لئے بہت کچھ پیدا کر دیتا ہے۔ آم اور سال اور برگد اور جامن کے پھل ان کی غذا ہین اور قحط کے زمانے مین مہوے کے پھول ان کی جانون کو بچاتے ہین مہوے سے کو یہ نہ صرف غذا کی طرح کھاتے ہین بلکہ اُس سے ایک قسم کی شراب بھی بناتے ہین جو اُن کے مذہبی رسوم کے وقت استعمال کی جاتی ہے ان جنگلون

مین شکار بھی کثرت سے ہوتا ہے اور یہان کے ندی نالون مین مچھلی بھی افراط سے پیدا ہوتی ہے جو ان وحشیون کی غذا کے لئے کام آتی ہے۔

گونڈون کی خصلیں گونڈ بزدل تو نہیں ہین لیکن اس کے ساتھ ہی جنگجو بھی نہین ہین۔ ان مین بھیلون کی طرح مقابلہ اور انتقام کا مادہ نہین ہے لیکن بھیلون مین جو خطرناک رجحان چوری کی طرف ہے وہ ان مین بھی موجود ہے اور وہ گونڈ بھی جن مین کسی قدر تمدن آگیا ہے اور جو آبادی مین آکر بسے ہین ہرگز یہ خیال نہین کرتے کہ ہندو یا انگریز یا اور اقوام کا مال جو ان کے ہاتھ یہ ہین جب کبھی ہتھے چڑھے اُٹھا لے جانا کوئی عیب کی بات ہے۔ اس کے ساتھ ہی انہین جھوٹ سے سخت نفرت ہے اور اس خاصیت مین گونڈ اور گل وحشی اقوام ہندو ن سے جو جھوٹ کے عادی ہو گئے ہین بالکل علیحدہ ہین اپنے گھرون مین گونڈ مہمان نواز شائستہ ہین لیکن جس وقت اُن مین مذہبی جوش آتا ہے یا وہ شراب زیادہ پی جاتے ہین تو پھر وہ اُس جانور کی جو دیوتا پر چڑھایا جاتا ہے ٹانخون اور دانتون سے تکہ بوٹی کر ڈالتے ہین۔ اس وقت تو چڑھاوے مین انسان شامل نہین ہے۔ لیکن اس مین شک نہین کہ باوجود انگریزی پولیس کے شدید نگرانی کے گنجان جنگلون کے اندر جہان کی آب وہوا قاتل ہے اور جہان پولیس کا گزر مشکل سے ہوتا ہے انسانی قربانی اب بھی جاری ہے۔ البتہ جن مقامات پر یہ وحشی یورپیون کے قریب مین رہتے ہین وہان یہ خونخوار رسم اُٹھ گئی ہے۔ اس وقت گائے اور بکری کے بچے اور مرغیان اور بعض اوقات صرف کو کربان یا مٹی کی مورتیں یا پھل پھول دیوتاؤن پر چڑھائے جاتے ہین۔ ذبیح متبرک درختون کے نیچے پتھرون کے حلقہ مین بنایا جاتا ہے اور اُس پر سرخ رنگ پھیر دیا جاتا ہے جو اگلے زمانہ کے خون کا قایم مقام ہے۔

مذہبی اعتقادات اور پرستش گونڈ صرف بھوت پلید کو اس قسم کے چڑھاوے چڑھاتے ہین۔ بھوتون کا اعتقاد وحشی اقوام مین ہر جگہ پایا جاتا ہے یہ خیال کیا جاتا ہے کہ شام کے وقت بھوت پلید ضرر رسانی کی غرض سے گانون کے گرد پھرا کرتے ہین اور ضرور ہے کہ انہین ذبیح کے اوپر پانی پیاس بجھانے کے لئے اور

میوہ وغیرہ کھانے کے لئے اور خون یا سرخ رنگ اُن کی خواہش انتقامی کو پورا کرنے کے لئے مل جایا کرے یہ بھی ضرور ہے کہ جا بجا کھونٹیاں گڑی ہوئی ہوں تاکہ بھوت اُن پر سے گزریں۔ کیونکہ وہ کبھی پیر زمین پر نہیں ٹکاتے اور اگر انہیں کھونٹیاں نہ ملیں تو وہ غفا ہو جاتے ہیں۔ یہ بھوت پلید جن کی پرستش عموماً کل وحشی اقوام کرتی ہیں اصل میں خود اُن کے پرکھوں کی ارواح ہیں علی الخصوص اُن اشخاص کی جو کسی دردناک حادثہ میں مارے گئے ہیں۔ جب کوئی اس طرح مرتا ہے اگرچہ اس نے خودکشی کیوں نہ کی ہو تو خیال کیا جاتا ہے کہ اُس کی روح بھٹکتی ہوئی اُس مقام پر آتی ہے جہاں اُس نے جان دی ہے اور ضرر رسانی کا ارادہ کرتی ہے اس لحاظ سے اُس کی دلجوئی کرنا اور اُس کو چڑھاوا دینا لازمی سمجھا جاتا ہے۔ عورتوں کی ارواح کو راضی کرنا نہایت ہی مشکل خیال کیا جاتا ہے۔ گونڈوں میں جب کوئی باہر کا شخص مرجاتا ہے تو اُس کی روح کے ساتھ تین مذارات ہوتی ہے مثلاً جب کپتان پول جو گونڈوانہ سے گزر کر مدراس کو جا رہے تھے اور شدت سے زخمی ہونے کی وجہ سے یہاں مر گئے تو گونڈوں نے اس خوف سے کہ کہیں اُن کی روح آکر ستائے اُن کے لئے بھی ایک پرستش گاہ بنائی اور اُن کی پرستش کرنے لگے گونڈ مرد اپنے پرکھوں ہی کی ارواح کی پرستش نہیں کرتے بلکہ کل قوائے فطرتی اور ہر قسم کی دیوتا مانتے ہیں۔ اُن کا اعتقاد ہے کہ ہر ایک وبا کے لئے ایک خاص بھوت ہے اور اُس کے شر سے بچنے کے لئے چڑھاوا اور عبادت فرض ہے۔ مثلاً ہیضہ۔ ملیریا کا بخار۔ چیچک اور خشک سالی یہ سب دیوتا ہیں اور ان سے ان کی زندوت کی جاتی ہے۔ لیکن ان وسط ہند کی وحشی اقوام میں سب سے بڑا خدا جس کا درجہ وہ آسمان و زمین کے برابر سمجھتے ہیں مردم خوار شیر ہے۔ جہاں کسی شیر کو آدمی کے گوشت کا مزہ پڑ گیا اور اُس نے بستیاں اُجاڑنا شروع کیا تو پھر اُسی وقت اُس کے لئے بھی ایک پرستش گاہ قایم ہو جاتی ہے مردم خوار شیر میں جو بھوت ہیں وہ گویا ان اشخاص کی ارواح ہیں جن کو اس نے کھایا ہے اور جتنے زیادہ آدمیوں کو وہ کھاتا ہے اُسی قدر اُس کی قوت زیادہ سمجھی جاتی ہے۔ اس شیر کی پرستش کے وقت اُن لوگوں کے نام بھی

جن کو اُس نے کھایا ہے پکارے جاتے ہین اور ان سے التجا کی جاتی ہے کیونکہ شیر کی قوت انہین کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اکثر شیر سے ارواح کو دور کرنے کے لئے کوئی مشہور عامل بنگون کی قوم سے بُلایا جاتا ہے جس وقت یہ عامل اُن ارواح کو شیر سے دور کرتا ہے تو وہ اپنی صورت بہت ہی ہول ناک بناتا ہے اور اقسام کے اشارات کرنے کے بعد وہ خود اپنے کو شیر بنا لیتا ہے اور اُس بکری کے بچے کو جو چڑھاوے کے لئے بُلا گیا ہے اپنے دانتون سے چیر ڈالتا ہے اور اُس کی گرم گرم آنتون مین اپنے سر کو ڈال کر نکالتا اور خون بھرے ہوئے چہرے کو تماشائیون کے سامنے کرتا ہے جس کے دیکھنے سے وہ بہت خوش ہوجاتے ہین اور اُنہین دُھار بندھ جاتا ہے کہ بلا دور ہوگئی۔ دیاؤن اور بلیات کی پرستش دوسری وحشی اقوام مین بھی موجود ہے اور گونڈون مین خاص طور پر ہے۔ اس کے ساتھ ہی سانپ اور علی الخصوص ناگ کی پرستش بھی ہے۔ ناگ کو یہ بیچارے اس قدر مانتے ہین کہ انہین اُس کے زہر سے مرنا قبول ہے لیکن اس کو زندہ پہنچانا قبول نہین ہے۔ اسی ناگ کی پرستش کی وجہ سے ان دراوڈی اقوام کو آریون نے ناگ کا نام دیا تھا ہند کے ملک مین جہان مختلف مذاہب اور اعتقادات ایک دوسرے کے پہلو مین بلا جنگ وجدل موجود ہین بلکہ ایک نوتے کے اعتقادات دوسرے فرقون مین اخذ کر لئے جاتے ہین۔ ناگ کی پرستش فاتح اقوام مین بھی رائج ہوگئی ہے اور برہمنون نے بھی اسے اخذ کر لیا ہے۔ ناگ بڑے بڑے ہندو دیوتاؤن کا ساتھی سمجھا جاتا ہے اور ہندو مصوّرون مین یہ اکثر کنڈلا مارے ہوئے پھن پھیلائے اور ٹکٹکی لگائے ہوئے صورت مین وشنو کے پہلو مین بنایا جاتا ہے۔

گونڈون مین ذات گونڈ ذات کو نہین مانتے لیکن ان مین ایسی تقسیمات ہین جن کے اندر آپس مین شادی بیاہ نہین ہوتا۔ اس قسم کا تعلق سخت ممنوع ہے اس کی سزا قتل ہے۔ ان مین بھی لڑکی کو فرضی طور پر چُرا لاتے ہین۔ اکثر تو اس رسم کو ادا کرنے مین ایک مصنوعی جنگ ہوجاتی ہے جس مین لڑکی والے اُسے بچانے کی کوشش کرتے ہین اور بالآخر لڑکے والے غالب آکر لڑکی کو بڑی دھوم دھام سے کندھون پر اُٹھا لیجاتے

ہین۔ وسط ہند کی بعض وحشی اقوام مین شادی کے بعد بھی یہ رسم ادا کی جاتی ہے تین چار روز شادی کے بعد دُلہن بھاگ کر اپنے میکے مین آبیٹھتی ہے اور اُس وقت دولہ والے چڑہائی کر کے اُسے چھین لاتے ہین۔ گونڈ عموماً بلوغ سے پہلے لڑکی کو اپنے لڑکے کیلئے خرید لیتے ہین بسر بکہ بجائے کر ایک مضبوط لڑکی کو انتخاب کر لیتا ہے اور شادی تک اُس کے گھر مین کام کرتی ہے اور اکثر اوقات گھر کی بی بی کا درجہ رکھتی ہے یہ اُسی قسم کی رسم ہے جیسی روس کے موجیکون مین پائی جاتی ہے۔ باوجود اس رسم کے گونڈون مین ایک ہی بی بی ہوا کرتی ہے۔ چونکہ عورت ہمیشہ مرد سے سن مین زیادہ ہوتی ہے خانہ داری کے معاملات مین اُس کا دخل بھی زیادہ رہتا ہے۔

سیاسی انتظام | گونڈون کا سیاسی انتظام ہی سادہ ہے۔ ہر ایک خاندانی گروہ کا حاکم ایک رئیس ہوتا ہے جو بزرگان خاندان کی مجلس کا تابع ہے۔ قوم کے کل افراد حکومت مین حصہ لیتے ہین رئیس اکثر راجپوت خاندان سے ہوتا ہے۔ راجپوتون اور گونڈون مین جو برابر لڑائیان ہوتی رہین ان مین بعض راجپوت گونڈون مین آکر بس گئے اور ان کی نظرون مین اُن کا اعتبار ہو گیا۔

فصل ہشتم۔ امرکنٹک چھوٹے ناگپور اور اوڑیسہ کی اقوام کول وغیرہ

امرکنٹک | امرکنٹک کا پہاڑ ممالک متوسط کے شمال و مشرق مین واقع ہوا ہے۔ یہ اس پہاڑی خط مین سب سے بلند مقام ہے اور اس کی زیادہ تحقیقات بھی نہین ہوئی ہے۔ یہان کا جنگل نہایت گنجان اور دشوار گزار ہے اور اس مین درندے کثرت سے ہین نشیبی حصہ مین ملیریا کا بخار ہے جو کبھی یہان سے نہین ہٹتا۔ انسان بھی یہان زیادہ سے زیادہ وحشی حالت مین درندون کا مونس و جلیس ہے اور یہ دونون مل کر یہان کی قاتل آب و ہوا کو بھگتتے ہین۔ یہ وہ سد ہے جہان آکر فاتح اقوام رک گئین۔ اس کا اصلی حال بالکل معلوم نہین

اور یہان کے باشندون کے متعلق صرف قیاسات سے کام لینا پڑتا ہے۔ ہندؤن نے قوانین ہندؤن سے بتیر کیا ہے اور انواع واقسام کی بُرائی اُن کی طرف منسوب کی ہے۔ اِن جنگلون کی بابت عجیب قسم کے بیانات رائج ہین اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسی خطہ مین ہند کے اصل باشندے نہایت ذلیل حالت مین موجود ہین۔

چھوٹا ناگپور | چھوٹا ناگپور ممالک متوسط کی بلند سطحون اور گنگا کے دہانہ کے نشیبی حصہ کے درمیان واقع ہوا ہے اس کا ڈھال خلیج بنگالہ کی طرف ہے اور مہاندی اور برہمنی ندیون کا اوپر والا حصہ اِس خطہ مین ہے شمال و مشرق کی طرف اُترکر سون کی شاخین ملتی ہین جو اصل بنگال سے متعلق ہین کیا باشندون کے لحاظ سے اور کیا جغرافی حیثیت سے چھوٹے ناگپور کا خطہ ایک درمیانی حالت رکھتا ہے اگر اس کی بلندی سے اوتر کر ہم اودھ کی طرف نظر ڈالین جہان ایک اعلیٰ درجہ کی آریہ قوم بود و باش رکھتی ہے تو ایک سلسلہ مختلف درجہ کی اقوام کا بدہیات حبشی سے۔ لے کر جو لکوی کی مورت پُوجتا ہے معزز سے معزز اور مغرور سے مغرور برہمن تک ہماری آنکھون کے سامنے آجائے گا۔

چھوٹے ناگپور کی اقوام | چھوٹے ناگپور کی اقوام زیادہ تر قدیم باشندگان ہند سے ہین۔ لیکن اِن مین سے بہانبی قومین تو ابھی تک وحشی ہین اور جو نشیب مین آکر رہی ہین وہ بہ تدریج ہندو ہوگئی ہین۔ جو بیان ہم اب کرنے والے ہین وہ صرف اُن ہی وحشی اقوام سے متعلق ہوگا جو اِس خطہ کے دشوار گزار حصون مین تمدنی اثر سے دور بود و باش رکھتی ہین۔ اگر چھوٹے ناگپور مین بندھیاچل کا سلسلہ اور جزیرہ نمائے گجرات بھی شامل کردیا جاے تو ایک بڑا خطہ فلک کا ہوجاوے گا جو ایک سمندر سے دوسرے سمندر تک منتہی ہوتا ہے اس لمبی چیٹ کے اندر کولاری اقوام رہتی ہین۔ ہند کے باشندون مین تین تقسیمین ہین۔ اولاً تورانی ثانیاً ڈراویڈی اور تیسرے درجہ مین کولاری اقوام ہین یہ تقسیم زبانون کے لحاظ سے ہوئی ہے علی الخصوص ڈراویڈون اور کولاریون کی تقسیم کول بھیلون سے بہت مشابہ ہین اور چھوٹے ناگپور کے کولون مین تورانی اثر زیادہ ہے



(۳۰) چھوٹا ناگپور کے وحشی

برخلاف اِس کے گجرات کے کولون مین راجپوتون کا میل ہوگیا ہے۔ اِن کولون کے متعلق ہم پہلے لکھ چکے ہین۔ انھین برہمنون نے شودر کے طبقے مین شامل کیا ہے۔ یہ ہر قسم کا موٹا کام کرتے ہین اور کُلی کے نام سے مشہور ہین۔ یہ قلی تمام انگلستان کی نوآبادیون مین اور امریکہ مین پھیلے ہوئے ہین۔

چھوٹے ناگپور کے کول | چھوٹے ناگپور کے کولون کا درجہ شودرون سے بھی نیچے ہے یہ بالکل ذات سے خارج اور فی الواقع وحشی حالت مین ہین۔ ہم کہہ چکے ہین کہ ان مین تورانی اثر پایا جاتا ہے۔ اِن کے چہرے مثلث نما ہین ڈاڑھی ان مختصر آنکھین چھوٹی سیدھی۔ ہونٹ موٹے۔ رخسارے کی ہڈیان اونچی اور ناک چپٹی جلد کا رنگ زردی مائل سے لیکر سیاہ تک۔ قد چھوٹا لیکن جسم گٹھا ہوا اور مضبوط۔ یہ ایک خاص زبان بولتے ہین جس کا نام زبان کولارِی رکھا گیا ہے اور یہ ہندوستان کے کُل وحشیون کی زبانون سے بالکل علیحدہ ہے۔ علاوہ چھوٹے ناگپور کے یہ گنگا کے وادی مین پہونچ گئے ہین۔ جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے سنتال اور الیرجہار و بنگالہ کے درمیانی پہاڑون مین رہتے ہین کولون کے خاندان مین داخل ہین۔ ہم اوپر بیان کر چکے ہین کہ سنتالون کی زبان کل کولارِی بولیون کی ماں ہے جس طرح سنسکرت کل ہندو یورپین زبانون کی ماں ہے۔

کول کا قدیم نام | ہندوؤن کی کتابون مین کل اقوام کول کو عام نام ساوارا کا دیا گیا ہے۔ کہتے ہین کہ اس لفظ کے معنی کولہاڑی کے ہین اور سچ یہ ہے کہ گونڈون کی طرح کولون کا بھی اصلی مصنیا کولہاڑی ہے۔ گونڈوانہ یا چھوٹے ناگپور مین کوئی اصلی باشندہ ایسا نہین ملتا جس کے ہات مین کولہاڑی نہ ہو۔ یہ مصنیا جنگل مین راستہ بنانے کے لئے نہایت ضروری ہے اور اسی سے اکثر کول شیر کو بھی مار لیتے ہین۔

خالص کولارِی | چھوٹے ناگپور کے باشندون مین جو زیادہ تر مشرق کی طرف اور ترپہ سے قریب رہتے ہین خالص کولارِی ہین اور اِن کے علاوہ اقوام مین جس مین ڈراویڈی اور پروٹو ڈراویڈی اثر ملا ہوا ہے لیکن یہ تفریق زیادہ صاف نہین ہے۔ اِن اقوام مین مُنڈاؤن اور مُنڈسے زیادہ باوقعت ہین مُنڈون مین تو

تورانی میل زیادہ معلوم ہوتا ہے لیکن اُراؤن خالص حبشی الاصل ہین اور بمقابلہ انسان کے یہ زیادہ تر بندرون سے مشابہ ہین۔

کھونڈ | کھونڈون کی قوم بھی جو اُڑیسہ کی جانب اور برہمنی دھاندی کے نشیبی حصے مین رہتے ہین۔ انہین اقوام مین شامل ہین۔ اگرچہ ان مین اور گونڈون مین بہت سی باتین ملتی جلتی ہین۔ لیکن فی الواقع یہ دو علیحدہ قومین ہین۔ چونکہ ان کُل اقوام کی رسوم و عادات متعدد ہین اور ممالک متوسط کے باشندون سے بہت مشابہ ہین ہم ان کا ذکر محض بسبیل اختصار کرین گے۔

کھونڈون کے توہمات | مثل گونڈون کے ان کے مذہب مین بھی آفتاب و زمین اور قوائے فطرتی کی پرستش شامل ہے۔ اسی طرح ان مین مردون کی ارواح سے خوف اور درندون اور دیوتاؤن اور بیماریون کی پرستش بھی موجود ہے۔ ان کے اعتقاد مین طوفان۔ قحط۔ وبائین۔ خشک سالی۔ یہ سب ارواح کی غضب کی نشانیان ہین اور اس لیے ان ارواح کو عمل اور چڑھاؤن کے ذریعہ سے رام کرنا نہایت ضروری سمجھا جاتا ہے۔ پہلے زمانہ مین یہ خیال کیا جاتا تھا کہ انسان کا خون اور اُس کے آنسو بہت ہی بڑا ذریعہ خشکی کے دور کرنے اور زمین کو شاداب بنانے کا ہین۔ لیکن آجکل یہ اعتقاد باقی نہین رہا ہے اور حیوانات بھی بہت کم چڑھائے جاتے ہین۔ ان کی جگہ مٹی کی مورتین اور پھل پھول رکھے جاتے ہین اور خون کی جگہ پتھرون پر سرخ رنگ کر دیا جاتا ہے اور ان پر چھوٹے چھوٹے اہرام بنا دئے جاتے ہین یا زمین کھونٹیان گاڑدی جاتی ہین۔

انسانی قربانی | جس وقت حکومت انگریزی نے ترغیب و تحویف دونون کے ذریعہ سے کونون کو انسانی قربانی سے باز رکھا تو انہون نے اس امتناع کو بخوشی قبول کر لیا مگر اس شرط پر کہ دیوتاؤن کی ناراضی اور اُن کے غضب کو خود حکومت اپنے سر پر لے لیوے۔ یہ قربانی کی رسم نہایت ہی نفرت انگیز ہوا کرتی تھی جس وقت قربانی کرنے والا جانور یا انسان کو دانت لگا چکتا تھا تو پھر ساری جماعت اُس کی تکہ بوٹی کر ڈالتی تھی۔ کیونکہ بھرے ہوئے گوشت کا ایک ٹکڑا بھی تعویذ کا اثر رکھتا تھا اور جو کوئی اسے لاکر اپنے مقام پر رکھتا اُس پر اُن کے خیال

مین گویا آسمان کی نعمتین نازل ہوتی تھین - اِس چڑھاوے کے بقیہ کو بھی گرم گرم اور خون آلود دفن کرنا لازمی تھا یہی طریقہ تھا زمین کی دیبی کو خوش کرنے اور اُس کے غضب کو دور کرنے کا کول غیر ملک کے بچے اور یتیمون کو پہلے سے لاکر قربانی کے لئے جمع کرتے تھے اور یہ سب پالتے تھے - انہین لانے کے لئے خاص لوگ مقرر تھے - جن کو معتدبہ قیمت دیجاتی تھی جب انہین بچے نہ ملتے تو یہ غریب والدین کے بچے خرید کرلاتے اور اُنہین اپنی قوم مین بڑی قیمتون پر بیچتے - اِس ذریعہ سے وہ بہت کچھ مال و دولت پیدا کرتے کیونکہ خریدار کبھی قیمت نہین چکاتے اور اُن کے اعتقاد مین چڑھاوا جس قدر گران ہوتا اُسی قدر زمین یا آفتاب جو کہ ہر قسم کے طوفانون کے اسباب ہین خوش ہوتے اور اُنہین ان آفات سے محفوظ رکھتے -

کولونکا جو عنی انتظام | کولون مین ہر ایک قبیلہ ایک سردار کے تحت مین ہوتا ہے جو خود قومی مجلس کے زیر حکومت ہے - اِن مجلسون مین اکثر نہ صرف ایک گاؤن کے افراد بلکہ دور دور سے لوگ آکر شریک ہوتے ہین - کولاری اپنے کو ایک متحد قوم سمجھتے ہین اور اُنہین یاد ہے کہ وہ کسی زمانہ مین اِس ملک کے مالک تھے اور ایک باقاعدہ حکومت رکھتے تھے - اِس کی تصدیق انہین نہ صرف اپنی قومی حکایات مین بلکہ اجنبیون کے بیانات سے بھی ہوتی ہے - اِن مین ایک قبیلہ کا نام بھوسیا یعنی زمینی ہے جس سے مراد قدیم باشندے ہین - انہین اِس امر کا احساس ہے کہ اِن کی نسل بہت دور تک پہنچتی ہے - کولون مین مقابلہ کی توقت نہین ہے لیکن یہ بلا تامل چھپ کر دوسرون کا مال لے لیتے ہین - یہ زبردست چور ہین اور چوری کو بڑا ہنر سمجھتے ہین - اِن کا قول یہ ہے کہ ہم صرف اُس مال کو لے رہے ہین جو کسی زمانہ مین ہماری ملک تھا اور ہم سے چھین لیا گیا تھا - ایک عجیب بات یہ ہے کہ یہ چور قوم جب انہین ضرورت پڑتی ہے تو حکومت انگریزی کی پولیس مین آکر نوکری کرلیتے ہین اور اُن سے زیادہ سخت اور ہوشیار چوکیدار مل نہین سکتا - بعض اوقات یہ اپنی دونون خاصیتون کو ملا دیتے ہین - دن کو تو گاؤن اور ملیشی کی حفاظت کرتے ہین اور

رات کو اُنہیں لوٹتے ہیں یہ دونوں کام وہ ایک ہی سرگرمی اور ہوشیاری کے ساتھ انجام دیتے ہیں۔
یہ اس وجہ کہ وہ اپنے جرم کو قبول لیتے ہیں اور شہادت کے متعلق ضرورت نہیں پڑتی۔

کونون کے خصائص | کونل نہایت ہی مہمان نواز ہیں۔ یہاں تک کہ اگر مہمان پر کوئی آفت آجائے تو اُس کے لئے جان دینے پر بھی راضی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی وہ سخت آزاد بھی ہیں۔ جب سے حکومت انگریزی نے انہیں ٹکس دینے پر مجبور کیا ہے۔ ٹیکس کی رقم کو بالالتزام سرحد پر لاکر پہنچا دیتے ہیں اور کسی اہلکار کو اپنی حدود کے اندر قدم نہیں رکھنے دیتے۔ کولاری اقوام سخت جنگ جو ہیں۔ یہ صرف اس وجہ سے لڑتی ہیں کہ انہیں لڑائی بھلی معلوم ہوتی ہے۔ علاوہ اس کے اِن کے خیال میں دیوتا بھی اسے پسند کرتے ہیں۔ پہلے فال کھولی جاتی ہے اور اُس سے معلوم کیا جاتا ہے کہ آسمان جنگ چاہتا ہے اور خون مانگتا ہے۔ فوراً ہمسایہ کی قوم کے پاس پیغام اور وہ لڑائی کے لئے طلب کئے جاتے ہیں۔ لڑائی متون جاری رہتی ہے اور جب تک اُس کے خلاف میں کوئی فال نہ نکلے۔ ختم نہیں ہوتی۔ لیکن اس جنگ کے زمانہ میں دونوں فریقوں میں کسی قسم کی عداوت یا خصومت نہیں ہوتی اور اکثر جنگ کے بعد دونوں فریق سپاہی ایک ہی خیمہ کے اندر اور ایک ہی دسترخوان پر کھانا کھاتے ہیں عورتیں بھی جنگ میں شریک ہوتی ہیں اور لڑنے والوں کو بڑھاوے دیتی ہیں۔ زخمیوں کی تیمارداری اور مقتولوں پر رونا بھی انہیں کے حصہ میں ہوتا ہے۔ جیسا کہ روم کے سابینوں کا حال تھا۔ اِن کے یہی بھائی اور باپ تو ایک صف میں ہوتے ہیں اور شوہر مقابل کی صف میں کیونکہ کونل میں شادی بالکل خاندان کے باہر ہوتی ہے۔

کونل میں شادی | اِن میں جو جس لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے اُسے خریدتا ہے یا اقلاً اُس کے والدین اُسے خریدتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ لڑکا مدت دراز تک والدین کی حکومت میں رہتا ہے۔ اُس میں اتنی مقدرت نہیں ہوتی کہ بعوض خود صیغہ گھر بنائے اور مجبوری وہ والدین کا تابع فرمان رہتا ہے۔ عورتیں بھی اپنے شوہروں کو طلاق دے سکتی ہیں اور بعض اوقات ایک عورت کے چار چار، پانچ پانچ شوہر یکے بعد

دیگرے ہوتے ہین - اِن مین سے ایک کو لازم ہے کہ اپنے ماقبل کے شوہر کا روپیہ ادا کردے - لیکن اس قرض کی ادائی سے وہ ہمیشہ پہلوتہی کرتے ہین پس گویا اِن مین بھی درپردہ ایک قسم کی کثرت البعول ہے - جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ عورتون کی قیمت بہت بڑھ جاتی ہے - اِن مین بچہ کشی بھی کثرت سے ہے - کوئی ایک یا دو لڑکیون سے زیادہ نہین رہنے دیتا اور باقی کو وہ ایک مٹی کے ظرف مین رکھکر زندہ دفن کردیتے ہین - اِس وجہ سے بھی جو عورتین رہ جاتی ہین - اُن کی قیمت زیادہ ہوجاتی ہے - چھوٹے ناگپور کے باشندون کو باایں احتیاج زندگانی بمشکل ملتی ہین - زمین یہان کم حاصل ہے اور زراعت بھی عمدہ اصول پر نہین ہوتی - اُڑیسہ مین اِس سے بھی بدتر حالت ہے - کم پیداوار کے بعد ہی کبھی کبھی سیلاب آجاتا ہے اور اُس پر سے وبا شروع ہوجاتی ہے - خشک سال یہان گویا ہمیشہ رہتی ہے اور ہزارہا جانین قحط مین تلف ہوجاتی ہین - ایسے بدبخت ملک مین انسان کھانے پینے کی چیزون مین تفریق نہین کرسکتا اور کولاری ہر قسم کا گوشت کھاتے ہین جس کی وجہ سے برہمن اُنہین حقارت کی نظر سے دیکھتے ہین -

اُڑیسہ کی قدیم سرسبزی لیکن اُڑیسہ کا ساحل ہمیشہ ایسا نہ تھا - شالمین اور ہارون الرشید کے وقت مین یہ ملک ایک بڑی حکومت کا مرکز تھا - اِس کی تصدیق ہندوؤن کے قصص و حکایات سے ہوتی ہین - لیکن زیادہ تر اُن عظیم الشان مندرون سے جن کے اب کھنڈر باقی رہ گئے ہین - اِن مین سے ایک مندر بھونیشور کا ہے - یہ ظاہر ہے کہ ایسی عمارت کے بنانے والے ہرگز وہ وحشی کھونڈ جو اِس وقت اُڑیسہ کے باشندے ہین نہین ہو سکتے - اِس ساحل پر شہر اِس قدر نہین ہین جتنے سندر بن اور ریگستان برہمنون اور وحشیون دونون کی نظرون مین متبرک خیال کی جاتی ہین اُڑیسہ کا ساحل جو آرائی ہند اور ڈراوڈی ہند کے درمیان مین واقع ہوا ہے مختلف اقوام اور مختلف مذاہب کے میل جول کا میدان رہا ہے اور اِس وجہ سے یہ ہر قسم کی اقوام کے لیے خاص طور پر ارض مقدس بن گیا ہے ہر قوم کے اور ہر خطے کے اشخاص یہان زیارت کے لیے آتے ہین - یہان وحشی اقوام کے لیے جنھون نے سوائے لکڑی کی مورت کے کسی چیز کی

پرستش نہین کی - برہمنون کی جنت کا دروازہ کھل جاتا ہے اور وہ کالی یا دشمنو یا شیو کو پوجنے لگتے ہین -
ان وحشیون کے علاوہ یہان اقوام متمدن کے بھی افراد کثرت سے آتے ہین اور بعض دن ایسے رکھے گئے
ہین جن مین برہمن اور پاریہ - آریہ اور ڈراویڈی وحشی اور متمدن سب کے سب ایک دوسرے سے کندھے ملاتے
اور ایک دوسرے کے مساوی سمجھے جاتے ہین - کہنا چاہیے کہ اسی مقام پر دو قومون کا رے مل جاتے ہین
اور اس براعظم کی مختلف اور برقلمون اقوام مین اتحاد ہوجاتا ہے -

اوریہ | اب ہم تھوڑا سا بیان اوریون کا کرین گے جو اڑیسہ کے ساحل اور گنگا کے دوآبے کے بیچ مین
رہتے ہین - یہ ایک درمیانی قوم ہین نیم وحشی اور ان کی زبان بھی علیحدہ ہے - ان مین کوئی خاص بات نہین
ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ بہت سی اقوام کے میل سے بنے ہین -

اقوام ہند پر ایک نظر | ہم اسید کرتے ہین کہ اس مختصر اور ناتمام بیان سے جو ہم نے مختلف اقوام ہند کا کیا
ہے اس کتاب کے پڑھنے والون پر ثابت ہوجاوے گا کہ ان کی تعداد کس قدر ہے اور اعلیٰ ترین اور
اسفل ترین طبقات مین کتنا بڑا فرق ہے - خصایص جسمانی و روحانی اور رسوم و عادات و مذاہب کے
اختلاف کو دکھانے کے بعد اور اس امر کو ثابت کرنے کے بعد کہ اس مختلف الاصل مخلوق مین ترقی انسانی
کے کل اعلیٰ و ادنیٰ مدارج موجود ہین - ہم اس امر کے دکھانے کی کوشش کرین گے کہ ان عظیم اختلافات
کے ساتھ بھی اتحاد کس درجہ تک ہے - ہم دکھائین گے کہ ان مختلف اقوام مین مشترک خصایص کون سی ہین
اور کہان تک یہ ممکن ہے کہ ان کے باہمی امتزاج سے تبدیج اور ایک زمانہ دراز مین یہ سب مل کر ایک
قوم بن جاوین - اُن خصایص کے جو ان اقوام کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرتی ہین - مطالعہ کرنے کے بعد
اب ہم ایسی خصایص کو دکھائین گے جو انہین ایک دوسرے کی طرف کھینچتے ہین - خصایص کی تفریق تو
ہم کر چکے اب ان کی تقسیم کی طرف رجوع کرین گے -

(۳۲) اجنٹہ کے زیرِ زمین مندروں کا عام منظر



باب چہارم

خصایص اخلاقی و دماغی جو مختلف اقوام ہند مین مشترک ہین

فصل اوّل - مزیوم اور اسباب زندگانی کا اثر جن سے مختلف اقوام ہند مین مشترک خصائص پیدا ہوگئے ہین

اقوام ہند بلحاظ جسمانی خصایص | ابواب سابق مین ہم نے دکھایا ہے کہ اقوام ہند آپس مین کس قدر مختلف ہین کہنا چاہیے کہ یہ براعظم ایک بہت بڑا فرش بچے کاری کا ہے جسمین انواع و اقسام کی خلقت مختلف الوان تصویر کی طرح جمائی ہوئی ہے اور ان مین وحشی سے وحشی اور متمدن سے متمدن اشخاص اور اُن کے درمیان کے کُل مدارج موجود ہین - ہم دیکھ چکے ہین کہ ان اقوام کی جسمانی خصایص مین بھی کس درجہ فرق ہے - لفظ ہندی کے تحت مین کُل مختلف رنگون کے اقوام حبشیون سے لیکر سفید رنگ تک شامل ہین اور صورت شکل کے لحاظ سے بھی اعلیٰ درجہ کا حسن اور اعلیٰ درجہ کی بدصورتی یہان موجود ہے -

بہ لحاظ اخلاق و دماغی خصائص | ان اقوام کے اخلاقی و دماغی خصائص مین بھی اُتنا ہی فرق ہے جتنا اُن کے خصائص جسمانی مین - بہادر راجپوت اور بزدل بنگالی کے درمیان مین ایک غار عظیم ہے جس قدر آج کل کے پہاڑی باشندے سچے دوستدار ہین - اسی طرح نشیب کے ہندو جھوٹے اور دغاباز -

خصائص مشترک | ان بیانات سے بظاہر ایسا معلوم ہوگا کہ ان اقوام مین جو آپس مین اس قدر مختلف ہین کوئی چیز مشترک نہین ہوسکتی - لیکن یہ خیال غلط ہے اور ہم اس باب مین دکھائین گے کہ اتحاد مزیوم نے بعض

ایسی خصایص پیدا کردی ہین جو ان کل اقوام مین مشترک ہین - یہی مشترک خصایص ہین جو انہین ایک نوع مین شامل کردیتی ہین - جس طرح علم حیوانات مین ایسی مختلف صورت کے جانور جیسے کہ ہاتھی - اور وہیل مچھلی اور چوہے ہین ایک ہی جنس یعنی ذات الثدی مین شامل کیے جاتے ہین -

لفظ ہندی کے معنون کا تعین

پس اب ہم خصایص اخلاقی کو چھوڑکر اُن خصایص پر نظر ڈالین گے جو مختلف اقوام ہند مین مشترک ہین - یہین معلوم ہوگا کہ ان مشترک خصایص کے ذریعہ سے لفظ ہندی کے معنی محقق اور معین ہوجاتے ہین - ہمین یہ خیال کرنا چاہیے کہ اس لفظ کے معنی اُسی قدر محدود ہین جیسے لفظ فرانسیسی یا انگریزی یا المانی کے کیونکہ ہندوستان کے مختلف اجزا رقومی مین پوری آمیزش نہین ہوئی ہے - اس مطلب کو صاف کرنے کے لئے ہم مثلاً یہ کہین گے کہ سلاطین گورمونین کے عہد حکومت مین فرانس کیا تھا اور لفظ فرانسیسی سے اُس وقت کیا مراد تھی اور اب جبکہ اقوام غوط و فرانک اور رومی جو اُس وقت علیحدہ علیحدہ تھین - آپس مین بالکل مخلوط ہوگئے ہین تو اس لفظ کا مفہوم کیا ہے -

مختلف اقوام ہند قرین خصوص مین تقسیم کی جاسکتی ہین -

خصائص مشترک اور ان کے اسباب کو بیان کرنے سے پہلے ہم یہ دکھانا چاہتے ہین کہ یہ مختلف اقوام تین تقسیمون مین منقسم ہوسکتی ہین - پہلی تقسیم مین وہ اقوام ہین جن مین کسی قسم کا تمدن نہین آیا ہے اور جو اصلی باشندگان ہند کے باقیات مین سے ہین - یہ اقوام جو اس وقت صرف پہاڑون اور دور افتادہ مقامات پر رہ گئی ہین تعداد مین بہت کم ہین اور ان مین اور دوسری اقوام ہند مین اس قدر فرق ہے کہ انہین اُن مین ملا دینے سے سود ہے - اور ہم اس مقام پر اُن سے مطلق بحث نہین کرین گے - دوسری تقسیم ہندؤن کی ہے جو اقوام سفید رنگ اور اقوام زرد فام اور اصلی باشندگان سیاہ فام کے میل سے پیدا ہوئے ہین - سال ہاے دراز کے بعد امتزاج و اختلاف سے جو مختلف مناسبتون مین عمل مین آیا ہے - ہندؤن کے مختلف گروہ ہوگئے ہین جو ایک دوسرے سے علیحدہ ہین - لیکن جسمانی اور روحانی مرزبوم اور مذہب کے مشترک نہونے کی وجہ سے ان مین بعض مشترک خصایص

پیدا ہوگئی ہین - وہ عام خصایص جن سے ہم بحث کرین گے دوسری تقسیم سے جو تعداد مین سب سے زیادہ ہے متعلق ہین -

مسلمانان ہند | تیسری تقسیم مین کل مسلمان ہین جو افغان و عرب و ایرانی و ترکمان و مغلون کے میل سے پیدا ہوئے ہین اور جنہون نے مختلف اوقات مین ہندوستان پر چڑہائیان کین اور بالآخر اس ملک کو فتح کرلیا - اگر یہ اپنے کو بالکل خاص رکھتے تو انمین ہندؤن سے تفریق کرنا نہایت ہی آسان ہوتا - لیکن منجملہ چھ کروڑ مسلمانون کے جو دین اسلام کے پیرو ہین - بہت ہی تھوڑے ایسے ہین جو ہند دسیل سے محفوظ ہون - اگرچہ مسلمان بہت سی خصایص مین بالکل ہندؤن سے علیحدہ ہین لیکن فی الواقع ہنود ان سے اس قدر متاثر نہین ہوئے ہین جتنا یہ ہنود سے - اور اسی وجہ سے اگر وہ کل خصایص جو ہنود مین مشترک ہین ان مین نہ بھی پائے جاوین تاہم بہت بڑا حصہ ہندؤن کے خصایص کا مسلمانون مین بھی موجود ہے -

خصائص مشترکہ کے اسباب | وہ اسباب جن سے یہ مشترک خصایص پیدا ہوئی ہین دو قسم کے ہین جسمانی اور روحانی - اسباب جسمانی مین اولاً اس ملک کی گرم آب و ہوا ہے جو زیادہ مشقت کے کام سے روکتی ہے لیکن زراعت کے شغل کو جو ملک کا تمام شغل ہے آسان کردیتی ہے - علاوہ اس کے غذا ہے جو گویا بالکل بناتی ہے - ہندو اپنے تن کو زیادہ نہین ڈھانپتا - غلہ و ترکاری سے اپنا پیٹ بھرتا ہے اور خالص پانی سے پیاس بجھاتا ہے - اس کا سارا خرچ دو چار پیسہ روزانہ ہے آب و ہوا کی گرمی نے اس کے لباس و غذا کو ایسے قلیل درجہ پر پہونچا دیا ہے کہ اُسے اپنے فطرتی کاہلی کے لئے شدید حوائج زندگانی کے مہیا کرنے کی ضرورت نہین ہے - آب و ہوا اور اشغال کے اتحاد نے ایک ہی قسم کا طریقہ زندگانی پیدا کردیا ہے اور پھر ان پر ایک ہی قسم کا روحانی اثر بھی افزود ہوا ہے - ان روحانی اثرون مین ذات اور انتظام سیاسی اور مذہبی اعتقادات سب سے اہم ہین -

ذات | ذات دو ہزار سال سے ہندوستان کے کل انتظامات کا بنیادی پتھر ہے یہ اس قدر پُر اثر چیز ہے

کر اس تصنیف کے دوسرے حصہ مین ہم نے ایک پورا فقرہ اس کے نذر کیا ہے۔ اُس مقام پر دکھائین گے کہ کہ وہ کون سے اصل کے اختلافات تھے جو زمانۂ قدیم مین ذات ہونے کے باعث ہوئے اور وہ کون سے اسباب ہین جو اُسے آج تک سنبھالے ہوئے ہین۔ ہم دکھائین گے کہ ذات نے کیونکر سارے ہندوستان کو ہزارہا چھوٹی چھوٹی جمہوری حکومتون مین تقسیم کر دیا ہے جو آپس مین ایک دوسرے سے بے پروا یا ایک دوسرے کے مخالف ہین اور اس نے کیونکر ایسے سخت تعصب قومی خیالات و رسومات کے پیدا کر دئے ہین۔ جن کی وجہ سے ان مختلف تقسیمون مین نفع و نقصان کا اتحاد ناممکن ہو گیا ہے۔ ہم دکھائین گے کہ اصل وطن ہندؤن کا ہند نہین ہے بلکہ ذات ہے۔ جس کے رسوم و عادات کے وراثت کے ذریعہ سے وہ زبردست اثر جمایا ہے جو آسانی سے دور نہین ہو سکتا۔

انحطاط کا انتظام سیاسی یا دیہی حکومت انتظام سیاسی نے بھی ہندؤن مین ایک ہی قسم کا دماغ پیدا کر دیا ہے۔ اس انتظام کی بنیاد دیہی حکومت ہے جو سالہا سال سے دراز سے چلی آئی ہے۔ دیہی حکومت دور سے کسی ایک بادشاہ کی تابع ہوتی ہے اور یہ بادشاہ بدلتے رہتے ہین لیکن دیہی حکومت اپنی حالت پر قایم رہتی ہے۔ یہ گاؤن کی حکومت اتنے زمانہ سے رہی ہے کہ ہندو فرمان برداری کے عادی ہو گئے ہین۔ تابعداری کی بالکل قوت باقی نہین رہی ہے۔ مذہب نے بھی انہین یہی سکھایا ہے کہ ملک کی حاکم کی اطاعت بلا چون و چرا فرض مطلق ہے۔

مذہب تیسرا سبب جس نے ہندو مین خصائص مشترکہ پیدا کئے ہین۔ مذہب ہے اس ملک مین مذہب کی زبردست قوت کا اندازہ کسی یوروپی کو اُس وقت تک نہین ہو سکتا۔ جب تک وہ اُسے بچشم خود نہ دیکھے۔ یورپ کا باشندہ کتنا ہی دیندار کیون نہ ہو ہمیشہ دنیاوی امور دینی امور مین فرق کرے گا لیکن ہندو کبھی اس فرق کو محسوس نہین کر سکتا۔ اُس کے اعتقاد مین خدا انسان کے اونے سے اونے فعل مین بھی دست اندازی کرتا ہے اور اُس کی ساری زندگی کا دارومدار مذہب پر ہے۔ کام کرنا، کھانا، سونا وغیرہ سب مذہب سے متعلق ہین

اور جن چیزون کی مذہب اجازت نہین دیتا - اُنکا وجود ہی نہین ہے - غرض افعال زندگانی کا دارومدار مذہب ہی پر ہے - بجز یہ کہا جاسکتا کہ چھیک کے لئے ٹیکہ دینا اُس وقت ہندوستان مین جاری ہوگا جب مذہب اُس کا حکم دے - جب ہم ہندوستان کے مذاہب بمعہ کرین گے تو ہم دکھائین گے کہ مذہب کس درجہ ہندؤن کی زندگانی کا جُز ہے اور اُن اعتقادون کہان تک ہر ایک قوت جس سے وہ متاثر ہوتے ہین آسمانی قوت ہے - اس خاص معاملہ مین مشرق و مغرب کے درمیان مین ایک خارجی حائل ہے جو روز بروز زیادہ گہرا ہوتا جاتا ہے -

نسبت باعتقاد | جس وقت ہم ہندو کی رضا و تسلیم اور احکام الٰہی کی کورانہ تعمیل پر نظر ڈالین گے اور یہ بھی خیال کرین کہ یہ احکام بجنسہ وہی ہین جو دو ہزار سال قبل منو کی شاستر مین درج ہوے تھے تو اُس وقت ہم اس امر کا اندازہ کرسکین گے کہ یہ ہندو دماغ کتنی صدیون سے ایک ہی سانچے مین ڈھلتا چلا آیا ہے اس باب سے ہم بحث کر چکے اب ہم اُن خصائص عام کی طرف متوجہ ہون گے جو ان اسباب سے پیدا ہوئی ہین -

فصل دوم - اخلاقی اور دماغی خصائص جو ہندؤن مین مشترک ہین

ہندو قوم کی کمزوریان | ظاہر ہے جو اقوام صدیون تک اُن اسباب جسمانی و دماغی کے عادی ہوگئے ہون جن کا ذکر اوپر ہوچکا اُن مین وہ عملی قوت اور مضبوطی نہین آتی جو اقوام آزاد مین ہے - اگر ان مین یہ قوت تھوڑی سی بھی ہوتی تو یہ مدت کا اپنے تئین خارجی حکومت سے چھڑا لیتے پس ہمین تعجب نہین ہوتا کہ ہندؤن مین بھی اس قسم کی کمزوریان موجود ہین جو ایسی اقوام مین ہوتی ہین - جنہون نے مدت دراز تک دوسرون کی جوتیان اُٹھائی ہین - بطور عام کہا جاسکتا ہے کہ ہندو کمزور پست ہمت اور کائیان ہے اور حکمت عملی اور ریاکاری سے کام لینے کا عادی -

اس کے اخلاق مین خوشامد اور مجاجت ہے اور حب الوطنی کا نام تک نہین ہے۔ صدیون کی غلامانہ حکومت نے اُسے اِس خیال کا عادی کر دیا ہے کہ کسی غیر کی اطاعت کرے اور جس وقت تک یہ حکم اُس کے ذاتی اور مذہبی اعتقادات مین دخل نہ دے وہ نہایت ہی تسلیم و رضا کے ساتھ اطاعت مین مصروف رہتا ہے اور انہی چادلون پر جو اس کے مدرسق کے لیے کافی ہین قناعت کرتا ہے۔

ہندوؤن کی فطرت کی کنجی

ہندو ایک نہایت نرم اور صابر اور پوری طرح سے قسمت پر قانع قوم ہے اُنمین کے وہ عیوب جو زیادہ تر یورپیون کے نظرون مین آتے ہین وہ کاہلی ہے۔ اور نا مانتہ انڈیشی اور ہر قسم کی مستعدی کا نہونا۔ یہ آخر الذکر عیب اُن کی فطرت کی کنجی ہے۔ کیونکہ اسی سے ہماری سمجھ مین آتا ہے کہ تیس کروڑ مخلوق کیونکر پچھتر ہزار انگریزون کے محکوم ہو گئے جنمین وہ باوفی کوشش اُسی طرح نیست و نابود کر سکتے ہین جیسے ٹڈیون کا دل کھیتون کو لیکن ہندؤن کو کبھی یہ خیال بھی نہین گزرتا۔ ۱۸۵۷ء مین جب کہ فوج انگریزی کے سپاہیون نے بلوہ کیا تھا تو اُسے سمجھنا چاہیے کہ وہ صرف ایک محمد دو اور مقامی شعلہ تھا جس مین تمام خلقت کو کوئی دلچسپی نہ تھی۔

ہندو مین ذہن و ذکا تو ہے مگر عملی قوت کی کمی ہے۔

ہم آگے چل کر دکھائین گے کہ ہنود کی دماغی قوتین کسی طرح یورپیون کی دماغی قوتون سے کم نہین ہین لیکن ان مین عملی قوت کی سخت کمی ہے اور یہی کمی انہین ہمیشہ اقوام مغربی کا محکوم رکھے گی۔ مین ہمیشہ کا لفظ اس لیے استعمال کرتا ہون کہ جس قدر انسان تاریخ عالم کا مطالعہ کرے اور ترقی اور تنزلی کے نتائج پر نظر ڈالے۔ اسی قدر ثابت ہوتا ہے کہ بنی نوع انسانی کی تاریخ مین عملی استقلال اور عملی قوت کو بہت زیادہ دخل ہے۔ بمقابل محض قوت دماغی اور ذہن و ذکا کے عملی قوت نے صفحۂ عالم مین بڑے بڑے مذاہب اور بڑی بڑی حکومتین قایم کین نہ کہ ذہن و ذکا نے اگر ہم دو اقوام فرض کرین جن مین سے ایک بہت ہی ذہین و عالم ہے اور علم کے غرور مین چور۔ لیکن اُس مین کسی قسم کی ایثار نفس کی قوت نہین ہے اور دوسری قوم جس کی قوت دماغی محدود ہے۔ لیکن اُس مین اعلیٰ درجہ کا استقلال اور ایثار نفس کی قوت مجتمع ہے۔ پس جس وقت یہ دونون قوتین آپس مین ٹکرین تو ہم بآسانی پیشین گوئی کر سکتے ہین کہ دوسری قوم پہلی قوم کو زیر کرے گی۔



(۳۶) کانگلی کے زیرِ زمین سندر کا رکاؤ

ہم نے اپنی دوسری تصانیف مین ان اصول پر بہت کچھ زور دیا ہے - لیکن اسی وجہ سے کہ تاریخ عالم مین بہت سے واقعات ہین - جو بلا ان اصول کو تسلیم کئے ہوئے سمجھ مین نہین آتے - مثلاً رومیون نے یونان پر حکومت کی - اور نہم وحشی اقوام عرب نے ریگستان سے نکل کر کل یونان و روم کی حکومت کو زیر و زبر کر دیا - مسلمانون نے ہندوستان مین حکومت کی - اور اس وقت انگریز اس عظیم الشان ملک مین ایک سرے سے دوسرے تک سلطنت کر رہے ہین - ان کل واقعات تاریخی کے پیدا کرنے مین بہت بڑا جز ان اقوام فاتح کی مستعدی اور قوت عمل ہے نہ کہ اُن کا ذہن و ذکا - کیونکہ انسان کی کل قوتون مین قوت عمل کا سب سے بلا درجہ ہے -

قسمت کے اعتقاد نے ہندو کو مفلوج کر رکھا ہے | اس مستعدی کی کمی کے ساتھ ہندون مین قسمت کا زبردست اعتقاد ہے جو انہین اس بات پر آمادہ کرتا ہے کہ وہ اُن کل چیزون کو جو اُن کی ذات اور مذہب سے متعلق نہین ہے بے پروائی سے دیکھین اور شدید سے شدید ظلم کو قسمت کا لکھا سمجھ کر قبول کر لین ہندو اُن معنون مین بیدار نہین ہین جو یورپی اس لفظ کا مفہوم سمجھتے ہین - لیکن اس کے ساتھ ہی اُسے جان کی مطلق پروا نہین اور موت سے وہ نہین ڈرتا نہ اُس سے بچنے کی کوشش کرتا ہے - کیونکہ وہ سمجھتا ہے کہ قسمت اُن کا فیصلہ کر چکی ہے اور اُس کی کل کوششین بیکار و لاطائل ہون گی - ہندؤن کی رضا و تسلیم و بے پروائی کا یہ نتیجہ ہے کہ جن ذرائع سے مغربی اقوام مین ایک بہت بڑا جوش پیدا ہو جاتا ہے وہ یہان بالکل بیکار ہین اور ان پر کچھ اثر نہین کرتے ایسے شخص کو جو زندگی و موت کو ایک ہی نظر سے دیکھتا ہے اور بہادری بدتر سے بدتر سزاؤن اور جیل مین جانے کو اپنی بے عزتی نہین خیال کرتا - جس کی ساری زندگی کا مآل یہ ہے کہ اُسے دو چار مٹھی چاول روزانہ قوت بسری کے لئے ملا دین - کون سی چیز متاثر کر سکتی اور جوش مین لا سکتی ہے - جس وقت یہ قوت لایموت مل گئی - تو پھر اُسے کوئی چیز خواب غفلت سے بیدار نہین کر سکتی - کسی ہندو دستکار کو کتنی ہی قیمت کیون نہ دی جاے کہ وہ ایک وقت معین پر کوئی چیز طیار کر دے وہ وعدہ تو بیشک کرے گا لیکن ہرگز وقت پر نہ دے گا اُس کے خیال مین کل کا روز اس قدر دور اور بے ثبات ہے کہ وہ آج اس کے لئے اہتمام نہین کر سکتا - جو

یوروپی مزدور ہمیشہ ہندوؤں سے کام لینے کے عادی ہوگئے ہیں اور اُنھیں علی الصباح مزدوروں کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ ہمیشہ اُنھیں رات کو اپنے دروازہ پر بُلاتے ہیں اور گھر نہیں جانے دیتے۔

ہندوؤں میں وقت کی پابندی کا خیال بہت کم ہے | ہندوؤں کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض چھوٹی چھوٹی باتیں بھی جو وراثت کی وجہ سے ہمارے خمیر میں داخل ہوگئی ہیں بعض اقوام میں بالکل ہی مفقود ہیں۔ مثلاً وقت کی پابندی۔ جس وقت ریل ہندوستان میں پہلے پہل نکلی تو ہندو مسافر گاڑی آنے سے دُو دُو اور تین تین گھنٹے بعد اسٹیشن پر پہنچا کرتے تھے۔ جب انھیں معلوم ہوگیا کہ ریل ان کے لئے ٹھیر نہیں سکتی تو اب وہ دُو دُو تین تین گھنٹے قبل وہاں پہونچ جاتے ہیں۔ اُن کی عدم پابندیٔ وقت میں کوئی فرق نہیں آیا۔ صرف اسی قدر ہوا کہ باصطلاح جبر و مقابلہ اُن کا عمل مُثبت سے منفی ہوگیا۔ مجھے ہر طبقے کے ہندوؤں سے سابقہ پڑا ہے جن میں سے بعض یوروپی یونیورسٹیوں کے تعلیم یافتہ بھی ہیں۔ لیکن میں نے اُنھیں کسی مجلس میں کبھی ٹھیک وقت پر آتے ہوئے نہیں دیکھا۔ برخلاف اِس کے ہندوستان میں کوئی انگریز کبھی وقت سے نہیں چُوکتا۔

اب ہم ہندوؤں کے اُن مشترک خصائص پر نظر ڈالیں گے جو ان کے اخلاق سے متعلق ہیں اور درست نتیجہ نکالنے کے لئے ہمیں ضرور ہے کہ ہم اولاً اُن کے اُن تعلقات سے بحث کریں جو اُن میں اور یوروپین میں ہیں اور پھر اُن کے باہمی تعلقات سے۔

ہندوؤں کے بعض اخلاقی اوصاف | یوروپی ہندوؤں کی یہ شکایت کرتے ہیں کہ یہ ریاکار ہیں اور ان میں مطلق سچائی نہیں لیکن وہ بھول جاتے ہیں کہ یہ عیوب مالک اور غلام کے تعلقات میں ہمیشہ لازمی ہیں اگر رسوم و عادات و قانون کی پابندی۔ مذہب کی حُرمت۔ ایک دوسرے کی عفت۔ اور اعلیٰ درجہ کی مُدارات و رواداری۔ کو ہم اخلاق کا معیار قرار دیں تو کہہ سکتے ہیں کہ متوسط طبقات کے ہندو اُنہیں طبقات کے یوروپیوں سے بہت بہتر ہیں۔ ہم متوسط طبقات کا لفظ اس لئے استعمال کرتے ہیں کہ تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ جس قدر ہم اوپر جاویں۔ اعلیٰ طبقات کے خوش طبعی اور اخلاق میں کمی معلوم ہوتی ہے۔ ایک خاص طبقے میں جس کا ذکر ہم آگے چل کر کریں گے یعنی وہ

ہندو جنہوں نے یوروپی تعلیم پائی ہے - وہ معیار سب سے کم درجے مین ہین - اِس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ خیال کس قدر غلط ہے کہ تعلیم سے اخلاق درست ہوتے ہین اور ہمین یقین ہو جاتا ہے کہ ایک طریقہ تعلیم جو کسی خاص قوم کے لئے نہایت مفید ہو - کسی دوسری قوم کے لئے نہایت مُضر ہو جاتا ہے -

ہندوون کی خیرات | ہندوؤن کی خیرات خود اُن کے اپنی ذات کے لوگون تک محدود ہے - لیکن یہ اُن کے مذہب کی تعلیم ہے - مذہبی احکام نے کل جُرایم کی مدارج بھی قایم کر دئے ہین - مثلاً قانون منوشاستر کی رو سے برہمن کے قتل مین ایک ادنیٰ جُرم بھی شدید سے شدید سمجھا جاتا ہے - برخلاف اِس کے وہی جُرم اگر شودر کے مقابل مین کیا جاوے تو محض خفیف خیال کیا جائے گا -

عام ہندوون کے اخلاق کی بعض خوبیان | عوام الناس کے اخلاق کے متعلق مین یہان ایک مشہور انگریز مصنف پروفیسر مونیر کی کتاب سے نقل کرتا ہون - وہ لکھتے ہین کہ مین نے یورپ کے کسی حصے مین ایسی قوم نہین دیکھی ہے جو مذہب کی پابندی، فرائض کے ادا کرنے اور حکومت کی اطاعت گزاری - اور علو بزرگی والدین کی قدردانی اور تعظیم و تکریم مین - ہندوؤن کا مقابلہ کر سکے - ہندوؤن مین عیوب موجود ہین لیکن اِس قدر نہین جتنے یوروپیون مین - مجھے بہت شک ہے کہ کسی طبقے کے ہندو جرائم ادھ جرائم مین اِس قدر بُرے ہون جیسے اُسی طبقے کے یوروپی -

ہندوون کی دماغی حالت | ہندو کے خصایص مُشترک کو بیان کرنے کے بعد اب ہم اِن کے دماغی حالت سے بحث کرین گے اور اِس کے لئے ہم انہین یوروپیون سے مقابلہ کرین گے - درست نتیجہ نکالنے کے لئے ضرور ہے کہ ہم ان دونون اقوام کے مختلف طبقات کو لین اور ان کا باہمی مقابلہ کرین -

متوسط ہندو اور متوسط یوروپی کا مقابلہ | اگر ہم ہندوؤن کے طبقات درمیانی کو لین تو اس مین شک نہین کہ یہ یوروپیون کے طبقات درمیانی سے بدرجہا بہتر ہین - ہندو مین بطور خود کسی کام کرنے کی صلاحیت کم ہے اور وہ اس قدر تیز دست نہین ہین کہ جتنا یوروپی - لیکن جتنے کام یوروپی کر سکتا ہے وہ یہ بھی نہایت آسانی سے کرتے ہین اور اکثر اوقات

بہت کم ہتھیاروں کے ذریعہ سے لکڑی پتھر اور خشت کا کام۔ اسی قدر عمدہ کرتے ہیں جیسا کوئی یوروپی۔ ایک ہی قسم کے کام کو مقابلہ کرنے سے جو کمی یوروپی کے قوت داغی میں واقع ہوئی ہے وہ ہندوؤں میں نہیں ہے اور صنعت کے کام میں خصوصاً فن تعمیر میں یہ یوروپی سے گوے سبقت لے گئے ہیں۔

متعدل درجہ کے پیشوں میں ہندو یوروپی سے کم نہیں ہیں

اُس قسم کے پیشوں میں جن میں ایک متعدل درجہ کا ذہن وذکا درکار ہے۔ ہندو قریب قریب یوروپیوں کے برابر ہیں۔ مثلاً وکلا۔ انجنیر۔ اور ڈاکٹر۔ یوروپیوں سے ہرگز کم نہیں ہیں۔ نقشہ کشی میں انجن چلانے میں یا ٹیلیگراف کے کام میں بھی مساوات ہے۔ حکومت انگریزی کے کل دفاتر اور ڈاکخانوں بنک۔ ریلوے۔ وغیرہ میں زیادہ تر ہندو کام کرتے ہیں۔ لیکن جب ہم اوپر کے مدارج پر پہنچیں جہاں بطور خود کسی کام کے کرنے کی ضرورت واقع ہوتی ہے یا بہت سے اسباب پر غور کرنے کے بعد کوئی راے قایم کرنے پڑتی ہے یا کسی چیز کو اختراع کرنا پڑتا ہے تو اُس وقت ہندوؤں کی کمی کھلے طور پر ہمارے سامنے آجاتی ہے۔ کسی بڑے صرفی کارخانے کو چلانا۔ آدمیوں پر حکومت کرنے۔ علمی تحقیقات کو جاری کرنا۔ علمی اختراعات و اکتشافات پیدا کرنا۔ غرض وہ کل کام جو انسان کو بلا دوسرے کے ہدایت اور خود اپنی راے سے کرنا پڑتا ہے۔ ہندو مطلق نہیں کرسکتے یہ مثل یوروپیوں کے انجن و ٹیلیگراف سے کام تو لے سکتے ہیں۔ لیکن کسی ہندو نے کبھی کوئی انجن یا ٹیلیگراف کا مشین اپنے ہاتھ سے نہیں بنایا۔ اس میں کوئی اختراع کی نہیں بطور اختصار ہم کہہ سکتے ہیں کہ اگر سرسری طور پر ایک ہزار یوروپی لے لئے جاویں تو اُن میں سے نوسو پچانوے ایسے ہوں گے جو داغی قابلیت کے لحاظ سے ہندوؤں سے بہتر نہیں ہیں۔ لیکن ان ایک ہزار یوروپیوں میں چند اشخاص ایسے ضرور ہوں گے جو قابلیت میں تمام ہندوؤں سے بہت زیادہ ہیں۔

اعلیٰ متمدن و نیم متمدن اقوام میں کس بات کا فرق ہے۔

میں نے اپنی دوسری تصنیف میں اس امر کو دکھایا ہے کہ اعلیٰ طبقے کی اقوام اور نیم متمدن اقوام میں داغی قوتوں کی کمی وبیشی کا فرق نہیں ہے۔ بلکہ فرق یہ ہے کہ کم متمدن اقوام میں ایسے اشخاص مطلق نہیں ہوتے جو ایک درجہ ترقی سے اوپر پڑے ہوں۔ یہ ایک بہت بڑا



(۳۳) الجنۃ کا ایک مندر ستون کی تفصیل

اصولی مسئلہ ہے جس کا ثبوت علم النفس سے ہو سکتا ہے۔ سیکڑوں کھوپڑیوں کے پیمایش کرنے کے بعد مین نے اس امر کو دیکھا ہے کہ اعلیٰ اقوام مین فیصدی چند اشخاص ایسے ہوتے ہین۔ جن کے سر بہت ہی بڑے ہین۔ برخلاف اس کے ادنیٰ اقوام مین بڑے سر ہرگز نہین پائے جاتے۔

ہندوؤن اور یوروپیون کے اعلیٰ طبقات مین کیا فرق ہے

ان عام اصول سے اُتر کر اگر ہم اس امر کو معلوم کرنا چاہین کہ ہندوؤن کے اعلیٰ طبقات اور یوروپیون کے اعلیٰ طبقات مین کیا فرق ہے تو ہمین معلوم ہو جاوے گا کہ ہندوؤن مین مادہ تحقیق۔ اور علمی جامع پر تامل۔ خود بخود کام کرنے کی قابلیت مضبوط رائے اور استدلال کی سخت کمی ہے ان کا تخیلہ زیادہ قوی ہے اور مبالغہ کی عادت ہے۔ بے مطلق کسی چیز کو اُس کی اصلی حالت مین دیکھ نہین سکتے۔ یہ عیوب اِس قسم کے ہین۔ جن کی تلافی ان کی قوت حافظہ و قوت آئندہ سے بالکل نہین ہوتی۔ قوت استدلال تو کچھ تھوڑی سی ان مین ہے لیکن ان کا استدلال بال کی کھال نکالنے پر محدود ہے وہ استدلال جس کی اصلی غرض یہ ہے کہ مختلف واقعات کا مقابلہ کیا جاوے اور اُن کے تناسب و اختلاف کی بنا پر نتائج قائم کیے جاوین ان مین بالکل پایا نہین جاتا۔

ہندوؤن مین تحقیق کی کمی

تحقیق کی کمی ہندوؤن کی بہت بڑی خاصیت ہے۔ ان کی نظرون مین نہ صرف تمام عالم کی چیزین ایک غیر معین حالت مین دھوئیں کے اندر اُڑتی ہی ہین بلکہ جو چیز ہے وہ اپنی فطرتی صورت سے بدلی ہوئی ہے۔ گویا اُن محدب آئینون کا عکس ہے جن مین ہر ایک چیز ٹیڑھی بگڑی نظر آتی ہے۔ ان کی مذہبی کتابین ان کی تاریخی حکایات اور جنگلی افسانے متضاد خیالون سے بھرے ہوئے ہین۔ لیکن یہ تضاد ان کو کبھی محسوس نہین ہوتا۔ انہین متضاد باتون اور بے سر و پا خیالات کے وجہ سے ان کے مذاہب یہان تک کہ خود مذہب بدھ بھی مطلقاً یوروپی علما کے سمجھ مین نہین آتا۔ کیونکہ اُن کے دماغ منطقی استدلال اور درست انتاج استعمال کرنے کے عادی ہین۔ مثلاً دہریت اور خدا کے انکار کے خیالات مین اور وحدیت وجود کے مسئلہ مین ہمارے نزدیک بہت ہی بڑا اختلاف ہے۔ لیکن ہندوؤن کو یہ اختلاف بالکل محسوس نہین ہوتا اور اُن کی بعض کتابون مین ان دونون

مسائل کی ایک ہی جگہ تعلیم کی گئی ہے۔

علوم طبعی مین ہندوون نے بہت کم ترقی کی | یہ تحقیق کی کمی اور بے سروپا خیالات علوم نظریات اور قصص وحکایات مین تو چل جاتی ہے لیکن ایسے مسائل مین جہان تحقیق لازمی ہے مطلق نہین چلتی۔ اسیوجہ سے علوم طبعی مین ہندوون نے ایک معمولی ترقی بھی نہین کی ہے۔ اِس مین شک نہین کہ جو کچھ پُرانے زمانے مین عربون نے سکھایا تھا اور اب یوروپی سکھا رہے ہین۔ اِس کو انہون نے ازبر کر لیا ہے۔ لیکن اِس علوم سے وہ کچھ کام نہ لے سکے اور نہ انہون نے کوئی ایجاد اختراع کی ہے۔

ہندوون مین تاریخ کی کمی | یہی تحقیق کی کمی ہے۔ جس کی وجہ سے اُن ہزارہا جلدون مین جو ہندوون نے اپنی تین ہزار سال کے تمدن مین تصنیف کی ہین۔ ایک تاریخی واقعہ بھی صحت کے ساتھ درج نہین ہے اس زمانہ کے کسی واقعہ کو معین کرنے کے لئے ہمین بالکل بیرونی چیزون سے کام لینا پڑتا ہے۔ اِن کی تاریخی کتابون مین وہ عجیب خاصیت ہر چیز کو غلط اور غیر فطرتی صورت مین دیکھنے کی نہایت بیّن طور پر پائی جاتی ہے اور انسان کو اِس خیال پر مجبور کرتی ہے کہ اِن کا دماغ ہی ٹیڑھا ہے۔

ہندوون کی حالت | الغرض ہندوون کے خصایص مُشترک پر نظر ڈالنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اِن کے عوام الناس یورپ کے عوام الناس سے درجہ مین کم نہین ہین۔ لیکن اِن مین اعلےٰ اشخاص کی بہت ہی کمی ہے۔ عامہ خلقت مین مستعدی اور استقلال اور قوت عمل بالکل نہین پائی جاتی۔ اور یہ ہزارہا ذاتون مین منقسم ہو گئے ہین۔ جن مین سے ہر ایک بجائے خود ایک علیحدہ قوم ہے۔ جس کے اغراض دوسرون سے بالکل علیحدہ ہین۔ اِن امور کے لحاظ سے بخوبی سمجھ مین آتا ہے کہ ہندوستان اِس وقت تک کیون کر محکومیت کی حالت مین رہا ہے اور آیندہ بھی رہے گا یہ ایک دائمی غلام ہے جو ہمیشہ کسی نہ کسی بیرونی حکومت کا تابع رہے گا۔

اب ہم تمدن انسانی کے دو بڑے اجزا مذہب اور اقوام کا بیان کر چکے۔ اِن کے علاوہ اور

اجزا ترقی بھی ہین لیکن ان کا درجہ اوّل ہے۔ ان ابتدائی تحقیقات کو تمام کرنے کے بعد اب ہم اُن مختلف تمدنون پر نظر ڈالین گے جو ہندوستان مین وقتاً فوقتاً قائم ہوئے اور جنھون نے یہان کی اقوام مین تغیرات عظیم پیدا کر دئے۔



کتاب سوم - ہندوستان کی تاریخ

باب اوّل - ہندوستان کی تاریخ قبل یورپی فوج کشیون کے

فصل اوّل - تاریخ ہندوستان کے منابع

قدیم ہند کی کوئی تاریخ نہین

قدیم ہند کی کوئی تاریخ ہی نہین ہے - ان کی کتابون مین سلسلہ تاریخی واقعات درج نہین ہین اور نہ ان کی عمارات اور یادگارون سے اس کمی کی تلافی ہوئی ہے - کیونکہ پرانی سے پرانی یادگار بمشکل تیسری صدی عیسوی سے ماقبل کی ہے - علاوہ چند مذہبی کتابون کے جن مین بعض تاریخی واقعات کہانیون اور حکایات کے اندر دفن ہین - قدیم ہند کے حالات کا معلوم کرنا اُسی قدر مشکل ہے جیسا کہ اُس خیالی جزیرۂ اٹلانٹس کا - جو بقول افلاطون انقلاب ارضی کی وجہ سے تباہ ہوگیا -

ویدہ - مانائن دھابھارت و منوشاستر

قدیم ہنود کی صرف ایک تصنیف ہے - جس کی طرف ہم تاریخی واقعات کو تلاش کرنے کے لئے رجوع کر سکتے ہین - یہ اُن کا ویدیعنی مذہبی نظمین ہین جو مختلف ازمنہ مین لکھی گئین - اور ان مین سے قدیم کا زمانہ تقریباً پندرہ سو سال قبل مسیح کا ہے - اس کے بعد رامائن اور مہابھارت کا ہے اور پھر منو کا شاستر ہے - مسیحی صدیون کے لٹریچر مین بھی دیسی تاریخی مواد موجود نہین ہے ان مین صرف پُران ہین - جو مختلف اوقات مین لکھے گئے ہین اور سب سے قدیم ان مین سے آٹھوین صدی

مسیحی کے بعد کا ہے۔ پُران عجیب وغریب کہانیون سے بھرے ہوئے ہین جن مین سے ہمارے موجودہ طریقۂ تحقیق کے موافق کوئی تاریخی مادہ نہین نکل سکتا۔ ہندوستان کا تاریخی زمانہ فی الواقع مسلمانون کی فوج کشی کے بعد سے شروع ہوا اور ہندوستان کے پہلے مؤرخ مسلمان ہین۔

قدیم سفرنامے اِس ناکافی تاریخی مواد مین ہمین سفرناموں کو بھی شامل کرنا ہے۔ اگرچہ یہ سفرنامے بہت ہی معدود ہین۔ زمانۂ قبل مسیح کے لئے ہمارے پاس میگستھنیز کے بیانات کا صرف انتخاب رہ گیا ہے یہ شخص چندرگپت بادشاہ گنگھ کے دربار مین یونان کی طرف سے سفیر ہوکر آیا تھا اور اِس کا زمانہ تقریباً تین سو سال قبل مسیح ہے۔ اِس زمانہ سے لیکر مسلمانون کے عہد تک تیرہ صدیون کی بابت کچھ تھوڑے بہت یونانی مصنفین کے بیانات ہین اور علاوہ اِن کے دو چینی بدھ زوارون کے سفرنامے ہین جنھون نے اِس ارض مقدس کا سفر کیا ہے۔ اِن مین سے فاہیان تو پانچوین صدی عیسوی مین آیا اور ہوئن سانگ ساتوین صدی عیسوی مین۔ اِن کے سفرنامے علی الخصوص ہوئن سانگ کا سفرنامہ مسلمانون سے ماقبل زمانہ کے لئے ہے جو ہمارے ہات لگا ہے۔

قدیم عمارتین۔ مہرین۔ مورتین اور کتبے کتابی مواد کے کم ہونے کی وجہ سے صنعتی یادگارون کی وقعت بہت زیادہ ہوگئی ہے۔ اِن یادگارون مین عمارات۔ مُہرین۔ مورتین وغیرہ جو اِس برِاعظم مین جابجا پھیلی ہوئی ہین شامل ہین۔ سب سے قدیم یادگار شاہنشاہ اشوک کے حکمنامے ہین جو دو سو پچاس سال قبل مسیح لاٹون اور چٹانون پر کندہ کئے گئے تھے۔ بعد اِن کے بُدھ اور سانچی کی منبت کاری تصاویر ہین جن کا زمانہ دو تین صدی قبل مسیح ہے۔ اِن یادگارون سے ہمین بہت ہی معقول اندازہ اُس زمانہ کی رسوم وعادات واعتقادات وصنعت وحرفت کا ہوتا ہے اور ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اُس وقت ہندؤن کے تمدن نے کہان تک ترقی کی تھی۔ اِن یادگارون کے سوا وہ مندر ہین جو زیر زمین تعمیر ہوئے ہین اور سنگ تراشی اور مورتین ہین جن سے اُن مقامات کی تاریخ کا جہان یہ پائے جاتے ہین کسی قدر اندازہ ہوسکتا ہے۔ عمارتون کے کھنڈر اور مورتون ہی

کے ذریعہ سے ہمین معلوم ہوتا ہے کہ کئی صدی اسکندر کے بعد بھی جب کہ یونانی مطلق ملک مین باقی نہین رہے تھے یونانی صنعت کا کس قدر اثر ہندی صنعت پر تھا - اسی طرح منبت کا رتصاویر سے ہمین کل اُن مدارج کا پتہ لگتا ہے جو ہندوستان کے مذاہب نے قدیم الایام سے اس وقت تک طے کئے ہین -

ہندوؤن مین مذہب تمدن کی جڑ ہے اور مشرقی اقوام کی طرح ہندوؤن مین بھی مذہب سارے تمدن کی جڑ ہے اور ہندوستان کی تاریخ مین تو مذہب کا امتیازی حصہ ہے کہ ہم صرف تغیرات مذہبی کو تاریخ بنانے تقسیم قرار دے سکتے ہین البتہ یہ تقسیم بہت ہی وسیع ہوگی کیونکہ ایک مذہبی زمانہ دوسرے مذہبی زمانہ سے تین طور پر علیحدہ نہین ہے بلکہ ایک دوسرے مین ملے ہوئے ہین تاہم یہ زمانے حسب ذیل ہین -

اوّل وید کا زمانہ - دوم برہمنی زمانہ - سوم مذہب بدھ کا زمانہ - چہارم برہمنی مذہب کی تجدید - پنجم اسلام کا زمانہ - ششم یورپین کا زمانہ -

فصل دوم - وید کا زمانہ

ویدی زمانہ ویدی زمانہ کی ابتدا تقریباً پندرہ سو سال قبل مسیح ہے - یہ وہ زمانہ ہے جب اقوام آریہ نے ہندوستان پر چڑہائی کی - تاریخ ہند کا یہ زمانہ بالکل ابتدائی زمانہ ہے - ویدی الواقع ایک مذہبی کتاب ہے اور سب سے قدیم رگ وید ہے جس کو اقوام آریہ کی انجیل کہنا بجا ہوگا -

آریہ قوم یہ آریہ جو پہلے ہمالیہ کے اطراف مین اور بندیاچل تک بسے تھے چھوٹے چھوٹے قبیلون مین شبانی زندگی بسر کرتے تھے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہون نے ملک پر بتدریج چڑہائی کی - اس قدیم زمانہ مین ان مین ذات کا وجود نہ تھا یہ صرف اجرام سماوی اور قوائے فطرتی کی پرستش کرتے تھے اور ان مین

نہ تعمیر کا فن تھا اور نہ بُت تراشی کا جن اقوام کو یہ مسخر کرتے انہین صرف ایک نئی زبان اور نیا مذہب سکھاتے یہ ویدی زمانہ کے آریا تصنیف سے واقف تھے لیکن فن تعمیر سے واقف نہ تھے اور ان کی کتابون مین کہین پتہ نہین لگتا کہ انہون نے کوئی پتھر کا مندر یا قصر تعمیر کیا ہو۔

عمارات کا شروع ہونا

اس وقت ہم ویدی زمانہ کی بابت اِس سے زیادہ کچھ نہین لکھ سکتے۔ اِس تصنیف کے اُس باب مین جہان آریائی تمدن کی تاریخ سے بحث کی گئی ہے ہم پھر اِس مطلب پر غور کرین گے اور نہ ہم اُس دوسرے تاریخی زمانہ سے جس کا نام برہمنی زمانہ رکھا گیا ہے بحث کرین گے۔ اس زمانہ کے لئے بھی تاریخی مواد بہت کم ہین۔ لیکن رامائن اور مہابھارت سے جو اسی زمانہ کی تصنیفات ہین ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اِس وقت ہندوستان مین ہر طرف شہرون اور مندرون کی تعمیر شروع ہوگئی تھی لیکن اِس وقت تک ہمین اِس قرن کی عمارتون کا پتہ نہین لگا ہے اور نہ اِن کے کھنڈر کسی مقام پر پائے گئے ہین۔

فصل سوم - بدھ زمانہ

اسکندر کی فوج کشی

بُدھ مذہب کے ابتدا کا زمانہ قصص و حکایات کا زمانہ ہے اور اِس مذہب کی ابتدا کے جو حالات ہم تک پہنچے ہین اُن کا شمار بھی کہانیون مین ہے۔ اسکندر کی فوج کشی کے بعد تقریباً ۵۰۰ قبل مسیح مین جب بدھ مذہب تمام ہندوستان کا شاہی مذہب ہوگیا اُس وقت سے ہمین اصلی حالات معلوم ہونے لگے اور کہانیون کی کہرمین سے تاریخ کا صاف میدان نظر آنے لگا۔ لیکن یہ حالت زیادہ دنون نہ رہی۔ اسکندر کی فوج کشی کا زمانہ ۳۲۷ قبل مسیح ہے۔ ایران کے ملک کو فتح کرنے کے بعد اسکندر نے ہندوستان کا ارادہ کیا اور اُس کی غرض یہ تھی کہ تمام ایشیا کو فتح کرلے۔ اُس وقت پنجاب چھوٹی چھوٹی خود مختار حکومتون مین منقسم تھا جن مین باہمی سخت عداوت تھی اور اِس وجہ سے اسکندر نے

باسانی اُسین زیر کرلیا۔ اسکندر ایک لاکھ بیس ہزار فوج سے آیا جس کی جان یونانی تھے لیکن اُس مین کثرت سے ایرانی سپاہی بھی شریک تھے اُس کے ساتھ ہندی راستہ دکھانے والے بھی موجود تھے۔ اور وہ بعض راجاؤن کے ساتھ علی الخصوص تکسیلا کے راجہ سے خط و کتابت کرچکا تھا۔ یہ ریاست سندھ کے بائین کنارہ پر اُس ندی اور جہیلم کے درمیان مین واقع ہوئی تھی۔ اسکندر بیاکٹیڑہ یعنی بلخ سے روانہ ہوکر اُس شہر تک آیا جس کا موجودہ نام کابل ہے۔ ہندوستان مین داخل ہونے کے بعد وہ دریاے سندھ کو پار کرکے پورس سے مقابل ہوا جس کا ملک جہیلم اور چناب کے بیچ مین تھا۔ اسکندر نے پورس کو شکست دی لیکن پھر اُس سے صلح کرلی۔ اِس کے بعد کشمیر کے راجا اور راجاؤن نے اپنے اطاعت نامے بھیجے۔ کئی لڑائیان لڑتا ہوا اسکندر بیاس کی ندی تک پہنچا۔ یہان آکر اُس کی فوج نے آگے بڑھنے سے انکار کیا اور اُس نے اِس مقام پر بارہ مذبح اپنی فتح کی یادگار مین بنائے۔ جب اسکندر ستلج تک واپس آیا تو اُس نے ایک بیڑہ جہازون کا تیار کیا اور اُن کو سندھ کی ندی مین چلایا۔ لڑتا لڑتا اسکندر پٹالہ کے مقام پر جو سندھ کا دھانہ تھا پہنچا یہان اُس نے جہازون کو اپنے امیر البحر نیارکس کے ساتھ خلیج فارس کو روانہ کیا اور اپنی فوج کے دو حصے کرکے ایک حصہ کو اپنے جنرل کریٹراس کی سپہ سالاری مین کارمنیا کی طرف روانہ کیا اور دوسرے حصہ کو خود لیکر جیڈروشیا کی جانب چلا چند روز مین جہاز خلیج فارس کو پہنچ گئے اور خود اسکندر کریٹراس سے جاملا اور فوج کے واپس آنے کی خوشیان منائی گئین۔

اسکندر کی فوج کشی کے نتائج اگر فتوحات کے لحاظ سے دیکھا جائے تو اسکندر کی فوج کشی سے کچھ حاصل نہین ہوا اور چند ہی روز کے بعد اُس کی قائم کی ہوئی یونانی جہاؤنون کا نشان تک باقی نہ رہا۔ لیکن چونکہ یہ پہلا ہی موقع تھا جب کہ ہندوستان کو یورپ سے کام پڑا اس کے تمدنی نتائج البتہ بڑا اثر ہوئے۔

چندر گپت وگستنیز اسکندر کے واپسی کے بعد ایک ہندو راجہ چندر گپت نے جو پنجاب کے



(۳۴) ایجنٹہ کے ایک مندر کی اندرونی آرائش

شکست کھائے ہوئے راجاؤن مین تھا اور جسے یونانیون نے سیانڈراکاٹس کا نام دیا ہے بتدریج اپنی حکومت تمام شمال ہند مین پھیلالی اور اسکندر کی چھاؤنیون کا قلع قمع کر دیا۔ چندرگپت نے اِس مگدھ کے ملک کا دارالحکومت پاٹلی پُتر یعنی پٹنہ مین قایم کیا۔ اور اِس بادشاہ کی شہرت اِس قدر ہوئی کہ سلیوکس نکٹبار نے جو اسکندر کے بعد شام اور بابل اور اُس تمام ملک کا جو فرات اور سندھ کے درمیان واقع ہوا ہے بادشاہ بن گیا تھا۔ چندرگپت کے دربار مین ۳۰۰ قبل مسیح کے قریب ایک سفیر بھیجا جس کا نام مگستھنیز تھا یہ سفیر ایک مدت تک پاٹلی پُتر مین رہا اور اُس نے جو حالات لکھے ہین اُن کا صرف ایک جُز ہم تک پہنچا ہے جس سے ہمین اُس زمانہ کے رسوم و عادات کا صحیح اندازہ ہو سکتا ہے۔

یونان و ہند کے تعلقات یونان و ہند کے تعلقات صرف اسکندر کی فوج کشی اور مگستھنیز کی سفارت ہی تک محدود نہین رہے۔ اگرچہ اِس زمانہ کی کوئی تاریخ تو ہمارے پاس نہین ہے لیکن عمارات کے کھنڈر اور سکہ جات سے معلوم ہوتا ہے کہ سلیوکس کے جانشینون نے پنجاب کو فتح کر لیا تھا اور مدت تک اپنی حکومت قایم کر لی تھی۔ ۱۲۶ قبل مسیح مین ایک قسمت آزما سپاہی جس کا نام مینانڈر تھا جمنا سے لیکر نربدا کے خطہ پر قابض ہو گیا تھا۔ اِن یونانی حکومتون کی نشانیون مین صرف سکہ جات اور سنگ تراشی رہ گئی ہین مگستھینیز کی پڑھائی سے کسی قدر پہلے یونانیون کا قدم ہندوستان سے بالکل اُٹھ چکا تھا یہ اقوام پہلی صدی قبل مسیح مین ہندوستان مین آئین اور اُنھون نے پنجاب اور راجپوتانہ تک فتح کر لیا لیکن اِن کی حکومت صرف چند روز رہی اور یہ پہلی صدی عیسوی مین ہندوستان سے نکال دیئے گئے۔

اِس تاریک زمانہ تاریخی کو چھوڑکر اب ہم چندرگپت اور اُس کے جانشینون کا ذکر کرینگے۔

اشوک چندرگپت کا پوتا مشہور اشوک تھا جس کا زمانہ تقریباً ۲۷۳ قبل مسیح کا ہے بدھ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس نے اپنے باپ کے سو بیٹون کو جو سولہ رانیون کے بطن سے تھے قتل کرنے کے بعد اپنا تسلط کل شمالی ہند پر کر لیا۔ اِس کے ملک کے حدود اُن لاٹون سے قایم ہوتی ہین جو تمام ہند مین پھیلی

ہوئی ہین اور جن پر اس کے احکام کندہ ہین- یہ افغانستان سے لیکر بنگال تک اور ہمالیہ سے لیکر نربدا تک موجود ہین مغرب کی طرف بلخ کی یونانی حکومت اس کی حد تھی-

فن تعمیر ہندوستان کے فن تعمیر کی تاریخ اس بادشاہ کے وقت سے شروع ہوتی ہے جبکے ستون جو اس نے اپنے احکام شایع کرنے کے لئے تعمیر کرائے تھے وہ اب تک موجود ہین اور بُرہت وسانچی کی منبت تصاویر بھی جو بدھ مذہب کی تاریخ مین اس درجہ با وقعت یادگار ہین اسی زمانہ کی یا چند روز اس کے مابعد کی ہین- اس کے قصرون مین سے کوئی قصر باقی نہین رہا ہے لیکن چینی بدھ زوّار فاہیان جس نے پاٹلی پتر کے قصر کے کھنڈر دیکھے تھے اُس عمارت کی بڑی تعریف کرتا ہے- اسی اشوک نے بدھ مذہب کو سارے ہندوستان کا مذہب بنا دیا اور جزیرہ سیلون مین اور مدتون تک اس مذہب کے اشاعت کرنے والے بھیجے- موریون کے خاندان نے جس مین سب سے مشہور بادشاہ تھا تقریباً ۳۲۵ سنہ قبل مسیح سے ۱۸۵ سنہ قبل مسیح تک حکومت کی اور اُس کے بعد یہ سلطنت چھوٹی چھوٹی خود مختار ریاستون مین تقسیم ہوگئی- مگدھ کی حکومت چوتھی صدی تک قایم رہی- لیکن اس کی حدود ارضی صرف بہار کے صوبہ تک محدود رہ گئین- اگرچہ پرانون مین مگدھ کے بادشاہون کی فہرستین ایک ہزار سال تک کی موجود ہین لیکن بدو فوق کے لائق نہین-

وکراجیت اور سنہ اشوک کے بعد ہند کی تاریخ کے لئے علاوہ پُران کے قصص وحکایات کے ہمارے پاس صرف اُس زمانہ کی یادگارین باقی رہ گئی ہین جن کے ذریعہ سے اور نیز چینی بدھ زوّارون کے سفرنامون سے ہم ایک اندازہ اُس طول طویل زمانہ کے تمدن کا کر سکتے ہین- اس بارہ صدیون کی تاریخی رات مین ہمین صرف چند اشخاص کے حالات ہندی ذرایع سے ملتے ہین انمین وہ مشہور مالوا کا راجہ وکراجیت ہے جس کا دارالحکومت اوجین تھا- کہا جاتا ہے کہ اس نے تمام ہندوستان پر دکن تک اپنی حکومت قایم کرلی تھی اگرچہ اس کے حالات تاریخی نہین ہین اور ان کا شمار صرف قصص و روایات

مابعد ہے۔ اِس وقت جو کھنڈر موجود ہین وہ اسلامی زمانہ کے ہین لیکن اِس مین شک نہین کہ یہ عمارتین بیشک ہنود کی عمارتون کے مال و مصالح سے بنی ہون گی۔ قنوج منجملہ اُن عظیم الشان شہرون کے ہے جن کی صرف حکایات و روایات ہی ہم تک پہنچی ہین لیکن جب ہم اُنکی عظمت و شان کے بیانات کو ایسے شہرون کے کھنڈرون سے مقابلہ کرین جو اب موجود ہین تو ہین تھوڑا بہت اندازہ اُن کی اصلی حالت کا ہو سکتا ہے۔ قنوج کھجوراہو اور موجودہ غیرہ اُن بڑے اور مشہور السلطنتون مین سے ہین جن کا صرف نام ہی نام یا تھوڑے بہت کھنڈر رہ گئے ہین۔ اِن شہرون مین زیادہ تر راجپوت راجاؤن کی حکومت تھی اور ہند مین یہی ایک قوم رہ گئی ہے جس کی حکومت اور عادات و رسوم اِس وقت تک قایم و برقرار ہین۔ افسوس ہے کہ راجپوتون کی تاریخ کا پتہ ہمین اُسی زمانہ سے ملتا ہے جب اُن مین اور مسلمانون مین مقابلہ ہوا۔ مسلمانون نے ان کی حکومت کو زیر و زبر کر کے انہین اُس پہاڑی خطہ مین کر دیا جس کو راجپوتانہ کہتے ہین لیکن یہ ہمیشہ صرف برائے نام اسلامی بادشاہون کے محکوم رہے۔

تاریخی تاریکی جانشینان اشوک کے زمانہ سے لیکر دوسرے برہمنی تسلط اور مسلمانون کی فوج کشیون تک جو صدیان گزرین وہ بھی تاریخ کے لحاظ سے اُسی قدر تاریک ہین جیسا اِن کے ماقبل کا زمانہ ہے اور اصل مین اِس کے متعلق ہمین بہت ہی کم واقفیت ہے۔

فصل چہارم۔ جدید برہمنی زمانہ

جدید برہمنی زمانہ اِس زمانہ کی تاریخ کے لئے بھی ہمارے پاس صرف سکّہ جات اور عمارات رہ گئی ہین۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گپتون کی حکومت کے زمانہ مین برہمنی مذہب نے جس کا اثر کم و بیش باقی تھا دوبارہ قوت پکڑی قنوج۔ دہلی اور صوبہ کے سکّون سے معلوم ہوتا ہے کہ پرانا مذہب عود کر رہا ہے چھٹی صدی عیسوی سے

بُدھ مذہب مین انحطاط شروع ہوگیا تھا۔ ساتوین صدی عیسوی مین بدھ علامات کا بنابست کم اور آٹھوین صدی عیسوی مین تو بالکل موقوف ہوگیا۔ ایک دوسرے باب مین ہم اُس طریقہ عمل سے بحث کرین گے جس کے ذریعہ سے بُدھ مذہب ہندوستان سے اُٹھا دیا گیا یعنی مذہب کے پیرو کچھ تھوڑے بہت رہ گئے ہین لیکن باقی ساری خلقت شیو یا وشنو کی پرستش کرتی ہے۔ برہمنون نے وید کے دیوتاؤن کے نام تو قایم رکھے ہین لیکن جدید اور قدیم اعتقادات مین بہت بڑا فرق کردیا۔ جدید برہمنی مذہب وید اور بُدھ مذہب اور بہت سی خارجی اقوام کے اعتقادات کے میل سے ترکیب دیا گیا ہے۔ یہ نیا مذہب جس نے آٹھوین صدی عیسوی مین بُدھ مذہب کی جگہ لے لی۔ فتوحات اسلامی سے نیارہ متاثر نہین ہوا۔ ہندوستان مین اسلام پھیلا تو سہی اور بہت سے ہنود نے اِس دین کو قبول کیا اور اب اُن کی تعداد پانچ چھ کرور ہے لیکن اس ملک کے باشندون مین زیادہ تر خلقت اِس وقت بھی برہمنی مذہب پر قایم ہے۔

فصل پنجم۔ اسلامی زمانہ

اسلامی فتوحات کی خصوصیت

مسلمانون نے ہندوستان پر بھی ویسا ہی گہرا اثر ڈالا جیسا اُنھون نے دوسرے مفتوحہ ممالک پر۔ ہم اپنی تصنیف تمدن عرب مین دکھا چکے ہین کہ کسی فاتح قوم مین حتی کہ رومیون تک مین بھی یہ خاص بات نہ تھی۔ اُن سات صدیون مین جب تک اِن کی حکومت ہندوستان مین رہی انھون نے ہنود کے مذہب و زبان و صنعت کو بے انتہا متاثر کردیا۔ یونانی فوج کشی کا تو کوئی نشان باقی نہین رہا اور انگریزون کے تسلط کا بھی اِس وقت تک کوئی بیّن اثر نہین ہے لیکن مسلمانون کی حکومت مین تقریباً چھ کرور ہندو مسلمان ہوگئے۔

محمود غزنوی مسلمانون کی پہلی چڑھائیان ساتوین صدی مین شروع ہوئین لیکن اِن سے غرض صرف لوٹ مار تھی اور اصلی فتوحات گیارہوین صدی عیسوی مین محمود غزنوی کے عہد مین شروع ہوئین محمود ایک ترکی قسمت آزما سپاہی کی اولاد مین تھا جس نے غزنی کے پہاڑی خطہ مین جو افغانستان کے ملک مین دریاے کابل کے جنوب مین واقع ہوا ہے ایک خود مختار حکومت قایم کی تھی۔ جس وقت محمود ہندوستان مین آیا تو شمال و جنوب کا ملک چند راجپوت راجاؤن مین بٹا ہوا تھا اور یہ سب کم و بیش دہلی کے راجہ کو مانتے تھے۔ قنوج کا راجہ جو رام چندر جی کی اولاد مین تھا اودھ اور وادی گنگ کے ملک پر حکومت کرتا تھا۔ بنگال اور بہار خاندان پال کے تحت مین تھے اور مالوا کا راج وکراجیت کے جانشینون کے ہات مین تھا۔ دکن مین اُس وقت تین ہندو حکومتین تھین یعنی چولے۔ چوہے اور پانڈے جن کا ذکر آگے چل کر آئے گا۔

محمود کی مشکلات محمود نے اپنا تسلط بمشکل قایم کیا۔ راجپوتون علی الخصوص لاہور کے راجہ نے اُس کا سخت مقابلہ کیا۔ محمود کو جن مشکلات کا سامنا پڑا وہ اسکندر کی مشکلات سے مختلف تھین۔ صرف شمال حصہ کو فتح کرنے کے لیے اُسے ستر ہزار فوج کشیون کی ضرورت پڑی یون تو اُس نے گجرات تک دھاوا کرکے سومناتہ کے مندر کو لوٹا لیکن اُس کی حکومت صرف پنجاب پر رہ گئی۔ راجپوت گویا خود مختار رہے اور جس وقت اِسکے جانشینون نے اپنا ملک بڑہایا تو وہ اُس پہاڑی اور دشوار گذار خطہ مین آبسے جس کو راجپوتانہ کہتے ہین۔ یہان اُنھون نے اپنی حکومتین قایم کین جو سلطنت مغلیہ کے زمانہ مین بھی بالکل مفتوح نہین ہوئین۔ اِس وقت بھی راجپوتون کے کئی خاندان سلطنت کر رہے ہین محمود غزنوی کی فوج کشیان صرف ملک گیری کی غرض سے نہ تھین بلکہ اُن سے دین اسلام کی اشاعت بھی مُراد تھی۔ وہ اپنے کو علانیہ اسلامی شریعت اور اسلامی تمدن کا مروج کہا کرتا تھا اور بغداد کے خلیفہ نے اُسے حامی دین کا خطاب بھی دیا تھا۔

ہند کا نول محمود کے وقت مین محمود کے زمانہ مین ہند کا مُلک جو اب اِس درجہ دولت سے خالی ہے نہایت



(۲۵) بھرہت کی ایک عمارت کی آرائش (دوسری صدی قبل مسیح)

متمول مُلک تھا- اُن عمارات سے جو اِس وقت تک باقی ہین معلوم ہوتا ہے کہ اُس زمانہ کے مورخین کے بیانات مین مبالغہ نہین ہے- دیسی راجاؤن مین جب باہمی لڑائیان ہوتین تو اُن کا اثر اسی قدر ہوتا تھا کہ دولت ایک حکومت سے دوسری حکومت مین چلی جاتی تھی لیکن ملک کے اندر ہی رہتی تھی برخلاف اس کے موجودہ زمانہ مین جبکہ تقریباً ایک صدی سے دولت باہر چلی جارہی ہے تو خواہ مخواہ ملک محتاج ہوتا جاتا ہے- ہم اِس خاص امر پر اِس لئے زور دیتے ہین کہ بلا اِس کو ملحوظ رکھے ہوئے اُس زمانہ کے عمارات کا تکلف ہماری سمجھ مین نہین آسکتا اور نہ محمود اور اُس کے ہم عصر مورخین کے تعجب کا ہم اندازہ کرسکتے ہین-

متھرا کا بیان جس وقت محمود متھرا مین داخل ہوا تو اِس شہر کی شان و شوکت دیکھ کر حیرت مین آگیا- اور لکھتا ہے کہ اِس عجیب و غریب شہر مین ایک ہزار سے زیادہ عمارتین سنگ مرمر کی ہین جو استحکام مین مثل دین اسلام کے ہین اگر ان عمارات کی لاگت کا اندازہ کیا جائے تو کہا جاسکتا ہے کہ اِن کی تعمیر مین کئی کروڑ دینار صرف ہوے ہون گے اِس کے ساتھ بھی ایسا شہر دو سو سال سے کم مین نہین تیار ہوسکتا- کافرون کے مندرون مین میرے سپاہیون کو پانچ سونے کے بُت ملے جن کی آنکھین پچاس ہزار دینار کی قیمت کے لعلون سے بنی ہوئی تھین- ایک دوسرے بُت کے جسم پر نیلم تھا جس کا وزن چار سو مثقال تھا اور خود بُت اٹھانوے مثقال خالص سے بنا ہوا تھا- دس بارہ چاندی کے بُت بھی ہمارے ہات لگے جو اسی قدر اونٹون کے بار تھے-

سومناتھ محمود نے مُلک شہرون مین جن سے وہ گزرا اسی قسم کے عجائبات دیکھے اور قنوج کے بارہ مین تو ہم فرشتہ کا بیان نقل کرچکے ہین کہ یہ دارالسلطنت عمارات کے لحاظ سے اپنا ثانی نہین رکھتا تھا- ۱۰۲۴ء کی چڑھائی مین جو خاص سومناتھ کو فتح کرنے کی غرض سے ہوئی تھی محمود نے ایک حیرت انگیز عمارت دیکھی جس کے (۵۶) چھپن ستونون پر سونے کے پترچڑھے ہوے تھے اور اِن کے بیچ بیچ مین جواہرات تھے- مقام پرستش کے گرد ہزارہا سونے اور چاندی کے بُت تھے اور مندر کے وسط مین

ایک عظیم الشان بُت تھا جس کے جسم پر بے انتہا جواہرات جڑے ہوے تھے - اس مندر کے محل مین دو ہزار برہمن پانسو ناچنے والیان اور تین سو باجہ بجانے والے تھے - سومناتھ کی جو لوٹ مسلمانون کے ہات لگی اُس کا اندازہ پندرہ کروڑ کا ہے جو اُس زمانہ کے لیے بہت ہی بڑی رقم ہے -

محمود کے جانشین | محمود کے جانشینون نے بھی ہندوستان سے ایسی ہی دولت پائی محمود غوری نے جب بنارس کو لوٹا تو اُس نے تقریباً ایک ہزار مندرون کے بتون کو توڑا اور جو لوٹ اُس کے ہاتھ لگی وہ چار ہزار اونٹون پر لادی گئی - جب مسلمانون نے پہلے دکن پر چڑہائی کی تو سپاہیون کے پاس اِس قدر سونا جمع ہو گیا تھا کہ وہ چاندی کو ہات نہین لگاتے تھے - جو ظروف مندرون یا گھرون مین استعمال کیے جاتے تھے وہ خالص گڑہے ہوے سونے کے تھے - اُس وقت چاندی کا کوئی سکہ رائج نہ تھا اور موجودہ زمانہ مین اِس کا بالعکس ہے -

غوری خاندان | خاندان غزنوی نے ۹۹۶ء سے ۱۱۸۶ء تک غزنی اور لاہور مین حکومت کی - ۱۱۸۶ء مین محمود غوری نے اِن کی جگہ لی اور دوسرا افغانی خاندان قایم ہوا - اِس نے ملک گیری کا ایک ایسا طریقہ اختیار کیا جس کی تقلید اس کے کل جانشینون نے اِس وقت تک کی ہے یہ ویسی راجاؤن کے باہمی جھگڑون مین مداخلت کرتا اور جب وہ آپس مین لڑکر کمزور ہو جاتے تو اُن کا ملک لے لیتا - اسی طرح اُس نے دہلی اور قنوج کے راجاؤن مین لڑائی دلوا کر اِن دونون کا ملک لے لیا - اور ایک بڑی حکومت قایم کر لی جس کی مشرقی حد بنارس تھی اور جنوبی حد گوالیار و گجرات - اِس حکومت کا دار السلطنت دہلی تھا -

غلامون کا خاندان | محمود غوری کی وفات کے بعد اُس کا ایک صوبہ دار جس کا نام قطب الدین تھا خود مختار بن گیا اور اِس نے ایک خاندان قایم کیا جس کا نام غلامون کا خاندان ہے - اِسی نے دہلی مین وہ لاٹ بنائی جو اِس کے نام سے مشہور ہے - اِس خاندان مین سے نامور بادشاہ التمش تھا جس کا مقبرہ اِس وقت بھی دہلی کی مشہور عمارتون مین ہے - اِس نے ۱۲۱۱ء سے ۱۲۳۶ء تک سلطنت کی لیکن اسے ایک

(۳۶) سانچی کے ٹوپ کا عام منظر



طرف تو مغلون کے دھاوؤن کو سنبھالنا پڑا اور دوسری طرف دیسی اقوام کے بلوؤن کو۔

خلجی خاندان خاندان غوری کے بعد ایک دوسرا خاندان ہوا جس مین علاؤالدین نے ۱۲۹۶ء سے ۱۳۱۳ء تک بڑا نام پیدا کیا اور فتوحات اسلام کو ترقی دی۔ وہ بھی تعمیر کا شائق تھا۔ اور اُس کے نام کا دروازہ اس وقت تک دہلی مین موجود ہے۔ اِس زمانہ کی فوج مین مغل کثرت سے بھرتی ہوتے تھے اور بتدریج اُنھون نے اپنی حکومت قایم کرلی۔ اِس خاندان کے نام آور بادشاہ فیروز اور غیاث ہوئے سنہ ۱۳۲۰ء سے سنہ ۱۴۱۴ء تک اِن کے وقت مین بھی تعمیر مین ترقی رہی۔

تیمور کی چڑھائی سنہ ۱۳۹۸ء مین تیمور لنگ نے ہندوستان پر چڑھائی کی اور دہلی کو لوٹا لیکن یہ ایک آندھی کی طرح آیا اور چلا گیا۔ لڑائیون کے زمانہ مین بہت سے صوبہ دار حکومت دہلی سے علیحدہ ہوکر خود مختار بن گئے۔ انھون نے الگ حکومتین قایم کرلین اور اُن کے مختلف دارالسلطنتون مین بڑی رونق رہی تیمور کی چڑھائی کے بعد اور بھی بدانتظامی ہوگئی اور لاہور کے صوبہ دار ابراہیم لودی نے ایک نیا خاندان شاہی قایم کیا۔ سنہ ۱۵۱۷ء مین لاہور کے ایک دوسرے صوبہ دار نے جسے ابراہیم نے بغاوت سے روک رکھا تھا اپنی مدد کے لئے بابر کو بُلایا جو کابل کا بادشاہ اور تیمور و چنگیز کی نسل سے تھا۔ اگرچہ بابر کی فوج صرف بارہ ہزار تھی اُس نے اِس موقع کو غنیمت سمجھکر ابراہیم لودی کے لاکھ آدمیون کو شکست دی اور خود دہلی کا بادشاہ بن گیا۔

مغلیہ سلطنت کا بانی بابر مغلیہ سلطنت کا بانی بابر تھا اِسی خاندان نے کل ہندوستان کو بتدریج ایک حکومت کے تحت مین کرلیا۔ بابر نے سنہ ۱۵۲۶ء مین آگرہ مین انتقال کیا اِس نے افغانستان کو بھی ہندوستان کے ملک مین شامل کردیا تھا۔ اسلامی حکومت کی ابتدا مین تقریباً تمام دکن کا ملک خود مختار رہا۔ صرف وسط ہند مین بعض اسلامی حکومتین قایم ہوئین۔ مغلیہ حکومت کے اخیر زمانہ مین جاکر کل ہندوستان ایک ہی بادشاہ کا تابع فرمان ہوا اِس کے ساتھ ہی اصلی مغلیہ حکومت صرف شمال و وسط ہند ہی تک محدود رہی اب ہم اُس کا

مختصر بیان کرین گے۔

ہمایون | بابر کے بیٹے ہمایون کو ۱۵۳۰ء سے ۱۵۵۶ء تک بڑی لڑائیون کا سامنا پڑا اور ایک زمانہ مین اُسے آگرہ چھوڑکر سندھ کے ملک مین بھاگ جانے کی ضرورت پڑی۔ یہان اُس نے ایک ایرانی بی بی سے شادی کی اور اِس شادی سے ۱۵۴۲ء مین وہ نامآور اور مشہور شاہنشاہ اکبر پیدا ہوا۔ ہمایون پھر اپنے ملک پر قابض ہوگیا اور اُس نے دہلی مین وفات پائی اور اُس کا مقبرہ اس وقت تک موجود ہے۔

اکبر | سلطنت مغلیہ کی اصل قوت اکبر کے عہد سے ۱۵۵۶ء سے ۱۶۰۵ء تک شروع ہوئی اِس بادشاہ نے ہندو اور مسلمانون کو ملا دینے کی کوشش کی۔ خود اُس نے ہندو شاہزادیون سے عقد کیا اور مسلمان اور ہندؤن کو برابر عہدے دیئے۔ اُس نے ہندو اور اسلامی طرز تعمیر کو بھی ملا دیا۔ اگر اس زمانہ کی تاریخین ہمارے پاس نہ ہوتین تب بھی ہم عمارتون ہی سے اُس کے خیال کا اندازہ کر سکتے تھے۔ اکبر کی پچاس سالہ حکومت دنیا کی بہترین حکومتون مین سے ثابت ہوئی۔ جن نظامات کو اُس نے اخذ کیا وہ وہی تھے جو ملک کی حالت کے مطابق تھے اِن مین سے اکثر اب بھی موجود ہین اور حکومت انگریزی نے بھی اِن کی تجدید کی ہے۔ اکبر خود ایک لامذہب شخص تھا اور ہندو مسلمان دونون کو متعصب خیال کر کے اِن دونون مذہبون کو ایک ہی نظر سے دیکھتا تھا اُس کی یہ بھی تمنا تھی کہ اِن دونون کو ایک مذہب پر لے آئے لیکن اِس ارادہ مین وہ کامیاب نہ ہوسکا۔

جہانگیر | جہانگیر ۱۶۰۵ء سے ۱۶۲۸ء تک اگرچہ اپنے باپ کے برابر نہ تھا لیکن اس کے ساتھ ہی نہایت ہی نامور بادشاہ تھا۔ لامذہب ہونے کے سبب سے اِس نے بھی اپنے باپ کا طریقہ جاری رکھا اِس نے ہندو اور مسلمان بی بیان کین اور دونون کے ساتھ برابر ہی کا برتاؤ کرتا رہا۔ جہانگیر نے نصرانیون کو بھی پناہ دی اور اِس کے دارالسلطنت مین تقریباً سات نصرانی تھے۔

شاہجہان | جہانگیر کا بیٹا شاہجہان جو ۱۶۲۸ء مین تخت پر بیٹھا یہ اس قدر منصف مزاج نہ تھا۔ اُس کو یہی فکر رہی کہ اسلامی عمارتون کو ہندو اثر سے پاک کرے اور اُس کے عہد کی عمارتون مین یہ خیال صاف ظاہر ہوتا ہے۔ ۱۶۳۸ء مین شاہجہان نے دہلی کو دارالسلطنت بنایا اور یہان اُس نے ایک عالیشان قصر کی تعمیر کی جس کا صرف ایک حصہ انگریزون نے باقی رکھا ہے لیکن یہ اس درجہ شاندار ہے کہ اس کا مثل دنیا مین نہین پایا جاتا۔ شاہجہان ہی کے وقت مین کل عمدہ عمارتین تعمیر ہوئین۔ آگرہ مین تاج محل اور موتی مسجد دہلی مین قلعہ اور جامع مسجد وغیرہ وغیرہ۔

اورنگ زیب | شاہ جہان کا جانشین اورنگ زیب جس نے ۱۶۵۸ء سے ۱۷۰۷ء تک سلطنت کی کبھی آگرہ مین رہا اور کبھی دہلی مین۔ اس بادشاہ نے اپنے تعصب کے سبب سے مغلیہ حکومت کے انحطاط اور فنا کی بنا ڈالی۔ اس نے دکن مین بیجاپور اور گولکنڈہ کی اسلامی حکومتون کو تباہ کرکے گویا اُس دیوار کو منہدم کر دیا جو اس کے مُلک اور اُس کے دشمنون کے بیچ مین حائل تھی۔ ان مین سے زیادہ قوی مرہٹے تھے۔ اگر کسی حکومت کی عظمت کا اندازہ ہم صرف اُس کے رقبہ سے کرین تو کہا جاسکتا ہے کہ اورنگ زیب کی حکومت نہایت زبردست اور تمام ہند پر شامل تھی لیکن دراصل اس مین ضعف اور انحطاط کے اجزا پوشیدہ تھے اور اس عظیم الشان سلطنت کا خاتمہ بھی اُسی دن ہو گیا جس دن اورنگ زیب کی آنکھین بند ہوئین۔

مغلیہ حکومت کا خاتمہ | ہند مین مسلمانون کی حکومت جس کا مختصر بیان ہم نے کیا ہے سات سو سال رہی لیکن صرف اورنگ زیب ہی کے عہد مین یہ حکومت سارے مُلک پر قایم ہوئی ورنہ زیادہ تر یہ ہوا کہ مختلف صوبون کے صوبہ دارون نے خود مختاری کا جھنڈا بلند کرکے علیحدہ علیحدہ حکومتین قایم کر لین۔ ان مین سے اودھ اور گولکنڈہ اور بیجاپور وغیرہ کی حکومتین تھین۔ اورنگ زیب ہی نے اِن سب کو زیر و زبر کرکے اپنا تسلط تمام ملک پر قایم کیا لیکن یہ تسلط زیادہ دنون نہ رہا اور اورنگ زیب کے ساتھ ہی مغلیہ

حکومت کا خاتمہ ہوگیا۔ اُس کے بعد تمام ملک مین شدید بدنظمی پھیل گئی۔ مرہٹے۔ افغان۔ سکھ۔ جاٹ۔ راجپوت اور مسلمان سب اُٹھ کھڑے ہوے اور لوٹ مار شروع کردی ہر ایک نے یہ کوشش کی کہ اس عالیشان حکومت کا کوئی حصہ اپنے قبضہ مین کرین اورنگ زیب کے جانشین اس بدنظمی کا کچھ تدارک نہ کرسکے اور صرف نام کے بادشاہ رہ گئے۔ دکن خودمختار ہوگیا اور ۱۷۲۳ء مین نظام الملک نے ایک الگ حکومت قایم کرلی جس کا دارالسلطنت اِس وقت بھی حیدرآباد ہے۔

نادرشاہ ولائت الموکی ۱۷۳۹ء مین ایران کے بادشاہ نادرشاہ نے دہلی کو لوٹا اور یہان سے سلاطین مغلیہ کا جمع کیا ہوا خزانہ اپنے ملک کو لے گیا۔ جو غنیمت اُس کے ہات آئی اُس کا اندازہ ساٹھ کرور روپیہ ہے۔ افغانون نے لاہور اور پنجاب پر قبضہ کرلیا۔ اور مرہٹون نے فرصت پاکر عمدہ عمدہ صوبون پر اپنی حکومت قایم کردی البتہ مغلیہ حکومت ایک دن مین فنا نہین ہوگئی۔ اورنگ زیب کے بعد ڈیڑھ سو سال تک مغل بادشاہ دہلی کے تخت پر بٹھائے گئے لیکن ان کی حکومت روز بروز گھٹتی گئی اور بالآخر وہ صرف انگریزون کے وظیفہ خوار رہ گئے۔ جس وقت دہلی کا اخیر بادشاہ ۱۸۵۷ء کے غدر مین قید کرلیا گیا تو اُس کی حکومت بمقابل اُس کے آباواجداد کی حکومت کے صرف سایہ کا حکم رکھتی تھی۔

مرہٹے منجملہ اُن اسباب کے جنہون نے اورنگ زیب کے بعد سلطنت مغلیہ کا خاتمہ کردیا سب سے بڑا سبب مرہٹے تھے ان کی فوج کشیان اُس طرح کی نہ تھین جیسی افغانون اور ایرانیون کی بلکہ انکی غرض یہ تھی کہ یہ سلاطین مغلیہ کے جانشین بن جائین اور تمام ہند پر حکومت کرین۔ اگر یہ اپنے ارادہ مین کامیاب ہوجاتے تو صدہا سال کے بعد ہند کا ملک پھر اپنی دیسی اور ہندو حکومت کے تحت مین آجاتا اور انگریزون کو اس ملک کے فتح کرنے مین اُس سے بہت زیادہ کوشش کرنا پڑتی جو اُنھین اب پڑی۔ مرہٹے دکن کے اُس شمالی و غربی خطہ کے رہنے والے ہین جس کا نام مہاراشٹر تھا اور اب صوبہ بمبئی ہے۔ یہ ایک پہاڑی خطہ ہے جس مین گھاٹ اور جنگل کا سلسلہ واقع ہوا ہے اُس وقت اِس کے باشندے ایک



(۳۷) سانچی کے ٹوپ کا ایک پھاٹک

پہاڑی قوم تھے جو اپنے سرداروں کے تابع فرمان تھے اور اُن پر مسلمانوں کی کبھی پوری حکومت نہیں ہوئی تھی - اورنگ زیب کے سلطنت کے اخیر زمانہ میں مرہٹے مغلیہ سلطنت کے زبردست دشمن ہوگئے تھے اور اورنگ زیب کے مذہبی تعصب نے انہیں علانیہ بغاوت پر آمادہ کردیا تھا - ایک قسمت آزما سپاہی نے جس کا نام شیواجی تھا پہلے تو لوٹ مار شروع کی اور پھر ایک بڑی فوج بناکر بیجاپور کی حکومت میں سے ایک حصہ اپنے قبضہ میں لانے کی کوشش کی اس کے بعد مرہٹے تمام ہندوستان میں پھیل گئے - باوجود خونخوار لڑائیوں کے اورنگ زیب انہیں زیر نہ کرسکا اور اسی تمنا میں مرگیا جس قوت نے اس وقت تک مرہٹوں کو روکا تھا وہ بیجاپور کی حکومت تھی لیکن جب اورنگ زیب نے اس حکومت کو زیر و زبر کردیا تو پھر روک اٹھ گئی اور مرہٹے بالکل آزاد ہوگئے - اورنگ زیب کے بعد انہوں نے بہت سے صوبے یکے بعد دیگرے فتح کرلئے اور پچاس سال تک مرہٹہ خاندانوں کی حکومت غالب رہی - عین اُس وقت جب وہ تمام ملک پر قابض ہونے والے تھے - افغانوں نے ان کا زور توڑ دیا اور کہا جاتا ہے کہ پانی پت کی لڑائی میں جو ۱۷۶۱ء میں ہوئی اِن کی دو لاکھ فوج قتل ہوگئی کچھ تو افغانوں کی فوج کشیوں اور خود مرہٹہ خاندانوں کی باہمی رقابت اور کچھ مسلمانوں کی خود مختار ریاستوں کے مقابلہ نے مرہٹوں کو اور بھی ضعیف کردیا - اِن کے اسی ضعف کی بدولت انگریزاِن سے سرخرو ہوئے ورنہ بجز یورپی اقوام کے ہند کی کسی قوم نے انگریزوں کا ایسا سخت مقابلہ نہیں کیا جیسا مرہٹوں نے - چار رشید لڑائیوں کے بعد جو یکے بعد دیگرے ہوئیں یہ زیر ہوئے - اِس وقت بھی گوالیار اور اندور مرہٹی ریاستیں قایم ہیں اور ان کے پاس فوج بھی ہے لیکن دراصل اِن میں کسی قسم کی قوت باقی نہیں رہی ہے -

فصل ششم - دکن کی تاریخ

دکن کے حدود | دکن کی تاریخ کو ہندوستان یعنی شمال ہند کی تاریخ سے بہت ہی کم تعلق ہے اور اسی لئے ہم نے اپنی جغرافیہ مین بھی دکن کا بیان علیحدہ طور پر کیا ہے - قدیم زمانہ مین بھی مُلک ہند کی دو بڑی تقسیمین تھین - شمالی حصہ کا نام ہندوستان تھا اور جنوبی حصہ کا دکن اُس وقت دکن کی مغربی سرحد نربدا کی ندی تھی اور شرقی سرحد کٹک تھا جو خلیج بنگال پر واقع ہے - لیکن اس وقت دکن کا اطلاق اُس بلند خطہ پر واقع ہوتا ہے جس کی شمالی حدود نربدا اور بند یاچل ہین اور جس کی جنوبی حدود مغرب کی طرف کشنا کی ندی اور مغربی گھاٹ اور مشرق کی طرف کٹک اور شرقی گھاٹ ہین -

دکن کے باشندے اور اُن کا مذہب | باستثنا مسلمانون اور چند اقوام کے جو مخصوص مقامات پر بسے ہوئے ہین - دکن کے قدیم باشندے سیاہ فام اقوام ہین جو تین اقوام کے میل سے پیدا ہوئے ہین یعنی قدیم اقوام سیاہ فام اور اقوام زرد رنگ جو تبت سے آئین اور اقوام تورانی جو مغرب سے آئین - یہ امتزاج سنہ مسیحی سے بہت ماقبل واقع ہوا تھا اور جنوب ہند کی موجودہ اقوام یعنی اقوام ڈراویڈ اس وقت بالکل ایک قوم اور ایک مذہب ہین ان کی زبانین بھی آپس مین بہت مشابہ ہین - بدھ مذہب کا اثر دکن پر بہت ہی کم پڑا اور اگر کچھ پڑا بھی تو وہ بہت جلد ضائع ہو گیا - کیونکہ کشنا ندی کے جنوب مین بدھ مذہب کی عمارات بالکل نہین پائی جاتین جینی مذہب کا البتہ کسی قدر زیادہ اثر پڑا اور اسوقت بھی کنیرام اور میسور مین تھوڑے سے جینی موجود ہین - مذہب اسلام کو بھی دکن مین زیادہ کامیابی نہین ہوئی اور گویا یہان کی ساری خلقت برہمنی مذہب پر قایم ہے - انمین دو فرقے ہین ویشنو اور شیو - انکے مندر ایک ہی صورت کے ہین اور صرف بیرونی علامات مین فرق ہے پس ہم دکن کی کل عمارات کو صرف ایک ہی باب مین بیان کرسکین گے اور شمال و وسط ہند کی عمارت کی طرح ہمین انمین شہرون مین

تقسیم کرنے کی ضرورت نہین پڑے گی۔

تاریخ دکن کے حالات فتوحات اسلام یعنی تیرہوین صدی عیسوی سے ماقبل دکن کی تاریخ شمال ہند کی تاریخ سے بھی زیادہ نامعلوم حالت مین ہے۔ یہان ہمین ویدیا مہابھارت کی سی تصانیف سے مطلق مدد نہین ملتی۔ اردی زبان کی قدیم سے قدیم کتابہ آٹھوین صدی کی ہے۔ اور قدیم سے قدیم عمارت یا کتبے کا زمانہ پانچوین صدی عیسوی ہے۔ کتبون مین جو بادشاہون کی فہرستین درج ہین اور اشوک کی تیسری صدی قبل مسیح کے حکمنامون مین جو دکن کی حکومتون کا آیا ہے اور نیز بعض یونانی اور رومی مورخین کے بیانات سے ہمین کچھ تھوڑا بہت پتہ پانچوین یا چھٹی صدی قبل مسیح تک کی حکومتون کا لگتا ہے لیکن دکن کے تمدن کے متعلق ہمین اطلاع نہین ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ ملک شمال ہند سے بعد مین متمدن ہوا۔

دکن کی قدیم حکومتین ماقبل اسلام کی حکومتون کے متعلق جو کچھ ہمین معلوم ہے وہ یہ ہے کہ دکن مین تین بڑی حکومتین تھین۔ پانڈیون، چولون اور چیرون کی اور ان مین سب سے جنوبی حکومت پانڈیون کی تھی جو آخر جزیرہ نما مین واقع ہوئی تھی۔ اس کا ذکر مہابھارت اور اشوک کے حکمنامون اور نیز میگستھنیز کے بیانات مین پایا جاتا ہے اور ہم کہہ سکتے ہین کہ یہ حکومت پانچوین صدی قبل مسیح مین قایم تھی لیکن اسکی کوئی تاریخ ہم تک نہین پہنچی ہے۔ اس کا دارالحکومت مدورا تھا اور بلاشک یہان کے باشندون کے تجارتی تعلقات رومیون کے ساتھ تھے کیونکہ یہان رومی سکہ جات بکثرت ملے ہین۔

چولے پانڈیون کی حکومت چولون کی ماتحت ہوگئی لیکن سولہوین صدی عیسوی کے وسط تک ان کا نام باقی رہا۔ ۱۵۵۹ء مین بیجانگر کا راجہ اس پر قابض ہوگیا۔ راجہ نیرومل ذہبی جس کا زمانہ ۱۶۲۳ء سے ۱۶۵۹ء تک ہے۔ مدورا کی کل بڑی عمارت کو تعمیر کرایا۔ چولون کا ملک پانڈیون کے ملک سے شمال اور مشرق کی طرف کالیرون اور کاویری کی وادیون مین واقع ہوا تھا اور مدراس کے قریب تک چلا گیا تھا۔

اسی حکومت کے نام سے اس ساحل کو چولومنڈل کہتے تھے جس کو یوروپین نے کارومنڈل بنادیا۔
اس حکومت کی بنیاد بھی پانڈیون کے ہی زمانہ مین پڑی تھی اس کا نام بھی اشوک کے حکم ناموں مین پایا جاتا ہے اور اس کی تاریخ بھی اسی قدر معلوم ہے کتبون سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ عیسوی گیارہوین اور بارہوین صدیون مین چولون کا بڑا زور تھا انہون نے تمام دکن کو فتح کیا اور سیلون کے جزیرہ تک پہنچے تھے۔ خود سیلون کی تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ پچاس قبل مسیح مین چولے اس جزیرہ پر فوج کشی کر چکے تھے۔ شمال مین چولون نے بنگال اور اڑیسہ کو لے لیا تھا اور یہ دکن مین سب سے بڑی حکومت تھی لیکن ان کا عروج زیادہ دنون نہین رہا۔ ۱۳۱۱ء مین جس وقت مسلمان آئے تو ان کی قوت بالکل گھٹ چکی تھی۔
عیسوی دوسری صدی تک چولون کا دارالحکومت رہ پور تھا جو چنا پلی کے قریب ہے۔ تیسری صدی مین یہ کمبھاکونم مین آگیا اور دسوین صدی مین تانجور دارالسلطنت ہوگیا۔

چیرے | چیرون کی حکومت چولون کے مشرق اور پانڈیون کے شمال مین واقع ہوئی تھی اور اس وقت کا صوبہ میسور اس مین شامل تھا۔ اس کی بنیاد بھی قبل مسیح ہوئی تھی کیونکہ اس کا نام بھی اشوک کے حکم ناموں مین موجود ہے کتبون کی رو سے اس کی قوت کا زمانہ چوتھی اور پانچوین صدی مسیحی معلوم ہوتا ہے۔ اس حکومت کا ایک راجہ گوتمی پتر ساتکرنی سوم اپنے ایک کتبے مین اس امر کا فخر کرتا ہے کہ اس کی فوج نربدا تک پہنچ گئی تھی جس سے ثابت ہوتا ہے کہ انہون نے اپنا ملک شمال کی جانب سے وسیع کرلیا تھا۔ یہ وہی غالباً آٹھوین صدی مسیحی کا ہے کیونکہ ایلورا کے غاری مندرون مین ایک مندر دراوڑی طرز تعمیر کا موجود ہے۔
چیرون کا دارالسلطنت تلاکاڑ مین میسور سے تقریباً (۳۶) چھتیس میل کے فاصلہ پر تھا۔

چالکیے | ان تینون حکومتون مین ایک چوتھی حکومت چالکیون کی بھی شامل ہوجاتی ہے جس مین فن تعمیر نے بڑی ترقی کی تھی۔ اس کی بنا ان تینون حکومتون سے بہت مابعد کی ہے۔ یہ چھٹی صدی عیسوی مین قایم ہوئی اور چھ سو سال قایم رہنے کے بعد ختم ہوگئی۔ ان مین دو تقسیمین ہین مغربی چالکیے اور مشرقی چالکیے۔

کیونکہ ان کے راجاؤن نے ملک کو دو حصون مین تقسیم کر لیا تھا - علاوہ ان تینون حکومتون جن کا ذکر ہوچکا - چالکیون کی حکومت مین بہت بڑا حصہ میسور اور ملک نظام کا بھی شامل تھا ان کا دعوے تھا کہ یہ راجپوت ہین اور طرز تعمیر کے لحاظ سے یہ دعوے ان کا صحیح معلوم ہوتا ہے - چالکیون کی بنائی ہوئی عمارات تعداد مین زیادہ نہین ہین اور اس کی یہ وجہ معلوم ہوئی کہ ان کی حکومت کے بہت سے شہر مثلاً بیجاپور گلبرگہ وغیرہ مسلمانون کے قبضہ مین آ گئے - لیکن جو عمارتین باقی رہ گئی ہین وہ ایسے خاص طرز کی ہین کہ بعض مصنفین نے ان کے لئے ایک علیحدہ تقسیم قایم کی ہے اور اس کو چالکیہ طرز کا نام دیا ہے -

چالکیہ طرز | چالکیہ طرز کی عمدہ عمارات میسور مین ہین اور ان کا زمانہ ایک ہزار سے تیرہ سو عیسوی تک ہے مثلاً بداور بیلور مین سب عمدہ نمونے پائے جاتے ہین اگرچہ یہ بارھوین صدی سے قبل کے نہین ہین ان کا باریک کام جینیون کے مندرون کو یاد دلاتا ہے تاہم ان کی سنگ تراشیان جن مین ہندؤن کے گل دیوتا شیو - پاروتی اور وشنو کے سب اوتار موجود ہین اُس قدر عمدہ نہین ہین جیسے دراویڈی سنگ تراشیان - یہ طرز تعمیر دراصل کوئی علیحدہ طرز نہین ہے بلکہ شمالی و جنوبی طرز کا جنوبی درجہ ہے -

اسلامی تسلط | تیرھوین صدی عیسوی سے لیکر مسلمانون کی عملداری دکن مین شروع ہوگئی - انہون نے کئی صدیون مین دکن کے مختلف حصون کو فتح کیا اور ایک وقت مین تو انہون نے گویا سارے دکن پر قبضہ کر لیا تھا - مسلمانون نے کئی حکومتین قایم کین لیکن ان کا تسلط یہان اُس قدر پُر اثر نہین ہوا جیسا شمال ہند مین جس کا ثبوت اسی سے ہوتا ہے کہ وہ نہ ہندؤن کے مذہب پر زیادہ اثر ڈال سکے اور نہ اُن کی زبان اور طرز تعمیر پر - اسلامی عمارتین صرف اُنہین شہرون مین پائی جاتی ہین جو مسلمانون کے دارالحکومت تھے - مدورا کے راجہ کی طرح بعض ہندو راجاؤن نے اسلامی طرز کے قصر بنائے لیکن ہندی عمارتون مین مطلق اسلامی نگاؤ نہین پایا جاتا -

دکن کی اسلامی حکومتین | مسلمانون کی پہلی فوج کشی ۱۳۰۶ء مین علاؤالدین کے عہد مین ہوئی اور یہ بادشاہ

ساحل ملابار تک پہنچ گیا۔ ہلابد اور میسور ۱۳۱۰ء مین فتح ہوئے۔ اورنگل ۱۳۲۳ء مین۔ دکن کا شمالی حصہ بہت جلد مسلمانون کے قبضہ مین آگیا اس پر سلاطین دہلی کی طرف سے صوبہ دار حکومت کیا کیے اور ان کا دارالحکومت دولت آباد رہا۔ ان صوبہ دارون نے بہت جلد اپنکو خود مختار کر لینے کی کوشش کی اور پہلی اسلامی حکومت گلبرگہ کی بہمنی حکومت تھی جو ۱۳۴۷ء سے ۱۵۲۶ء تک قایم رہی اور جس نے ملک کو اوڑیسہ تک پہنچا دیا۔ لیکن بالآخر یہ حکومت پانچ حکومتون مین تقسیم ہوگئی جو ہمیشہ آپس مین لڑتی رہین ان مین سے بیجاپور کی حکومت ۱۴۸۹ء سے ۱۶۸۹ء تک احمدنگر کی ۱۴۹۰ء سے ۱۶۳۶ء تک۔ گولکنڈہ کی ۱۵۱۲ء سے ۱۶۸۷ء تک۔ برار کی ۱۴۸۴ء سے ۱۵۷۴ء تک اور بیدر کی حکومت ۱۴۸۹ء سے ۱۵۹۹ء تک قایم رہی۔ آپس کی لڑایون نے دکن کے مسلمان بادشاہون کو اپنی حکومت کی توسیع سے باز رکھا اور قصاے دکن کی ہندو حکومتین آخر تک خود مختار رہین۔ اصل یہ ہے کہ پندرہوین صدی سے سولہوین صدی کے وسط تک دکن کے دو حصے تھے۔ کشنا کے شمال مین مسلمان تھے اور کشنا کے جنوب مین ہندو حکومتین تھین جن کے راجہ کم و بیش بیجانگر کے ماتحت تھے۔ اس دارالحکومت کے کھنڈر جو اس وقت باقی رہ گئے ہین اس امر کو ثابت کرتے ہین کہ یہ حکومت کس قدر زبردست تھی ۱۵۶۵ء مین البتہ مسلمان بادشاہون نے ایکا کر کے بیجانگر کی ہندو حکومت کا خاتمہ کر دیا اس کے ساتھ ہی جنوب کی حکومتین یعنی تانجور۔ مدورا وغیرہ اس وقت تک خود مختار رہین جبکہ مرہٹے اور ان کے بعد انگریز ان پر غالب آگئے ۱۷۶۵ء مین مرہٹے۔ تانجور پر قابض ہوئے اور ۱۷۹۶ء مین ٹیپو سلطان کو شکست دینے کے بعد ان کی حکومت دکن پر مستحکم ہوگئی۔ ہم آگے چل کر دکھائین گے کہ یہ فتح کیونکر وقوع مین آئی اور کن اسباب نے اُسے ممکن کر دیا۔

باب دوم

ہندوستان کے قدیم تعلقات یورپ کے ساتھ اور یوروپی فتوحات

فصل اوّل - ہندوستان کے متعلقات یورپ کے ساتھ زمانۂ قدیم اور زمانۂ متوسط مین

قدیم تعلقات | بہت ہی قدیم زمانہ مین یورپ و ہند مین پیداوار کا تبادلہ ہوا کرتا تھا اگرچہ دور دور از راہ سے اِن دونون دنیاؤن مین تجارت تھی لیکن یہ ایک دوسرے سے واقف نہ تھے۔ یہ تجارت ایشیائے کوچک کے ذریعہ سے ہوا کرتی تھی اور مال یا تو تاتار و ایران سے ہوکر آتا تھا یا مصر سے جہان وہ بحر احمر و خلیج فارس کے اندر سے پہونچایا جاتا تھا۔ اِس زمانہ کے تاجر عرب تھے علی الخصوص یمن کے باشندے جو اُس وقت صابئین کہلاتے تھے۔ سکندر کی وفات سے ڈیڑھ سو سال تک مصر کے بجار ہند کی پیداوار کو یورپ تک پہونچاتے تھے۔

تجارت کے تین راستے | اِس تجارت کے تین راستے تھے ایک خشکی کا اور دو دریائی خشکی کا راستہ کشمیر اور ایران سے ہوکر تھا اور اِس وقت کی مشہور تجارت گاہین سمرقند و دمشق و بغداد تھے لیکن جہازی راستہ زیادہ مقبول تھا۔ تجار خلیج فارس تک آکر ہند کی پیداوار کو لیتے اور عربستان کے کنارے کے کنارے بحر احمر مین سے ہوکر کاروان کے ذریعہ سے اسکندریہ کو پہونچاتے۔ یمان سے اِن پیداوارون کو قدیم زمانہ مین تو فینیقی اور پھر اُن کے بعد جنیوا۔ پیسا اور وینس کے یوروپی تجار بحر متوسط کے بندرون پر تقسیم کرتے تھے۔ پس گویا مصر مشرق اور مغرب کے تجارت کا ذریعہ تھا اور اِس وجہ سے اُس کی ثروت بہت بڑھ گئی تھی۔

دارا ابن ہستاسپ قدیم اقوام مین سب سے پہلے ایرانیون نے ہند سے تعلقات پیدا کئے ہیرودط جس کا زمانہ پانچوین صدی قبل مسیح لکھتا ہے کہ دارا ابن ہستاسپ نے اِس امر کے دریافت کرنے کے لئے کہ سندہ کی ندی کس سمندر مین گرتی ہے۔ اپنے ایک سپہ سالار اسکائی لاکس کو ہندوستان بھیجا۔ یہ اٹک کے قریب سندہ کی ندی مین سے ہوتا ہوا سمندر تک پہنچا اور پھر مغرب کی طرف سے تیرہ مہینہ کی جہازرانی کے بعد بحر احمر تک پہونچ گیا۔ اِس کے بعد دارا نے اِسی راستے سے آکر شمالی ہند کو فتح کیا لیکن جن ہندوؤن کا ذکر ہیرودط کرتا ہے اور جن کے متعلق خط پرکانی کتبون مین یہ لکھا ہے کہ وہ شہنشاہ ایران کو خراج دیتے تھے فی الواقع وہ وحشی اقوام تھین جو دریائے سندہ کے قرب وجوار مین بسی ہوئی تھین اِن کی نسبت ہیرودط لکھتا ہے کہ جب اِن کے والدین بیمار ہوتے تو یہ انھین کھا جایا کرتے تھے اور مثل حیوانات کے اپنی عورتون کے ساتھ کھلے طور پر مباشرت کرتے تھے۔

دارا کے جانشین ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دارا کے جانشینون کے تعلقات بھی ہندوستان کے ساتھ قایم رہے کیونکہ جس وقت ۳۳۱ قبل مسیح مین اسکندر نے اخیر شاہنشاہ ایران دارا کدومن کو شکست دی تو اُس کی قوم مین ہاتی موجود تھے۔ اسکندر کی چڑھائی کے بعد جس کا زمانہ ۳۲۷ قبل مسیح ہے ہندوستان کسی قدر اپنی حالت پر چھوڑ دیا گیا۔ اسکندر نے اِس ملک مین صرف قدم ہی رکھا تھا اور سندھ کی ندی سے آگے نہین بڑھنے پایا تھا۔ اُس کی واپسی کے بعد دس سال کے اندر ایک یونانی سپاہی بھی ہند مین نہ رہا لیکن اُس کی فوج کشی کا یہ نتیجہ ہوا کہ ایک غیر معلوم دنیا کی طرف یورپ کی توجہ مصروف ہوگئی۔ تھوڑے دنون مین وہ حکومتین جن کو سکندر اپنے صوبہ دارون کے ماتحت قایم کر گیا تھا خود مختار ہوگئی۔ اُس کے مرتے ہی اُن کا تعلق یونانیون سے باقی نہ رہا دس سال کے اندر اندر ملک یونانیون سے خالی ہوگیا۔

یونانیون کے تعلقات ہند سے ہند کے تعلقات یونانیون کے ساتھ بلخ کی یونانی حکومتون کے ذریعہ سے مدت تک باقی رہے جیسا کہ گمستھنیز کی سفارت سے ثابت ہوتا ہے۔ اِس یونانی سفیر کو سلوکس نیکوٹار شام کے

حاکم نے تقریباً تین سو سال قبل مسیح پاٹلی پتر کو بھیجا تھا اور یہ پہلا موقع تھا جبکہ یورپیون نے ہند کے اندرونی حصے مین نفوذ کیا - اِس زمانہ کی تاریخ کے لئے صرف ہمارے پاس اسی یونانی سفیر کے بیانات رہ گئے ہین - ظاہرا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گمستھینز کی سفارت سے سیلیوکس کی غرض یہ تھی کہ یونن نے جو تجارت یورپ سے قایم کی اُس کا راستہ بدل کر بلخ اور دمشق اور انطاکیہ سے ہوکر مصر کو کر دیا جائے - یہ وہ تجارت تھی جس نے مصر کے خاندان بطلیموسی کو دولت مند بنا دیا تھا اور آگے چل کر قاہرہ کے خلفائے اسلام نے بھی اِسی تجارت کی بدولت بہت کچھ مال و دولت حاصل کیا - بلخ کی یونانی حکومت کے تعلقات ہندوستان کے ساتھ مدت تک قایم رہے ہیں جیسا کہ ہمین شمال و مشرق ہند کی عمارات کے مطالعہ سے معلوم ہوگا -

جہاز کا براہ راست ہند کو پہنچنا سنہ قبل مسیح مین جس وقت مصر حکومت روما کا ایک صوبہ ہوگیا شاہنشاہ اگسٹس نے اِس خیال سے کہ عرب جو مصالح وغیرہ لاتے ہین اور جس کو فی الواقع وہ ہند سے لایا کرتے تھے خود اُن کے ملک کی پیداوار ہے - ایک فوج کشی عربستان پر کی لیکن کامیاب نہ ہوا - شاہنشاہ کلاڈیس کے وقت مین جب اتفاق مخالف ہوا ون نے ایک جہاز کو جزیرہ سیلون کے کنارے پھینکا اور اُس وقت یہ بات معلوم ہوئی کہ بعوض کنارے کنارے جانے کے جہاز بخوبی براہ راست ہند کو آ سکتے ہین - اسکے بعد سے رومی تجار مصر سے براہ راست گوا یا کیلیکٹ یا بسنگلور کو آنے لگے اور پلینی لکھتا ہے کہ اِس سفر مین صرف دو مہینے دس دن لگتے تھے اُس زمانہ کے ایک تاجر نے اپنا سفرنامہ لکھا جس کا نام ایرتھرین سمندر کا پیریپلس تھا یہ کتاب آرین کے پیریپلس کے نام سے مشہور ہوئی اور اس مین بہت سی جغرافی اطلاعات پائی جاتی ہین -

بطلیموس کا جغرافیہ بطلیموس کے جغرافیہ سے ہمین قدیم اقوام کی اُن اطلاعات کا اندازہ ہوسکتا جو اُنہون نے ہند کے متعلق حاصل کی تھین - یہ اطلاعات نہایت ہی ناقص اور زیادہ تر ساحل کے بیانات پر

محدود ہین۔

عرب اور چینی سیاح سلطنت روما کے زمانۂ انحطاط مین ہندوستان سے تعلقات اور بھی کم ہو گئے اور بالآخر جس وقت عربون نے خلفائے راشدین کے زمانہ مین سلطنت بزنطیہ کو فتح کر لیا تو ان تعلقات کا خاتمہ ہو گیا۔ مسلمانون نے ایک ہزار سال تک اقوام نصاریٰ کے کار آمستہ ہندوستان کی طرف بند رکھا اور اس زمانہ کے حالات ہمین صرف عرب سیاحون کے بیانات سے معلوم ہوتے ہین۔ مسعودی دسوین صدی عیسوی مین ہندوستان آیا اور ابن بطوطہ تقریباً ۱۳۳۳ء مین لیکن ان عرب سیاحین سے بہت پہلے بدھ مذہب کے چینی زوار اس ملک مین آ چکے تھے اور ہوئن تسانگ کا سفرنامہ ہمارے لیے ایک بڑا ذخیرہ اُس زمانہ کی معلومات کا ہے۔

پرتگیزون کا ہند کی راہ کو پالینا یورپی سیاحون مین پہلا شخص جو ہند تک پہنچا ایک اطالوی مارکوپولو تھا جو تیرہوین صدی مین آیا۔ اسی کا ایک ہم وطن پندرہوین صدی مین آیا۔ یہ دریائے فرات کی راہ سے خلیج فارس ہوتا ہوا کھمبایت پہنچا تھا۔ عجائبات ہند کے قصے کہانیون نے ازمنہ متوسطہ مین یورپی اقوام کی طمع کو اس ملک کا گرویدہ کر دیا تھا اور ان مین سے ہر ایک قوم نے یہی کوشش کی کہ علاوہ اُس راہ کے جسے مسلمانون نے بند رکھا تھا کوئی دوسرا راستہ ہندوستان تک پہنچنے کا نکالے۔ ہمین معلوم ہے کہ کرسٹاف کولمبس اسی راہ کی تلاش مین جا رہا تھا جس وقت وہ امریکہ کو جا پہنچا اور جب اُس نے انگلینڈ کی زمین پر قدم رکھا تو اُس کو یہی خیال تھا کہ جزائر ہند مین سے کسی جزیرہ پر پہنچ گیا ہے۔ وہ اسی غلطی مین مر بھی گیا اور اصل حقیقت اُس پر نہ کھلنے پائی۔ اس پُر اثر راستے کا نکالنا پرتگیزون کے حصہ مین تھا۔ ۱۴۹۷ء مین واسکوڈیگاما جنوب افریقہ کے راس کے گرد ہو کر ہند کی جانب چلا اور کیالیکٹ مین جو ساحل ملابار پر ہے لنگر ڈالا۔ اس راہ کے پا جانے سے پرتگیزون نے یورپ اور ہند مین بلاواسطہ تعلقات پیدا کر دیے اور مصر کی اُس تجارت کا بھی خاتمہ کر دیا جو ہزارہا سال سے چلی آتی تھی۔ اس کے بعد سے مغرب کے تعلقات مسلسل ہو گئے اور کل یورپی قسمت آزماؤن



(۳۸) سانچی۔ شمالی پھاٹک کی سنگتراشی اور بنت کاری

نے اِس ملک پر گرنا شروع کر دیا۔ کہا جا سکتا ہے کہ اُنیسویں ہی صدی کی شروع مین جب سے سنسکرت زبان کا پتہ لگا اور علمی اصول پر ہند کی تحقیقات شروع ہوئی۔ وہ پردہ جو یورپ اور ہند کے بیچ پڑا ہوا تھا اور جس نے اِس سرزمین کو اس قدر پُراسرار بنا رکھا تھا بالآخر اُٹھ گیا۔

فصل دوم۔ یوروپیون کی پہلی آبادیان ہندوستان مین

پرتگیز | واسکوڈی گاما جس ساحل تک پہنچا وہ راموزن یعنی بادشاہ کیالیکٹ کی حکومت مین تھا سنہ ۱۵۰۱ء مین البوکرک نے گوا کو فتح کر لیا اور اسے پرتگیزی ہند کا دارالحکومت قرار دیا۔ پرتگیز پھیلتے پھیلتے تبدریج مغربی ساحل ملابار کے بہت بڑے حصہ پر قابض ہو گئے اور ان کی حکومت کاٹھیاواڑ تک پہنچ گئی۔ پرتگیزون کو ملک گیری تو آتی تھی مگر اُن مین ملک داری کی متعلق صلاحیت نہ تھی اور تھوڑے ہی زمانہ مین یہ دوسری یوروپی قوتون کے مقابلہ مین نیست و نابود ہو گئے۔

ہالنڈی | ان کے اول قریب ہالنڈی تھے۔ انہون نے پہلے سنہ ۱۵۹۶ء مین ہند پر چڑھائی کی اور نصف صدی کے اندر انہون نے پرتگیزون کو بالکل ملک سے اُٹھا دیا اور اگر انگریز انہین نہ اُٹھاتے تو یہ ہند مین ایک بڑی حکومت قایم کر لیتے لیکن اِن کی قوت خود یورپ مین اِس قدر کم تھی کہ یہ انگریزون کا مقابلہ نہ کر سکے اور مغلوب ہو گئے۔

انگریزی کمپنی | سنہ ۱۶۰۰ء مین شاہزادی الیزابتھ کے عہد مین پہلی انگریزی کمپنی تجارت کے اغراض سے قایم ہوئی۔ کمپنی کے تاجر مقامون نے جو شاہی دربار مین بھیجے گئے تھے نہایت درجہ کی فروتنی اختیار کی اور جس وقت سنہ ۱۶۰۸ء مین ہاکنس جہانگیر کے دربار مین جیمس اول بادشاہ انگلستان اور کمپنی کے سفیر کی حیثیت سے داخل ہوا تو اس کی نسبت یہ خیال کیا گیا کہ وہ ایک بہت ہی چھوٹے جزیرے سے آیا ہے

جس کے باشندے کچھ سے ہین - دو سال قیام کرنے کے بعد جب اُس نے اپنے مالک کے نام کا خط انگلستان کے بادشاہ کو خط لکھنا شاہنشاہ ہند کی شان کے خلاف ہے کمپنی اِس جواب سے مایوس نہین ہوئی - اور حکمت عملی کے ذریعہ سے اُنھون نے جہانگیر سے ایک فرمان حاصل کیا جس کی رو سے اُنھین سورت مین کارخانہ قایم کرنے کی اجازت ملی - ساٹھ سال کی مدت مین کمپنی نے اپنے کام کو وسعت دی اور تقریباً تمام مُلک مین اُن کے کارخانے قایم ہو گئے - ۱۶۶۱ء مین کمپنی حکومت مغلیہ سے لڑی لیکن مغلوب ہوئی -

فرانسیسی کمپنی پُرتگیزون اور ہالنڈیون کی جگہ لینے کے بعد انگریزون کو ایک دوسری قوت سے کام پڑا جسے اُنھین نکالنا ضرور تھا - یہ رقیب فرانسیسی تھے جو بہت دیر مین ہند تک پہنچے تھے لیکن اُنھون نے بھی ۱۶۶۴ء مین کولبر کی پناہ مین ایک ہندی کمپنی قایم کی تھی - جب تک مغلیہ حکومت قایم رہی کسی یورپی قوم نے اپنے ساحلی کارخانون کو ملک کے اندر بڑھانے کا ارادہ ضمین کیا - لیکن اورنگ زیب کی وفات کے ساتھ ہی ذی حوصلہ لوگون کے لیے میدان خالی ہو گیا - جس وقت مغلیہ حکومت کے ٹکڑے ہو کر چھوٹی چھوٹی حکومتین قایم ہو گئین تو پھر ان کے باہمی جھگڑون مین دخل دیتے دیتے ایک بڑی سلطنت کا قایم کرنا آسان ہو گیا بمقابل اور دعویدارون کے صرف فرانسیسی اور انگریز دو فوجین رہ گئین جو اِس ملک کی مالک بن سکتی تھین اور بہت جلد خود ان دونون مین فیصلہ ہونے والا تھا -

فصل سوم - انگریزون اور فرانسیسون مین باہمی جنگ

دکن کی حالت انگریزون اور فرانسیسون کی پہلی جنگ جنوب ہند مین ہوئی - یہی وہ خطہ تھا جہان شدت کی بدعملی تھی - اِس وقت زیادہ حصہ دکن کا نظام حیدرآباد کے زیر حکومت تھا - اور کارناٹک بھی ایک نواب کے تحت



(۳۹) بنارس کا سند

مین تھا جو نظام کا باج گذار تھا۔ اقصائے جنوب مین ٹرچناپلی۔ میسور اور تانجور ہندو حکومتین تھین۔ پانڈے چیرے مابے کاریکل اور چند رنگر فرانسیسیون کے قبضہ مین تھے انگریز مدراس۔ بمبئی اور بعض ساحل کے بنادر پر قابض تھے اور مرہٹے ہر طرف مار دھاڑ کر رہے تھے۔

ڈوپلے سنہ ۱۷۴۲ء مین جب فرانس اور انگلستان کے درمیان یورپ مین اعلان جنگ ہوا تو ہند کے فرانسیسی مقبوضات کا گورنر جنرل ایک شخص ڈوپلے ہی تھا جس نے یہ ارادہ کیا کہ انگریزون کو ہند سے نکال باہر کرے اور فرانس کا قبضہ ملک پر کرادے۔ چند لڑائیون کے بعد اس نے لابرڈونے کی مدد سے سنہ ۱۷۴۶ء مین انگریزون کا قبضہ مدراس اور کل دوسرے مقامات سے اُٹھا دیا۔ ساحل شرقی کا مالک بن گیا جب اُسے خود اپنے ملک سے فوج اور روپیہ کی مدد نہ مل سکی تو اُس نے تنہا مسمہ چند صاحب کے جنہون نے اُس کا ساتھ دیا تھا اور زیادہ تر بوسی کی مدد سے یہ ارادہ کیا کہ اس ملک عظیم کو فتح کرے اور انگریزون کو یہان سے بالکل اُٹھا دے۔ اسی زمانہ مین نظام حیدرآباد نے انتقال کیا اور ڈوپلے نے موقع پاکر ایک ایسے بادشاہ کو تخت پر بٹھایا جو اُس کا طرف دار تھا اور اسی طرح کارناٹک پر بھی اپنے مطلب کے نواب کو حاکم بنایا۔ ان خدمات کے صلہ مین ڈوپلے نے اپنے تئین گل اُس ملک کا جو کشنا کے جنوب مین واقع ہوا تھا۔ اور جس کا رقبہ فرانس کے برابر اور حاصل نوے لاکھ سے زیادہ تھا نواب بنوالیا۔ دفعتہً اس کی قوت اور اُسکا نفوذ بلا اس کے کہ فرانس کا ایک حبہ بھی خرچ ہوے انتہا بڑھ گیا انگریزون نے جب یہ دیکھا کہ ہند کے مقبوضات ہاتھ سے جا رہے ہین تو انہون نے حکمت عملی سے بادشاہ فرانس لوئی یازدہم کا حکم ڈوپلے کی واپسی اور کل مفتوحات کے چھوڑ دینے کے لیے حاصل کر لیا۔ کسی فرانسیسی بادشاہ نے اس سے زیادہ شرمناک معاہدہ نہ کیا ہوگا۔

ڈوپلے فرانس کو واپس آیا اور مصیبت کی حالت مین مرا۔ اُس نے اپنے بادشاہ کی عدول حکمی نہ کی حالانکہ اُسے پورا حق سرتابی کا موجود تھا کیونکہ شاہنشاہ دہلی نے اُسے مستقل بادشاہ مان لیا تھا۔ اگر ڈوپلے نے لوئی کے حکم کی تعمیل نہ کی ہوتی تو وہ فی الواقع اپنے ملک کی بڑی خدمت کرتا کیونکہ اس معاہدہ کے بعد ہی سنہ ۱۷۵۶ء

مین انگلستان اور فرانس مین لڑائی شروع ہوگئی اور اُس وقت کوشش کی گئی کہ ہندوستان کے مقبوضات واپس آئین لیکن اس ارادہ مین صرف اس وجہ سے کامیابی نہین ہوئی کہ ڈوپلے وہان موجود نہ تھا اُس کے جانشین لابی کے پاس ڈوپلے سے کہین زیادہ فوج تھی لیکن اُس مین ڈوپلے کا مادہ نہ تھا بہرحال شکست کھاتے کھاتے بلآخر ۱۷۶۱ء مین پانڈی چیری بھی اُس کے قبضہ سے نکل گیا۔ فرانس واپس آنے کے بعد لابی پر مقدمہ ہوکر اُس کو قتل کی سزا ملی۔ فی الواقع یہ سزا اُن لوگون کو ملنی چاہیئے تھی جنھون نے ڈوپلے کو واپس بلوایا اور آخر بڑا موقع ہاتھ سے کھو دیا۔

انگریزی تسلط کے دو بڑے سبب فرانسیسیون سے چھٹکارے کے بعد انگریزی حکومت ہر طرف سرعت کے ساتھ بڑھنے لگی کمپنی نے دیسی حکومتون کے باہمی جھگڑون مین دخل دیکر ان سب کو یکے بعد دیگرے زیر کر لیا۔ اٹھارہوین صدی کے آخر مین ٹیپو سلطان کا سرنگاپٹن مین شکست پانا اور مسلسل جنگون کے بعد انیسوین صدی کے اوائل مین مرہٹون کی قوت کا گھٹنا دو ایسے واقعات تھے جنھون نے فتوحات کا راستہ کھولدیا۔ کُل دیسی حکومتین یکے بعد دیگرے انگریزی حکومت مین شامل ہوگئین اور جن حکمرانون کا ملک خیرخواہی کی وجہ سے چھوڑ دیا گیا وہ بالکل حکومت انگریزی کے ماتحت ہوگئے صرف ایک ریاست نیپال کی رہ گئی ہے جو اس وقت تک خود مختار ہے۔ اور یہ زیادہ اُس کے موقع کی وجہ سے ہے کیونکہ وہ چارون طرف سے پہاڑون مین گھری ہوئی ہے۔

فصل چہارم۔ ہندوستان کیونکر فتح ہوا

ڈوپلے حکومت انگریزی کی فتوحات کا تفصیلی ذکر کرنا ہماری تصنیف کے مقاصد مین سے نہین ہے۔ لیکن ان عام اصول کو جو ان فتوحات مین ملحوظ رکھے گئے ظاہر کرنا کچھ غیر مفید نہ ہوگا۔ پہلا شخص جس نے ان

اصول کو دریافت کیا ڈوپلے تھا جو تاریخ عالم مین ایک غیر معمولی قابلیت کا شخص تھا اور خود انگریزون نے اس کی پوری داد دی ہے انھون نے اُس کا ایک مجسمہ کھڑا کرکے اِس امر کا اعتراف کیا ہے کہ اسی شخص کی تدابیر کو عمل مین لانے سے حکومت انگریزی تمام ہندوستان پر قابض ہوگئی ورنہ یہ نتیجہ خواب وخیال مین بھی نہ تھا

وہ مشہور مورخ لارڈ مکالے ڈوپلے کے متعلق حسب ذیل لکھتا ہے۔ "ڈوپلے پہلا شخص تھا جس نے اس امر کا احساس کیا کہ ہند مین سلطنت مغلیہ کی جگہ ایک بڑی حکومت قایم ہوسکتی ہے۔ اُس کی ذہین اور ایجاد پسند فطرت نے ایسے وقت مین یہ ارادہ کیا تھا جبکہ انگریزی کمپنی کے قابل سے قابل ملازم کارخانے چلانے اور جاگیر دینے کے شغل مین مصروف تھے۔ ڈوپلے نے نہ صرف ملک گیری کا منصوبہ ہی کیا تھا بلکہ اُس نے درست طور پر معلوم کر لیا تھا کہ اس ملک گیری کے ذرایع کیا ہین۔ وہ دیکھ چکا تھا کہ دیسی رئیسون کی بڑی بڑی فوجین جب میدان مین آئین تو وہ چھوٹی سی یورپی فوج کا بھی مقابلہ نہ کرسکتین وہ یہ بھی دیکھ چکا تھا کہ دیسی اقوام مین یورپی تعلیم کے ذریعہ سے ایسے سپاہی تیار ہوسکتے ہین جن کی سپہ سالاری کو نپولین اعظم بھی اپنا فخر سمجھے۔ وہ یہ بھی معلوم کر چکا تھا کہ دیسی اقوام پر اثر ڈالنے اور اُن پر حکومت کرنے کے لیے ضرور ہے کہ کسی بڑے نام یا کسی نواب یا انعام کا ذریعہ مہیا کیا جائے۔ لو اہرم اور دوراندیش ڈوپلے نے سب سے پہلے ان اصول ملک گیری کو سمجھا اور اُن پر عمل کیا اور چند سال بعد خود انگریز انہین اصول کو اختیار کرکے کامیاب ہوئے"

ہند کو فتح کرنے کے گُر اسٹوارٹ مل جہان ہندوستان کے فتح کے اسباب سے بحث کرتا ہے تو وہ بھی قریب قریب وہی الفاظ استعمال کرتا ہے جو مکالے نے کیے۔ اور لکھتا ہے کہ "ہندوستان کو فتح کرنے کے متعلق ڈوپلے نے دو گُر معلوم کر لیے تھے اول یورپی تعلیم یافتہ افواج کے مقابل مین دیسی افواج کا کمزور ہونا اور ثانیاً دیسی افواج کا بآسانی اس تعلیم کو پوری طرح حاصل کرلینا"

پروفیسر سیلی کی رائے پروفیسر سیلی بھی جو حال کے مورخ ہین ہندوستان کی فتح کو انہین دو اسباب کی طرف منسوب کرتے ہین اور لکھتے ہین کہ "وہ جیسا انگریزون کا خیال ہے یہ فتح ہرگز اُن کی کسی خاص جسمانی یا اخلاقی تفوق

کی وجہ سے وقوع مین نہین آئی یہ مصنف کی رائے اس قدر سخت نہین ہے جیسی پروفیسر سیلی کی - مگر مصنف یہ ضرور کہے گا کہ بلاشبہ انگریزون مین دو خصایص ہین جن کا مقابلہ ہندی ہرگز نہین کر سکتے یعنی اُن کا اعلیٰ درجہ کا استقلال اور اُن کی اعلیٰ درجہ کی مستعدی - انھین دو خصایص سے انھون نے ہند کو فتح کیا ہے اور یہی دونون خصایص اُن کی حکومت کو قایم رکھین گی -

غیر اگر | انگریزون نے صرف یہی دو گر ڈوپلے سے نہین سیکھے بلکہ ایک تیسرا گر بھی سیکھا جس سے انھون نے کام لیا - یہ بھی ایک بت بڑا گر تھا یعنی اُس نے قرار دے دیا تھا کہ کسی غیر ملک کی فتح اُسی ملک کے روپئے اور اُسی ملک کے سپاہیون کے ذریعہ سے ہونی چاہیے - نہایت تعجب کی بات ہے کہ اگرچہ اس اصول کو ایک فرانسیسی نے قایم کیا تھا لیکن خود فرانس کی فتوحات مین اس کا استعمال نہ ہو سکا - الجزائر اور بت ہی دوسری فرانسیسی فتوحات نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ قوم جو کسی بڑے اصول کو ایجاد کرتی ہے بعض اوقات کس درجہ تک اُس کے استعمال کرنے سے قاصر ہو جاتی ہے -

ڈوپلے کے اصول پر عمل | پس ڈوپلے کے خیالات کو اخذ کر کے انگریزون نے یہ عجیب نتیجہ نکالا ہے کہ نہ صرف انھون نے ہند کو بلا اپنا روپیہ خرچ کیے ہوئے فتح کیا بلکہ جس فوج سے اُنھون نے کام لیا وہ بھی بالکل دیسی فوج تھی غرض نہ اُن کا ذاتی روپیہ خرچ ہوا اور نہ اُن کے آدمی کام آئے دیسی ہی فوج سے اور ملک ہی کے روپیہ سے انھون نے سارے مُلک پر قبضہ کر لیا -

بآسانی فتح ہونے کے وجوہات | بادی النظر مین نہایت تعجب معلوم ہوتا ہے کہ اتنے کثیر و رون اشخاص کیونکر اس آسانی سے مفتوح ہو گئے - اگر بالفرض فاتح فوج مین بعوض چند ہزار کے بہت زیادہ سپاہی بھی ہوتے تاہم نہایت حیرت انگیز ہے لیکن اس کتاب کے پچھلے ابواب کو پڑھنے والے تعجب نہ کرین گے ہند صرف جغرافی حیثیت سے تو ایک مُلک ہے لیکن اس کے باشندے آپس مین غیر اقوام مین اور ذات کی رسم نے اور بھی خصے بٹا دیے ہین اور ہر ایک قوم مین اس قدر تفریقین پیدا کر دی ہین کہ کہا جا سکتا ہے کہ ایک

ہندو کے لئے اُس کے ملک کے اکثر افراد بالکل غیر اور بیگانہ ہین - دکن کا ہندو بنگالیون یا راجپوتون کی نظرون مین اُسی قدر پرایہ اور بیگانہ ہے جیسا کوئی یوروپی -

قومی حیثیت کا نہ ہونا ہند مین قومی حیثیت کا نہ ہونا ایک ایسا واقعہ ہے جسے بار بار یاد دلانا پڑتا ہے کیونکہ جو یوروپی اِس ملک مین نہین آئے ہین اُن کی سمجھ مین یہ بات ہرگز نہین آتی - بہت کم مورخ ہین (علی الخصوص فوجی تاریخ لکھنے والے) جو اس اصولی نتیجہ تک پہنچے ہین کہ تاریخی واقعات کا وار و مدار زیادہ تر اسباب پر ہے نہ کہ فوج کثیون پر - البتہ پروفیسر سیلی نے ہند کے متعلق اِس اصول کو تسلیم کیا ہے وہ لکھتے ہین "جس روز ہند مین قومیت کا احساس پیدا ہونے لگا وہ کتنا ہی کمزور کیون نہ ہو اور گو یہ احساس اس حد تک بھی نہ بڑھے کہ غیر قوم کو عملی طور پر ملک سے باہر نکال دینے کا جوش پیدا کرے بلکہ صرف اسی قدر خیال پیدا کر دے کہ غیر قوم کی حکومت کی اعانت کرنا شرم کی بات ہے تو اُسی روز سے گویا ہماری حکومت ختم ہو جاے گی کیونکہ ہماری فوج مین دو تہائی دیسی سپاہی ہین"

قومیت کا نہ ہونا یہ انگریزی حکومت محض اسی وجہ سے قوی اور انقلابات سے محفوظ ہو رہی ہے کہ ہند مین قومیت کا مطلق احساس نہین ہے ۱۸۵۷ء کا غدر بالکل سپاہیون کا بلوہ تھا جس کے اسباب فوجی شکایتین تھین عام اقوام ہند نے اِس مین کوئی دلچسپی نہین لی - صرف معدودے چند پوربیون نے خیر خواہ دیسی سپاہیون کو رکھے سکھ پنجاب کی فوج کی مدد سے اِس بلوہ کو فرو کر دیا -

تعلیم قومیت پیدا کر دے گی علاوہ یوروپی اقوام کی فوج کثیون کے اگر انگریزی حکومت کو کوئی خوف ہند مین ہے تو وہ اِس ہندی قومیت کا خوف ہے اِس وقت تو قومیت کا تخیل بہت ہی دور معلوم ہوتا ہے لیکن خود انگریزی حکومت اپنے طریقۂ تعلیم کے ذریعہ سے جس کا ذکر آے گا اس تخیل کو پیدا کرنے کے اسباب اور اُس کے ساتھ ہی اپنی عظیم الشان حکومت کی بربادی کا سامان کر رہی ہے -

LIBRARY
HYDERABAD-7

کتاب چہارم

ہندوستان کے تمدن کی تدریجی ترقی

باب اوّل - ویدی زمانہ کا تمدن یعنی ہندی معاشرت کی تصویر تقریباً ایک ہزار سال مسیح مین

فصل اوّل - تمدن ہند کی تقسیم مختلف ازمنہ کے لحاظ سے

تاریخی مواد کی کمی | اس سے پہلے کے ایک باب مین ہم بیان کر چکے ہین کہ زمانہ قدیم کی کوئی تاریخی کتاب ہم تک نہین پہنچی ہے اور تقریباً ایکہزار سال کے مطلق ہمین بجز بعض یادگارون کتبون اور یونانی مصنفین کے جزوی بیانات کے کوئی ذریعہ معلومات کا باقی نہین رہا ہے - اگرچہ ہند کے پرانے تمدن کا اندازہ کرنے کے لئے ہمارے پاس بہت کم مواد ہے لیکن یہ مواد بمقابل تاریخی مواد کے بہت زیادہ ہے - مختلف ویدون اور رامائن کے قصون اور منو کی کتاب قانونی کے ذریعہ سے ہم بخوبی معلوم کر سکتے ہین کہ ہندون کی معاشرتی حالت اُس زمانہ مین کیسی تھی - بیسیون قصص و حکایات جو اُس زمانہ کے ہم تک پہنچے ہین اُن سے ہمین اُس وقت کی مخلوق کے خیالات اور محسوسات کا اچھی طرح اندازہ ہو سکتا ہے - ان کے علاوہ بعض یادگارین جو باقی رہ گئی

ہین اور گستمیر اور چینی سیاحون کے چشم دید واقعات کے بیانات (کاش یہ اس قدر کم نہ ہوتے) ہماری معلومات مین ایک مفید اضافہ کردیتے ہین -

تمدن کی تدریجی ترقی جب ہم کسی یورپی قوم کے تمدن کا مطالعہ کرتے ہین تو ہمین اُس مین ایک تدریجی ترقی معلوم ہوتی ہے برخلاف اِس کے کسی مشرقی قوم اور علی الخصوص ہندو اور چینیون کے تمدن مین ہمین یہ مدارج صاف طور پر محسوس نہین ہوتے یہ نہین کہا جا سکتا کہ درمیانی مدارج تھے ہی نہین لیکن اصل یہ ہے کہ اِن اقوام کی قدیم تاریخ سے ہم اِس درجہ کم واقف ہین کہ ہمین یہ مدارج بشکل نظر آتے ہین علاوہ بریں ان مین سے بہت سی اقوام اُس خاص درجہ مین ہین جس مین ترقی کی رفتار نہایت ہی سست ہوتی ہے اگر یورپ کی تمدنی ترقی دفعۃً ازمنہ متوسط مین موقوف ہوگئی ہوتی اور مشرقی تمدن کی طرح کل تاریخی ذرایع تلف ہوگئے ہوتے تو ہمارے تمدن کے متعلق بھی اِسی قسم کی رائے قائم ہوتی اور کہا جاتا کہ مغرب مین بھی کوئی ترقی نہین ہوئی - چونکہ ہم اُس طول زمانہ کو جس مین تمدن کی رفتار نہایت سست ہوتی ہے طے کر چکے ہین اِس لئے اِس وقت ہمارا تمدن سرعت کے ساتھ ترقی کر رہا ہے مشرق کی اقوام مین بھی ایک ابتدائی درجہ وحشت کا تھا جسکو ہم مین تھا انھون نے بھی اپنے کو اس درجہ تک پہونچا لیا ہے جہان ہمارا تمدن ازمنہ متوسط مین تھا لیکن یہ اقوام رسوم و روایات اور مذہبی اعتقادات کے زنجیرون مین اِس طرح جکڑی ہوئی تھین کہ اُس درجہ سے یہ اب تک آگے نہ بڑھ سکین - ہم تو ازمنہ متوسط کے درجہ کو طے کر چکے ہین لیکن ینھون ہین ابھی اُس مین سے نہین نکلی ہین یہ اُسی ابتدائی درجہ مین ہین جس مین ترقی کی رفتار تیز نہین ہوتی -

ترقی سُست ہونے کے اسباب منجملہ اُن اسباب کے جن سے مشرقی اقوام کی ترقی مین اس قدر سُستی آگئی ہے اور جن مین مرز بوم زندگانی کی وسائل قوم کی روحانی خصایص وغیرہ وغیرہ شامل ہین ایک بڑا سبب مذہب بھی ہے - کسی زمانہ مین ہمارا گروہون پر بھی مذہب کا جو کچھ کم بھاری نہ تھا لیکن ہمیشہ سے مشرقی اور مغربی مذاہب مین ایک بہت ہی بڑا اصلی فرق یہ رہا ہے کہ مغرب مین کل مذہبی احکام محض اعتقادات سے متعلق ہین برخلاف

اس کے مشرق مین مذہب نہ صرف اعتقادات کی تعلیم کرتا ہے بلکہ سیاسی اور معاشرتی معاملات مین دخل دیتا ہے۔ مشرق کی احکامی کتابین نہ صرف مذہبی ہین بلکہ سیاسی اور معاشرتی بھی ہین اور چونکہ ان کی نسبت یہ اعتقاد ہے کہ یہ احکام الٰہی اور غیر ممکن التبدل ہین اس لئے ان کی ساری تعلیم بھی تبدیل پذیر نہین ہے۔ اور اسی وجہ سے ان اقوام کی زندگانی مین اس قسم کے تغیرات جو زمانہ کی ضرورتون سے لازمی ہوجاتے ہین عمل مین آنہین سکتے۔ ہم نے تمدن عرب مین اس امر کو دکھایا ہے کہ قرآن شریف کی وجہ سے جو عربون کا مذہبی و سیاسی و معاشرتی قانون تھا اُن مین ایک اتحاد تو ضرور پیدا ہوگیا اور اُن کے محسوسات اور اعتقادات ایک ہی سانچے مین ڈھل گئے لیکن آخر مین یہی مذہبی جکڑبندی اُن کے انحطاط کا بھی باعث ہوگی کیونکہ جو ضرورتین زمانہ کی ترقی نے پیدا کردی تھین مذہب اُن کا ساتھ نہ دے سکا۔

ہند کے عمل نظامات کی جڑ مذہب ہے۔ ہند مین مذہب کُل معاشرتی نظامات کی بنیاد ہے بلکہ کہنا چاہیئے کہ ہنود کے سارے نظامات مذہبی ہین چونکہ ہند کے تمدنی انقلابات مین مذہب کا بہت بڑا حصہ ہے اس لئے ہم نے اس تمدن کی تقسیم مذہبی بنیاد پر کی ہے۔ اگر ان مذہبی تغیرات کو کسی قلیل زمانہ کے اندر دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ بتدریج وقوع مین آئے ہین لیکن چونکہ تاریخی مواد کی کمی ہے درمیانی مدارج ہمین نظر نہین آتے۔ اور جس وقت کئی صدیون کے زمانہ کو ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا پڑتا ہے تو مذہب مین بڑے بڑے تغیرات نظر آنے لگتے ہین۔ تمدن ہند کی تاریخ کسی ایسے نقشہ نویس کا بنایا ہوا نقشہ نہین ہے جو کسی ملک کے ایک ایک راستہ کو پیمائش کرتا ہے اور جنگلون کی پگڈنڈیون سے لیکر شہرون کی سڑکون تک کو نقشہ کے پیچ پر دکھاتا ہے بلکہ ایسے نقشہ نویس کا نقشہ ہے جو کسی اونچے پہاڑ پر بیٹھ کر صرف ملک کی مجموعی حیثیت کا نقشہ بناتا ہے اور بڑے بڑے شہرون کو نقطون کے ذریعہ سے نقشہ پر دکھاتا ہے۔

تمدن ہند کی تقسیم مذہبی تغیرات کی بنا پر مذہبی تغیرات کو بنا تقسیم قرار دے کر ہم تمدن ہند کی چھ تقسیمین کرتے ہین

اول ویدی زمانہ دوم برہمنی زمانہ سوم بدھ مذہب چہارم جدید برہمنی زمانہ پنجم اسلامی زمانہ ششم موجودہ زمانہ یہ اخیر زمانہ اوپر والے زمانوں سے کچھ کم دلچسپ نہین ہے کیونکہ اس مین ہمین زمانہ متوسط کی تمدن اور زمانۂ حال کے تمدن کے باہمی جنگ کا مزہ ملے گا۔

فصل دوم - وہ ذرائع جن سے ویدی تمدن کا علم حاصل ہوسکتا ہے

طرز بیان | تکرار سے بچنے اور اپنے بیان مین فصاحت پیدا کرنے کے لئے ہم اس فصل اور اس کے بعد کے فصول مین ایک عام بیان ہر ایک زمانہ کے تمدن کا کرین گے۔ ہر ایک زمانہ کی صنعتین یادگارین وغیرہ خاص خاص فصلون مین لکھی جائین گی۔

آریون کا تمدن اور رگ ویدہ | آریون کا تمدن ہند کے شمال و مغرب مین تقریباً پندرہ سو سال قبل مسیح مین آیا۔ اس زمانہ کی کوئی پتھر کی عمارت ہم تک نہین پہونچی ہے اور نہ ہمین معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت ایسی عمارتین بنی بھی تھین جو چیز ہم تک پہونچی ہے وہ ایک بہت بڑا ذخیرہ مذہبی خیالات کا ہے جو وید کے نام سے مشہور ہے یہ کتابین مختلف اوقات مین لکھی گئی ہین اور ان مین سب سے پہلا درجہ رگ وید کا ہے جو پروفیسر میکس مولر کی تحقیقات کی رو سے تقریباً ہزار سال قبل مسیح مین تصنیف ہوا۔ رگ وید کے مطالعہ سے ہمین قدیم آریہ اقوام کی زبان مذہب معاشرت اور دماغی حالت کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ ان قدیم تصنیفات کو ہم تک پہونچے ہوئے سو برس سے زیادہ کا زمانہ نہین گذرا جن یورپی علما نے وید کا ترجمہ کیا ہے وہ ان کی تعریف بھی بہت کچھ کرتے ہین۔ اس وجہ سے کہ انہون نے جرمنی مشقت سے ہوا مین اڑتے ہوئے خیالات کو الفاظ کے پنجرے مین بند کیا ہے لیکن اصل یہ ہے کہ وید کے متعلق درست رائے دینا کوئی آسان امر نہین ہے تعصب اور طرفداری سے قطع نظر کرکے کہا جاسکتا ہے کہ ان مین کوئی مضمون ایسا نہین ہے جس پر انسان عش عش کرے۔ تھوڑے ہی سے مطالعہ کے بعد معلوم ہوجاتا ہے کہ رگ وید کی سوکتون کو محض ایسے

گلہ بانون کی تصنیف نہین خیال کرنا چاہیے جو چراگاہون مین اپنے مویشی کو لیے پھرتے تھے ایسے چرواہے جو ویدکی سی نظمین کہین دنیا کے کسی خطہ مین بھی نہ پیدا ہوئے ہون گے۔ اِن کی عبارت مین ہر جگہ تکلف اور آنشائی اور مذہبی پختہ کاری کے آثار معلوم ہوتے ہین جس وقت علوم تاریخی پر تدریجی ترقی کے اصول سے نظر ڈالی جائے گی تو ثابت ہوجاوے گا کہ اس قسم کی تصانیف ایک زمانۂ دراز کی تعلیمی ترقی کے بعد پیدا ہوتی ہین۔ اور اِن کا کسی سادہ اور خام دماغ سے نکلنا ویسا ہی ہے جیسے کسی گاتھک گرجے کا اُن انسانون کے ہاتھ سے تعمیر ہونا جو میانتھ اور رین ڈیر کے ہمعصر تھے۔ پس ہمین ویدین کسی ابتدائی اور نیم وحشی قوم کا کلام نہین ملتا ہے بلکہ ایک ایسی قوم کا تمدن جو تمدن انسانی کی بہت سے مدارج کو طے کرچکی تھی۔

فصل سوم - آریہ قوم کی اصل

آریہ اقوام | لفظ آریہ کا اطلاق اُن اقوام پر ہوتا ہے جن کی جلدین سفید اور بال سیاہ تھے۔ یہ اقوام ایک ہی زبان بولتی تھین جس کا نام آریک تھا۔ یہ اصل زبان تو مفقود ہوگئی ہے لیکن سنسکرت اسی سے مشتق ہے۔ آریہ اقوام تقریباً پندرہ سو سال قبل مسیح مین کابل کے قدرون مین سے ہوکر ہندوستان آئین یہ کچھ تو خانہ بدوش تھین اور کچھ بستیون مین رہنے والین۔ انہین فن زراعت کا علم تھا اور اکثر ابتدائی اقوام کی طرح اُن کا متخیلہ نہایت ہی زوردار تھا۔ یہ اُن قدیم عبرانیون سے بہت مشابہ تھین جن کا ذکر ہیرودوطس نے کیا ہے۔ آریہ اقوام بتدریج دریائے سندھ سے گنگا تک آئین اور اُس کے بعد برہمپتر تک پھیل گئین۔ راہ مین انہون نے سیاہ فام اور سیدھے بال والی اقوام اور نیز تورانیون کو جو اِن سے پہلے یہان مقیم تھے زیر کیا اور بتدریج اِس خطے مین بس گئین۔

آریون کا اصلی وطن | یہ مسئلہ کہ اقوام آریہ کا جنھون نے ہند کی تاریخ مین اتنا بڑا حصہ لیا ہے اصل وطن کہان

تھا اِس وقت تک معرض بحث مین ہے۔ بعض خیال کرتے ہین (اگرچہ یہ محض خیال ہی خیال ہے)
کہ کسی قدیم زمانہ مین اصل آریہ ترکستان مین دریاے جیحون کے قریب مین رہتے تھے ان کی دو بڑی
تقسیمین تھین ایک تو ان مین سے یورپ مین جا بسی اور دوسری ایران کی طرف آئی۔ ایران۔ بلخ اور ہندوکش کے
ملک مین مدت تک رہنے کے بعد یہ اقوام جنوب کی طرف مڑین اور ہندوکش کو پار ہو کر ہندوستان تک پہنچین
اگر اِس قیاس کو مان لیا جاے تو یورپی اور ہندو دونون ایشیائی اور متحد النسل اقوام ہین

زبانون کی مشابہت | لیکن جیسا ہم کہہ چکے ہین یہ صرف قیاس ہی قیاس ہے اور یہ قیاس اُس مشابہت پر
مبنی ہے جو لاطینی۔ یونانی۔ الماني زبانون اور سنسکرت مین پائی جاتی ہے اور جس سے یہ نتیجہ نکالا جاتا
ہے کہ ان کل زبانون کے مادے مشترک ہین۔ اِس مین شک نہین کہ ہندوون اور یوروپیون کی زبانین
متحد الاصل ہین لیکن اِس زمانہ کی تحقیقات نے ثابت کر دیا ہے کہ صرف زبان کے اتحاد سے خواہ مخواہ
قومی اتحاد کا استدلال نہین ہو سکتا بجز اس اتحاد انسانی کے اور کوئی دلیل یوروپیون کے ایشیائی الاصل ہونے کی
نہین پیش کی جا سکتی علاوہ برین اسی دلیل سے ثابت کیا جا سکتا ہے کہ خود ایشیائی یورپ سے آئے ہین
اور حال مین بعض المانی محققین نے اِس قیاس کے ثبوت مین چند سرخ بال والے اشخاص کو پیش کیا
ہے جو ہند کے شمال و مغرب مین پائے جاتے ہین غور سے دیکھا جاے تو یہ دوسرا قیاس یعنی ایشیائیون کا یورپ
سے آنا پہلے قیاس سے بہت زیادہ بعید معلوم ہوتا ہے کیونکہ سرخ بالون والے اشخاص کی تعداد ہند مین بہت
کم ہے۔ اور کہا جا سکتا ہے کہ یہ اُن مختلف اقوام کے پس ماندہ ہین جنھون نے تین چار ہزار سال کی مدت مین اس
ملک کا ارادہ کیا فی الواقع سرخ بال والے اشخاص تمام عالم مین کہین اِس قدر کم نہین ہین جتنے ہند مین اور ممکن
ہے کہ انسان تمام ملک کی سیر کرے اور اثناے سیاحت مین ان مین سے ایک بھی اُس کی نظر سے نہ گزرے
یہ سرخ بالون والے اشخاص آریون کے زمانہ مین بھی موجود تھے کیونکہ منو نے انھین نیچ قوم قرار دیا ہے اور ان کے
ساتھ اعلیٰ الطبقات کے ہندو کا شادی بیاہ کرنا ممنوع کر دیا ہے جبکہ آریہ پوروبی نہ ٹھیرے تو پھر انھین ایشیائی کہنا ضرور پڑا ہوگا

پڑاؤ کے متعلق بہت کچھ تحقیقات ہوئی ہے اور جیحون سے لے کر بلکاخ کی جھیل تک یہ جون بیچ سنگولیا کے ملک مین اِن کی تلاش کی گئی ہے یہ وہ خطہ ہے جس کی نسبت چینی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہزار سال قبل مسیح مین یہان زرد فام اقوام بستی تھین۔ پس اگر ہیرو ڈوٹس کی راے سے اتفاق کرکے (جس کو ماننے کی کوئی ظاہری وجہ نہین معلوم ہوتی) اس امر کو تسلیم کرین کہ آریہ اصل مین مغل تھے تو پھر ہمین اِن کے پڑاؤ کو مغلون کے ملک مین تلاش کرنا لاحاصل ہوگا۔

آریون کے متعلق مصنف کی راے اس بیان سے میرا مطلب آریون کے اصلی وطن کے متعلق کسی نئے قیاس کے قایم کرنے کا نہین ہے مین اسی قدر کہنا چاہتا ہون کہ غالباً یہ یہان کے قدیم باشندے تھے جب یہ ہندوستان مین آئے تو اُس وقت ایران چھوڑکر یہ قرب وجوار کے ملکون مین آچکے تھے اور انھون نے ہندوستان پر مسلسل حملے کئے جیسا کہ ان کے اباواجداد نے یورپ پر حملے کئے تھے اس کے ساتھ ہی میرے خیال مین (اگرچہ میری راے اس بارہ مین دوسرے محققین کی راے سے مخالف ہے) اِن کا خون ہفتوحہ اقوام کے خون مین بہت کم ملا۔ ہمیشہ یہ خیال کیا گیا ہے کہ جس خطہ مین قدیم آریہ رہتے تھے وہ ایک محدود خطہ تھا بر خلاف اِس کے جن ملکون پر انھون نے چڑہائی کی خاص ہندوستان نہایت وسیع تھے۔ اور ان مین ایک بہت بڑی خلقت بسی ہوئی تھی۔ تحقیق سے ثابت ہوچکا ہے کہ جب کوئی قوم جو تعداد مین کم ہو کسی کثیر التعداد قوم سے ملتی ہے تو چند روز مین کثیر التعداد قوم غلب آجاتی ہے اور چند پشتون مین قلیل التعداد قوم کا نام ونشان تک باقی نہین رہتا اس کی بڑی مثال مصر کا ملک ہے یہان کے باشندے فی الواقع اُن عربون کی اولاد نہین ہین جنھون نے انھین فتح کیا اور جن کی زبان اور جن کا مذہب انھون نے اختیار کیا بلکہ یہ فی الواقع عہد فراعنہ کے مصریون کی اولاد ہین جیسا کہ ہمین اُن کی تصاویر سے معلوم ہوتا ہے جو قدیم مقبرون مین کندہ ہین اور موجودہ مصری جن کی زندہ تصویر ہین۔

آریون کا طرز عمل آریون نے جو یورپ مین کیا وہی اُنھون نے ہند مین بھی کیا یعنی اُنھون نے مفتوحہ اقوام مین



(۴۰) بدھ کی مورت ۔ حوالہ شاور

اپنا خون نہین چھوڑا بلکہ اپنی زبان اور اپنا تمدن چھوڑا۔ اگر ہندوستان مین یہ مصر کے عربون کی طرح اس قدر جلد غائب نہین ہو گئے تو اُس کی وجہ یہ ہے کہ یہان ذات کی سختیون نے انہین مدت دراز تک سیاہ فام مفتوحہ اقوام اور تورانیون کے ساتھ ملنے نہین دیا۔ یا اقلاً ان کے میل جول کو بہت سست کر دیا لیکن اس میل نے خواہ وہ کتنا ہی سست کیون نہ ہو بالآخر بمرور زمان قوم فاتح کو قوم مفتوح مین غائب کر دیا ایک مدت دراز سے ہند مین آریون کا وجود ہی نہین ہے اور جب ہم محض بیانکی آسانی اور صول کے متعلق کہتے ہین کہ کوئی قوم کہ وہ پیش آریہ ہے تو اُس سے مُراد یہ ہوتی ہے کہ ان کا رنگ سفید ہے اور یہ یوروپیون سے ملتے ہوئے ہین گو ان کی سفیدی کبھی یوروپیون کی سفیدی کو نہین پہنچتی۔ اگرچہ ہم آریون کی اصلیت سے واقف نہین ہین لیکن اُن کی تصنیفات سے اغلباً اُن کی اولاد و احفاد کی تصنیفات سے جو ہند تک پہنچے اُن کے حالات معلوم کر سکتے ہین ہم اوپر لکھ چکے ہین کہ یہ تصنیفات کیا ہین اور اب ہم ان تصنیفات سے قدیم ہندی آریون کی معاشرتی حالت اور اُن کے تمدن کا استنباط کرین گے۔

فصل چہارم۔ آریہ خاندان

آریہ خاندان | ویدی زمانہ کے آریون مین صرف خاندان اور قوم پر معاشرت کی بنیاد تھی۔ کوئی درمیانی تفریق قبیلہ یا خاندان یا حکومت کی نہ تھی۔ خاندان کے اوپر قوم تھی اور خاندان کے نیچے کوئی چیز نہ تھی کیونکہ اُس وقت شخصی وجود نہ تھا اور خاندان کا کوئی رکن اپنے آباؤ اجداد اور اپنی اولاد و احفاد سے علیحدہ نہین سمجھا جاتا تھا۔ نہ قوم کوئی خاص انسان نہ تھا بلکہ انسان مع اپنے باپ، ان اور اولاد کے۔ اُس کے پیچھے تو وہ پشتین تھین جن سے وہ پیدا ہوا تھا۔ اور اُس کے آگے وہ آیندہ کی جو لین تھین جو اُس کے بعد آنے والی تھین اور جن سے خاندان کے نام کا بقا متصور تھا۔

پرکھون کی پرستش | خود مذہب سے مراد گویا قوم اور خاندان کی پرستش تھی آباواجداد دیوتاؤن کا مرتبہ رکھتے تھے۔ اور شادی اور توالد تناسل مذہبی اور متبرک افعال تھے۔ باپ کی روح کا مان کے ذریعہ سے بچے مین جانا گویا اگنی یعنی پوتر آگ کا جو مادہ خلاق اور عالم کا بنانے والا ہے انسانی جسم مین سے ہوکر نسل کی بقائے دائمی کے لئے گزرنا تھا۔ اپنے تئین کسی دوسری قوم سے ملانا یا بلا بیٹا چھوڑے ہوئے مرجانا آریون مین ایک شدید مصیبت سمجھی جاتی تھی۔ قوم سے بے قوم ہونا گویا اُس سلسلۂ آباواجداد کو قطع کر دینا تھا جو کُل آریون کو اگنی سے ملاتا ہے جو کوئی ایسا کرتا اور اگنی کی پاک سرشت کو اپنے خون کے ذریعہ سے غیر اقوام سے ملا دیتا ہے۔ وہ ہمیشہ کے لئے مردود ہوجاتا ہے اور دیوتا کبھی اُس کی التجا کو نہین سُنتے پس گویا دوسری اقوام کی عورتون سے تعلق پیدا کرنا ایک دائمی لعنت کا طوق گردن مین پہننا تھا۔

بیٹے کی اہمیت خاندان کے لئے | بلا بیٹا چھوڑے ہوئے مرجانا بھی نہایت دردناک نتائج پیدا کرتا تھا۔ بیٹے کے ذریعہ سے آباواجداد کی ارواح کو حیات جاودانی ملتی ہے کیونکہ وہ اُن کی پرستش کرتا اور اُنھین چڑھاوہ چڑھاتا ہے اگر یہ پرستش نہ کی جاے اور یہ چڑھاوے نہ چڑھاے جائین تو پتریون یعنی مرے ہوے بزرگون کی ارواح تلف ہوجاتی ہین اور خاندان مٹ جاتا ہے۔ لڑکیان تو شادی کے ساتھ ہی دوسرے خاندان کے دیوتاؤن کی پرستش کرنے لگتی ہین اور جن پرکھون کو وہ مانتی ہین وہ اُن کے شوہرون کے پرکھے ہوتے ہین اور باپ کے خاندان کے قیام پر اُن کا کوئی اثر نہین پڑتا۔ پس جو شخص بغیر بیٹا چھوڑے ہوے مرجاے ہمیشہ کے لئے مرجاتا ہے اور نہ صرف وہ خود حیات جاودانی کھو دیتا ہے بلکہ اپنے ساتھ اپنے پرکھون کے دور دراز سلسلہ کو بھی لے مرتا ہے۔ یہ امر کہ اگنی خاندان کا باپ اور خالق ہے اور قوم کا خالص رہنا اور مرنے کے بعد چڑھاوا دینے کے لئے بیٹا چھوڑنا ضروریات سے ہے رگ وید کے متعدد جزئیل رجاؤن سے ثابت ہوتا ہے۔

اگنی امرت کا مالک ہے۔ روشنی کا مالک ہے۔ وہی مستحکم خاندان کا دینے والا ہے۔ اے خدا ے باقوت ایسا نہ کر کہ ہم تیرے غلام بلا اولاد بلا خوبی اور بلا چڑھاوون کے رہ جائین۔ کیا ہم تیرے اگنی کی نعمتون سے گھرے ہون گے؟ کیا ہمین دائمی دولت ملے گی؟

اُو اگنی ہم کسی گنہگار، غیر قوم سے نہیں نکلے ہیں۔ تو وہی، استے لے جو تجھے ہمارے پاس پہنچادے۔ اگر صرف وہی خون ہوتا جو ہم میں ہے تو پھر اگنی کو چڑھاوے کہاں ملتے اور کون اُس کی پرستش کرتا۔ اُسے پورا حق اُس مکان میں رہنے کا ہے جسے ہم نے اُس کے لئے خاص کیا ہے۔ آ یہ ہمارے پاس اے نوی نعمتہ اور پرستش کے لائق دیوتا۔ رگ وید۔ تو ان منڈل چوتھا سوکت ۶۔ ۸ رچائین)

خاندان ساری نعمتوں کا مرکز آریون کے اعتقاد میں کل دنیا و عقبیٰ کی برکتیں ایک متحد اور سرسبز اور بڑے خاندان میں تھیں۔ اپنے گھر کی خوشیاں اُن کے نزدیک لاجواب اور بے نظیر تھیں۔ رگ وید میں ان خوشیوں کا برابر ذکر ہے اور جس وقت یہ بھجن گانے والے اپنے دیوتاؤں کی آسودگی اور خوشی کا بیان کرنا چاہتے ہیں تو اُسے بھی بہ انسانی پہلو میں دکھاتے ہیں۔ بی بی کی عفت۔ باپ کی قوت۔ اور بحیثیت گھر کے پروہت اور دینی رہنما ہونے کے اُس کا وقار۔ اولاد کی اطاعت۔ یہ وہ نعمتیں ہیں جنہیں وہ دیوتاؤں کی طرف بھی منسوب کرتے ہیں آریہ ان خوشیوں میں مگن ہیں اور ان کی مذہبی نظمیں ایسے خیالات سے اس درجہ بھری ہوئی ہیں کہ ہمیں ان کے دلوں کا پورا حال معلوم ہو جاتا ہے۔

آریہ خاندان کی عبادت آریون میں ہر ایک خاندان کے لئے اپنے پرکھون کو چڑھاوا چڑھانے سے بڑھ کر کوئی عبادت نہ تھی ہم کہہ چکے ہیں کہ جس وقت یہ چڑھاوے موقوف ہو جاتے تو پھر پرکھون کی ارواح تلف ہو جاتیں اور خاندان ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا۔ چڑھاوے کا چڑھانے والا خاندان کا باپ ہے لیکن ماں بھی اُس کا ہاتھ بٹا لیتی ہے اور ثواب میں شریک ہوتی ہے۔ وہ پہاڑون کے دامن سے ایسی بوٹیون کو لاتی ہے جو خاص چاند کی قوت سے اُگتے ہیں ان سے وہ اس طریقہ کے مطابق جو نہایت تفصیل سے بیان کیا ہے ایک منشی عرق بناتی ہے جو پیتر سوم ہے باپ اس کو آگ پر جس میں چڑھاوا ہے چھڑکتا ہے اور جب آگ کے شعلے عرق کے اثر سے بلند ہوتے ہیں تو پھر وہ اگنی کے بعد سوم کی پرستش کرتا ہے۔ یہ سوم بھی گویا اگنی کا ہم پلہ ہے اور رگ وید کا ایک پورا منڈل اس کی تعریف میں ہے۔

قدیم بھجون سے اِس خالص دیوتا کی تعریف کرو جسے تمھاری مذہبی کتابون نے دیوتاؤن کا خدمت گزار مانا ہے۔ یہ کپڑے کے چھننے پر دودھ سا ہے اور صاف ہوتا ہے اور عالم کا قایم رکھنے والا رشی اسے مسیح کی پرستش کا قاصد مانتے ہین۔ سوم خالص پن اور خوشی کا گھر چڑھاوے کے پیالون مین بیٹھا ہے جس طرح سانڈ اپنا بیج گایون مین پھیلاتا ہے اسی طرح تو ہماری دعاؤن کو پھیلاتا ہے،،

(رگ وید ساتوان منڈل ۹۹ وان نوکتا ۲ - ۶ رچا ئین)

چڑھاوے سے مراد | خیال کیا جاتا تھا کہ یہ چڑھاوا پتریون کے لئے غذا ہے اور یہ اگنی کے ذریعہ سے اُنھین پہنچتا ہے آگ اُس کو جلاتی نہین بلکہ اُسے ارواح کے تغذیہ کے لایق بناتی ہے پتریون کو بلا چڑھاوا چڑھائے چھوڑ دینا ہندو مین ویسا ہی گناہ ہے جیسا ہم مین والدین کو بھوکون مارنا۔ اکثر سارا خاندان آگ کے گرد بیٹھ کر کھانا کھاتا تاکہ پُرکھون کی ارواح اُن کے ساتھ ایک ہی کھانے مین شریک ہوجائین۔

عورتون کا درجہ ویدمین | چونکہ مان بھی باپ کے ساتھ چڑھاوے کے کامون اور ثواب مین شریک ہوتی تھی خیال کیا جاتا ہے کہ اُس زمانہ مین عورت کی حیثیت مساوات کی تھی جس طرح ویدمین عورت کا ذکر ہوا ہے خواہ بحیثیت لڑکی کے یا بحیثیت منسوبہ یا بی بی یا مان کے اُس سے صاف ظاہر ہے کہ اُس وقت عورت ایسی ذلیل اور بدنہین سمجھی جاتی تھی جیسی وہ منوشاستر مین دکھائی گئی ہے ویدمین عورتون کا ذکر ہمیشہ تعظیم کے ساتھ ہوا ہے۔

"آؤ اے حسین بی بی اور دیوتاؤن کی پیاری۔ نرم دل مالی دلربا آنکھون والی۔ اپنے شوہر اور اپنے جاورون کے لئے نعمت بہادین کو جننے والی،، (رگ وید دسوان منڈل ۸۵ وان شوکت ۴۲ دین رچا)

"بی بی کا فرض ہے کہ وہ اپنے شوہر کے ساتھ چڑھاؤ کے ثواب مین شریک ہو،، رگ وید دسوان منڈل ۸۶ وان سوکت دسوین رچا)

وحدۃ الازواج کی رسم | ویدی آریون مین عام طور پر وحدۃ الازواج کی رسم تھی لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بعد کے زمانہ مین راجا اور دولت مند لوگ کئی بی بیان کرنے لگے تھے جس چیز نے آریون مین کثرت الازواج کی

رسم کو جاری کیا وہ بیٹوں کی ضرورت تھی جب پہلی بی بی سے صرف لڑکیاں ہوتیں تو پھر اولاد ذکور کے لئے دوسری بی بی کرنا لازم آتا۔

لڑکیوں کا اپنے شوہروں کو انتخاب | لڑکیوں کو اپنے شوہروں کے انتخاب میں پوری آزادی تھی اور جب کبھی کوئی مرد ایک عورت کے لئے میدان میں مقابلہ پر آمادہ ہوتے تو جنگ کے لئے لڑکی کی اجازت ضروری ہوتی اور وہ ہرگز مجبور نہ ہوتی کہ خواہ مخواہ مخصص غالب ہی کے ساتھ شادی کرے۔ وید میں مرد و عورت کی پہلی محبت نہایت نزاکت کے الفاظ میں بیان کی گئی ہے۔ چونکہ ان آریوں میں دنیا و عقبیٰ دونوں کی خوشی اُن کے گھر سے متعلق تھی اس لئے وہ شادی کے معاملہ میں بے انتہا محتاط رہتے تھے۔ شادی کی رسمیں بھی اُسی طرح مذہبی تھیں جیسی خاندانی زندگی کی کل باتیں ایک طرف تو دعاؤں کے پڑھے جانے اور چڑھاوؤں کی وجہ سے شادی کی رسمیں ایک سنجیدگی اور رزانت پیدا ہوتی اور دوسری طرف نذق برق کپڑوں اور مہمانوں کی تعداد کی وجہ سے اُس میں خوشی کے آثار نمودار ہوتے۔ رگ وید میں ایک سوکت شادی کے بیان میں موجود ہے جسے سوریہ کا بیاہ کہتے ہیں۔ اس کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہم ہزار ہا سال کو طے کر کے خاص اُس موقع پر پہنچ گئے ہیں اور برہمنوں کے وعظ اور دولہ کے وہ الفاظ جو وہ اپنی دُلن سے کہتا ہے ہمارے کانوں میں گونج رہے ہیں۔

باپ کا درجہ | باپ نہ صرف اپنے گھر کا پروہت اور چڑھاوا دینے والا ہے بلکہ اُس کی حکومت پوری ہے اُس کے لڑکے اُسکی اطاعت غلاموں کی طرح نہیں کرتے بلکہ اُس تعظیم و تکریم کے ساتھ جو وہ خود اپنے بزرگوں کی کرتا ہے جب والدین ضعیف اور محنت و مشقت سے عاجز ہو جاتے ہیں تو اولاد اُن کی پرورش اُسی طرح کرتی ہے جیسی اُنہوں نے اپنے بچوں کی کی تھی۔ یہ فرائض کا سلسلہ کبھی ختم نہیں ہوتا۔ پس آریوں کی ساری تمنا یہ تھی کہ وہ اپنے بیٹوں اور پوتوں میں زندگی بسر کریں اور اُنہیں یقین تھا کہ وہ ایک دن اپنے بچوں میں شامل ہو کر اُن کی آسودگی اور برکتوں میں حصہ لیں گے۔

باب پنجم آریون کے سیاسی اور معاشرتی نظامات

سیاسی نظامات ہوندات کی تفریق کا نہونا | ویدی زمانہ کے آخر مین اور گنگا کی وادی مین پہنچنے سے بہت قبل جس وقت آریہ ابھی پنجاب ہی کے ملک مین بسے ہوئے تھے اُن مین مطلق کسی قسم کی سیاسی نظامات یا ذات یا حکومت نہ تھی - اُن کی معاشرت کی بنیاد خاندان پر تھی اور ساری قوم ایک تھی اور اس مین بالکل مدارج نہ تھے - ہر ایک خاندان کا باپ خود ہی پروہت کاشتکار اور سپاہی تھا - یہ مختلف پیشے جو آگے چل کر ذات کی تقسیم کے باعث ہوئے اُس وقت تک ملے جُلے ہوئے تھے - دولت جو ایک بڑا سبب تفریق کا ہے اُس وقت موجود نہ تھی - البتہ کسی لڑائی یا مقابلہ کے وقت ایک شخص آگے ہو جاتا اور دوسرا اُس کے پیچھے ہو جاتے اور وہ تھوڑی دیر کے لیے سردار بن جاتا - لیکن جب فتح ہو جاتی اور جنگل کو کاٹنے اور جلانے اور زمین مین کاشتکاری کرنے کی نوبت آتی تو پھر سب برابر ہو جاتے اور کوئی تفریق سردار و پیرو کی باقی نہ رہتی - اِس نئی مفتوحہ زمین پر گاؤن بسایا جاتا - گھرون مین جھونپڑی اور بانس سے بنے ہوئے ہوتے ایک ایک خاندان علیحدہ علیحدہ رہتا - لیکن کاشتکاری کی زمین مدت تک مشترک رہی - اُس کے بعد ہر ایک خاندان نے اپنا اپنا قطعہ الگ کر لیا - لیکن چراگاہ کی زمین پھر بھی مشترک رہی - اور سارے گاؤن کی مویشی ایک ہی چراگاہ مین چرا کین -

سرداری اور بادشاہی کا قایم ہونا | گاؤن کے قایم ہونے اور زمین اور مویشی کے جو اِن آریون کی ساری دولت تھی تقسیم ہونے کے بعد بھی اِن مین اُس وقت کوئی سیاسی یا معاشرتی تفریق نہین ہوئی گاؤن کی مخلوق سے مُراد صرف خاندانون کا مجموعہ تھا خاندانون کے سب سے زیادہ معمر اشخاص ملکر ایک مجلس بن جاتے اور اہم معاملات کا فیصلہ کرتے لیکن یہ صرف مشورہ کے طور پر تھا اور اس مین کسی قسم کی حکومت نہ تھی - تھوڑے دنون

(۴۱) اودے گری۔ نہایت قدیم بنسٹ کاری جسمیں شکار کی تصویر دکھائی گئی ہے

بعد گاؤن سے باہر کسی پہاڑی کے پہلو مین یا پہاڑی کے اوپر ایک مربع صورت کی موٹی چھوٹی گڑھی قائم ہوئی اور اُس مین وہ سردار رہنے لگا۔ جس نے زمین کو فتح کر کے توسیع دی تھی۔ اور جو اپنی خاص املاک کو محفوظ رکھنا چاہتا تھا۔ تاہم ایک گاؤن اور دوسرے گاؤن مین کوئی تعلق نہ تھا اور نہ ان مختلف سردارون مین کوئی اتحاد تھا۔ صرف لڑائی کے وقت یہ سب ملجاتے اور کسی ایک سردار کی وقتی ماتحتی قبول کر لیتے لیکن بادشاہت کا خیال اس وقت تک پیدا نہین ہوا تھا۔ یہ خیال اُس وقت پیدا ہوا جب آریہ گنگا ئی کی وادی مین آ چکے تھے اور ویدین اِس وقت بھی بادشاہ سے مراد جنگ کا سالار ہے اِس قسم کا بادشاہ جس کے وزرا ہون جس کی حکومت عام ہو۔ اور وہ خراج وصول کرے۔ ویدی زمانہ مین نہین پایا جاتا۔ دراصل اِس قسم کا بادشاہ ہندوستان مین کبھی نہ تھا۔ ہر ایک آریہ گاؤن یا سبھا خود ایک خود مختار حکومت تھی۔ کوئی ایک سردار اپنی گڑھی کے اندر رہتا اور راجہ کہلاتا اور کسی خاص گاؤن کے مجموعہ پر کم و بیش حکومت کرتا۔ یہی ہندوستان کا سیاسی انتظام ہے جو سالہا سے دراز سے قایم ہے۔ جن اقوام نے وقتاً فوقتاً ملک کو فتح کیا اُنھین اِس انتظام کو تسلیم کرنا پڑا کیونکہ یہ بالکل ٹوٹ نہین سکتا تھا۔ یہی انتظام ہے جو ہزارہا سال قبل قائم ہوا اور اِس وقت تک موجود ہے۔ البتہ اس ابتدائی انتظام مین ذات کی رسم شریک ہوگئی تھی۔ یہ پہلے تو خفیف اور غیر معین حالت مین تھی لیکن بتدریج جب مختلف گروہ نے اپنے تئین علیحدہ کرنا چاہا تو یہ مضبوط ہو چلی اور بالآخر نسلون کے اختلاف کی وجہ سے اِس نے وہ قوت پکڑ لی کہ مختلف ذاتون کے درمیان مین ایسی زبردست حدود قایم ہوگئین جو ٹوٹ نہین سکتین خود ویدین بھی پروہت اور لڑنے والے مین تفریق کا احساس ہوتا ہے۔ یہ فرق پہلے تو خفیف ہے لیکن اُن وجوہات سے جن کا ذکر آگے چل کر آئے گا یہ زیادہ ہوتا جاتا ہے۔ یہ تفریق یہین تک نہ رہی بلکہ جون جون پروہت اپنے مذہبی فرائض کے ادا کرنے مین زیادہ مصروف ہوتا گیا اور لڑنے والا گروہ مُلک کے فتح کرنے اور زمین کی توسیع اور اُس کو قابل زراعت بنانے مین مشغول ہوا اُس وقت ایک تیسرے گروہ کی ضرورت پڑی جو صرف کاشتکاری کا کام کرتا۔

رگ وید کی اخیر سوکتون مین سے ایک سوکت مین اِن تینون ذاتون کا ذکر ہے اور اِن کے نام بھی برہمن کشتری اور ویش ہین - یہ وہ نام ہین جو آگے چل کر ذات بن جاتے ہین اور ان کے معنی نہایت ہی گہرے اور پُر نتایج ہوتے ہین - ایک اور سوکت کے جو اِس سے زیادہ قدیم ہے مندرجۂ ذیل رچاؤن مین تینون گروہون کی تقسیم صاف طور پر بیان کی گئی ہے -

رگ وید مین پہلے تین ہی ذاتون کا ذکر ہے -

" اندر سے سہ بڑھ ہوئے اور متوسط بلندی کے لوگ دعا مانگتے ہین وہ جو ڈالی پر جاتے اور وہ جو آرام کرتے ہین وہ جو اپنے مکانون کی حفاظت کرتے اور لڑتے ہین - یہ سب جن کو بڑھنے کی خواہش ہے اندر سے التجا کرتے ہین "

چوتھی ذات شودرون کی بہت بعد قایم ہونے والی تھی یعنی اُس وقت جب اقوام مفتوح آریون کی حکومت مین آگئین جیون جیون آریہ مُلک لیتے گئے ویسی اقوام یا تو علانیہ اُن کے مقابلہ پر کھڑی ہوگئی یا بھاگ کر اُنھون نے پہاڑی حصون مین پناہ لی اور اپنے تئین آزاد حالت مین رکھا - اُس وقت فاتحین آریہ نے اُن کے لئے ایک خاص طبقہ قرار دیا اور اُسی وقت ذاتون کی حدود کے اندر کھانے پینے اور شادی بیاہ کے جاری ہوجانے سے تقسیمین مستحکم اور مضبوط ہوگئین -

ذاتون کی ابتدائی حالت

ان ذاتون مین پہلی تقسیم برہمنون اور کشتریون مین ہوئی بتدریج برہمن جو انسان اور خدا کے درمیان مین تھے درجہ مین بڑھ گئے اور انھون نے اپنی بڑائی کو سنوا لیا - لڑنے والون اور کاشتکارون کی تفریق اِس کے بعد مین ہوئی اور اِس کا زیادہ تر باعث لڑنے والون کا غول تھا - ان کے سپہ سالار جب لڑائیان مار کر آتے تو اُنھین غنیمت ہاتھ لگتی اور یہ سونے کے کڑے اور چمکتے ہوئے کپڑے اور ہتیار اپنے جسمون پر لگاتے جس کی وجہ سے اِن کا نام راجہ ہوگیا جس کے معنی وید مین صرف چمکنے والے کے ہین - کشتری اور رآجا مرادف الفاظ ہوگئے اور ان کا ذکر وید مین کثرت سے آیا ہے کیونکہ بھجنون کے بنانے والے انعام واکرام کی توقع مین اِن کی بہادری اور سخاوت کی بہت کچھ تعریف کیا کرتے ہین - لیکن اِس وقت تک اِن ذاتون مین کوئی زیادہ تفریق نہ تھی اور یہ مل جل کر عبادت کرتے اور چڑھاوے دیتے اور کھاتے پیتے تھے - وہ ذات کی



(۴۲) بھونیشور پرسورامیشور کا مندر


(۶۵) کیلاش کا مندر

سفیدیان جو آگے چل کر ہگیں اس ابتدائی زمانہ مین موجود نہ تھین - قدیم دیسی اقوام جو اس وقت تک پوری طرح مفتوح نہین ہوئی تھین آریون کی جنگی قیدی بن گئے اور ظاہرا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُن کی حیثیت غلامون کی تھی سویہ مین لکھا ہے -

" اسے سوم ہے ہین بہت سا سونا - بہت سے گھوڑے - بہت سی گائین - اور بہت سے آدمی " (رگ وید - نوان منڈل - ۶۹ وان سوکت - آٹھوین رچا)

چیشون کے علیحدگی کی ابتدا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ویدی زمانہ مین وہ مختلف پیشے جن کی بنا پر ذات قائم ہوئی پوری طور پر باعن جدِ علیحدہ نہین ہوئے تھے - لیکن اس کی ابتدا البتہ ہو چکی تھی مثلاً بعض خاندانون مین خاص خاص سوکت چلے آتے تھے جو پڑھاوے کے وقت پڑھے جاتے اور بیٹے کو باپ سے پہنچے آتے - یہی وجہ ہوئی ہے وید کے حیرت ناک بقا کی سوراشت کے متعلق وید مین اکثر ارث کا ذکر ہے اور عموماً بیٹے باپ کی جایداد کے مالک ہوتے تھے - ویدی آریون کی یہ حالت تھی جو اوپر بیان کی گئی اور بمرور زمان بتدریج اِن مین وہ نظامات پیدا ہو گئے جنہون نے ہندوستان بھر پر ایسا گہرا اثر ڈالا کہ وہ گویا مٹائے نہین مٹتا -

فصل ششم - آریون کی زندگانی

ویدکے سوکتون کا عام بیان وید کی مدد سے ہم آریون کی روزمرہ زندگانی کا پورا اندازہ کر سکتے ہین یہ بھجن بنانے والے عموماً سادہ اور گھریلو چیزون کی مثالین دیتے ہین اور بعض وقت تو یہ مثالین ایسی ہوتی ہین کہ اِن کی نسبت بمشکل خیال کیا جا سکتا ہے کہ یہ الہام ربانی کے ذریعہ سے القا ہوئی ہین - تاہم جیسا اور ابتدائی مذہبی نظمون مین ہوا کرتا ہے آریون مین بھی محض سادگی کی وجہ سے بھجنون کی شان کم نہین ہوتی - رشیون مین ایک خاص

بات ہے کہ وہ عام اور روزمرہ کی زندگانی کے خیالات ۔اور مثالون کے ذریعہ سے بڑے بڑے نتایج نکالتے تھے۔ ان آریون کا تخیل نہایت زوردار تھا اور الفاظ کی نشست اور تناسب انمین اس قدر بھاتا تھا کہ پہلے کلام سے وجد مین آجاتے تھے۔ ایک بسط بڑا ذخیرہ ان سوکتون کا ہم تک پہنچا ہے جن کے مصنف صرف دس یا بارہ رشی ہین اور اسی سے ہم اندازہ کر سکتے ہین کہ ویدی زمانہ کا سنسکرت کلام کس درجہ وسیع تھا۔

ویدی آریون کے فنون | ویدی آریون کے فنون مین صرف شاعری کا فن تھا۔ غالباً ان مین بعض ابتدائی باجے تھے اور یہ فلزات اور لکڑی کو گڑھ سکتے تھے۔ انکے کلام مین کہین تصویر یا مورت کا ذکر نہین ہے اور فن تعمیر سے تو وہ بالکل ناواقف تھے۔ ان مین مختلف پیشے رائج تھے۔ اور بعض مین انھون نے ایک درجہ تک مہارت پیدا کرلی تھی۔ ان کے بیش بہا لباس کے بیانات۔ سونے کی انگوٹھیان۔ کڑے۔ اور سونے کی کلغیان۔ ان کے لڑائی کے رتھ۔ اور سر پر باندھنے کے زیورات اور چمکتے ہوئے ہتیار خود تلوارین تیردان وغیرہ اس امر کو ثابت کرتے ہین کہ ان مین جولاہے۔ سونار۔ بڑھئی اور لوہار موجود تھے۔ ان مین لکڑی کے کاریگر بھی تھے اور یہ سوم کو رکھنے کے لے لکڑی کے پیالے تراش کرنایا کرتے۔ ان کے کلام مین مختلف خانہ داری کے اسباب کا بھی ذکر ہے مثلاً چمچے اور دیگچے جو غالباً لوہے کے ہوتے تھے۔ ان کے کپڑے ریشم یا سن سے بنے ہوتے اور کبھی اُن کے بیچ بیچ مین زربفت کا کام ہوتا۔ عورتین سوت کاتتین اور بننے والے اُسے تار کے ذریعہ سے بُنتے۔ یہ جوتہ بھی پہنتے تھے اور اُسے ڈوری سے گھٹنون کے گرد باندھتے۔ اندر کی تعریف مین لکھتا ہے کہ وہ اس قدر مستعد اور ہر وقت حرکت مین ہے کہ اُس کے جوتے کی ڈوری کبھی نہین کھلتی۔

سواری اور ہتیار | قدیم آریا سواری مین بڑا اہتمام اور بہت کچھ خرچ کرتے تھے۔ ان کے رتھون مین چمکتے ہوئے فلزی پہیے جڑے ہوتے اور دھرون اور پہیون کے ذریعہ سے اُن کو حرکت دیجاتی۔ رتھون مین گھوڑے

لگائے جاتے جن کے منہ مین لگام ہوتی اور ہانکنے والے کے ہات مین باگین ہوتین۔ لڑنیوالا چکتی ہوئی زرہین پہن کر سوار ہوتے تھے اُن کے بازوؤن پر سونے کے کڑے ہوتے اور جس وقت وہ صیاد کو گردش دیتے تو کپڑے بدن پر چمکتے۔ ہتیارون مین تلوارین اور کمان ہوتی تھی اور تیرون کے سر پر لوہا لگا ہوتا تھا اور یہ تیرون مین رکھے جاتے۔ اِن کی پیشانی پر سونے کی کلغی ہوتی اور فوج کے سامنے پرچم ہوتا۔

اشتغال | آریون کے زیادہ اشتغال زراعت اور دستکاری اور مختلف صنعتی پیشے تھے۔ چونکہ یہ گنگا کی وادی مین پہنچ گئے تھے جہان بعض اوقات سخت خشک سالی ہوتی ہے اِس لئے انہون نے موسمونکی پہچان حاصل کرلی تھی اور انہین معلوم تھا کہ بارش کے لئے کب دعا مانگین۔ انسون کے ابران کے خیال مین آسمانی گائین تھین جو خوشے جو مین چرتی تھین اور اِن کے چرواہے دیوتا تھے۔ ان کے بھاری تھن پانی سے بھرے ہوئے ہوتے تھے اور یہی پانی نیچے آکر ہر قسم کی زرخیزی اور شادابی پھیلاتا۔

زراعت۔ سوشیہ۔ نذا | آریہ زمین کو ہل سے جوتتے تھے جس مین بیل لگے ہوتے اور غلہ کو کھیت سے بیل کی گاڑیون مین لاد کر گھر لے جاتے۔ سوشیہ ایک بہت بڑی دولت تھی۔ گائے جس کا دودھ بہترین غذا تھی نہایت عزت کی نظر سے دیکھی جاتی بلکہ اُس کی پرستش ہوتی۔ آریون کی غذا زیادہ تر دودھ کا گھی اور دیوتاؤن کو اِن چیزون کا چڑھاوا بھی دیا جاتا۔ جب گھی چولھے مین ڈالا جاتا تو شعلہ زور سے اُٹھتا یعنی اگنی کی قوت بڑھ جاتی۔ شہد کی بھی بڑی تعریف وید مین ہے۔ اِن اغذیہ مین جو چڑھاوے مین شریک تھین۔ جَو آٹے کی مٹھائی اور جَو کی ٹکیون کو بھی شریک کرنا چاہئے۔ آریہ گوشت بھی کھاتے تھے یہ بڑے شکاری تھے اور جانورون کا شکار تیر سے کیا کرتے۔

کشتی رانی | معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی قدر کشتی رانی کے فن سے بھی واقف تھے اور پہلے انہون نے سبت سندھو کی بڑی ندیون پر جو اِن کے آمد و رفت کا ذریعہ تھین کشتی چلائی۔ اِس کے بعد جب اُن کی

تجارت جب ہی تو پھر انہوں نے سمندر میں کشتیاں چلائیں لیکن وہ کنارے سے زیادہ دور نہیں گئے اور اپنے مال کو صرف سندھ کے دہانے تک پہنچاتے رہے۔

طبابت آریوں میں طبابت بھی تھی لیکن امراض کے علاج میں وہ زیادہ تر دعاؤں اور منتروں سے کام لیتے تھے۔

کاسوں کی تقسیم یہ کاسوں کی تقسیم یعنی فرائض کا مختلف گروہوں میں بٹ جانا آریوں میں بھی اُسی طرح بڑھتا رہا جیسا اور متمدن اقوام میں۔ جدید سوکتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ پیشوں کی تعداد بڑھ گئی تھی اور ہر کام کے لئے خاص اشخاص تھے یہاں تک کہ گانوں کا حجام بھی ویدمیں موجود ہے۔

دولت اور فلاکت جس معاشرت میں تجارت شروع ہوجاتی ہے تو پھر وہاں دولت اور فلاکت ضروری نتائج ہیں۔ ویدمیں دولت کی نعمتوں اور فلاکت کی مصیبتوں کا ذکر نہایت صریح الفاظ میں ہے۔ فلاکت ایک زندہ بلا دکھلائی گئی ہے جس سے انسان دعا میں پناہ مانگتا ہے۔ اکثر اس فلاکت کا باعث خشک سالی ہے اور بارش کے شروع ہونے کے ساتھ ہی یہ بلا دفع ہوجاتی ہے۔

"او فلاکت نیچی نظروں اور حقیری رفتار والی آسمانی پیمانوں کی طرف آنکھ اُٹھا اور اپنا مہربان ڈھونڈ۔ کیونکہ ہم تجھے بادلوں کے دہانے سے کریں گے" (رگ وید)

"فلاکت جو دونوں عالم سے نکالی گئی ہے تمام بہنوں کو خراب کر رہی ہے پر ستیتی اس بلا کو دور کر" (رگ وید)

خیرات دولت کی نامساوات نے ایک نئی خوبی پیدا کردی یعنی خیرات اور ویدمیں اس کی ہدایت متعدد مقامات پر کی گئی ہے۔

"وہ خیرات جو خدا کی دین ہے اور دوسروں کی مدد کرتی ہے عبادت کا ایک جزو ہے" (رگ وید سوان منڈل ۱۰۷ سوکت رچا ۲)

"ایسے بھوکے غریبوں کے ساتھ جو اُس کے گھر آتے ہیں نیکی کرنے والا شخص اپنی عبادت سے عزت پاتا ہے اور دوسرے



(۴۳) بھنویشور بھگوتی کے مندر کا ایک گوشہ

اُس کے دوست بن جاتے ہین" (رگ وید سوان منڈل ۱۰ انوان سوکت رچا ۳)

جوا کھیلنا | منجملہ اُن اسباب کے جو دفعتہً آریون پر مصیبت ڈھاتے اور اُن کی حالت مین انقلاب عظیم پیدا کردیتے اُن کی جوا کھیلنے کی عادت تھی مختلف قسم کے جوے علی الخصوص پاسون کا جوا انہین اس درجہ دیوانہ بنادیتا کہ بعض اوقات یہ اپنا سارا روپیہ مکان۔ کھیت۔ جورو بچے اور اپنی آزادی سب ایک دن مین کھو بیٹھتے۔ ویدمین جوے کی مصیبتون کا بیان نہایت پُراثر الفاظ مین کیا گیا ہے۔ علی الخصوص رگ وید کے دسوین منڈل کے چونتیسوین سوکت مین۔

(۶)" جواری حرارت اور خوشی کی حالت مین جوے خانہ مین داخل ہوتا ہے اور دل مین خیال کرتا ہے کہ مین جیتون گا۔ اُس کا سارا دھیان پاسون مین لگا ہوا ہے اور جو کچھ وہ جیتتا ہے اُسے پھر لگا دیتا ہے"

(۷)" پانسے کیا ہین ہاتھی کے دانت ہین جن کے ہاتھ مین اُنکس ہین۔ کھیلنے والے کو اسیدیم مین رکھتے ہین تھوڑا وہ جتاتے ہین پھر ہرا دیتے ہین جاری کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اِن مین شہد لگا ہوا ہے"

(۸)" یہ نہ غصے سے ڈرتے ہین نہ دھمکانے سے۔ بادشاہ تک ان کے سامنے گردن نیچی کرلیتا ہے اور ان کی ڈنڈوت کرتا ہے"

(۹)" نیچے کو لڑھکتے ہین اور پھر جلدی سے اوپر کو چلے جاتے ہین۔ خود تو ان کے ہاتھ نہین لیکن ہاتھون والا بھی ان کی خدمت کرتا ہے"

"بابا پر سیاہ جادو کے کوئلون کی طرح گرتے ہین خود تو ٹھنڈے ہین لیکن یہ دل کو جلا کر خاک کردیتے ہین"

(۱۰)" جواری کی بی بی مصیبت زدہ بیکس ہو رہی ہے۔ ان اپنے بیٹے کو جو اپنے گھر سے نکل گیا رو رہی ہے"

"قرض مین ڈوبا ہوا خوفزدہ ملزماں کے تلاش مین دو راتونکو گھر پھرتا ہے"

لیکن آریون مین دل بہلانے کے اشغال ہمیشہ ایسے خطرناک نہین تھے بے خطر مشاغل بھی تھے جیسا

لکڑی کے ناٹک خانون مین تیلیون کا بچانا جس کا ذکر ویدمین ایک جگہ آیا ہے۔

دو لکڑیون سے آگ نکالنا اور قدیم اقوام کی طرح آریہ بھی دو لکڑیون کو آپس مین رگڑ کر آگ پیدا کرتے تھے۔ ان دونون لکڑیون کا نام ارنی تھا جن سے اگنی یعنی متبرک آگ نکالی جاتی تھی۔

"دیکھو ارنی کے رگڑنے کا وقت آیا اگنی کے پیدا ہونے کا وقت آگیا۔ ارنی کو لے کر اور ہم معون کے موافق اُس کے بیٹے کو اُس مین سے نکالین۔ وہ دیوتا جو تمام دیوی چیزون کا مالک ہے ارنی کی دونون لکڑیون مین رہتا ہے یہ اُن کے اندر ویسا ہی ہے جیسا بچہ ماں کے پیٹ مین" (رگ وید تیسرا منڈل ۲۹ سوکت پہلی رچا)

آریہ عموماً اپنے مُردون کو دفن کرتے تھے ویدمین کئی مقامات پر تجہیز و تکفین کا ذکر آیا ہے۔ مندرجہ ذیل رچاؤن مین زندہ کا مُردہ سے رخصت ہونا نہایت پُر اثر الفاظ مین بیان ہوا ہے۔

(۱۰) "اب اپنی ماں زمین کی گود مین چلا جا۔ پھیلنے والی زمین مہربان اور شفیق نرم ہو جاے۔ وہ قالین کی طرح اُس شخص کے لئے جو دیوتاؤن کو چڑھاوے دیا گیا ہے"

(۱۱) "اے زمین اُٹھ جا نہ دبا اسے تو اُسے آسانی سے آنے دے اور اس پر مہربانی کر۔ زمین ماں کی طرح اُسے اپنے کپڑے مین لپیٹ کر چھپا لیتی ہے"

(۱۳) "مین مٹی کو ہٹا کر یہ جگہ بناتا ہون تاکہ اُس کی ہڈیون کو چوٹ نہ آئے۔ حفاظت کرین۔ تیرے اس قبر کی اور یم بیان اُس کے لئے گھر بنائے"

(۱۴) "میری عمر کے دن ویسے ہی ہین جیسے تیر کے پر جو اُسے اُڑانے لئے جاتے ہین (رگ وید دسوان منڈل۔ اٹھارمان سوکت ۱۰۰-۱۴- رچائین)

عمر کی مثال عمر کی سرعت کی اس سے بہتر کیا مثال ہو سکتی ہے کہ اُس کے دن اُسے ویسا ہی تیز لئے جاتے ہین جیسے پر تیر کو۔

فصل ہفتم - آریون کے مذہبی اور فلسفی خیالات

دیومی مذہب | آریون کے مذہبی خیالات بالکل غیر معین ہین کسی ایک دیوتا کی ذاتی خصایص محدود نہین ہین - بھجن گانے والون کے خیالات اور اُن کے تخیلہ کو پوری آزادی ہے - اگر مختلف دیوتاؤن کی مدح سرائیون پر نظر کی جائے تو آریون کے مذہب مین کبھی تو پوری توحید ہے - کبھی اعلیٰ درجہ کی وحدت الوجود - اور کبھی بدترین قسم کا شرک - وہ منطقی استدلال جس کی عادت ہمارے یورپی دماغون کو بچپن سے پڑی ہے - ہمین اس پر مجبور کرتا ہے کہ ہم الفاظ کو محدود اور معین معنون مین لین جس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ان الفاظ سے اس قسم کے مختلف اعتقادات پیدا ہوتے ہین جن مین باہمی فرق عظیم ہے - لیکن ابتدائی اقوام کے دماغون مین الفاظ کے معنی محدود اور معین نہین ہوتے - ہر قسم کے خیالات و اعتقادات ہر قسم کے بیانات ہوا مین اُڑتے نظر آتے ہین اور ہر وقت بدلتے رہتے ہین - خود آریون کے دماغون مین کوئی چیز متضاد اور بے جوڑ نہ تھی - کیونکہ اُن کا خیال اُسی سرعت کے ساتھ شکل بدلتا تھا - جیسے ابر کے ٹکڑے جنہین وہ آسمان پر دیکھتے تھے - جس کسی دیوتا کی ثناخوانی ہوتی فی الوقت وہ سب سے بڑا ہو جاتا اور اُس کا کوئی ثانی نہ ہوتا - لیکن پھر دوسرے ہی وقت پر کسی دوسرے دیوتا کی مدح ہوتی اور وہ بھی بے نظیر اور لاثانی کہا جاتا - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا مختلف مضامین پر نظمین لکھی گئی ہین جن مین ایک کو دوسرے سے کوئی تعلق نہین ہے - یہ بھجن کے گانے والے کبھی اُن کے مضامین پر غور نہین کرتے بلکہ جوش مین آکر جو الفاظ چاہتے ہین استعمال کر دیتے ہین - پس آریون کے بھجنون مین ہر قسم کے مذہبی خیالات ہوا مین ہین - قوائے فطرتی کی پرستش - وحدت الوجود - شرک - اور توحید - سب موجود ہین - ان دیوتاؤن کی کسی قسم سے کوئی تقسیم نہین ہو سکتی اور نہ ان کے طبقات قایم ہو سکتے ہین - ان دیوتاؤن مین جن کی صورتین غیر معین اور خصایص بے انتہا ملے جلے ہین بعض کے نام کثرت سے آتے ہین اور وہ یہ ہین -

رگ وید کے بڑے دیوتا اگنی آگ کا دیوتا ہے اور سوم وہ منشی عرق ہے جو اُس کو منگاتا ہے۔ اگنی نے دیوتاؤں کو پیدا کیا ہے دنیا اور زندگی کو پیدا کیا ہے۔ سوم دیوتاؤں کو حیات جاودانی بخشتا ہے اور انسان کی قوت بڑھاتا ہے۔ اُس نے بھی زمین و آسمان اندر اور روشنی کو بنایا۔ اگنی کے ساتھ مل کر اُس نے آسمان اور ستاروں کو بنایا اندر آسمان کے راجہ کو بھی آریہ بہت پکارتے تھے۔ یہ دیوتا اپنے رتھ پر سوار ہمیشہ جنگ کے لئے تیار رہتا ہے گویا ویدی زمانہ کے راجاؤں کی تصویر ہے۔ اِس کے ساتھ ایک فوج چھوٹے دیوتاؤں کی رہتی ہے جو اس کے شریک ہیں اور اسے اپنی پیٹھ پر لئے پھرتے ہیں یہ مُرت یعنی طوفان اور روشنی کے دیوتا ہیں۔ اور بارش کی تقسیم کرتے ہیں یہ رُدر کے بیٹے ہیں جو سب دیوتاؤں میں زیادہ خوبصورت ہے۔ رُدر بجلی گراتا ہے۔ اور مویشی کی حفاظت۔ اور بیماریوں کا علاج بھی اسی کا کام ہے۔ اِن کے سوا برہسپتی عالم کا انتظام کرنے والا ہے اور وہ ان جانسان کے اعمال کا نیاؤ کرتا ہے یہ بھی اندر کی طرح آسمان کا راجہ ہے بعض سوکتوں میں اندر کو وآن پر ترجیح دی گئی ہے اور بعض اِس کا عکس ہے اور بعض سوکت دونوں کو مساوی ٹھیراتے ہیں۔ انکے بعد سوریہ آفتاب ہے اور وشنو جو تین تیروں میں تمام عالم کو ناپ لیتا ہے اگرچہ وید میں اِس کا درجہ بہت صاف نہیں ہے لیکن پھر بھی کراس کا اور کسی اور دیوتاؤں کا درجہ اول ہو جاتا ہے اِن بے شمار دیوتاؤں میں بعض اجمالی خیالات اور انسانی خاصیتیں بھی بطور اشخاص کے شامل ہو گئی ہیں مثلاً پورندھی بہتات ارتی۔ زہد۔ رتو۔ موت وغیرہ۔

خدا کا مفہوم آریوں میں خدا کا مفہوم یورپین کے مفہوم سے بالکل علیحدہ ہے کوئی لفظ ایسا نہیں ہے جس سے مروہ اقوام کے مروہ الفاظ میں دست مدعی پہنچائے جا سکیں۔ ہماری موجودہ زبان کے معین اور غیر مبہم الفاظ مطلقاً اِن کے خیالات پر چسپاں نہیں ہوتے۔ اِس قدیم زمانہ میں اِن خیالات سے اصلی محرک کیا تھی یہ ہمیں اُسی وقت کچھ تھوڑا بہت معلوم ہو سکتا ہے جب ہم اُس زمانہ کی تصنیفات کا گہرا مطالعہ کریں۔ مہابھارت اور رامائن اگرچہ یہ دونوں تعلیم وید سے بہت مابعد ہیں لیکن یہ بلاشبہہ آریہ تصنیفات میں شامل ہیں۔ اِن کے پڑھنے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ان آریوں کے اور ہمارے اُلوہیت کے مفہوم میں کس درجہ فرق ہے۔ اِن کے دیوتاؤں



(۴۴) جگناتھ کے بڑے مندر کا دروازہ

کی قوت اور عظمت کی بڑی تعریف کی جاتی ہے لیکن جب یہی دیوتا انسان یا اکشون کے مقابلہ پر آتے ہین تو اُن کی وہ عظمت قایم نہین رہتی مثلاً اون جو اکشون کا ماموں تھا ایک رشی کے آگے یہ فخر کرتا ہے کہ اُس نے اندر کو اور یم کو شکست دی۔ اسی طرح جب رام چندر جی کے بھائی لکشمن سیتا جی کو اُن کے شوہر کے نہ آنے پر تسلی دیتے ہین تو وہ کہتے ہین۔

"یہ بالکل محال ہے کہ میرے بھائی کو آسورا اور اندر اور تمام دیوتا مل کر بھی شکست دے سکین"

ایسی اور بھی مثالین سنسکرت کلام مین موجود ہین مثلاً کالیداس کے ناٹک شکنتلا مین جن کی تصنیف کا زمانہ چھٹی صدی عیسوی کے قریب ہے اندر راجہ دشینت کے پاس قاصد بھیجکر اُن سے یہ درخواست کرتے ہین کہ تم اسورون کو جاکر روکنے مین ہمارا ہاتھ بٹاؤ۔

راجہ اس درخواست کو قبول کرکے اسورون پر جنمین دیوتاؤن کا راجہ اندر زیر تھا فتح یاب ہوجاتا ہے۔

اِن مثالون سے معلوم ہوکہ آریون کے اُڑتے ہوئے مذہبی خیالات کو الفاظ کی قید مین لانا کس قدر مشکل ہے۔ یہ اُس قسم کے غیر مشخص موجودات ہین جنہین پُرانے زمانہ کے محققین کبھی توحید ذات مین اور کبھی بذات مین شمار کرتے تھے۔ بعد بہت سی تحقیقات کے ویدک مذہبی خیالات کی کم و بیش یہ تقسیم معلوم ہوتی ہے۔

اوّل۔ قوائے فطرتی کی پرستش۔

دوم۔ اِن قوائے فطرتی کو دیوتا قرار دے کر اِن کے نام رکھنا۔

سوم۔ روح کی بقا کا اعتقاد۔

چہارم۔ پرکھون کی پرستش۔

پنجم۔ کل عالم یعنی انسان اور دیوتاؤن کو ایک بڑے اور زیادہ قوی دیوتا یعنی اندر کے تحت مین لانے کی طرف میلان۔

ششم۔ مذہب کو بالکل مادی قرار دینا یعنی دیوتاؤن اور انسان مین ایک غرض کا تعلق قایم کرنا۔ انسان کا اپنی طرف سے دیوتاؤن کو چڑہاوے دینا۔ اور دیوتاؤن کا اُس کے معاوضہ مین انسان کو کثرت سے غلّہ اور باس اور مال و مت کا عطا کرنا۔ اب ہم اِن تقسیمون کو علیٰحدہ علیٰحدہ لے کر اِن کی تائید مین انتخابات پیش کرتے ہین۔

خوائے فطرتی کی پرستش | سارا رگ وید قوائے فطرتی کی پرستش سے بھرا ہوا ہے۔ ہند کے سے ملک مین جو فطرتی مناظر مین اس درجہ عظمت و شان ہے اور جہان اُنکی وجہ سے فایدہ کثیر یا نقصان عظیم ہو جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ایک ابتدائی قوم جس مین کسی قسم کی علمی ترقی نہین ہوئی ہے اِن کی پرستش پر مجبور ہے۔ آفتاب ہوا۔ درمیان بجلی اور بوٹیان تک دیوتا کی حیثیت رکھتی ہین اور ان سے التجا کی جاتی ہے۔ آفتاب کی حرکت آریون کی نظرون مین ایک پُر اسرار چیز تھی۔ پو پھٹنے کا حسن شفق کی دلفریبی برسون کا یکے بعد دیگرے آنا۔ یہ سب واقعات اُن کے تخیلہ پر اثر ڈالتے اور ایک گروہ دیوتاؤن کا اُن کے خیال مین پیدا کرتے جن کی مدح سرائی مین یہ بھجن گانے والے مصروف ہو جاتے تھے۔ لیکن اُس سندھ کی گھاٹی مین جہان غضب کی گرمی اور خشکی کا سامنا پڑتا۔ جن دیوتاؤن سے زیادہ التجا کی جاتی وہ وایو یعنی ہوا تھی اور اُس کے قاصد اور سیوا کرنے والے مُرت اور وہ ابر کی آسمانی گائین جن کے تھن پانی سے بھرے ہوتے۔ انکی مدح سرائیان بہت ہی پُرجوش الفاظ مین ہوتین۔

سوریہ | سوریہ یعنی آفتاب کی تعریف مین ایک سوکت کی رجائین نقل کی جاتی ہین جو اسی ویدی شاعری کی ایک عمدہ مثال ہے۔

"یہ دیوتا بھوری روشن ستارے کے گھر مین رہتا ہے جو اُسے بلند کرتا اور اُس کی روشنی کو تمام عالم مین پھیلاتا ہے سوریہ آسمان و زمین دیو کو اپنی کرنون سے بھر دیتا ہے اور ان مین جان ڈال دیتا ہے۔ اُس کے سنہرے گھوڑے اُسے لانے مین روشنی کے ساتھ ہین وہ عظیم الشان اور پُرشکوہ پیشوا ہے جو اپنی روشنی ہر جگہ پھیلاتی ہے۔ دیوی شفا سوار ہو کر انسان کو بھی کاموں کے لئے جگانے کو آتی ہے"

یہ سورج دیوتا جسے کوئی راہ بتانے والا نہیں اور نہ اُس کے پاس کوئی رشی ہے کیونکر اوپر چڑھتا اور مُڑتا ہے کیا معلوم وہ کون سی قوت ہے جو اسے تھامنے ہوئے ہے رت کا ساتھی یہ بھی محافظ اور آسمان کے گنبد کا تھامنے والا ہے" (رگ وید چوتھا منڈل چھ سوان سوکت)

اگنی اگنی بھی اگنی کی صورت میں وید کی ایک بہت بڑی دیوی ہے بجز اندر کے اس سے کوئی بڑا نہیں۔ اگنی ہر جگہ موجود ہے۔ جانداروں کی رگوں میں۔ زمین کے اندر۔ درختوں کی شاخوں میں۔ اور آفتاب کی کرنوں میں۔ ہر جگہ اگنی ہی اگنی ہے۔ جس وقت پروہت چولہا سلگاتا ہے تو اگنی پیدا ہو جاتا ہے۔

"میرے کان اُسکی آواز سننے کے لئے بری آنکھیں اُس کی روشنی دیکھنے کے لئے کھل جاتی ہیں۔ میرا من جس کے خیالات دور جا رہے ہیں بھٹک رہا ہے۔ میں کیا کروں میں کیا سوچوں۔ او اگنی جب تو تاریکی میں تھا تو سب دیوتا تیرے خوف سے دُھتکار کرتے تھے" (رگ وید چھٹا منڈل نوے سوکت چھٹی اور ساتویں رچائیں)

عاقبت کے خیالات عاقبت کے متعلق خیالات بھی ویسے ہی غیر معین اور بدلتے ہوئے ہیں۔ جو شخص مرجاتا اُس کے اجزائے جسمانی عناصر میں مل جاتے اور اُس کی روح ایک نئے لباس میں آتی۔ یہ گویا اُس مسئلہ تناسخ کی ابتدا ہے جو آگے چل کر ہندوؤں کے مذہبی اعتقادات کا ایک جزو اعظم بن جاتا ہے۔

(۳) "اُس کی آنکھیں آفتاب میں مل جائیں اُس کا دم ہوا میں۔ چلا جا تو اپنے جسم کے مختلف حصوں کے لحاظ سے۔ زمین یا آسمان پر۔ اگر مناسب ہو تو پانی میں چلا جا یا اپنے تمام اعضا سے درختوں میں گھر کر لے"۔

(۴) "پڑ جا دے کا بکرا تیرا حصہ ہے۔ اسے تو دھکا دے اپنی گرمی سے۔ روشن کر دے اسے تو اپنی جوت سے۔ روجات دیو اپنی سب سے مبارک صورت میں اس آتما کو نیک بندوں کی دنیا میں پہنچا دے" (رگ وید سوان منڈل سولھوان سوکت تیسری اور چوتھی رچائیں)

(۱) "تیری روح جو یم کے پاس دوسوان کے بیٹے کے پاس دور چلی گئی ہے اُسے ہم تیرے پاس واپس لاویں گے تاکہ تو ہم میں آکر رہے"

(۴) "تیری روح دور آسمان و زمین کو چلی گئی اُسے ہم تیرے پاس واپس لاویں گے تاکہ تو ہم پر آکر رہے"

(۵) "تیری روح جو دور چلی گئی جو آفتاب اور نفس سے ملنے گئی اُسے ہم تیرے پاس واپس لاویں گے تاکہ تو ہم پر آکر رہے"

(رگ وید سمان منڈل ۵۸ وان سوکت)

بقائے روح | روح کے بقائے جاودانی کے اعتقاد نے پتریون کی پرستش قائم کی۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ آریون کے اعتقاد میں اجداد کی ارواح اُسی وقت تک خوش اور آسودہ رہتی ہیں جب تک اُن کی اولاد زندہ باقی ہے اور اُنہیں چڑھاوے چڑھایا کرتی ہے۔

"آؤ ہمارے پاس اگنی بے شمار پتریون کے ساتھ جو روشنی میں رہنے والے اور پرستش کرنے والے ہیں۔ چڑھاون کے کھانے پینے والے ہیں اور اندر اور دوسرے دیوتاؤں کے ساتھ سفر کرنے والے ہیں" (رگ وید دسوں منڈل پندرھواں سوکت دسویں رچا)

وحدانیت | ایک خدائے مطلق کا خیال جو تمام کل فانیوں اور غیر فانیوں کا خالق اور تمام انسان اور پتریون اور دیوتاؤں پر حاکم ہو رگ وید میں پایا میسک جاتا ہے۔ لیکن محض ایک خاکہ کی صورت میں۔ ہر ایک دیوتا جس کی مدح کی جاتی ہے بھجن گانے والوں کی نظروں میں فی الوقت تمام دیوتاؤں سے بڑا سمجھا جاتا اور بعض وقت تو یہ ہوتا ہے کہ ایک ہی دیوتا مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے۔

"اُسے وہ (مندر دارن اور اگنی کے نام سے پکارتے ہیں اور وہی پرون والا گرتمن ہے جو ایک ہے۔ اُسی کو رشیوں نے بہت سے نام دے رکھے ہیں وہ اُسے اگنی یم اور ماتریشون کے نام سے پکارتے ہیں" (رگ وید پہلا منڈل ۱۶۴ وان سوکت ۴۶ دسویں رچا)

پس گویا یہ ایک خدا مختلف صفات رکھتا ہے کبھی وہ اگنی ہے کبھی موت اور کبھی اور کوئی قوت۔ رگ وید کے دسویں منڈل ۸۲ میں سوکت کے تیسری رچا میں یہ خیال کسی قدر واضح معلوم ہوتا ہے۔

"وہ باپ جس نے ہمیں بنایا ہے وہ خالق کی حیثیت سے کل انوام اور کائنات کو جانتا ہے۔ وہی ایک خدا ہے دوسرے

دیوتاؤن کو نام دینے والا سب اُسی سے دریافت کرتے آتے ہین"

لیکن اِس سوکت کے ساتوین رچا مین یہ خیال اتنا صاف نہین رہتا اور راجہ تو انتہائے دکائنات کے علم سے انسان کا عاجز ہونا تسلیم کر لیا گیا ہے۔

"تم کبھی نہین جانو گے اُسے جسنے کائنات کو بنایا۔ کوئی اور چیز تمھارے اور اُس کے بیچ مین حائل ہے۔ چارون طرف گھر مین گھرے ہوے پوجاری بھجن گاتے ہوئے اور چڑھاوے چڑھاتے ہوئے بھٹک رہے ہین"

اِن آریون کے علاوہ دماغ مین بھی اُس بے اعتقادی کا بیج بویا جا چکا تھا جو آگے چل کر ہندوستان کی مذہبی کتابون مین اِس قدر رنگ لائی۔ رگ ویدکے ایک سوکت مین جس کو میکس مُلر نے نقل کیا ہے یہ خیال ظاہر کیا گیا ہے۔ رگ ویدسوان منڈل ۱۲۹ سوکت چھٹی اور ساتوین رچائین۔

"کہن جانے کون کے گا کہان سے نکلا یہ عالم۔ دیوتا اِس کے بعد بنے ہین۔ کون جانے کیسے بنا پہلے یہ عالم۔ وہ عالم کا پیدا خالق اُس نے بنایا کہ نہین۔ اوپر سے عالم کا دیکھنے والا وہی جانے یا کہ نہ جانے"

عوام کی پرستش تجارتی تھی لیکن اِس قسم کے خیالات صرف بعض رشیون کو واقع ہوئے ہین عوام پر ان کا مطلق اثر نہین پڑا عوام کے تعلقات دیوتاؤن کے ساتھ تجارتی تعلقات تھے یعنی یہ دیوتاؤن کی مدح سرائی کرتے اور اُن کو چڑھاوے چڑھاتے اور دیوتا اس کے عوض مین انہین مال مویشی اور دشمنون پر فتح عطا کرتے۔ جس کسی دیوتا سے وہ التجا کرتے اُس کی وہ بے انتہا خوشامد کرتے اور سوم اور دودھ اور شہد کے چڑھاون اور بعض اوقات زندہ جانورون کی قربانی کا وعدہ کرتے اِس شرط پر کہ وہ دیوتا اُن کے خاندان کی حفاظت کرتا اور امراض سے بچاتا۔ اُن کے کھیتون مین پانی برساتا اور اُن کی گایون کو گابھن بناتا۔

اگرچہ گناہ کا مفہوم ویدمین مشکل پایا جاتا ہے لیکن کہین کہین شاذونادر طور پر بُرے کامون کی طرف اشارہ ہے اور توبہ کا خیال منتون کے ساتھ ملا جُلا ہوا ہے۔ یہ آریہ اخلاقی خوبی کی جانب زیادہ مائل نہ تھے اور اخلاقی کمی کو انسان کی کمزوری کا جزو سمجھتے تھے ایک سوکت مین لکھا ہے۔

"اور بیری ہین کوئی نقصان نہ پہنچے۔ ہم نے جو کچھ تصویر کیا ہے وہ ہماری انسانی فطرت کا مقتضی ہے۔"

(رگ وید دسمان منڈل پنڈت ہوان سکت چھٹی رچا)

اخلاق آریون مین اخلاقی ترقی کم ہے۔ صرف خیرات۔ حیوانون پر مہربانی۔ دوستون کے ساتھ وفاداری یہی فرائض ہین جن کی تعلیم وید مین کی گئی ہے۔

خانہ بدوش کے مقابلہ اب ہم آریون کی معاشرت کے اس مختصر بیان کو جو وید کے مطالعہ پر مبنی ہے ختم کرتے ہین۔ ہم نے آریون کے تمدن اور اُن کے کارناموں کو دکھانے کی کوشش کی ہے۔ ہم انہین اُس اعلیٰ طبقے مین نہین رکھ سکتے جس مین وہ سمجھے جاتے تھے اور نہ ہم انہین یورپ کی اقوام کا یا اُن تمام عمدہ خصایص کا جو یورپ کی اقوام مین پائی جاتی ہے منبع و ماخذ قرار دے سکتے ہین۔ لیکن ہم یہ بیشک کہین گے کہ اُن کے زمانہ کے تمدنون مین کوئی تمدن اِس درجہ وجیہیت کی علامات سے خالی نہین ہے جیسا آریون کا تمدن۔ اگر ہم ان آریون کو یہودیون سے جو قدیم اقوام ہین ایک بڑی متمدن قوم تھی مقابلہ کرین تو ہر ایک امر مین آریون کا پلہ اونچا رہے گا۔ یہودیون کی تاریخ جھوٹ اور نافرمانی۔ ذلیل قسم کی بزدلی۔ متکبرانہ خودسری۔ خون ریزی۔ بے رحمی۔ اور شدید ضعیف الاعتقادی۔ سے بھری ہوئی ہے جس کا وجود نک آریون کی تاریخ مین نہین پایا جاتا۔ البتہ شاعری کے لحاظ سے ان کی مذہبی کتابون مین زیادہ فرق نہین ہے اور رگ وید کی نظم کو کتاب ایوب کی فصاحت پر زیادہ ترجیح نہین ہو سکتی فلسفی خیالات کے لحاظ سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ سچائی اور غیر معلوم و غیر متناہی کی تلاش انسانی زندگی کی مصیبتون۔ اور دنیا کی بے ثباتی کا۔ اور اک زیادہ تر توریت مین پایا جاتا ہے۔ دنیوی زندگی کے لحاظ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ توریت کے خیالات مین مایوسی ہے اور اُسی قدر وید کے خیالات مین امید اور حال حوصلگی۔ آریہ ہر چیز کے روشن رُخ کو دیکھتا ہے۔ اور آسانی سے خوش ہو جاتا ہے۔ ان قدیم ہند کی بزرگ آریون مین جو خاندان کی سرپرستی۔ اور اپنی اولاد و مویشی اور کھیتون کی سرسبزی کو اپنا مال زندگانی سمجھتے اور اپنے دیوتاؤن سے بجز ان نعمتون کے اور کچھ نہ مانگتے تھے۔ ہم مغربی آریون کو بشکل اپنے آباء اجداد کی تصویر نظر آتی ہے

کیونکہ ہم مین اس قسم کی روز افزون اُمنگین پیدا ہوتی جاتی ہین جو کبھی پوری نہین ہوتین اور ہماری زندگی گویا ایک سلسلہ خواہشون کا ہے جو کبھی ختم نہین ہوتا۔

باب دوم

برہمنی زمانہ کا تمدن۔ ہندی معاشرت کی تصویر تیسری یا پانچوین صدی قبل مسیح مین

فصل اوّل۔ وہ اسناد جن کے ذریعہ سے اِس زمانہ کے حالات معلوم ہوتے ہین

برہمنی تمدن | جس آریہ تمدن کا ذکر باب اول مین ہوا اس کا مرکز پنجاب کا ملک تھا۔ لیکن برہمنی تمدن جس کا اب بیان ہوگا وہ وادیٔ گنگا کا تمدن ہے۔ تقریباً ایک ہزار سال کی مدت تک جو ان دونون تمدنون کا درمیانی زمانہ ہے آریہ اقوام برابر مشرق کی طرف بڑھتی گئین۔ اِس وقت یہ کل ہندوستان یعنی اُس ملک پر جس کی حدود خلیج بنگالہ و خلیج عمان اور ہمالیہ اور بندیاچل مین قایض ہو چکے تھے۔ یہان کے قدیم باشندے سے لڑائی بھڑائی چھوڑ کر پوری طرح محکوم ہو چکے تھے اور اپنے فاتحین کیساتھ میل جول شروع کر چکے تھے۔ لیکن اس میل جول کو روکنے کے لیے آریون نے ذات کی جکڑبندیان جن کی ابتدا ویدی زمانہ مین ہوئی پوری طرح قایم کر دی تھین۔ برہمنی تمدن کے عروج کا زمانہ تین یا چار صدی قبل مسیح کہنا چاہیے یہی زمانہ منوشاستر کی تالیف کا ہے جو تمام

ہندوستان کا مدنی اور سیاسی قانون ہے۔ پہلے یہ خیال کیا جاتا تھا کہ منوشاستر اس سے بہت قدیم کی تالیف ہے اور سر ولیم جونس نے اس کو آٹھ سو سال قبل مسیح کا اور بعض دوسرے محققین نے پانسو سال قبل مسیح کا لکھا ہے لیکن جدید تحقیقات سے اس کا زمانہ دو تین سو سال قبل مسیح ثابت ہوا ہے۔

اس زمانہ کی معلومات کا ذخیرہ منوشاستر ہے

برہمنی زمانہ کے متعلق منوشاستر ہمارے لئے ایک بہت بڑا ذریعہ معلومات کا ہے اور جیسا ویدی زمانہ کی معلومات کے لئے رگ وید ویسا ہی برہمنی زمانہ کے لئے منوشاستر ہے اور اب ہم اس سے بھی وہی کام لیں گے جو ہم نے رگ وید سے لیا تھا اور اس کے انتخابات کے ذریعہ سے اس زمانہ کے تمدن کا اندازہ کریں گے۔ علاوہ مذہبی مواد کے اس زمانہ کے لئے اقلاً اسکندر کی فوج کشی کے بعد سے ہمارے پاس تھوڑا بہت تاریخی مواد بھی موجود ہے۔

اسکندر کی فوج کشی اور مگستھنیز کے بیانات

اسکندر کی فوج کشی سے یورپ کو جو ان معلومات کا فائدہ نہیں ہوا۔ صرف اسی قدر فائدہ ہوا کہ اُس پُراسرار زمین سے جو دریائے سندھ کے پار واقع ہوئی تھی کسی قدر تاریکی کا پردہ اُٹھ گیا۔ اور یورپ کی نظریں اُس جانب متوجہ ہو گئیں۔ منجملہ اُن بادشاہوں کے جنہوں نے اسکندر کا ملک تقسیم کر لیا تھا۔ سیلوکس نیکیاٹار نے ہند کو فتح کرنے کا ارادہ کیا۔ لیکن اُسے معلوم ہوا کہ ہند و راجہ نہ صرف قوی ہیں بلکہ چوکنے بھی ہیں۔ اس لئے وہ اپنے ارادہ سے باز آیا۔ چونکہ سیلوکس نے بلخ کا ملک فتح کر لیا تھا اس نے چندر گپت کے ساتھ مصالحت کی۔ اور اپنی بیٹی اس ہندو راجہ کو دی۔ یہ یونانی شاہزادی پاٹلی پتر میں اپنے خوہر کے پاس آئی اور اس کے ہمراہ مگستھنیز آیا جس نے فرصت کے وقت اُس زمانہ کے رسوم و رواج کا بیان لکھا ہے۔ مگستھنیز کا بیان جو نہایت تفصیلی تھا ہم تک نہیں پہونچا ہے۔ اور ایرین نے جو کتاب اس سفیر کے نام سے از منہ متوسطہ میں شایع کی اُس کی نسبت خیال کیا جاتا ہے کہ یہ بالکل جعلی ہے لیکن یونانی مورخین و جغرافیین نے جو مگستھنیز کے ہمعصر یا اُس کے تھوڑے ہی دنوں بعد تھے۔ اس تصنیف سے بڑے بڑے فقرے نقل کئے ہیں۔

اِن کے منجملہ اسٹرابو نے اپنے جغرافیہ ہند مین اکثر اِس کا ذکر کیا ہے پس گویا مگستھنیز کے بیانات کا صرف انتخاب ہم تک پہونچا ہے۔ اور برہمنی تمدن کے اندازہ کرنے مین اِسے ہم منوجی کے دھرم شاستر کے ساتھ شامل کردے سکتے ہین۔ یہی دو تصانیف ہین جن پر زیادہ بھروسہ کیا جاسکتا ہے۔ رامائن دھابھارت مین اِس قسم کے قصے اور کہانیان ملی ہوئی ہین کہ اُن کی تالیف کے ٹھیک زمانہ کا پتہ لگنا نہایت مشکل ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اِن نظمون کا مواد کئی مرتبہ ترتیب دیا گیا ہے۔ اِن سے تھوڑا بہت کام تو لیا جاسکتا ہے لیکن اصلی واقعات کے معلوم کرنے مین زیادہ مدد نہین ملتی۔

فصل دوم۔ ہندؤن کی تقسیم ذاتون مین اور ہر ایک ذات کے علیحدہ علیحدہ فرائض

ذات کی ابتدا | ویدی زمانہ کے آخر مین ہم دیکھ چکے ہین کہ مختلف پیشے کم وبیش آبائی ہوتے جاتے تھے۔ اور ذات کی تقسیم شروع ہو چکی تھی اگرچہ تکمیل کو نہین پہنچی تھی۔ ویدی آریون کو یہ خیال پیدا ہو چکا تھا کہ وہ اپنی پُرانی نسل کو اقوام مفتوحہ کے میل جول سے محفوظ رکھین۔ اور جس وقت یہ قلیل التعداد فاتحین مشرق کی طرف بڑھے اور اُنھون نے دیسی اقوام کے ایک بہت بڑے گروہ کو فتح کرلیا تو یہ ضرورت اور بھی زیادہ ہوگئی اور متقنو کو اِس کا لحاظ کرنا لازمی ہوگیا۔ نسل کے مسائل کو آریہ سمجھ چکے تھے اُنھین معلوم ہو چکا تھا کہ اگر کوئی قلیل التعداد فاتح قوم اپنی پوری حفاظت نہ کرے تو وہ بہت جلد مفتوح اقوام مین کھپ مرتی ہے اور اُس کا نام ونشان باقی نہین رہتا۔ اُنھین یہ بھی معلوم ہو چکا تھا کہ اگر باپ اور مان مین نسل کی نامساوات ہو تو اولاد نہایت ہی کم درجہ کی پیدا ہوتی ہے منوشاستر مین لکھا ہے۔

"جس شخص کو اخلاق پیارے ہون جو آریون کے شایان نہین یعنی اُس مین سچائی بے حد تھی اور ہمیشہ اپنے فرائض کی طرف سے غفلت ہو

تو وہ شخص کم نسل ہے (ادھیائے ۱۰ باب ۵۰)

"اگر کوئی شخص کسی بڑے خاندان مین بھی جنم لے لیکن وہ حرام کی اولاد ہو تو اُس مین کم بیش مزرصا اپنے والدین کے عیوب ہون گے (ادھیائے ۱۰ باب ۶۰)

لیکن وہ ملک جس مین اس قسم کے ذات کی ہاکیرگی کو توڑنے والے حرامی پیدا ہون وہ ملک سدا اپنے باشندون کے بہت جلد برباد ہوجائے گا" (باب ۱۰ - ۶۱)

نسل خالص رکھنے کی ضرورت ان کل مسائل کو آریون نے تجربہ سے سیکھا تھا کیونکہ اُن مین میل شروع ہوگیا تھا اور اس کے روکنے کی ضرورت محسوس ہوچکی تھی - منوشاستر مین جو قواعد نسل کے خالص رکھنے کے متعلق درج ہین اُن سے اِس ضرورت کا محسوس ہونا معلوم ہوتا ہے - باوجود ان سخت قاعدون کے بھی میل جول پوری طرح نہ رُکا اور آخر کو چل کر آریہ نسل مین بہت کچھ فرق آگیا اس تغیر کا ثبوت ہمین مُنبتت تصاویر کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے مثلاً برہمت اور سانچی کی تصاویر مین ہمین ایک نسل نظر آتی ہے جس مین مطلق قفقازی اثر نہین پایا جاتا - اِن کے چوڑے اور چپٹے چہرے اِس امر کو ثابت کرتے ہین کہ یہ تورانی الاصل ہین سا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اِس زمانہ مین خالص آریہ بہت کم رہ گئے تھے اور شاید یہ صرف برہمن تھے -

آریون مین تغیر کا ہونا اِس زمانہ کے معاشرت کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آریون مین صرف جسمانی تغیر ہی نہین بلکہ اخلاقی تغیر بھی ہوگیا - ذات کی سختی اور جکڑ بندی نے ہندی تمدن کو ایسے تنگ حدود مین محدود کردیا کہ پھر وہ اُس سے باہر نہ نکل سکا - وید کے دیوتا بُت بن گئے اور سنسکرت کی خشک اور بے مزہ نظم نے ویدی بھجنون کی لطافت و روانی کی جگہ لے لی - تخیلہ مین بھی وہ زور نہ رہا اور وید کی فصیح اور شاندار مدح سرایون کے جگہ پوج پچر قصے کہانیان رہ گئین جو طبیعت کو پریشان کرتی ہین -

چار ذاتین منوشاستر مین چار ذاتین بیان کی گئی ہین یعنی برہمن - پادری - چھتری - لڑنے والے ویش - زراعت اور تجارت پیشہ - اور شودر جن کا کوئی خاص پیشہ نہ تھا اور جو دوسری ذاتون کے صرف خادم تھے -

(۲۵) کھجوراہو شو کا مندر

ہر شخص اپنے ذات کے اندر اور کبھی اپنے سے کم ذات مین شادی کرسکتا تھا لیکن جو کوئی شودر سے شادی کرتا وہ بالکل بے عزت ہوجاتا اور ذات سے خارج اور دنیا و عقبیٰ مین خسران عظیم کا مستوجب ہوجاتا شودر صرف آپس مین شادی کرسکتے۔ برہمن چھتری بلکہ ویشش کی بھی بیٹی لے سکتا لیکن چھتری اور ویشش کی مجال نہین کہ وہ برہمن کی بیٹی سے شادی کرے۔ آریون کا اعتقاد تھا کہ اگر باپ اعلیٰ ذات مین ہو تو وہ اپنی تھوڑی بہت خصلتین بیٹے کو دے سکتا ہے اگرچہ ماں اُس سے نیچے کے طبقے کی کیون نہ ہو۔ لیکن نیچے درجہ کا شخص اپنے بی بی بچون کو خود اپنے طبقے مین کھینچ لاتا ہے اور کسی عورت کے لئے اپنے سے کم ذات مین شادی کرنا بالکل ناجائز تھا۔ اب ہم منوشاستر کے اُن فقرات کو نقل کرتے ہین جن مین مختلف ذاتون کے فرائض اور شادی بیاہ کے مسائل کئے گئے ہین

"قادر مطلق نے دنیا کی بہبودی کے لئے اپنے مُنہ سے اور اپنے بازؤن سے اور اپنی رانون سے اور اپنے پیرون سے برہمن۔ چھتری۔ ویشش اور شودر کو پیدا کیا" (باب اول ۳۱)

"اس دنیا کی حفاظت کے لئے اُس نے ان مین سے ہر ایک کے لئے علیحدہ علیحدہ فرائض قرار دیئے" (باب اول ۸۷)

"برہمنون کے لئے وید کی تعلیم اور خود اپنے لئے اور دوسرون کے لئے دیوتاؤن کو چڑھاوے دینا اور دان دینے لینے کا فرض قرار دیا" (باب اول ۸۸)

"چھتری کو اُس نے حکم دیا کہ خلقت کی حفاظت کرے۔ دان دے۔ چڑھاوے چڑھاوے۔ وید پڑھے اور شہوات نفسانی مین نہ پڑے" (باب اول ۸۹)

"ویش کو اُس نے یہ حکم دیا کہ مویشی کی سیوا کرے۔ دان دے چڑھاوے چڑھاوے۔ وید پڑھے تجارت لین دین زراعت کرے" (باب اول ۹۰)

"شودر کے لئے قادر مطلق نے صرف ایک ہی فرض بنایا وہ ان تینون کی خدمت کرتا ہے" (باب اول ۹۱)

"جو شخص بُرے میل سے پیدا ہوا ہو اور کسی ذات مین نہ ہو اُس کی شکل آریون کی سی ہو لیکن وہ آریہ نہ ہو۔ ایسا شخص اپنے

کردار سے پہچانا جاتا ہے" (باب دہم ۵)

"شاستر کا فیصلہ یہ ہے کہ جس شخص کا باپ آریہ ہو اور ماں آریہ نہ ہو وہ اپنی خصلتوں سے آریہ بن جا سکتا ہے لیکن جس کی ماں آریہ ہو اور باپ غیر آریہ - وہ کبھی آریہ نہیں بن سکتا" (باب دہم ۶۷)

"جس طرح شودر اور برہمن عورت سے ایسی اولاد پیدا ہوتی ہے جو ذات سے باہر ہے اسی طرح اگر ذات سے باہر غیر خاص چار ادن ذاتوں کی عورتوں سے ہم بستر ہوں تو اُن کی اولاد بھی ذات سے خارج ہو گئی" (باب دہم ۳۰)

"جو برہمن شودر عورت کو ہم بستر کرتا ہے وہ مرنے کے بعد دوزخ میں جاوے گا اور اگر اُس سے کوئی اولاد پیدا ہو تو برہمن اپنی ذات سے خارج ہو جاتا ہے" (باب سوم ۱۷)

برہمنوں کا تفوق اُن کی عمر کے چار حصے

برہمنوں کو دوسری ذاتوں کے اوپر بہت بڑا تفوق تھا اُن کے حقوق اور اِن کا اعزاز ایسا تھا کہ گویا یہ انسان نہ تھے بلکہ دیوتا تھے - اِن کی خالص نسل - اِن کے دعاؤں کی تاثیر اور اِن کا علم - جس کے حاصل کرنے میں ان کی ساری زندگی صرف ہوتی تھی وہ اسباب تھے جن کی وجہ سے انہوں نے ایسا غیر معمولی درجہ حاصل کیا تھا - البتہ اِن حقوق کے ساتھ اِن کے فرائض بھی سختی کے ساتھ محدود کر دے گئے تھے - اِن کی زندگی کے چار حصہ تھے - طفولیت جس میں یہ تحصیل علم کرتے اور خاص اُستادوں سے مذہب کے اسرار سیکھتے - دوسرا حصہ جوانی کا تھا جس میں برہمن شادی کرتا اور خانہ داری کے فرائض ادا کرتا جس میں سب سے بڑا فرض یہ تھا کہ وہ صاحب فرزند ہو - ادھیڑ عمر میں وہ خانہ نشینی اختیار کرتا اور بے تعلقی کے ساتھ عبادت میں مصروف ہوتا - چوتھا حصہ رہا پے کا ہے جس میں برہمن بالکل سنجیدہ کار ہو جاتا اور اس میں ایسی روحانیت آجاتی کہ وہ خدا تک پہونچ جاتا اور مراقبہ میں موت کی تیاری کرتا -

یہ عمر کی تقسیم ان تینوں ذاتوں میں جو دوج کہلاتی ہیں ہو سکتی تھی لیکن برہمن زیادہ تر اِن قواعد کے پابند تھے - دُوج سے مراد پہلی تین ذاتیں ہیں جن میں بچے کو پیدائش کے چند سال بعد جنیو پہنایا جاتا ہے - ضرورت



(۴۶) کجوراہا شیو کا مندر (دسویں صدی عیسوی)

کے وقت برہمنوں کو جائز تھا کہ وہ کوئی پیشہ یہاں تک کہ تجارت بھی اختیار کریں۔ لیکن عموماً ان کی اوقات بسری کھتریوں کی داد و دہش پر ہوا کرتی تھی کیونکہ برہمن کو دان کا دینا ہندو کے اعلیٰ ترین فرائض میں سے تھا۔ منو لکھتے ہیں۔

"کسی ایسے شخص کو دان دینا جو برہمن نہیں ہے ثواب کا موجب ہے لیکن جو شخص اپنے کو برہمن کہے اُسے دینا دوناثواب ہے۔ پڑھے ہوئے برہمن کو دان دینے کا اکمرتبہ ثواب ہوتا ہے اور وید پڑھے ہوئے برہمن کے دان کا ثواب غیر متناہی ہے۔"

خاص حقوق برہمنوں کے خاص حقوق کے متعلق منو لکھتے ہیں۔

"برہمن کی صرف پیدائش گویا شاستر کا جنم لینا ہے کیونکہ وہ شاستر پھیلانے کے لئے آیا ہے اور برہما کی نشانی ہے" (باب اول ۹۸)

"جب کوئی برہمن پیدا ہوتا ہے تو وہ دنیا میں سب سے اعلیٰ مخلوق ہے وہ وارث ہے کل مخلوقات کا اور اُس کا کام ہے شاستر کی حفاظت" (باب اول ۹۹)

"جو کچھ اس دنیا میں ہے برہمن کا مال ہے چونکہ وہ خلقت میں سب سے بڑا ہے کل چیزیں اُسی کی ہیں" (باب اول ۱۰۰)

"برہمن کو اگر ضرورت ہو تو وہ بلا کسی گناہ کے اپنے غلام شودر کا مال جبراً لے سکتا ہے اس غصب سے اُس پر کوئی جرم عاید نہیں ہوتا کیونکہ غلام صاحب جائداد نہیں ہو سکتا اسکی کل املاک مالک کا مال ہے" (باب ہشتم ۴۱۷)

"جس برہمن کو گرگ وید یاد ہو وہ بالکل گناہ سے پاک ہے اگرچہ وہ تینوں عالم کو ہلاک کر دے کسی کا بھی کھانا اگر نہ کھائے" (باب نہم ۲۶۲)

"بادشاہ کو کیسی سخت ضرورت ہو اور وہ مرتا بھی ہو تو بھی اُسے برہمنوں سے محصول نہیں لینا چاہیے اور نہ اپنے ملک کے کسی برہمن کو بھوک سے مرنے دینا چاہیے" (باب ہفتم ۱۳۳)

"سزائے موت کے عوض میں برہمن کا صرف سر مونڈا جائے گا لیکن اور ذات کے لوگوں کو سزائے موت دی جائے گی"

(باب ہشتم ۳۷۹)

"راجہ کو نہین چاہیے کہ برہمن کو کسی حالت مین بھی قتل کرے اگرچہ اُس نے کتنا ہی بڑا جرم کیون نہ کیا ہو ایسے مجرم کو مال اور جان کے ساتھ ملک بدر کر دینا چاہیے" (باب ہشتم ۳۸۰)

برہمن بادشاہ کے مشیر تھے | برہمنون کو حق تھا کہ وہ بادشاہ کے مشیر بنتے بادشاہون کو حکم دیا گیا ہے کہ بلا روشن خیال برہمنون کے مشورہ کے کوئی بڑا کام نہ کرین۔ اِن کی ہمیشہ ایک بڑی مجلس ہوا کرتی تھی جہان وہ ہمیشہ جمع ہوتے اور امور سلطنت پر غور کرتے میگستھنیز برہمنون کی قدر و منزلت کا ذکر کرتا ہے اور اُن کے فلسفہ کی بھی جسے وہ سقراط اور فیثاغورث کے فلسفہ کا مماثل خیال کرتا ہے بہت کچھ تعریف لکھتا ہے۔

چھتری | چھتری یعنی لڑنے والے طبقہ کے لوگ ہمیشہ فوجی مشاغل مین رہتے ان کو کسی اور پیشہ کی اجازت نہ تھی۔ صلح کا زمانہ اِن کی آسایش کا ہوا کرتا تھا لیکن انہین حکم تھا کہ ہر وقت جنگ کے لئے تیار رہین اور ضرورت پڑتے ہی چڑھ دوڑین۔ رعایا کی حفاظت اِن کے خاص فرائض مین سے تھی۔ انہین کے زیر سایہ دیش بلا خوف و خطر زراعت کے کامون مین مصروف ہوتے چھتری اور برہمن ایک دوسرے کے جزو لاینفک سمجھے جاتے لیکن چھتری برہمنون سے بہت ہی کم درجہ مین خیال کئے جاتے۔ منو لکھتے ہین "چھتری برہمنون کے بغیر مطلق پنپ نہین سکتے اور نہ برہمن بغیر چھتریون کے۔ وہ دونون مل کر دنیا مین دونون مین پنپتے ہین" (باب نہم ۳۲۲)

"دس سال کی عمر کا برہمن اور سو سال کی عمر کا چھتری گویا آپس مین باپ بیٹے کا رشتہ رکھتے ہین لیکن ان دونون مین برہمن باپ ہے" (باب دوم ۱۳۵)

ذاتون کے مراج مین فرق | اِس اخیر فقرہ سے معلوم ہوگا کہ ان دونون ذاتون مین کتنا بڑا فرق تھا تاہم ویزش بمقابل اُس خاکسیتی کے جو ان دونون اور دوسری ذاتون کے بیچ مین واقع رہا ہے بہت ہی خفیف تھا۔ چھتری بھی برہمن کا ساتھی ہے اور جیسا کہ منو کے بیان سے معلوم ہوتا ہے ان دونون ذاتون

مین ایک دور کا تعلق موجود تھا۔ اِن سے نیچے اور کرویش تھے جن کا درجہ بہت ہی نیچا تھا اور بیچارے شودر کو دیکھا جائے تو اس معاشرتی انتظام مین اُس کا کوئی حصّہ ہی نہ تھا۔ ویش کی ذات مین کُل زراعت پیشہ تاجر اور مزدور اُن سے کام لینے والے شامل تھے۔ یہ بھی دوج مین داخل تھے لیکن اِن کی تنزل بندی چھتریون کے بعد ہوا کرتی اور خود چھتریون کی برہمنون کے بعد اگرچہ ویشون کے مشاغل معتدل درجہ کے تھے لیکن وہ کبھی غلامی کی حد تک نہین پہونچتے۔ اُن کا گھر بار ہوا کرتا اور وہ خاندان کے سردار سمجھے جاتے۔ برہمن کے لئے سب سے زیادہ ذلت اس مین تھی کہ وہ کسی کی مزدوری کرے۔ خدمت کرنا یا تو بھایم کا کام تھا یا شودرون کا۔ ویشون کے متعلق منو لکھتے ہین۔

"ویش کو چاہیئے کہ تنزل بندی اور اپنی ذات مین شادی کرنے کے بعد کاروبار مین مصروف ہو جائے اور مویشی کی نگہداشت کرے" (باب نہم ۳۲۶)

"اُسے چاہیئے کہ بیج بونے کے طریقہ سے واقف ہو۔ اچھی بُری زمین کو پہچانے۔ اور اوزان اور پیمانون کو بخوبی جانے" (باب نہم ۳۳۱)

"اُسے مزدورون کی اُجرت کے نرخ سے واقف ہونا چاہیئے۔ اور مختلف زمانین جاننا چاہیئے اور مختلف قسم کے مال کی خرید و فروخت سے واقف ہونا چاہیئے" (باب نہم ۳۳۲)

شودر کی ذلت کے اسباب ویشون کی رگون مین اس وقت تک کچھ تھوڑا بہت آریہ خون موجود تھا لیکن اس مین بہت جلد میل ہو گیا۔ شودر بیچارے ملک کے اصلی باشندے اور ایک ذلیل قوم تھی۔ جن کے ساتھ کسی قسم کا تعلق پیدا کرنا شرم کی بات تھی۔ یہ عالم کی کمزور مخلوقات تھی اور ان کا درجہ حیوانون سے بھی بدتر تھا اگر برہمنی خیالات کے پہلو سے دیکھا جائے تو یہ کوئی عجیب بات نہ تھی کیونکہ کتے یا گھوڑے سے ہرگز یہ اندیشہ نہ تھا کہ آریون کی خالص نسل کو خراب کرین۔ لیکن اِن سیاہ فام اقوام سے ہمیشہ یہ کھٹکا تھا کہ کہین فاتحین اقوام اِن سے مل کر اپنا سیتاناس نہ کر لین جس دن ان مفتوح اقوام کے ساتھ سختی مین کمی کی گئی اُسی دن

یہ اندیشہ تھا کہ فاتح اقوام اِن سے متاثر ہو جائے اور تھوڑے ہی دنون مین وہ آریہ قوم جس پر برہمنون کو اس قدر فخر تھا اِن سے سیاہ فامون مین مرمٹے۔ اگر یہ انصاف اور شفاف آریہ خون کی دھار تعصب کی نالی مین قید نہ رکھی جائے تو خوف تھا کہ یہ بہت جلد منفتح اقوام کے گندے دلدل مین پھیل کر نیست و نابود ہو جائے۔ منوشاستر کے مندرجۂ ذیل فقرات سے معلوم ہوگا کہ شودر کی حالت کس درجہ ذلیل تھی۔

"لیکن شودر کا اعلیٰ ترین فرض یہ ہے کہ وہ دیہ کے باہر گھر بنا کر برہمنون کے جو تقوے مین مشغول رہین خدمت کرے اور بھی اُس کی تجارت کا ذریعہ ہے" (کتاب نہم ۳۳۴)

"برہمن کی خدمت کرنا شودر کے لئے نہایت قابل تعریف بات ہے اور اسکے سوا کسی اور چیز سے اُسے کوئی اچھا پھل نہین ملسکتا" (منوسمرتی باب ۱۲۳)

"شودر کو اگر موقع ملے تو اُسے نہین چاہیے کہ مال و دولت جمع کرے کیونکہ شودر دولت جمع کر کے برہمنون کو دکھ دیتا ہے" (منوسمرتی باب ۱۲۹)

"اگر شودر دوجون پر بات بالکل نہی اُٹھائے تو اُس کا ہات کاٹ ڈالا جائے گا اگر وہ غصے مین لات مارے تو اُس کا پیر کاٹ ڈالا جائے گا" (باب ہشتم ۲۷۰)

"اگر کوئی شودر کسی دوج کے ساتھ ایک ہی جگہ بیٹھنا چاہے تو بادشاہ کو چاہیے کہ اُس کے سرین کو دغوا دے اور اُسے ملک بدر کر دے یا اُس کے سرین کو نہی کرا دے" (باب ہشتم ۲۸۱)

"اگر شودر کسی دوج کی جاتی کا نام بے عزتی سے لے تو ایک لوہے کی کیل دس انگل لمبی آگ مین سرخ کر کے اُس کے مُنہ مین ڈال جائے گی" (باب ہشتم ۲۷۱)

"جو کوئی بے ذات شخص سے تعلق پیدا کرے وہ ایک سال کے بعد خود بے ذات ہو جاتا ہے۔ اس تعلق سے یہ مراد نہین ہے کہ اُس کے لئے جڑاؤ جڑاؤ دے یا اُسے ویدک تعلیم دے یا اُس کے ساتھ شادی کا تعلق پیدا کرے کیون کہ اِن صورتون مین وہ فوراً بے ذات ہو جاتا ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ ایک ہی سواری پر سوار ہو یا ایک ہی جگہ بیٹھے یا اُس کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھائے" (باب یازدہم ۱۸۱)

برہمنی زمانہ کے شہر اور عمارات

برہمنی زمانہ مین ہندوؤن نے بڑے بڑے شہر اور عمارات بنائین اور شان و

اشوک کے ساتھ گنگا کے کناروں پر بستے گئے۔ ان عالیشان شہروں اور دیدنی زمانہ کے گاؤں میں بڑا فرق تھا۔ اس زمانہ کی عمارات اور یادگاریں بہت کم رہ گئی ہیں۔ لیکن برہت کی بنت تصاویر اور اشوک کے ستونوں سے جو اچھی حالت میں ہیں ثابت ہوتا ہے کہ اُس زمانہ کے ہندوؤں نے تعمیر میں بڑی ترقی کی تھی۔ ظاہرا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہند میں پہلے عمارتیں اینٹ اور لکڑی کی بنتی تھیں اور اس کے بعد پتھر میں ان کی نقل اُتاری گئی۔ اس امر کا ثبوت نہ صرف میگستھنیز کے بیانات سے ہوتا ہے بلکہ خود مصنف نے نیپال میں جہاں قدیم ہند کی رسوم و عادات بہت اچھی طرح محفوظ رکھی گئی ہیں بہت سے پتھر کے ستون دیکھے ہیں جن کے کتبے نہایت احتیاط کے ساتھ لکڑی کے ستونوں پر نقل کئے گئے ہیں۔ غرض یہ امر محقق ہے کہ میگستھنیز کے وقت میں ہندوستان میں بڑے بڑے شہر تھے اور جو بیان پاٹلی پتر کا اُس نے چھوڑا ہے اُس سے اس شہر کی وسعت اور عظمت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ یہ شہر گنگا کے کنارے ایک بہت ہی بڑے مستطیل کی صورت میں واقع ہوا تھا۔ اس کے گرد فصیل تھی جس کے نیچے ایک گہری اور عمیق خندق تھی۔ میگستھنیز شاہی قصر اور کوچہ و بازار اور دوکانوں کی جن میں انواع و اقسام کا قیمتی سامان تھا بڑی تعریف کرتا ہے لیکن اس زمانہ کے شہروں کا صرف یہی ایک بیان ہم تک نہیں پہنچا ہے۔ رامائن کے بال کانڈ میں اجودھیا کا بیان اس سے بھی زیادہ مفصل اور حیرت انگیز موجود ہے اُس کا ترجمہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

"سرجو ندی کے کنارے کوشل نام کا ایک عظیم الشان ملک ہے جس میں غلہ اور مویشی اور مال و دولت کی ریل پیل ہے اور جہاں کے باشندے سکھ سے رہتے ہیں۔ اس ملک کا دارالسلطنت اجودھیا تھا جسے خود منو بنی نوع انسان کے بادشاہ نے تعمیر کیا اس خوشنما شہر کی دیواریں ایک سرے کے دوسرے سرے تک طول میں ۲۶ میل اور عرض میں ۱۶ میل تھیں اس شہر کے راستے سلیقے سے بنائے گئے تھے اور ان کے بیچ میں شاہی سڑک تھی جس پر پھولوں کے گرنے اور پانی کے چھڑکاؤ سے گرد نہ اُڑنے پاتی تھی۔ قصر اور مکانات فلک بوس زمین پر واقع ہوئے تھے اس شہر کا بادشاہ

والا تبار راجہ دستور تھا جو اس پر اُس طرح حکومت کرتا جیسے ایندر اُمرا پر۔ شہر مین عمدہ عمدہ عمارتین جن پر نشان اُڑتے تھے اور سپاہیون سنگھتیان اِن کی حفاظت کے لئے تھین۔ اِس عظیم الشان شہر مین عورتون کے لئے ناٹک اور بانات اور اُمرائیان تھین اور اِس کے گرد فصیل تھی فصیل کے نیچے ایک چوڑی اور عمیق خندق تھی جس کی وجہ سے نہ دوست شہر مین داخل ہو سکتا تھا نہ دشمن۔ شہر مین ہاتی گھوڑے۔ گائین۔ اونٹ اور گدھے کثرت سے تھے۔ اُس پاس کے راجاؤن سے جو خراج دینے آتے شہر بھرا رہتا اور اِس مین دوسرے ملکون سے تاجر اور بیوپاری کثرت سے آتے اور شہر کے اندر بڑے بڑے پہاڑ کے سے قصر جواہرات سے آراستہ مثل اِندر کے اُمراؤں کے موجود تھے جن مین عورتون کے کھیلنے کی جگہین تھین یہ شہر عجائبات سے بھرا ہوا تھا۔ ہر ایک جگہ سونے کے زیورات سے لبالب تھی۔ شہر مین دھان کے کھیت اور چاول کثرت سے تھا اور اس کا پانی ایسا میٹھا تھا جیسے نیشکر کا رس۔ اِس مین ہر وقت دندبھی۔ میردنگ۔ بین اور پنو اکی اوازون سے کان گونجتے رہتے گویا یہ بے بہا شہر کیا تھا ایک دیوان تھا جو سوھون کو پیغیا کے ذریعہ سے ملتا ہے اور جسمین نیک لوگ بھرے ہوتے ہین"

راجہ دستور تھا نے اِس شہر مین ہزارہا سپاہی بھر دیئے تھے جو ات کے پھرتیلے اور اولاِئی مین ہوشیار تھے یہ اپنے نیزون سے ایسون کو مارتے جو اکیلے یا پیچھے ہوئے پایا گئے تھے۔ بلکہ گرجنے والے ہوتناک۔ ہر شیر اور سورون کو جو جنگلون مین پھرتے مارا کرتے تھے۔ اِسی شہر مین کثرت سے برہمن بھی تھے جو ویہ اور ویدانگ مین ماہر ہزارہا روپیہ دان دینے والے ہمیشہ سچ بولنے والے عالی ہمت رشیون کے مثل تھے۔

فصل پنجم۔ طرز حکومت و انتظام مملکت

خود مختاری پادشاہت | بر ہمنی زمانہ مین طرز حکومت خود مختاری پادشاہی تھا۔ بادشاہ کی اطاعت اسی طرح واجب تھی جیسے خدا کی اور جس وقت وہ تخت پر بیٹھا خواہ اُسنے کسی گناہ کے ذریعہ سے کیون نہ تخت لیا

ہو وہ خدائے تعالیٰ کا قایم مقام سمجھا جاتا تھا منو لکھتے ہین -

"بادشاہ اگر طفل نابالغ بھی ہو تو اُسے یہ خیال کرکے کہ یہ بھی ایک انسان ہے حقارت سے نہین دیکھنا چاہیے - بادشاہ فی الواقع خدا ہے انسان کی شکل مین ہے" (باب ہفتم ۸)

پدرانہ حکومت لیکن ان بادشاہون کی حکومت پدرانہ تھی اور رعایا پر اُس کا بار نہین تھا - برہمن اپنے مرتبہ کی وجہ سے درجہ مین اس سے زیادہ خیال کئے جاتے اور بادشاہ کو حکم تھا کہ ہر امر مین اُن سے مشورے لے اُنھین دان دے اور ان کی دعا کے ذریعہ سے اپنی حکومت کو سرسبز رکھے ورنہ وہ ہر قسم کے عذاب الٰہی کا مستوجب ہو جاتا - چھتری خود بادشاہ کی ذات کے لوگ تھے اور وہ اس کی عزت اُسی طرح کرتے جیسے سپاہی اپنے سپہ سالار کی کرتے ہین - بادشاہ کی حکومت زیادہ تر ویشون پر تھی اس ذات کے لوگ کاشتکار تھے اور یہی بادشاہ یا اقلاً مالک کے لئے زمین جوتتے بوتے اور تجارت کرتے محصول سب بادشاہ کو پہنچتا تھا - لیکن اُسے لازم تھا کہ وہ کافی فوج رکھے اور انتظام مملکت مین روپیہ خرچ کرے کل صوبجات بڑے شہرون اور قصبہ جات مین سرکاری عہدے دار رہتے جن کا کام پیداوار کی جانچ کرنا - تجارت کا انتظام - اور اشیا کی قیمتون کا قرار دینا تھا جس کے ذریعہ سے وہ بادشاہ کے حصے کی تشخیص کرتے اگرچہ یہ انتظام ہماری نظرون مین ظالمانہ معلوم ہوتا ہے لیکن ہندو اس مین خوش تھے - نگیز تعیز ہندو رعایا کو بچون سے تشبیہ دیتا ہے جن پر حکومت کرنا بالکل آسان ہے کہ دنیا مین ان سے زیادہ مطیع اور قانع رعیت نہین ہو سکتی - سچ یہ ہے کہ اس وقت بھی یہ مثل بچون کی آسانی سے تربیت پذیر ہین -

بادشاہ کی زندگی اگرچہ بادشاہ بالکل خودمختار تھا لیکن وہ اپنے اختیار کو بے جا عمل مین نہین لا سکتا - اپنے قصر مین بند اور اُن مختلف فرائض کی زنجیرون مین جکڑا ہوا جنھین منو شاستر نے مقرر کیا تھا اُس کی زندگی بالکل باقاعدہ تھی اور اُسے ہر وقت خنجر اور زہر کا خوف لگا رہتا تھا - اگرچہ بادشاہت کا اعلیٰ درجہ ہر قسم کے خطرون سے بھرا ہوا تھا لیکن اس کے خواہشمند کثرت سے تھے - اگر کوئی قاتل کامیاب ہو کر ایک مرتبہ

تخت پر بیٹھ جاتا تو پھر اُس دن سے وہ خدا سمجھا جاتا سارا خوف کامیابی ہی تک تھا پس ایسی صورت مین بادشاہ کی جان کی حفاظت مین بے انتہا اہتمام کیا جاتا اور اس کی پوری تفصیل منوشاستر مین درج ہے۔ بادشاہ کو چاہیے کہ اپنے اردگرد صرف ایسے اشخاص رکھے جو کم جرأت ہون اور جن مین ایکا کرنے کا مادہ نہو اُسے چاہیے کہ اپنی خواب گاہ کو بدلتا رہے اور کبھی متوالانہ ہو۔ کیونکہ ممکن ہے کہ ایسی حالت مین کوئی مرد کی عورت اُسے مار ڈالے اور اُس کے جانشین سے شادی کرلے۔ بجز بادشاہ اور اُس کی بی بیون کے کسی باہر کے شخص کو اجازت نہ تھی۔ کہ قصر کے اندر قدم کرے وقتاً فوقتاً ایک سواری دھوم دھام سے نکلا کرتی جس مین زرق برق جھولون والے ہاتھی ہتیار بند عورتین۔ تیر انداز اور سپاہی ہوتے۔ یہ شہر کے راستون سے دو طرفہ رستون کے بیچ مین سے جس کے اندر کوئی نہ آنے پاتا گزرتے۔ یہ گویا بادشاہ اور اُس کا حرم ہے جو شہر سے باہر شکار کے لیے جارہا ہے۔ اور اوقات مین رعایا اپنے بادشاہ کو اُس وقت دیکھتی جب وہ چڑھاوا دینے آتا یا عدالت کی کرسی پر بیٹھتا یا کہ اپنی فوج کی سپہ سالاری کرتا۔ کیونکہ منوشاستر کے رو سے بادشاہ کو ہمیشہ جنگ کے لیے تیار رہنا چاہیے لیکن میدان مین اُسی وقت آنا چاہیے جب کامیابی کی پوری امید ہو۔ اِس سے پہلے صلح کے پیغام جاسوس اور دشمنون مین پھوٹ ڈلوانے سے کام لینا چاہیے۔ منو لکھتے ہین۔

"بادشاہ کو چاہیے کہ دشمن کے اپنے متعلقین کو جو اُس سے دل سکین ملے شاہانہ انعام سے دعوی دار ہون اُسے چاہیے کہ اپنے دشمن کی چالون کی خبر رکھے اور جس وقت قسمت یاوری کرے تو بہادر بلا خوف حملہ کرنا چاہیے"

(باب ہفتم ۱۹۷)

جاسوسی | جاسوسی صرف دشمنون ہی کے لیے نہ تھی یہ گویا انتظام مملکت کا ایک جزو سمجھی جاتی تھی۔ انھین جاسوسون کے ذریعہ سے بادشاہ اپنے مخالفین کی سازشون کی خبر رکھتا۔ عمال کی دیانت۔ فصل کی حالت۔ اور شاہی محصول کی واجبیت کی نگرانی۔ کرتا یہ محصول سال کی حالت کے مطابق بدلتا رہتا تھا۔ برے ہنگام



عکس ۹۳ نقشہ بنیادی مندر کھاجوراہا۔

مین زیادہ محصول لیا جاتا اور اچھے ہنگام مین کم شوشاستر مین اس کا ذکر کیا گیا ہے۔

بیوپاریون سے اچھے ہنگام مین صرف بارھوان حصہ نذر کا اور بیسوان حصہ تجارتی منافع کا لیا جاتا ہے۔ لیکن بُرے ہنگام مین آٹھوان حصہ بلکہ چوتھائی حصہ نذر کا اور بیسوان حصہ تجارتی منافع کا لیا جا سکتا ہے اور شودرون اور مزدورون سے بعوض محصول کے مہینے مین ایک دن کی مزدوری لی جاے گی باب ہفتم ۱۱۰ و ۱۲۰ و ۱۳۸

انتظام مملکت اس انتخاب سے معلوم ہوگا کہ شودر جن کے پاس کوئی جائداد نہ تھی بعوض محصول کے صرف مہینے مین ایک دن کی مزدوری بادشاہ کو دیا کرتے۔ ملک کی حکومت کا انتظام نہایت عمدہ طرح سے کیا گیا تھا۔ ہر ایک گاؤن اور شہر مین ایک کارپرداز رہتا اور یہ حلقہ کے کارپرداز کا ماتحت ہوتا۔ مختلف حلقوں کے کارپرداز صوبہ دار کے ماتحت ہوتے اور صوبہ دار براہ راست وزرا سے جو لایق اور عالم برہمن ہوا کرتے تھے تعلق رکھتا۔ اسی طرح فوج مین ایک سلسلہ افسرون کا تھا جو ایک دوسرے کے ماتحت ہوتے تھے۔

فصل ششم عدالتی انتظام قانون ورواج

عدالتی انتظام انصاف کرنا بادشاہ کا فرض تھا۔ لیکن چونکہ وہ ہر ایک مقدمہ کو خود نہین سن سکتا تھا۔ اس نے برہمنون کو اپنا قایم مقام بنایا تھا۔ منو لکھتے ہین۔

"جب بادشاہ مقدمات سننا چاہے تو اُسے چاہیے کہ عدالت مین تمکنت کے ساتھ داخل ہو اور اُس کے ساتھ برہمن اور تجربہ کار مشیر ہون" (منو باب ہشتم ۱)

"اگر بادشاہ خود فصل خصومات نہ کر سکے تو اُسے چاہیے کہ کسی عالم برہمن کو اس کام کے لیے مقرر کرے۔ (منو باب ہشتم ۹)

یہ برہمن تین مددگارون کے ساتھ عدالت عالیہ مین آے گا اور جیٹھ کر یا کھڑے کھڑے اُن مقدمات کی جو بادشاہ کے روبرو پیش

ہوئے ہون غور سے سماعت کرے گا" (منو باب ہشتم ۱۰)

"بادشاہ کو اختیار ہے کہ کسی ایسے برہمن کو جو صرف اپنی جاتی کے نام سے مشہور ہے باوجود اپنے کو برہمن کہتا ہو لیکن اُس کا گناہ معلوم ہو حاکم عدالت مقرر کرے لیکن کسی شودر کو ہرگز منصب نہیں دیا جاسکتا" (منو باب ہشتم ۲۰)

قانون | کوئی ایسا مُدوّن قانون نہین تھا جس مین کل معاشرتی تعلقات موجود ہون لیکن منوشاستر کے مندرجۂ ذیل فقرہ سے معلوم ہوگا کہ عام رواج کو قانونی حیثیت دی جاتی تھی۔

"جو بادشاہ شاستر سے واقف ہے اُسے چاہیئے کہ مختلف جایتون اور صوبون اور قومون اور خاندانون کے ہر ہر رواج کی تحقیقات کرے اور ہر ایک کے لیے علیحدہ علیحدہ تجویز کرے" (منو باب ہشتم ۴۱)

مقدمہ بازی | زمانۂ حال کی طرح اُس زمانہ مین ہندو مقدمہ بازی کے شائق نہ تھے اور آپس مین عدالتی جھگڑے بہت کم ہوا کرتے تھے۔ جرایم کی تحقیقات نہایت اہتمام کے ساتھ کی جاتی تھی۔ سراغ رسانی مین جاسوسی سے بہت کام لیا جاتا۔ جاسوسی کو امور عدالتی مین اُس قدر دخل تھا جتنا امور سیاسی مین۔ جب کوئی اجنبی شخص ملک مین آتا تو فوراً جاسوس اُس کے بلا علم اُسے گھیر لیتے اور اُس کا پیچھا نہ چھوڑتے اس کے ساتھ بھی جھوٹی شہادت دینا بہت بڑا جرم تھا اگر ثابت ہوجاتا تو سخت سزا ملتی اور عاقبت مین بھی جھوٹی گواہی دینے والا عذاب عظیم کا مستوجب ہوتا۔ منو لکھتے ہین۔

"عقلمند آدمی کو کسی خفیف معاملہ مین بھی جھوٹی قسم نہین کھانی چاہیئے۔ کیونکہ جھوٹی قسم کھانے والا خسران دنیا و عقبیٰ مین مبتلا ہوتا ہے" (منو باب ہشتم ۱۱)

"اے گواہ جو عذاب رشیون نے برہمن اور عورتون اور بچون کے قاتل کے لیے اور ایسے شخص کے لیے جو اپنے دوست کو پکڑوا دے یا ناشکرا ہو تجویز کیا ہے۔ وہ عذاب تجھ پر نازل ہوگا اگر تو جھوٹی گواہی دے گا" (منو باب ہشتم ۸۹)

"جو شخص عدالتی تحقیقات مین کسی سوال کا جھوٹا جواب دے گا وہ سر کے بل دوزخ مین پھینکا جائے گا" (منو باب ہشتم ۹۴)

شہادت | جیسا ہمارے قانون مین ہے ویسا ہی برہمنی قانون مین اس کا لحاظ رکھا گیا تھا کہ گواہ کو ملزم کے



(۴۷) کھجوراہا لکشمن جی کا مندر

ساتھ کوئی قرابت قریبہ ہو۔ شہادت لینے سے پہلے گواہ کی معتبری دیکھ لی جاتی تھی۔ منو لکھتے ہیں۔

"چاروں فاتون کے معتبر اشخاص جو اپنے فرائض سے پوری طرح واقف اور راستباز ہوں مقدمات میں گواہ ہو سکتے ہیں۔ حاکم کو چاہیے کہ جو اشخاص اس تعریف سے خارج ہوں اُن کی گواہی قبول نہ کرے۔ جن لوگوں کو مقدمہ سے کوئی قریب کا تعلق ہو اُنھیں گواہ نہ بنانا چاہیے۔ اسی طرح ایسے اشخاص کو جو فریقین کے دوست یا دشمن ہوں۔ یا ایسے اشخاص کو جو دروغ حلفی میں سزا پا چکے ہوں۔ اور نہ وہ اشخاص جو کسی بُری بیماری میں مبتلا یا سخت گنہگار ہوں" (منوباب ہشتم ۶۳ و ۶۴)

لیکن اُن صورتوں میں جب کہ جرم مشہد یا علانیہ ہوتا تو گواہوں کی زیادہ چھان بین نہ کی جاتی۔

"ضرب شدید۔ چوری۔ زنا۔ ہتک عزت۔ باہمی کے مقدمات میں گواہوں کے متعلق زیادہ چھان بین نہیں ہونی چاہیے" (منوباب ہشتم ۷۲)۔

اِن فقرات سے جو نقل کئے گئے اور نیز بہت سے ایسے فقرات سے جنھیں ہم طوالت کی وجہ سے نقل نہیں کر سکتے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اُس زمانہ میں انصاف کو خالص اور بے لوث رکھنے کی بڑی کوشش کی جاتی تھی۔ لیکن اُن تفصیل قواعد کے ساتھ ہی ساتھ جو حق کو ناحق سے تمیز کرنے کے متعلق منوشاستر میں درج ہیں وہ پوچ اور لچر قسمیں اور آزمائشیں بھی موجود ہیں جو اُس زمانہ متوسط میں جاری تھیں۔ منو لکھتے ہیں

"حاکم کو چاہیے کہ برہمن کو اپنی سچائی کی قسم دے۔ چھتری کو اپنے رتھ یا سواری کے گھوڑے یا ہتیار کی۔ ویش کو اپنی گایوں غلہ اور سونے کی۔ اور شودر کو تمام جرائم کی قسم دے یا یہ کہ حاکم اُن سے آگ اُٹھوائے یا اُسے پانی میں غوطے کھلائے یا اپنی بیوی بچوں کے سر پر ہاتھ رکھوائے۔ جس شخص کو آگ نہ جلائے یا پانی جلدی سے نکال کر نہ پھینکدے یا جس پر قسم کے بعد کوئی آفت نہ آئے وہ بے گناہ سمجھا جائے گا" (منوباب ہشتم ۱۱۳ و ۱۱۵)

منوشاستر کے باب ہشتم و باب نہم قصور و جرائم کے اقسام اور اُن کی سزاؤں سے بھرے ہوئے ہیں اِن کل احکام کا مخاطب بادشاہ ہے جو ملک کا سب سے بڑا حاکم اور ہر قسم کے جرائم کا جو ملک میں ہوں ذمہ دار سمجھا جاتا ہے۔

بادشاہ کا حصہ | ہم دیکھ چکے ہیں کہ ہر قسم کی پیداوار میں بادشاہ کا چھٹا حصہ ہوا کرتا تھا۔ مندرجۂ ذیل فقرات سے معلوم ہوگا کہ نہ صرف مال میں بلکہ عمال میں بھی بادشاہ کا حصہ تھا۔ منو لکھتے ہیں۔

"جو بادشاہ اپنی رعایا کی حفاظت کرتا ہے اُسے رعایا کی عبادت کا چھٹا حصہ ملتا ہے۔ اور اگر وہ اُن کی حفاظت نہ کرے تو اُن کے گناہوں کا چھٹا حصہ اُس کے نامۂ اعمال میں لکھا جاتا ہے۔ جو شخص وید کے پڑھنے یا پڑھانے۔ یا دان یا عبادت کے ذریعہ سے ثواب حاصل کرتا ہے بادشاہ کو اُس کا چھٹا حصہ رعایا کی حفاظت کے عوض میں ملتا ہے" (منو باب ہشتم ۳۰۴ و ۳۰۵)

ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ اُس زمانہ کے ہندو مقدمہ بازی کے شایق نہ تھے۔ عدالت میں جانے سے پہلے ہر قسم کی ہدایت اِس امر کی کی گئی ہے کہ مصالحت سے کام لیا جائے اور بعض حالتوں میں مصالحت پر مجبور کیا گیا ہے۔

قانون ادائے قرضہ وسود | قرض خواہ کو چاہیئے کہ جن طریقوں سے اپنی رقم کا وصول کرنا ممکن ہو ان طریقوں سے قرضدار سے رقم وصول کرے" (منو باب ہشتم ۴۹)

"جو قرض خواہ خود اپنے قرضدار سے قرضہ وصول کرے اُس پر بادشاہ کی طرف سے کوئی الزام نہیں ہونا چاہیئے" (منو باب ہشتم ۵۰)

قرض وصول کرنے کے مختلف طریقے تھے۔ خوشامد۔ دوستوں کا بیچ بچاؤ۔ قرضہ دار کو مجبور کرنا کہ قرضخواہ ہر وقت اُس کے پیچھے لگا رہے اور اُس کے گھر تک چلا جائے۔ اُس کی بی بی اور بچوں کو اپنے گھر میں لاکر رکھے اور بالآخر اُس کو زدوکوب کرے۔

قرضدار کو بھی آسانیاں دی جاتی تھیں۔ وہ اپنی محنت اور مزدوری کے ذریعہ سے یا چھوٹی چھوٹی اقساط میں قرض ادا کر سکتا تھا۔ جب کوئی معاہدہ بیع یا مبادلہ وغیرہ کا ہوتا تو دس دن سوچنے کے لئے دیئے جاتے تھے۔ اور اُس مدت کے بعد معاہدہ کامل سمجھا جاتا تھا۔ سود کا نرخ بھی قانون میں مقرر تھا اور ہر ایک ذات میں

علیحدہ تھا۔ برہمن بہ نسبت چھتری کے کم سود دیتا اور چھتری نیچے کی دونوں ذاتوں سے کم۔

فساد اور ظلم و زیادتی

غرض قانون کا منشا یہ تھا کہ رعایا کے باہمی نقصانات عموماً رعایا ہی سے پورے کئے جائیں اور اس قدر تک چلن قوم تھی ہر قسم کی زیادتی سے نفرت تھی۔ بادشاہ کا پہلا فرض یہ تھا کہ اپنے ملک میں ظلم و زیادتی نہ ہونے دے اور اگر ظلم و زیادتی وقوع میں آئے تو مجرم کو سخت سزا دے۔

"جو بادشاہ اندر کے تخت پر بیٹھتا اور ہمیشہ کے لئے نام آوری حاصل کرنا چاہے اُسے ایک لمحہ کے لئے بھی خادم کو بلا سزا دیئے نہ چھوڑنا چاہئے۔ جو شخص ظلم و زیادتی کرے اور اُس کا جرم ثابت ہو سزا کرنے والے پھر اور لاکھی مارنے والے سے بھی زیادہ سنگین ہے۔ جو بادشاہ خادم کو بخشتا ہے وہ بہت جلد برباد ہو جاتا ہے اور اُس سے خلقت نفرت کرتی ہے۔

(منو باب ہشتم ۳۳۵ - ۳۳۶)

جرائم اور اُن کی سزا میں مجرم یا مظلوم کی ذات کا لحاظ کیا جاتا تھا۔

جرائم اور ان کی سزا کی ہیئت بجائے اُس نقصان کے نہیں قرار دی جاتی جو ان سے نتیجہ ہوں بلکہ بجائے مجرم یا مظلوم کی ذات کے مشابہ برہمن کو کسی حالت میں بھی ویسی سخت سزا نہیں دی جاتی جیسی اور ذات کے اشخاص کو۔ منو لکھتے ہیں۔

"ایسے جرائم کے لئے جن کا ذکر باب نہم ۲۷۹ میں ہے۔ برہمن کو درمیانی سزا دی جائے گی۔ یا وہ ملک بدر کر دیا جائے گا لیکن اُس کا روپیہ اور مال اُس سے نہ لیا جائے گا۔ لیکن دوسری ذاتوں کے اشخاص کی جو عمداً ان جرائم کے مرتکب ہوئے ہوں کل جائداد ضبط ہونی چاہیئے اور اگر عمداً مرتکب ہوئے ہوں تو وہ ملک بدر کر دیئے جائیں گے (منو باب نہم ۲۴۱ و ۲۴۲)

منوشاستر کی رو سے جرائم کبیرہ مثل قتل عمد یا زنا وغیرہ کی سزا ضبطی جائیداد و ملک بدر ہونا۔ یا موت تھی۔ چوری میں جرمانہ یا قید یا کسی عضو کو کاٹنے کی سزا تھی۔ زنا بالجبر کنواری لڑکیوں پر بات ڈالنا۔ اور زنا وہ جرائم تھے جن کی سزا موت تھی۔ کیونکہ یہ جرائم ذاتوں کے میل سے متعلق تھے اور منوشاستر کا پہلا مقصد ذاتوں کا تخستی سے بلا میل جول قائم رکھنا تھا۔ جس مقام پر ہم نے اُس زمانہ کی عورتوں کی حالت سے بحث کی ہے وہاں ہم پھر اس سلسلہ پر عود کریں گے۔

وراثت و ترکہ | عدالت کے بیان کو کامل کرنے کے لئے کچھ ذکر وراثت کا بھی ہونا چاہیے۔ باپ کے مرنے کے بعد اولاد مین جائداد کی بطور پر تقسیم ہوتی تھی۔ بعض وقت جب بڑے بیٹے مین خاص قابلیت ہوتی تو باپ کل جائداد اُس کو دے جاتا اور وہ باپ کی جگہ بزرگ خاندان بن جاتا۔ اولاد نہونے کی صورت مین بھائی اور والدین وارث ہوتے۔ اگر یہ بھی نہونے تو پھر بادشاہ اور برہمن جائداد پاتے۔

فصل ہفتم۔ فوج اور طریقہ جنگ

برہمنی زمانہ مین فوج صرف چھتریون کی ہوتی۔ چھتری کسی اور پیشہ کو اپنی بے عزتی سمجھتے اور تجارت مین بھی بلا شدید ضرورت کے اُنھین پڑنے کے کسی اور کام کرنے کی اجازت نہ تھی۔ میگستھنیز اُس زمانہ کا ذکر کرتا ہے جہان پانچ چھتری کی کل فوج جمع ہوئی تھی۔ اور اُن کا اندازہ وہ چار لاکھ سپاہیون کا بتاتا ہے۔ سپاہی اپنا وقت قواعد اور جنگی تعلیم جوا کھیلنے سونے اور پینے مین صرف کرتے اور وقتاً فوقتاً بادشاہ اُن کا جائزہ لیتا۔ میگستھنیز اس زمانہ کی خوش انتظامی اور علی الخصوص ہندوؤن کے ایمانداری کی بڑی تعریف کرتا۔ ان چار لاکھ آدمیون نے جو ایک بار ہتھیار تھے کبھی شکایت نہین ہوئی کہ کسی نے دوسرے کی کوئی چیز لی ہو۔

پکارنے کے ساتھ ہی ساری فوج یکجا ہوجاتی۔ انھین کسی قسم کا سامان یا گھوڑے یا رتھ مہیا کرنا نہ پڑتا۔ کل سامان جنگ بادشاہ کی طرف سے مہیا کیا جاتا تھا۔ ہم اوپر بیان کر چکے ہین کہ ملک کے محاصل کا بہت بڑا حصہ فوج پر صرف کیا جاتا تھا۔ فوج کی ساری شان ہاتھیون اور گھوڑون اور رتھون سے تھی۔ ہر ہاتھی پر چار شخص سوار ہوتے ایک ساربان اور تین تیر انداز۔ ہر رتھ پر تین آدمی بیٹھتے ایک ہانکنے والا اور دو تیر انداز۔

"بادشاہ کی فوج مین سب سے بڑا اثر ہاتھیون سے ہوتا ہے۔ گھوڑا فوج کی قوت ہے کیون کہ یہ گھوڑا چلتی ہوئی دیوار ہے جس بادشاہ کے پاس ہوا ان کی فوج اچھی ہو وہ مشکل کی لڑائی مین ضرور فتح پائے گا۔" (ہوپر شیس ایپک جلد ۲ صفحہ ۸۰۶)

"بادشاہ کو چاہیئے کہ صاف زمین پر رتھوں اور گھوڑوں سے لڑے۔ پانی پرشتیوں اور ہاتھیوں سے۔ جس مقام پر جنگل ہو وہاں تیر سے۔ اور صاف زمین پر تلوار اور ڈھال وغیرہ سے" (تھوپدیش باب جنگ ۸۲)

اور اوپر والے دونوں انتخاب منوشاستر سے نہیں ہیں بلکہ اُس مجموعہ حکایات سے جو تھوپدیش کے نام سے مشہور ہے اور جس میں لڑائی کے قواعد برہمنی زمانہ کے مطابق درج کئے گئے ہیں۔ ہم ایک اور فقرہ اسی مجموعہ سے نقل کرینگے جس میں ایک جنگ عظیم کی طرف اشارہ ہے کیونکہ اس میں عورتوں اور کل اُن قیمتی چیزوں کا ذکر ہے جو فوج کے ہمراہ رہ سکتے ہیں۔

"فوج کے آگے مستعد فوج بڑے بڑے بہادروں کو لیکر چلے۔ قلب میں عورتیں شاہزادے اور کمزور لوگ ہوں۔ دونوں جانب کو سوار ہوں اور اُن کے دونوں جانب میں رتھ اور ہاتی اور ہاتیوں کی دونوں جانب پیدل کی فوج ہو سب سے پیچھے سپہ سالار فوج کو بڑھاوے دیتا جائے اور بادشاہ مع اپنے ذرا کے بڑا حصہ فوج کا لے کر چلے" (تھوپدیش باب جنگ ۲۷۵)

فن حرب کے متعلق ہم دو اور فقرے نقل کرتے ہیں ایک تو تھوپدیش سے اور دوسرا منو سے جن دونوں کا مفہوم ایک ہی ہے۔

جنگ کے وقت دشمن کو دھوکہ دینا جائز ہے "جو شخص فتح کا خواہاں ہے اُس کو چاہیئے کہ غنیم کی فوج کو خوب تنگ کرے اور بتدریج توڑے کیونکہ جس وقت غنیم کی فوج تھک کر پریشان ہو گئی تو آسانی سے زیر ہو جائی ہے۔ (تھوپدیش باب جنگ ۹۱)

"جب بادشاہ دشمن کو شہر میں محصور کر دے تو اُسے چاہیئے کہ کمارہ کے بیٹھا رہے اور دشمن کے ملک کو ستاوے اور برابر اس کا چارہ اشیائے خوردنی ایندھن اور پانی غارت کرتا رہے۔ اسی طرح اُسے چاہیئے کہ تالابوں فصیلوں اور خندقوں کو غارت کرے اور غنیم پر اچانک حملہ کرے اور اُسے رات کو توڑ لے" (منوشاستر ساتوں باب ۱۹۵ ۱۹۶)

جنگ میں رحم دلی و انسانیت اگرچہ لڑائی کے بہت کھنڈن اور سیاسی پیچوں کی بڑی تعریف کی گئی ہے لیکن اُس کے ساتھ ہی رحم دلی اور انسانیت کے اصول کی بھی تعلیم ہے۔ مثلاً زہر سے بجھے ہوئے تیر اور

ایسے ہتیاروں کے استعمال کی جن سے بُرے زخم پیدا ہوں ممانعت کی گئی ہے۔ اسی طرح گرے ہوئے دشمن یا ایسے دشمن پر جو کسی دوسرے غنیم سے لڑ رہا ہو حملہ کرنا منع کیا گیا ہے۔ منو لکھتے ہیں۔

"غنیم پر حملہ کرتے وقت ایسے ہتیار نہیں استعمال کرنا چاہیئے جو کسی لکڑی کے اندر چھپے ہوئے ہوں اور نہ ایسے تیر استعمال کیے جائیں جو خاردار یا زہریلے یا سلگتے ہوئے ہوں۔ نہ ایسے غنیم کو مارنا چاہیئے جس نے بھاگ کر کسی بینہ ہی پر پناہ لی ہو نہ ہیجڑے کو۔ نہ اُس کو جو ہاتھ جوڑ کر پناہ مانگے۔ یا اس طرح بھاگے کہ اُس کے بال ہوا میں اُڑیں اور نہ اُس شخص کو جو بیٹھ جائے یا یہ کہے کہ میں تیرا ہوں" (منوشاستر ساتواں باب ۹۰ و ۹۱)

منو میں دشمن کے ساتھ مدارات کی بڑی سفارش کی گئی ہے اور یہ بھی دکھایا گیا ہے کہ مصلحت کے لحاظ سے بھی یہ بہت عمدہ طریقہ ہے۔ منو لکھتے ہیں۔

"بادشاہ کی قوت ملک و دولت ملنے سے اُس قدر نہیں بڑھتی جس قدر سچے دوستوں کے ملنے سے کیونکہ یہ اگر اُس وقت ناتوان بھی ہوں تو آگے چل کر توانا ہو جائیں گے" (منوشاستر ساتواں باب ۲۰۸)

لوٹ | جنگ میں کامیاب ہونے کے بعد بادشاہ لوٹ کو خود لے سکتا ہے بشرطیکہ اُس کا ایک حصہ برہمنوں کو دیا جائے۔ تاہم اُسے چاہیئے کہ جو رعایا اُس کے قبضہ میں آگئی ہے اُسکو زیادہ تباہ نہ کرے۔

"مال و متاع کا لے لینا جو رعایا کی کا باعث ہے اور مال و متاع کا تقسیم کر دینا جو خوشی کا باعث ہے یہ دونوں کام اپنے اپنے موقع پر نہایت مستحسن ہیں" (منوشاستر ساتواں باب ۲۰۴)

فاتح کو مفتوح کے قانون و مذہب کا پاس کرنا چاہیئے | ایک بہت ہی عاقلانہ مشورہ جو ہمیں رومیوں سے لائق فاتحین کی یاد دلاتا ہے یہ ہے کہ فاتح کو ہمیشہ مفتوح کے قوانین اور مذہب کا پاس کرنا چاہیئے۔

"فتح کے بعد بادشاہ کو چاہیئے کہ قوم مفتوح کے دیوتاؤں اور نیک چلن برہمنوں کی عزت کرے اور اشخاص کے ساتھ رعایت اور امینی کرے۔ اُسے چاہیئے کہ قوم مفتوح کے قانون کو اسی طرح جاری رکھے جیسا وہ پہلے تھا اور بادشاہ مفتوح اور اس کے ارکان دولت کو بیش قیمت تحائف دے" (منوشاستر ساتواں باب ۲۰۱)

خود جنگ مین عموماً ایک پُرخطر اور دردناک چیز خیال کی جاتی ہے اور اس امر کی ہدایت کی گئی ہے کہ جب تک کل مدارج صلح کے طے نہ ہولین جنگ کا ارادہ نہ کیا جائے منو لکھتے ہین۔

"بادشاہ کو چاہیے کہ اپنے دشمن کو مصالحت یا تحائف کے ذریعہ سے زیر کرے یا تخم مین پھوٹ ڈالنے کے ذریعہ سے لیکن مجبوری کی حالت مین لڑائی سے۔ کیون کہ جس وقت دو بادشاہ آپس مین جنگ کرتے ہین تو نفع اور شکست جیسا کہ تجربہ سے معلوم ہوتا ہے ایک مشکوک چیز ہے۔ پس حتی الامکان لڑائی سے پرہیز کرنا چاہیے۔ لیکن اگر اوپر کے تینون ذرایع مین کامیابی نہ ہو تو پھر جنگ اس مستعدی سے کرنی چاہیے کہ دشمن بالکل زیر ہو جاے" (منوشاستر ساتوان باب ۱۹۸-۲۰۰)

فصل ہشتم۔ زراعت وتجارت

زراعت وتجارت | زراعت وتجارت ویشون کا پیشہ تہا۔ لیکن زمین کا اصل مالک بادشاہ تہا۔ اگر کوئی کاشت کار اپنی زمین پرتی ڈال دے تو صرف وہ گھاٹے مین رہتا بلکہ حکومت کا مجرم بھی ہو جاتا۔ منو لکھتے ہین۔

"اگر فصل کاشت کار کے قصور سے تلف ہو جاے تو بادشاہ کے حصہ کا دس گنا جرمانہ لیا جاے گا۔ لیکن اگر کاشت کار کے بلا اطلاع اُس کے نوکرون کی وجہ سے نقصان ہوا ہے تو جرمانہ اس کا نصف ہوگا" (منوشاستر آٹھوان باب ۲۴۳)

نرخ اجناس مقرر کرنا | خرید وفروخت کی شرطین۔ اجناس کا نرخ۔ اوزان اور پیمانے۔ اور برآمد و درآمد کے قواعد۔ ان سب کو بادشاہ مقرر کرتا تہا۔ منو لکھتے ہین۔

"بادشاہ کو چاہیے کہ کل اشیاے خرید وفروخت کی خرید وفروخت کا نرخ مقرر کرے اس نرخ کے مقرر کرنے مین اجناس کے مقام برآمد و درآمد اور بیوپاریون کے کرایہ اور لاگت اور نفع کا خیال رکھا جاے گا۔ بادشاہ کو چاہیے کہ ہر پانچوین روز یا ہر دہ ہفتہ مین ایک مرتبہ اجرون کے لیے نرخ قرار دے۔ کل اوزان اور پیمانون پر نشان بنا دیے جائین اور ہر شش ماہی مین اُن کی جانچ کی جاے" (منوشاستر آٹھوان باب ۴۰۱-۴۰۲)

خریدوفروخت فریب اور تعزیر کی سزا | اوزان و پیمانے جن کا مدار زیادہ تھا سونے یا تانبے یا چاندی کے بنے ہوتے اور جو لوگ چلگی کے محصول دینے یا اجناس کی قسم مین فریب کرتے تھے انہین سخت سزا دی جاتی -

"جو کوئی محصول خانہ سے بچکر جاے یا بے وقت خرید و فروخت کرے یا اجناس کی گنتی مین فریب دے اُس سے بطور جرمانہ محصول کا دس گنا وصول کیا جاے گا - کوئی ہوئی جنس ہرگز بطور خالص کے نہ فروخت کی جاے اور نہ پرانا مال اچھے مال کی جگہ اور نہ وزن یا مقدار مین کم بدلہ کوئی ایسی چیز جو موجود نہین ہے یا بچی ہوئی ہے - (منوشاستر آٹھوان باب ۴۰۰ و ۴۰۳)

رعایا کو حکام اور عمال کی زیادہ استانی | اُس مین ہر وقت کی نگرانی اور نگران کارون کے مظالم اور اُن کے استحصال بالجبر کو اور اُن حد سے زیادہ محصولات کو جو کاشتکارون اور تجارت سے وصول کئے جاتے تھے ملک کی جاہل رعایا رضا و تسلیم کے ساتھ قبول کرتی اور کان تک نہ ہلاتی - یہ بیچارے نہ صرف مذہب ہی کی زنجیرون مین جکڑے ہوئے تھے بلکہ حکومت کی زنجیرین بھی - اگر انہین کوئی معاوضہ تھا تو یہ کہ روپے کے بدلے انہین امن و امان کی نعمت حاصل تھی -

دلیش | رعایا سے جو محصولات وصول کئے جاتے اُن کا بڑا حصہ جنگ مین ہوتا - دیش بالکل لڑنے سے مستثنا تھے - جنگ کا پیشہ اُن کی حیثیت سے اونچا تھا - چیتری تو سرحد کی حفاظت کرتا اور دیش مین سے کاشتکاری مین مصروف رہتا - اچھے ہنگام مین وہ دولتمند ہو جاتا اور بُرے ہنگام مین شاہی خزانہ اُس کی مدد کرتا کیون کہ بادشاہ اُن کا ماں باپ تھا اور ہرگز اُسے مرنے نہ دیتا - دیش کے لئے بھی خاص خاص دیبی تیوہار تھے اور بڑی بات یہ تھی کہ یہ بھی دُوج تھا - اور شودرون پر حکومت کرتا اور نیچ کام مین ہات نہ لگاتا - نوکر کی اُسکی نہ تھی کیونکہ منو نے سات قسم کے نوکرون کا ذکر کیا ہے جن کی حالت بالکل غلامی کی تھی اور جن کو کسی قسم کی ملکیت کا حق نہ تھا -

غلامی | نوکر (غلام) سات قسم کے ہین وہ جو لڑائی مین قید کیا جاے - وہ جو اپنی روٹی کے لئے خدمت کرے - جو گھر مین پیدا ہوا ہو - جو خرید یا ہبہ کیا گیا ہو - جو ارث مین پہنچا ہو اور بالآخر وہ جو بطور سزا کے غلام بنایا گیا ہو - بی بی بیٹا اور غلام یہ تینون ملکیت نہین رکھتے - جو کچھ وہ کماتے ہین اُس شخص کا مال ہے جس کی وہ خود ملک ہین (منوادھیاے باب ۴۱۵ اور ۴۱۶)

ٹیکس سے مستثنےٰ | منو کا قانون باوجود سخت ہونے کے انسانیت سے خالی نہ تھا کیونکہ وہ اشخاص جو بالکل کام نہ کر سکتے محصول سے مستثنےٰ تھے -

"اندھا مجبوط الحواس اپاہج جو چلنے کی مدد سے حرکت کرے بہتر برس کا بڈھا - اور وہ شخص جو برہمنو کی خدمت کرے یہ سب شاہی محصول سے مستثنےٰ ہون گے (منوادھیاے باب ۳۹۴)

اہل حرفہ مین جو شخص نہایت مفلس ہوتا اُس سے ایک دن کی محنت بطور محصول کے لی جاتی -

منو کے قانون سود کے متعلق | منو کا قانون علی العموم انصاف کے اصول پر مبنی ہے لیکن جس وقت ہم سود کے احکام پر نظر ڈالین تو سخت حیرت ہوتی ہے - سود کا نرخ بے انتہا ہے - سود کی عام شرح جس اور جو مبس فیصدی ہے لیکن بعض اوقات یہ چار سو اور پانسو فیصدی ہو جاتا ہے - سود کے متعلق منو کے اقوال ذیل مین نقل کئے جاتے ہین -

"روپیہ قرض دینے والا یہ معاہدہ کر سکتا ہے کہ دششٹھ کے قول کی مطابق اُس کو ماہانہ فیصدی ایک روپیہ چار آنہ سود دیا جاے - یا نیک چلن لوگون کے ذرائض کے لحاظ سے وہ ماہانہ فیصدی دو روپیہ لے کیون کہ جو شخص دو روپیہ فیصدی لیتا ہے وہ لالچی نہین کہلاتا - برہمن سے دو فیصدی - چھتری سے تین فیصدی - ویش سے چار فیصدی اور شودر سے پانچ فیصدی تک لے سکتا ہے - جس وقت سود یک مشت دیا جاے یعنی ابتدا یا جاے تو اس کی مقدار ہرگز اصل رقم کے مضاعف سے زیادہ نہ ہونی چاہیے اور غلہ میوہ جات پشم یا باربردار جانورون پر اصل رقم کے پانچ گنا سے زیادہ نہ ہونا چاہیے"

ویش کے ذرائض | اس زمانہ کے اہل حرفہ اور تجار کی حالت دیکھنے کے لئے اس سے بہتر کوئی طریقہ نہین

ہوسکتا کہ ہم اِن دونون فرقون کے متعلق منو کے احکام کو نقل کرین۔

"ویش کو چاہیئے کہ زنا بندی اور اپنی ذات مین شادی کرنے کے بعد کاروبار مین مصروف ہوجاے اور مویشی کی نگہداشت کرے کیون کہ پرجاپتی نے جس وقت مویشی کو خلق کیا تو اونھین ویش کے سپرد کیا۔ تمام دوسری مخلوقات کو پادشاہ اور برہمنون کے سپرد کیا۔ ویش کو کبھی یہ خیال نہین کرنا چاہیئے کہ مین مویشی کی سیوا نہین کرون گا۔ جب تک ویش مل سکے کسی اور ذات کا شخص مویشی کی سیوا نہ کرے۔ ویش کو چاہیئے کہ جواہرات۔ موتی۔ مونگے۔ اور نباتات اور سینچے ہوے کپڑے۔ اور عطریات۔ اور مصالح کی قیمت کو اچھی طرح جانے۔ اُسے چاہیئے کہ بیج بونے کے طریقے سے واقف ہو۔ اچھی بُری زمین کو پہچانے۔ اور اناج اور پھلون کو خوب جانے۔ اُس سے مختلف اجناس اور مختلف ملکون کی خوبیون اور عیب سے واقف ہونا چاہیئے۔ اور تجارت کے فائدہ اور نقصان۔ اور مویشی کی داشت اور پالنے کے طریقے کو اچھی طرح جاننا چاہیئے اور اُسے مزدورون کی اُجرت کے نرخ سے واقف ہونا چاہیئے اور مختلف زبانین جاننا چاہیئے۔ اور مختلف اجناس کی خصلت اور اُن کی خرید و فروخت سے واقف ہونا چاہیئے۔ اُسے چاہیئے کہ ایمانداری کے ساتھ اپنی دولت کے بڑھانے مین کوشش کرے اور مستعدی سے تمام ذی روح کو اذیت دے" (منوشاستر ادھیان باب ۳۲۶-۳۳۳)

فصل نہم۔ عورتون کی حالت

برہمنی زمانہ مین عورت کا درجہ گھٹ گیا

برہمنی زمانہ مین عورت کا وہ درجہ نہین رہا جو ویدی زمانہ مین تھا۔ یہ وہ وقار بھی نہین ہے جو گھر کی مالک اور پجارن سے مین شوہر کے ساتھ شریک رہتی تھی۔ اُس کا درجہ گھٹ گیا اور منو اُسکی نسبت یہ کہتا ہے۔

"عورتون کا وجود صرف اِس لیے ہے کہ بچے دین اُن کی پرورش کرین اور خانہ داری کے کام مین مصروف رہین" (منوشاستر نوان باب ۲۷)



(۴۸) کوہ آبو جین مندروں کا منظر

منو کی راے مین عورتون کو ہمیشہ مردون کی نگرانی مین رہنا چاہیے اور اُن کی اطاعت کرنی چاہیے۔

"کسی لڑکی یا نوجوان عورت یا بوڑھی عورت کو کبھی اپنے گھر مین بھی کوئی کام اپنے اختیار سے نہین کرنا چاہیے۔ طفولیت مین عورت کو باپ کا تابع رہنا چاہیے۔ اور جوانی مین شوہر یا بیٹون کا۔ اگر وہ انہین چھوڑ کر چلی جاے تو اپنے اور اپنے شوہر دونون کے خاندان پر ننگ کا دھبہ لگاے گی" (منوشاستر پانچوان باب ۱۴۷ و ۱۴۹)

چون کہ اس زمانہ مین ایک نیا سیاسی اصول یعنی ذات قایم ہوئی تھی اور ان مختلف ذاتون کے مابین ہر قسم کے میل جول کی ممانعت تھی اس لیے عورت کی آزادی بالکل سلب کر لی گئی کیون کہ اُس کی بے احتیاطی سے ان اصول مین فرق آنے کا احتمال تھا۔ عورت کے دل و دماغ پر مطلق بھروسہ نہین ہو سکتا تھا اور اُس کی بے خودی سے تمام قانون باطل ہوا جاتا تھا کیون کہ عورت کو انتظام سیاسی سے متعلق دلچسپی نہ تھی پس ضرور ہوا کہ وہ آزاد رہنے پاے۔ منو لکھتے ہین۔

"عورتون کو بُرے ارادہ سے بچانا ہر ایک ذات مین اعلیٰ فرض ہے اس فرض کو مدنظر رکھ کر کم زور سے کم زور شوہر کو بھی اپنی زوجہ کی حفاظت لازمی ہے۔ زوجہ کی حفاظت سے شوہر اپنی اولاد اپنے اعمال نیک اپنے خاندان اور خود اپنی حفاظت کرتا ہے" (منوشاستر قانون باب ۶ اور ۷)

"اگرچہ شوہر بدچلن اور اوصاف حمیدہ سے خالی ہو اور عیاش بھی ہو تو بھی زوجہ کو چاہیے کہ دیوتا کی طرح اس کی پرستش کرے جو زوجہ شوہر کے فرایض کو پورا نکرے وہ مرنے کے بعد سوا ہوگی اور گیدڑ کے پیٹ مین جنم لے گی۔ اس گناہ کی پاداش مین وہ مختلف انواع و اقسام کے امراض مین مبتلا ہوگی" (منوشاستر پانچوان باب ۱۵۴ اور ۱۶۴)

زنا کی سزا منوشاستر مین زنا سے زیادہ کوئی جرم سخت نہین ہے منو کہتے ہین۔

"جو مرد وہ سردون کی بی بیون کے ساتھ زنا کرین انہین بادشاہ اس طرح دغوائے گا جس سے عبرت ہو اور پھر انہین ملک بدر کر دے گا۔ کیون کہ زنا ہی سے خانون مین میل پیدا ہوتا ہے۔ اس سے وہ گناہ ظہور مین آتا ہے جو جڑ کو کاٹ دیتا ہے اور ہر چیز کی بربادی کا باعث ہوتا ہے" (منوشاستر آٹھوان باب ۳۵۲ و ۳۵۳)

مجرم عورت اور اُس کے شریک جرم کے لیے بھی نہایت سخت سزائیں تجویز کی گئی ہیں۔ منو لکھتے ہیں۔

"اگر کوئی بی بی جو اعلیٰ خاندان کی ہے اپنے شوہر سے دغا کرے تو بادشاہ اُسے عام مقام پر کتوں سے تڑوا ڈالے گا۔ اور جس مرد نے اُسے خراب کیا وہ سلگتے ہوئے لوہے کے بستر پر لٹایا جائے گا اور اُس کے نیچے آگ سلگائی جائے گی یہاں تک کہ وہ جل کر خاک ہو جائے" (منوشاستر آٹھواں باب ۳۷۱ و ۳۷۲)

چونکہ منو کے قانون میں عورت ہمیشہ کم زور اور بے وفا سمجھی گئی ہے اور اُس کا ذکر ہمیشہ حقارت کے ساتھ آیا ہے لہذا زنا کی صورت میں الزام زیادہ تر مرد پر رکھا جاتا ہے اور نیز شوہر پر جس کا فرض تھا کہ اپنی بی بی کی حفاظت کرے۔

"جب کوئی کسی کام پر ملک سے باہر جاتا ہے تو اُسے چاہیے کہ روانگی سے پہلے اپنی بی بی کے لئے نفقہ کا بندوبست کر دے کیونکہ بے سہارا عورت بھی بلا نفقہ کے خراب ہو جا سکتی ہے" (منوشاستر نواں باب ۷۴)

مرد کے فرائض جس طرح عورت کے فرایض کی تصریح منو نے کی ہے اُسی طرح مرد کے فرائض کو بھی تفصیل سے بیان کر دیا ہے۔ زندگانی کی آسودگی اور خاندان کی آیندہ بہبودی سب اِس پر موقوف ہے کہ شادی کے بعد میاں بی بی میں پورا اتحاد و اتفاق رہے۔ مرد کو کثرت سے ہدایتیں کی گئی ہیں کہ وہ اپنے لئے لایق اور ہمدرد بی بی کا انتخاب کرے اور پھر اُسے ہرگز جدا نہ کرے۔ مگر تین صورتوں میں۔ یعنی جب اُس کو بی بی سے نفرت ہو جائے یا وہ بانجھ ہو یا صرف بیٹیاں جنے۔

"اگر بیمار بی بی نیک چلن اور شوہر پر مہربان ہو تو وہ بلا اپنی مرضی کے چھوڑ نہ دی جائے اور کسی حالت میں اُس کے ساتھ بدسلوکی نہ کی جائے" (منوشاستر نواں باب ۸۲)

شوہر کا پہلا فرض یہ ہے کہ اپنی بی بی کو خوش رکھے۔ جس گھر میں بی بی بے تکلیف گزرتی ہو یا اُس کا برابر اعزاز نہ کیا جائے اُس گھر کی نسبت یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اُس پر خدا کی لعنت ہے۔

"جو باپ بھائی شوہر اور دیور اپنی بھلائی چاہیں اُنہیں چاہیے کہ عورتوں کی عزت کریں اور اُنہیں گہنے سے سنوارنے۔ جس گھر

مین عورتون کی عزت کی جاتی ہے وہان دیوتا خوش ہوتے ہین اور جہان عورتین ذلیل ہین وہان کسی عبادت کا پھل نہین ملتا جس گھر مین شوہر بی بی سے اور بی بی شوہر سے خوش ہو وہان آسودگی اور خوشی ہمیشہ رہے گی" (منوشاستر تیسرا باب ۵۵ و ۵۶ و ۶۰)

اولاد کو جو اعزاز باپ کا تعلیم کیا گیا ہے اس سے ماں علیحدہ نہین ہے بلکہ ماں کا اعزاز باپ سے زیادہ رکھا گیا ہے - والدین کی اطاعت اور اُن کا احترام لڑکون اور لڑکیون دونون پر فرض کیا گیا ہے -

"پر جہ چاہی کو چاہئے کہ ہمیشہ وہی کرے جو اس کے والدین اور اُستاد کو پسند ہو - جب یہ تینون راضی ہون تو اُسے تمام عبادتون کا پھل مل جائے گا" (منوشاستر باب دوم ۲۲۸)

اچاریہ اُپادھیائے سے دس مرتبہ زیادہ واجب التعظیم ہے (منوشاستر باب دوم ۲۲۵)

شادی کوئی معاہدہ نہ تھا اور باپ اپنی بیٹی کے عوض مین ہرگز مذ روپیہ لے تا نہ دیتا - وہ صرف اپنے داماد کی خوبیون کو دیکھتا منو لکھتے ہین -

"شوہر کو کبھی نہین چاہئے کہ بیٹی دیتے وقت روپیہ لیوے - کیون کہ جو روپیہ لے کر بیٹی دیتا ہے وہ بیٹی کو بیچتا ہے اگرچہ معاملہ کا نام کچھ ہی رکھا جاوے (منوشاستر تیسرا باب ۵۱)

"جو بیٹی کا نام گھر مین بیٹھتا اس سے بہتر ہے کہ وہ ایسے شخص کو دی جاوے جو اوصاف سے خالی ہو" (منوشاستر تیسرا باب ۸۹)

الغرض اگر چہ منوشاستر مین عورت کی عفت اور اُس کے چال وچلن کی مضبوطی کے متعلق خیالات فاسد ظاہر کئے گئے ہین - اور اُس کا ذکر اُن شیرین اور شاعرانہ الفاظ مین نہین کیا گیا ہے جو رگ وید مین استعمال ہوئے ہین - اور نہ خاندان مین اُس کا وہ درجہ قایم رہا ہے جو قدیم آریون مین تھا - تاہم انتظام خانگی اور معاشرت مین اُس کا بہت بڑا حصہ رکھا گیا ہے اور اُس کے مختلف اجزا کے فرائض صاف وصریح الفاظ مین ظاہر کر دئے گئے ہین - منو لکھتے ہین -

"اب ہم اُس اٹل قانون کی تشریح کرین گے جو خدا اس جوجہ اور شوہر کے تعلقات کو قایم کرتا ہے خواہ وہ ساتھ رہین یا علیحدہ زن و شوہر رہین باہمی اتفاق اور وفاداری دایمًا رہنی چاہیے - گویا خلاصہ ہے کل اُس قانون کا جو زن و شوہر سے متعلق ہے"

(منوشاستر ادھیائے ۹ شلوک ۱۰۱)

بیواؤن کو اپنے شوہرون کی لاش کے ساتھ جلانے کا ذکر منوشاستر مین نہین ہے - لیکن معلوم ہوتا ہے کہ یہ رسم ہندوستان مین عام ہو چلی تھی کیون کہ یونانی مورخین نے اِس کا ذکر کیا ہے -

فصل دہم - ہندؤن کے مذہبی اعتقادات تین یا چار سو سال قبل مسیح

جس زمانہ کا ہم ذکر کر رہے ہین اس مین مذہب بدھ ہندوستان مین پیدا ہو چکا تھا - لیکن اُس نے ابھی قوت نہین پکڑی تھی - گیسٹھنیز بدھ درویشون کا ذکر کرتا ہے اور اُن کے اعتقادات سے بھی جو اس وقت پھیل رہے تھے بحث کرتا ہے - اور نیز برہمنون کی مخالفت کا حال لکھتا ہے - لیکن بدھ مذہب اس زمانہ کے بعد اشوک کی حکومت مین یعنی اڑھائی سو سال قبل مسیح مین ہندوستان کا حکومتی مذہب بن گیا - اور تمام ملک مین پھیل گیا جیسا کہ ہم باب سوم مین دیکھین گے - اِس مقام پر ہم صرف اِس زمانہ کے برہمنی مذہب سے بحث کرین گے -

قیاساً تو ہندو مذہب ہمیشہ وید سے مشتق خیال کیا جاتا ہے - یہ کتابین اس درجہ قدیم ہین کہ استدلال انہین سے ہوتا ہے - وید کی دیوتا نام کے تو رہ گئے لیکن عملاً اصلی مذہب مین بے انتہا فرق ہو گیا ہے - ایک طرف تو جدید فلسفی مباحث انسان کی آیندہ زندگی اور دنیا کے انجام کے متعلق مذہب مین شامل ہو گئے ہین - اور دوسری طرف یہ امر محسوس ہوتا ہے کہ برہمنون کے مذہبی اصول نہایت سخت ہو گئے ہین - اعمال

اور چڑھاؤن پر اس درجہ زور دیا گیا ہے کہ گویا ان کی تاثیر دیوتاؤن کی قوت سے بھی بڑھ گئی ہے۔ سب سے زیادہ تو بیرونی اعمال ہین جو اس قدر بے معنی اور خشک اور پیچیدہ ہین کہ اُن کی مثال دوسرے مذاہب مین نہین مل سکتی۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ وید کی دُنیا کو کسی سرد کرۂ زمہریر کی ہوا نے ٹھٹھرا کر بے جان کر دیا ہے۔ وید کے دیوتاؤن کا وہ گروہ۔ اور خواے مخلوقات کا وہ عجیب و غریب سمان جس سے رگ وید کے سوکت بھرے ہوے ہین ہمیشہ کے لئے تلف ہو گیا۔ نہ تو آفتاب اپنے فتح کے رتھ پر سوار ہو کر آسمان پر چڑھتا ہے۔ اور نہ شفق اُس کے آنے سے پہلے مشرق کی طرف اپنا تبسم دکھاتی ہے۔ موافق اور سازگار ہواؤن کے جھونکے ابر کی گابون کو آسمان کی چراگاہ پر نہین لیجاتے۔ اور نہ اُن کے پر آب قطرون مین سے وہ سوسلا دھار بارش ہوتی ہے جو ہر شے کو زندہ کر دیتی ہے۔ یہ ساری شاعرانہ توہمات ختم ہو گئی اور اُن کے ساتھ ہی مذہب کی دلچسپی اور دلفریبی بھی مر مٹی۔ اس مقام پر ہم برہمنی مذہب کی عبادت اور اعمال اور چڑھاؤن کے تفصیلات مین نہین جا سکتے۔ ان سے ہم آگے چل کر اُس باب مین بحث کرین گے جہان ہندوستان کے موجودہ مذہب پر نظر ڈالی گئی ہے۔ یہان ہم صرف اُن فلسفی اعتقادات کی طرف توجہ دلائین گے جو ہندو مذہب مین پھیل گئے ہین اور ان کے لئے ہم منو کے شاستر سے کام لین گے کیون کہ منو مین برہمنہ اور اپنشد دونون کے خیالات جمع کر لئے گئے ہین۔

رگ وید مین بھی دیوتاؤن کی خصایص کا زیادہ تعین نہین ہے اور اگرچہ انہین مین سے برہمنی دیوتا شیو اور وشنو پیدا ہوے ہین لیکن ان کی خصایص بھی غیر معین ہین۔ یہ گویا برہما کے اجزا ہین جو تمام مخلوقات مین سائر و دائر ہے۔ خود برہما کا مرتبہ برہمنی مذہب مین کم ہو گیا ہے۔ وید مین تو وہ ساری مخلوقات عالم کا خالق اور حاکم ہے لیکن برہمنی مذہب مین اُس کی یہ فاعل حیثیت باقی نہین رہی ہے۔ وہ صرف ہر مخلوق مین سمایا ہے۔ اور بُرے اور بھلے کے ساتھ اُن کی کل زندگانی کے دایرہ مین اُنکو دکھ درد خوشی غم مین شریک۔ اور اُن کے امتحانات اور روحانی ترقی اور تنزل مین اخیر تک ساتھ دینے والا رہ گیا ہے۔ منو کہتے ہین

"روح مطلق یعنی برہم تمام مخلوقات مین سائر ہے۔ خواہ وہ اعلیٰ درجہ کے ہون یا ادنیٰ درجہ کے۔ اِس روح مطلق مین سے بے انتہا شکلین اِس طرح مخلق ہوتی ہین جس طرح آگ سے چنگاریان۔ اور یہ شکلین عالم کی مختلف مخلوقات کو حرکت مین لاتی ہین" (منوشاستر باب ۱۲ و ۱۵)

جس وقت یہ اعتقاد ہو کہ روح مطلق تمام مخلوقات مین سائر و دائر ہے۔ اور ساری مخلوقات اُس روح مطلق کا ظہور ہے۔ تو پھر لازم آیا کہ انسان پر ایک ذی روح کا خواہ وہ خطرناک سے خطرناک درندہ یا ضعیف سے ضعیف کیڑا مکوڑا ہو ہاتھ نہ اٹھانا چاہیے۔

"جو شخص خود اپنے مین اُس روح مطلق کا احساس کرلے جو تمام مخلوقات مین سائر ہے تو پھر اُس کے نزدیک کل مخلوقات کا درجہ مساوی ہو جاتا ہے اور وہ اعلیٰ درجہ کو پہنچ کر برہما مین شامل ہو جاتا ہے" (منوشاستر باب ۱۲۵)

"جو برہمن کسی سانپ وغیرہ کو مار ڈالے اور اُس کا گناہ وہ ان کے ذمے سکے تو اُسے چاہیے کہ ہر ایک کے بدلے ملیچھ پر کیسمت کرے تاکہ اُس کا گناہ محل جاسے لیکن ایک ہزار ہڈی والے جانورون یا ایک چھکڑا بھر کر بے ہڈی جانورون کو مارنے کے لیے اُس پر وہی پرائسیمت لازم ہے جو شودر کے قتل کرنے کے لیے ہے" (منوشاستر گیارہوان باب ۱۴۰ و ۱۴۱)

روح کا مفہوم خدا کے مفہوم سے علیحدہ نہین ہے۔ ہر ایک ذی روح کی روح روح مطلق کا ایک جز ہے۔ عالم کے کل دیوتاؤن انسانون اور حیوانات کی ارواح کا مجموعہ روح مطلق ہے۔ یہی متنوع اور غیر متنوع خدا ہے جو تمام عالم کی قوتون۔ زندگیون۔ اور تغیرات کا منبع ہے۔

"روح مطلق تمام دیوتاؤن کا مجموعہ ہے اور عالم کا دارومدار روح مطلق پر ہے روح مطلق ہی تمام عالم کے ذوی الارواح کے افعال اور حرکات کا سبب ہے" (منوشاستر باب ۱۱۹)

برہمن مذہب مین دنیا کا قادر مطلق کوئی ایسا جوہر نہین جس کو انسان کا تخیلہ پاسکے۔ یہ صرف ایک غیر مادی سبب ہے جس کی مقاومت نہین ہوسکتی اور تمام عالم مین سائر و دائر اور عالم کو چلانے والا ہے۔ وید کے زمانہ مین



(۴۹) کوہ آبو در نیپال ۔ نیپال کا مندر

جس طرح پوجاری اگنی کو قادر مطلق سمجھتا اور بعض وقت پچیال کرتا کہ خود اُس کی رگون مین اگنی دوڑ رہا ہے اسی طرح برہمنی مذہب مین برہما کا درجہ مانا گیا ہے۔ منو لکھتے ہین۔

"انسان کو چاہیئے کہ روح مطلق (وجود مطلق) پُرش کو تمام عالم کا بادشاہ اور حاکم مانے سو وہ چھوٹے سے چھوٹے ذرہ سے بھی چھوٹا ہے۔ اور خالص ہونے کی طرح چمکتا ہے۔ اُس کا ادراک واہمہ صرف خواب یا مراقبہ کی حالت مین کر سکتا ہے۔ بعض اُسے اگنی کے نام سے پکارتے ہین بعض منو اور پرجاپتی کے نام سے بعض اُسے اندر کہتے ہین بعض روح اور بعض ازل برہما۔ وہ پانچ عنصرون مین تمام عالم کی مخلوقات مین سما رہا ہے اور اُنہین پیدا کرتا ہے۔ نواد ناخطا کے ذریعہ سے اس طرح حرکت مین رکھتا ہے جیسے کوڑی کا چاک حرکت کرتا ہے۔" (منوشاستر باب ۱۲ و ۱۲۳ و ۱۲۴)

غرض یہ ہمہ اوست کا مذہب ہے۔ لیکن آریون کا ہمہ اوست نہین ہے جس مین کُل نواے فطرتی بجاے خود خدا تھے مگر کیسے خدا جن مین شان و شوکت۔ رنگ و بو۔ صورت و آواز۔ رحم و غضب موجود تھے۔ یہی خصائص ان خداؤن کو اپنے بندون کے لیے افتخار کیے ہوے تھے۔ برہمنی مذہب کا ہمہ اوست پوشیدہ ہے۔ اب بھی وہ عناصر مین موجود ہے لیکن اس طرح جس طرح کوئی قیدخانہ مین ہو اُس کی اصلی عظمت و شان بالکل جاتی رہی ہے۔ نہ اُس مین جسم ہے نہ صورت نہ ارادہ نہ جان۔ اور جو کوئی مخلوق گناہون سے پاک ہو جاے وہ اس کا مثل بن جاتا ہے۔ یا اس مین جذب ہو جاتا ہے۔ اس اخیر سعادت جاودانی تک پہنچنے کے لیے ہندو کے تخیل نے ایک غیر محدود سلسلہ زندگیون کا فرض کیا ہے۔ انسان کی زندگی غیر محدود ہے۔ جو بچہ پیدا ہوتا ہے وہ اس سے پہلے بہت سی زندگیان بسر کر چکا ہے۔ جو بڑھ مرتا ہے اسے ابھی بہت سی زندگیون کا سلسلہ بہت سی صورتون مین طے کرنا باقی ہے

مسئلہ تناسخ مسئلہ تناسخ جو کل مذاہب کا (جس مین مذہب بدھ بھی شامل ہے) اصول مسئلہ ہے انسان کے اعمال پر مبنی ہے۔ جس سے مراد یہ ہے کہ انسان کسی ایک زندگی مین جس قسم کے اعمال کرتا ہے اُنہین کے مطابق اس کی آیندہ زندگی معین ہوتی ہے۔ اس مسئلہ کو منو نے بہت تصریح سے بیان کیا ہے۔

اُن اعمال نیک یا بد کے اُسے جو انسان سے سرزد ہوئے آیندہ زندگی مین سزا یا ذلیل پیدا ہوگا - اُس کی روح کسی برہمن یا ولی یا دیوتا یا چنڈال مین جنم لے گی یا کسی گائے - سور یا سانپ مین منو لکھتے ہین

"اگر انسان کا نفس زیادہ تر نیک کام کرے اور بُرا کام کم کرے - تو اُس کو جنت مین اپنے عناصر خمسہ (یعنی جسم) کے ساتھ خوشی ملے گی - لیکن اگر انسان کا نفس زیادہ تر بدی کرے اور بھلائی کم کرے تو وہ اپنے عناصر خمسہ سے علیحدہ ہو کر یم یعنی مالک دوزخ کے عذابون مین مبتلا ہوگا نفس یم کے عذاب سہنے کے بعد پاک ہو کر بعد اُن نہین پانچ عناصر مین داخل ہو جائے گا یعنی دوبارہ پیدا ہوگا - پس انسان کو چاہیے کہ اس تناسخ کو جس کا دارومدار نیک و بد اعمال پر ہے اپنی عقل سے معلوم کر کے ہمیشہ نیکی کی طرف متوجہ ہو" (منوشاستر باب ہوان باب ۲۰ - ۲۳)

جو لوگ گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوتے ہین وہ مدت دراز تک سخت عذاب جہنم مین رہنے کے بعد مندرجہ ذیل صورتون مین پیدا ہوتے ہین - برہمن کا قتل کرنے والا کُتے یا سور یا گدھے یا اونٹ یا گائے یا بکری یا بھیڑ یا ہرن یا چڑیا چنڈال یا پلکس کی صورت مین پیدا ہوگا - وہ برہمن جو کسی برہمن کا سونا چرائے - ہزار مرتبہ کوڑی سانپ چھپکلی آبی جانورون اور خطرناک کیڑے مکوڑے کی صورتون مین سے گزرے گا" (منوشاستر باب ہوان باب ۵۴،۵۵)

پس گویا انسان کی عقبیٰ کا دارومدار مذہب عیسوی کی طرح کسی خاص فعل پر نہین اور نہ انسان کی اخیر حالت اور توبہ پر بلکہ اُس کے کل افعال کے مجموعہ پر ہے اور اس مجموعہ مین خفیف سے خفیف فعل بھی اپنی قیمت اور حیثیت رکھتا ہے - منو لکھتے ہین -

"وہ افعال جو خیال اور زبان اور جسم سے پیدا ہوتے ہین اُن کے نتائج یا تو اچھے ہوتے ہین یا بُرے - انھین افعال سے انسان کی مختلف حالتین پیدا ہوتی ہین یعنی اعلیٰ متوسط اور ادنیٰ" (منوشاستر باب ہوان باب ۳)

یہی اعتقادات ہین جو ہندو کو سخت ریاضت کا پابند کر دیتے ہین - اور خفیف سے خفیف کام کے کرنے اور چھوٹی سی چھوٹی حاجت نکالنے کو بھی اس کی مرضی پر نہین چھوڑتے اور نہ سے اور نہ بے احتیاطی یا غلطی بھی شدید نتائج پیدا کرتی ہے - اور ان نتائج سے بچنے کے لئے غسل کے بعد ہی سخت طہارت اور عبادت کے

ذریعہ سے اُس کو رفع کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ ان غلطیون ان گناہ صفیہ کی نسبت انسان کی رائے کچھ کام نہین آتی۔ نہ اس سے کچھ فائدہ حاصل ہوسکتا ہے کہ گناہ کرتے وقت کسی نے نہین دیکھا۔ گناہ گار خود اپنے فعل کے نتائج کو سمجھتا ہے۔ اور اُس کو مٹانے کے لئے بعض صورتون مین نہایت سخت کفارہ دینے کے لئے تیار ہوجاتا ہے۔

پرائسچت اور برہمنی مذہب کی جانکاہ سختیان۔

منوشاستر کے اُس باب کو جس مین پرائسچت یعنی کفارون کا بیان ہے دیکھنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اُس زمانہ مین جس کا ہم ذکر کرتے ہین ہندوکن سخت زنجیرون مین جکڑے ہوئے تھے اور ویدی زمانہ کی آریہ آزادی اور اس زمانہ کی جکڑبندی مین کس قدر فرق عظیم تھا۔ وہ قدیم آزاد اور خوشحال مخلوق مرمٹی تھی۔ اور اُس کی جگہ ایک ایسی مخلوق نے لی تھی جو آنکھ بند کئے ہوئے حیوانات کی طرح بلا آرام و چین۔ بلا کسی حسلت کے۔ شدید مصیبت کی بادیہ نوردی مین مبتلا تھی۔ یہ تھی حالت قدیم برہمنی مذہب کی۔ اور جدید برہمنی مذہب بھی کم و بیش یہی ہے۔ صرف فرق اسی قدر ہے کہ مذہب بدھ کی رحمدلی اور ہمدردی نے اسے بہت کچھ نرم اور شیرین کردیا ہے۔

اس قدیم برہمنی مذہب کی سختیون نے انسان کو اس درجہ جکڑ بند کردیا تھا کہ وہ دن آنے والا تھا جب اُس کی زنجیرین خود بخود ٹوٹ جائین۔ انسانی زندگی کا ہر فعل اس طرح باندھ دیا گیا تھا اور اُس کے نتائج ایسے شدید دکھائے گئے تھے کہ متعینہ مایوسیون سے بھر گیا تھا۔ اور زندگانی وبال ہوگئی تھی۔ بجز فنا کے کچھ نظر نہین آتا تھا۔ اطالیہ کے مشہور شاعر دانتے نے اپنی کتاب جہنم مین جن عذابون کی تصویر کھینچی ہے اُن سے کچھ اندازہ نظام کا ہوسکتا ہے جن سے برہمنون نے ہندو کے باشندون کو چارون طرف گھیر رکھا تھا۔ یہ عذاب پیدائش کے ساتھ شروع ہوتے تھے اور سالہائے دراز تک بڑھتے ہی جاتے تھے۔ یہان تک کہ انسان اس لائق ہوکر وہ روح مطلق مین جذب ہو یعنی فنا ہوجائے۔ برہمنون کی مذہبی سختی نے مخلوق کے دل مین نجات کی تمنا اس شدت سے پیدا کردی تھی کہ آخر کو وہ نجات مل ہی گئی۔ اس زمانہ کی صدیون بعد دنیا مین بھی بہت ہی مختلف اسباب سے یہی حالت

پیدا ہوئی اور مسیح کا ظہور ہوا۔

آخر کار ہندوستان کے مسیح کا ظاہر ہونا ہندوستان کے لئے بھی ایک شیرین کلام ہمدرد رحم دل مسیح آنے والا تھا اور اس کی آواز تمام ایشیا مین گونجنے والی تھی۔ وہ کروڑون مخلوق جو ذات کے عذاب مین صدیون سے پس رہی تھی جس کو مذہبی اعتقادات اور مذہبی قانون کی زنجیرون نے ایک دائمی مصیبت مین جکڑ رکھا تھا۔ دفعۃً جاگ اٹھی۔ اور اسے یہ محسوس ہوا کہ مایوسیون کی جلانے والی سموم کی جگہ رحمت و امید کی ٹھنڈی ہوا چلنے لگی۔ یہ نجات کا لانے والا یہ ہند کا مسیح شاکیا منی تھا جو مذہب بدھ کی خوشخبری کو تمام عالم مین پھیلانے والا تھا۔

باب سوم

بدھ زمانہ کا تمدن

فصل اوّل۔ وہ دستاویزات جن کے ذریعہ سے ہند کے اُس تمدن کی تصویر کھینچ سکتی ہے جو یا تو تھی یا پانچوین صدی قبل مسیح مین تھا

ہزار سالہ بدھ زمانہ کے سوانح کے ماخذ بدھ زمانہ تیسری صدی قبل مسیح سے لے کر سا تویں صدی مسیحی تک گویا ایک ہزار سال کا زمانہ ہے۔ اس زمانہ مین مذہب بالکل بدل جاتا ہے۔ اور ہند کی سرزمین عجیب و غریب عمارات سے بھر جاتی ہے۔ ان عمارات کی بدولت اور نیز مذہبی تحریرات کے ذریعہ سے جو ہمین دستیاب ہوئی ہین اس زمانہ

کے تمدن کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ لیکن اس زمانہ کے تاریخی واقعات سخت تاریکی میں پڑے ہوئے ہیں۔ پچاس سال کا زمانہ ہوا جس وقت مصنف نے بدھ زمانہ کے تمدن کے متعلق کچھ لکھنا چاہا تھا لیکن اُس وقت یورپ میں متعلق کوئی مواد اس کے متعلق موجود نہ تھا اور نہ کسی کو معلوم تھا کہ یہ مذہب جس میں تقریباً پچاس کروڑ بنی نوع انسانی پیدا ہوتے اور مرتے ہیں کس قسم کا مذہب ہے۔ جن دستاویزات کے ذریعہ سے ہم اس ہزار سال کی گرد میں سے اس زمانہ کی تصویر بنا سکتے ہیں تعداد میں بہت کم ہیں۔

عظیم الشان عمارات و اشوک کی لاٹیں | اوّل درجہ میں عظیم الشان عمارات ہیں جن سے بادشاہوں کی صنعتی ترقی اور اُن کی عظمت معلوم ہوتی ہے اور ان میں بھی سب سے قدیم اور سب سے زیادہ پر معلومات وہ پتھر کی لاٹیں ہیں جن پر شاہنشاہ اشوک نے وہ فانون کندہ کرایا تھا جو ہندوؤں کے لئے اس وقت تک بالکل جدید قانون ہے۔

کتاب سدھرم پنڈریک و تیتک دستر | ان کے علاوہ نیپال سے متعدد فلسفی کتابیں ہاتھ لگی ہیں جن میں بدھ مذہب کا بیان ہے ان میں سدھرم پنڈریک اور للت وستر دو کتابیں ہیں جن کا ترجمہ یورپی زبانوں میں ہوگیا ہے۔

تاریخ لوک گدھ | ان کے سوا ایک کتاب بعہ کمانی قصوں کے جس کا دستور نہ معلوم نہیں ہے اس کو تاریخ لوک گدھ کہتے ہیں۔

چینی زوّار کے سفرنامے | اس کے بعد ان دونوں چینی زوّار فاہیان اور ہیون سانگ کے سفرنامے ہیں جو دوسری اور ساتویں صدی عیسوی میں بدھ مذہب کے متبرک مقامات کی زیارت کو ہندوستان آئے تھے۔

فصل دوم۔ بدھ کا قصہ

اشوک کے کتبوں کو جو اڑھائی سو سال قبل مسیح میں کندہ کئے گئے ہیں۔ دیکھنے کے ساتھ ہی معلوم ہوتا ہے

کہ برہمن مذہب مین ایک انقلاب عظیم واقع ہوگیا ہے۔ منوشاستر تو اس باب کو دکھاتا ہے کہ مخلوق کس قسم کی زنجیرون مین جکڑی ہوئی تھی۔ زندگی ایک مصیبت عظیم ہے جس مین ایک ادنی غلطی یا فروگذاشت کے لیے سخت کفارہ کی ضرورت ہے۔ اس مصیبت کو خلقت بدرجوہی نہین سمجھتی بلکہ ذات نے ہر ایک کو علیحدہ کردیا ہے۔ کسی شخص کی مجال نہین کہ وہ ایک پیالہ پانی کا بھی کسی غیر ذات کے ہاتھ سے پی لے اور اگر ایک ایسا گناہ اس سے سرزد ہوگیا تو پھر دو سو شدید کفارہ کا مستوجب سمجھا جاتا ہے۔

لیکن دفعتاً ملک مین رحمت اور ہمدردی کی ہوا چلنے لگتی ہے زنجیرین ٹوٹ جاتی ہین دل کھل جاتے ہین۔ تمام چیزین بدل جاتی ہین۔ دفعتاً ایک اصلاح کرنے والا ایک پیغمبر پیدا ہوتا ہے اور محبت اور ہمدردی اور خیر و خیرات کے قانون کو دنیا مین پھیلاتا ہے اس قانون کے حلقہ مین ساری مخلوق خدا کل ذاتین شامل ہوجاتی ہین اور سب کا درجہ برابر ہوجاتا ہے۔

بدھ پیغمبر کے سوانح بیشتر قصے اور کہانی سے ماخوذ ہین

اس بڑے پیغمبر کی سوانح عمری جس کی امت مین پچاس کرور مخلوق شامل ہے ہمین قصے اور کہانی کی صورت مین پہنچی ہے۔ اور انہین حکایات مین سے ہمین اصلی واقعات کو ڈھونڈ کر نکالنا پڑتا ہے۔ ان مین جو قدیم کتاب للت وستر ہے جو نیپال مین غالباً پہلی صدی عیسوی مین تصنیف ہوئی اور ہم اس کتاب کو بدھ کی سوانح کے لیے اپنا ماخذ قرار دین گے۔ محققین یورپ نے للت وستر اور اُس کے بیانات کی بہت کچھ چھان بین کی ہے۔ اور بوسوستبار نے اس امر کو ثابت کیا ہے۔ کہ شاکیہ مونی کی سوانح لکھنے مین بہت سی ایسی روایتون اور قصون سے کام لیا گیا ہے جو پہلے سے برہمن مذہب مین مشہور اور وشنو اور کرشنا سے منسوب تھے۔ خود بدھ مذہب مین بھی ایسے اعتقادات اور اعمال شامل ہوگئے ہین جو فی الواقع برہمنی مذہب کے اعتقادات اور اعمال تھے۔ ہمین کوئی خاص ضرورت اس کی نہین ہے کہ خواہ مخواہ ہم بدھ کی اصل سوانح سے واقف ہون۔ عالم کے بانیان مذہب مین بجز حضرت محمد صلعم کے کوئی ایسا شخص نہین ہے جس کی اصل سوانح ہمین معلوم ہون۔ یہ سوانح عمریان ان بانیان دین



(۵۰) گوالیار۔ سس بھوکا مندر

کے مرنے کے دنون بعد لکھی گئی ہین۔

بدہ کی نسبت ہمین اس قدر معلوم کرنا کافی ہے کہ وہ فرضی یا اصلی شخص کون تھا جس کے مذہب اور تعلیم کی پابندی کروڑون مخلوق بیس صدیون سے چلی آتی ہے۔

شاکیاسونی کی پیدائش اگرچہ بدہ مذہب کا ظہور تاریخ مین تیسری صدی قبل مسیح مین ہوا لیکن خود بانی دین کپیلا وستو کے مقام پر جو نیپال کے جنوب مین واقع ہوا ہے پانچوین صدی قبل مسیح مین پیدا ہوا۔

شاکیاسونی اور مسیح کے حالات مین تعجبی مشابہت۔ اس کے حالات کی روایات جو ہم تک پہنچی ہین وہ انجیل کی روایات سے مشابہ ہین۔ مثلاً کہا جاتا ہے کہ مسیح کی طرح بدہ بھی کنواری کے پیٹ سے بن باپ کے پیدا ہوا۔ اور اس کے پیدائش کی بھی بشارتین معجزہ کے طور پر ہو چکی تھین۔ جس طرح مسیح شاہی خاندان داؤد سے تھے اسی طرح بدہ کا خاندان بھی شاہی تھا اور اس کا نام گوتم اور لقب شاکیامنی تھا۔ یہان مشابہت ختم ہو جاتی ہے اور ان دونون بانیان دین کا بچپن اور جوانی بالکل علیحدہ طور پر کٹے ہین۔ گوتم کی پرورش تو ایک شاہزادہ ولیعہد کی طرح ہوئی اور مسیح یوسف بڑھئی کا کام بٹاتے رہے۔ مسیح کا ریگستان مین روزہ رکھنا اور تین مرتبہ شیطان کا انھین ورغلانا۔ اور ناکامیاب رہنا بالکل ویسا ہی ہے جیسے گوتم کا امتحان۔ اور ان دونون کی تفصیلات مین بہت کچھ مشابہت ہے۔ اسی طرح گوتم کا ایک دکھیا عورت سے پانی مانگنا بالکل مسیح اور سامری کی ملاقات اور مسیح کی گفتگو کو یاد دلاتا ہے۔

عیسوی بدہ مذاہب کے اصول و تعلیم اخلاق نتائج مین مشابہت ان دونون بانیان دین کے واقعات زندگی کی مشابہتین بہت کچھ پُرمعنی ہو جاتی ہین جس وقت ہم خیال کرین کہ یہ دونون مذہب یعنی عیسائی مذہب اور بدہ مذہب اصول مین بھی ایک دوسرے سے ملتے ہوئے ہین۔ دونون مین دردمندی مساوات اور زہد کی تعلیم کی گئی ہے۔ دونون مین بدی کا خیال سخت گناہ سمجھا گیا ہے جیسا بدی کا فصل دونون مین درویشی فرقے اور خانقاہین قائم ہوئی ہین۔ دونون نے ایک قسم کی تعلیم دی ایک ہی قسم کے ذرایع سے کروڑہا مخلوق پر اثر ڈالا۔ ایک نے

لو مغرب کو دوبارہ زندہ کیا اور دوسرے نے مشرق کو۔ دونوں ایک ہی قسم کی انسانی آنکھوں سے پیدا ہوئے اور فی الواقع یہ دونوں دنیا کی ترقی اخلاقی کے دو پہلو ہیں۔ آیا ان دونوں مذاہب میں سے ایک کا اثر دوسرے پر پڑا ہے یا یہ کہ دونوں ایک دوسرے سے علیحدہ پیدا ہوئے ہیں ایک ایسا مسئلہ ہے جس کی تحقیق اس مقام پر لاحاصل ہے۔

کس طرح گوتم بدھ بنا | گوتم پیدائش کے بعد سے اپنے آباؤ اجداد کے قصر کے اندر ہر قسم کی ناز و نعمت میں پرورش پا رہا تھا۔ جوان ہونے کے بعد اُس نے ایک نہایت حسین بی بی سے شادی کی جس پر وہ فریفتہ تھا اور جس سے اُس کا ایک بیٹا بھی پیدا ہوا۔ اسی زمانہ میں جب کہ وہ اپنی خوشی اور آسودگی کی حد کو پہنچ چکا تھا گوتم کو ایک ہی دن میں تین واقعہ پیش آئے جنہوں نے اُس کی زندگی کا فیصلہ کر دیا۔ پہلے تو اُس نے ایک بڈھے کو دیکھا جس کی کمر ضعیفی سے بالکل جھک گئی تھی اور وہ مشکل چل سکتا تھا۔ پھر اُسے ایک طاعون کا مریض نظر آیا جو مرض کی شدت سے اینٹھا جاتا تھا۔ اور اخیر میں اسی دن ایک مردے کو دیکھا جس کی شکل بالکل بدل گئی تھی اور اُسی کے قرباء اُسے دفن کرنے کو لے جاتے تھے۔ گوتم اپنے دل میں سوچنے لگا کہ یہ بڑھاپا نہیں کیوں آیا۔ بیماری کیوں آئی۔ موت کیوں آئی۔ میں خود ایک بااقتدار متمول شخص ہوں لیکن نہ میری دولت اور نہ میرا اقتدار مجھے اس سے بچا سکتا ہے کہ میرے بال سفید ہو جائیں۔ میرے چہرے پر جھریاں پڑ جائیں۔ میرے ہاتھ پیر بیماری سے اکڑ جائیں۔ یا میرے عزیز اور چاہنے والے میری قبر پر روئیں۔ کیونکہ میں اپنی دولت و مال اپنی صحت و تندرستی اپنی بی بی اور بچے سے متمتع ہو سکتا ہوں۔ جس وقت مجھے معلوم ہے کہ میرا انجام کیا ہوگا۔ میں تو اس وقت ہر قسم کے عیش و آرام میں ہوں جو انسان کے حصہ میں آ سکتا ہے۔ لیکن اُن بیچاروں پر جو مرمودی کرتے ہیں۔ مفلوک ہیں۔ ذلیل ہیں۔ بھوکے ہیں۔ کیا گزرتی ہوگی۔ اسی خیال نے گوتم کو یقین دلا دیا کہ دنیا ایک عظیم الشان دارالمحن ہے۔ لیکن آخر یہ مصیبت کہاں سے آئی؟ اس کا سبب کیا ہے؟ اور اس کا کیا علاج ہو سکتا ہے؟۔

اب گوتم نے مصمم ارادہ کر لیا کہ اُس مصیبت کے۔ جو بنیادی زندگی کی جزو لاینفک ہے۔ اسباب کو معلوم کرے اور اُن کا کوئی علاج نکالے جب اُسے معلوم ہو گیا کہ خوشی اور آسودگی جو اُسے بعد استقصا حاصل ہوئی ہے بالکل چند روزہ ہے۔ اور ایک نہ ایک دن ختم ہونے والی ہے۔ تو اُسی نے اپنی چہیتی بی بی کو اپنے نوتولد بیٹے کو اپنے بوڑھے باپ کو اپنے قصر اور خدام اور عیش و آرام کو۔ دفعتہً چھوڑ دیا۔ ایک میلا سا کپڑا پہن۔ ہاتھ میں جامۂ گدائی لے۔ گھر سے چل نکلا اور گاؤں گاؤں بھیک مانگتا ہوا۔ اور انسانی زندگانی پر غور کرتا ہوا چلا۔

ترک دنیا و زہد و ریاضت سے بھی عقدۂ زندگانی نہ کھلا۔

لیکن جب اِس قسم کی زندگی سے وہ منزل مقصود کو نہیں پہنچا تو پھر وہ آبادی سے علیٰحدہ ہو کر جنگل میں چلا گیا اور رات دن مراقبہ میں بسر کرنے لگا۔

کئی سال شاکیامنی اِس حالت میں رہا لیکن اِس پر بھی عقدۂ زندگانی نہ کھلا۔ اُس نے سخت ریاضتیں کیں۔ یہاں تک کہ فاقے کے کے مرنے کی نوبت آگئی۔ مدتوں سبد اور منتھے پر غور کرتا رہا۔ لیکن چون کہ وہ اِس وقت تک بدھ کے درجہ کو نہ پہنچا تھا کچھ فائدہ نہ ہوا۔ یہ بدھ ہی کا کام تھا کہ دنیا میں روشنی پھیلائے۔ اور انسان کے زخموں پر مرہم رکھے۔

ملک الشیاطین کا شاکیامونی کو آزمانا

اسی زہد اور جہد کی حالت میں اُسے ملک الشیاطین مارا سے کام پڑا جس نے اُسے انواع و اقسام کے امتحانات میں ڈالا۔ للت وستر میں ان امتحانات کا نہایت تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

پہلی آزمایش

پہلے تو جنگل کے اندر شیاطین نے اُسے چاروں طرف سے گھیر لیا اور اُس کے دل میں انتقام کے وسوسے ڈالنے لگے اور اُس کو اپنے مطلب کی طرف سے پھیرنے لگے۔ یہ شیاطین عجیب و غریب صورتوں کے تھے۔ سیاہ زرد شعلہ کی طرح جلتے ہوئے۔ کسی کی آنکھیں پیٹھ پر ہیں اور حلقوں میں گھسی ہوئیں کسی کی پیچھے کی طرف دیکھتی ہوئی۔ بعضوں کے گلے میں ہار پڑے ہوئے۔ بعض بے سر کے۔ اور بعضوں کے لاکھ سر۔ لیکن جس وقت گوتم کے استقلال نے اِس فوج شیاطین کو بھگا دیا تو ایک دوسرا ہی سماں نظر

آنے لگا۔ تمام جنگل دفعۃً روشن ہوگیا اور ایسی خنکی پھیل گئی کہ گویا ابھی مینہ کا جھلا برس گیا ہے۔

دوسری کزاہش | گو تم کو البرون یعنی حوروں کی جم غفیر نے چاروں طرف سے گھیر لیا۔ بعض وسیط۔ اور بعض نرسیل مکسی کے کپڑے چمکتے ہوئے۔ کسی کے ایسے باریک کہ اُنکے اندر سے سارا جسم نمودار۔ کوئی تو اُسے اپنی ابروے خمدار اور چشم نرگسی کا ہدف بنا رہی تھی۔ اور کوئی اپنے شیرین تبسم سے اُس کا دل لبھا رہی تھی۔ غرض سب گو تم کو گھیرے ہوئے تھیں۔ اور اپنے ناز و انداز اور محبت آمیز سرگوشیوں اور وصل کے وعدوں سے اُس کی عبادت میں خلل ڈالنا چاہتی تھیں۔ وہ شیطان کی بچیاں یہ کہتی تھیں۔

"ادھر آؤ ذرا تو اسمین دیکھ لے۔ تیرا کھڑا تو پورا چاند ہے۔ لیکن یہ بھی نئی کنول کے پھول سے کم نہیں۔ ان کی آواز ان کو سُن۔ کیسی پیاری اور نہ دل سے نکلتی ہیں۔ ان کے دانت ایسے سفید ہیں جیسے برف یا چاندی۔ انکا شمل بہت ہیں بھی تو مشکل ہے۔ اس دنیا میں بھلا تجھے یہ کہاں ملیں گے۔ یہ تو ایسی حسین ہیں کہ بڑے بڑے دیوتا ان کی تمنا میں مرتے ہیں" (للت وستر اکیسواں باب ۲۴۲ دین کا تھا)

للت وستر میں لکھا ہے کہ گوتم معلق بھاوین نہ ہوا اور جواب دیا۔

"یہ چوتکین میرے سامنے کھڑی ہیں نہایت ہی کریہ منظر اور بے جوڑ ہیں۔ ان کے اندر کیڑے بھرے ہوئے ہیں۔ یہ تو بالکل چلنے والے ہیں۔ اور گندگی سے بھری ہوئی ہیں۔ ہیں وہ چیز حاصل کرنے کا جو جاودانی ہے جسے منصف مانتے ہیں اور جس سے تمام عالم کی آسودگی وابستہ ہے۔"

اُن شیرین آوازوں نے جواب دیا۔ یہ تو تجھے چوکنا شمہ ترتزد کھا چکیں۔ اور اب اپنی کرنوں کو گردش دے رہی ہیں اور پیر کے کڑلن کو بجا رہی ہیں۔ انکے کپڑے بہتر بہتر ہوگئے ہیں عیش میں مست ہیں اور ان کے چہرے تبسم سے کھلے ہوئے ہیں انہوں نے تیرا کیا بگاڑا جو تو ہمیں نفرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے" شاکیامنی نے استقلال کے ساتھ کہا۔

"ہر ایک مخلوق ہیں گناہ ہے۔ جس کسی نے اپنے کو ہوا و ہوس سے پاک کیا ہے وہ اس بات کو جانتا ہے۔ انسان کی شہوات نفسانی

کی مثال تلوار یا تیر یا نیزے یا استرہ کی ہے جس پر خصد لگا ہو۔ اِن کی مثال سانپ کے سمر کی۔ یا دیکھتی ہوئی آگ کی ہے۔ اور مین اس کو خوب جانتا ہون" کرشن کہتی ہے۔

"وہ اِس مخلوق کو نہ محبت کی نگاہ سے دیکھتا تھا نہ غضب کی نگاہ سے۔ پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائین گے۔ سمندر خشک ہو جائین گے۔ آفتاب اور ماہتاب زمین پر گرین گے لیکن وہ (گوتم) جو تینون عالم کے گناہون کو دیکھ رہا ہے ہرگز عورتون کے قبضہ مین نہین آنے کا"

(للت وستر اکیسوان باب ۱۲۵ و ۱۲۶ و ۱۲۷ و ۱۳۱ گاتھائین)

تیسری آزمایش | اِس کے بعد ملک الشیاطین خود آیا اُسی طرح جیسے شیطان مسیح کے پاس آیا تھا اور گوتم کو تمام عالم کی حکومت اور عظمت و شان دکھا کر کہنے لگا کہ یہ سب مین تجھ کو دیتا ہون اور دنیا کی کامیابی اور قوت و اقتدار سب کچھ تیرا ہے بشرطیکہ تو علم و حکمت کو خیرباد کہے ملک الشیاطین بولا۔

"مین تمام دنیا مین شہوات نفسانی کا بادشاہ ہون۔ تمام دیوتا اور تمام انسان اور حیوانات میرے تابع فرمان اور میرے حکم پر چلنے والے ہین۔ اُمید تو بھی میری قلمرو مین ہے اپنی آواز مجھے سُنا۔" شاکیا منی نے جواب دیا "اگر تو شہوات نفسانی کا بادشاہ ہے تو ہوا کرے دنیا پر تو تیری حکومت نہین ہے۔ مجھے غور سے دیکھ مین ہون بادشاہ قانون کا اگر تو شہوات کا بادشاہ ہے تو بڑی رانچل۔ تو کچھ ہی کر مین تو ضرور تیری آنکھون کے سامنے عرفان حاصل کرون گا" (للیت وستر اکیسوان باب ۱۶۶ و ۱۶۷ گاتھائین)

شاکیا منی کا فتح پانا | اِس کلام کے سنتے ہی شیطان کی فوج شکست کھا کر شور مچاتی ہوئی بھاگی اور سایہ کی طرح غائب ہو گئی۔ شاکیا منی کی سجے ہوئی پھولون کی مالا اُس کے چہرہ پر برسنے لگا اور ہاتف کی آواز غیب سے یون آئی۔

"دیوتا اُسے مونیون کے ہار اور نشان پیش دے رہے ہین۔ وہ اُس پر پھولون اور صندل کے چورے کا نچھاور کر رہے ہین وہ شادیانے بجا رہے ہین دیکھ رہے ہین اے جوان مرد دشمن کی فوج نے تیرے رخنہ کاری کرنے کے بعد بالآخر شکست

پائی۔ اسی مقام پر اس جبرین کرسی پر آج تجھے عرفان شہوات نفسانی سے خالی حاصل ہوگا۔ اور تجھے بدھ کی ساری حکومت ملے گی کیونکہ تو نے اپنی مشیرین کاری سے شیطان کی فوج پر فتح پائی ہے۔" (للت وستر اکیسوان باب ۲۰۲ و ۲۰۳ گاتھائین)

بدھ کا درخت | جس درخت کا ذکر اس گاتھا مین ہے یہ وہ درخت ہے جس کے نیچے شاکیا منی بیٹھے تھے اور یہ وہی مقام ہے جو اس وقت بدھ گیا کے نام سے مشہور ہے۔ اس درخت کی آج اسی قدر حرمت کی جاتی ہے جیسے گتھسمنی کے زیتون کے درختون کی جن کے نیچے بیٹھکر مسیح کو یہ محسوس ہوا تھا کہ خون کا پسینا اُن کی پیشانی سے جاری ہے۔ وہ شاخین جو بدھ پر سایہ فگن تھین مدت ہوئی بوسیدہ ہوکر خاک ہوگئین لیکن مذہب بدھ کے پیرو ہمیشہ اس درخت کی جگہ دوسرا درخت قائم کرتے رہے شیطان پر فتح پانے اور عرفان حاصل کرنے کے بعد بدھ پر تمام مشکلات زندگانی کے عقدے کھل گئے۔ للت وستر مین لکھا ہے۔

عقدہ زندگانی کھل گیا | "فتح کے پہلے شام ہی کو اُس کا خیال مجتمع۔ خالص۔ کامل۔ اور روشن ہوگیا۔ ہر قسم کے میل سے پاک ہر قسم کی آلایش سے مبرا۔ اُسے ایک سکون حاصل ہوگیا۔ اور اُس کا وجدان اُس کام پر جسے وہ کرنے والا تھا جم گیا۔ وہ عرفان اور وہ مستقل کامل جو انسانی وجدان سے باہر ہے اُسے مل گیا۔ اور اُس کے کل خیالات اُسی طرف مائل ہوگئے۔ اُس پاک اور خالص نظر حقیقت سے جو انسانی امکان سے باہر ہے بدھ کو تمام عالم کی ارواح نظر آنے لگین۔ اعلیٰ ذات کے لوگ اور ادنیٰ ذات کے۔ نیک کام کرنے والے اور بد کام کرنے والے سب کے سب اپنے اپنے اعمال کے مطابق آسودگی یا مصیبت کی حالت مین اُسکی آنکھون کے سامنے آگئے۔" (للت وستر بائیسوان باب)

خواہش نفسانی جاتی رہی | اُسے دوبارہ اُس مصیبت کا جس مین نوع انسانی پڑی ہوئی ہے ادراک ہونے لگا۔ لیکن اس مرتبہ اُسے محسوس ہوا کہ وہ اس مصیبت کے اسباب تک پہنچ گیا ہے اور اُس کے دور کرنے کا گر بھی اُس کے ہات لگ گیا ہے۔ علل و معلول کے سلسلہ پر غور کرنے سے اُسے معلوم ہوا کہ

(۵۱) چتوڑ۔ فتح کا برج (پندرہویں صدی)



دنیا میں محبوبی کی جڑ خواہش نفسانی ہے۔ اور خواہش نفسانی کی جڑ مایا ہے۔ یہ خواہش نفسانی پیدائش کے وقت سے ہر فرد بشر پر مسلط ہو جاتی ہے۔ اور انسان کے دل چاروں طرف سے دبا لیتی اور کبھی نہیں چھوڑتی ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ بچے کیوں کر۔ جو کچھ اس خواہش کے پورا کرنے کو دیا جائے مثلاً نام و نشان۔ حکومت۔ دولت۔ عزت۔ لذات جسمانی۔ لذات روحانی جوانی۔ حسن۔ عشق۔ یہ سب ناپائدار اور دھوکے کی ٹٹیاں ہیں۔ انسان ان کی طرف بات بڑھاتا ہے لیکن اصل میں ان کا وجود ہی نہیں۔

دنیا یا مایا دھوکا ہے | یہ سب مایا اور دھوکا ہے کیونکہ اس عالم میں ہر ایک چیز ہر وقت تبدیل ہوتی رہتی ہے ہر ایک چیز فنا ہوتی اور پیدا ہوتی رہتی ہے۔ کوئی چیز ایک لمحہ کے لئے بھی ایک حالت پر نہیں رہتی۔ پس اس کے سوا اور کیا خیال کیا جا سکتا ہے کہ یہ سب دھوکے کی ٹٹیاں ہیں جن کو انسان کی خواہش نفسانی نے پیدا کیا ہے اس لحاظ سے انسان کا بہترین عمل یہ ہے کہ وہ اس خواہش نفسانی کو مار دے جس کے ساتھ ہی اس دھوکے کے عالم اور تمام مصیبتوں کا بھی خاتمہ ہو جائے گا۔ للت وستر میں لکھا ہے۔

"اس طریق جنہ کو دین کی روشنی حاصل ہو گئی۔ وہ رکھشس جو اس وقت تک دنیا میں نامعلوم تھی۔ یہ رکھشس پیدا ہو جاتی ہے اور اس سے امتیاز اور بصیرت علم اور ادراک عقل و عرفان پیدا ہوئے (للت وستر بائیسواں باب)

"اے دین دار دین نے اس طریق رنج و غم کی حقیقت کو اور اس کے غیر متناہی ہونے کو اور اس کے دور کرنے کے اسباب کو سکھایا ہے۔ میں نے معلوم کیا ہے کہ خواہش نفسانی کی کیا مصیبت ہے، دہنوی زندگانی اور جبل کی کیا مصیبت ہے، اور ان کل مصیبتوں سے انسان کیوں کر بچ سکتا ہے۔ یہ مصیبتیں کس طریق سے بالکل غائب ہو جا سکتی ہیں۔ بلا اس کے کہ ان کا کوئی نشان بھی باقی رہ جائے۔ مجھے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ مایا کیا چیز ہے مایا کی مصیبت کیا ہے اس سے انسان کیوں کر بچ سکتا ہے اور یہ کیوں کر اس طریق غائب ہو جا سکتی ہے کہ اس کا پتہ بھی نہ رہے" (للت وستر بائیسواں باب)

نجات از روئے برہ مذہب | پس شاکیامنی کی تعلیم یہ تھی کہ انسان کی نجات کا دارومدار نفسانی خواہش کی فنا ہی ظاہری دنیا پر ہے۔ جب یہ ظاہری صورتیں جو بالکل دھوکا اور مایا ہیں فنا ہو جائیں گی۔ پھر تو انسان نروان میں

داخل ہوگا جہان خود اُس کا وجدان اور خیال بھی غالب ہوجاے گا۔ جس وقت شاکیامنی نے عرفان کے درخت کے نیچے سے اُٹھکر اپنے ہم جنسون کی طرف چلا تو وہ یہی تعلیم پھیلانے کے لیے چلا تھا۔ اگرشاکیامنی نے جیساکہ روایات مین لکھا ہے صرف فلسفی اصول کی تعلیم کی ہوتی تو اُس کا نام بھی اُسی طرح گردزمانہ کے نیچے دب جاتا جیسے اور ہزارہا اشخاص کے نام دب گئے کیونکہ فلسفی اصول عوام الناس پر اثر نہین ڈالتے عوام الناس پر اثر ڈالنے کیلیے جوش خیال چاہیے۔ ہمدردی اور محبت مگر کہان سے۔ اور دلون پر حکومت چاہیے کسی شاعر نے خوب کہا ہے۔

"وہ چیز جس کی ہم مصیبت زدہ ہمیشہ پرستش کرتے ہین خدا ہو یا عورت وہ ہے جو ہماری مصیبت مین ساتھ دے"

بدہ کی کامیابی کا راز بُدہ کی بے انتہا کامیابی کا راز یہی ہے۔ اِس بادشاہ کے بیٹے نے صرف اِس وجہ سے گدائی اختیار کی کہ وہ اپنے بنی نوع کے دکھ درد کا ساتھی بنے۔ اُنھین تعلیم دے۔ اُن کی ہمت بڑھاے اور اُسی وجہ سے اُس نے اُن کے دلون کو رام کیا۔ مسیح کی طرح بدہ کو معلوم تھا کہ کیونکر انسان کا دکھ بٹائے اور اُسے خیر و امید کی قیمت بتاے۔ اسی وجہ سے وہ اِس وقت بھی دلون پر حکومت کر رہا ہے۔ جو کچھ ہمین روایات کے ذریعہ سے بدہ کی سوانح کے متعلق معلوم ہوا ہے اُس کو مختصر طور پر بیان کرنے کے بعد اب ہم اُس کے مذہب سے بحث کرین گے۔ البتہ ہمین اُس مذہب کی توضیح ہے جسکی اُس نے درخت کے نیچے سے اُٹھکر تعلیم کی۔ لیکن وہ مذہب جسکی اُس کے شاگردون نے اشاعت کی اور جو کتابون مین موجود ہے۔

فصل سوم۔ بُدہ مذہب

بدہ مذہب کوئی نیا مذہب نہ تھا البتہ ایک نیا اخلاق تھا۔

فی الواقع یہ مذہب جس کو حضرت بدہ دنیا مین لاے کوئی نیا مذہب نہ تھا۔ بلکہ کہنا چاہیے کہ یہ ایک نیا اخلاق تھا۔ کیون کہ مذہبی اعتقاد اس مین ایک ہی تھا

یعنی دنیا کو دھوکا ماننا اور اُس کے وجود سے انکار۔ عملاً اُس نے کسی چیز کو نہین بدلا۔ کسی چیز کی مخالفت نہین کی۔ برہمنی دیوتا اور برہمنی ذات اُسی طرح قایم رہی صرف فرق اسی قدر ہوا کہ دیوتا اور دیوبرہمن اور شودر سب کے سب چند روزہ زندگانی کے چکر مین آ گئے۔ اور ایک نہ ایک دن اِن سب کا انجام یہی قرار دیا گیا کہ یہ بُدہ کے درجہ کو پہنچکر نیست و نابود ہو جائین۔

سکون ازلی یعنی نروان حاصل کرنا بُدہ مذہب کا مقصد اعلیٰ ہے۔ | بُدہ کے درجہ کو پہنچنا یعنی ایسا عرفان کامل حاصل کرنا جس مین پچھلی زندگی کا پورا تسلسل آنکھون کے سامنے ہو اور زندگانی کی حقیقت اور اسباب و علل کے سلسلے سب کُھل جائین۔ اور اس کے بعد سکون ازلی یعنی نروان حاصل ہو جاے۔ یہ وہ غرض ہے جس کے حاصل کرنے کے لئے ہر ذی روح نباتات و حیوانات و دیوتا اور انسان ہزارہا زندگیون کے سلسلے اور تناسخ کے مدارج طے کر رہے ہین۔

تناسخ و کرم کا سلسلہ | یہ عالم جو کہ ہمیشہ رہے گا بُدہ مذہب مین ایک نیستی مطلق مانا گیا ہے جو بالکل بغیر تناہی ہے۔ بعض اوقات خواہش کی وجہ سے اُس مین ایک شکل کا ایک شخص پیدا ہوتا ہے جس مین حس علم اور ارادہ ہوتا ہے۔ یعنی وہ جینے لگتا ہے۔ پھر تو زندگیون کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ یہ نیستی مطلق جس نے شکل پکڑی ہے اس وقت سے بُرے اور بھلے افعال پر قادر ہو جاتی ہے۔ اور اپنی اصلی حالت سکون پر صرف بنک افعال کے ذریعہ سے عود کرتی ہے کسی اعلیٰ درجہ مین یا کسی ادنیٰ درجہ مین پیدا ہونا یہ صرف کرم پر موقوف ہے جس سے مراد اُن افعال و اقوال و خیالات کا مجموعہ ہے جو اُس شخص سے کسی ایک زندگی مین سرزد ہون۔ اِس کرم کے لحاظ سے بالآخر وہ انسان کی صورت مین آتا اور اُس کے بعد وہ راہب بنتا اور پھر وہی ستو کے درجہ کو طے کرتا ہوا بُدہ کے درجہ کو پہنچ کر بالآخر اُسی نیستی مطلق مین عود کرتا جس سے خواہش نے اُسے باہر نکالا تھا جب تک وہ زندہ تھا خواہش اُس پر غالب تھی اور اُس کو انواع و اقسام کے دُکھ درد مین مبتلا کئے ہوئے تھی پس ہر ایک بدھست کا مآل زندگانی یہی ہے کہ وہ

خواہش کو ہارے تاکہ سنسار کے جنجال سے نجات پاکر سکون مطلق حاصل کرے۔ اِس نتیجہ کو حاصل کرنے مین اُسے نیکی سے مدد ملتی ہے یعنی نیک کام۔ نیک ارادے۔ نیک گفتگو اور نیک خیالات سے۔ اُس کی آخری نجات مین اِن سب کا حصہ ہے۔ اور کوئی اِن مین سے بے اثر اور بے کار نہین جاتا۔ یہ کرم کا مسئلہ جس کی رو سے ہر شخص اپنی زندگی، قبل کے اعمال کے مطابق دوسری زندگی مین جنم لیتا ہے خود ہر ہمنی مذہب کا بھی ایک جزو اعظم تھا۔ فرق اسی قدر ہے کہ مذہب بدہ کا اخلاق بہت اعلیٰ درجہ کا تھا۔ اِس مین اندرونی زندگانی کے افعال کا بھی لحاظ کیا جاتا تھا۔ اور انسان کی نیت دیکھی جاتی تھی۔ انجیل کی طرح بدہ مذہب مین بھی جو کوئی اپنی بنی نوع کو ضرر پہنچاتا وہ بمنزلہ قاتل کے خیال کیا جاتا۔ اور جو کوئی ممنوعات کی خواہش کرتا وہ عیاش سمجھا جاتا۔ علاوہ برین اِس مذہب مین توبہ سے گناہ دھلتا نہین تھا۔ کسی قسم کے کفارہ سے خواہ بلا ارادہ ہو خواہ بلا ارادہ کسی فعل کے بُرے نتائج رُک نہین سکتے تھے۔ اور سب سے بڑا فرق اِن دونون مذاہب مین یہ تھا کہ بدہ مذہب نے اعلیٰ درجہ کی خیرات اور فروتنی اور نیکی اور شیرینی اور عام روادار کی تعلیم کی تھی۔ جس کا وجود تک برہمنی مذہب مین نہین تھا۔

اخلاقی اسباب جو ہندو مین بدہ مذہب کی کامیابی کا باعث ہوئے۔

ایک اِس قسم کی مذہبی اصلاح جو ذات کی جکڑبندیون کی ستائی ہوئی خلقت کے آنسو پونچھے اور علانہین تو تعلیم خیال مین اور فیاساً اُنہین اپنی فطرت اور انجام زندگانی کے لحاظ سے اپنے مقہور ظالمون کا مساوی بنادے وہ مذہبی اصلاح جس نے ایک ایسی معاشرت مین جو فولادی زنجیرون مین جکڑی ہوئی ہو شیرین کلامی اور رفیع طلبیت کو داخل کیا ہو۔ جس نے یہ دعویٰ کیا ہو کہ دنیوی مصیبتون کے اسباب کو اور ان مصیبتون کے علاج کو اُس نے دریافت کرلیا ہے اور ہر ایک کہہ اور مہ کو اُس کی تعلیم کرنے پر آمادہ ہے۔ ایسی مذہبی اصلاح کو ہندوستان سے ملک مین جان آب دہو اور مذہب کی سختیون نے خلقت کو پیلپلا کر رکھا تھا ایک بہت ہی بڑا موقع حاصل ہوگیا۔ بدہ اصلاح تھی جس کو ملک کی ضرورتون نے پیدا کیا تھا اور ملک اُس کے قبول کرنے کے لئے آمادہ تھا۔ وہ فلسفی



(۵۲) نگدا۔ نیکا۔ کامندر

موشگافیان جو آگے چل کر اس بُدہ مذہب مین شامل ہوگئین اور جنہون نے اس کی تعلیم اور اس کے اعمال مین نفاذ قائم کردیا اُس وقت وہم وگمان مین بھی نہ تھین - مسائل تو بعد مین پیدا ہوئے اور عام خلقت نے اُن کی مطلق پروا نہ کی - جس چیز کی پرواہ اُنہون نے کی - جس آواز کو کان دھرکر اُنہون نے سنا - وہ امید اور محبت کی آواز تھی جو دفعۃً آسمان سے اتری اور اس آواز کو انہون نے تہ دل سے اور صمیم قلب سے قبول کیا -

سیاسی اسباب جو بدہ مذہب کی کامیابی مین معاون ہوئے -

سیاسی اسباب نے بھی اخلاقی اسباب کا ساتھ دیا اور مذہب کی اشاعت مین بڑی مدد کی - ہند کا سارا شمالی حصہ جس کو ہم نے ہندوستان کہا ہے اُس وقت یعنی اڑہائی سو سال قبل مسیح مین ایک ہی بادشاہ اشوک کے زیر حکومت تھا - اور شخصی حکومت مین بادشاہ کا کسی مذہب کو اختیار کرنا اس امر کے لئے کافی ہے کہ وہ مذہب اُس کے تمام ملک مین پھیل جاے - حکومت روی مین جس وقت قسطنطین نے مذہب عیسائی اختیار کیا اُسی وقت یہ مذہب تمام ملک کا مذہب بن گیا - اسی وجہ سے مورخین نے شاہنشاہ اشوک کو بُدہ مذہب کا قسطنطین کہا ہے اور یہ نام اُس کے لئے ہر طرح موزونیت رکھتا ہے -

اشوک بادشاہ ہند نے زور شور سے بدہ مذہب کی اشاعت کی -

وہ بیش بہا دستاویزات جن کو اشوک نے کتبون کی صورت مین پتھر ستونون اور چٹانون پر کندہ ہین چھوڑا ہے اس امر کو ثابت کرتے ہین کہ اُس نے کس مستعدی کے ساتھ اس نئے مذہب کی اشاعت کی - اِن احکام کے دیکھنے سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ بُدہ مذہب کی جس تعلیم نے عوام الناس کے دلون پر اثر ڈالا اور شودر وچنڈال و برہمن ہر ایک کے دل کو گرویدہ کردیا وہ اس کا اخلاق اور محبت اور خیرات تھی -

ابتدائی بُدہ مذہب محض ایک اعلیٰ درجہ کا اخلاق تھا -

بُدھ مذہب کے فلسفہ کا ماخذ زمانہ قدیم کے برہمنون کا فلسفہ تھا - اور یہ فلسفہ بہت دنون بعد پیدا ہوا بلکہ اشوک کے وقت مین تو کلیسا اور پوجاریون کی جماعت اور

خانقاہون اور تبرکات اور بُدھ کی خدائی حیثیت کا جو آگے چل کر قائم ہو گئی وجود تک نہ تھا۔ خود بُدھ کی سرگذشت اچھی طرح شایع نہین ہوئی تھی اور اشوک کے احکام مین مشکل دو یا تین جگہ بُدھ کا نام آیا ہے جو اصلاح عظیم اس بادشاہ کے عہد حکومت مین ہوئی اور جس اصلاح کے لئے اُس نے اپنی پوری قوت صرف کی وہ اخلاقی اصلاح تھی۔ وہ تعلیم تھی اُن حقوق کی جو ہر انسان کو دوسرے انسان پر حاصل ہین۔ وہ برہمنون کے ظلم سے خلقت کی نجات تھی۔ اور اُس دور جدید کی ابتدا تھی جس مین شیرین کلامی اور محبت و مہربانی نے ساری ایشیائی دنیا کو نیچے سے اوپر تک بدل دیا تھا۔

بتدریج بدھ مذہب بھی ایک باضابطہ مذہب بن گیا

بتدریج بُدھ مذہب بھی ایک باضابطہ مذہب بن گیا اور اس مین بھی دیوتا اور رسوم و اعمال و عبادت و فلسفہ شامل ہو گئے۔ اِس مذہب کا بڑا نقص جس کی وجہ سے اس کو آخر مین ناکامیابی ہوئی یہ تھا کہ اِس مین خاص دیوتا نہ تھے جن کا وجود عوام الناس کے لئے ضروریات سے ہے اور اِس کمی کو پورا کرنے کے لئے بُدھ مذہب نے برہمنون کے دیوتاؤن کو قائم رکھا۔ لیکن بڑی کوشش کی کہ ان برہمنی دیوتاؤن کا درجہ معمولی راہبون سے اوپر اور بُدھ کے درجہ کو پہنچے ہوئے انسانون سے نیچے مانا جائے۔ لیکن عوام کے دلون مین جو وقعت اِن دیوتاؤن کی جمی ہوئی تھی اُس مین بہت کم فرق آیا اور بالآخر انھین دیوتاؤن کے گروہ نے بُدھ مذہب کا خاتمہ کر کے اس کو برہمن مذہب مین غائب کر دیا۔

بُدھ مذہب کے آخری ناکامیابی کے وجوہ

یہی وجہ ہے کہ جس ملک مین یہ مذہب پیدا ہوا اُس ملک سے وہ ہمیشہ کے لئے چل بسا۔ بُدھ مذہب نے ہندی برہمنی مذہب کو اپنے مین شامل کر لیا تھا اور اس کا حشر یہی ہوتا تھا کہ برہمنی مذہب اُس پر غالب آجائے۔ ایشیا کے دوسرے ممالک مین بُدھ مذہب بخشی دیوتاؤن کو اپنے ساتھ لے گیا اور وہان کی مخلوق کے تخیلہ پر اُن کا اثر ڈالا لیکن خود ہند مین یہ دیوتا اتنی دنون حکومت کر چکے تھے کہ اُن کو ایک ایسا مذہب معدوم نہین کر سکتا تھا جو صرف اُنھین کم وقعت کر کے رکھنا چاہتا تھا

لیکن اُن کی جگہ دوسرے دیوتا قائم نہ کر سکتا تھا۔

برہمنی مذہب کی طرح بدھ مذہب مین فرقے ہو گئے۔ بدھ کی مورت بن گئی

بُدھ فرقون کی بھی اُسی طرح کثرت ہوگئی جس طرح برہمنی فرقون کی کثرت ہوئی تھی۔ اور عبادت گاہون مین جہان اور دیوتا تھے وہان بدھ کی مورت بھی شامل کی گئی۔ لیکن بعض فرقون مین ایک اعلیٰ درجہ مانا گیا جو نیک چلنی اور استحقاق کے ذریعہ سے ہر ایک ذی روح پر مون زنہ گانیون کو لے کر نیکے بعد حاصل کر سکتا ہے۔

بدھون کے ظہور زمانہ بزمانہ دنیا مین ہدایت دینے کے لئے ہوتے ہین

اس درجہ کو پہنچنے کے بعد وہ بھی بُدھ کی طرح خلق اللہ کو فائدہ پہنچا سکتا ہے اور پھر اُس سکون ازلی مین جس کا نام نروان ہے داخل ہو جاتا ہے۔ ان جدید فرقون کے لئے شاکیامنی ہی ایک بدھ نہ تھا جو ہدایت اور راستی کو دنیا مین لایا۔ اِس کے بعد ایک اور بُدھ بھی آئے گا اور اُس کے بعد ایک اور جو نئی روشنی اور نئی قونون کو لائے گا اور نجات کا اس سے بھی آسان راستہ بتائیگا۔ لیکن اِن بدھون کے ظہور کے لئے ایک بہت ہی دور دراز زمانہ چاہیئے کیونکہ بُدھ کے تیار ہونے کے لئے دنیا سے دراز کی مدت درکار ہے۔ ہندؤن کے تخیلہ نے جو کسی چیز سے نہ ڈرتا ہے نہ ہٹتا اِن درمیانی زمانون کو کلپون سے تعبیر کیا ہے جن کا حساب کرنا ہم مغربیون کی معمولی قابلیت سے خارج ہے۔

رہبانیت

وہ حالت جو بُدھ کے درجہ کو آسانی پہنچاتی ہے رہبانیت کی حالت ہے۔ اور اسی وجہ سے بُدھ مذہب رہبانی فرقے اور خانقاہین تمام ملک مین پھیلا دیتا ہے۔ بُدھ کے درجہ کو پہنچنے کا سب سے عمدہ ذریعہ یہ تھا کہ انسان خواہش نفسانی کو جو زندگی اور رنج وغم کی جڑ ہے بالکل مار دے۔ اسی وجہ سے اُن چار حقائق کی تعلیم ہے جو بُدھ مذہب کے اصول سمجھے جاتے ہین۔ اِن حقایق کی تعلیم عوام الناس کو نہین دی جاتی بلکہ صرف راہبون کو۔ کیون کہ ان کو سمجھنے اور اُن پر عمل کرنے کے لئے بہت سے مدارج کا طے کرنا ضرور ہے للت وستر مین لکھا ہے۔

بدھ مذہب کے چار اصول حقائق | "اے راہبو یہ ہیں وہ چار محترم حقائق - اوّل دنیوی مصیبت - دوم دنیوی مصیبت کی جڑ - سوم دنیوی مصیبت کا معدوم ہو جانا - چہارم دنیوی مصیبت کو معدوم کر دینے کا طریقہ -

"دنیوی مصیبت کیا چیز ہے - اصل میں پیدائش دنیوی مصیبت ہے بڑھاپا - بیماری موت - اُن سے دور رہنا جن سے ہم محبت رکھتے ہیں اور اُن میں ملنا جن سے ہم نفرت رکھتے ہیں - اسی کا نام دنیوی مصیبت ہے - انسان کسی چیز کی خواہش کرتا ہے اور کوشش کے ساتھ بھی اُسے نہیں پاتا یہ دنیوی مصیبت ہے - غرض وہ چیزیں جو حواس خمسہ سے حاصل ہوتی ہیں وہ دنیوی مصیبت ہیں -

"دنیوی مصیبت کی جڑ کیا ہے؟ یہ وہ خواہش ہے جو ہر وقت تازہ ہوتی رہتی ہے وہ خواہش جو حظ نفسانی کی شدت سے پیدا ہوتی ہے جو اس سے اور اُس سے لذت حاصل کرتی ہے - یہی جڑ ہے دنیوی مصیبت کی -"

"دنیوی مصیبت کو معدوم کرنا کیا ہے؟ شہوت نفسانی کو ٹھنڈا کرنا اور اُس خواہش کو معدوم کر دینا جو ہر وقت تازہ ہوتی جاتی ہے اور حظ نفسانی کی شدت سے پیدا ہوتی ہے - اور اُس چیز سے لذت حاصل کرتی ہے اور پھر پیدا ہوتی اور بھیجتی ہے - یہی دنیوی مصیبت کا معدوم کرنا -

"اور وہ طریقہ کون سا ہے جس سے دنیوی مصیبت معدوم ہو جاتی ہے - وہ محترم طریقہ ہے جس کے آٹھ حصے ہیں یعنی بصیرت کامل سے لے کر ذہن کامل تک - یہ ہے حقیقت اُس طریقہ کی جس سے دنیوی مصیبت معدوم ہو جاتی ہے -

"اے راہبو یہی ہیں چار دان محترم حقائق" (للت وستر ۲۶ دان باب)

بودھ ہونے کی ہولناکی کے اسباب | علاوہ اِس خواہش کے کہ دنیوی مصیبت معدوم ہو جاوے اور بودھ کا درجہ حاصل ہو اور بالآخر سکون مطلق تک پہنچیں ایک اور بھی چیز تھی جس نے ہزارہا خلقت کو خانقاہوں کی طرف زندگانی کا گرویدہ کر دیا تھا - یہ چیز وہ کامل مساوات تھی جو خانقاہی زندگی میں قائم تھی یعنی بیان شودر باریا چنڈال اور برہمن سب برابر تھے - اور ایک ہی دسترخوان پر کھانا کھاتے تھے - یہاں تک کہ

عورتون کے لئے بھی علیحدہ خانقاہین تھین اور اُن کی وہ غلامی اور ذلت کی حالت جو منوشاستر نے قائم کی تھی باقی نہین رہی تھی۔ البتہ اِن خانقاہون کی جو ایک ہزار سال کے اندر تمام ہندوستان مین پہاڑ کاٹ کر بنائی گئی تھین اور جن کی عمارتین اس وقت بھی تعجب انگیز ہین۔ زندگی نہایت سخت تھی۔ جو اِن مین داخل ہوتا اُسے مساجی اور عفت کی قسم کھانی پڑتی تھی۔ بی بی بچے، مال و دولت سب کو خیرباد کہنا پڑتا تھا۔ راہب کسی چیز کا مالک نہین ہوسکتا اُس کو صرف یہی اجازت تھی کہ ایک وقت کا کھانا بھیک مانگ کر لائے۔ اُس کا فرض تھا کہ صلح اور راستی کی ہدایت کرے شفاخانے اور عزبا اور مسافرون کے لئے فرودگاہین بنائے جنگ کو روکے اور ہر ایک مذہب کے ساتھ اعلیٰ درجہ کی رواداری کو کام مین لائے۔ اور یہ سمجھ لے کہ وہ بھی مذہب حق کا ایک جز ہے۔ اُس کا کام تھا کہ بچون کو تربیت کرے۔ اور اُنھین باپ کا بہت بڑا احترام کرنا سکھائے کیونکہ لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی ماں کو ایک کندھے پر جھلائے اور اپنے باپ کو دوسرے کندھے پر اور سو میل تک اُنھین اسی طرح لئے پھرے تب بھی وہ اپنے والدین کے ساتھ اُس سے بہت کم کرے گا جو انھون نے اُس کے ساتھ کیا۔

بُدھ مذہب اعلیٰ اخلاق کا مرکز ہوا | بُدھ مذہب نے ایشیا کی قدیم دنیا مین ایک ایسے اعلیٰ درجہ کا اخلاق اور بسکی پھیلائی جس کا وجود اُس وقت تک نہ تھا۔ پروفیسر میکس ملر کے سے مشہور عالم نے مندرجہ ذیل فقرہ مین اِس کا اعلانیہ اعتراف کیا ہے اگرچہ اُن سے پہلے کئی مستشرقون نے بھی اسی بات کو لکھا تھا میکس ملر لکھتے ہین۔

" مذہب عیسائی سے پہلے (یہ ایک خوش اعتقاد عیسائی کا قول ہے) سب سے اعلیٰ درجہ کا اخلاق اُن لوگون نے سکھایا جن کے نزدیک خدا محض ایک سایہ کی طرح بے امتیاز چیز تھا۔ وہ لوگ جنھون نے کبھی جہاد تلوار مین نہین بنائین یہان تک کہ معلوم خدا کے لئے پرستش کی جگہ تک نہین بنائی۔

اس فقرے کے اخیر حصہ مین جو خیال ظاہر کیا گیا ہے اور جو ابتک یورپ مین بُدھ مذہب کی نسبت درست

ہا جاتا ہے در اصل بالکل غلط ہے جیسا کہ ہم آگے چل کر بدھ مذہب کی یادگارون سے ثابت کرین گے اور دکھائین گے کہ بدھ مذہب سے زیادہ کسی مذہب مین دیوتا نہین ہین۔ لیکن البتہ اعلیٰ اخلاق کی نسبت جو کچھ کہا گیا ہے وہ بالکل صحیح ہے۔ کسی مذہب مین ایسے خالص اخلاق کی تعلیم نہین ہے نہ کسی مین اس قدر شیرین کلامی ہے اور نہ بندگان خدا کے ساتھ ہمدردی ہے۔ شاکیا منی نے اُن ذرایع کو معلوم کر لیا جن سے انسان اپنی دنیوی مصایب کو برداشت کر سکے اور ساری خلقت اُس پر آنسو ڈالتی ہے بادشاہ کا بیٹا جس نے صرف خلق اللہ کی مصیبت اور دکھ بٹانے کے لیے گدائی اختیار کی۔ جس نے اُن کو نیکی اور خیرات کی تعلیم دی۔ فی الواقع دنیا کو اپنا فریفتہ بنا لینے والون مین سے ایک بہت بڑا شخص ہے۔ دنیا مین جہان کہین اُس کا مذہب پھیلا ہے وہان اُس نے خلایق کے دلون پر اپنی حکومت قایم کی ہے۔ اور یہ حکومت صرف اس مذہب کے مشنریون کے شیرینی اخلاق اور نیکی اور ایثار نفس سے حاصل ہوئی ہے۔ اس مذہب نے ایشیا کے اخلاق کو نرم اور شیرین کیا اور یہان کے خونخوار وحشیون کو آدمی بنایا۔ وہ بے رحم مغل جو سرون کے اہرام بناتے تھے اس مذہب کے اثر سے متمدن اور تعلیم یافتہ بن گئے۔ کہا جا سکتا ہے کہ بدھ مذہب کی تعلیم دنیا کے تمام مذاہب کی تعلیم سے درجہ مین بڑھی ہوئی ہے اگرچہ اس کے ساتھ ہی اسی مذہب نے انسان کو غلامی کے لیے زیادہ تر آمادہ بھی کر دیا۔

بدھ مذہب کو کس امر مین برہمنی مذہب پر تفوق تھا | جو اوپر بیان ہوا اُس سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہین کہ بدھ مذہب اور برہمنی مذہب مین اولاً بڑا فرق اخلاق اور رواداری اور نیکی کا ہے اور ثانیاً اس مذہب مین انسان کا درجہ اتنا بڑا رکھا گیا ہے جو کسی دوسرے مذہب مین نہین ہے۔ فطرت نے اپنے بوقلمون تغیرات کے سلسلہ مین کم و بیش کامل صورتین پیدا کین یہان تک کہ انسان بنا۔ اور یہ انسان اپنی نیکی اور قوت ارادہ کے زور سے اخیر مین چل کر نہ صرف خدا بن جا سکتا ہے بلکہ خدا سے بھی درجہ مین زیادہ یعنی بودھ کے درجہ کو پہنچ سکتا ہے جس سے مراد یہ ہے کہ وہ وجود کامل بن سکتا ہے وہ وجود جس کا مثل کوئی نہین جو عالم کی ابتدا سے اور انتہا کل

(۵۳) سدسوارہ۔ مندر کے کھنڈر۔ امکارگی

ہے اور کچھ نہین غیر متناہی ہے - اور پھر فنائے مطلق - غرض عالم کا عرفان اور وجدان ہی جسطرح عالم دھوکے سے بنا ہوا ہے اُسی طرح یہ وجود بھی دھوکا ہی اور کہنا ایسا عظیم الشان اور اُس کے ساتھ ہی غیر معین ہے کہ ہم مغربی جن مین بندہ ٹکلین کی نہ جرأت ہے اور نہ وہ بے باک تخیل جو صورت وعدہ کی پابندیون سے برتر ہے اُس کی تعریف ہی سے عاجز ہین - ہم کہہ سکتے ہین یہ فوق القیاس مباحث جو ہمارے مغربی دماغون کو گھبرا دیتے ہین بُدہ مذہب کے پیرون مین سے کروڑون اشخاص کے خواب وخیال مین بھی نہین گزرے ہین - وہ کروڑہا عام مخلوق جس نے سیکڑون صدیون کے اندر نیچے کے طبقون سے نکل کر اس مذہب کو قبول کیا اور جس کی غرض صرف یہ تھی کہ وہ بُدہ پرستش گاہون مین مغرور برہمنون کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر آئین اور ایک ہی جگہ بُدہ کی مورت کے سامنے سجدہ مین جائین - یا اُس کی نشانیون اُس کے جام گدائی کی پرستش کرین - اُنہین صرف بُدہ مذہب کی رواداری اور مہربانی سے کام تھا اور وہ ہمیشہ اُس روایت کو یاد کرتے جسمین بیان کیا گیا ہے کہ ایک مرتبہ شاکیامنی کے ایک ساتھی نے کسی نہایت کم ذات عورت سے پانی مانگا - وہ بیچاری ڈر گئی اور یہ خیال کر کے کہ اعلیٰ ذات والے کو مرا قبول ہے لیکن کم ذات کے ہات سے پانی پینا قبول نہین کہنے لگی "سائین جی آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ مین چنڈال ہون - سائین نے جواب دیا - مین تجھ سے یہ نہین پوچھتا کہ تو چنڈال ہے یا نہین - مجھے پیاس لگی ہے اس لئے تجھ سے پانی مانگتا ہون" اِس واقعہ مین کسی قدر سادگی کیون نہ ہو لیکن بغور دیکھا جاے تو ایک ہندو کے لئے یہ گویا معجزہ تھا اور ذات کی مصیبتون سے نجات کی خوشخبری تھی -

اصلی بدھ مذہب یہ تھا - اگرچہ آگے چل کر اس کا فلسفہ بیہودہ تخیلات سے بھر گیا اور اس کی پرستش مین برہمنی اعمال اور کرامات سے شریک ہو گئے لیکن اس مذہب کی اصلی نیکی اور خیر و برکت نے وہ انقلاب عظیم دنیا مین پیدا کر دیا جس کی نظیر تاریخ عالم مین نہین پائی جاتی -

فصل چہارم - بُدھ مذہب کی یادگارین

بُدھ مذہب اور حقیقت الحادی نہین بلکہ اس مین برہمنی مذہب کی بت پرستی اور کیش الاٰلہی بھی ہے -

چند ہی سال قبل ازین جبکہ بدھ مذہب کے وجود کی اطلاع یورپ مین اس مذہب کے کتب فلسفہ کے (جن کا زمانہ شاکیمنی سے اغلاً چھ سو سال بعد کا ہے) ذریعہ سے ہوئی تو اس وقت سخت تعجب ہوا کہ ایسا بھی ایک مذہب ہے جس کے پیرو پچاس کروڑ خلق اللہ ہین - اور اسی کے سلسلہ اُس مین خدا کے وجود سے انکار ہے - اور عالم کی نسبت یہ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ بالکل دھوکا ہے - اور انسان کی تمام مشکون کا آل نیستی ہے - ہندوستان آنے سے پہلے مصنف بھی اُسی بُدھ مذہب کو جانتا تھا جس کا ذکر اوپر ہوا اور آگے چل کر ہوگا لیکن مصنف کو ہمیشہ شبہہ اس امر کا تھا کہ اس قسم کے سوکھے سادے فلسفی مذہب نے جس مین ہر شے سے انکار ہے کیون کر اتنی بڑی مخلوق کو اپنی طرف کھینچا اور اپنا معتقد بنایا - اِن اصول مذہب کا دفعتہً ایک ملک مین پیدا ہونا اور تھوڑے ہی دنون بعد اپنے وطن سے معدوم ہوجانا مصنف کی راے مین ایک ایسا واقعہ تھا جس کی مثال کہین تاریخ عالم مین نہین پائی جاتی - اور مصنف کو اس امر کا یقین تھا کہ بُدھ مذہب کی یادگارون کے مطالعہ سے جس سے عموماً یورپی محققین نے بالکل قطع نظر کی تھی یہ عقدہ کم و بیش حل ہوجاے گا - چنانچہ مصنف کا یہ خیال غلط نہین نکلا - اُن مبنّت مورتون کے مطالعہ سے جو تمام ملک مین پھیلی ہوئی ہین مصنف پر ثابت ہوگیا کہ جس مذہب پر ہند کے باشندے ایک ہزار سال تک قایم رہے بالکل اُس مذہب سے علیحدہ ہے جو کتابون مین درج ہوا ہے اصلی بدھ مذہب کو سمجھنے اور جاننے کے لئے اس مذہب کی یادگارون کا مطالعہ کرنا چاہیے نہ کہ کتابون کا - اور جو سبق ہمین اِن یادگارون سے ملتا ہے وہ اُن کتابی مسائل سے جن کی تعلیم یورپی مصنفین کرتے ہین بالکل علیحدہ ہے - یہ یادگارین ثابت



(۵۴) گوبندیو کا مندر ہندرابن

کرتی ہین کہ جس مذہب کو یوروپی علما الحادی مذہب بتاتے ہین وہ فی الواقع بت پرست اور کثیر الالہ مذاہب کا سرتاج ہے۔

بدھ کی مورت کا پوجا جانا

اس مین شک نہین کہ قدیم یادگارون مین جیسی کہ برہت ساچی اور بدھ گیا کی یادگارین ہین اور جن کا زمانہ اٹھارہ سو سال سے دو ہزار سال تک کا ہے خود بانی مذہب یعنی شاکیا منی کی پرستش محض کنایۃً ہوتی ہے۔ مثلاً نشانِ پاکی پرستش اُس درخت کی پرستش جس کے نیچے بدھ نے عرفان کامل حاصل کیا تھا۔ لیکن اس کے بعد ہی خود شاکیا منی کی پرستش ہونے لگتی ہے۔ اس کی مورت کل عبادت خانون مین پائی جاتی ہے۔ قدیم مندرون مین مثل اجنٹا کے مندر کے یہ مورت تنہا ہے۔ لیکن بتدریج اس مین برہمنی دیوتا آملتے ہین مندر کالی سرسوتی وغیرہ جیسا کہ ایلورا کے مندرون مین نظر آتا ہے۔ ان برہمنی دیوتاؤن مین پہلے تو بدھ سب سے بڑا سمجھا جاتا ہے لیکن آخر مین جب کرشن کی یہ حالت ہوجاتی ہے کہ وہ صرف وشنو کا ایک اوتار رہ جاتا ہے۔ یہی وہ دن تھا جب کہ ہندوستان مین بدھ مذہب کا خاتمہ ہوگیا۔

لیکن اس تغیر اور بالآخر معدوم ہوجانے کے لئے ایک ہزار سال لگے وہ تعمیری یادگارین جن مین یہ تاریخ کندہ ہے تیسری صدی قبل مسیح سے شروع ہوتی ہین اور ساتوین صدی عیسوی مین ختم ہوتی ہین۔ لیکن اس مدت دراز کے اندر سچے اور راسخ الاعتقاد بدھ ہمیشہ بدھ کو ایک قادر مطلق کی حیثیت سے پوجتے رہے روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ان خوش اعتقاد اشخاص کو کبھی کبھی خود شاکیا منی کا دیدار بھی نصیب ہوجاتا تھا۔ چینی زوار ہوئین سانگ جو ایک بدھ دست تھا اور ساتوین صدی عیسوی مین ہندوستان آیا تھا اور جہان اُس نے مدت تک اس مذہب کی تعلیم پائی تھی اپنے سفرنامہ مین لکھتا ہے کہ اُس نے ایک متبرک غار مین شاکیا منی کو اپنے روبرو دیکھا۔ غرض روایات اور تعمیری یادگارین نہایت صاف اور صحیح ہین اور اگر انھین کی بنا پر مذہب کی تحقیقات کی جاتی تو ہمارے خیالات بدھ مذہب کے متعلق ایسے

غلط ہوتے جیسے اب ہین - لیکن افسوس ہے کہ یورپین محققین نے اس وقت تک اِن یادگارون کی طرف توجہ بھی نہین کی تھی - جن مشرقیین نے بُدہ مذہب کی تحقیقات کی اُن مین سے کوئی ہندوستان نہین آیا تھا - اُن کی تحقیق کا دارومدار کتابون پر تھا - اور اتفاق سے جو کتابین اُن کے ہات لگین وہ فلسفی تصانیف نہین جو باینہمہ سو سال شاکیامنی کی وفات کے بعد لکھی گئین اور جن مین اُس اصلی مذہب کا جو رائج تھا پتہ تک نہین ہے -

برہمنی اور بدہ مذہب مین فلسفیانہ مقابلہ کا اشتراک

وہ فلسفی مباحث جن پر یورپ کو اس قدر تعجب ہوا فی الواقع کوئی جدید مباحث نہ تھے - جب سے ہین ہندو کی کتابون کا علم ہوا ہے یہ مباحث برہمنی مذہب کے ہر فرقہ کی تصانیف مین ہماری نظر سے گزرتے ہین - الحاد یعنی خدا کے وجود سے انکار - دنیاوی زندگانی کو نفرت کی نگاہ سے دیکھنا - اخلاق کا مذہبی اعتقادات سے بے تعلق ہونا - عالم کو دھوکا ماننا - وغیرہ وغیرہ اس قسم کے مسائل ہین جو ہندو کے اُپنشد مین جنکی تعداد تقریباً دو سو دس ہے - اور جو مختلف ازمنہ مین لکھے گئے ہین موجود ہین - ان مین سے بعض اپنشد مین تو جینہ وہی مسائل ہین جو بُدہ مذہب کے فلسفی تصانیف مین ہین - ان مین کرم کا مسئلہ جو بدہ مذہب کا اور ہندوستان کے کل مذاہب کا اصولی مسئلہ ہے اور جس سے مراد یہ ہے کہ موجودہ زندگی مین انسان سے جو اعمال سرزد ہوتے ہین اُنہین کے مطابق وہ دوسری زندگی مین پیدا ہوتا ہے موجود ہے - لیکن یہی مسئلہ منوشاستر کا بھی اصولی مسئلہ ہے - وہ وجود مطلق یعنی برہما جس مین بقول منو تمام عالم جذب ہوجائے گا فی الواقع بُدھست نروان کا چھوٹا بھائی ہے - لیکن دونون کا راستہ اِس مسئلہ تناسخ پر ہے - اِس اخیر نتیجہ تک پہنچنے کے لئے کیا برہمنی مذہب مین اور کیا بدہ مذہب مین یہی تعلیم کی گئی ہے کہ انسان خواہش نفسانی کو مارے - دنیا کو ترک کرے - اور زہد و مراقبہ کی زندگی بسر کرے - پس معلوم ہوا کہ بدہ مذہب کا فلسفہ بالکل وہی ہے جو اِس کے ماقبل کا برہمنی فلسفہ تھا - یہ فلسفی خیالات اُس زمانہ کے اُس مذہب کے ساتھ ساتھ پیدا ہوئے جس کی تعلیم بہ صدا عظ کیا کرتے تھے - اور جو عوام الناس کا مذہب

تھا - لیکن البتہ یہ خیالات رائج مذہب سے بالکل علیحدہ تھے - ان فلسفی خیالات کو مذہب بدھ کہنا اُسی قدر غلط ہوگا جیسا بعض اُپنشد کے مضامین پر برہمنی مذہب کا اطلاق کرنا - چون کہ یورپ مین بُدھ مذہب کا علم صرف اسی مذہب کی بعض فلسفی تصانیف کے ذریعہ سے ہوا لہذا انہین فلسفی خیالات کو مذہب مان لیا گیا - لیکن بادنے غور معلوم ہوسکتا ہے کہ وہ محض فلسفی خیالات نہین ہین جو ایک ایسے مذہب کو قائم کرسکین جس کی پیروی پچاس کروڑ مخلوق ہو - ان بیچارے محققین یورپ کو جنہون نے تمام عمر بُدھ مذہب کی کتابون کے مطالعہ مین صرف کردی ہے اس کا وقت ہی نہین ملا کہ وہ اس مذہب کے پیروؤن کو دیکھتے اور رائج مذہب کی تحقیقات کرتے - یہ بعینہ ایسا ہی ہے کہ ہم فرض کرلین کہ تین چار ہزار سال کے بعد جب کہ دنیا مین ایک انقلاب عظیم ہوجاے اور علم و تمدن کا مرکز بدل جاے اُس وقت کوئی عالم انگریزی زبان کو از سر نو نکالے اور اس قسم کی کتابین اُس کے ہاتھ لگین جیسے ہربرٹ اسپنسری کی "فرسٹ پرنسپلس" یا ڈارون کی "آرجن آف اسپیشز" مین اور وہ ان تصانیف کے مطالعہ سے یہ نتیجہ نکالے کہ انیسوین صدی کے نصرانیون کے مذہبی اعتقادات یہی تھے جو ان کتابون مین درج ہین -

ہندوستان مین تھوڑے ہی دنون رہنے اور سنسکرت کو دیکھتے بھالنے کے بعد معلوم ہوجاتا ہے کہ کبھی ایسے مذہب کے پابند نہین ہوسکتے جس مین خدا نہو - ہندو اور الحاد! اُن کے لئے تو ساری دنیا دیوتاؤن سے بھری ہوئی ہے - وہ پتھر تک کی پرستش کرتے ہین جو اُن کی مورتی کو کھاتا ہے وہ ریل کے پلون کی جن کو یوروپین نے بنایا اور خود یوروپین کی پرستش کرنے کو موجود ہین - ہرچند اُنہین اُس مذہبی رسالے کی تعلیم کی جاے جو جنوبی بُدھ اعتقادات کے متعلق یوروپین کی مدد سے سوال و جواب مین تصنیف کیا گیا ہے اور جس مین لکھا ہے کہ عالم کا کوئی خالق نہین ہے اور عالم محض دھوکہ ہے تاہم یہ تعلیم اُنہین شاکیامنی اور کل دیوتاؤن کی پرستش سے مانع نہین ہوتی - بُدھ مذہب کی سب سے قدیم کتاب جس کا زمانہ اٹھارہ سو سال یعنی شاکیامنی سے چھ سو سال بعد کا ہے دستر ہے - اس مین کئی مباحث دنیاکی بے ثباتی اور بے اصل کے

متعلق ہین لیکن اِن مباحث کا مخاطب کون ہے وہ بے شمار برہمنی دیوتا ہین جن کا ذکر ان کتاب کے ہر صفحے پر ہے اِن سب کا سرگروہ برہما ہے اور یہ شاکیامنی کے بدھ بننے کے وقت حاضر ہوتے ہین اور بالآخر اُس کی پرستش کرنے لگتے ہین۔ اِس مین شک نہین کہ للت وستر کا ہر صفحہ متضاد بیانات سے بھرا ہوا ہے لیکن ہندو کا دماغ اِس تضاد کو محسوس نہین کرتا اِن کا دماغ کسی اور سانچے مین ڈھلا ہوا ہے۔ ہم یورپین کا منطقی استدلال کچھ اور ہے اور ہندؤن کی منطق کچھ اور رامائن اور مہابھارت کی قدیم کتابون سے لیکر اُن فلسفی تصانیف تک جن کا ذکر آگے ہوگا کوئی کتاب ایسی نہین ہے جو متضاد بیانات سے پُر نہو۔ بعض وقت منطقی استدلال ہوتا ہے لیکن یہ استدلال عورتون کا سا استدلال ہے اِس مین متضاد چیزون کی طرف معلق توجہ نہین کی جاتی۔

بُدھ مذہب نہ تو برہمنی دیوتاؤن کا مخالف ہے اور نہ ذات کا البتہ اخوت و ہمدردی ہی نوع اس کے اخلاق کا اعلیٰ جزو ہین۔

پس اگر ہمین بُدھ مذہب کو صحیح طور پر سمجھنا ہے تو ان فلسفی خیالات کے ساتھ جو اِس مین شامل ہوگئے ہین ہمین وہ گروہ دیوتاؤن کا بھی ملا لینا چاہیے جنہین ہندو کے مذاہب چھوڑ نہین سکتے۔ شاکیامنی نے ہرگز برہمنی دیوتاؤن کو علیحدہ کر دینے کی کوشش نہین کی اور نہ اُسنے ذات کو توڑنے کا ارادہ کیا۔ اس نے صرف مختلف ذاتون کے درمیان اخوت کی ہدایت کی نہ ذات چھوڑنے کی۔ ہند کی معاشرتی عمارت کا یہ وہ پتھر ہے کہ کسی اصلاح کرنے والے مین یہ قوت نہوئی کہ اسے علیحدہ کر دے۔

اوپر کے بیان سے معلوم ہوگا کہ بدھ مذہب صرف برہمنی مذہب کی ترقی کا ایک زینہ تھا کیون کہ اس نے برہمنی دیوتا سب قایم رکھے صرف اخلاق کو بدل دیا۔ اِس مین شک نہین کہ کئی صدی بعد اس مین اور قدیم برہمنی مذہب مین فرق پیدا ہو گیا لیکن یہ امر بھی یقینی ہے کہ ابتدا مین یہ کوئی نیا مذہب نہین خیال کیا جاتا تھا۔

اشوک کے کتبون سے یہ ہرگز نہین معلوم ہوتا کہ وہ کسی جدید مذہب کا پیرو تھا اگرچہ یہ کتبے تمام ہند مین پھیلے ہوئے ہین اور اِن مین سے اکثر ہم تک پہنچے ہین لیکن ان مین بمشکل دو تین جگہ بُدھ کا نام آیا ہے۔ ان کتبون



(۵۵) اودے پور کے مہارانا کا محل

مین اشوک نے ہر ایک مذہب کے ساتھ اعلیٰ درجہ کی رواداری کی ہدایت کی ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ بدھ مذہب کو بھی اُنھین مذاہب مین سے ایک مذہب سمجھتا ہے لیکن البتہ اُس کے بانی کے شاہزادہ ہونے کی وجہ سے اِس مین زیادہ خیر و خیرات کی تعلیم تھی۔

ہندوستان مین بدھ مذہب کا پیچھے برہمنی مذہب مین ضم ہو جانے کی وجہ سے غائب ہو گیا

ہم ثابت کرین گے کہ بدھ مذہب ہندوستان سے قدیم برہمنی مذہب مین ضم ہو جانے کی وجہ سے غائب ہو گیا۔ اُن دوسرے ملاک مین بھی جہان وہ گیا مثلاً کیا سیوڈیا برما وغیرہ مین برہمنی دیوتا اُس کے ساتھ گئے لیکن چونکہ یہ دیوتا پہلے سے قابض نہ تھے اور نہ یہان برہمن تھے جو انھین ہمیشہ بڑا سے رکھنے کی کوشش مین رہتے۔ اِس لئے یہ دیوتا گویا بدھ کے ماتحت رہے اور بدھ اِن پر غالب رہا۔ انگکور مین جو عمارات مل ہین انکی نسبت ایک مدت سے یہ مباحثہ چلا آتا ہے کہ یہ بدھسٹ ہین یا برہمنی کیون کہ ان مین دونون مذہبون کے دیوتاؤن کا میل جول ہے۔ لیکن جن محققین نے یہ بحث چھیڑی اگر انھون نے ہندوستان اور نیپال کی عمارتون کو دیکھا ہوتا جہان اسی قسم کا میل موجود ہے۔ تو وہ ہرگز اِس شبہہ مین نہ پڑتے اور برما مین بھی یہی بات ہے۔ مسٹر ڈیلر جو کہ برما مین ایک برٹش عہدہ دار تھے لکھتے ہین کہ برما کے بدھسٹ ویدی دیوتاؤن علی الخصوص اندر اور برہما کی بھی پرستش کرتے ہین اور برما کا بادشاہ اپنے دربار مین برہمنون کو رکھتا ہے۔ وہی صاحب یہ بھی لکھتے ہین کہ کوہ التائی کے حوالی کے مغل خوانین ویدی دیوتاؤن کو پوجتے ہین۔

جن واقعات کو ہم نے بیان کیا ہے اُن سے ثابت ہے کہ کتابی بدھ مذہب اور برہمنی مذہب مین جو فرق عظیم تصور کیا گیا ہے وہ فی الواقع موجود نہ تھا بلکہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اِس فرضی تفریق کے خیال نے اُن صریح مشابہتون کو جو ان دونون مذاہب مین ہین ظاہر ہونے سے روک دیا۔ اجنبی جو کہ انگریزون مین ایک بہت بڑا احمق گذرا ہے ہندوستان کے بدھسٹ مندرون مین شیو دیوتاؤن کو دیکھکر سخت تعجب ظاہر کرتا ہے۔ اور لکھتا ہے کہ کیون کر ان دو مذاہب مین جو ایک دوسرے سے اُسی قدر دور

ہین جیسا آسمان زمین سے کسی قسم کا میل ہو سکتا ہے۔ ہاجسن اُس وقت نیپال کا رزیڈنٹ تھا اور اگر وہ ذرا آنکھ کھولکر دیکھتا تو اُسے معلوم ہو جاتا کہ خود نیپال کے سندروں مین بدھسٹ اور برہمنی میل کس کثرت سے موجود ہے۔ لیکن اُس زمانہ مین اِن دونون مذاہب مین بعد المشرقین خیال کیا جاتا تھا اور وہم و گمان مین نہین آتا تھا کہ اِن دونون مین کوئی چیز بھی مشترک ہے۔

ایک ایسے فرضی خیال کا آنکھون مین خاک ڈالنا اور بھی زیادہ تعجب انگیز ہے۔ جب ہم دیکھتے ہین کہ خود ایک انگریز مصنف نے اُس مشابہت کے متعلق جو بدھسٹ اور برہمنی دیوتاؤن مین ہے ایک رسالہ لکھا ہے جس مین دکھایا گیا ہے کہ خود تعلیم یافتہ ہندو اُن مورتون مین جو قدیم مندرون مین پائی جاتی ہین بدھسٹ اور برہمنی دیوتاؤن مین تفریق نہین کر سکتے۔ لیکن یہ مشابہت بآسانی سمجھ مین آجاتی ہے جب ہم اُس انضمام کو مدنظر رکھین جو بتدریج برہمنی اور بدھ مذہب مین واقع ہوا۔

فصل پنجم۔ بدھ مذہب کا ہندوستان سے اُٹھ جانا

ہندوستان مین بُدھ مذہب کیون زائل ہوگیا۔

ہر شخص کو معلوم ہے کہ بُدھ مذہب جو اس وقت پچاس کروڑ خلق اللہ یعنی ایک ثلث بنی نوع انسانی کا مذہب ہے ہندوستان سے تمام ایشیا یعنی چین اور سی تاتار و برہما وغیرہ مین پھیلنے کے بعد ساتوین یا آٹھوین صدی عیسوی مین اپنے وطن سے گویا بالکل نکل گیا اسوقت یہ صرف جزیرہ نما کے شمال و جنوب کے دو کنارون پر یعنی نیپال اور سیلون مین رہ گیا ہے ہندو کی کتابون مین اِس واقعہ اور اُس کے اسباب کے متعلق کچھ نہین لکھا ہے اور ہمین صرف یہ قیاس دوڑانا پڑتا ہے کہ شاید یہ واقعہ مذہبی ظلم کے سبب سے وقوع مین آیا ہوگا۔ اگر فرض بھی کر لیا جاے کہ ہندو کی سی نرم اور روادار قوم ایسا ظلم کرتی اور یہ بھی فرض کیا جاے کہ جیسا عموماً تاریخ مین دیکھا گیا ہے اُس کے برخلاف اِس ظلم سے بعوض

مذہب مین ترقی ہونے کے اُس مین زوال آنا۔ تب بھی یہ ایک حیرت انگیز اور خلاف قیاس امر ہے کہ ایک ایسے سیکڑون چھوٹی چھوٹی حکومتون مین تقسیم شدہ ملک مین جیسا ہندوستان ہے کل فرمانروا اُن نے مل کر ارادہ کرلیا کہ ایک ایسے مذہب کو جو صدیون سے اُن کا آبائی مذہب تھا دفعۃً ملک سے نکال دین اور اپنی رعایا کو ایک دوسرے مذہب کے اختیار کرنے پر مجبور کرین۔

جس وقت سے مصنف نے ہندوستان کی عمارات کا معائنہ شروع کیا اُسی وقت سے بُدھ مذہب کی تبدیلی کے اسباب روشن ہونے لگے اور نیپال تک پہنچنے کے بعد تو یہ پورا عقدہ مصنف پر کھُل گیا اور معلوم ہوا کہ اِس وقت تک اِس مذہب کے ہندوستان سے غائب ہوجانے کی بابت کس قدر غلط توجیہات کی گئی ہین۔ تقریباً تمام عمارتون کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد مصنف کو پورا یقین ہوگیا کہ بدھ مذہب صرف اِس وجہ سے ہندوستان سے اُٹھ گیا کہ وہ بتدریج اُسی برہمنی مذہب مین شامل ہوگیا جس سے وہ نکلا تھا۔

بدھ مذہب مین بہ تدریج برہمنی مذہب سرایت کرتا گیا۔

بدھ مذہب مین یہ تغیر بہت ہی آہستہ و بتدریج واقع ہوا۔ لیکن ایک ایسے ملک مین جہان تاریخ ہی نہین اور جہان کبھی کبھی پانچ پانچ اور چھ چھ صدیون تک واقعات کا پتہ نہین چلتا کسی واقعہ کے لیے زمانہ کا تعین کرنا مشکل ہے۔ یہان ہماری حالت اُن قدیم جیالوجسٹ (ماہرین طبقات الارض) کی سی ہے جنہون نے طبقات زمین کے بڑے بڑے تغیرات کو دیکھ کر یہ توجیہ کی تھی کہ اِن کے اسباب بہت ہی شدید انقلابات ہین جو وقتاً فوقتاً دفعۃً اور اچانک طور پر وقوع مین آتے رہے ہین۔ لیکن جدید علمی تحقیقات نے ثابت کردیا ہے کہ فطرت مین کبھی شدید انقلابات نہین ہوتے بلکہ فطرتی اسباب ہزارہا صدیون مین بتدریج اپنا عمل کرتے ہین اور تغیرات عظیم پیدا کردیتے ہین۔

اس مذہبی تغیر کی تاریخ ہمین اُن منبت تصاویر اور مورتون اور محسون کے مطالعہ سے معلوم ہوتی ہے جن سے ہندوستان کی مذہبی عمارات بھری ہوی ہین۔ ان سے ہمین معلوم ہوتا ہے کہ مذہب بدھ

کا بانی جو خدا کا قائل نہ تھا خود خدا بن گیا اور جہان اُس کی مورت کا مندرون مین وجود ہی نہین تھا وہ بالآخر کل مندرون مین پُوجنے گیا۔ پہلے تو وہ برہمنی دیوتاؤن مین ملا جُلا لیکن اُن سے چڑھا بڑھا رہا اِس کے بعد یہ اُس پر غالب آگئے اور بالآخر اُسے نکال باہر کیا۔

نیپال مین بدھ اور برہمنی مذہب کی قریبی مشابہت و باہمی مدارات کا پتہ چلتا ہے

جو توجیہ بُدھ مذہب کے ہندوستان سے اُٹھ جانے کی اوپر کی گئی اُس کو درجۂ ثبوت تک پہنچانے کے لئے ہمین ساتوین صدی عیسوی کے قریب کا زمانہ دیکھنا چاہئے۔ یا کسی ایسے ملک کی طرف نظر ڈالنی چاہئے جہان اُس وقت یہ تغیر ہو رہا تھا۔ یہ ملک نیپال کا ہے جہان اِس وقت بھی بدھ مذہب موجود ہے۔ اور جس نے برہمنی مذہب کے اثر کا جو تمام ہندوستان مین تغیرات عظیم پیدا کر رہا تھا پوری طرح مقابلہ کیا۔ نیپال مین اِس وقت بُدھ مذہب کی وہی حالت موجود ہے جو ساتوین صدی مین برہمنی مذہب کے میل سے پیدا ہوئی تھی۔ یہان کے مندرون مین برہمنی دیوتا اور بدھ دیوتا اِس طرح ملے جلے ہوئے ہین کہ معلق نہین ہو سکتی کہ کون سا مندر کس فرقہ کا ہے۔ اِسی نیپال مین انگریز محققین نے اِس مشابہت نامہ محسوس کیا اگرچہ وہ اِس کی درست توجیہ نہ کر سکے۔ وہ واقعہ جو ہندوستان کی قدیم مذہبی عمارات کو مطالعہ کئے بغیر اِس درجہ مشکل سے سمجھ مین آتا تھا ان عمارات کے مطالعہ سے فوراً صاف اور آسان ہو جاتا ہے۔ اور یہ امر ثابت ہو جاتا ہے کہ ہندوستان کی تاریخ مین ایک زمانہ ایسا تھا کہ برہمنی اور بدھ دیوتاؤن مین اِس درجہ میل ہو گیا کہ خود ہندو مصنفین بھی اِس زمانہ کے مندرون کی بمشکل تفریق کر سکتے ہین اور اُسی مندر کو کبھی بدھ مت کہتے ہین اور کبھی برہمنی۔ یہی وجہ ہے کہ ہمین ایک ہی زمانہ کی عمارتون مین بدھ اور برہمنی مندر ایک دوسرے کے پہلو مین نظر آتے ہین۔ اگر ہم اپنے تخیل کو اُس قدیم زمانے تک پہنچائین جبکہ برہمنی اور بدھ مذہب آپس مین مغیر و مشکر ہو رہے تھے۔ اور ان مین التباس پیدا ہوتا تھا تو بخوبی ہماری سمجھ مین آسکتا ہے کہ اُس زمانہ کے بادشاہ اپنے روپیہ کو اِن دونون مذاہب کی یادگارون مین اُسے فیاضی سے صرف کرتے تھے جیسے

(۵۶) اودے پور کے جھیل اور مہارانا کا محل





(۱۳۶) ریاست چھترپور کے راجہ کا جدید محل

یورپ کے ازمنہ متوسطہ مین کوئی بادشاہ مختلف عیسائی فرقون کے گرجون کی تعمیر کراتا تھا۔

جس زمانہ کا ہم ذکر کر رہے ہین اس کے متعلق صرف اُس چینی زائر ہوئین سانگ کا بیان ہم تک پہنچا ہے اور وہ ایک ہندو راجہ کا ذکر کرتا ہے جس نے کسی تقریب مین اپنی فیاضی کو یا برابر اُس وقت کے دونون مذاہب پر تقسیم کیا۔ یعنی پہلے دن تو اُسنے بدھ مذہب والون کو اپنی داد و دہش سے مستفید کیا اور دوسرے دن برہمنی کو۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ دونون مذہب آپس مین مٹ جلے ہوے تھے اور یہ قبل تھا اُس زمانہ کے جب وہ بالکل باہم ضم ہو گئے۔ نیپال مین ہمین اس اتصال کا پورا پتہ چلتا ہے۔

نیپال بدھ مذہب کا قدیم گہوارہ ہے | بدھ مذہب نیپال مین بہت قدیم زمانہ مین گیا۔ بلکہ روایات مین بیان کیا گیا ہے کہ خود شاکیا منی نفس نفیس وہان گئے تھے اور نیپال ہی کی قدیم خانقاہون مین اس مذہب کی سب سے پرانی کتابین مل ہین۔ انھین روایات مین بیان کیا گیا ہے کہ اشوک جو تیسری صدی قبل مسیح مین مگدھ کا بادشاہ تھا اس ملک مین سنبوناتھ اور بدھ گیا وغیرہ مقدس مندرون کی زیارت کو آیا تھا اور اسی نے پاٹن کا شہر جس کا نیپالی نام للت پاٹن ہے بسایا تھا۔ ظاہرا یہ پاٹن پتھر کی خرابی ہے جو کہ اشوک کا دار الحکومت تھا۔ یہان بہت سے مندرون کے کھنڈر ٹیلون کی صورت مین ہین نہایت قدیم زمانہ سے اشوک کی طرف منسوب کیے جاتے ہین۔

نیپال مین بدھ اور برہمنی مذہب کے تعلقات | پس نیپال کا ملک بدھ مذہب کے قدیم گہوارون مین ہے اور یہ مذہب یہان دو ہزار سال سے رائج ہے۔ اگرچہ اس ملک کے ہندوستان سے علیحدہ ہونے کے سبب سے یہان بدھ مذہب قایم رہ گیا ہے لیکن یہ علیحدگی مذہب کو اُن تغیرات سے نہ بچا سکی جو اُس مین برہمنی مذہب کی ہمسائگی کی وجہ سے وقوع مین آئین اور جنھون نے بالآخر اُسے برہمنی مذہب مین ضم کر دیا۔ کیونکہ دنیا مین جہان کہین ایک ہی قسم کے اسباب پیدا ہوتے ہین تو اُن سے نتیجہ بھی ہمیشہ ایک ہی

خاص حالت کے لحاظ سے دونون مذہبون کا اتصال مدت دراز مین ہوا اگر ایسا نہوا ہوتا تو ہمین یہ بات کہ بدھ مذہب کی حالت ساتوین یا آٹھوین صدی عیسوی مین کیا تھی ہرگز نہ معلوم ہوتی - یہ وہ زمانہ ہے جب کہ خانقاہی نظامات ٹوٹ چکے تھے - مذہبی خدمتین آبائی ہو چکی تھین - اور پرانے دیوتا پھر قوت پر آ گئے تھے - نیپال مین جو حالت بدھ مذہب اور برہمنی مذہب کی ساتوین صدی مین تھی وہ اس وقت بھی موجود ہے - یعنی یہ علیحدہ تو ہین لیکن ان دونون مین وہ اتحاد اور ایک دوسرے کی رواداری پائی جاتی ہے جو اُس وقت تمام ہندوستان مین تھی اور جو بدھ مذہب کے ختم ہو جانے کے ماقبل کی حالت تھی - ان دونون مذہب کا باہمی اتحاد اس درجہ پر ہے کہ اس وقت نیپال مین مندر - دیوتا اور مذہبی مراسم ایسی موجود ہین جو دونون فرقون مین مشترک ہین -

نیپال کے بدھ مذہب کی تشریح | بعوض اسکے کہ فلسفی فرقون کے اعتقادات بیان کئے جائین اور کہا جائے کہ بدھ مذہب مین دنیا گویا ایک مادۂ ازلی سے بنی ہوئی ہے جس مین خود قوت خلاقی موجود ہے اور گویا یہی خود سارے عالم کا خدا ہے نیپال کے بدھ مذہب مین تین (۳) دیوتاؤن کی پرستش سکھائی گئی ہے - اول آدی بدھ جو گویا سب سے بڑا خدا ہے اور اُس سے مراد روح ہے دوسرے دھرم جس سے مراد مادہ ہے تیسرے سنگھ جس سے مراد خارجی دنیا ہے جو روح اور مادہ کے اتصال سے پیدا ہوئی ہے - یہ تثلیث جو برہمنی برہما وشنو اور شیو کی تثلیث کے بالکل مماثل ہے ایک مثلث کے ذریعہ سے جس کا مرکز ایک نقطہ ہے ظاہر کیجاتی ہے یہ نقطہ آدی بدھ کی نشانی ہے جو تمام عالم کا سبب اول ہے -

اس تثلیث سے اخذ کر برہمنی مذہب کے بہت سے دیوتا ہین وشنو - شیو - گنیش - لکشمی - وغیرہ وغیرہ یہ قوت مطلق سے پیدا ہوئے ہین اور عالم پر حکومت کرتے ہین - اگرچہ ان کا وہ عالی مرتبہ نہین رہا جو برہمنی مذہب مین تھا تب بھی ان کا درجہ بدھ مذہب مین اتنا رکھا گیا ہے کہ یہ کل مخلوق کی عبادت کے لایق سمجھے جاتے ہین - نیپال کے مذہب مین روح کے متعلق قریب قریب وہی خیالات ہین - جو قدیم برہمنی

(۵۸) احمد آباد کی مسجد اعظم



(۵۷) رانایان کا اودے پور کا مقبرہ

مذہب کے تھے یعنی روح جس مین حیوانات کی ارواح بھی شامل ہین - آدمی بدھ سے پیدا ہوتی ہے اور بے انتہا مدارج تناسخ کو طے کرنے کے بعد پھر اُسی آدمی بدھ مین جس سے وہ نکلی تھی شامل ہوجاتی ہے یہی اتصال جس کے ذریعہ سے تناسخون کا سلسلہ ختم ہوجاتا ہے وہ اخیر جزو ہے جس کی طرف کل نیک چلن بدھسٹ لوگ لگائے ہوئے ہین - ان تناسخون کی تعداد اور ان کی نوعیت بالکل انسان کے اُن افعال پر مبنی ہے جو اُس سے زندگی مین صادر ہوتے ہین اور انہین افعال سے اُس کی آیندہ حالت کا قطعی فیصلہ ہوتا ہے -

خود بانی مذہب کے متعلق یہ اعتقاد ہے کہ شاکیہ اور بدھون کے جو اس سے قبل آچکے ہین وہ بھی ایک ذات مقدس ہے جس نے ہزار ہا زندگیون کے ذریعہ سے تزکیہ حاصل کیا ہے اور اُس درجہ کے قریب آگیا ہے کہ آدمی بدھ مین ضم ہوجاے

نیپال کے بدھسٹون مین برہمنی اوتار بھی مانے جاتے ہین -

نیپال کے باشندون مین علی الخصوص شیوناتھ والے آدمی بدھ کے معتقد ہین - ان سب فرقون مین مذہبی تثلیث یعنی بدھ - دھرم - اور سنگھ - یہ تینون مجسمون کی صورتین دکھائے گئے ہین - جو پالتھی مارے ہوے کنول کے پتے پر بیٹھے ہوے ہین - بدھ کے دو ہاتھ ہین اور دھرم اور سنگھ - کے عموماً چار چار - ان تینون مین صرف دھرم جو کہ مادہ کی دیوی ہے عورت کی صورت مین دکھائی گئی ہے اس تثلیث سے اُزکر پرستش کی چیزون مین زیادہ تر اس مذہب کا بانی اور اس کے اسبق کے بدھ ہین جس مین سے بعضے تو دیوتاؤن کی صورت مین ہین اور بعض انسانی صورت مین - ان کے بعد برہمنی دیوتا شروع ہوتے ہین شیو کا وناہینکال اور شیو کی بی بی کالی اندر جو آسمان کا بادشاہ ہے گرڈ جو کل پرندون کا بادشاہ ہے گنیش عقل وفہم کا دیوتا جس کا سر ہاتھی کی صورت ہے وغیرہ وغیرہ - ان مین سے گنیش کی بہت بڑی عزت کی جاتی ہے اور اس کی صورت ہر ایک مندر کے دروازہ پر ہوا کرتی ہے - پرستش کا سلسلہ اسی برہمنی دیوتا کی پوجا سے شروع ہوتا ہے

نیپال کے بدھستوں نے ہندو لنگ کو بھی اختیار کیا تھا لیکن اُس کے معنی بدل دیے تھے۔ بعوض اس کے کہ اسے شیو کی قوت خلاقی کا آلہ مانا جاوے۔ نیپال کے بدھست لنگ کو اُس کے کنول کے پھول کی نشانی مانتے ہین جس مین سے آدی بدھ نے شعلہ کی صورت مین ظہور کیا۔ اس لنگ کی صورت مین بھی تغیر کر دیا گیا ہے یعنی اس کے چاروں طرف چار بدھ کندہ کیے گئے ہین اور اس کی نوک پر چھتے کا بند بنا یا گیا ہے۔

نیپال کے بدھ مذہب مین برہمنی میل

اس بیان سے معلوم ہوگا کہ نیپال کے بدھ مذہب مین کس قدر برہمنی میل ہے۔ اسی طرح برہمنی مذہب کے پیروون پر بھی بدھ مذہب کا بہت کچھ اثر پڑا ہے۔ مثلاً شیو کے مندرون مین اکثر بدھ کی مورت پائی جاتی ہے اور ایسی عبادت کا مین کثرت سے موجود ہین جن مین ان دونون فرقون کے دیوتاؤں کے جلے ہوے ہین۔ اور ان مین دونون فرقون کے اشخاص عبادت کرتے ہین۔ ان دونون مذہب کا باہمی میل جول جو نیپال کے مندرون مین نظر آتا ہے وہ اس ملک کی روایات وحکایات اور مذہبی رسوم وغیرہ مین بھی موجود ہے۔ بعض مذہبی رسوم کے متعلق تو یہ کہنا محال ہے کہ یہ بدھ مذہب سے متعلق ہین یا برہمنی مذہب سے کل زوار ایک ہی خوش اعتقادی سے دونون فرقون کے مندرون مین پرستش کرتے ہین۔

یہ ہے اصلی حالت بدھ مذہب کی نیپال مین اور جو کچھ اوپر بیان کیا گیا اُس سے بخوبی پیشین کوئی کی جاسکتی ہے کہ اس میل جول کا نتیجہ دو تین صدیون مین یہی ہونے والا ہے کہ بدھ مذہب بالکل برہمنی مذہب مین ضم ہوجاے گا کسی آیندہ زمانہ مین کوئی سیاح جو نیپال کی موجودہ حالت سے اور ان دونون مذاہب کے اتحاد کلی سے ناواقف ہو۔ وہ البتہ اُسی طرح جس طرح حال کے محققین نے کیا ہے بدھ مذہب کے ہندوستان سے اُٹھ جانے کو جبری اسباب کی طرف منسوب کرے گا۔ لیکن جس وقت وہ ہزارہا مندرون کے کھنڈرون پر جن سے اُس وقت یہ سرزمین بھری ہوگی نظر ڈالے گا تو اُسے معلوم ہوجاے گا کہ جبر سے کہان تک کام

(۵۹) محافظ خاں کی مسجد احمد آباد

لیا گیا ہے لیکن اگر یہی سیاح جسکو ہم فرض کر رہے ہین محض ایک ہی مذہب کی تحقیق پر اکتفا نہ کرے بلکہ سیاحت کے ذریعہ سے ساری ملک مین پھر کر مختلف مذاہب کا مطالعہ کرلے تو پھر وہ ہرگز ایسی غلطی مین نہ پڑیگا۔ یہ طریقہ محقق کتابون کے پڑھنے سے بہت زیادہ سود مند ہے۔ اس طریقہ سے معلوم ہوجاتا ہے کہ ہندوستان ہی وہ سرزمین ہے جہان وہ کل اعتقادی مواد جن کو ایک کثیر التعداد مخلوق نے سالہاے دراز سے اس موجودہ زمانہ تک ملے کیا ہے ہماری نظرون کے سامنے موجود ہین اور اس ملک کے مذہبی اعتقادات اور مذہبی نظامات مین ابتدا سے لے کر موجودہ زمانہ تک کیا کیا تغیر واقع ہوئے ہین۔ یہ اُس قسم کے تغیرات ہین جن کے صرف اخیر نتایج کتابون مین دکھاے گئے ہین۔ لیکن اُن کی تدریجی حالت صرف مذہبی عمارات اور یادگارون کے مطالعہ سے ظاہر ہوسکتی ہے۔

فصل ششم۔ بُدھ مذہب کا فلسفہ

بُدھ مذہب مین بھی فلسفی فرقے اُسی طرح قائم ہوئے جس طرح برہمنی مذہب مین قائم ہوے تھے۔ اِن فلسفی مسائل مین جیسا کہ اوپر لکھا جاچکا ہے کسی قسم کی جدت نہین ہے لیکن چون کہ ان مین سے بعض کتابون کو یہ شرف حاصل ہوا ہے کہ وہ یوروپی زبانون مین ترجمہ ہوئین اور انمین پر اس مذہب کے متعلق خیالات قائم کیے گئے ہم سرسری طور پر ان مسائل کا ذکر کرین گے۔

سب کچھ خواب یا مایا ہے | بُدھ فلسفہ کا دارومدار محض اس اعتقاد پر ہے کہ کُل چیزین بے بنیاد ہین۔ زمین کی کل چیزین اور آسمان کی کل چیزین۔ جو کچھ ہمین نظر آتا ہے اس کا وجود صرف ظاہری ہے یہ ایک قسم کا منظر ہے جو ہر وقت سامنے رہتا ہے۔ اس کی مثال سمندر کے جھاگ کی سی ہے جو پانی کی سطح پر بنتی ہے اور بگڑ جاتی ہے۔ مرد عورت۔ اشیاے خارجی۔ زندگانی اشخاص۔ کسی چیز کا حقیقی وجود نہین ہے۔ یہ سب ہمارے متخیلہ کی مخلوقات ہین۔ ان کی مثال بالکل دھوے کے اور خواب کی سی ہے یہ گویا فریبندہ چیزین

ہین جیسے چاند کا عکس پانی کے اوپر۔

اس فلسفہ مین جس کی عبارت تک بار بار پڑھ کر ہمارے دماغ ہرگز نہین پہنچ سکتا خدا اور خالق مطلق جس کا وجود عالم سے ثابت نہین ہا جاسے کوئی چیز نہین ہے۔ کائنات کا سلسلہ غیر متناہی ہے اس کی ابتدا اور اس کی انتہا دونون غیر متناہی ہین۔ وجود اور فنا اجزا کا علیحدہ ہوجانا اور پھر مجتمع ہونا یہ سلسلہ علل و معلولات کا جس مین علت معلول اور معلول پھر علت ہوجاتا ہے ایک غیر متناہی سلسلہ ہے جس کی نہ ابتدا تھی اور نہ انتہا ہوگی۔ بدھ فلسفیون نے جہان مخلوقات سے انکار کیا ہے وہان انہون نے قسمت اور تقدیر سے بھی جو کل یونانی مذاہب کا اصولی مسئلہ ہے انکار مطلق کر دیا ہے۔ کائنات مین تقدیر کوئی قوت نہین ہے۔ ہر ذی روح کا مستقبل خود اس کے اعمال اور افعال پر مبنی ہے۔ یہی اصل قانون ہے افعال انسانی کا اور اُن کے کل نتائج دائمی ہین ایک بہت بڑے سلسلہ زندگانی کو طے کرنے کے بعد محض نیک چلنی کے ذریعہ سے ہر ذی روح اُس فنا کے درجہ کو پہنچ سکتا ہے جس مین نہ رنج ہے نہ غم یہ درجہ نروان کا ہے جس مین پہنچنے کے بعد تناسخ کا سلسلہ ختم ہوجاتا ہے۔

ان فلسفہ کی کتابون مین استدلال کے وہ مدارج دکھائے گئے ہین جن کے ذریعہ سے انسان عالم کو غیر موجود اور دھوکا ماننے تک پہنچتا ہے۔ ان کا بیان ہے کہ جس وقت کوئی بدھ اشکال اور اصناف کے تصور سے اوپر بڑھ جاتا ہے تو پھر وہ فضاے غیر متناہی تک پہنچ جاتا ہے۔ جب وہ فضاے غیر متناہی سے بھی تجاوز کرتا ہے تو پھر عقل غیر متناہی تک پہنچتا ہے جب وہ عقل غیر متناہی سے بھی تجاوز کر گیا تو پھر وہ اُس مقام تک پہنچتا ہے جہان کسی چیز کا وجود نہین ہے جب وہ اِس درجہ سے بھی بڑھا تو وہ اُس مقام تک پہنچتا ہے جہان نہ تصور ہے اور نہ عدم تصور۔ اِس درجہ کو حاصل کرنے کے بعد پھر وہ تصور اور ادراک کی قید سے چھوٹ جاتا ہے اُس وقت اُس مین نہ کسی شے کے تصور کی قوت رہتی ہے اور نہ وہ اشیا کے وجود یا عدم وجود کے متعلق کچھ خیال کر سکتا ہے۔ کیون کہ یہ خیال خود ایک تصور ہے جس سے وہ

بھرا ہوا ہے اِس کا بھی وجود فی الخارج نہین - یہ بھی ایک دھوکا اور خواب ہے - فلسفی خیالات جن کی نسبت کہا جاسکتا ہے کہ یہ بے انتہا عمیق ہین اکثر اوقات محض منطقی استدلال تک منتہی ہوتے ہین - ہر ایک مسئلہ کے متعلق بدھ فلسفہ پہلے تو اقرار کرتا ہے اور پھر انکار اور پھر وہ اس درجہ تک پہنچتا ہے جس مین نہ اقرار ہے نہ انکار مثلاً اگر پوچھا جاے کہ بعد موت کے بھی بدھ قایم رہے گا تو اُس کا جواب یہ ہوگا کہ بدھ بعد موت کے قائم ہے اور بدھ بعد موت کے قائم نہین ہے - بدھ بعد موت کے نہ تو موجود ہے اور نہ غیر موجود -

جنوبی ایشیا کے بدھستون کے عقائد کا مزروے رسالہ سوال جواب

بعض یورپی محققین نے اِس خیال سے کہ تمام دنیا مین بدھ مذہب پھیل جاے (جو کہ مین خواہش اِس مذہب کے پیروؤن کی ہے اور کوئی امر محال بھی نہین ہے) اِن فلسفی خیالات کو جمع کر کے ایک سوال جواب کا رسالہ بنایا ہے جس پر سیلون کے بڑے گرو سری میتر نے اپنی مہر کی ہے مگر فی الواقع اِس مین جدید خیالات معلوم ہوتے ہین - اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گرو صاحب نے بلا پڑھے ہوئے اور غور کیے ہوئے ایک ایسی کتاب کو شایع کرنے کی اجازت دیدی ہے جس کے مسائل بعض بدھ کتابون سے بالکل مخالف ہین - لیکن چون کہ اس مجموعہ مین فلسفی مسائل کو مرجع الفاظ مین بیان کیا گیا ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ جنوب کے بدھ ان عقائد کے پابند ہین ہم اِس مجموعہ کا انتخاب ذیل مین درج کرتے ہین -

سوال نمبر ۵۷ - وہ کون سی روشنی ہے جو ہمارے جان کو ضائع کر سکتی ہے اور ہمین ہر قسم کی تکلیف سے علیحدہ کر سکتی ہے؟ -

جواب - یہ روشنی اُن حقایق کا علم ہے جن کو بدھ نے حقایق اربعہ کا نام دیا ہے -

سوال نمبر ۵۸ - ان چاروں حقایق کے نام بیان کرو -

جواب - اول زندگانی کی مصیبت دوم اِس مصیبت کا سبب یعنی خواہش نفسانی جو

ہر وقت بڑھتی رہتی ہے اور کبھی پوری نہیں ہوتی۔ سوم۔ اِس خواہش کو دور کرنا۔ چہارم۔ اِس خواہش کے دور کرنے کے ذرائع۔

سوال نمبر ۶۵ جب ہمیں نجات حاصل ہو جاتی ہے تو پھر اِس کے بعد کون سا درجہ ہے؟

جواب نروان کا درجہ۔

سوال نمبر ۶۶ نروان کیا چیز ہے؟

جواب نروان وہ قالب ہے جس میں کُل تغیرات موقوف ہو جاتے ہیں۔ وہ سکون مطلق حاصل ہو جاتا ہے جس میں تنفسانی خواہشیں میں نہ دھوکے اور مصیبتیں۔ جس میں وہ کُل چیزیں جو انسان کو جسم سے ملائے ہوئے ہیں بالکل مفقود ہو جاتی ہیں۔ نروان کے درجہ کو پہنچنے سے پہلے انسان بار بار جنم لیتا ہے۔ جب نروان کو پہنچ گیا تو پھر تناسخ کا سلسلہ بند ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر ۶۷ کیا ہمارے نیک اور بُرے کام ہماری حالت پر اور اُس صورت پر جس میں ہم بار بار جنم لیتے ہیں کوئی اثر رکھتے ہیں؟

جواب بیشک عام قاعدہ یہ ہے کہ اگر ہمارے اعمال میں غلبہ نیک کاموں کا ہے تو ہم اچھی حالت میں خوش و خرم پیدا ہوں گے لیکن اگر اس کا عکس ہے تو ہم تکلیف اور مصیبت کی حالت میں پیدا ہوں گے۔

سوال نمبر ۶۸ بدھ مذہب کے واعظوں اور دوسرے مذہب کے واعظوں میں کیا فرق ہے؟

جواب دوسرے مذہب کے واعظ اپنے کو انسان اور خدا کے بیچ میں ایک واسطہ قرار دیتے ہیں اور خدا سے گناہوں کے بخشوانے میں مدد دیتے ہیں برخلاف اِس کے بدھ واعظ کسی قسم کی خدائی قوت کو نہیں مانتے لیکن وہ بدھ کی تعلیم کے مطابق خود زندگی بسر کرتے ہیں اور دوسروں کو راہ راست کی ہدایت کرتے ہیں بدھ مذہب میں کسی ذاتی خدا کا اعتقاد ایسا خیال کیا جاتا ہے جیسا کہ جمال کے تخیلہ نے



(۶۰) مسجد محافظ خاں کی سنگ مرمر کا محراب

ایک بہت بڑا سایہ فضائے عالم پر ڈال دیا ہو۔

سوال نمبر ۱۲۰ بدھ مذہب اور دوسرے مذاہب مین کون سا بڑا فرق ہے؟

جواب جنوب کے بدھ مذہب کی تعلیم اعلیٰ درجہ کی نیکی ہے لیکن بلا کسی خدا کے۔ اور اس مین وجود انسانی مسلسل مانا گیا ہے لیکن بلا خیال روح کے۔ آسودگی اور خوشی ہے لیکن بلا جنت کے۔ اور نجات ہے لیکن بلا کسی خاص نجات دلانے والے کے۔ نجات کا حاصل کرنا محض انسان کی ذات پر ہے جس مین اعمال۔ اوعیہ۔ توبہ۔ اور واعظ۔ اور شفیع کا مطلق کوئی دخل نہین ہے۔ الغرض اعلیٰ ترین درجہ زندگی ہی مین اور اسی دنیا مین حاصل ہو سکتا ہے۔

سوال نمبر ۱۲۵ کیا بدھ مذہب بقائے روح کے مسئلہ کو تسلیم کرتا ہے؟

جواب جنوبی بدھ روح کو ایک ایسا لفظ خیال کرتے ہین جس کو جہال ایک بے بنیاد چیز کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین جبکہ ہر ایک چیز جس مین خود انسان بھی شامل ہے معرض تغیر مین ہے تو پھر اُس کا ہر ایک حصہ ہمیشہ بدلتا رہنا چاہیے۔

پس جو چیز ہر وقت بدلتی ہے اُس کو قیام نہین ہے اور وہ چیز جس کو قیام نہین ہے اُس مین سے کوئی ایسا حصہ کیون کر فرض کیا جا سکتا ہے جس کو بقائے دائمی ہو۔

سوال نمبر ۱۲۶ اگر بقائے روح انسانی کے خیال کو نہ مانا جاوے تو پھر اس کا کیا سبب ہے کہ لوگ اپنی شخصیت کو ایک مستقل چیز مانتا ہے؟

جواب اس کا نام بدھ مذہب مین تنہہ ہے یعنی وہ خواہش زندہ رہنے کی جو کبھی نہین بجھتی جب کوئی شخص ایسے اعمال کر چکتا ہے جن سے وہ جزا یا سزا کا مستوجب ہو تو پھر یہی تنہہ ہے جو کرم کے قواعد کے مطابق اُسے دوبارہ وجود مین لاتی ہے۔

سوال نمبر ۱۲۷ وہ کون ہے جو دوبارہ جنم لیتا ہے؟

جواب - یہ ایک مجموعہ اسکندرون کا ہے یعنی ایک ایسی شخصیت ہے جو شخص قوت شدہ کے اخلاقی رجحانون سے پیدا ہوئی ہے اسی کا نام اسکندر ہے -

سوال نمبر ۱۴۲ - آیا یہ نیا مجموعہ اسکندرون کا یہ نئی شخصیت وہی وجود ہے جو تنہ کے زور سے اس کے ماقبل کی زندگی مین پیدا ہوا تھا ؟

جواب - ایک معنی مین تو وہی ہے اور ایک معنی مین وہ نہین ہے ہمارے زمانہ زندگانی مین اسکندر بالکل بدلتے رہتے ہین مثلاً زید جس کی عمر چالیس سال کی ہے ایک معنی مین وہی شخص ہے جو وہ اٹھارہ سال کی عمر مین تھا لیکن اس کے جسم اور اُس کی خصائص روحانی اور اس کی اخلاقی حالت مین اتنا بڑا تغیر ہو گیا ہے کہ ایک معنی مین یہ وہ شخص نہین بلکہ ایک دوسرا شخص ہے جب انسان بڈھا ہو جاتا ہے تو اُسے اُن کل افعال نیک بد کے نتائج کو جو اُس سے اوائل عمر مین سرزد ہوئے ہین بھگتنا پڑتا ہے اسی طرح یہ نیا شخص جو دوسرے جنم مین پیدا ہوتا ہے اگرچہ اس کی شکل بدل گئی ہے اور اس کے اسکندر سے ہین اُن افعال کے نتائج کا پابند ہے جو کہ اس سے پچھلی زندگی مین سرزد ہوئے تھے اور ان معنون مین وہ وہی شخص ہے جو پہلے پیدا ہو چکا تھا اور مر گیا تھا -

اصل و قدیم بدھ مذہب جدید فلسفیانہ بدھ مذہب سے علیحدہ تھا

اس انتخاب کو ختم کرنے کے بعد مین پھر اُسی قول کا اعادہ کرون گا جو اوپر بیان ہو چکا کہ وہ بدھ مذہب جو بدھ زمانہ مین ہندوستان مین رائج رہا اور جس کی حالت ہمین مذہبی عمارتون کے دیکھنے سے معلوم ہوتی ہے بالکل اُس مذہب سے علیحدہ تھا جو فلسفی کتابون مین درج ہے - فی الواقع اس فلسفی مذہب کو اصل بدھ مذہب سے اُتنا بھی تعلق نہین جتنا کہ نصرانی مذہب کو یونانی بت پرستی سے تعلق ہے اصل بدھ مذہب دیوتاؤن کی کثرت مین ہندوستان کے کل مذہب سے بڑھا ہوا ہے کیون کہ اس مین برہمنی مذہب کے کل دیوتا شامل ہو گئے ہین - وہ بدھ مذہب جو ہمین عمارتون مین دکھائی دیتا ہے واقعی ایک مذہب ہے برخلاف اسکے وہ مذہب جو شاکیامنی سے

چھ سو سال بعد فلسفی تصانیف مین دکھایا گیا ہے مذہب نہین ہے بلکہ فلسفہ ہے۔
ان دونون خیالات مین ویسا ہی فرق عظیم ہے جیسا خدا پرستی اور دہریت مین اگر کوئی اتحاد ان دونون مین ہے تو محض نام کا ہے

فصل ہفتم۔ بدھ زمانہ کی معاشرت

اگر ہم اُس عمدہ اخلاقی اثر کا جو بدھ مذہب نے انسانی معاشرت پر ڈالا ہے اندازہ کرنا چاہین تو ہمین خشنشاہ اشوک کے احکام کا مطالعہ کرنا کافی ہوگا۔ اِن احکام مین ہر قسم کے اتفاق صلح اور خیر خیرات کی تعلیم کی گئی ہے۔ یہ کوئی سیاسی قانون کا مجموعہ نہین ہے بلکہ ایک قسم کے مذہبی احکام ہین جن مین اِس بادشاہ کی نیک نیتی اور اس کے رعایا کی سادگی۔ خوش چلنی۔ خوف خدا اور بندگان خدا کی محبت۔ اور عظمت کا پرتو نظر آتا ہے۔

منو اور اشوک کے احکام کا مقابلہ | منو کے قانون اور اشوک کے احکام مین تین بڑے بین فرق ہین۔
اوّلاً عام نیکی اور مہربانی جو صرف انسانون تک محدود نہین بلکہ حیوانات پر بھی شامل ہے اور اِن کے جان لینے کو منع کرتی ہے۔ دوم۔ کل ذاتون کی مساوات اور اُن کو اِس امر کی منادی کہ اِن مذہبی احکام کو سنین اور بادشاہ کے وعدون سے فائدہ اُٹھائین۔ سوم۔ عام رواداری جو ہر مذہب کے اور ہر فرقہ کے اشخاص کو ایک ہی نظر سے دیکھتی ہے اور یہ خیال کرتی ہے کہ یہ سب ایک ہی تخیل کی طرف متوجہ ہین اگرچہ اظہار میں مختلف ہین۔ برہمنی مذہب مین حیوانات کا کچھ تعلق بہت خیال کیا جاتا تھا کیونکہ یہی مسکن تناسخ کا اجزا تھے اور انہین ہی روح مطلق کا وجود مانا گیا تھا لیکن انکے ساتھ ہی انکو ماتحت اور انکی جان لینے مین کوئی پاپ نہ تھا پہ تری راجاؤن کا بڑا شغل تھا اور یہ سب اقسام کے جانورون کو دیوتاؤن پر چڑھاتے تھے۔
لیکن اشوک نے اِس رسم کو بالکل بند کر دیا۔ اُس کے احکام مین لکھا ہے۔

حیوانات پر رحم کرنا | "ہر روز سیکڑون جانور مختلف طرح پر مارے جاتے ہین اور اس مین شک نہین کہ اگر ارادہ نیک ہو تو ان کا مارنا جائز سمجھا جاسکتا ہے لیکن ارادہ کو معلوم کرنا ایک مشکل امر ہے اسلئے بہتر یہ ہے کہ اس فعل سے احتراز کیا جائے آج سے حکم دیا جاتا ہے کہ کوئی حیوان نہ مارا جائے"

اشوک نے جہان انسانون کی آرام اور بہبودی کا انتظام کیا ہے وہان حیوانات کے لئے بھی انتظام کیا ہے۔ دوسرے احکام مین لکھا ہے۔

"اسی قسم کے بیانات جو انسان اور حیوانات کے لئے مفید ہون ایسے مقامات پر جہان وہ بلا خود نہین پیدا ہوتے لاکر لگائے جائین اور جان مین میوہ کے درخت بھی شامل ہون خواہ عام راستہ مین کنوے کھودے جائین اور ان مین درخت لگوائے جائین تاکہ انسان اور حیوانات مستفیض ہون" (ستنگی احکام نمبر ۲)

برہمنی مذہب مین صرف پہلی تین ذاتون کو یہ شرف حاصل تھا۔ کہ وہ مذہبی تعلیم پائین اور وید سنین لیکن کوئی شودر جو وید کو سن لیتا یا کسی مذہبی کتاب کو پڑھ لیتا تو اس کی سزا یہ قرار دی گئی تھی کہ اس کے کانون مین کھولتا ہوا تیل ڈالا جاتا۔ اب اشوک کے احکام کو دیکھنا چاہیے۔

مذہبی تعلیم بلا تفریق ذات | "مذہب کے واعظین سپاہیون۔ برہمنون اور ہر قسم کے فقرا و ساکین کے سامنے بلا کسی روک کے واعظ بیان کرین گے تاکہ جو لوگ نیک ہین ان کو خوشی حاصل ہو اور جو مذہب کی زنجیرون مین جکڑے ہوئے ہین اور جو قیدی ہین ان کو آزادی حاصل ہو نیز سے پاک داس مذہ واعظین حکمت اور رحمت کے کلمات ہمارے بھائیون اور برہمنون کے سامنے بیان کرین گے اور نیک بندون کو ترغیب و تحریص کرین گے اور جو بندے گناہون کے بوجھ سے دبے جاتے ہین ان کو نجات دین گے اور یہ واعظین میرے ملک کے دور دراز حصون تک دورہ کرتے رہین گے" (ستنگی احکام نمبر ۵)

اشوک کے احکام مین اعلیٰ درجہ کی رواداری کا بھی حکم دیا گیا ہے۔

مذہبی رواداری | "ہمارے اعتقادات کی بنیاد یہ ہے کہ ہر اپنے مذہب کی پابندی رکھین اور دوسرے کے مذہب کو نقصان پہونچائین اور برا کہین اگرچہ اعتقادات مین فرق ہو لیکن مذہبی چیزون کی ہر جگہ پوری عزت کی جائے کیون کہ اس عمل سے خود



(۶۱) رانی پری کی مسجد ۔ احمد آباد

اپنے مذہب کی اشاعت ہوتی ہے اور دوسرے مذہب کی تقویت ہر ایک مذہب میں اِس قسم کی تعلیم موجود ہے جو نیکی کی طرف ہدایت کرتی ہے خدا کا پیار اشوک یہ خیال کرتا ہے کہ کوئی نعمت اِس سے زیادہ نہیں ہے کہ دین کی اشاعت لوگ اس کی تکمیل عمل میں لائی جائے کیونکہ ہر ایک مذہب کی کوششوں کا اصل یہی ہے" (خلاصہ احکام نمبر ۱۲)

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بدھ مذہب اشوک کے زمانہ کی طرح سے بہت دنوں تک ملکی مذہب نہیں رہا اشوک سے سو برس بعد صاف معلوم ہوتا ہے کہ بعض اُس کے جانشینوں نے برہمنی مذہب اختیار کر لیا تاہم بدھ مذہب عوام میں جیسے باسات صدی تک غالب مذہب رہا۔ مثلاً چینی زائر فاہیان کے زمانہ (۳۹۹ عیسوی سے ۴۱۴ عیسوی تک) یہ مذہب ہندوستان میں سرسبزی کی حالت میں موجود تھا لیکن اسی کی دو صدی بعد جب کہ ہوائین سانگ اِس ملک کی زیارت کو آیا ہے تو وہ اپنے سفرنامے میں بدھ مذہب کے انحطاط کا ذکر کرتا ہے اور لکھتا ہے کہ ہر جگہ مندروں اور خانقاہوں کے کھنڈر نظر آتے ہیں۔

اشوک کے ایک ہزار سال بعد برہمنی مذہب پوری طرح غالب آچکا تھا اور بدھ مذہب ہندوستان سے اُٹھ چکا تھا۔ تاہم بحیثیت ایک اخلاقی اثر کے وہ مرنے والا نہ تھا۔ یہ اثر دنوں باقی رہا اور اِس وقت بھی باقی ہے اسی اثر نے جدید برہمنی مذہب کو پیدا کیا ہے جس کی طرف ہم بہت جلد متوجہ ہوں گے۔

چوتھی صدی عیسوی میں بدھ مذہب کی حالت از روے سفرنامہ فاہیان

فاہیان جو چوتھی صدی عیسوی میں ہندوستان آیا اُس کی غرض سفر سے یہ تھی۔ کہ اُن کل مقامات متبرک کی جہاں بدھ پیدا ہوا تھا جہاں اُس نے زندگانی کی تھی۔ جہاں اُس کا امتحان ہوا ان سب کی زیارت کرے اور بدھ مذہب کے علما سے استفادہ حاصل کرے اور اس مذہب کی کتابوں کی نقول اپنے ملک کو لے جاوے۔ یہ زمانہ بدھ مذہب کے اعلیٰ عروج کا تھا سارے پنجاب کا ملک اور گنگا کی گھاٹی دھارون اور خانقاہوں سے بھری ہوئی تھی۔ جن میں ہزارہا راہب رہتے اور اپنے مذہب کے مسائل اور اسرار کی تعلیم دیتے اور اُس مراقبہ میں رہا کرتے جس کے ذریعہ

سے نروان حاصل ہوتا ہے عبادت گاہوں کے مصارف بادشاہوں کی سخاوت اور خوش اعتقاد پیروؤں کی عقیدت کے ذریعہ سے ادا ہوتے تھے۔

یہ خانقاہیں علم اور حکومت کے مرکز خیال کی جاتی ہیں ان میں ایک سکون اور سکوت کی حالت پائی جاتی اور اور یہاں کے باشندوں کی روزانہ زندگی بے انتہا باقاعدہ طور پر بسر ہوتی تھی فاہیان نے جو ان میں سے ایک خانقاہ میں مہمان ہوا تھا تین ہزار (۳۰۰۰) راہبوں کو ایک دسترخوان پر کھانا کھاتے ہوئے دیکھا ان کی نزاہت اور خوش اخلاقی کا بے انتہا اثر اُس کے دل پر پڑا۔ بدھ مذہب میں بھی بے انتہا فرقے پیدا ہو گئے لیکن انہیں دو فرقے بڑے تھے یعنی واسطہ اعلیٰ اور واسطہ اول۔ واسطہ اعلیٰ میں زیادہ تر فلسفہ کی تعلیم ہے اور واسطہ ادنیٰ میں اخلاق کی ان فرقوں میں کثرت سے حکایات و روایات پیدا ہوئیں اور اُن سے مسائل مذہبی گھڑے گئے۔ اگرچہ تمام عالم کے نزدیک بدھ مذہب میں ظاہری اعمال کی کم تعلیم دی گئی ہے تاہم یہاں بھی بیسیوں تقریبوں اور مجموعوں کی کثرت ہو گئی۔ مہرتن مبتکر نشانیاں پھول خوشبو وغیرہ نے تبدیل بدھ مذہب کے پرتو جسم میں وہ روح پھونک دی جس کے بغیر عوام الناس کسی مذہب کو مان نہیں سکتے اور جو کبھی فلسفے سے حاصل نہیں ہو سکتا۔

اس نئے مذہب کا معاشرتی اور اخلاقی اثر یہ ہوا کہ جرائم کی سزائیں خفیف ہو گئیں داغدار اور محصولات کم کر دیئے گئے۔ مختلف فرقوں میں میل جول بہت بڑھ گیا جو کہ برہمنی زمانے میں ہرگز ممکن نہ تھا۔ اگرچہ ذاتیں مثل سابق کے موجود تھیں لیکن ان سب میں رواداری اور مہربانی اور شیرینی کی روح پھونکی گئی تھی۔ ملک میں شفاخانے ہر طرف بن گئے تھے اور نہ صرف مریض انسانوں کا علاج معالجہ کیا جاتا بلکہ حیوانات کے لیے علیحدہ شفاخانے بنے ہوئے تھے۔

اُس زمانہ کی یہ معاشرتی حالت جس کو فاہیان نے اپنے سفرنامہ میں لکھا ہے اس وقت بھی کل بودھ ممالک میں موجود ہیں خود ہندوستان میں ابتر برہمنی اثر کی بدولت ان میں فرق آگیا ہے



(۶۲) احمد آباد کی ایک مسجد کے مینار



(۶۳) احمد آباد کی ایک پرانی مسجد میں پتھر کی جالی (صناعی)

اور ہوئین سانگ ہی کے زمانہ مین جو ساتوین صدی مین ہندوستان آیا یہ فرق محسوس ہونے لگا تھا۔ برہمنون کے گھمنڈ نے بدھ مذہب کی مساوات کو قایم نہین رہنے دیا۔ اِس مذہب کے انحطاط سے برہمنون نے بہت کچھ فائدہ اُٹھایا کیونکہ ہندوستان کی مخلوق جس کا طبعی رجحان شخصی اور مجسم دیوتاؤن کی طرف ہے بتدریج برہمنی مذہب مین آگئے۔ بہت سے صوبجات مین بودھ دھار اور سندر سندھ ہونے لگے اور خود بدھ ہندو مندرون مین ایک دیوتا بن گیا جس کی مورت شیو اور وشنو کے پہلو بہ پہلو رکھی گئی لیکن البتہ اُس کا وہ اعلیٰ درجہ باقی نہین رہا۔ پاٹلی پتر بدھ مذہب کا قدیم دارالحکومت ویران ہوگیا اور خود بدھ گیا جو کہ بہت ہی مقدس مقام تھا برہمنون سے بھر گیا۔

ملک کی معاشرتی حالت مین بھی فرق آگیا فاہیان مزدورون کی آزادی اور اُن کی خوشحالی اور اُن پر نہایت کم محصول ہونے کا ذکر کرتا ہے برخلاف اِس کے ہوئین تسانگ چھٹے حصہ کا محصول بتاتا ہے۔ یہ گویا منوشاستر کا محصول ہے جو گویا دوبارہ قایم کیا گیا جرائم کی سزائین کم رہین لیکن اگنی آگ اور پانی اور زہر کے ذریعہ سے ملزمین کی بیگناہی کا ثبوت لیا جانا جیسے یورپ کے ازمنہ متوسطا مین ہوا کرتا تھا۔ ہوئین تسانگ ہندوؤن کی شدید ایمانداری نیکی خیر خیرات اور رواداری پر اپنا تعجب ظاہر کرتا ہے اسکی مثال مین وہ اُن عام تقریبون کا ذکر کرتا ہے جن مین ہزارہا مخلوق بلالحاظ ذات اور مذہب کے شریک ہوتی اور جن مین بادشاہ کی بلا دہش سے کیا برہمن اور کیا شودر کیا بدھ اور کیا مخالف سب کے سب برابر برابر مستفید ہوتے تھے۔ بدھ فلسفہ کو اچھی طرح پڑھنے کی غرض سے ہوئین تسانگ نالندہ کے دہار مین پانچ سال تک مقیم رہا۔ یہ ہندوستان مین سب سے مشہور خانقاہ تھی جس مین دس ہزار تک راہب رہا کرتے تھے یہ چینی زائر ہند سے جزیرہ سیلون گیا اور پھر واپس آکر اپنے وطن کو چلا گیا۔ یہ قریب قریب اُسی راستے سے آیا جس سے فاہیان آیا تھا۔

بدھ مذہب کا انحطاط ساتوین صدی عیسوی کے بعد اور اسکے اسباب

اِس زمانے یعنی ساتوین صدی عیسوی کے بعد سے بدھ مذہب مین

نہایت سرعت کے ساتھ انحطاط آگیا اور یہ بہت جلد ہندوستان سے اُٹھ گیا ساتویں صدی کے بعد بُدھ مذہب بہت ہی کم تغیر ہوئے ہین۔ من جملہ اُن اسباب کے جو بُدھ مذہب کی تباہی کا باعث ہوئے ایک بڑا سبب یہ ہے کہ اِس مذہب مین کثرت سے فرقے پیدا ہو گئے۔ ہیون تسانگ اپنے وقت مین اٹھارہ مختلف فرقون کا ذکر کرتا ہے جن مین اسس گرما گرمی سے مباحثہ ہوا کرتا تھا کہ اُس کی آواز سمندر کے موجون کی طرح دور سے آتی تھی۔ اس وقت اُنیسوین صدی مین بھی بُدھ مذہب مین نہ اعتقادات کے لحاظ سے اتحاد پیدا ہوا ہے اور نہ اعمال کے لحاظ سے۔ دو بڑے فرقے موجود ہین۔ ایک جنوبی اور دوسرا شمالی جن مین سے ہر ایک اپنے کو حق پر بتاتا ہے۔ اور شاکیامنی کی اصلی تعلیم کے ورثہ ہونے کا دعوے کرتا ہے۔

خلاصۂ باب | جو مطالب اِس باب مین بیان کیے گئے اُن کا اب ہم بطور اختصار اعادہ کرین گے سب سے پہلا لائق نمود امر یہ ہے کہ ابتدا مین بُدھ مذہب کوئی جدید مذہب نہ تھا بلکہ صرف ایک رخ برہمنی مذہب کا تھا اور اِس مین اور برہمنی مذہب مین صرف اخلاق کا فرق تھا بُدھ مذہب کا فلسفہ بہت بعد مین بنا لیکن اُس کا اخلاق ابتدا ہی سے چلا آتا ہے اِس مذہب کی ابتدا اُن مصیبتون کی وجہ سے ہوئی جو برہمنون نے خلایق پر ڈھا رکھی تھی۔

شاکیامنی منجملہ اُن نادر الوجود اشخاص کے تھا جن کی آواز دنیا کو ہلا دیتی ہے۔ کیون کہ وہ اپنی ذات مین ساری قوم کی ضرورتون کا مجموعہ بن جاتے ہین

بُدھ فلسفہ کے اصول بہت ہی قدیم ہین یہ اصول برہمنی زمانہ مین پیدا ہو چکے تھے اور ان پر عمل کرنے والے وہ ہندو فقیر تھے جو فاقون کے مارے ہوئے درختون کے نیچے بیٹھتے اور اپنے خیال کو کسی ایک نقطہ پر جمع کرنے کی کوشش کرتے۔ بُدھ سے بہت پہلے اِن فقرا نے اِس بات کو محسوس کیا تھا کہ دنیا مین عقلمند آدمی کو ہمیشہ نیستی مطلق تک پہنچ جانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

چون کہ بدھ مذہب مین فلسفہ زیادہ داخل ہوگیا اور وہ مذہب عوام کی رہا اور چون کہ تمام عالم مین ہندوؤن سے زیادہ کوئی قوم مذہب کی محتاج نہین ہے اس لیے برہمنی مذہب کو دوبارہ موقع ملا اور یہ بالآخر غالب آگیا اور اس نے بدھ مذہب کے پیروون کو اپنے مین ملا لیا۔ وہ بدھ مذہب جس پر اس وقت چالیس کروڑ مخلوق اعتقاد رکھتی ہے صرف برہمنی مذہب کی ایک قسم ہے اور اُس مین اور برہمنی مذہب مین جو کچھ فرق واقع ہوا ہے وہ محض اس وجہ سے ہے کہ اُس نے دوسرے ملکون مین نشو ونما پائی ہے جس طرح غیر ممالک اور غیر اقوام مین چلے جانے کی وجہ سے بدھ مذہب اور برہمنی مذہب مین تفریق زیادہ ہونے لگی اُسی طرح ہند مین یہ فرق بھی بتدریج کم ہوتا گیا اور بدھ مذہب بالآخر برہمنی مذہب مین ضم ہوگیا۔

جو کچھ اوپر بیان ہوا اُس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ قدیم خیال کہ بدھ مذہب ہندوستان سے جبراً خارج کر دیا گیا کسقدر غلط خیال ہے۔ جب ہم اس بات کو سمجھ لین کہ بدھ مذہب ایک جوش و خروش کے ساتھ برہمنی مذہب سے نکلا تھا۔ تو بخوبی سمجھ مین آسکتا ہے کہ سالہا سے داز کی دھیمی چال اور میل جول نے پھر اُسے اُسی قدیم مذہب مین ضم کر دیا جس سے وہ نکلا تھا۔

باب چہارم

جدید برہمنی تمدن یعنی ہندوؤن کی معاشرت دسویں صدی مسیحی مین

فصل اوّل - وہ دستاویزات جن کے ذریعہ سے جدید برہمنی تمدن کو ہم معلوم کر سکتے ہین

جس زمانہ سے اب ہم بحث کرین گے وہ تقریباً آٹھوین صدی مسیحی سے شروع ہوتا ہے۔ جس وقت بدھ

مذہب گویا بالکل ہندوستان سے ایک ہزار سال کی حکومت کے بعد اُٹھ چکا تھا۔ اور جس وقت مذہب اُٹھ گیا تو بخوبی خیال مین آتا ہے کہ معاشرتی حالت مین بھی تغیر ہو گیا ہوگا۔ وہ مذہب جس نے بُدھ مذہب کی جگہ لی۔ قدیم برہمنی مذہب تھا لیکن اس مین بُدھ مذہب کے اثر نے بے انتہا تغیر پیدا کر دئے تھے۔ اُس زمانہ مین وہ سیاسی انتظام بھی جس نے بُدھ مذہب کی اشاعت مین بے انتہا مدد دی تھی (یعنی سارے ملک کا ایک بادشاہ کی زیر حکومت ہونا) بدل چکا تھا اور نہ بہت سی چھوٹی چھوٹی حکومتون مین تقسیم ہو چکا تھا جس کے حکمران ایک دوسرے سے بالکل علیحدہ اور اکثر اوقات ایک دوسرے کے رقیب تھے۔

تاریخی حیثیت سے یہ زمانہ جس سے اب ہم بحث کر رہے ہین یعنی آٹھوین صدی عیسوی سے بارہوین صدی عیسوی تک یا یہ کہا جاسے کہ بُدھ مذہب کے اُٹھ جانے کے زمانہ سے مسلمانون کی فتوحات کے زمانہ تک نہایت تیرہ و تاریک ہے بجز اُن عمارات کے جو ہم تک پہنچی ہین اور جو ان مختلف حکومتون کی یادگارین ہین بہت کم اور اسناد ہمارے پاس موجود ہین یعنی کچھ تو کھنڈر ہین کچھ کتبے اور سکہ جات اور کچھ انشائی تصنیفات ہین جن کا زمانہ محقق طور پر معلوم نہین ہے۔ تاہم ان ناتمام اور ناقص اسناد سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ زمانہ بھی شان و شوکت مین اپنے ماقبل زمانہ سے کچھ کم نہ تھا۔

اس زمانہ کی ہندی معاشرت کے متعلق بھی ہمارے پاس بہت کم وثائق ہین۔ لیکن ان سے اُس تمدن کا تھوڑا بہت اندازہ ہو سکتا ہے جو اُس وقت ہند مین موجود تھا۔

آٹھوین صدی سے بارہوین صدی عیسوی یعنی اسلامی فتوحات سے قبل ہندوستان کی عمارات

سب سے بڑے وثائق وہ عجیب و غریب عمارات ہین جو ہر طرف ملک مین بکھری ہوئی ہین اور جو اُسی زمانہ کی یادگار ہین سے کسی طرح کم نہین ہین۔ گزشتہ باب مین معلوم ہو چکا ہے کہ وہ پتھر کے نقوش جو عظیم الشان صفحون پر کندہ ہین کس درجہ مطلب خیز ہین۔ بعض انھین نقوش سے معلوم ہوتا ہے کہ ہند کے مذاہب مین کیسے تغیرات



(۶۴) اندر سے سمندر کا منظر غار ہاے

عظیم وقوع مین آئے۔ جن نئے اعتقادات کا اب ہم مطالعہ کرین گے اُن کی بنیاد وہی قدیم برہمنی مذہب ہے جس پر بدھ مذہب غالب آگیا تھا۔ یہ قدیم مذہب پھر ملک مین رائج ہوگیا لیکن اِس مین کچھ تو بدھ مذہب کے اثر سے اور کچھ اقتضاے وقت سے بہت کچھ تغیر ہوگیا تھا۔ یہ جدید برہمنی مذہب اِس وقت تک ہند مین موجود ہے اور یہی ہند کے بہت بڑے حصہ کا دولتی مذہب ہے۔ عملی لحاظ سے تو اِس مین بڑا فرق آگیا ہے لیکن اِس کے اعتقادات مین کوئی تغیر نہین ہوا۔ اِس موجودہ مذہب کے مطالعہ سے ہم بخوبی اس امر کا اندازہ کر سکتے ہین کہ آٹھ سو سال قبل اِس کی کیا حالت تھی۔

اِس زمانہ کے مذہب کی حالت ہمین بخوبی عمارات اور کتابون مین ملتی ہے اور عمارات سے ہمین ایک کافی اندازہ اُس تمدن کا ہوسکتا ہے جو ہند مین مسلمانون کی فوج کشی سے پہلے موجود تھا۔ افسوس ہے کہ ان عمارات سے ہمین اُن سیاسی اور معاشرتی نظامات کا پتہ نہین لگتا جو اِس زمانہ مین جاری تھے۔ فی الواقع یہ وہ زمانہ ہے جسمین کل اُن اعتقادات اور مذہبی رسوم کی بنا پڑی جو اِس وقت ہند کے ہر حصہ مین نظر آرہے ہین۔

اگرچہ اِس زمانہ کی سیاسی اور معاشرتی نظامات کے متعلق ہمین عمارات سے مدد ملتی ہے اور نہ کتابون سے لیکن اِس اطلاع کے حاصل کرنے کا ایک ذریعہ البتہ ہمارے پاس باقی ہے یعنی ہم ہند کے کسی ایسے خطے کو لے لین جو خارجی اثرون سے محفوظ رہا ہے اور جہان یہ قدیم نظامات بلا کسی تغیر کے اِس وقت تک باقی اور برقرار ہین۔ ہماری خوش نصیبی سے ایک ایسا خطہ موجود ہے جہان ہم اُن قدیم نظامات کو قبل اِن کے تلف ہوجانے کے مطالعہ کر سکتے ہین۔ علاوہ دکن کے بعض حصون کے جس مین نیچے درجہ کی اقوام بود و باش رکھتی ہین تمام ہند مین صرف ایک ہی خطہ رہ گیا ہے جو اپنی جغرافی حیثیت اور باشندون کی آزادی کی وجہ سے بیرونی اثرون سے محفوظ رہا ہے اور اِس خطہ مین وہ قدیم نظامات اور رسوم بلا کسی تغیر کے اِس وقت تک قایم ہین یہ وہ پہاڑی حصہ ہے جس کا نام راجپوتانہ

ہے یہی ایک حصہ ہند کا ہے جس کے حکمران اس وقت تک قدیم راجاؤن کی اولاد و احفاد علی التسلسل چلے آتے ہین۔ یہی وہ خطہ ہے جہان قدیم نظامات اس وقت تک موجود ہین اور زمانہ دور و دراز کی خبر دیتے ہین۔ اگر ہم اس خطہ کی رسوم و عادات کو بغور دیکھین تو ہمین پورا موقع اس امر کا حاصل ہے کہ دسوین صدی عیسوی مین جو حالت ہند کے آریہ چکوستون کی تھی اُس کی ایک صحیح تصویر ہم کھڑی کرلین۔

فصل دوم۔ ہند و تمدن دسوین صدی عیسوی مین

عمارات و ثروت ہندوستان کی آٹھوین اور دسوین صدی کے تمدن کو اگر ہم اُس زمانہ کی صنعت و حرفت سے جو عمارات مین نظر آتی ہین اور نیز بعض تصنیفات سے ظاہر ہوتی ہین بغور دیکھین تو ہم بخوبی اس تمدن کا مقابلہ یورپ کے ازمنہ متوسط کے تمدن سے کرسکتے ہین۔ اس زمانہ مین ہندی صنعت عروج پر تھی مثلاً وہ عجیب و غریب عمارات جو کجھراؤن آبو کے پہاڑ وغیرہ پر نظر آتی ہین ہر گز خوبصورتی مین اعلیٰ درجہ کی گاتھک عمارتون سے کم نہین ہین یہ اس قسم کی اعلیٰ صنعت ہے جس سے اُس زمانہ کا تمول اور مذاق ثابت ہوتا ہے کیونکہ بلا دولت و مذاق کے اس قسم کی صنعتون کا وجود ممکن نہین ہے۔ ان عمارتون کی تاریخ ہمین بخوبی معلوم ہے یہ زیادہ تر شمال ہند مین راجپوتانہ سے لے کر اوڑیسہ کے ساحل تک پائے جاتے ہین۔ اور ان سے بہتر کوئی اسناد ہمارے پاس موجود نہین ہین البتہ انشائی تصانیف مین ناٹک اور تمثیلین بھی موجود ہین لیکن ان پر زیادہ بھروسہ نہین ہوسکتا کیون کہ ان کی نسبت اس امر کا یقین نہین ہے کہ یہ کس زمانہ مین لکھی گئین اور ان کی تاریخ کے تعین مین کبھی کبھی صدیون کا فرق پڑجاتا ہے۔

اس کے ساتھ ہی اگر ہم اس امر کا خیال رکھین کہ ایک ایسے ملک مین جہان تغیر نہایت دیر مین ہوتا ہے اور جہان کی صدہا سال اور ملکون کے برسون کا حکم رکھتی ہین شاید اس قسم کی تصنیفات سے بھی استدلال

کیا جا سکتا ہے۔

اگرچہ اُن دو مشہور نظمون یعنی رامائن اور مہابھارت کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان مین ہر ایک زمانہ کی حالت کا پرتو نظر آتا ہے کیون کہ تقریباً بارہ صدیون سے ان نظمون مین کچھ نہ کچھ نئی ترمیمین اور اضافے ہوتے رہے ہین۔ ان کا ماخذ اُس زمانہ سے بہت ماقبل ہے جس کا ہم ذکر کر رہے ہین اور موجودہ صورت مین ہمین ان سے متعلق مدد نہین مل سکتی۔ پس تصنیفات کے لحاظ سے ہمارے پاس صرف ناٹک رہ جاتے ہین علی الخصوص کالیداس اور شودرک کے ناٹک ان کا صحیح زمانہ تصنیف معلوم نہین ہے لیکن اس مین شک نہین کہ یہ سنہ عیسوی کی پہلی صدی کے بعد اور دسویں صدی کے ماقبل کے ہین۔ علاوہ برین جو نتائج ہم ان سے نکالین گے اُن کی تصدیق دوسرے ذرایع سے بھی ہو سکتی ہے۔ ان ناٹکون مین سے ہم ایک ہندی شہر کا بیان نقل کرین گے جو شودرک کے اُس ناٹک مین واقع ہوا ہے جس کا مرچھ کٹک ہے یہ مکان مالوہ کے دار الحکومت اُجین مین واقع ہوا ہے جہان کی بہت سی عمارتون کے کھنڈر اِس وقت تک موجود ہین۔

کھنڈر ہوئے قابو دا ہین کی یادگارین

شاہی قصرون اور امرا کے مکانون اور مندرون کی آرایش اور رنگ کاری سے اعلیٰ درجہ کا تمول و ثروت معلوم ہوتی ہے اور فی الواقع جب ہم گوالیار اور کھجراؤن اور آبو کی عمارتون کو دیکھتے ہین تو ان بیانات مین ہرگز مبالغہ نہین معلوم ہوتا۔ مصنف ہماری آنکھون کے سامنے ایک پرستان کی تصویر کھڑی کر دیتا ہے جس مین سنگ مرمر کے قصر جواہرات کی پچی کاریون سے لیے ہوئے ہین۔ اور اِس قسم کے دالان نظر آتے ہین جن کی دیوارین اور چھتین طلائی چھتون سے مرصع ہین جن کے اندر سے ہیرے چمک رہے ہین۔ دروازون کی محرابین کندہ و نیل و دندان کی بنی ہوئی ہین۔ ان قصرون کے گرد پُر تکلف باغ ہین جن مین کثرت سے پھول اپنا جسم دکھاتے ہین اور جن مین ہر جگہ سایہ دار مقامات بیٹھنے کے لیے بنے ہوئے ہین۔ یہی مصنف پُر شان مندرون کا بیان لکھتا ہے جو ندی کے کنارے

بنے ہوئے ہین اور جن کا پُرتکلف عکس پانی پر پڑتا ہے - اِن مندرون مین پُراسرار والان ہین جن مین سبکدوش بے پردہ پوجارنین رہتی ہین جن کی ساق پا اور بازؤن پر گھنگرؤن دار سونے اور چاندی کے کڑے ہین جب وہ دیوتا کے سامنے نازوانداز سے ناچتی ہین تو یہ نہایت تکلف اور خوش آوازی سے بجتے ہین -

اس شہر کے پُرتکلف اور آراستہ مکانات مین ایک مکان دسنت سین کا ہے جو شہر کی سب سے بڑی طوایف ہے اس کی بہت بڑی حکومت شہر مین ہے - کیون کہ اُس زمانہ مین ہند کی طوایف کا درجہ اُس سے ہرگز کم نہ تھا جو پیرکلیز کے وقت مین یونان کے ارباب نشاط کا تھا دسنت سین کے مکان کا بیان جس کو ہم نے موسیو سوپے سے نقل کیا ہے ایسا ہے کہ اُس کے سامنے ہمارے اِس زمانہ کی دولت مند سے دولت مند طوایف کا مکان گرد ہے -

اُجین کی ایک طوایف کا مکان

"اس مکان مین آٹھ مختلف درجے ہین جن مین تہ بتہ کی پیچ کاری ہے اور نہایت پُرتکلف قالین بچھے ہوئے ہین - دروازون کی محرابون پر سونے کے پترچڑھے ہوئے اور قیمتی پردے پڑے ہوئے ہین ستونون پر بلور کے کاسے اور فانوس رکھے ہین - جابجا دیوارون پر سونے کے پتر اور پُرتکلف رنگ آمیزیان ہین - زینے اور سیڑھیان سنگ مرمر کی ہین - پرمدن کی جھارون مین موتی کی لڑیان لگی ہوئی ہین طویلے مین کثرت سے بیل مینس بکرے گھوڑے بندھے ہوئے ہین - جابجا تماشبی کی میزین ہین جن کے گرد اُجین کے اعلیٰ درجہ طبقات کے عیاش بیٹھے ہین ہر قسم کے ارباب نشاط موجود ہین - گانے والے ناچنے والے بھانڈ وغیرہ جو صاحب خانہ کے محض اشارہ کے منتظر ہین - باورچیخانہ وسیع اور ہر وقت گرم ہے اور راجہ کا برہمن مسخرہ متیرا جو کھانے کا نہایت شایق ہے اس کو اندر کی جنت خیال کرتا ہے - احاطہ کی دیوار پر دوکانین بنی ہوئی ہین جن مین عطار جوہری وغیرہ بیٹھنے مین معروف ہین اور ایک مینا بازار کا لطف آرہا ہے - نوکرون اور خصیلیون کی ایک پلٹن ہے جو آپس مین باتین کرتی ہین ہنس رہی ہین ہنسا رہی ہین مشک اُود پان اور سپاری چبا رہے ہین اور سکر شربت کو پی رہے ہین - جابجا حوض ہین جن مین زعفرانی پانی بھرا ہوا ہے بڑے باغون کی

سلاطین طلائی ہین اور ان مین اقسام کے پرند۔ طوطے بلبلین۔ تیتر۔ بٹیر۔ مور۔ اور بگلے وغیرہا بلا تکلف دکھا رہے ہین اس مکان کے گرد ایک ہرا باغ ہے جس مین جا بجا بنشی جھولے لگے ہوئے ہین" (مرجمہ کتک چوتھا انک)

اُجین کی اس معاشرت کی جو اوپر بیان کی گئی وارد مدار وقات پر ہے جیسا کہ گیستمینز کے وقت سے لے کر ہمارے وقت تک چلا آتا ہے۔ کل پیشے اور حرفتین آبائی ہین اور بجاے خود یہ ایک کامل نظام ہے جس کی چوٹی پر برہمن ہین۔ برہمنون مین بعض فقیر و زاہد بھی ہین لیکن زیادہ تر ان مین وہ ہین جو پر تکلف زندگی کے عادی ہین۔ اچھے کھانے اور حسین عورتون کے شائق ہین اور عیش و آرام سے بسر کرتے ہین۔

بادشاہ ہمیشہ ایک شخصی حاکم ہے جس کے اختیارات بالکل غیر محدود ہین اور اگر کوئی چیز اُس کی آزادی کو روکتی ہے تو وہ ہر وقت کی سازشون کا خوف ہے۔ اور اُس کے ارکان دولت اُسے ہمیشہ بیرونی اور اندرونی خطرون سے محفوظ نہین رکھ سکتے۔ عدالتون مین جہان تک دیکھا جاتا ہے انصاف ہوتا ہے بشرطیکہ فریقین مین سے کوئی زیادہ دولت مند یا صاحب اقتدار نہ ہو کیون کہ ہند مین بھی اُسی طرح جیسے یورپ مین قانون زیادہ تر زبردست کی طرف ہے۔ مرچھ کٹک کے دیباچہ سے جو البتہ اصل ناٹک کے بعد لکھا گیا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ علم کی قدر کی جاتی تھی۔ ایک بادشاہ کی تعریف اس طرح کی گئی ہے کہ وہ وید اور ریاضی اور فنون لطیفہ سے بخوبی واقف تھا اور اس کے علاوہ اُس کو فوجی کے پالنے اور تربیت مین بھی بڑا کمال تھا۔

اس ناٹک سے جس کا بیان کیا گیا اور نیز اس زمانہ کی اور حکایات اور کہانیون علی الخصوص ہتوپدیسی کے مطالعہ سے ہمین معلوم ہو سکتا ہے کہ اُس زمانہ کے راجاؤن اور امرا کے اوقات کس طرح کٹتے تھے کیون کہ مشہور ہے کہ الناس علی دین ملوکھم راجہ صبح کو باجہ کی آواز سے بیدار ہو کر پوجا پاٹ اور داد و دہش مین مصروف ہوتا اس کے بعد وہ کچھ ریاضت اور ہتھیار کی مشق کرتا پھر وہ اپنے وزرا

کے ساتھ کاروبار ریاست کی طرف متوجہ ہوتا۔ نصف النہار کے قریب ایک مختصر پوجا کے بعد وہ کھانا کھاتا اور کچھ قیلولہ کرتا بعد قیلولہ کے راجہ اپنے قصر کے باغ مین سایہ دار درختون کے نیچے محل کی عورتون اور طوائف کے ساتھ گردش کرتا پھول توڑتا اور ریشمی جھولون پر جھولتا اور اسی قسم کے اور اشغال مین مصروف رہتا۔ شام کو پھر پوجا ہوتی اور کھانے کے بعد ناچ گانا وغیرہ ہوتا اور پھر راجہ محلسرا مین جاکر آرام فرماتے۔

مرچھ کٹک کی رو سے معلوم ہوتا ہے کہ اوجین کا دولتی مذہب برہمنی مذہب تھا بدھ مذہب بھی موجود تھا لیکن اس کا وجود صرف مختلف فرقون کے زاہدون تک محدود تھا۔ یہ امر ثابت ہوچکا ہے کہ مرچھ کٹک کی قدامت اس قدر نہین ہے جیسا پہلا خیال کیا جاتا تھا بلکہ اس کا وہ زمانہ ہے جس وقت بدھ مذہب مین انحطاط آچکا تھا یعنی ساتوین آٹھوین صدی مسیحی۔ تاہم اس ناٹک سے معلوم ہوتا ہے کہ دونون مذاہب مین باہمی اعلیٰ درجہ کی رواداری تھی۔

دسوین صدی عیسوی مین ہندوستان کا مذہب کیا تھا اس کیلیے ہمین متعلق کتابون کی ضرورت نہین اس زمانہ کے مندرون سے یہ بات ثابت ہوتی ہے۔ بدھ مذہب اٹھ چکا تھا اور قدیم برہمنی مذہب نے اس کی جگہ لے لی تھی۔ وہ بڑے ہندو یوتا جو ویدی زمانہ مین چھپے ہوے تھے یعنی شیو اور وشنو اب بہت باوقعت ہوگئے ہین۔ اور کل مندر انہین کے نام سے تعمیر ہوتے ہین۔ ان برہمنی دیوتاؤن کے رقیب گویا جین دیوتا ہین یہ مذہب بھی بدھ مذہب سے ملتا جلتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دسوین صدی عیسوی مین یہ بڑے زورون پر تھا اس بات کو ان کے مندرون کی شان اور عظمت ثابت کرتی ہے۔ غرض جین مذہب شیوی مذہب اور وشنوی مذہب یہ تینون اس زمانہ کے مذہب تھے اور ان مین پوری مساوات اور باہمی رواداری تھی جیسا کہ کھجراؤن کے کھنڈرون سے معلوم ہوتا ہے یہان ان تینون مذاہب کے مندر ایک دوسرے کے پہلو مین واقع ہوے ہین جیسا کہ یورپ مین مختلف اولیا کے نام کے گرجے پہلو بہ پہلو ہوا کرتے ہین۔ ہمین دسوین صدی کے برہمنی مذہب کو بیان کرنے کی

ضرورت نہین ہے وہ ہندوستان کے موجودہ مذہب سے اس قدر ملتا ہوا ہے کہ اس کا ذکر ہم آگے چل کر کرین گے۔

اس سرسری نظر کے بعد جو ہم نے گیارہوین اور بارہوین صدی عیسوی کے تمدن ہند پر ڈالی ہے اب ہم اس زمانہ کے سیاسی نظامات کا مطالعہ کرین گے جو ہند کے آریہ حکومتون مین جاری تھا اس تحقیق مین ہم زیادہ تر راجپوتانہ کی حکومتون کی موجودہ سیاسی حالت سے کام لین گے کیونکہ جیسا اوپر بیان ہو چکا یہان وہ قدیم انتظام اب تک اپنی حالت پر قائم ہے۔

فصل سوم

ہندوستان کی آریہ حکومتون کی سیاسی اور معاشرتی حالت دسوین صدی عیسوی مین

راجپوتانہ سے خالص قدیم آریہ تمدن کا پتہ چلتا ہے۔

وہ ملک جو دریاے سندھ اور جزیرہ نماے کاٹھیاوار اور چنبل اور گنگا کے بیچ مین واقع ہوا ہے راجپوتانہ کے نام سے مشہور ہے اس کے مغربی نصف مین تھار کا ریگستان واقع ہوا ہے۔ اور شرقی نصف مین بلند اور خشک پہاڑ ہین جن پر گنجان جنگل ہے اور جن مین سب سے اونچا راولی سلسلہ ہے۔ اس پہاڑی خطہ مین راجپوتون کی قوم نے ابتداے زمانہ سے اس وقت تک اپنی علیحدہ حکومت قائم رکھی ہے یہ راجپوت آریہ کشتریون کی بلاواسطہ اولاد ہین اور ان کا نام خود اس امر کی تصدیق کرتا ہے یعنی یہ راجہ کے بیٹے ہین۔ راجپوتون کی قوم ہندوستان مین سب سے زیادہ حسین اور خالص ہے۔ ان کے بلند قد سڈول نقشے۔ صاف جلد۔ بہادر چہرے۔ ان کا پُرتکلف لباس اور مرصع ہتیار ہمین یورپ کے ازمنہ متوسطہ کے اُن جنگجو بہادرون کی یاد دلاتے ہین

جنھوں نے بیت المقدس کو مسلمانوں کے ہاتھ سے چھینے کے لیے فلسطین پر چڑھائی کی۔ وہ بیش بہا زیور اور قیمتی قوشین جو راجپوت راجا اپنے گھوڑوں کو پہناتے ہیں۔ وہ پرچم جنھیں وہ لڑائی کے وقت اپنے سامنے رکھتے ہیں اور جن پر مختلف خاندانوں کے لحاظ سے مختلف علامتیں بنی ہوئی ہیں ہمیں یورپ کے اُس بہادری زمانہ کی خبر دیتے ہیں جس وقت خاندانی نشانات کی بنا پڑی۔ یہ آسانی سمجھ میں آسکتا ہے کہ وہ یورپین محققین جو پہلے پہل راجپوتانہ میں آئے اِس غلطی میں پڑ گئے کہ یہاں یورپ کے ازمنہ متوسطہ کا وہ انتظام جس کو فیوڈل سسٹم کہتے ہیں اور جس میں آقا اور باجگذار کے خاص تعلقات تھے یہاں اس وقت موجود ہے۔ لیکن فی الواقع راجپوتانہ کی سیاسی حالت میں اور یورپ کے فیوڈل سسٹم میں بڑا فرق ہے۔ اگرچہ مشابہت بھی بہت کچھ ہے مثلاً راجپوت راجہ اُسی طرح جس طرح یورپ کا ڈیوک یا کونٹ یا بیرن ایک قلعہ میں رہا کرتا اور اپنے ملک پر جابرانہ حکومت رکھتا بعض اوقات وہ اپنے ملک کا کوئی حصہ اپنے کسی عزیز کو دیدیتا جو اُس وقت سے اُس کا باجگذار بنجاتا۔ اِس باجگذار کا فرض تھا کہ لڑائی کے وقت اپنے مالک کا ساتھ دیتا اور اگر وہ ایسی امداد سے انکار کرتا یا اُس سے کوئی امر فوجی اعزاز کے خلاف صادر ہوتا تو وہ ذلیل کیا جاتا اور اُس کا ملک مالک کے ہاتھ میں واپس آجاتا۔ ان فوجی اُمرا کے تحت حکومت میں کثرت سے کاشتکار اور نیچی ذات کے اشخاص ہوتے جو اپنی زمینوں کی پیداوار اور محنت کا ایک حصہ بطور خراج کے اُنھیں دیتے۔ یہ نیچی ذات کے لوگ گو باشور تھے جو یورپ کے مژارع کے مماثل تھے۔

جس طرح یورپ کے زمانہ بہادری میں تھا راجپوتوں میں بھی عورتوں کا درجہ بہت اعلیٰ تھا۔ اور ان کی بے حرمتی کی جاتی تھی اکثر چھوٹے چھوٹے راجاؤں میں انھیں عورتوں کی وجہ سے جنگ ہوجایا کرتی تھی۔ جب کسی خاتون کی کوئی حق تلفی ہوتی یا کسی قسم کی بے حرمتی عمل میں آتی وہ صرف اپنا کپڑا کسی بہادر راجپوت راجہ کے پاس بھیج دیتی۔ اور وہ فوراً اُس کی طرف داری اور حق رسانی میں سرگرم ہوجاتا اور جان کو بھی دریغ

نہین کرتا۔ اکثر اوقات قلعہ بند یان اور محاصرے صرف عورتون کی حفاظت کے لئے ہوا کرتے ایسے مواقع پر اعلیٰ درجہ کی بہادری دکھائی جاتی اور لڑائی کا کچھ ہی نتیجہ ہو لیکن عورتین کبھی غنیم کے ہات مین نہ آنے پاتین۔ مایوسی کی حالت مین ان کے لئے ایک بڑا سا الاؤ کڑھی کلانا یا جاتا۔ مرد جان پر کھیلتے ہوئے لڑتے بھڑتے قلعہ سے باہر نکلتے اور عورتین الاؤ مین آگ لگا کر اپنی جانین دیدتین۔ راجپوت عورتین بہادری مین مردون سے ہرگز کم نہین۔ اور اکثر اوقات مردون کے پہلو مین لڑتی اور اپنی جانین دیتی رہتی ہین۔ چتور کے دونون مشہور محاصرون کے زمانہ مین ہزار ہا راجپوت خاتونون نے مسلمانون کے ہات سے بچنے کے لئے جل کر اپنی جانین تلف کردی ہین۔

مثل ہندوستان کے اور خطون کے راجپوتانہ مین بھی کثرت الازواج کی رسم موجود ہے۔ لیکن راجپوتون مین ہمیشہ ایک بڑی بی بی رہتی ہے اور پرانے زمانہ مین بھی بی بی اپنے شوہر کی لاش کے ساتھ جلائی جاتی تھی۔ بعض اوقات بی بیون کے آپس مین جھگڑا ہوتا تھا کہ کون ان مین سے اپنے شوہر کے ساتھ جلنے کی عزت حاصل کرے۔ بادشاہون کے لئے رسم یہ تھی کہ ان کی کل بی بیان اُن کی لاش کے ساتھ جلائی جاتی تھین اس وقت تک اودے پور مین سنگرام سنگھ اور اس کی اکیس رانیون کا مقبرہ موجود ہے جو ۱۷۳۳ء مین راجہ کے ساتھ جل تھین۔

باوجود کثرت الازواجی کی رسم کے راجپوتون مین عورتون کا احترام اور حرمت ویسی ہی تھی جیسی یورپ کے ازمنہ متوسط کے بہادرون مین۔ اسی طرح راجپوتون مین درباری شاعر یعنی کب بھی ہوا کرتا تھا۔ یورپ کے ٹروبیڈورون کی طرح وہ بھی دعوتون کے وقت اور بڑی بڑی تقریبون مین گیت بنا کر راجہ کے سامنے سنایا کرتا تھا۔ ان نظمون مین عشق و عاشقی۔ بہادری۔ عورتون کے حسن اور تلوار کی تعریف ہوا کرتی تھی۔

اس بیان کے بعد کوئی تعجب کا امر نہین ہے کہ یورپی محققین نے ان راجپوتون کی معاشرت اور

ان کے سیاسی انتظام کو بالکل یورپ کے ازمنہ متوسطہ کے فیوڈل سسٹم کا نمونہ بنا لیا ہے لیکن اب ہم دکھائین گے کہ ان دونون مین اگرچہ ظاہر مین بہت کچھ مشابہت ہے لیکن فی الواقع ان مین کس قدر فرق ہے۔

راجپوتون کی حالت فی الواقع اُس درجہ تک نہین پہونچی ہے جس کو ہم یورپ مین فیوڈل سسٹم کہتے ہین بلکہ یہ اُس سے ایک درجہ ماقبل ہے تمدن انسانی نے اُن مدارج مین جن کے ذریعہ سے انسان اپنی وحشیانہ حالت سے ہمارے زمانہ کی عظیم الشان اور پیچیدہ حکومت تک پہونچا ہے اولا خاندان کو رکھا ہے پھر قبیلہ۔ پھر قوم۔ اور اِس کے بعد فیوڈل انتظام۔ اور سب سے آخر مین ملت ہے۔ راجپوت ان مدارج ترقی مین صرف قوم کے درجہ تک پہونچے ہین قوم اصولاً ایک بہت بڑا خاندان ہے لیکن خاندان کبھی قوم نہین بن سکتا جب تک وہ قبیلہ کے درجہ کو نہ لے لے۔

اگر ہم ایک ابتدائی حالت کی معاشرت کو فرض کرین جو کئی خاندانون سے مرکب ہے، تو ممکن ہے کہ ان مین کوئی شخص اِس قدر قابل پیدا ہو جو سب پر حکومت کرنے لگے۔ اس کے بعد ہم فرض کرین کہ ان خاندانون کے درمیان مین کوئی جھگڑا پیدا ہوا جس آراضی پر وہ بسے ہوئے ہون وہ اُن سب کی بسر اوقات کے لئے کافی نہو اُس وقت اِن مین سے کوئی قابل شخص اُٹھ کھڑا ہوگا اور دوسری جگہ ہجرت کر جائے گا۔ ظاہر ہے کہ وہ تنہا نہین جائے گا بلکہ اپنے بال بچون کو۔ دوست احباب کو۔ اور ایسے ہمسایون کو جو اُس کا ساتھ دین۔ ہمراہ لے کر اِس نئے مقام پر بود و باش اختیار کرے گا۔ اِس قسم کے گروہ کو ضرور ہوگا کہ اطراف و جوانب کے رہنے والون سے اپنے کو علیحدہ رکھنے کے لئے اپنے گاؤن کے گرد کوئی باڑہ بنا دین اور نیز ان مین سے ہر ایک فرد کوئی خاص علامت اختیار کر لے۔ یا کسی خاص رئیس یا حاکم کے نام سے اپنے کو منسوب کرے اور اس کی اولاد بن جائے۔ روما کی تاریخ مین رومیکس اور اُس کے ساتھیون کی یہی حالت تھی اور یہودیون مین



(٦٦) کیلاش کے مندر کے بُت

حضرت داؤد جس وقت اؤلام کے غار مین جا بسے تو اُن کی بھی یہی حالت تھی۔
یہ مصنوعی قبیلہ جو مختلف اصلیت کے اشخاص کے جمع ہو جانے سے اور ایک شخص کی حکومت کا قبول کر لینے سے پیدا ہوتا ہے ہرگز قوم کی حیثیت نہین پیدا کر سکتا جب تک کہ بمرور زمان اس قبیلہ کے افراد اپنی اصلیت کو بھول کر اپنے کو ایک ہی شخص کی اولاد سمجھنے لگین بس تب شخص گویا ان سب کا جد اعلیٰ بن جاے گا۔ اگرچہ واقع مین ایسا نہ تھا لیکن اس قسم کا فرق خیال بھی راجپوتون مین اور یورپ کے ازمنہ متوسطہ کے فیوڈل اُمراء ڈیوک اور مارکوئیس مین بہت بڑا فرق پیدا کرتا ہے۔ ان اُمراے یورپ کے باجگزار ہمیشہ ان سے درجہ مین کم ہوا کرتے تھے اور محض اپنی کمزوری کی وجہ سے ان کی پناہ مین آکر رہتے تھے۔ برخلاف اس کے قوم راجپوت کے افراد اپنے بالادستون کے بھائی بند اور ہر طرح اُن کے ساتھ مساوات کا درجہ رکھتے ہین۔ ان باجگذارون کی شرافت اور خاندان اُسی قدر قدیم ہین جیسے اُن راجاؤن کا جن کے وہ باجگذار ہین۔ ان کی حیثیت فی الواقع بڑے بھائی اور چھوٹے بھائیون کی ہے۔ اور نفع و ضرر مین یہ دونون ایک دوسرے کے ساتھی ہین۔ البتہ جس وقت کسی بیرونی غنیم کے مقابل مین لڑائی کی ضرورت پڑتی ہے تو اُس وقت یہ راجہ جو صلح کی حالت مین اُن کا بڑا بھائی ہے اُن کا جنرل اور حاکم مطلق بن جاتا ہے۔

یہ سپہ سالاری کی حیثیت جو کل فوجی حکومتون مین ہے اول دہر رکھتی ہے نابالغ کے ہات مین نہین آسکتی اور راجپوتون مین کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ آبائی وراثت کے سلسلہ کو توڑ کر باہر سے کسی ایسے شخص کو لانا پڑتا ہے جو حکومت اور سپہ سالاری کے لائق ہو۔ ایسی صورتون مین خاندان کی خورد سالون کو موقع مل جاتا ہے۔ اکثر اوقات خود گدی نشین راجہ مرتے وقت اپنے جانشین کو انتخاب کرتا ہے۔ یا اپنی بیوہ کو انتخاب اور تبنیت کا حق دے جاتا ہے۔ لیکن ان کل صورتون مین یہ امر لازمی ہے کہ قوم کے سربرآوردہ اشخاص ایسے انتخاب کو منظور کر لین۔

راجپوتون کا فخر یہی انتظام راجپوتون کا ہے جس کی رو سے ہر ایک قوم یا نسب کے افراد اپنے کو ایک ہی خاندان کا رکن سمجھتے ہین اور علاوہ اس خیال کے اِن کی بہادری اور اُن کے ملک کی دشوار گزاری وہ چیزین ہین جنھون نے اِن کی آزادی کو اس وقت تک قایم رکھا ہے۔ اگرچہ سلاطین مغلیہ نے چتوڑ کو لے لیا تھا تاہم وہ راجپوتون کو زیادہ تر اپنے معاون اور مددگار سمجھتے رہے نہ کہ محکوم اور رعایا۔ حکومت انگریزی بھی اِن راجپوت راجاؤن کے ساتھ نہایت احتیاط سے پیش آتی ہے۔

اودے پور جس وقت ۱۸۱۷ء کے دہلی دربار مین ملکہ معظمہ کے قیصر ہند ہونے کا اعلان کیا گیا تو دیسی رؤسا مین صرف مہاراناؤدے پور ہی تھے (وہ مہاراناؤدے پور جن کے اجداد نے حکومت مغلیہ کے زمانہ عروج مین سلاطین دہلی کو اپنی بیٹیان دینے سے انکار کر دیا تھا) جنھون نے دربار مین شرکت سے عذر کیا اور ستارۂ ہند کے تمغہ کو اِس پیغام کے ساتھ واپس کیا کہ اُن کے خاندان مین اِس وقت تک کسی نے طوق غلامی نہین پہنا ہے۔

اگرچہ مہاراناؤدے پور بہت بڑے راجہ نہین ہین لیکن اُن کے خاندان کی قدامت اور عظمت کی وجہ سے نہ صرف راجپوت راجاؤن مین بلکہ تمام ہند مین اُن کا بے انتہا اعزاز ہوتا ہے اور انھون نے اس وقت تک اپنی نسل کو ہر قسم کے میل سے محفوظ رکھا ہے۔

راجپوتون مین شادی ہمیشہ خاندان سے باہر ہوتی ہے راجپوتون مین شادی ہمیشہ خاندان سے باہر ہوتی ہے۔ یہ قانون اس درجہ سخت ہے کہ اب بھی دولہن کو دوسرے خاندان سے چھین لانے کی رسم ادا کی جاتی ہے کیون کہ پرانے زمانہ مین ایک خاندان کے اشخاص دوسرے خاندان سے بیویون کو بزور شمشیر لایا کرتے تھے۔

لڑکیون کو غیر کُفو مین شادی کرنے سے محفوظ رکھنا اتنا بڑا فرض سمجھا جاتا تھا (کیون کہ بعض اوقات لڑکی کسی نیچے درجہ کے خاندان مین بگڑ جاتی تھی) اور نیز شادی کے مصارف اِس قدر زیادہ ہوتے تھے کہ راجپوتون مین لڑکیون کو مار ڈالنے کی رسم جاری ہوگئی تھی۔ اور کہا جا سکتا ہے کہ اِس وقت بھی یہ رسم

بالکل موقوف نہین ہوئی ہے۔

اگرچہ راجپوتانہ کی قوم ایک ایسی ہندو قوم ہے جس نے اپنی جغرافی حیثیت کی وجہ سے اپنے قدیم عادات اور رسوم کو فاتح اقوام غیر کے تصرف سے محفوظ رکھا ہے تاہم یہ نہین کہا جاسکتا کہ اگر ہندوستان کی کل قومین اپنے کو ان تصرفات سے محفوظ رکھ سکتین تو اُن کی بھی حالت ایسی ہی ہوتی جیسی راجپوتون کی ہے۔ اور اُن مین بھی اسی قدر کم تغیرات عمل مین آتے۔ کیون کہ ہمین یہ بھولنا نہین چاہئے کہ اُس زمانہ مین جب کہ جدید برہمنی مذہب نے دوبارہ تسلط حاصل کیا ذات ایک بہت بڑا سماجشرفی عنصر تھا جو مختلف ہندو اقوام مین اندرونی طور پر تغیر پیدا کر رہا تھا۔ لیکن۔ راجپوتون کی قوم (جس کی حالت کو ہم شہد کی مکھی کے چھتے سے تشبیہہ دے سکتے ہین یعنی اس کے اجزا اس طرح ایک دوسرے سے ملحق ہین کہ اُن کے بیچ مین کسی خارجی شے کے نفوذ کی گنجایش ہی نہین) اس ذات کے اثر سے نہ صرف اس وجہ سے محفوظ رہی کہ بیرونی فاتحین کا قانون ان کے ملک مین نہ آنے پایا بلکہ اس وجہ سے بھی کہ اس جنگجو قوم مین مذہب کی طرف سے ایک گونہ سرد مہری ہے اور اُن کے فوجی اور بہادرانہ اشغال نے انہین اس امر کی مہلت نہین دی کہ وہ عمل و معلولات اور فلسفی مباحث مین پڑتے۔

برخلاف اس کے ہند کے دوسرے حصون مین اس مذہبی عنصر یعنی ذات نے مختلف اقوام مین بہت بڑے بڑے تغیر پیدا کردئے اور اندرونی تقسیمین جو راجپوتانہ مین فوجی اور جنگی خصوصیات کی وجہ سے قائم ہوئین مذہب کے ذریعہ قایم کردین۔ وہ ہزارہا ذاتین جو ہند مین روز پیدا ہوتی رہتی ہین اپنی ہزارہا قسم کی ایک قسم کی قومیت پیدا کرتی ہین مثلاً کوئی شخص جو اپنی ذات سے خارج کر دیا گیا ہو بطور خود ایک مجدد دین بنجاتا ہے اور نیا مذہب قایم کرتا ہے۔ اگر اُس مین کسی قسم کی بھی قابلیت اور مادہ ہے تو چند روز مین اُس کے ہزارہا پیرو پیدا ہوجاتے ہین اور مستقل طور پر ایک نئی ذات جو کہ قومیت کا حکم رکھتی ہے قایم ہوجاتی ہے۔

پس ذات بھی ایک ایسی چیز ہے جو افراد مین ویسا ہی اتحاد پیدا کرتی ہے جیسے قومیت

یا گوتر۔ در اصل ہر ایک ہندو ایک ہی وقت مین کسی خاص ذات اور کسی خاص گوتر کا رکن ہوتا ہے اور وہ گوتر کے اندر اور ذات کے باہر شادی نہین کرتا۔ پس اگر ہم فرض کرلین کہ ہند پر بیرونی فاتحین نے اپنی حکومتین قائم نہ کی ہوتین اور یہان کے باشندون پر خارجی اثر نہ پڑا ہوتا بلکہ وہ آزادی کے ساتھ اپنے مذہبی اور معاشرتی اصول کے مطابق چلے جاتے تو اس ملک کی اس وقت کیا حالت ہوتی۔ باوجود خارجی اثرون کے جنھون نے ملک کی حالت کو بہت کچھ بدل دیا اس وقت بھی ہنود مین ذاتین اور اُن کے شعبے اور تقسیمین اس اکثرت سے موجود ہین کہ ہمارا یورپی تخیلہ اُن پر حاوی ہونے سے عاجز ہو جاتا ہے۔

راجپوتون مین مذہبی جوش نہین گروہی ہے۔

وہ مذہبی اسباب جو اقوام کی جمعیت اور اتحاد مین بھوٹ ڈال کر تفریقین پیدا کر دیتے ہین راجپوتون مین وجہ سے کارگر نہین ہوے کہ اُن مین مذہبی جوش نہین ہے۔ لیکن وسط ہند مین بعض نیم وحشی اقوام مثل بھیل وغیرہ کے موجود ہین جن مین یہ تفریقین اس وقت عمل مین آرہی ہین۔ اگرچہ بھیلون کی صورت مین یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ ابھی قومیت کے درجہ کو نہین پہونچے ہین اور صرف قبائل مین منقسم ہین جن کے آپس مین شادی بیاہ ممنوع ہے۔

جو بیان اوپر ہوا اس سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہین کہ بارہوین صدی عیسوی مین آریہ ہندوستان کی حالت وہ تھی جو اس وقت راجپوتانہ کے مختلف آزاد حکومتون کی ہے اور اسی وجہ سے ہم نے اس خطہ کے سیاسی اور معاشرتی نظامات کو اُس زمانہ کے تمدن کا نمونہ ٹھیرایا ہے۔

مسلمانون کی چڑھائیون سے ماقبل زمانہ کے لیے ہمارے پاس غیر ملک کے سیاحون کے سفرنامہ موجود نہین ہین جیسا بعد زمانہ کے لئے تھے۔ وہ مشہور عرب سیاح ابن بطوطہ اس کے بعد کی صدی مین ہندوستان آیا ہے اور اُس کے سفرنامہ سے ہمین کچھ زیادہ حالات معلوم بھی نہین ہوتے۔ یہی حالت مارکو پولو کی ہے جو تیرہوین صدی عیسوی مین ہندوستان آیا تھا۔ اور اس کا ذکر ہم صرف اس وجہ سے کرتے ہین کہ یہی ایک سفرنامہ ہے جس سے ہمین تیرہوین صدی کے جنوبی ہند کے کچھ حالات



(۹۷) غار ایلفنٹا کے مندر کے ستون جو پہاڑ میں ترشے ہوئے ہیں

معلوم ہوتے ہین مارکوپولو کا سارا بیان جنوبی ہند کے ڈراویڈی تمدن سے متعلق ہے جس کا ذکر ہم نے ابھی تک نہین کیا ہے یہ سیاہ ساحل کارومیانڈل کی سیاہ فام اقوام کا ذکر کرتا ہے جو بالکل ننگے تھے۔ اور گاے کی پرستش کرتے تھے۔ ان مین بھی ذات کی تفریقین موجود تھین صرف پاریہ کی ایک قوم تھی جو گاے کا گوشت کھاتے اور یہی قصائیون کا کام کرتے تھے کیونکہ کسی جانور کا مارنا گناہ سمجھا جاتا تھا۔ مارکوپولو ان کے جواہرات کی تعریف کرتا ہے جو غالباً گولکنڈہ کے معدنون سے نکلے تھے ان اقوام کی زبان ٹامل تھی۔ یہان پانچ حکومتین تھین جن کا ذکر ہم تاریخی بیان مین کر چکے ہین یہ حکومتین وسعت مین دکن کے اندر تک پہونچ گئی تھین اور اسوقت کے پانچون بادشاہ آپس مین بھائی تھے۔ ٹامل راجاؤن کو اپنی رانیون کی کثرت پر بڑا فخر تھا ان کی تعداد پانچسو تک بھی ہوا کرتی تھی اور راجا کے مرنے کے بعد یہ سب جلائی جاتی تھین مارکوپولو ساحل ملابار پر بھی گیا تھا یہان اسوقت قطاع البحر کی بہادر قومین رہا کرتی تھین مارکو نے کوکن کا بھی سفر کیا یہان اوسے نہایت شایستہ اور متمدن اقوام نظر آئین جن کی ایمانداری اور سچائی کی وہ بہت تعریف کرتا ہے۔ گجرات مین مارکوپولو کو کثرت سے شہر ملے جن مین تجارت ترقی پر تھی۔ ان کی خاص صنعت تانبے کے برتن تھے جن پر وہ نہایت دستکاری کے ساتھ منبت کام بناتے تھے۔ یہان کے باشندے برہمنون کا بڑا احترام کرتے اور حیوانات کی جانون کا بھی بہت بڑا لحاظ رکھتے۔ اوس نے یہان جوگیون کو دیکھا جو بالکل ننگے گدائی کا جام لئے ہوئے بھیک مانگتے پھرتے تھے۔ جیسا کہ وہ آجتک کرتے ہین۔ ان کی شکلین نہایت ہیبت ناک جسم پتلے۔ بال اور ناخن بڑھے ہوئے تھے۔ یہ علانیہ اپنے کو انواع واقسام کی تکلیفین پہونچاتے اور انکی صورتین بالکل نفرت انگیز تھین۔

لیکن مارکوپولو صرف سطحی چیزون کو دیکھتا ہے۔ اسکی نظر ویسی عمیق نہین ہے جیسی ہیونگ تسانگ اور فاہیان کی۔ فی الواقع اوسکے بیان سے ہماری معلومات مین بہت ہی کم اضافہ ہوتا ہے۔

باوجود اِس کے کہ اِس زمانہ کے لئے ہمارے پاس تاریخی مواد بہت ہی کم تھا ہمنے بارہوین صدی کے تمدن ہند کا ایک معقول خاکہ بنالیا۔ اسکی وجہ صرف یہ ہے کہ راجپوتانہ کی آزاد حکومتون نے ہمارے لئے اِس زمانے کی ایک زندہ تصویر قایم رکھی ہے۔ یہ گویا اوسوقت کی تاریخ کا ایک صفحہ ہے جو علیحدہ کرلیا گیا اور اب تک موجود ہے لیکن ہمین چاہیئے کہ اِس صفحہ کو غور سے پڑہین اور اِسکے مطالب کو بخوبی سمجھین کیونکہ ہندوستان کا موجودہ تمدن اگرچہ ظالمانہ تسلط سے متاثر ہے لیکن اس مین آثار قدیمہ کو مٹادینے کی بہت زیادہ قوت ہے اور احتمال یہ ہے کہ یہ زندہ صفحہ تاریخ چند روز مین مرجائے گا اور ہماری نظرون سے غایب ہوجائیگا۔

باب پنجم - اسلامی زمانہ کا تمدن

فصل اول - مسلمانونکا اثر ہندوستان پر

ہندوستان کے مسلمان

اسلامی عہد کی تاریخ صحیح صحیح موجود ہے | ہندوستان کی تاریخ کا اسلامی زمانہ گیارہوین صدی عیسوی سے شروع ہوتا ہے اور اٹھارہوین صدی تک ختم ہوتا ہے مورخین اسلام کا ہمین بہت مشکور ہونا چاہیئے کہ اس زمانہ کی تاریخ اسی قدر صاف اور واضح ہے جسقدر اسکے ماقبل کے ازمنہ کی تاریخ تیرہ و تاریک ہے۔

مسلمان فاتحین کا اثر انکے مذہب و زبان و صنعت پر | اس سات سو سال کے عرصے مین جب سے مسلمانونکی حکومت ہندوستان مین رہی ہے مختلف فاتحین نے اس ملک کو زیر کیا جنمین عرب۔ افغان، ترک، اور مغل شامل ہین لیکن ان سب کا مذہب اسلام تھا اور اُنکے کل نظامات شریعت محمدی پر مبنی تھے ان فاتحین نے نہ صرف ہندوستان کو فتح کیا، بلکہ اپنا مذہب اپنی زبان اور اپنی صنعت اور ملک مین پھیلائی اور یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ عظیم الشان تغیرات جو اُنھون نے پیدا کئے اسوقت بھی موجود ہین اور پانچ کروڑ ہندو مذہب اسلام کے پیرو ہین اور ملک کے ایک بہت بڑے حصہ مین ایک ایسی زبان رائج ہے جو فاتحین کی زبان سے مشتق ہوئی ہے۔

اس کتاب کے اس حصے مین جہان تاریخ ہندوستان سے بحث کی گئی ہے ہم اس امر کو دکھا چکے ہین کہ مسلمانون نے اُن کل ممالک مین جہان اُن کی فتوحات کا جھنڈا گڑا ہے ایک عظیم الشان اثر اپنی حکومت کا چھوڑا ہے مثلاً مصر کے ملک مین اُنھون نے وہ نتیجہ پیدا کیا جو کبھی یونانیون اور رومیون کو نصیب نہوا۔ یعنی اُنھون نے اُس بڑی مخلوق کی زبان اور اُسکے مذہب اور اُسکے صنائع اور اسکے سارے تمدن کو جو ہزارہا سال سے چلا آتا ہے بالکل بدلدیا۔ اسلامی تسلط کی وجہ سے فراعنہ کی اولاد اپنی قدیم تاریخ کو اس طرح بھول گئی کہ ہمارے موجودہ علمی تحقیقات نے صدیون کے بعد اُسکو گرد زمانہ کے اندر سے نکالا ہے۔

ہندمین مسلمان فاتحین بنسبت ہندو مفتوحین کے زیادہ اثر پیدا ہوئے

البتہ ہندوستان مین مسلمانون نے ویسا گہرا اثر نہین ڈالا جیسا مصر مین، یہان مفتوحین کا اثر فاتحین پر بہت زیادہ پڑا جس کی مثال اسلامی دنیا مین کہین نہین پائی جاتی اوس جدید تمدن نے جس کو افغان اور ترک اور مغل ہندوستان مین لائے پہلے تو بہت کچھ انقلاب پیدا کر دیا لیکن آخر مین مفتوح قوم کے تمدن سے مغلوب ہوگیا۔

ان دونون تمدن کے میل سے ایک تیسرا تمدن پیدا ہوا جن مین دونون کا حصہ برابر ہے اور جس کا نام ہمنے اسلامی تمدن ہند رکھا ہے۔

مسلمانون کے ہند پر داوے

اسلامی زمانہ کے متعلق تواریخ ہمارے پاس بہت کثرت سے موجود ہین۔ لیکن اگر بالفرض یہ تاریخی مواد ہمارے پاس نہ بھی ہوتا تو محض اس زمانہ کی عمارات سے ہم بخوبی معلوم کر سکتے تھے کہ ہند کے مختلف حصون پر مسلمانون کا کیا اثر پڑا، کیونکہ عمارات سے ہمین صاف معلوم ہوجاتا ہے کہ کس مقام پر اسلامی اثر غالب ہے اور کس مقام پر وہ ہندو اثر سے مغلوب ہوگیا ہے۔ مندرون اور مقبرون کے طرز تعمیر سے صاف ظاہر ہے کہ وہ صنعتی تخیل جس نے انھین تعمیر کیا ہے کہان سے آیا۔ مسلمانان ہند کی تاریخ کو ہم نہایت صاف اور صریح طور پر اس کتاب کے اوس باب سے معلوم کر سکتے ہین جو عمارات ہند سے متعلق ہے۔ وہ اسلامی فوج کشی جو وقتاً فوقتاً ہند پر داوا کرتے رہے۔ یعنی محمود غزنوی تیمور لنگ بابر وغیرہ۔ یہ کسی ایک قوم کے نہ تھے محمود اور تیمور افغان اور ترک تھے۔ بابر مغل تھا اگرچہ ان مغلون مین سے جن مین بہت کچھ میل ہو چکا تھا۔ محمود سے پہلے کے مسلمانون یعنی عربون نے کسی قسم کی حکومت ہندوستان مین قایم نہین کی البتہ وہ کئی مرتبہ بحر عمان سے اس ملک مین آئے اور اپنی تجارت اور کارخانے قایم کئے اور کبھی کبھی غربی ساحلی ملک کو جو دریاے سندھ کے دہانہ پر واقع ہوا بزور شمشیر فتح کر لیا۔ اسلامی فاتحین کی وہ موج جو تین چار صدیون تک ہندوستان پر آتی رہی ہمیشہ دریاے کابل کی جانب سے آئی اور کہنا چاہیئے کہ تورانی اقوام کے دہاوون مین یہ اخیر دہاوا تھا کیونکہ بابر اور اوس کے ساتھی سب مغل تھے جنکے

چہرے دبے ہوئے رنگ مائل آنکھین چھوٹی چھوٹی دبی ہوئین اور سیدھی، رخسارے کی ہڈیان ابھری ہوئین بال سیدھے ہے اور سیاہ اور ڈاڑھیان نہایت مختصر تھین یہ انھین ہنس (Huns) کے بھائی بند تھے جو اٹیلا (Attila) کے ساتھ یورپ مین آئے اور کوہ یورال کے کلموک بھی انھین کے بھائی بند ہین۔ ان مین اور افغانون اور ترکون مین بہت کچھ فرق ہے۔ افغانون کے رخسار لمبے تاکین خمدار ہین۔ ترکون کی آنکھین بڑی بڑی اور گلے ہوئے، رنگ سفید چہرے کا نقشہ بالکل باقاعدہ اور نمودار ہے۔ مغلون نے اوسوقت گویا تمام ایشیا کو فتح کر لیا تھا اور یورپ کا بھی ارادہ کر رہے تھے۔ ایسے وقت مین یہ ہندوستان آئے۔ دنیا کی تاریخ مین کبھی کوئی اتنی بڑی حکومت اسقدر جلد قایم نہین ہوئی۔ یہ گویا ایک ملک گیری کی ہوا تھی جو ان اقوام مغل کے جنگا اصل شغل سائبیریا کے غیر متناہی اور سنسان بیابانون مین موقعی چراتا تھا دفعتہً کانون مین بھر گئی اور انھین برانگیختہ کر دیا۔

مغلون کے متضاد خصائص یہ دنیا پر یکایک ٹوٹ پڑے اور صرف اپنے تخیل کے زور سے مالک بنگئے ان کی فتوحات مین اور رومیون اور عربون کی فتوحات مین بے انتہا فرق ہے۔ رومی محض ملک گیری کے فوائد کی غرض سے ایک باقاعدہ طور پر اپنی فتوحات بڑہاتے رہے اور عربون کو مذہبی جوش نے ملک گیر بنا دیا۔ لیکن ان مغلون کی ملک گیری محض اس غرض سے تھی کہ وہ اقوام عالم پر اپنا سکہ بٹھائین۔ اونھین اپنے جھنڈے کے نیچے ذلیل و خوار کرین اور مغل کے نام کو اور اوس بڑے خان کے جو اون کا حاکم اور سرگروہ تھا شہرے کو تمام عالم مین پھیلائین۔ چنگیز خان اور تیمور لنگ وہ نام ہین جن کے سننے سے ہمارے سامنے ایک ایسی خیالی صورت پیدا ہوتی ہے جس کے سر کے گرد آگ اور خون کا ہار بنا ہوا ہے۔ لیکن ان مغل فاتحین کے بے درد اور ظالمانہ فطرت کا ایک حصہ ایسا ہے جو بمشکل سمجھ مین آتا ہے اور جس نے ان کی عظمت بہت کچھ بڑہا دی ہے۔ یہ وہ تضاد ہے جو انکی بے رحمی اور ان کی رواداری مین واقع ہوا ہے۔ وہ تکبر جو اوتی سے مقابلے پر ہزارہا جانون کو تلف کر دیتا تھا اور

وہ شیرینی اور ملائمت جو اِن ظالم فاتحین کو اپنی مفتوح اقوام کے خداؤں کے سامنے جھکا دیتی تھی وہ سرد اور بیرحم وحشیانہ حرکت جو مفتوحین کے سروں کے اہرام بنایا کرتی تھی اور وہ علوم وفنون کی قدردانی جس نے انہین علم وادب کا دوست اور سرپرست بنا دیا تھا۔

مثل اور نیم وحشی اقوام کے مغلون کا اصل مذہب قوائے فطرتی کی پرستش تھا۔ آفتاب زمین، گھوڑا یا اُن کے دیوتا تھے جن کے سامنے وہ سجدہ کرتے تھے، لیکن وقتاً فوقتاً جیون جیون اِن کی فتوحات بڑھتی گئین یہ مفتوحہ اقوام کے مذاہب کو قبول کرتے گئے۔ ہندوستان کی فتوحات کے وقت اگر یہ مسلمان تھے تو اس کی وجہ یہ تھی کہ اِن کو اسلامی اقوام ایرانی افاغنہ اور ترکون سے جو عربی تمدن سے رنگے ہوئے تھے کام پڑ چکا تھا۔

اِن نئے فاتحین کی اصلی رواداری بالکل ہندوؤن کے رواداری کے مماثل تھی۔ اپنے تمام زمانہ حکومت مین مغل بادشاہون کی اور ان کی ہندو رعایا کی یہی کوشش رہی کہ ملک کے مختلف مذاہب مین سے ایک ایسا مذہب نکالین جس کو سب قبول کرلین۔ یہی خیال گرونانک کا تھا جس نے سکھ مذہب کو قایم کیا اور یہی خیال خود شہنشاہ اکبر اور بہت سے اور اشخاص کا رہا۔ اِن کوششون کا نتیجہ یہ تو نہین ہوا کہ سارے ہندوستان مین ایک مذہب قایم ہو گیا لیکن البتہ مذہبون کی تعداد بڑھ گئی اگرچہ یہ ایکدوسرے کے ساتھ بالکل شیر وشکر رہے۔

ہند مین اسلامی فاتحین اور اونکا مذہب خالص نہ رہ سکا

ہندوستان کے اسلام کا مطالعہ کرتے وقت ہمین معلوم ہو جائے گا کہ اس مذہب کی یہان اگر کیسی مٹی خراب ہوئی اور اسکی پاک اور خالص توحید کو ہند کے بہت سے دیوتا کو ماننے والی اقوام کے لئے موذون بنانے کی غرض سے کس قدر تغیرات کرنے پڑے۔ لیکن یہان ہم صرف اُن نتایج سے بحث کرین گے جو اقوام ہند کی نسل مین ان اسلامی فاتحین کی وجہ سے پیدا ہوئے۔

مسلمانون کی حکومت سے کوئی نئی قوم نہین قایم ہوئی کیونکہ فاتحین کی تعداد اس قدر کم تھی کہ وہ خود مفتوحین کے جم غفیر مین شامل ہو گئے اور فی الواقع ان فاتحین مین بھی ہندوستان آنے سے پہلے بہت کچھ میل ہو چکا تھا اور ان کی خالص نسل قایم نہین رہی تھی مغلون کی رواداری نے انہین بہت جلد ہندی اقوام کے ساتھ ممزوج کر دیا۔ یہ نہایت شوق سے راجپوتون کی لڑکیون سے شادیان کرنے لگے اور ان کی ان جسمانی خصائص مین جو افغانون اور ترکون سے ملکر پہلے ہی بدل چکی تھین اب ایک تغیر عظیم واقع ہو گیا سلاطین مغلیہ کی تصوریں جو کتابون مین ہم تک پہونچی ہین ان مین ان کے چہرے لمبے اور نقشہ ایسا باقاعدہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کو اصلی مغلون کے دبے ہوئے رخسار اور چپٹی ناکون اور موٹے ہونٹون سے کوئی نسبت نہین معلوم ہوتی۔

ہندمین دو قسم کے مسلمان ہین | ہندوستان کے مسلمانون مین جن کی تعداد اس وقت چھ کروڑ سے زائد ہے ہمین دو قسم کے اشخاص نظر آتے ہین اولاً وہ جو کم و بیش اصلی مسلمانون کی اولاد ہین اور ثانیاً جو ہندو نومسلمون کی نسل سے ہین۔ ان مین سے اول الذکر اشخاص تعداد مین نہایت کم ہین اور زیادہ تر ترکون سے مشابہ ہین یہ ایک بے پین اور بیکار قوم ہین جن کا سارا وقت پرانے تسلط پر افسوس کرنے اور اس کے دوبارہ قایم ہو جانے کی امیدون مین صرف ہوتا ہے۔

بطور اختصار کہا جا سکتا ہے کہ مسلمانون نے ہندوون کی نسل پر کوئی زیادہ اثر نہین ڈالا لیکن البتہ دماغی اور روحانی خصائص مین اسلامی حکومت کی وجہ سے بہت کچھ فرق ہو گیا مسلمانون کا زیادہ تر اثر عمارات اور صنعتون مین نظر آتا ہے اور مذہب اور زبان مین بھی موجود ہے اس کی پوری تصریح ہمین اس کتاب کے ان ابواب مین معلوم ہو گی جن مین ہند کی عمارات، مذاہب اور السنہ سے بحث کی گئی ہے۔

فصل دوم۔ مسلمانون کا تمدن ہندمین

تاریخ کے باب مین ہم تسلط اسلامی کے واقعات کو مختصر طور پر بیان کر چکے ہین اوس بیان مین یہ امر دکھایا گیا ہے کہ سات سو سال کے زمانۂ تسلط مین جن کا نام عام طور پر حکومت مغلیہ کہا گیا ہے مغلون کی اصلی حکومت تمام ملک پر دو ہی سو سال تک رہی۔ اور اس زمانہ مین بھی دکن مین کئی اسلامی حکومتین علیحدہ قایم رہین صرف آخر زمانۂ تسلط مین جس وقت حکومت مغلیہ کا انحطاط سن دہم ہو چکا تھا ہند کا سارا ملک بادشاہ دہلی کا ماتحت تھا۔

ہندوستان مین خالص اسلامی یا عربی تمدن نہین آیا۔

اگر ہم ہندوستان کے تمدن اسلامی کی تفصیلات مین جائین تو ہمین تمدن عرب کے بہت سے پہلوؤن کا اعادہ کرنا پڑے گا جن کے متعلق مین ایک علیحدہ کتاب لکھہ چکا ہون کیونکہ جس تمدن کو مسلمان فاتحین ہند مین لائے وہ اصل مین تمدن عرب تھا جو ایران کے اثر سے کسی قدر بدل چکا تھا اور دوسرے ممالک مین اور دوسری اقوام مین پھیلنے کی وجہ سے اس مین اور بھی تغیرات ہو چکے تھے۔

مسلمانون کے سیاسی نظامات بھی عربون ہی سے اخذ کئے ہوئے تھے۔ اس مین کل وہ اوصاف جو عربون کی ترقی کے باعث ہوئے اور کل وہ عیوب جن سے حکومت اسلامی کا تنزل ہوا موجود تھے اسلامی حکومتون کا خواہ وہ ہندوستان مین ہو یا اور کہین اصل الاصول یہ ہے کہ کل اختیارات ایک حاکم مطلق کے ہاتھ مین ہوتے ہین جو کہ ملک کا بادشاہ ہے اور سارے اقتدارات فوجی، ملکی اور مذہبی اسی ایک شخص کے ہاتھ مین ہوا کرتے ہین ان اقتدارات کو وہ وقتاً فوقتاً اپنے حکام ماتحت پر تقسیم کرتا رہتا ہے۔ لیکن یہ بھی عموماً مطلق العنان ہوا کرتے ہین اور ہمیشہ ان کی نیت یہی ہوتی ہے کہ وہ اپنے کو خود مختار بنالین۔ اس قسم کی مطلق حکومتین جن مین کل اختیار ایک شخص کے ہاتھ مین ہے وحشی اقوام

کے لئے نہایت موزون ہین اور فتوحات کے لئے بھی اُن سے بھی انتہا مدد ملتی ہے لیکن ایسی حکومتون کا قیام صرف قابل اور ضابطہ بادشاہون پر موقوف ہے۔ جس وقت تک سلطنت مغلیہ کے بادشاہ لایق اور قابل ہوتے رہے ملک نے بھی انتہا ترقی کی۔ لیکن کمزور اور نالایق بادشاہون کے ہوتے ہی حکومت مین فوراً انحطاط آگیا۔ چونکہ دنیا مین اعلیٰ قابلیت کے اشخاص کی ہمیشہ کمی ہے اِس وجہ سے مشرقی حکومتین معرض زوال مین ہین اور انکی زندگی بہت ہی تھوڑی ہے۔

مسلمان بادشاہ علوم وفنون کے بڑے قدردان تھے

عربی تمدن کے ساتھ ہی ساتھ ہندوستان کے مسلمان بادشاہ، اِس ملک مین علوم وفنون اور ادب کا مذاق بھی اپنے ساتھ لائے۔ احمد آباد گور دہلی بیجاپور وغیرہ یعنی مغلون کی قدیم دارالحکومتون کی عمارات سے صاف ظاہر ہے کہ ان اسلامی بادشاہون نے صنعت کو کس درجہ تک ترقی دی تھی اسیطرح اِن بادشاہون کی سوانح عمری سے ہمین معلوم ہوتا ہے کہ یہ علوم وادب کے اعلیٰ درجے کے سرپرست تھے اور علما وفضلا نہ صرف بڑے شہرون اور دارالحکومتون مین جمع تھے بلکہ تمام ملک مین اور چھوٹی چھوٹی حکومتون مین بھی پھیلے ہوئے تھے۔ مثلاً پندرہوین صدی عیسوی کی ابتدا مین گولکنڈہ کے بادشاہ فیروز شاہ کے دربار مین ہر قسم کے علما، شاعر اور مورخ موجود تھے اور خود بادشاہ کو اقلیدس، اور علم نباتات اور شاعری کا بے انتہا شوق تھا، اگرچہ یہ وہ زمانہ تھا کہ بادشاہ کو آئے دن بیجانگر کے ساتھ جنگ وجدال کرنی پڑتی تھی۔ سلاطین مغلیہ نے اُن اسلامی نظامات کو جو عربون نے یورپ اور ایشیا اور افریقہ مین قایم کئے تھے اپنی حکومت ہندوستان مین بھی جاری کیا جیسا کہ ہماری دوسری تصنیف سے بخوبی ظاہر ہوگا۔

چونکہ ہم ہندوستان کے مختلف اسلامی حکومتون کے تمدن پر نظر نہین ڈال سکتے اسلئے ہم محض سلاطین مغلیہ کے تمدن کو بطور مختصر بیان کرنے پر اکتفا کرین گے۔ مسلمان مورخین ہند اور نیز وہ یوروپی سیاح جنہون نے مغلیہ حکومت کے زمانے مین ہندوستان کا سفر کیا ہے بہت ہی

کافی مواد ہمارے لئے چھوڑ گئے ہین۔ علاوہ ان تاریخی بیانات کے، وہ مغلیہ عمارات ہین جن سے ہم اس زمانے کی صنعت کا پورا اندازہ کر سکتے ہین۔

مغلیہ سلطنت ہندوستان کے سلطنت مغلیہ کی ابتدا ۱۵۵۶ عیسوی سے ہوئی جس وقت بابر نے لودی کے افغانی خاندان کو شکست دیکر آگرہ پر قبضہ کر لیا۔ بابر آگرہ ہی مین ہندوستان اور کابل کا بادشاہ مرا۔ اسکے بیٹے ہمایون کو حکومت قایم کرنے کے لئے بہت سی تکالیف کا سامنا کرنا پڑا اور مغلون کی حکومت اسوقت قایم ہوئی جبکہ اس خاندان کا تیسرا بادشاہ اکبر ۱۵۵۶ عیسوی مین تخت پر بیٹھا اور پچاس سال تک حکومت کرتا رہا۔ اس بادشاہ نے جو تاریخ عالم کے بادشاہون مین ایک بہت بڑا فرمانروا گذرا ہے ہندو اور مسلمانون کو ایک ہی نظر سے دیکھا۔ اس نے فاتح و مفتوح مین شادی بیاہ کو رواج کیا اور خود راجپوت راجاؤن کی لڑکیون سے شادی کی۔ اسلام اور برہمنی مذہب کو ملا دینے کی جو کوشش اوس نے کی اسمین تو وہ کامیاب نہ ہوا لیکن ان دونون اقوام کی طرز تعمیر کو ترکیب دینے مین اوسے پوری کامیابی حاصل ہوئی۔ اس نے اپنی فتوحات کو توسیع دی اور نہایت عقلمندی سے ملک کا انتظام کیا جیساکہ مین ابوالفضل کی اس کتاب سے جو اوس نے بادشاہ کے حکم سے لکھی معلوم ہوتا ہے اکبر نے تمام ملک کی مردم شماری کی اور ہر صوبہ مین زمین کی پیمائش اور درجہ بندی اوس کے وقت مین ہوئی اور مالگذاری پیداوار پر قایم کی گئی۔ یعنی پیداوار کا تیسرا حصہ حکومت کا حق قرار دیا گیا اور بقیہ کاشتکار کو چھوڑ دیا گیا۔ اکبر نے محصولات کو بھی موقوف کیا اور عہدہ دارون کی تنخواہین بھی بعوض جاگیرات کے نقدی مین مقرر کین۔

اکبر کے جانشین جہانگیر، شاہجہان اور اورنگ زیب کے زمانے مین بھی ملک کی سرسبزی ہوتی رہی۔ البتہ اس آخرالذکر بادشاہ کے تعصب نے اوسے دکن کی اسلامی حکومتون سے لڑایا اور سلطنت مغلیہ کی انحطاط کی بنا ڈال دی ۱۷۰۷ مین جسوقت اورنگ زیب نے انتقال کیا تو جیسا ہم اوپر بیان کر چکے ہین

سارے ملک مین بدنظمی اور طوائف الملوکی پھیل گئی۔ یوروپ مین سلطنت مغلیہ کے معنے اعلیٰ درجہ کا عروج اور حکومت اور اس کے ساتھ سریع انحطاط اور بربادی سمجھے گئے ہین اور یہ خیال کچھ غلط نہین ہے۔

مغل بادشاہ خود مختار ہوتے تھے | مغلیہ بادشاہون کے اقتدارات غیر محدود تھے اور ان کو وہ اس زرخیز ملک کی دولت کو اپنی طرف کھینچنے مین استعمال کرتے تھے اس کے ساتھ ہی وہ اس دولت کو نہایت فراخ دلی اور فیاضی کے ساتھ صرف بھی کرتے تھے جس کی مثال تاریخون مین بہت کم ملتی ہے ان بادشاہون کے تحت مین وزرا رہوا کرتے تھے جن سے اہم امور ملکی مین مشورہ لیا جاتا تھا لیکن اصل مین حکومت کا دارمدار محض بادشاہ کی رائے اور دانہ پر تھا۔ کل ملکی اور فوجی اور مذہبی اقتدارات بادشاہ کے ہاتھ مین تھے۔ وہی ظل اللہ علی الارض اور خلیفۃ اللہ اور حاکم مطلق ہوا کرتا تھا۔ کل وزرا صوبجات کے صوبہ دار فوجون کے سپہ سالار غرض کل امرا اور ارکان دولت اس بادشاہ کے محض نوکر اور فرمان بردار تھے اوس کے ایک اشارے سے وہ اوج عروج پر پہونچ جاتے اور وہان سے حضیض ذلت مین گر جاتے۔

مغلون مین امرا کا فرقہ خاندانی نہین ہوتا تھا کل خطابات اور جاگیر اور منصب صرف بادشاہ کی مرضی پر ہوتے اور جب کوئی مرجاتا تو بادشاہ اوسکا وارث ہوتا کوئی امیر جس پر کسی وقت مین بادشاہ کی مہربانی ہوتی اور جو کوئی صوبون کا حاکم ہوتا اور موت و زندگی کا اختیار رکھتا ہزار ہا روپیہ پر قادر ہوتا اور شان و شوکت کے ساتھ زندگی بسر کرتا مرتے وقت اپنے جورو بچون کو بالکل فلاکت کی حالت مین چھوڑ جاتا اوس کے اختیار مین اسی قدر تھا کہ اپنے عروج کے زمانے مین اپنے عزیز و اقربا کو بادشاہ تک پہونچا دیتا تاکہ شاید اوسکے بعد بادشاہ کی مہربانی اس شخص پر قایم رہے اور اس کے ذریعے سے اسکے متعلقین کو جزوی وظیفہ مل جاوے۔

سلاطین مغلیہ کا دربار و شان و شوکت | سلاطین مغلیہ زیادہ تر پبلک مین زندگانی کرتے تھے اور اگر وہ اپنی

رعایا کو لوٹتے تو اقلاً انہین انواع و اقسام کے تماشے دکھانے سے دریغ نہین کرتے تھے علی الصباح بادشاہ جھروکے پر برآمد ہوتے اور عوالناس کو اپنا دیدار دکھاتے۔ یہ صبح کا برآمد ہونا اسی وقت موقوف ہوتا جب بادشاہ کسی وجہ سے علیل ہو جاتے۔ دوپہر کو بادشاہ پھر برآمد ہوتے اور ہاتھیون کی لڑائی یا اور فوجی ریاضت کو ملاحظہ کرتے۔ سہ پہر کو دربار ہوتا اور گویا بادشاہ اسوقت اپنی رعایا کی عرض و معروض سننے کے لئے طیار ہوتے لیکن فی الواقع بادشاہ تک پہونچنا نہایت ہی دشوار تھا کیونکہ دو دو اور تین تین دائرے امرا اور ارکان دولت کے زرق برق کپڑے پہنے ہوے بادشاہ کو گھیرے رہتے اور کسی غریب آدمی کی رسائی تخت تک بمشکل ہو سکتی۔ لیکن محض اس دربار کی شان و شوکت اور بادشاہ اور ارکان دولت کا تجمل اور لباس اور جواہرات کی چمک دمک اُسے اس بات کو بھلا دیتی کہ اوس نے اس تماشے کی جس کی چکا چوند نے اوس کے دل مین ایک فوری جوش اور ہیبت پیدا کر دی کیا قیمت دی ہے۔

حکومت مغلیہ مین اور نیز کل اسلامی حکومتون مین ملک کی اعلیٰ اور بیش بہا صنعتون کا مرکز صرف دارالحکومت ہوا کرتا تھا۔ صوبجات مین جہان کی رعایا ہر وقت حکام کے حکم سے نالان رہتی زندگی سخت مصیبت مین بسر ہوتی اور بسا اوقات رعایا برگشتہ ہو جاتی اور بلوہ کر بیٹھتی۔

انتظام ڈاک کے راستے چونکہ سلاطین دہلی کو ہر وقت اس امر کے معلوم کرنے کی ضرورت تھی کہ صوبجات مین کیا ہو رہا ہے اونہون نے ڈاک کا عمدہ انتظام کر رکھا تھا۔ اور خطوط اور اطلاعات عرت اور انتظام کے ساتھ آیا جایا کرتے تھے اس ڈاک کے لیجانے والے ہرکارے تھے جو تھوڑے تھوڑے فاصلے پر بدلے جاتے تھے اور ان کی آمد و رفت ملک کے کل بڑی شوارع پر تھی۔ جو راستے دشوار گذار اور کم آباد تھے ان مین جابجا سفید پتھر نصب کر دئے گئے تھے تاکہ ہرکارون کو رات کے وقت راستہ ملنے مین دقت نہ ہو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ شوارع نہایت اچھی حالت مین تھین کیونکہ وہ فرانسیسی سیاح مونٹیٹی جس

(۶۸) باواجی کا ایک پرانا مندر





(۶۹) باداجی کے مندر کا اندرونی حصہ دستون

سے سولھوین صدی عیسوی مین ہندوستان کا سفر کیا بیان کرتا ہے کہ راستے فرانس اور اٹلی کے راستون سے بہت بہتر تھے۔

سفر زیادہ تر پالکیون مین ہوتا تھا۔ جنکو تیز رفتار کہار لیکر دوڑتے یا یہ کہ بیل کی گاڑیون مین ہوتا جو اس وقت تک موجود ہین اور اون مقامات پر جہان اس وقت ریل نہین پہونچی ہے یعنی ہند کے زیادہ حصے مین بھی مروج ہین۔

راستون کی حفاظت | مسافر کی حفاظت کے لئے اکثر سپاہیون کا بدرقہ ساتھ رہتا تھا۔ اسکی سلامتی کے ذمہ دار تھے اور واپس آنے کے بعد اپنے افسرون کو اطلاع کرتے تھے۔ اگر مسافر خیر و عافیت سے نہ پہونچا اور اُسے راہ مین تکلیف ہوئی تو بدرقہ کو سزا ملتی تھی اور وہ اپنی خدمت سے موقوف کئے جاتے تھے۔

یہ آمد و رفت کی آسانی اور راستون کی خوبی زیادہ تر ملک کے شمالی حصے یعنی ہندوستان مین تھی دکن کے حصے مین جو مرکز سلطنت سے دور واقع ہوا تھا اور جس پر پوری حکومت حاصل نہین ہوئی تھی یہ آسانیان نہ تھین۔ کل زمین بادشاہ کی ذاتی ملک سمجھی جاتی تھی اور اسکی دو تقسیمین تھین ایک تو وہ جو بطور جاگیرات کے امرا اور سپہ سالارون کو فوج کی تنخواہون مین دی جاتی تھی اور دوسرے وہ جو ٹھیکہ دارون کو ایک مقرر سالانہ محصول پر سپرد کی جاتی تھی۔ یہ ٹھیکہ دار مثل سرکاری حکام کے رعایا پر مطلق حکومت کرتے اور ان سے اس قدر محصول لیتے کہ بیچارے کاشتکار کو زراعت سے مطلق دلچسپی باقی نہین رہتی اور بلا جبر و زیادتی کے وہ اپنا کام نہ کرتے ان مین سے جس کسی کے پاس تھوڑا بہت مال ہوتا تو وہ اُسے دفن کر دیتا اور ظاہر مین اپنے کو نہایت ہی مفلوک اور مفلس دکھاتا تاکہ اوس کا مال نہ لے لیا جاے۔

وہ فرانسیسی سیاح فرانس برنیر جو شاہجہان کے عہد سلطنت مین بارہ سال تک دلی مین رہا

عمال کے مظالم اور بددیانتی کا ذکر کرتا ہے البتہ اکبر نے اپنے دیوان مین اک گھنٹہ لٹکا دیا تھا جس کو ہر ایک دادخواہ بجا کر بادشاہ تک پہونچ سکتا تھا لیکن اس دادخواہی کے نتائج ایسے سخت تھے اور ان کی پاداش مین ایسی سزائین اٹھانی پڑتی تھین کہ کوئی شخص گھنٹہ کو بجانے کی جسارت نہین کرتا تھا۔

چونکہ بادشاہ کے لئے اتنے وسیع ملک کی حکومت کا انتظام بذات خود محال تھا وہ وقتاً فوقتاً صوبجات کے تنقیح کے لئے خاص نظار کو بھیجا کرتا تھا، لیکن یہ صرف انہین صوبہ دارون کی شکایت کرتے جو یا تو مفلس ہوتے یا بخیل۔

مفلیہ فوج | فوج کے انتظام مین بھی بہت سے نقص تھے۔ اکبر نے تو سپاہیون کی تنخواہ نقد مقرر کی تھی لیکن اوسکے بعد امرائے دولت کو اس شرط پر کہ وہ فوج رکھین تنخواہ وجاگیرات دیدی جاتی تھین اس انتظام کا نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ امرا بے انتہا دولتمند ہو جاتے اور نہایت تھوڑے سپاہیون کو رکھتے بعض وقت وہ سوارون کے گھوڑون کو فروخت کر ڈالتے اور جائزہ کے وقت انہین کرایہ پر لے لیتے اور اپنے غلامون اور نوکرون کو فوجی لباس پہنا کر سپاہیون کی جگہہ قایم کر دیتے۔ یہ امر بادشاہ سے مخفی نہ تھا لیکن وہ بمجبوری اپنی آنکھین بند کر لیتا اور بار بار سپہ سالارون کو بدلتا رہتا تاکہ وہ زیادہ دولت نہ جمع کرنے پائین اور یا اونکے سرون مین بغاوت کی ہوا نہ بھرنے پائے باوجود اس بدانتظامی کے اس اسلامی فوج کے بار بار ہندو افواج پر غالب آنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بیشک اون سے بہتر تھے پندرھوین صدی عیسوی مین جبوقت دکن کی فتوحات شروع ہوئین تو بیجانگر کے راجہ نے اس امر پر نہایت تعجب ظاہر کیا کہ اُسے کبھی مسلمان فوجون پر فتح نصیب نہ ہوئی۔ اور اوس نے چھتریون اور برہمنون کی اک مجلس منعقد کی اور اون سے دریافت کیا کہ اس ناکامیابی کا اصلی سبب کیا ہے حالانکہ ہندوون کے پاس ملک اور روپیہ بمقابل مسلمانون کے زیادہ ہے برہمنون نے جنگی باری

پہلے آئی بیان کیا کہ یہ دیوتاؤن کی مرضی ہے لیکن پہتریون نے اس امر کا اعتراف کیا کہ مسلمان تیر انداز ہند و تیر اندازون سے بہتر ہین اور ایرانی اور عرب گھوڑون کا مقابلہ دکن کے ٹٹوؤن سے نہین ہوسکتا۔ اسکے بعد سے راجاؤن کی یہ کوشش ہوئی کہ وہ اپنی فوج کو مسلمانون کے برابر بنائین اور مسلمان سپاہیون کو نوکر رکھین۔ اس تدبیر سے انہون نے دکن کے مسلمانون کو جن مین ہر وقت باہمی نا اتفاقی رہا کرتی تھی کئی شکستین دینے مین کامیابی حاصل کی لیکن جب کبھی مسلمان حکومتین آپس مین مل گئین تو پھر ہندو اونکا مقابلہ نہ کر سکے۔

البتہ حکومت مغلیہ کے آخیر زمانہ مین جب کہ جنگ کے مواقع کم ہوگئے تو فوج کی حالت بھی سپلارون کی کم توجہی اور طمع کی وجہ سے نہایت ہی ابتر ہوگئی اور جب کبھی رعایائے بلوہ کیا یا صوبہ دارون مین سے کسی نے سر اوٹھایا تو یہ فوج مطلق کام نہ دے سکی اور حکومت مین انحطاط شروع ہوگیا۔

اورنگ زیب نے جو ہمیشہ جنگ کی حالت مین رہا کرتا تھا اپنی اخیر عمر کا سارا حصہ پڑاؤ مین صرف کیا۔ آبائی خزانے کو صرف کرنے کی بدولت اوس نے ایک بڑی فوج قایم کرلی جس مین رسالے اور توپ خانے اعلیٰ درجہ کے تھے۔ یہ اپنا تمام وقت اسی عظیم الشان اور پر رونق فوج مین صرف کرتا۔ اسکی ازواج جواہرات طبوسات، اور کل چیزین ہاتھیون پر ایک مقام سے دوسرے مقام پہنچاتین اور اون کی حفاظت کے لئے سپاہیون کی معین مہیا کی جاتین اور آگے آگے لوبان اور خوشبوئین جلائی جاتین۔ جس وقت بادشاہ مقام کرتا تو خیمے نہایت ہی سرعت کے ساتھ نصب ہوجاتے اور دفعتاً زمین کے اندر سے اک بنا بنایا شہر ابھر آتا جس مین جابجا راہین اور گلیان آراستہ ہوتین۔

پڑاؤ کا نقشہ پہلے سے تجویز ہوجاتا تھا اور ہر ایک خیمے کی جگہ معین کردی جاتی تھی۔ ان مسافرت کے قصرون مین ہر قسم کا عیش و آرام مہیا تھا اور فی الواقع اس بادشاہ کا پڑاؤ ساری حکومت کا دارالسلطنت

بن گیا تھا۔

مغلیہ حرم سلاطین مغلیہ کے دربار مین عورتون کا بہت بڑا درجہ تھا۔ ان بادشاہون نے راجپوت شاہزادیون کے ساتھ شادیان کرکے اس امر کی کوشش کی کہ دونون اقوام آپس مین گھل ملجائین اور انھون نے خود یہ طریقہ اختیار کیا بلکہ اپنے ارکان دولت کو بھی اسکی ترغیب دی۔

بادشاہی محل سراؤن مین عورتون کی تعداد غیر محدود تھی کیونکہ یہ سلاطین اس خاص مسئلہ مین اور نیز بہت سے اور مسائل مین شرع محمدی کے پابند نہ تھے۔ شاہجہان کے حرم مین دو ہزار بیبیان تھین لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس تعداد کو وہ کافی نہین سمجھتے تھے اور ہمیشہ اپنے امرا کی بیبیون مین خوبصورت عورتون کے جویا رہتے تھے۔ اس کی وجہ سے امرا مین سخت بددلی رہتی تھی۔ کیون کہ مغلون مین زنا نہایت درجہ معیوب فعل ہے۔ اگرچہ یہ امرا اپنی بیبیون پر بادشاہ کی نظر پڑنے سے سخت پریشان ہوتے تھے تاہم وہ اپنی لڑکیون کے لئے بادشاہ کی نظر عنایت کو بہت ہی غنیمت سمجھتے تھے ہر شخص کی خواہش تھی کہ اپنی لڑکی کو شاہی محل مین پہونچائے کیونکہ جس وقت وہ بادشاہ کے تصرف مین آگئی تو وہ جاسوس اور مخبر کا کام دیتی تھی اور اگر اوس پر سلطانی مہربانی اس درجہ ہوئی کہ وہ بیگمون مین داخل ہوگئی تو پھر اوسکے ذریعے سے سارا خاندان بنجاتا تھا۔ بڈھی آتونین اور مغلانیان بھی جو محلات کے بیبیون کی نگرانی کرتین، بجائے خود ایسی صاحب اقتدار ہوا کرتی تھین کہ وزرا اور امرا اور بعض اوقات باہر کے سلاطین بھی ان سے کام لیتے تھے۔ مثل کل اون اشخاص کے جن کو ادنی اقتدار بھی تھا یہ عورتین بھی سخت طماع تھین اور انکا وسیلہ حاصل کرنے کے لئے ہمیشہ زر کثیر کی ضرورت ہوتی تھی۔

محلات کے اندر بے انتہا دولت صرف کی جاتی تھی ہر ایک خاتون کے لئے علیحدہ علیحدہ لونڈیان اور ناچنے والیان ہوا کرتین اور ان سو ہر ایک روز ایک نیا جوڑا لباس کا اور ایک نیا جوڑا جواہرات

کا پہنتی بیگمات کے درجہ کی عورتون کو (اس لفظ کے معنے بیغم کے ہین) شاہی باورچی خانے سے خاصہ ملتا اور خواص کے لئے نقد تنخواہ مقرر تھی جس سے وہ اپنا خرچ چلاتین۔

وہ بے بدل عمارت یعنی تاج محل جسکا ثانی روے زمین مین نہین۔ شاہنشاہ شاہجہان کی چہیتی بی بی کا مقبرہ ہے۔

مغل سلاطین علوم وفنون کے بڑے سرپرست وقدردان تھے

سلاطین اسلام کی طرح مغل بادشاہون کو بھی ادب وعلوم و فنون کا بے انتہا شوق تھا۔ صناع، علما، شعرا کسی طبقے کے کیون نہون دربار مین باریاب ہوجاتے تھے۔

سلاطین مغلیہ نے جو عمارتین چھوڑی ہین اور جن کی شان وشوکت کو یوروپ کی عمارتین نہین پہونچتین اسوقت بھی ہمین حیرت مین ڈالتی ہین۔ علوم کی طرف بھی کچھ کم توجہ نہ تھی۔ ان بادشاہون نے رصدخانے اور دوربینین نصب کرائی تھین اور علم ہیئت کا شوق ان سلاطین مین قدیم سے تھا۔

۱۲۵۹ عیسوی مین ہلاکو نے اپنی دارالحکومت مراغہ مین مشہور عرب ہندسین کو طلب کیا اور ایک بہت بڑی رصدگاہ تعمیر کی۔ جسوقت تیمور لنگ نے سمرقند کو اپنی عظیم الشان حکومت کا دارالخلافہ بنایا تو اوس نے بھی بہت سے علما کو جمع کیا۔ تیمور کے پوتے اولغ بیگ نے بھی اک بہت بڑا رصدخانہ تعمیر کیا اور اس مین عجیب وعجیب رصدی آلات نصب کئے جن مین سے وہ ربع دائرہ نہایت مشہور ہے جس کی بلندی مسجد آیا صوفیہ کے برابر بتائی جاتی ہے۔ اس ربع دائرہ کے ذریعے سے اوس نے خود ہیئتی تحقیقات کی اور ان کو ایک کتاب مین جمع کیا جو زیج اولغ بیگ کے نام سے مشہور ہے اور جس مین علم ہیئت کے اہم مسائل پر بحث کی گئی ہے اور ستارون کے مقامات نہایت صحت سے بتائے گئے ہین۔

سلاطین مغلیہ نہ صرف علوم وادب کے سرپرست ہی تھے بلکہ ان مین سے کئی سلاطین کو

علوم مین فضل بہی تھا زیادہ تر رجحان شاعری کے طرف تھا اور بعض سے عمدہ کتابین بہی لکھی ہین۔ تیمور لنگ جس نے بغداد مین لاکھ سرون کا اہرام بنایا تھا علوم کا بڑا قدردان تھا۔ اس نے مدارس قایم کئے تھے اور خود صاحب تصانیف تھا۔ اسکی اولاد بابر او جہانگیر مین بہی یہی مذاق تھا بابر کی سوانح جسکا مقابلہ سیزر کی تاریخ سے کیا جاتا ہے اس قسم مین فی الواقع ایک بہت اعلیٰ درجہ کی تصنیف ہے اس سے ہمین صاف معلوم ہوتا ہے کہ ان مغلون کی جبلت مین کس درجہ وحشت اور ذہنیت ملی جلی ہے۔ اور جسکا ثبوت ہر جگہ تاریخ سے ملتا ہے۔ بابر کی سوانح مین خود اس بادشاہ کی ذات جو ہندوستان کی مغلیہ حکومت کا بانی ہے۔ غور و مطالعہ کے لایق ہے۔ یہ چنگیز خان اور تیمور کا پوتا جس کے اجداد نے سرون کے اہرام بنائے تھے خود نہایت ہی قابل اور سنجیدہ شخص تھا یہ چغتائی ترکی، عربی اور فارسی کو بلا تکلف بولتا تھا اور فارسی مین تصنیف بہی کرسکتا تھا۔ بابر علوم اور ادب اور تاریخ کی کتابون کے مطالعہ کا بے انتہا شوق رکہتا تھا۔ اسکے ساتھ ہی جوا کہیلنے مین اور شراب پینے مین بہی وہ کسی سے کم نہ تھا اسے اپنے دوستون اور ہم جلسہ لوگون سے بے انتہا انس تھا اور وہ انکے ساتھ ہر قسم کا مذاق کیا کرتا۔ بعض اوقات تو وہ اپنی شان و شوکت دکہاتا اور کسی وقت اپنے دربار کے سفرا کو بے تکلفانہ جلسون مین دعوت دیتا اور ان سے بے جا ہنسی مذاق کا جلسہ اسقدر پسند تھا جتنا علمی یا مذہبی مباحثہ۔ اسکی سوانح کے ہر صفحہ سے اعلیٰ درجے کی نقادی، وسیع معلومات اور بے انتہا جوش مزاحی پیدا ہے جب کبھی اسے ظرافت کا موقعہ ملتا ہے تو وہ ہرگز نہین چوکتا۔ ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ شکست کہانے کے بعد غنیم کے تین سوارون نے اسکا پیچہا کیا اور ۴۸ گھنٹہ تک تعاقب کرتے چلے گئے۔ اسوقت بابر رک گیا اور ان کی طرف مڑکر نہایت ہنسی کی آواز مین ان سے کہا کہ حضرات مین دیکہنا چاہتا ہون کہ تم سے کون ایسا بہادر ہے جو پہلے مجہے چوئے۔ اس تقریر کا کچہہ ایسا اثر ان سوارون پر ہوا کہ وہ اسے چہوڑکر فوراً واپس چلے گئے۔ یہ بہادر اور باعلم شخص جو کہ دنیا کی

فاتحین مین ایک بہت بڑا فاتح گذرا ہے فی الواقع اپنی قوم کی مدنیت اور وحشیانہ خصلتون کا سچا اوتار ہے بارہ سال کی عمر مین وہ ایک گاؤن کا مالک تھا اور پچاس سال کی عمر مین وہ سارے ہندوستان کا جس کو اوس نے بارہ ہزار فوج سے فتح کیا تھا شہنشاہ مرا۔

مشرق اور مغرب کے اقوام مین مقابلہ کرنا ایک دشوار امر ہے اور اسکا نتیجہ اکثر غلط نکلتا ہے اسوجہ سے ہم بمشکل بابر کے زمانہ کو یوروپ کے کسی زمانہ سے مقابلہ کر سکتے ہین۔

اس زمانہ کو فیوڈل زمانہ تو ہرگز نہین کہہ سکتے کیونکہ اوس زمانہ کے یوروپی عیسائی امرا مین اگرچہ اسی قسم کا فخر اور مذاق تھا لیکن ان مین ہرگز مغلون کی سی دماغی قابلیت اور علوم وفنون اور ادب کی سرپرستی نہ تھی۔ شاید کہا جا سکتا ہے کہ مغلون کا زمانہ یوروپ کے نشاۃ ثانیہ کا مماثل ہے۔ اس زمانہ کے بھی فرانسیسی امرا مین وہی کشت وخون کا ولولہ وہی ہتیارون کی محبت اور جواہرات اور عمدہ لباس اور شعر شاعری کا شوق موجود تھا اور اسکے ساتھ ہی ان مین ادنی طبقات کی مخلوق یعنی سرف (Serf) سے وہی نفرت موجود تھی جو ہندوستان کے اعلیٰ طبقات کو شودرون سے ہے۔

کتاب پنجم

باب اول

ہند کی السنہ اور ادب

فصل اوّل۔ ہند کے قدیم لٹریچر کی قیمت

ہند و لٹریچر مقابلہ یونان و روم کے نہایت ادنیٰ ہے

ہندوستان مین تصانیف کثرت سے ہوئین اور انکا بہت بڑا حصہ ہم تک پہونچ گیا ہے تقریباً سو سال قبل جسوقت یوروپی محققین نے سنسکرت زبان کے وجود کو اور اوسکے لٹریچر کو معلوم کیا تو اسوقت یہ خیال پیدا ہوا کہ ایک بہت ہی قدیم اور عجیب ذخیرہ علوم و ادب کا ہمارے ہاتھ لگا ہے۔ یہ امیدین قایم ہوگئین کہ مذہب اور تمدن کی ابتدا اور کل مشکل مسائل جین پر انسانی ترقی کا دارومدار ہے اس لٹریچر کے مطالعے سے حل ہو جائین گے۔ لیکن یہ جوش خروش بہت جلد فرو ہوگیا اور ثابت ہوگیا کہ اس ہند کے لٹریچر مین کسی قدر دلچسپی کیون نہ ہو اس مین اُن اسرار زندگانی کا جو قدیم الایام سے انسان کو حیران کر رہے ہین کوئی جواب نہین ملتا۔ یہ امر ثابت ہوگیا کہ یہ عقدے گنگا کے کنارے حل نہین ہوئے اور ابتدا مین جو کچھ دلچسپی اور جوش سنسکرت لٹریچر کے

مطالعہ کی بابت پیدا ہوا تھا وہ سرد مہری سے متبدل ہوگیا۔

ہند کے قدیم لٹریچر سے ہمین فلسفی مسائل مین کچھ مدد نہین ملتی۔ لیکن ان مین جا بجا ہمین تاریخی واقعات اور اُس زمانے کے رسوم و عادات کا پتہ لگ جاتا ہے لیکن اِس مقام پر ہم ان پر محض بحیثیت ادب کے نظر ڈالین۔

اِس ادبیت کے لحاظ سے بھی ہماری پہلی امیدین پوری نہین ہوتین۔ ان تصنیفات کو ہرگز یونان اور روم کی تصنیفات کے مقابل مین نہین رکھ سکتے بلکہ کہا جا سکتا ہے کہ یونان و روم کے لٹریچر پڑھنے کے بعد ہمین ہندی لٹریچر مین کوئی لطف نہین آتا۔ کیونکہ ان یوروپی تصانیف کی وضاحت بیان، تناسب اجزا۔ متانت و نزاکت کیا نظم و کیا نثر مین اِس درجہ بڑھا ہوا ہے کہ ہمارا مذاق وقت پسند ہوگیا ہے اور زمانۂ حال کی تحقیقات نے ہمین مبالغہ اور خرق عادات سے نفرت دلادی ہے پس ایسے اشخاص کے لئے جنکے خیالات نے اِس لٹریچر مین نشو و نما پائی ہو ہند کے بے انتہا لمبے چوڑے بیانات پر جن مین کسی قسم کا کوئی باہمی سلسلہ یا تعلق نہین پایا جاتا جن کا ہر صفحہ عقلی محالات اور خرق عادات سے بھرا ہوا ہے وجد کرنے کی صلاحیت باقی نہین رہی ہے۔

لیکن اِس ساری بے اعتدالی اور متخیلہ کی بے مہاری اور بے انتہا مبالغہ اور اغراق کے ساتھ بھی کہین کہین اُس لٹریچر مین انسانی جذبات کو اِس عمدگی اور سچائی کے ساتھ بیان کیا گیا ہے کہ اُس سے خواہ مخواہ طبیعت کو فرحت ہوتی ہے۔ ہند و لٹریچر مثل ایک ندی کے ہے جس کی ریتی مین سونے کے ریزے ملے ہوئے ہین۔ جب تک کہ ہزارہا من کیچڑ دھو کر صاف نہ کیجائے یہ ریزے ہمین نہین ملتے۔

اُن انتخابات مین جو ہم یہان درج کرین گے یہی طلائی ریزے دکھائے گئے ہین۔ لیکن ہماری کتاب کے پڑھنے والون کو ہرگز یہ خیال نہین کرنا چاہیئے کہ سارا ہندی لٹریچر ایسا ہی ہے۔ اسکی

مثال وہی ہوگی کہ ہم فرض کرلین کہ کسی ندی مین ریتی اور کیچڑ کے حوض مین نئے سونے کے ریزے بھرے ہوئے ہین۔

جو کچھ ہم اس باب مین ہندو لٹریچر کے متعلق کہین گے یہ نہایت ہی مختصر بیان ہے۔ اور ان سے صرف بڑی بڑی تصنیفات کی طرف محض اشارہ مقصود ہے۔ وہ اشخاص جو اس مضمون کو تفصیل سے مطالعہ کرنا چاہین اونکے لئے ہندو لٹریچر کی اہم کتابون کے ترجمے انگریزی اور فرانسیسی مین موجود ہین، اگر اتفاق سے یہ شخص مستشرق نہین ہین جنکا فرض ہے کہ وہ سارے ہندو لٹریچر پر عش عش کرین تو ہم خیال کرتے ہین کہ انہین زیادہ تر دلچسپی ان تصنیفات سے نہین ہوگی۔ انکے پڑھنے والون پر ثابت ہوجائے گا کہ یہ تصنیفات اگرچہ ہندی دماغ کے لئے بہت ہی موزون ہین کیونکہ یہ سالہاسے درانسے مقبول ہوتی آئی ہین لیکن ان کی ترکیب اور طرز بیان اور ان کے مبالغے اور ان کی بے معنی طوالت اور منطق اور استدلال سے خالی ہونا اور انکے اجزا مین باہمی تناسب اور تعلق کا نہ پایا جانا ایسی خصایص ہین جو یورپی دماغ کو ہرگز پسند نہین آسکتین۔

ہم صرف جل تصانیف ہند کا مختصر طور پر بیان اور اپنے بیان کی تشریح انتخابات کے ذریعے سے کرین گے۔ ان تصانیف کی تقسیم یون کی جاسکتی ہے اول بھجن اور مذہبی نظم دوم رزمیات سوم قصص وحکایات چہارم ناٹک اور متفرقات۔

فصل دوم بھجن اور مذہبی نظم

ان دونون بڑی رزمیہ نظمون کے علاوہ جن کا ذکر دوسری فصل مین آئے گا۔ ویدکے لٹریچر مین اول درجہ بھجنون اور مذہبی تصانیف کا ہے جن سب پر ویدکا اطلاق ہوتا ہے۔ اس سے پہلے ہم رگ وید کے متعدد انتخابات نقل کرچکے ہین اور ان کی نسبت رائے دیچکے ہین اگرچہ ان مین سے بعض بھجن فی الواقع

زبان اور بیان کے لحاظ سے پہلا درجہ رگ وید کا ہے جس مین سنتوسے کچھ زیادہ بھجن ہین ان مین سے تقریباً نصف اندر اور اگنی کی تعریف مین ہین اور باقی دوسرے دیوتاؤن کے جن مین آفتاب قواے فطرتی ابر وغیرہ شامل ہین۔ مین ان بھجنون کا انتخاب پہلے ہی درج کتاب کر چکا ہون اور اب پھر ان مین سے چند بھجنون کو بیان درج کرتا ہون جن سے اون کی نوعیت اور خوبی بیان وغیرہ معلوم ہوگی۔ ان ویدی بھجنون کے سوا مین نے کالی داس شاعر کے ایک بھجن کو بھی (اس کا زمانہ تقریباً چھٹی صدی عیسوی ہے) نقل کیا ہے جو اس نے برہما کی تعریف مین لکھا ہے۔ اس کے علاوہ ہم نے ایک اور سنسکرت بھجن کو نقل کیا ہے۔ جو نیپال کے بدھ کتابون سے اخذ کیا گیا ہے اور جسے سب سے پہلے مسٹر ہاجسن نے شایع کیا ہے۔

یہ بھجن اب تک فرانسیسی زبان مین ترجمہ نہین ہوا تھا۔ اس مین توراۃ کی شان معلوم ہوتی ہے جو بدھ مذہب کے مذہبی نظمون سے بالکل علیحدہ ہے۔ ان کی خاصیت محض طوالت اور بے تکی ہے۔

فصل سوم۔ دونون مشہور رزمی نظمین

مہابھارت مہابھارت ہند کے لٹریچر مین مہابھارت سب سے طول طویل تالیف ہے۔ اسمین دو لاکھ پندرہ ہزار بیتین ہین حالانکہ الیڈ صرف پندرہ ہزار بیت کا ہے اور اینیڈ دس ہزار بیت کا اگر جلدون مین تقسیم کیا جائے تو اس نظم کی پندرہ جلدین یا پانچ سو صفحے کی ہون گی۔ مہابھارت کا ایک حصہ نہایت قدیم ہے جس مین وقتاً فوقتاً الحاق اور اضافے ہوتے رہے ہین۔ یہ نظم صدیون مین تالیف ہوئی ہے اور اسکا مولف ایک شخص نہین ہے پس اس کے زمانہ کا معین کرنا ممکن نہین۔ تاہم کہا جاسکتا ہے کہ اسکا جدید سے جدید حصہ تیسری صدی عیسوی کے مابعد کا ہے۔ ہندوؤن کی نظر مین مہابھارت

مسجد وزیر خان (۲)

کا درجہ بہت ہی اونچا ہے اور کہا جاتا ہے کہ دیوتاؤن کے سامنے چارون ویدون کو ایک پلہ مین اور مہابھارت کو دوسرے پلے مین رکھا گیا ہے اور فیصلہ یہی ہوا کہ مہابھارت کا پلہ بھاری ہے۔ جو کوئی اس کتاب کا ایک حصہ بھی پڑھ لے اُسکے سب گناہ محو ہو جاتے ہین۔ غرض مہابھارت کا درجہ ہندوؤن مین وہی ہے جو انجیل کا نصاریٰ مین یا قرآن کا مسلمانون مین۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ کتاب آسمان پر تالیف ہوئی اور اسکو دیوتاؤن نے بطور اپنے دین کے زمین پر بھیجا۔

لفظ مہابھارت کے معنی خاندان بھارت کی تاریخ کے ہین۔ ہستناپور مین جو دہلی کے قریب تھا اس چندربنسی خاندان کے دو شعبے کورو اور پانڈو بسے تھے جو آپس مین ایکدوسرے کے رقیب تھے اِن دونون شعبون مین جو جنگ ہوئی اوسکی تاریخ مہابھارت مین درج ہے۔ یہ کتاب منگل شلوک اور خاندانی شجرون سے شروع ہوتی ہے اور اس کے بعد تاریخی واقعات اس طوالت کے ساتھ بیان ہوتے ہین اور اِن کے بیچ بیچ مین اسدرجہ الحاقات اور حشو وزوائد شریک ہو جاتے ہین کہ یورپی دماغ اس کے مطالعہ سے تھک جاتا ہے۔ کہانیان قصے اور داستانین جنکو اصل مطلب سے بہت کم تعلق ہے ساری کتاب مین بھری ہوئی ہین اور اسکی حالت ایک پچے کاری کے فرش کی ہے جسمین رنگ برنگے پتھر جمے ہوئے لیکن ایک کو دوسرے سے کوئی تعلق نہین۔

مہابھارت کا قصہ | کتاب کا اصل موضوع وہ لڑائی ہے جو پانڈو کے پانچ بیٹون اور دھرت راشٹر کے سو بیٹون مین جو کورو کہلاتے ہین ہوئی۔ جس طرح یونان مین ہرکولیز یا تھیسیس کی اور ازمنہ متوسط مین پھرنے والے بہادرون کی کہانیان بیان کی جاتی ہین اسی طرح یہ پانڈو بھائی جو گھر سے نکالدیئے گئے تھے تمام ہند مین پھرتے رہے اور ملک کو انواع واقسام کے دیو پریت سے پاک کر دیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ اون راکشون سے بھی لڑے جو جنگلون مین رہتے، انسان کو کھاتے اور ہر قسم کی صورت اختیار کر لیتے اور ہوا پر اڑنے کی قدرت رکھتے تھے اِن پانچون بھائیون مین سے بھیم سین

جسکا خطاب صاحبا ہاہو در کو در یعنی دراز دست گرگ شکم تھا سب سے زیادہ بہادر تھا اسے ذرا کشون کو تو قتل کیا اور اون کی عورتون کو اپنے حسن سے فریفتہ کر لیا اور کل بہادری کے کرتبون مین اول رہا ایک بھائی نے بہت سے رتھون کے بیچ مین سے کمان کو خم کر کے بادشاہ کی بیٹی دروپدی کو جیت لیا حسب عادت خود دیوتا سورگ چھوڑ کر اس مقابلہ کو دیکھنے کے لئے آئے۔ چونکہ یہ پانچون بھائی ایکدوسری سے بالکل جدا نہین ہو سکتے تھے انہون نے ملکر دروپدی سے شادی کی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہند مین کثرت البعول کی رسم نہایت قدیم ہے۔ اس اعلیٰ درجہ کے پہونچنے کے بعد ایک بھائی جوئے مین تمام مال و دولت اور ملک کو ہار جاتا ہے اور سب بھائی مفلسی کی حالت کو پہونچکر اپنی بی بی دروپدی کو لیکر صحرا نوردی شروع کرتے ہین۔ جن جن متبرک مقامات پر وہ پہنچتے ہین وہان کے رشی طول طویل معجزہ اور خرق عادت کے قصص و حکایات بیان کر کے ان شاہزادون کا دل بہلاتے ہین غرض اون کا شغل راکشون سے لڑنا اور کہانیان سننا ہے۔ ایک بھائی ارجن خود شیو سے لڑ پڑتے ہین جو کہ اسوقت شکاری کے بھیس مین تھے۔ ارجن مغلوب ہو جاتے ہین لیکن جسوقت یہ خیال کیا جائے کہ اس لڑائی کے وقت ارجن کئی مہینے سے ہوا اور خشک پتون پر زندگی کر رہے تھے اور اپنے ہاتھ اوپر اوٹھائے ہوئے انگوٹھے کے بل کھڑے تھے۔ تو اون کی شکست پر تعجب نہین ہو سکتا۔ ہندوؤن مین اس قسم کی ریاضت کا یہ اثر ہوتا کہ پیش کرنے والا دیوتا کے درجہ کو پہنچ جاتا اور دیوتا ایسے سخت تپش کرنے والون کو جو اون کے مقام تک پہنچ جائین اپنی نظرون سے نہین دیکھتے۔ وقت کاٹنے کے لئے بھی ارجن جوشیوجی سے ہار گئے۔ سورگ کی سیر کو جاتے ہین جو ہمین بالکل اطالوی شاعر دانتے کی یاد دلاتا ہے۔ خود بھیم سین صاحبا ہاہو در کو ایک طلسمی سانپ لپٹ جاتا ہے اور اسفنکس اور ایدیپس کی کہانی کی طرح اودس سے پہیلیان بجھواتا ہے اور وہ پہیلیون کو بوجھ کر نجات حاصل کرتا ہے۔ ان بھائیون کے پاس طلسمی ہتیار ہونے کی وجہ سے وہ کسی غنیم سے مغلوب نہین ہوتے ایک مرتبہ ان پانچون

(۷۳) چلاورم کے مندر کے ستون



(۴۷) ترپتی کے مندر کے ستون و صحن

نے اپنے نام چھپا کر ایک راجہ کی نوکری کر لی اور جب اوس پر غنیم کی چڑھائی ہوئی تو پانچون نے مل کر پوری فوج کو شکست دیدی۔

ان بہادری کی داستانون کے بیچ مین فلسفی خیالات بھی ملے جلے ہوئے ہین مثلاً بڑے پران کے بہت بڑے حصہ مین مذہبی مباحث ہین کرشن جی جو کرشنو کے اوتار ہین ارجن کو جو خود بھی کرشنو کے اوتار ہین گیتا کی تعلیم دیتے اور اونھین سمجھاتے ہین کہ دنیا محض بے ثبات اور دھوکا ہے اور انسان تناسخ کے سلسلہ کو طے کرنیکے بعد برہما مین ضم ہو جاتے ہین اور انسان کو چاہیے کہ اپنی خواہش نفسانی کو مارے وغیرہ وغیرہ۔

اِن فلسفی مباحث کے ساتھ ساتھ اِس رزم کی داستان چلی جاتی ہے۔ ارجن باوجود کرشنو کے اوتار ہونے کے اٹھارہ روز کی سخت جنگ کے بعد کوروون پر فتح پاتے ہین اور اِس کے بعد چین سے سلطنت کرتے ہین۔ جب اِن کا اخیر وقت آتا ہے تو یہ اپنی بی بی دروپدی کے ساتھ ہمالیہ کی طرف روانہ اور وہان ایک ایک کرکے جان بحق تسلیم ہوتے ہین لیکن مرتے ہی سورگ مین پہونچ جاتے ہین۔ آگے چلکر معلوم ہوتا ہے کہ صرف ارجن ہی کرشنو کے اوتار نہ تھے بلکہ پانچون پانڈو بھائی اور نیز کوروبھائی مختلف دیوتاؤن کے اوتار تھے۔

یہ ہے نہایت مختصر بیان مہابھارت کا۔ اِس نظم کو امرا اور مقدس لوگون کی نظم کہا گیا ہے کیونکہ اِس مین اول سے اخیر تک دیوتاؤن اور بادشاہون اور رشیون کا ذکر بھرا پڑا ہے۔ عوام الناس اہل حرفہ اور تجار کا نام تک اِس مین نہین آیا ہے اِس عظیم الشان نظم مین جابجا ایسے عمدہ مقامات موجود ہین جنکا مقابلہ ہومر کی نظم سے ہو سکتا ہے اِس کی اخلاقی تعلیم یقیناً الیڈ اور اوڈیسی سے اعلیٰ ہین لیکن اِس مین اِس قسم کے عیوب ہین کہ اِسکو یورپی شوق سے نہین پڑھ سکتا۔ یہ ہین ایک ایسی دنیا مین لیجاتے ہین جہان کے احساسات اور استدلال ہماری دنیا سے بالکل علیحدہ تھے اِسکے خیالات ایسے

خلاف عقل اور خلاف قیاس ہین کہ اِن سے کسی قدیم اور ابتدائی زمانہ مین تو دلچسپی ہوسکتی تھی لیکن یہ ہمارے زمانے کے لئے بالکل پوچ و بکر ہین اب ہم مہابھارت کے چند انتخاب پیش کرین گے جنھین متخیلہ سے زیادہ کام نہین لیا گیا ہے۔

رامائن۔ رامائن اہمیت مین مہابھارت کی مثال ہے۔ اِن دونون رزمی نظمون اور ویدکو ملاکر سنسکرت لٹریچر کا بہت بڑا حصہ پورا ہوجاتا ہے۔ اگرچہ رامائن کئی صدی قبل مسیح کی تالیف ہے تو بھی یہ مہابھارت سے مابعد ہے اور اِس مین بھی الحاقات کا پتہ لگتا ہے اِس مین صرف اڑتالیس ہزار بیتین ہین اور اسوجہ سے یہ گویا مہابھارت کی ربع ہے۔ باعتقادات ہنود رامائن کے مصنف وشنو ہین۔

رامائن مین سری رامچندر جی کی ان لڑائیون کی داستان ہے جو وہ لنکا کے راکشس بادشاہ راون سے اپنی بی بی سیتا جی کو چھڑانے کے لئے لڑے تھے۔ مہابھارت کے بہادرون کی طرح سری رامچند بھی وشنو کے اوتار تھے۔ اِس لڑائی مین اونکے رفیق اور معاون سوگریو وانرون کا بادشاہ اور بتایو کا بھائی گدھون کا بادشاہ تھا۔ یہان بھی واقعات کے بیان مین معجزات اور خرق عادات سے بہت کچھ کام لیا گیا ہے۔ لیکن اصلی مضمون بُرائی اور بھلائی کی لڑائی ہے۔ راون لنکا کا بادشاہ ایک نہایت ظالم اور بے رحم شخص تھا اور اوس نے تپشیون کو سخت ستا رکھا تھا اور اُن کی عبادت مین خلل ڈالتا تھا۔ اسپر دیوتاؤن نے ملکر صلاح کی کہ کوئی ایک دیوتا انسان کی صورت مین جنم لے کر راون کی گوشمالی کرین اور برہما کے حکم سے وشنو نے جو ہندو تثلیث کے ایک دیوتا ہین رامچندر جی مین جنم لیا۔ لیکن رامچندر جی کے والد اِس راز سے واقف نہ تھے اور اونہون نے اپنے بیٹے کا اخراج کردیا اور رامچندر جی اپنی استری سیتا جی کو لیکر بن باس ہوکر دھنک کے جنگل مین جو راکشسون اور بھوت پلیتون سے بھرا ہوا تھا چلے گئے۔ یہان راون کی بہن سونکھا جو کہ ایک دیونی تھی رامچندر جی پر عاشق ہوگئی اور



(۷۵) تر پتی کے مندر کا مقدس حوض



(۶۱) کونجی ورم کا مندر

سیتا جی کو کھا جانے کا ارادہ کیا۔ لیکن رامچندر جی اور لکشمن جی نے اُسے دور کیا اور اُس کی ناک اور کان کاٹ لئے۔ تب وہ انتقام لینے کی غرض سے چالیس ہزار راکشسون کی فوج رامچندر جی پر لے آئی لیکن رامچندر جی نے اپنے طلسمی تیرون سے اُن کو دور کیا۔ اُسوقت وہ اپنے بھائی راون کے پاس جس کے دس سر اور بیس ہاتھ تھے گئی اور سیتا جی کو چرا لینے کی خواہش کی۔ راون ہوا کے رتھ پر سوار ہوکر جنگل مین پہونچا اور اپنے ایک رفیق کو ہرن کی شکل مین رامچندر کو لبھانے کے لئے بھیجا اور خود ایک تپسوی کے بھیس مین سیتا جی کو لیکر اپنے ہوا کے رتھ پر روانہ ہوا۔ راہ مین جٹایو چڑیون کے بادشاہ نے اُسے روکنا چاہا لیکن اُس سے اور راون سے سخت جنگ ہوئی اور بالآخر جٹایو مارا گیا۔ اور راون سیتا جی کو لیکر لنکا پہونچا اور اُن کو بہکانے کی بہت کچھ کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہوا۔ ہنومان جی کی مدد سے سری رامچندر نے سیتا جی کا پتہ لگایا اور سوگریو اور وانرون اور ریچھون کی فوج لیکر لنکا پر چڑھ دوڑے اور اُسکا محاصرہ کیا۔ یہ لڑائی بھی بہت ہی عجیب و غریب ہوئی۔ بڑے بڑے پہاڑون اور جنگل کے درختون کو جڑ سے اوکھاڑ کر راون کی فوج پر پھینکا گیا۔ رامچندر جی اور راون کے بھائی سے سخت جنگ ہونے کے بعد وہ مارا گیا اور اس کے گرنے سے دو ہزار راکھشس مرگئے۔

رامچندر جی بھی زخمی ہوگئے۔ لیکن ریچھ کے بادشاہ کو یہ بات معلوم تھی کہ کیلاش پر ایک قسم کی بوٹی ہے جس سے زخم اچھا ہو جائیگا اور ہنومان کو اس بوٹی کے لانے کے لئے بھیجا گیا۔ ہنومان جی نے وقت بچانے کے لئے سارے پہاڑ کو جڑ سے اُکھاڑ لیا اور اپنی ہتھیلی پر لے آئے۔ اس بوٹی سے رام چندر جی اچھے ہوگئے اور دوبارہ لڑائی شروع ہوگئی۔

بالآخر راون اس طلسمی تیر سے مارا گیا جو خود برہما نے رامچندر جی کو دیا تھا۔ دیوتاؤن نے بھی اس فتح کی خوشیان منائین۔ اور سیتا جی اپنے پتی کے پاس آگئین اور آگ مین سے گزر کر انہون نے یہ بات ثابت کردی کہ وہ بالکل پاک ہین۔

اسی وقت اندر نے سری رامچندر جی کو اطلاع دی کہ وہ وشنو کے اوتار ہین۔ رامچندر جی اپنی بیوی کو لیکر ایک طلسمی رتھ پر بیٹھے اور فوراً اجودھیا پہونچ گئے اور وہان گیارہ ہزار سال تک سلطنت کرتے رہے۔ ان بیانات سے معلوم ہوگا کہ ان دونون رزمی نظمون کے کل بہادر کسی نہ کسی دیوتا کے اوتار ہین اور ان مین فوق العادت قوت ہے اور ان کے پاس طلسمی ہتیار ہین جن کی وجہ سے وہ کسی قسم کے خطرے مین نہین پڑتے اور آسانی سے غنیم پر غالب آجاتے ہین لیکن یہ منطق ہندوؤن کے خواب و خیال مین بھی نہین آتا۔

اب ہم رامائن کے بعض انتخابات درج کرتے ہین۔

فصل چہارم۔ قصص و حکایات و امثال

پنچتنتر ہندوستان کے لٹریچر مین امثال و حکایات کا بہت بڑا درجہ ہے اور اس قسم کی تصنیفات مین ہندوؤن نے بڑی شہرت حاصل کی ہے مثلاً پنچتنتر ایک مشہور مجموعہ حکایات اور امثال کا ہے اس مین حیوانات کی کہانیون اور کہاوتون کے ذریعے سے انسان کی تعلیم کی گئی ہے۔ کہانیان کسی قدر پیچ در پیچ ہین لیکن اس کے ساتھ ہی دلچسپ بھی ہین اور انکے بیچ بیچ مین عجیب و غریب اخلاقی مقولے اور امثال درج ہین یہ مجموعہ غالباً بہت ہی پرانا ہے اور بعض محققین کی یہ رائے ہے کہ یوروپ کے ایسپ نے اپنی مثالین اسی مجموعہ سے اقتباس کیا ہے۔ لیکن موجودہ شکل مین ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پنچتنتر کے مختلف حصے مختلف ازمنہ مین جمع کئے گئے کیونکہ اس مین ایک صندس کا نام آیا ہے جسکا زمانہ چھٹی صدی مسیحی ہے چھٹی صدی مسیحی کے نصف اول مین ہندوستان کے نیتی لٹریچر کا شہرہ ایران تک پہونچا تھا اور ساسانی خاندان کے خسرو نوشیروان نے جسکا زمانۂ حکومت ۵۳۱ عیسوی سے ۵۷۹ عیسوی ہے اپنے دربار کے ایک حکیم کو پنچتنتر کا ترجمہ پہلوی مین کرنے کے لئے بھیجا۔ یہ ترجمہ ایران کے شاہی کتب خانہ مین نہایت



(۷۷) بیجانگر کا مندر

احتیاط کے ساتھ ۶۵۲ عیسوی تک رہا اس کے بعد عرب ملک پر قابض ہوئے اور سو برس کے بعد المنصور کو اس پہلوی ترجمے کا ایک نسخہ مل گیا جو تصرف زمانہ سے بچ گیا تھا اور اُس نے اسکا ترجمہ عربی مین کرایا۔ یہ مجموعہ تمام عالم مین مشہور ہوتا گیا اور دسوین صدی مین اسکا ترجمہ فارسی نظم مین ہوا اور اس کے بعد سلطان سلیمان کے وقت مین ترکی نظم مین۔

گیارہوین صدی مین یہ یونانی مین ترجمہ ہوا۔ تیرہوین صدی مین عبرانی اور اسپانی ترجمے شائع ہوے اور چودہوین صدی مین جرمن ترجمہ۔ اسی صدی مین ایران دے بے نوئے نے اسپانی ترجمے سے جو کہ خود عربی سے نوار کی شاہزادی ژین زوجہ فلپ حسین کے لئے ترجمہ ہوا تھا لاطینی مین ترجمہ کیا۔ غرض بغیکل کوئی ایسی زبان تھی جس مین اس بے بہا مجموعہ کا ترجمہ نہ ہوگیا ہو اور ازمنۂ متوسط کے لٹریچر پر ان ترجموں کا بہت بڑا اثر پڑا۔ یوروپ کی کہانیون اور کہاوتون کا بہت بڑا حصہ جس مین خود لافانتین شامل ہے انہین ہندو حکایات سے ماخوذ ہے۔

ہتوپدیش پنچتنتر کے ساتھ ہی ساتھ ہتوپدیش کا مجموعہ جو اس سے بہت مابعد کا ہے بلکہ کہنا چاہیے کہ ہتوپدیش ہی سے ترمیم و اختصار کے ساتھ اخذ کیا گیا ہے اور اُس مین کسی اور مجموعہ سے جسکا پتہ نہین چلتا کچھ حکایات اضافے کردئے گئے ہین۔ اِن دونون کے سوا بھی کئی اخلاقی مجموعہ ہین لیکن وہ زیادہ مشہور نہین ہین۔

کہانیون اور قصون مین تو ہندوستان بہت ہی بڑھا چڑھا ہوا ہے کہا جا سکتا ہے کہ کل تاریخی اور مذہبی لٹریچر انہین قصون اور حکایتون سے بھرا ہوا ہے۔ اِن مین بہت سی حکایتین یوروپ مین کتاب الف لیلہ و لیلہ کے ذریعے پہونچی ہین اگرچہ الف لیلہ عربون کی جمع کی ہوئی ہے۔ لیکن اس مین بے انتہا ہندی حکایتین موجود ہین مگر ان مین کچھ اس قسم کا تغیر کردیا ہے کہ اون کا پہچاننا دشوار ہے مذہبی اور تاریخی کتابون مین جو حکایات و روایات درج ہین ان کو خاص طور پر مطالعہ کرنا چاہیے۔ اس وجہ سے کہ وہ نہایت

دلچسپ ہین۔ کیونکہ اِن مین دلچسپی تو بہت ہی کم ہے لیکن صرف اسوجہ سے کہ ان مین ہمین ہندوؤن کی اخلاقی اور دماغی حالت معلوم ہوتی ہے جسکا سمجھنا ایک یوروپی کے لئے نہایت دشوار ہے۔

اگر کوئی شخص اِن حکایات مین سے دس بیس حکایات کو پڑہے تو اُسے ہندوؤن کے منطق اور اُن کے ہر وقت بدلتے ہوئے خیالات اور غیر متعلق چیزون کو ایک جگہ جمع کر دینے کی عادت بخوبی معلوم ہو جائے۔

مصنف نے نیپال کی بعض حکایات کو جنمین یہ خاصیت بدرجۂ اتم پائی جاتی ہے اِس کتاب کے لئے ترجمہ کیا تھا لیکن اِن کا بیان درج کرنا طوالت کا باعث ہوگا۔ اگر کسی مستشرق صاحب کو اِس مسئلہ سے دلچسپی ہو تو وہ بیروکلیش کے قصے کو دیکھے جس کو یونانی اڈیپس کی طرح آواز غیبی نے خبر دی تھی کہ وہ اپنی ماں سے شادی کرے گا اور کتنی ہی کوشش کیون نہ کرے اِس قسمت کے لکھنے سے اُسے مفر نہ ہوگا۔ اِس طرح بدرناتھ کے مندر کی تعمیر کا قصہ ہے اِسے اک شہزادے نے تعمیر کیا تھا جس نے اپنے باپ کو غلطی سے مار ڈالا۔ اِس روایات کی تفصیلات سے معلوم ہوتا ہے کہ انسانی قربانی اُسوقت مین عام تھی۔ اِس کے علاوہ سن بال سارج کا قصہ ہے جس کے پانسو ہمراہیون کو سیلون کے سفر مین پانسو راکشسیان اُسکے آنکھون کے سامنے کھا گئین وغیرہ وغیرہ۔

فصل پنجم۔ ہندو ناٹک

ہندوؤن کے ناٹکون کی تسلیم یوروپی ناٹکون سے بہتر ہے

عموماً ہندو ناٹکون کا ایک حصہ نظم مین ہوتا ہے اور ایک نثر مین اور زبان مین بھی فرق ہے۔ یعنی اعلیٰ ذات کے اشخاص سنسکرت بولتے ہین اور ادنیٰ لوگ پراکرت کا استعمال کرتے ہین اگرچہ ان ناٹکون کی زبان بعض وقت بہت شستہ نہین ہوتی لیکن اُسسے جو تعلیم ہوتی ہے وہ ہمارے ناٹکون کی تعلیم سے بمراتب بہتر ہے۔ ان مین زنا کا جو ہماری ناٹکون مین ایک عام چیز ہے شاذ و نادر طور پر ذکر ہوتا ہے۔ البتہ عشق تو ان مین ضرور ہوتا ہے لیکن عشق کا نامل ہمیشہ

(۸۰) ویرو پاکا مندر ہیجانگر



شادی ہوتا ہے۔

دوسرے کی بی بی سے تعلق پیدا کرنا اوس زمانہ مین ایک بڑا اخلاقی جرم تہا۔ طوائف البتہ یہان بہی موجود ہین جیسے ہمارے ناٹکون مین۔ لیکن اوسوقت ہندو ڈرامہ مین طوائف وہی حیثیت رکہتی تہی جیسے یونان مین ہیٹیرا اور اپنی تعلیم و قابلیت کے لحاظ سے اونکا مرتبہ ہمارے یورپ کی طوائف سے بہت زیادہ تہا۔

ہندو ناٹک عموماً ہماری اوس فہرست مین ہین جنہین ہم یونان کی داستانین کہتے ہین۔ ان مین ہمیشہ خرق عادت کے واقعات وقوع مین آتے ہین۔ اور خود دیوتا اور دیومان ان مین شریک ہوتے ہین جب کسی موقع پر کوئی سخت مشکل آن پڑتی ہے تو دیوتاؤن سے التجا کی جاتی ہے اور وہ فوراً مشکل آسان کردیتے ہین۔

انشا کے لحاظ سے ہندو ناٹک درجہ مین کم ہین۔ کلیات کی طرف زیادہ خیال کیا جاتا ہے اور جزئیات ناقص رہجاتے ہین۔ کہیلنے والے عموماً لمبی لمبی تقریرین کرتے ہین جن مین اکثر بہت تصنع ہوتا ہے۔ اگرچہ بعض محققین کی راے ہے کہ ہندو ناٹک یونانی سے ماخوذ ہے لیکن ان دونون مین کسی قسم کی مشابہت نہین معلوم ہوتی۔

ان ناٹکون مین اسوجہ سے عیب نہین ہے کہ یہ کسی قاعدے کے پابند نہین ہین۔ قواعد کثرت سے ہین اور پیچدہ اور ان کے متعلق کثرت سے کتابین موجود ہین اور بہت وقت صرف کرکے ان کے ترجمہ ہماری زبانون مین کئے گئے ہین۔

ہندوؤن مین کہیلنے والون (ایکٹرون) کا درجہ اسوقت سے اونچا سمجہا جاتا تہا۔ اور ناٹک کے مصنفین تو نہایت معزز ہوتے تہے کیونکہ بعض اوقات خود بادشاہ ناٹک لکہتے۔ چنانچہ مٹی کی گاڑی کا جو بہترین سنسکرت ناٹکون مین ہے اسکا مصنف شودرک مگدہ کا بادشاہ تہا اور یہ ناٹک غالباً عیسوی صدی کے ابتدا مین تصنیف ہوا تہا۔

شکنتلا | اِن ناٹکون مین سے جن کی تعداد بہت زیادہ ہے ہم صرف کالیداس کے ناٹکون پر اکتفا کرین گے۔ کالیداس کا زمانہ تقریباً چھٹی صدی عیسوی سمجھا جاتا ہے لیکن یہ یقین کے ساتھ نہین کہا جا سکتا۔ اُس کی کُل نظمون میگھ دوت کمار سمبھو کرمورشی وغیرہ وغیرہ مین شکنتلا سب سے مشہور ہے۔ اِسکا ترجمہ دس بارہ زبانون مین ہوگیا ہے اور خود فرانسیسی مین کئی ترجمہ موجود ہین۔ اُس زمانہ مین جب کہ سنسکرت لٹریچر کی اطلاع یورپ مین ہوئی اور یہ خیال کیا گیا کہ ایک نئی علمی دنیا ہمارے ہاتھ آئی ہے اِس ناٹک کی بڑی قدر ہوئی کیونکی اور لاماٹین نے اِس پر عش عش کی۔ اگرچہ یہ ناٹک اُتنی تعریف کا مستحق تو نہ تھا جو کی گئی لیکن بیشک اِس مین ہندو مصنفین کے اوصاف اُن کے عیوب پر غالب ہین۔ اِسمین ایک سادگی ہے اور دوسرے ناٹکون کی طرح مبالغہ و اغراق نہین ہے۔ کہانی دل کو لگنے والی اور اسکے اشخاص سب انسان ہین۔ تقریرین مختصر اور انشائی پیچیدگیون اور رنگینون سے مبرا۔ اِس کے بعض مقامات فی الواقع نہایت موثر اور پر لطف ہین۔

مختصر طور پر شکنتلا کی کہانی یہ ہے۔ راجہ دشینت شکار کھیلتے کھیلتے ایک آشرم مین پہونچتے ہین اور وہان شکنتلا کو جو ایک رشی اور ایک دیوی کی بیٹی ہے دیکھتے ہین۔ ہندو رسم کے مطابق راجہ فوراً اُسپر عاشق ہوجاتے ہین اور ایک دوسری رسم کے مطابق وہ گاندھروِواہ کے روسے اُس کے ساتھ شادی کرتے ہین۔ اِس رسم مین شرط تھی کہ فوری شادی کے بعد دونون فریق اِسکو آگے چلکر بھی قایم رکھین مگر واپس آنے کے بعد راجہ اپنی دارالسلطنت ہستناپور کو چلے جاتے ہین اور شکنتلا کو چھوڑ جاتے ہین جسوقت شکنتلا کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ حاملہ ہے تو وہ اپنے پتی کے پاس جاتی ہے اور اپنی پہچان کے لئے وہ انگوٹھی لے جاتی ہے جو راجہ نے اوسے دی تھی۔ لیکن شکنتلا کی بدقسمتی سے ایک رشی جنکے سوال کا اُسنے اپنے عشق کی دھن مین جواب نہین دیا تھا اُسے بددعا دیتے ہین۔ اور جب وہ راجہ کے سامنے جاتی ہے تو راجہ اُسے نہین پہچانتا اور نہ وہ انگوٹھی پیش کرسکتی ہے کیونکہ انگوٹھی اُسکے ہاتھ سے

ندی پار ہوتے وقت گرگئی۔ انگوٹھی تو ایک مچھوے کو مچھلی کے پیٹ مین ملتی ہے لیکن راجہ کے بھول جانے کی وجہ سے شکنتلا چلی جاتی ہے اور اوسکا مطلق پتہ نہین لگتا۔ کئی سال کے بعد راجہ کو شکنتلا اور اپنے لڑکے کا پتہ لگتا ہے۔ اور وہ بھی آسمان کی مدد کے ذریعے سے یعنی اندرجی اسورون کے ہاتھ سے تنگ آکر راجہ دشنیت سے اون کے قلع قمع کرنے کی درخواست کرتے ہین جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انسانون اور دیوتاؤن مین کیا تعلقات تھے دشنیت اسورون پر فتح پاتے ہین اور راجہ اندر اس کے صلہ مین دشنیت کو اپنی بی بی اور بچے سے ملا دیتے ہین ناٹک کا خاتمہ دشنیت کے آسمان پر چلے جانے سے ہوتا ہے جسکا سمجھنا کسیقدر مشکل ہے۔

فصل ششم۔ متفرق تصنیفات

باستثنا تاریخ کے جس کے لئے ہندوؤن کا دماغ بالکل ناموزون معلوم ہوتا ہے کیونکہ ان کے پاس تاریخ کی ایک کتاب بھی نہین ہے ہندو لٹریچر مین ہر قسم کے مضامین پر تصانیف موجود ہین فلسفہ مذہب قانون وغیرہ وغیرہ ان سب مین بڑی بڑی کتابین لکھی گئی ہین۔ طبیعات پر بھی تصانیف ہین لیکن۔ یہ عموماً بہت ہی معمولی طرز کی ہین اگر ہم صرف کتابون کو گنائین تو مطلب سے بہت دور ہو جانا پڑے گا اس لئے ہم صرف تھوڑا سا بیان پرانون کا کرین گے کیونکہ انکو ہندو بہت کچھ مانتے ہین۔

پران لفظ پران کے معنی قدیم کے ہین لیکن ان سے مراد مذہبی قصص و حکایات ہین جو مختلف اوقات مین جمع کئے گئے اور جن کو فی الواقع ہندو دیوستہان کا مخزن سمجھنا چاہیئے۔ اسکے ساتھ ہی ساتھ ان مین مختلف ہندو حکومتی خاندانون کی خیالی تاریخین بھی ہین اور پران تعداد مین اٹھارہ ہین۔ ان مین آٹھ لاکھ بیتون سے زیادہ ہین یوروپی دماغ انکے پڑھنے کی تاب نہین لاسکتا۔

اپنشد ان تصنیفات کے سوا جسکا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ صرف اپنشد ایک ایسی چیز ہے جسکے مطالعہ

سے ہمین کچھ فائدہ ہو سکتا ہے۔ اِن فلسفی تصانیف کا ذکر ہم بدہ مذہب کے باب مین کر چکے ہین اور آگے چلکر اُس باب مین کرین گے جو ہندوستان کے مذاہب موجودہ سے متعلق ہے۔ اِن تصانیف مین متخیلہ کے جسارت حد سے بڑھی ہوئی ہے۔ اور ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندو نے دو ہزار سال قبل اُن بڑے بڑے اسرار زندگانی پر غور کیا تھا جو صرف مغربی دُنیا کے سامنے صرف سو برس سے لائے گئے ہین۔ اور اِن مسائل کے حل کرنے مین اُس نے بے انتہا جسارت سے کام لیا ہے۔ ہندوؤن کے صنائع۔ اِن کی انشائی تصنیفون سے بہت زیادہ باوقعت ہین۔ اور اب ہم تھوڑا سا بیان ہندی زبانون کا کرنے کے بعد ہندی فن عمارت کی طرف توجہ کرین گے جو ہمارے لئے بہت زیادہ دلچسپ اور پُر نتائج ہے۔

فصل ہفتم۔ ہندوستان کی زبانین

ہندوستان کی زبانون سے بہت ہی مختصر طور پر بحث کرنے مین بھی ہم اِس کتاب کے اصل مقاصد سے بہت دور چلے جائین گے۔ اِس فصل مین ہم صرف اِن زبانون کی تقسیم پر بلحاظ ملک کے، اور بلحاظ تعداد اون اشخاص کے جو انہین بولتے ہین، نظر ڈالین گے۔

جو سیاح ہندوستان مین اِس خیال سے آئے کہ وہ تمام ملک ہند کے باشندون سے انہین کی زبان مین گفتگو کر سکے گا۔ تو اُسے تقریباً ۲۴۰ زبانین اور ۳۰۰ مختلف محاورے سیکھنے پڑین گے۔

اگر اون پانسو چالیس زبانون یا محاورون مین فارسی بھی شامل کر لیجائے جو بعض دیسی ریاستون کی اور اعلیٰ طبقات کی زبان ہے۔ اور اسی طرح پہلوی جو پارسیون کی زبان ہے اور چینی جسے کلکتے کے چینی بولتے ہین۔ اور پھر ان پر اُن یوروپی زبانون کو اضافہ کر لیا جائے جو ہند کے انگریزی، پرتگیزی، فرانسیسی وغیرہ حکومتون مین بولی جاتی ہین تو اُس وقت اِس سیاح کی تعلیم البتہ کسیقدر کامل سمجھنا چاہیئے۔ اِن ۵۵۰ یا ۵۹۰ زبانون مین سنسکرت کو شریک کرنا فضول ہوگا کیونکہ یہی ایک زبان ہے جو



(۷۹) مڈورا کے مندر کا پھاٹک

یورپ کی یونیورسیٹون مین سکھائی جاتی ہے اور غالباً ہمارا سیاح اُس سے واقف ہوگا اگرچہ یہ زبان ہند مین بولی نہین جاتی۔

ہند کی زبانون کی تقسیم ہند کی یہ کل زبانین پانچ ابتدائی طبقون مین تقسیم کی گئی ہین جنمین باہم اُس سے بہت زیادہ فرق ہے جتنا یورپی زبانون مین ہے۔ یہ طبقات حسب ذیل ہین۔

اول۔ آریا زبانین۔

دوم۔ ڈریوڈی زبانین۔

سوم۔ کولاری زبانین۔

چہارم۔ تبتی زبانین۔

پنجم۔ کھاسی زبانین۔

اِن السنہ مین اول طبقہ کی زبانین تصریفی ہین اور دوسرے اور تیسرے اور چوتھے طبقے کی السنہ مزقہ۔ یعنی اِن مین تصریف لفظ کے اندرونی تغیر سے نہین پیدا ہوتی بلکہ تصریفی اجزا کے الحاق سے پیدا ہوتی ہے۔ اور اخیر طبقے کی زبانین بسیط اور غیر مرکب ہین۔

عام طور پر کہا جا سکتا ہے کہ آریا زبانین شمال اور وسط ہند مین بولی جاتی ہین۔ ڈریوڈی زبانین جنوب ہند مین اور کولاری زبانین اُن مخصوص اور محدود خطون مین جو بطور جزائر کے مشرق اور وسط ہند مین واقع ہوئے ہین تبتی زبانین، ہمالیہ کی گھاٹی مین اور کھاسی زبانین آسام کے ایک حصے مین بولی جاتی ہین۔ سنسکرت جو اسوقت ایک مردہ زبان ہے اور جس مین ہند کی قدیم کتابین لکھی گئی ہین۔ آریا طبقے کی زبان ہے اِس وقت ہند مین سنسکرت کی وہی حالت ہے جو ہمارے کیا تھولک مذہب مین لاطینی زبان کی ہے اور اسے زیادہ تر معدودے چند برہمن سیکھتے ہین۔

سنسکرت کا درجہ یورپ کے دارالعلومون مین جو اعلیٰ درجہ سنسکرت کو دیا گیا ہے وہ اسوجہ سے ہے

کہ پہلے یہ زبان تمام یوروپ کے زبانون کی مان خیال کیجاتی ہے لیکن اب ثابت ہوگیا ہے کہ کل ہند یوروپی زبانین یعنی سنسکرت، جرمن، سلاو انک لاطینی یونانی ژند وغیرہا ایک ایسی زبان سے مشتق ہوئی ہین جو بالکل مفقود ہوگئی ہے۔ پس سنسکرت یا ان مسبوق الذکر السنہ مین سے کسی زبان کی نسبت یہ نہین کہا جاسکتا ہے کہ یہ انڈو یوروپی زبانون کی مان ہے البتہ یوروپین کے سنسکرت دانی کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ وہ اس زبان کے ذریعہ سے ہندؤون کی مذہبی کتابون سے پوری واقفیت حاصل کرسکتے ہین۔

ہندوستانی یا اردو زبان کا درجہ

مختلف محاورون کو چھوڑکر ہندوستان مین آباد طبقے کی تقریباً سولہ زبانین ہین۔ ان مین سب سے اول ہے۔ اسکی ابتدا سے ہندوستانی وہ زبان ہے جسکا سیکھنا ضروری ہے۔ یہ گویا ملک کی دولتی زبان ہے اور اسی مین بہت کچھ خط وکتابت ہوتی ہے۔ اور اخبارات چھپتے ہین۔ غرض ہن اشخاص کو ہند کے لوگون سے کام پڑتا ہے اُنکے لئے اُردو کا جاننا لازمی ہے۔ یہ زبان باوجود ملک مین اسقدر عام ہونے کے ایک بالکل جدید زبان ہے۔ اور پندرہوین صدی کے ابتدا مین قدیم آریہ زبان ہندی اور فارسی وعربی سے مرکب ہوکر بنی ہے۔ اسکی صرف ونحو سنسکرت سے مشتق ہے اور یہ عموماً فارسی حرفون مین لکھی جاتی ہے۔ یہ زبان زیادہ تر اردو کے نام سے مشہور ہے جو سلاطین مغلیہ کے فوجی پڑاؤ کا نام تھا۔ اُردو بالکل فطرتی طور پر اور محض ضرورت کے لحاظ سے بنی ہے اور جو محققین السنہ کو اوسکی صرف ونحو کا مطالعہ کرنا ضرور ہے۔ کیونکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نئی زبان کیونکر وجود مین آتی ہے اُردو کے بعد ہندی کا درجہ ہے جو ہندوستان مین بولی جاتی ہے۔ اور پھر پنجابی اور بنگالی کا جو پنجاب اور بنگال کی زبانین ہین۔

ڈراوڈی زبانین

ڈراوڈی زبانین جو جنوب ہند مین بولی جاتی ہین آریا زبانون سے کوئی تعلق نہین رکھتین ان کی ساخت بھی علیحدہ ہے۔ یہ السنہ بلزقہ کے طبقے مین ہین یعنی ان کے الفاظ مین ایک مادہ کا جزو ہے جو مطلق نہین بدلتا۔ اور اُسکے اول یا آخر مین تصریفی حروف بڑھائے جاتے ہین جن سے مختلف معانی پیدا ہوتے ہین۔ اس طبقے مین چودہ زبانین ہین۔ اور ہر ایک کے بہت سے محاورات ہین۔ ان زبانون کو بولنے

والی پانچ کروڑ مخلوق ہے۔ اِن مین اول درجہ ٹیال کا ہے جو دکن کے مشرقی وجنوبی حصہ مین کیپ کامرن تک بولی جاتی ہے۔ اِس مین بہت بڑا لٹریچر ہے۔ دکن کے مشرقی حصہ مین اور حضور نظام کے ملک مین ایک کروڑ ستر لاکھ آدمی تلنگی بولتے ہین۔ اِس طبقے کی دو زبانین کنڑی اور مالیالم جنوبی ساحل کی زبانین ہین۔

کولاری زبانون کے بولنے والے ہند کی مختلف وحشی اقوام ہین جو بیرونی اقوام کے وارد ہون سے پہلے اس ملک مین آبسی تھین۔

تبتی زبانین | تبتی زبانین صرف ہمالیہ کی گھاٹی مین رائج ہین۔ کھاسی زبانین آسام کے ایک حصے مین بولی جاتی ہین اور ان کا شمار بسیط زبانون مین ہے یعنی اِن مین صرف ایک مادہ کا جز ہوتا ہے جو مطلق نہین بدلتا۔ اِن زبانون کی بڑی مثال چینی زبان ہے۔

ہم ذیل مین ان زبانون کا اور ان کے بولنے والون کی تعداد کا ایک تخمینہ درج کرتے ہین جس سے اس بیان کی جو اوپر لکھا گیا تشریح ہو جائیگی۔

زبان کا نام	بولنے والونکی تعداد	زبان کا نام	بولنے والونکی تعداد
ہندوستانی	اٹھ کروڑ پچیس لاکھ	گجراتی	پچانوے لاکھ
بنگالی	تین کروڑ نوے لاکھ	کنڑی	پچاس لاکھ
تلنگی	ایک کروڑ ستر لاکھ	اوریا	ستر لاکھ
مرہٹی	ایک کروڑ ستر لاکھ	مالیالم	پچاس لاکھ
پنجابی	ایک کروڑ ساٹھ لاکھ	سندھی	چالیس لاکھ
ٹیال	ایک کروڑ تیس لاکھ	ہندی	تیس لاکھ

زبانون اور محاورون کی کثرت کی وجہ سے ہندوستان کے سفر مین دقتین پیدا ہوتی ہین۔ خود مصنف

کو بارہا مشکلات کا سامنا ہوا ہے مثلاً مقامات کا پتہ لگانا نہایت دشوار ہوتا ہے۔ نقشون اور کتابون مین بعض اوقات ایک ہی نام کے دس بارہ مقامات ہوتے ہین جنسے ملک کے باشندے مطلق واقف نہین ہین اور اس امر کا پتہ لگانے مین کہ یہ کون سا مقام ہے سخت محنت کرنی پڑتی ہے۔

ہندوستان مین نسل و زبان کا اختلاف اتحاد کا مانع ہے

زبانون کی کثرت کے متعلق جو بیان کیا گیا اس سے ثابت ہے کہ ہند کے باشندون کی زبانین بھی اوسی قدر مختلف ہین جسقدر اُن کی نسلین۔ اور صاف ظاہر ہے کہ جسوقت ان مختلف اقوام مین یہ دُہرا اختلاف موجود ہے جو یورپ مین نہین پایا جاتا ہے تو پھر اس امر کی بہت کم امید کیجا سکتی ہے کہ یہ اس خارعمیق کو پار ہوکر آپسمین مل جائین اور ایک قوم بنجائین۔

باب دوم۔ ہند کی عمارت

ہند کی عمارات کی بوقلمونی

ہند کی عمارات کا مطالعہ اور اس سے نتایج نکالنا آسان امر نہین ہے۔ اول تو بعض زمانون کی مطلق عمارات باقی نہین رہین۔ اور ہین بھی تو اکا دکا۔ دوسرے یہ کہ ایک ہی زمانہ کی عمارات کے طرز تعمیر مین بلحاظ اختلاف مقام بہت کچھ فرق ہے۔ غرض ہند کے مذاہب اور السنہ اور اقوام کی طرح اس ملک کی عمارات مین بھی ایک قسم کی بوقلمونی ہے اور ہرگز وہ اتحاد جو پایا جاتا ہے موجود نہین ہے۔ یہان کی عمارتون مین یورپ کی عمارتون سے بمدارج زیادہ اختلاف ہے۔

جو محقق یورپ کی عمارتون مثلاً فرانس کی عمارتون کو مطالعہ کرے اُسے ہر ایک صدی کی طرز کی عمارتین علیحدہ علیحدہ ملین گی۔ اور وہ بتا سکے گا کہ ان مین مختلف ازمنہ مین کیا کیا فرق ہوا۔ اس قسم کے وقفے جن مین عمارتون کا وجود ہی نہین بہت کم ہین۔ اور ایسے وقفون کی بابت کتابون اور تحریری بیانات سے کمی کی تکمیل ہوجاتی ہے۔ یعنی موجودہ عمارات سے اور مفقودہ عمارات کے بیانات سے ہمارا سلسلہ تحقیق پورا ہوجاتا ہے۔ لیکن ہندوستان کی یہ حالت نہین ہے۔ یہان بڑے لمبے لمبے وقفے واقع ہوئے اور

(۸۰) مدورا کا مندر



انسان اور اوس کی یادگارین تلف ہوگئین ہین۔ بلا اسکے کہ اون کی کوئی نشانی باقی رہ گئی ہو۔ اور جس کو تاریخ کہہ سکین اوسکی ابتدا بہت ہی قلیل زمانہ سے ہوئی ہے۔

اختلاف عمارات جو محقق ہند مین صرف اس غرض سے آئے کہ ملک کی عمارات اور یادگارون کے ذریعہ سے یہان کے قدیم تمدنون کا پتہ لگائے تو اوسے موجودہ عمارات کے دیکھنے سے سخت حیرت ہوگی اور شاید اس سے بھی زیادہ حیرت اُن یادگارون کے متعلق ہوگی جنکا وجود باقی نہین رہا۔ مثلاً اُس بہت ہی قدیم تمدن کی جو پندرہ سو سال قبل مسیح اس ملک مین تھا اور جس کی تعریف ہمین کتابون مین ملتی ہے کوئی یادگار یا کوئی پتہر ہی ہم تک نہین پہونچا ہے۔ اس سے ایکہزار سال مابعد کے زمانہ کی بابت ہمین کچھ تھوڑی بہت نشانیان ملتی ہین جن سے اُس زمانہ کی عظمت کا تو اندازہ ہوسکتا ہے لیکن اُن سے کوئی تاریخی مولو نہین حاصل ہوتا۔ البتہ تقریباً تین سو سال قبل مسیح مین دفعتہً بہت سی عمارات ہمارے سامنے آجاتی ہین۔ لیکن ایسی تکمیل کی حالت مین کہ پھر ان کے مانوق ترقی نہین ہوئی۔ ہندوستان مین کسی مقام پر ہمین وہ ابتدائی مدارج نہین ملتے جو دوسرے ممالک مین موجود ہین۔ کسی خاص خطہ مین عمارتین شروع ہوجاتی ہین اور دو تین صدیون تک اُن مین ترقی ہوتی رہتی ہے اور پھر دفعتہً وہ غائب ہوجاتی ہین۔ اس زمانہ سے ماقبل بھی تاریکی ہی تاریکی ہے اور اس کے بعد بھی وہی تاریکی بعض مقامات پر یونانی یا ایرانی اثر بیّن طور پر معلوم ہوتا ہے لیکن اس حد سے بڑھتا نہین اور پھر دفعتہً غائب ہوجاتا ہے کسی پربت یا میدان مین بڑے بڑے یادگاری پہاٹک نظر آجاتے ہین جنپر عجیب و غریب منبت کاری کا کام کندہ ہے اور پھر سارے ملک مین گردش کرنے سے بھی بمشکل ان کی نظیر کسی دوسری جگہ ملتی ہے۔

حالانکہ دو ہزار سال کا زمانہ گذر گیا ہے۔ اگر ہمارا محقق ان قدیم عمارات سے مایوس ہوکر جدید عمارات کی طرف جو تاریخی زمانہ کی ہین اور مسلمانون کے وقت مین تعمیر ہوئی ہین رجوع کرے جب بھی اُسے بہت سی مشکلات کا سامنا پڑتا ہے وہ اس امر کی توقع کرے گا کہ ان عمارات مین ایک باہمی تناسب ہوگا

کیونکہ اِسکے بنانیوالے ایک ہی قوم ایک ہی مذہب اور ایک ہی زبان کے اشخاص ہین لیکن واقعہ یہ ہے کہ اِن اسلامی عمارتون مین جو ہندوستان کے مختلف خطون مین موجود ہین اس درجہ اختلاف ہے کہ یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ آیا یہ عمارات ایک ہی زمانہ اور ایک ہی قوم کی یادگار ہین۔

اِن عمارات کی باقیات مین ہمین جو ظاہری اختلافات معلوم ہوتے ہین اُن کی توضیح کسی قدر قدیم تاریخ سے ہوسکتی ہے۔ اگرچہ تاریخی مواد ہمارے پاس نہایت ہی کم ہے لیکن جب ہم اُس سے درست طور پر نتائج نکالین تو ہمین اس سے بہت کچھ مدد ملتی ہے اصل یہ ہے کہ ہند کی تاریخ سے عمارات کی توضیح ہوتی ہے اور عمارات سے تاریخ کی۔ اسکے بعد تحقیق سے ہمین اُن مازمنہ کا بھی پتہ لگتا ہے جنکی نسبت تواریخ اور روایات بالکل ساکت ہین۔

فصل اول۔ ہند کی عمارات کی تقسیم

ہند کی قدیم سے قدیم عمارت تیسری صدی قبل مسیح سے اوپر نہین جاتین۔

باستثنا چند پہاڑی غارون کے جن مین بشکل کوئی تعمیری حیثیت پائی جاتی ہے ہندوستان کی قدیم سے قدیم عمارات تیسری صدی ماقبل مسیح سے اوپر نہین جاتین اس زمانہ کے متعلق ہمارے پاس بین ثبوت موجود ہے کہ ہندؤون مین فن تعمیر موجود تھا۔ اور یہ بڑے بڑے شہرون اور عمارات کی تعمیر کرتے تھے۔ یہ امر نہین نہ صرف مہابھارت اور رامائن کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے بلکہ اُس زمانون کی بعض یادگارون سے بھی جو ہمارے زمانہ تک پہونچی ہین۔ انکے منجملہ برہت کے کٹھرہ مین جنپر ایسا باریک منبت کاری کا کام ہے کہ اُس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ زمانہ دراز کی محنتی ترقی کا نتیجہ ہے۔ عام طرح پر خیال کیا جاتا ہے کہ یہ قدیم عمارات جو محض اینٹون اور لکڑی سے بنی ہوئی تھین (کیونکہ پتھر کا استعمال صرف بنیاد مین ہوا کرتا تھا) تقریب قریب سب تلف ہوگئی ہین۔ نیپال مین جہان اسوقت تک ہند کے کل اور خطون کے مقابل مین قدیم رسوم



(۸۱) مدورا کے ایک مندر کا منظر

رواج اسوقت تک باقی ہین آج بہی اینٹون اور لکڑی کی عمارات بنانے کا طریقہ جاری ہے۔

گمستنیز بھی جسکا زمانہ تیسری صدی قبل مسیح ہے اِس خاص طریقہ تعمیر کو بیان کرتا ہے اور بُدھ گیا کا سب سے قدیم مندر جسے کہنا چاہیئے کہ ابتدا رسنین مسیح کا ہمعصر ہے اینٹون سے بنا ہوا ہے چونکہ اینٹ لکڑی کا کام پتھر کے کام سے زیادہ آسان ہے اِس لئے ہندوؤن نے اُس کو زیادہ استعمال کیا۔

ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تیسری صدی قبل مسیحی مین یعنی اشوک کے زمانہ مین ہندوستان کی عمارات پتھر سے بننے لگین ان کی بعض مثالین اسوقت تک باقی رہ گئی ہین۔ یہ غالباً قدیم لکڑی کی عمارتون سے نقل کی گئی ہین جس کا ثبوت نیپال مین بین طور سے ملتا ہے جہان کے صناع نہایت عمدگی کے ساتھ لکڑی کے ستونون کی نقل پتھر مین اُتارتے ہین۔

بُدھ زمانہ کی تعمیر کی خصوصتین | بُدھ زمانہ کی قدیم یادگارین ستون۔ ٹوپ۔ منبت کاری کے کٹہرے وغیرہ نہایت ہی تکمیل کیحالت مین کل ملک مین پھیلے ہوئے ہین۔ امراوتی مین اجنٹا مین سانچی مین اور دوسرے مقامات مین اِن یادگارون کے زمانے کو قرار دیتے وقت ایسا خیال ہوتا ہے کہ شاید ان کی ابتدا اول بھدے اور موٹے ترشے ہوئے مندرون سے ہوئی ہے جو تہ خانون مین واقع ہوئے ہین لیکن عجیب بات یہ ہے کہ اِن مندرون کا زمانہ اور اعلیٰ درجہ کی منبت کاری کا زمانہ ایک ہی ہے۔ فی الواقع یہ زیر زمین مندر محض خفیہ مقامات ہین جن کو پُرانے زمانے کے بدھ راہبون نے پناہ لینے کے لئے زمین مین کھودا تھا اس قسم کی عمارات سے کسی زمانہ کی فن تعمیر کا اندازہ کرنا ویسا ہی ہے جیسے ہم اِس زمانہ کے کسی عظیم الشان شہر کا اندازہ اُن جھونپڑون سے کرین۔ جو جنگلون اور پہاڑون مین محض پناہ لینے کی غرض سے بنالئے جاتے ہین۔

پس فن تعمیر کی تدریجی ترقی مین اِن زمینی مندرون کو پہلا زینہ قرار دینا بالکل غلط استدلال ہوگا۔ تاہم اِس بہت ہی قدیم زمانہ کی یادگارون مین صرف یہی تہ خانون کے مندر اور چند منبت کاریان اور ستوپ

رہ گئے ہین۔ جو زمانہ کی دست بُرد سے بچ رہے ہین۔ ہماری خوش قسمتی ہے کہ قدیم زمانہ کی بدہسٹ اپنے اپنے مندرون کو پہاڑون کے اندر کندہ کرتے تھے جس کی وجہ سے وہ تلف ہونیسے بچ گئے ہین اگر انہین انسان کے ہاتھون نے وقتاً فوقتاً نہ بگاڑا ہوتا تو شاید یہ ہمین اسی حالت مین ملتے جس حالت مین یہ تعمیر ہوئے تھے۔ بمقابل اُن یادگارون کے جو میدان مین اور زیر آسمان قایم کیگئی ہین مثلاً وہ ایک ڈال کی سنگی لاٹین جنیر اشوک کے احکام کندہ ہین یا اور کندہ کئے ہوئے کتبہ وغیرہ ان کی تعداد بہت زیادہ ہے بنجملہ اُن بڑے مندرون اور قصرون کے جو سن مسیح کے ماقبل زیر آسمان تعمیر کئے گئے تھے ایک بھی باقی نہین رہا۔ فاہیان جو چوتھی صدی مسیح مین آیا ہے اشوک کی حویلیون و کھنڈرون کا ذکر کرتا ہے لیکن یہ کھنڈر اوسے ایسے خوش نما معلوم ہوئے کہ وہ لکھتا ہے کہ یہ عمارتین ہرگز انسان کے ہاتھ کی بنی ہوئی نہین ہین۔

بدھ و جدید برہمنی طرز تعمیر کی خصوصیتین

پانچوین صدی مسیحی سے آٹھوین صدی مسیحی تک بدھ مذہب کے زیر زمین مندر بتدریج موقوف ہوجاتے ہین اور اُن کی جگہ مختلف مذاہب کے مندر زیر آسمان تعمیر ہوتے ہین چونکہ ان مندرون کے بنانے والے زیادہ تر ہین تھے اسلئے اس طرز تعمیر کا نام جینی طرز رکھا گیا ہے لیکن مصنف کی راے مین یہ اصطلاح بالکل غلط ہے کیونکہ اس زمانہ کے برہمنی مندر بھی اسی طرز مین بنے ہوئے ہین جیسا کہ کھجراہہ کے مندرون کے دیکھنے سے معلوم ہوسکتا ہے آگے چلکر معلوم ہوگا کہ ہند کی طرز تعمیر مین بھی بلحاظ اختلاف مقامات اور اختلاف ازمنہ بہت کچھ فرق واقع ہوگیا ہے جو یورپ کے تعمیری اختلافات سے ہرگز کسی طرح کم نہین۔

ہند کی عمارات کو جانچتے وقت ہمین زیادہ تر اونکے کام کی باریکی کو دیکھنا چاہیئے نہ کہ اون کے زمینی نقشہ کو مثلاً عام طور پر کہا جاسکتا ہے کہ بدھ زمانے کے مندرون مین علی العموم بڑے دالان ہوا کرتے تھے جو پہاڑون مین سے کھود کر نکالے جاتے تھے اور انمین چھوٹے بڑے چھوترے



(۸۲) مڈورا کے بڑے مندر کا اندرونی حصہ

ہوتے تھے جنکے گرد ستون قایم کئے جاتے تھے۔ اسی طرح شمال ہند مین برہمنی زمانہ کے مستطیل دالان ہوتے تھے جن مین محرابین بنی تھین اور اونپر اہرامی صورت کندہ تھی جس کے اضلاع خمدار تھے۔ لیکن جنوب ہند کے مندرون مین کئی درجہ ہوا کرتے تھے اور ان کے دالانون کے دروازہ اہرامی صورت کے ہوتے اس قسم کے بیان سے کوئی فائدہ نہین ہوتا جب تک کہ خود یہ عمارتین کتاب کے پڑہنے والیکے سامنے نہ پیش کی جائین ان کی طرز تعمیر کا کوئی اندازہ نہین ہوسکتا۔

ہندوؤن نے قبہ نما چھتون کا مطلق استعمال نہین کیا۔

ہندو مندرون کی تعمیر مین ایک اصول بہت عام ہے جو ابتدا زمانہ سے لیکر مسلمانون کے وقت تک اور اوسکے بعد کی تعمیرون مین بھی ملحوظ رکھا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ انھون نے قبہ نما چھتون کا مطلق استعمال نہین کیا ہے اور اسی وجہ سے یہ عمارتین دست برد زمانہ سے محفوظ رہی ہین۔ اس مین شک نہین کہ قبہ نما چھتین ایک بہت ہی عمدہ ذریعہ تھوڑے سے مصالح کے استعمال سے بہت بڑی جگہ کو مسقف کر لینے کے لئے ہین اور یہی وجہ ہے کہ ان کا استعمال مغربی ممالک مین کثرت سے ہوتا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی اس قسم کی چھت ایک ناپائدار چیز ہے ہندوؤن کا مقولہ درست ہے کہ اس قسم کی چھتین کبھی چین سے نہین سوتین۔ ایک ایسے ملک مین جہان زلزلے اور اقسام کی آفات آسمانی کا سامنا وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے یوروپی طرز کی عمارتین زیادہ مدت تک نہین رہ سکتین اسکا ثبوت ان عمارتون سے ملتا ہے جو انگریزون نے ہندوستان مین بنائی ہین کیونکہ یہ اگر یوروپی طرز پر تعمیر ہوئی ہوتین تو مدت کی خراب و خستہ ہو چکتین۔ پلون اور بڑی عمارتون کی چھتون کو قایم رکھنے کے لئے ہندوؤن نے محراب کا استعمال کیا ہے لیکن ان محرابون کا بالائی حصہ مسطح ہے یعنی جو تھین پتھرون کی جمائی گئی ہین وہ ایک دوسرے کے اوپر واقع ہوئی ہین۔ جہان کہین بہت بڑی چھت کو سنبھالنے کی ضرورت پڑی ہے تو کئی قطارین ستون کی قایم کی ہین جس وقت مسلمان ہندوستان مین اس قسم کی محراب کو لا چکے جس کے جوڑ ایک نقطہ پر منتہی ہوتے ہین تب ہی ہندوؤن نے اس

محراب کو اپنی تعمیر مین استعمال نہین کیا۔ یہ نہین کہا جا سکتا ہے کہ مسلمانون کے آنے سے پہلے ہندو اس طرز کی محراب سے واقف نہ تھے کیونکہ یونانی جن سے ہندوؤن کے تعلقات قایم ہو چکے تھے ایسی محراب کا استعمال کرتے تھے۔

ہند کی عمارات کی تقسیم مین ہی ہم وہی طریقہ اختیار کر سکتے تھے۔ جو ہم نے یہان کے مذاہب کی تقسیم مین اختیار کیا ہے۔ یعنی بدھ زمانہ کی عمارات۔ جدید ہندی زمانہ کی عمارات۔ اور اسلامی زمانہ کی عمارات۔ لیکن محض یہ تقسیم ہرگز کافی نہین ہے۔ عمارات کے اختلاف مین ایک بہت بڑا حصہ اختلاف اقوام کا ہے اور مذہب کو اس مین زیادہ دخل نہین ہے۔ مثلاً جنوب ہند اور شمال ہند کی طرز تعمیر مین بے انتہا فرق ہے۔ اگرچہ دونون خطون کے باشندے تقریباً ایک ہزار سال سے ہندو ہین۔

عمارات کی تقسیم مین جو اصول ہمین معقول معلوم ہوتے ہین وہ یہ ہین کہ ہمین کو بلحاظ ملک کے اُن خطون کے تقسیم کیا جاے کہ جن مین وہ واقع ہین۔ ہمنے یہی تقسیم اختیار کی ہے۔ اور جو شخص ہماری تصاویر کی ورق گردانی کرے اوس پر ثابت ہو جاے گا کہ یہی ایک تقسیم ہے جس کے ذریعہ سے ایک ہی قسم کی عمارات پر نظر ڈالی جا سکتی ہے۔ اور ان کا عام بیان قلمبند کیا جا سکتا ہے۔ ہمنے اپنے بیانات مین ایک ہی مقام کی مختلف عمارات کا اسی صورت مین ذکر کیا ہے جب وہ (جیسا کہ دہلی کی عمارات مین ہے) مختلف ازمنہ کی عمارات ہین اور اُن کی آپس مین ایکدوسرے سے مشابہت نہین ہے۔

ایک سرسری نظر ڈالنے سے بھی بخوبی معلوم ہو جاے گا کہ ہند کی عمارتون کی خوبی ہرگز اُن کے زمانہ تعمیر پر موقوف نہین ہے۔ مثلاً نہایت عمدہ اور باریک کام کی عمارتین وہ ہین جو آبو کے پہاڑ اور کھجوراہہ مین دکھائی دیتی ہین اور جنکا زمانہ بارہوین صدی مسیحی ہے۔ ان کی مورتین تو البتہ اتنی عمدہ نہین ہین لیکن دستکاری کی باریکی اور تفصیلات، کے لحاظ سے اِن کا نظیر کسی زمانہ مین نہین پایا جاتا۔ پس ہمین ہند کی عمارات مین وہ تدریجی ترقی جو یوروپ مین ہوئی ہے مطلق نظر نہین آتی۔ یہان فن تعمیر کی بھی وہی حالت ہے

جولٹر پیچر کی۔ اِن دونون نے بہت جلد ایک درجہ ترقی کا حاصل کر لیا لیکن اس درجہ کو پہونچنے کے بعد وہ آگے نہ بڑھ سکے۔

مندرجۂ ذیل نقشے مین ہم اوس تقسیم کو ظاہر کرین گے جو اِس تصنیف مین استعمال کی گئی ہے اور اِسکے بعد ہم چند الفاظ ہر ایک زمانہ کے اور ہر ایک مقام کے تاریخ تعمیر کے متعلق لکھین گے۔ کیونکہ ہر ایک عمارت کا پورا بیان لکھنا اِس مختصر تصنیف مین ناممکن ہے۔ ہم اِس کتاب کے پڑھنے والون کو جو اس مسئلہ سے زیادہ دلچسپی رکھتے ہون اپنی ایک دوسری تصنیف کی طرف متوجہ کرتے ہین۔ اس مین ہندوستان کی عمارات کا مفصل بیان درج کیا گیا ہے اور اُس کتاب کا یہ باب صرف ایک خلاصہ ہے۔

جن تصاویر کو ہم نے اس کتاب مین درج کیا ہے وہ بھی اُسی بڑی تصنیف سے ماخوذ ہین اور اِن سے اک کافی اندازہ ہندوستان کی عمارات کا ہو سکتا ہے۔

ہندوستان کے عمارات کی عام تقسیم

(۱) بدھ مذہب کی عمارات

(پانچوین صدی قبل مسیح سے لیکر آٹھوین صدی تک)

الف۔ ہند کی ابتدائی یادگارین یعنی یادگاری ستون اور پہاڑون کے اندر کٹی ہوئی مندر اور خانقاہین اُنکی مثالین الہ آباد اور دلّی کے یادگاری ستون اور بیج اور کارلی اور اجنٹا وغیرہ کے پہاڑی مندر ہین۔

ب۔ بدھ زمانہ کی عمارات جو زمین پر بنائی گئی ہین۔ ان کی مثالین بُدھ گیا۔ سانچی۔ سرناتھ۔ بدھ گیا۔

وغیرہ کی یادگارین ہین۔

ج یونانی اور ہندی طرز کی عمارات جو ہندوستان کے شمال وغیرہ مین واقع ہوئی ہین یعنی پشاور اور کشمیر کی یادگارین۔

(۲) شمال ہند کی جدید برہمنی زمانہ کی عمارات

(پانچوین صدی عیسوی سے دسوین صدی عیسوی تک)

الف۔ شمالی و مشرق کی عمارتین مثلاً ساحل اڑیسہ مین بھونیشور جگناتھ وغیرہ۔

ب۔ راجپوتانہ اور بندیل کھنڈ کی عمارتین مثلاً کھجوراہا۔ گوالیار۔ آبو۔ اودے پور۔ نگداہ وغیرہ کی عمارات۔

ج۔ گجرات کی عمارتین مثلاً احمد آباد وغیرہ۔

د۔ وسط ہند کی عمارتین مثلاً الیفنٹا۔ ایلورا۔ امبرناتھ وغیرہ۔

(۳) جنوب ہند کی عمارتین

(چھٹی صدی عیسوی سے اٹھارہوین صدی عیسوی تک)

الف۔ جنوب ہند کے مندر جو غارون مین واقع ہوئے ہین مثلاً مہابلی پورہ۔ بدامی وغیرہ۔

ب جنوب ہند کے گوپڈا۔ مثلاً چلم برم۔ تنجور۔ تری پتی۔ کنجیورام۔ بیجانگر۔ مدورا۔ اور سری رنگم وغیرہ۔

(۴) ہندی اسلامی عمارات

(بارہویں صدی عیسوی سے اٹھارہویں صدی عیسوی تک)

الف۔ زمانہ مغلیہ سے ماقبل کے اسلامی عمارات مثلاً دہلی کی قدیم یادگارین۔ اجمیر۔ بیجاپور۔ گولکنڈہ وغیرہ کی عمارات۔

ب زمانہ مغلیہ کی عمارات مثلاً آگرہ۔ دہلی۔ فتحپور۔ لاہور وغیرہ کی نئی عمارتین۔

ج ہند کے مختلف حصون کی ہندو عمارتین جس مین اسلامی طرز کا اثر نمایان ہے مثلاً گوالیار مہوبا اور مدورا وغیرہ کی عمارات۔

(۵) ہندی تبتی عمارات

(بارہویں صدی عیسوی سے موجودہ زمانہ تک)

نیپال کی عمارتین مثلاً سمبھوناتھ۔ بدھ ناتھ۔ بھتگاؤن۔ پاٹن۔ کٹھمنڈو وغیرہ کی عمارات۔

۲۔ جدید ہندو عمارتین مثلاً بنارس۔ امرت سر وغیرہ کی عمارات۔

اب ہم ان مختلف از منہ کے طرز تعمیر کے متعلق مختصر بیان کرینگے۔

فصل دوم۔ ہندوستان کی عمارات بدھ زمانہ مین

(پانچوین صدی قبل مسیح سے لیکر آٹھوین صدی مسیحی تک)

ہند کی قدیم عمارات بُدھ زمانے کے ماقبل نہین پائی جاتین اور اس زمانہ مین بھی ایک مدت کے گذرنے کے بعد شروع ہوتی ہین۔ البتہ بنگالہ مین بعض زیرزمین مندر ایسے پائے گئے ہین جو پانچوین صدی قبل مسیح کے ہین لیکن ان سے صرف اسی قدر معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ کے ہندو سنگ تراشی مین مشاق تھے۔ ان سے طرز تعمیر کے متعلق ہمین کوئی اطلاع نہین ملتی۔ اصلی عمارتین اشوک کے زمانہ سے شروع ہوتی ہین جسکا زمانہ (۲۵۰) سال قبل مسیح ہے۔ بدھ زمانہ کی عمارات مندرجۂ ذیل اقسام کی ہین۔

لاٹین اور ستون لاٹین اور ستون۔ یہ یادگاری ہین اور اشوک کے زمانے سے چلی آتی ہین۔ انہین پارس شاہنشاہ کے مشہور احکام کندہ ہین۔ ہند کی تاریخ مین ان احکام کا سب سے پہلا درجہ ہے۔ اشوک کی لاٹون مین زیادہ مشہور الہ آباد اور دہلی کی لاٹین ہین یہ مذہبی احکام اور بادشاہون کے نام وغیرہ وغیرہ سے لسی ہوئی ہین۔ ان لاٹون کے اوپر والے حصے پر ہاتھی یا شیر بنے ہوئے ہین۔ جو پرسی پولس کے ستون کو یاد دلاتے ہین۔ ایسا خیال کیا جاتا ہے کہ یہ لاٹین اصل مین استوپون یا اسی قسم کے مندرون کے سامنے نصب کئے گئے تھے۔ کیونکہ بعض زیرزمین مندرون مین بالخصوص کارلی مین اس قسم کی لاٹین موجود ہین۔

(۲) مندر اور خانقاہین جو پہاڑون مین کاٹی گئی ہین۔

پہاڑون مین تراشے ہوئے مندر ہند کی قدیم ترین اور عمدہ ترین یادگارون مین اس قسم کے مندر اور خانقاہین ہین جو پہاڑون کے دامن کو کاٹ کر بنائی گئی ہین۔ اسی قسم کی عمارات دو سو سال قبل مسیح کے ماقبل نہین پائی جاتین اگرچہ پہاڑ مین بعض زیرزمین دالان موجود ہین جنکا زمانہ پانچسو سال قبل مسیح ہے لیکن یہ صرف غارون کی حیثیت



(۸۳) مڈورا کا پگوڈا معہ مقدس تالاب

کہتے ہین۔ انپر عمارات کا اطلاق نہین ہوسکتا۔ یہ یادگارین آٹھوین صدی مسیحی تک چلی گئی ہین اور اُس حساب سے اِن کا زمانہ ایک ہزار سال ہے۔ جب بدہ مذہب ہندسے اُٹھ گیا اِن یادگارون کا بننا بھی مطلقاً موقوف ہوگیا۔ اِس قسم کی جتنی عمارتین ہندمین موجود ہین ان مین سے ۹۰ فیصدی بدہ مذہب سے متعلق ہین اور ۱۰ فیصدی برہمنی یا جینی مذہب سے۔

یہ پتھر مین تراشی ہوئی عمارات دو قسم کی ہین۔ اول مندر جن کو بوہ اصطلاح مین چیتیا کہتے ہین دوم خانقاہین جنکو وہار کہتے ہین چیتیا کی تو کل پچیس تیس مثالین باقی رہ گئین ہین لیکن وہارون کی تعداد ایک ہزار کے قریب ہوگی۔ ان مین سے بعض تو محض غار ہین جن مین بہت ہی کم آرائشی کام ہین لیکن زیادہ تر علی الخصوص جو پرانے ہین بہت سی سنگ تراشی سے آراستہ ہین۔ اور ان کا باریک کام اِس قدر عمدہ ہے کہ کسی ملک مین اِس سے بہتر نظر نہین آتا۔

ہم نے اِن مندرون مین سے جو زیادہ تر دیکھی رکھتے ہین بعض کو اپنی تصویرون مین دکھایا ہے علی الخصوص وہ جو بھجے۔ کارلی۔ ایلورہ۔ بدامی۔ اجنٹا وغیرہ مین واقع ہین۔ ان مندرون کی شناخت کو اور اُس غیر معمولی محنت کو جو اُنکے تراشنے مین عمل مین آئی دکھانے کے لئے ہم تھوڑا سا بیان اجنٹا کے مندرون کا کرین گے۔ ایلورہ کے متعلق آگے چلکر بحث کیجاے گی۔

اجنٹا کے غار اجنٹا کے غار اورنگ آباد سے ۶۰ میل پر واقع ہوئے ہین یہ ایک پہاڑ کے دامن مین جو بہت ہی بلند ہے اور جس کے نیچے ایک نالہ زور شور سے بہتا ہے کندہ کئے گئے ہین۔ اِن تک پہنچنے کے لئے بہت سے پتھرون کو تانگ کر جانا پڑتا ہے اس مقام کے دیکھنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بدہ راہبون نے جو یہان بود و باش رکھتے تھے اِس خیال سے ایسی دشوار گذار جگہ کو پسند کیا تھا کہ وہ تنہائی مین اور تمام دُنیا سے علیحدہ عبادت مین مصروف رہ سکین اور ظاہر اُن کو اِس خیال مین کامیابی بھی ہوگئی کیونکہ باوجود بمبئی قریب ہونے کے بہت کم یوروپی سیاح اجنٹے تک پہونچے ہین۔

ان مندرون کے مختلف ازمنہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بہت سی صدیون تک اور بے انتہا مخلوق کی پشتین ان تیرہ وتاریک گنبدون کے نیچے رہی ہین اور ان کی سنگ تراشی کا کام بھی جسکے ذریعے سے گویا سارا پہاڑ کاٹ ڈالا گیا ہے کئی سو برس تک ہوا کیا ہوگا۔ اجنٹے کی قدیم ترین عمارتین غالباً سنہ مسیحی کے ڈیڑھ سو برس ماقبل کی ہین اور سب سے اخیر عمارات ساتوین صدی مسیحی کی ہے۔ ان قدیم اور جدید عمارتون مین صنعتی کا زیادہ فرق نہین ہے۔ فرق ہے تو اسی قدر کہ جدید تعمیر مین آرایش بہت کچھ بڑھ گئی ہین۔ یہان بھی جیسا کہ ہند کی اور عمارتون مین پایا جاتا ہے کسی قسم کی تدریجی ترقی نظر نہین آتی۔ اجنٹے کے جدید منظرون مین ایک بات یہ بھی ہے کہ بدھ کی مورت بہت کثرت سے بنائی گئی ہے۔ کل دگوبا یعنی پرستش گاہین سنگی مورتون سے لسی ہوئی ہین۔ اور ان کے بیچون بیچ مین بدھ کی تصویر اس وقت کی ہے جبکہ اوسکو نروان حاصل ہو چکا تھا۔ ان مندرون اور خانقاہون کے سامنے اکثر پتھر کے برآمدے ہین جو ترشے ہوے ستونون پر کھڑے ہین اور یہی ستون اندرونی عمارت مین بھی ہر جگہ پائے جاتے ہین۔ مندرون سے ملی ہوئی بہت سی خانقاہین ہین ان کی وضع یہ ہے کہ ایک بڑے سے دالان کے اردگرد چھوٹے چھوٹے حجرے ہین اور ہر ایک حجرے مین ایک ایک پتھر کا بستر ہے۔ بعض وقت یہ مندر سے علیحدہ نہین پائے جاتے اور وہی دالان جس کے گرد حجرے بنے ہوئے ہین عبادت گاہ کا بھی کام دیتا ہے۔ اور اس مین جابجا چھوٹے چھوٹے حجرے خاص خاص اولیا کی پرستش کے لئے بنے ہوئے ہین جیسا کہ کتھولک گرجون مین ہوا کرتا ہے۔ اخیر زمانے کی خانقاہین اسقدر بڑی ہوگئی ہین کہ چھت کو قایم رکھنے کیلئے بہت زیادہ ستونون کی ضرورت پڑتی ہے۔ اگرچہ یہ چھتین خود پہاڑ مین سے تراش کر بنائی گئی ہین۔ اجنٹا مین بعض دالان ۲۸ میٹر[۵۱] لمبے ہین اور ان مین ۲۴-۲۴ بڑے سنگین ستون چھت کو قایم رکھنے کے لئے استعمال کئے گئے ہین۔

ان ستونون کی بلندی چار میٹر سے زیادہ نہین ہے۔ ان دالانون کے اخیر حصے مین ہمیشہ بدھ کی

[۵۱] ایک میٹر ۳۲۸۰۸۲ فٹ کے برابر ہوتا ہے۔

(۸۴) ٹرومل ناجک محل کا اندرونی حصہ مڈورا



اک بہت بڑی مورت ہوا کرتی ہے اور اوسکے گرد اور اشخاص کی مورتین۔ ستون اور چھتین بھی رنگین تصویرون اور آرائشون سے لسی ہوئی ہین۔ دیوارون پر رنگین تصویرین ہین جن مین بدہ کی زندگی کے مختلف واقعات دکھاے گئے ہین۔ اگرچہ یہ تصویرین بہت اچھی حالت مین نہین ہین لیکن تاریخی لحاظ سے بہ نہایت دلچسپ ہین۔ کیونکہ قدیم ہند کی صرف یہی رنگین تصویرین ہین جو ہم تک پہونچی ہین ان کا زمانہ پانچوین صدی قبل مسیح تک پہونچتا ہے۔ اور جو اشخاص ان مین دکھاے گئے ہین ان کی صورت و شکل لباس اور بالون کی وضع سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ کوئی ایسی قوم ہے جو بالکل اُن اقوام سے جو بیج اور کارلی اور بر ہوت اور سانچی وغیرہ کی یادگارون مین نظر آتی ہے بالکل علیحدہ ہے۔ اگر ان زیر زمین مندرون پر کسی قدیم عمارت کو تفوق ہے تو وہ ایلورہ کے مندر ہین۔

ایلورہ مین نہایت ہی وسیع اور پرشان دالان ہین جو موٹے موٹے ستونون پر کھڑے ہین اور جن کی وسعت اور گہرائی ایک قسم کی تاریکی پیدا کرتی ہے جس کے اندر مشعلون کی مدد سے ہمین بدہ کی پر اثر مورت مختلف بدہ اولیا کی مورتون سے گہری نظر آتی ہے۔ اور ہمارے دلون کو متاثر کرتی ہے۔

استوپا یا گول گھر

بدہ استوپا یا گول گھر اپنی شکل کے لحاظ سے ہمین یورپ کے ٹومیولائی کو یاد دلاتی ہین۔ یہ عموماً نیم کرہ کی صورت مین ہین جیسا کہ سانچی مین دیکھا گیا ہے۔ اور کبھی کبھی یہ برج کی صورت مین نظر آتے ہین جیسا کہ سارناتھ مین ہے۔ عموماً ان کے گرد پتھر کا کٹہرہ ہوتا ہے جو سنگ تراشیون سے لسا ہوا ہے ان مین داخل ہونیکے لئے بڑے بڑے یادگاری پھاٹک ہین۔

اب ہم سانچی کے ٹوپ کا جس کی تصویر ہمنے اپنی کتاب مین درج کی ہے بیان لکھین گے اس سے کافی اندازہ اس قسم کی عمارات کا ہو سکے گا۔

سانچی کا ٹوپ یہ سانچی کا ٹوپ ہندوستان کی قدیم ترین اور بہترین یادگارون مین ہے۔ اسکا زمانہ اشوک کی حکومت یعنی ڈھائی سو سال قبل مسیح کا ہے۔ لیکن کٹہرہ اور پھاٹک پہلی صدی مسیحی کے بنے ہوئے ہین۔ اُن پتھرین ترشے ہوئے مندرون کے علاوہ جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے ہند مین اِس زمانہ کی بہت کم یادگارین رہ گئی ہین۔ اور اگر سانچی کا ٹوپ دستبرد زمانہ سے بچ گیا ہے تو اسکی صرف وجہ یہ ہے کہ یہ ایک دشوار گذار مقام پر واقع ہوا ہے۔ جب ہم اِس عمارت کا مقابلہ اُس زمانہ کی اور عمارتون مثلاً بُرہت کے اسٹوپہ سے کرین اور اِس امر کا لحاظ کرین کہ آرائش کے تکلف مین یہ کچھ کم نہین تو ہمین تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ اِس زمانہ مین بڑے والے حکومتون کے طرز تعمیر نے ایک بڑا درجہ ترقی کا حاصل کیا تھا۔

سانچی کا ٹوپ مثل اِس قسم کے اور یادگارون کے کسی ایک خاص متبرک مقام پر یا کسی خاص مذہبی واقعہ کے یادگار مین تعمیر کیا گیا ہے۔ اِس عمارت کی صورت نیم کرہ کی ہے لیکن ایسا کرہ جو کسی قدر بیضاوی اور اوپر کے حصے مین دبا ہوا ہے۔ اسکے نیچے کا نصف قطر ۳۴ میٹر ہے اور اس کی بلندی ۱۶ میٹر۔ قدیم زمانہ مین اسکے اوپر بھی جیسا اس قسم کی دوسری عمارتون مین پایا جاتا ہے ایک مستطیل عبادتگاہ تھی جس کے تین طبقے تھے جن مین سے ہر ایک نیچے والے طبقے سے چھوٹا ہوتا جاتا تھا۔ اور یہ سب سنگ تراشین سے پُر تھے۔ اِس طرز کی عبادتگاہین نہایت قدیم ہین۔ اور ہر جگہ ٹوپون منبت تصاویر اور زیر زمین مندرون کے دگوبہ مین پائی جاتی ہین۔

سانچی کا ٹوپ بھی اس قسم کی اور عمارتون کی طرح اینٹون سے بنا ہوا ہے۔ اسکا سب سے دلچسپ حصہ وہ سنگی کٹہرہ ہے جو اسکے گرد لگا ہوا ہے اور وہ چار پُرشان پھاٹک ہین جو اِسکے چار سمت کو بنے ہوئے ہین اور جنکی تصویر ہماری کتاب مین درج ہے۔

یہ سنگی کٹہرہ ٹوپ کے چارون طرف واقع ہوا ہے اور ہشت پہل کٹہرے ستونون سے بنا ہوا ہے

جن کے اوپر سوراخ ہین اوران سوراخون مین سے پتھر کے شہتیر کڑیون کی طرح سے لگائے گئے ہین اس کٹہرے مین کثرت سے ترشی ہوئی مورتین ہین۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صناع نے اپنی ساری کاریگری کو اُن عظیم الشان پھاٹکون پر صرف کیا ہے جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ اِن کی سب رُخ مورتون اور جنب کاریون سے لِسے ہوئے ہین۔ اِن پھاٹکون مین سب سے مقدم شمالی پھاٹک ہے جس کی بلندی تقریباً دس میٹر اور چوڑائی ۹ میٹر ہے۔ ہماری تصاویر مین یہ پھاٹک کئی جگہہ مختلف رخون سے دکھایا گیا ہے۔

جو منبت کاریان سانچی کے یادگاری پھاٹکون پر کندہ ہین ان مین بدھ کی زندگانی کے وہ واقعات دکھائے گئے ہین جب وہ شاہزادہ تھا۔ یا اوس کے ماقبل کے زندگی کی صورتین بتلائی گئی ہین۔ ان سنگ تراشیون مین شاکیامنی کبھی اوس معمولی شکل مین یعنی بیٹھی ہوئی حالت مین جو اخیر زمانہ مین عام ہو گئی تھی نہین دکھایا گیا ہے۔

اسی شمالی پھاٹک پر ترسول بھی بنا ہوا ہے جو بدھ کی علامت ہین۔ دوسرے پھاٹکون پر یہ اسقدر اُلجھا ہوا ہے اور نہ اتنی مورتین۔ تاہم یہ نہایت عجیب و غریب ہین۔ جیسا کہ ہماری تصاویر سے معلوم ہوگا۔ اِن مین سے ایک پھاٹک پر جو حیوانات بنے ہوئے ہین وہ بہت ہی انوکھے ہین۔

جن آدمیون کی صورتین سانچی کے منبت کاریون مین بنی ہوئی ہین اُن کے بالون کی وضع، اُنکے گول اور چپٹے چہرے، اس امر کو ظاہر کرتے ہین کہ یہ ایشیائے متوسط کی کوئی قوم ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس قوم نے جو اب بالکل مفقود ہو گئی ہے اُس زمانے مین بہت ہی بڑا درجہ حاصل کیا تھا کیونکہ یہی صورتین ہمین برہہت اور بودھ گیا کی یادگارون مین نظر آتی ہین۔

وہ عالیشان بدھ مندر جو زمین پر بنے ہوئے ہین

بدھ مندر جو زیر زمین نہین ہین تعداد مین نہایت کم رہ گئے ہین نہ اسوجہ سے کہ وہ کم تعداد مین تعمیر ہوئے

تھے بلکہ اسوجہ سے کہ جس مصالح یعنی اینٹ وغیرہ سے وہ بنے تھے اُن مین ہندوستان وغیرہ کی آب ہوا کو سہنے کی زیادہ قوت نہ تھی صرف ایک مندر جو زمانے کے تصرف سے محض اسوجہ سے بچ گیا ہے کہ اُس کی بار بار تجدید ہوتی رہی بُدھ گیا کا مندر ہے۔ جسکی تعمیر (۱۰۰) سال قبل مسیح مین اُس خاص مقام پر ہوئی تھی جہاں روایات کی رو سے شاکیامنی کے نروان حاصل کرنے کا مقام تھا۔

اُن پچاس کروڑ مخلوق کے لئے جو اسوقت بھی بدھ مذہب کے پابند رہین تین مقام نہایت متبرک ہین۔ اول کپیلاوستو جہان بُدھ پیدا ہوا۔ دوم بنارس جہان اُس نے پہلے اپنے مذہب کی اشاعت کی اور تیسرے بدھ گیا جہان اُسکو نروان حاصل ہوا۔ ان مین سے پہلا مقام ہمین درست طور پر معلوم نہین ہے لیکن دوسرے دونون مقامات دنیا کے متبرک ترین پرستش گاہون مین ہین۔

بدھ گیا کے مندر کی زمانۂ تعمیر کے متعلق آثار قدیمہ کے ماہرین مین بہت کچھ اختلاف ہے۔ البتہ اس کی پہلی تعمیر کا زمانہ تو کسیقدر یقینی ہے۔ کیونکہ ہوئن تسانگ نے جس مندر کا بیان کیا ہے وہ بالکل اسکے مطابق ہے۔ اختلاف صرف اس امر مین ہے کہ چودھوین صدی عیسوی کی ایک کتبے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس مندر مین بہت کچھ کام ہوا تھا۔

پس امر تحقیق طلب یہ ہے کہ آیا یہ مندر از سر نو تعمیر ہوا یا صرف پرانی عمارت کی مرمت کیگئی جنرل کننگھم اور بابو رام چندر لال مترکی تحقیقات سے یہ امر قریب قریب پایہ ثبوت کو پہونچ گیا ہے کہ چودھوین صدی مین جو کام ہوا وہ صرف مرمت تھی جو مقامی کاریگرون سے کرائی گئی تھی۔ اور اصل عمارت مین کسی قسم کا کوئی تغیر نہین کیا گیا تھا۔

بدھ گیا کا مندر جس کی تصویر ہماری کتاب مین درج کی گئی ہے ایک اہرامی شکل کی عمارت ہے جس کے نیچے کا حصہ ایک مربع ہے۔ اوسکے نو منزل ہین اور یہ عمارت ایک چبوترے پر بنی ہوئی ہے جسکا ہر ایک ضلع پندرہ میٹر کا ہے۔ اور بلندی آٹھ میٹر کی۔ ساری عمارت کی بلندی تقریباً ۵۲ میٹر ہے۔

(۸۵) شہر رنجیتی والی قلعہ کا منظر

اسکے اندر تین چھوٹی چھوٹی تلے اوپر عبادت گاہین ہین جس مین سے سب سے نیچے کا حجرہ ۶۱ میٹر چوڑا اور سات میٹر بلند ہے۔ اس حجرے مین اک سنگ سیاہ کا تخت ہے جسپر کسی زمانہ مین بدھ کی مورت خالص طلا کی بنی ہوئی رکھی تھی۔ اس مقام پر یہ بیان کرنا ضرور ہے کہ بدھ گیا کی اہرامی شکل شمال ہند مین غیر معمولی ہے۔ کیونکہ اس شکل کے مندر زیادہ تر دکن مین پائے جاتے ہین۔ اور ان مین سے قدیم سے قدیم کا زمانہ اقلاً بارہ سو سال مابعد کا ہے۔ ممکن ہے کہ یہ دکن کے اہرامی مندر بدھ گیا ہی کے نمونے پر تعمیر کئے گئے ہون۔ اس عرصے مین بدھ گیا کے آس پاس جو کھدائی ہوئی ہے۔ اسکے اندر سے بہت سے مورتین، ستون اور اسٹوپا وغیرہ نکلے ہین جو بہت ہی قدیم معلوم ہوتے ہین۔ یہ اس باغ مین رکھے گئے ہین جو مندر کے گرد بنا ہے اور ہماری ایک تصویر مین بعض مورتین ان مین کی دکھائی گئی ہین اس مندر کی حال مین انگریزی گورنمنٹ نے مرمت کی ہے۔ لیکن اس مرمت کی زیادہ تعریف نہین کی جاسکتی کیونکہ نہ صرف انہون نے بعض سنگ تراشیون کی صورت کو بدل دیا ہے جیسا کہ پرانی تصویرون کے مقابلے سے معلوم ہوتا ہے بلکہ ساری عمارت پر انہون نے ایک میلے زرد رنگ کا پچاڑا دیدیا ہے جس نے اسکے حسن کو بالکل بگاڑ دیا ہے۔ اس بدنصیب کام مین ایک لاکھ بیس ہزار روپیہ خرچ کیا گیا۔

شمال و غرب ہند کی یونانی ہندو عمارتین

وہ عالیشان مواقع جنمین ہندوستان کو بیرونی دنیا کے حملون سے بچانا چاہیئے تھا قدیم سے قدیم زمانے مین بھی بے فائدہ ثابت ہوئے۔ اور بے انتہا بیرونی تومین اس ملک پر چڑھ آئین۔ کل فاتحین ہمالہ کے اس پار سے اور عموماً افغانستان کی راہ سے اس ملک مین آئے۔ آریا۔ مغل۔ ایرانی۔ افغان جنہون نے اس ملک کی آبادی مین حصہ لیا۔ اور اسی طرح ایرانیون سے لیکر جو دارا کے وقت مین پانسو

سال قبل مسیح مین آئے اور یونانیون سے جنہون نے اسکندر مقدونی کے عہد مین ۳۳۰ سال قبل مسیح مین دبا و اکیا۔ عربون اور مغلون تک جنہون نے تمام ملک کو فتح کرلیا، ہندوستان بہت سی مختلف اقوام سے اثر پذیر اور مختلف اقوام کا ماتحت رہا۔

ہند اپنے فاتحین سے بہت کم متاثر ہوا | ایسی حالت مین ضرور ہے کہ اس ملک کی عمارات مین ہمین ان بیرونی اثرون کا پرتو نظر آئے اور اس مین شک نہین کہ یہ اثر ہمین نظر بھی آتا ہے لیکن یہ اثر استثنا ز زمانہ اسلامی کے بہت ہی تھوڑا ہے۔ اسلامی تسلط سے پہلے ہندنے ہمیشہ فاتح اقوام کو اپنے مین ضم کرلیا۔ بعوض اُن سے متاثر ہونے کے انھین کو متاثر کردیا۔ اس خاص امر مین ہند اور مصر بہت مشابہ ہین۔ مصر کا ملک جس پر ۲۰ مختلف اقوام نے ابتداے زمانہ تاریخ سے اسوقت تک تسلط حاصل کیا۔ اور جن مین یونانی اور رومی شامل ہین، ان سے متاثر نہ ہوا اور اپنے قدیم مذہب اور طرز تعمیر اور زبان پر قایم رہا۔ صرف اسلامی تمدن ہی اسقدر قوی تھا کہ اس نے اس خطہ کی کایا پلٹ دی اور اسکے مذہب، زبان اور صنعت و حرفت ہر چیز کو کلیتاً بدلدیا۔

ہند مین بھی اسلام نے اسی قسم کا اثر پیدا کیا یہان مصر کی طرح قدیم تمدن بالکل مفقود تو نہین ہوگیا لیکن وہ اسلامی تمدن کے ساتھ گھل مل گیا۔ اس طرح کہ زبان اور طرز تعمیر نیم مسلم، نیم ہندو رہ گیا۔ باستثنا اسلام کے کل خارجی اثرون کا بہت کم نشان ہند مین باقی رہا۔ کہنا چاہیے کہ یہ بیرونی اقوام بعوض ہند پر اثر ڈالنے کے خود ہند سے متاثر ہوگئے۔ جو صنعت اور حرفت اس ملک مین دو ہزار سال قبل آئی تھی یا اب آتی ہے بہت جلد ہندی صناعین کے ہاتھون مین جاکر مدلجاتی ہے۔

سب سے قدیم صنعتی اثر جو ہند مین باہر سے آیا۔ دریاے سندھ کے کنارون پر نظر آتا ہے۔ ایسے مقام پر ہند کے تعلقات پہلے ایران سے پیدا ہوے اور پھر یونان سے۔ ہم دیکھ چکے ہین کہ ھیرودوط کے بیانات جن کی تصدیق پیکانی کتبون سے ہوتی ہے اس امر کو ثابت کرتے ہین کہ چار سو سال قبل مسیح

مین دریاے سندہ کے کناروں کے خطے بادشاہ ایران کو خراج دیتے تھے۔

بعض ایسی عمارتون کے کھنڈرون مین جنکا زمانہ پہلی صدی عیسوی سے بہت قبل نہین ہے ایرانی طرز تعمیر کے اثر صاف معلوم ہوتا ہے۔ یہ اثر زیادہ تر ستونون مین پایا جاتا ہے جن کے اوپر کے حصے گھنٹے کی صورت کے ہین اور ان پر بیٹھے ہوے جانور پیٹھ سے پیٹھ ملاکر بنے ہوے ہین۔ ان ستونون کی اصل ہمین پرسی پولس مین اخمینیون کے شاہی قصرون مین نظر آتی ہے۔ اس قسم کے ستون ہند کی اکثر قدیم عمارتون مین پاے جاتے ہین علی الخصوص ناسک اور سانچی مین۔ لیکن پشاور کے اطراف مین تو یہ ہر جگہ ہین۔ ان ستونون مین سب سے پرانے وہ ہین جو بیرہت مین ہین اور جن کا زمانہ ۲۵۰ سال قبل مسیح کا ہے یہ ایرانی اثر ما بعد مین یونانی اثر سے مبدل ہوگیا۔ لیکن یونانی اثر صرف کابل اور کشمیر کی گھاٹیون مین نظر آتا ہے۔ اور یہ زیادہ تر بتون اور ستون مین نمایان ہے۔ کشمیر کے ستون ڈورک ہین۔ تکسیلہ کے ستون آئی اونک اور دریاے کابل کی گھاٹی کے ستون کارنتھین ہین۔ لیکن ان ستونون پر ہند کی مذہبی مہر موجود ہے یعنی ان پر شاکیامنی کی مورتین اکیا تھس کے پتون کے اندر بنی ہوئی ہین۔

یونانی اثر صرف شمال و غرب کے خطہ تک محدود رہا۔ اور اسکو دوسرے مقامات کی سنگتراشیون بامنت کا ریون مین تلاش کرنا بالکل لاحاصل ہوا۔ سندہ کے خطہ سے آگے ہند و اثر اس پر اسدرجہ غالب آگیا کہ یہ مطلق محسوس نہین ہوتا ہند کے صدہا مندرون کو نہایت غور سے مطالعہ کرنے کے بعد ہم نے یہی نتیجہ نکالا ہے کہ بجز اس محدود خطہ کے جس کا ذکر اوپر ہوا ہندؤن نے کہین بھی خواہ تعمیر مین یا سنگتراشی مین یونانیون سے کچھ اخذ نہین کیا۔

جس ابتدائی اثر کا ذکر کیا گیا اور جو بہت جلد دور ہوگیا تھا وہ پھر زور و شور سے اسلامی چڑھائیون کے ساتھ ساتھ ہند مین واپس آیا۔ اسلامی فاتحین جس صنعت کو اپنے ہمراہ لائے۔ وہ ایرانی صنعت تھی لیکن وہ ایرانی صنعت جسکو عربون کے تمدن نے اس قسط کے ذریعہ سے جو انہون نے ساتوین صدی عیسوی

مین خاندان ساسانیہ کو نکالکر اس ملک پر حاصل کیا تھا بے انتہا بدل دیا تھا۔ اس نئی صنعت مین جو فی الوقع نیم ایرانی اور نیم عربی تھی بہت کچھ حصہ قدیم ایرانی صنعت کا باقی تھا مثلاً مینا کاری اور نقش کا استعمال جو بہت ہی پرانی ایرانی صنعت ہے۔

فصل سوم نئے برہمنی زمانہ کی عمارات

(پانچوین صدی عیسوی سے اٹھارہوین صدی عیسوی تک)

اس زمانہ کی عمارتون مین جو تقریباً چھٹی صدی عیسوی سے جسوقت بدہ مذہب انحطاط کی حالت مین تھا شروع ہوتی ہین ہمین دو قسم کی عمارات نظر آتی ہین۔ اولاً وہ جو شمال اور وسط ہند مین واقع ہوے ہین ان مین اگرچہ ایک عام مشابہت تو ہے لیکن پھر بھی زمانہ اور مقام کے اختلاف سے فرق بھی بہت کچھ ہے دوسری وہ عمارات جو دکن مین واقع ہوئی ہین۔ ان مین اس قسم کی باہمی مشابہت ہے کہ اسکو محسوس کرنے کے لئے ماہر نظر درکار ہے۔ قسم اول کی عمارتون کے متعلق تو ہمین کسیقدر طول بیان کرنا پڑے گا لیکن قسم ثانی کو ہم چند فقرون مین تمام کر سکتے ہین۔

اوڑیسہ کی عمارات

ساحل اوڑیسہ کی عمارات ہندوستان کی نہایت قدیم اور عجیب یادگارون مین ہین۔ ان کی تعمیر کا زمانہ پانچوین صدی عیسوی سے تیرہوین صدی تک ہے۔ زیر زمین مندر جو اس نواح مین پاے جاتے ہین زیادہ تر قدیم ہین کیونکہ ان مین سے بعض تیسری صدی قبل مسیح کے ہین لیکن طرز تعمیر کے لحاظ سے ان کو ان مندرون سے جنکا ہم ذکر کرین گے کوئی تعلق نہین ہے۔

اڑیسہ کے مندرون کا طرز تعمیر قریب قریب ایک ہی قسم کا ہے۔ اگرچہ یہ سات سو سے لیکر آٹھ سو سال تک مین تعمیر ہوئے ہین۔ یہ دکن کے مندرون سے بالکل مختلف ہین۔ ان مین نہ تو نیچے اوپر طبقات ہین۔ اور نہ وہ بڑے بڑے دالان ہین جو ستون پر کھڑے کئے گئے۔ ستون ان مین بھی پائے جاتے ہین۔ کیونکہ بعض مقامات پر پرانے مندرون کے کھنڈرون مین جو کھود کر نکالے گئے ہین یہ نظر آتے لیکن انکا استعمال بہت ہی شاذ طور پر ہوا ہے۔

اہرامی شکل کے مناور

اڑیسہ کے مندرون کے بیرونی شکل اہرامی ہے مگر انکے اتصلاع بعوض سیدھے ہونے کے جیسا کہ دکن کے مندرون مین پایا جاتا ہے خمدار ہین۔ ان کے اندر عموماً ایک مکعب عبادتگاہ ہوتی ہے جن مین دیوتاؤن کی مورتین رکھی ہوئی ہین۔ اور اس مکعب کے اوپر وہ اہرامی برج خمدار اضلاع والے بنے ہوئے ہین جنکا ذکر اب ہم کرین گے۔ اوپر کو یہ اہرام کٹے ہوئے ہین۔ اور انپر خربوزہ کی شکل کا گنبد بنے ہوئے ہین جن کی تراش ویسی ہی ہے جیسے خربوزے کی پھانکین۔ اور ان مین سنگتراشی کی آرائشین بنی ہوئی ہین عمارت کے رد کار پر ایک سائبان ہے اور اس پر بھی اہرامی شکل کا برج بنا ہوا ہے اس سائبان کے بعد یا اس سے بالکل ملے ہوئے ایک یا دو دالان بنے ہوئے ہین جنمین سے ایک تاج کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور دوسرا خورد و نوش کے لئے۔ اس کل عمارت کے گرد احاطہ کی دیوار ہوتی ہے اور اس دیوار مین جا بجا کم و بیش آرائشی دروازے ہین اور ان کی چھتین بھی خمدار اضلاع والے اہرامون کی شکل ہین۔ ان مندرون کا رخ ہمیشہ مشرق کی طرف ہوتا ہے اس طرح پر کہ انکے اندر جو مورتین دیوتاؤن کی رکھی جاتی ہین وہ رو بہ مشرق ہوتی ہین

ان مندرون کے مختلف اجزا کا تناسب بہت ہی باقاعدہ ہے۔ اور ہر ایک حصے کی پیمایش ایسے قواعد کی پابند ہے جن کے خلاف نہین ہو سکتا۔ جو کچھ ان مین فرق ہے وہ صرف اندرونی آرائشون اور سنگتراشیون کا ہے جن مین صناع کے خیال کو پوری آزادی دیگئی ہے۔ اڑیسہ کے کل مندر ایک ہی

طرز پر تعمیر ہوئے ہین اور ان کی ظاہری صورت آپس مین نہایت مشابہ ہے ہندو کل دنیا کے قدامت پسندون مین سب سے زیادہ قدیم پسند ہے اور جب اوس نے کسی طرز کو اختیار کر لیا تو پھر صدیان گذر جاتی ہین اور اس مین فرق نہین آتا پس اگر ہم کسی تدریجی ترقی کو دیکھنا چاہین تو وہ مندرون کی بیرونی صورت مین نہین نظر آتا بلکہ صرف انکی اندرونی آرایشون مین۔

ان مندرون کی دیوارین نہایت موٹی ہین۔ اس سے کہین زیادہ جوان عمارتون کی استحکام کے لئے ضروری ہے۔ تعمیر کے قدیم کتابون کی رو سے ایسی عمارتون کی دیوارین، عمارت کی مجموعی بلندی کا ۱/۱۰ حصہ ہونا چاہیئے اور کسی جگہ صرف ۱/۱۲ وان حصہ۔ اس مناسبت کی وجہ نہ صرف ان عمارتون کی ظاہری شکل مین ایک عظمت وشان پیدا ہوتی ہے بلکہ ان کا استحکام اس درجہ بڑھ جاتا ہے کہ گویا یہ کبھی منہدم ہو ہی نہین سکتین۔ ایک ایسے ملک مین جہان وقتاً فوقتاً زلزلے آیا کرتے ہین اور جہان کی آب وہوا بھی اعتدال سے خالی ہے اسقدر زیادہ مال مصالحے کا لگانا ایسا غیر ضروری نہین ہے جیسا بادی النظر مین معلوم ہوتا ہے۔

ان مندرون کے تعمیر کرنے والون نے ان کی جسامت کو بڑا دکھانے مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا ہے۔ عمودی خطوط تو نہایت وضاحت کے ساتھ دکھائے گئے ہین لیکن افقی خطوط بالکل نہین دکھائے گئے جسکا اثر یہ ہوتا ہے کہ ظاہر مین عمارت بہت بلند معلوم ہوتی ہے۔

اڑیسہ کے مندر بعوض اس کے کہ اینٹون سے بنے یا ان مین اینٹین استعمال کی جاتین جیسا کہ جنوب ہند کی مندرون مین ہے بالکل پتھر سے بنے ہوئے ہین۔ یہ پتھر زیادہ تر بھورے رنگ کا ہے ان کی تراش اسقدر باریک ہے اور جوڑ ایسے کامل کہ مطلق کسی قسم کے گارے کی ضرورت نہین پائی جاتی۔ وہ مقامات جو بہت زیادہ چوڑے ہین وہ اکثر لوہے کے پترون سے مضبوط کئے گئے ہین۔ دروازون کے اوپر کی کڑیان بعوض پتھر کے ہونے کے اکثر لوہے کی ہین۔ کنارک کے مندر مین

(۸۰) کنجھ کوٹ کا منظر

ایک کڑی سات میٹر کی لمبی اور بیس سے پچیس سنٹی میٹر گہری پائی گئی ہے۔ البتہ اصول جبر ثقیل کے مطابق اس کڑی کا درمیانی حصہ بمقابل کناروں کے زیادہ پتلا ہوگیا ہے پس گویا ان مندروں میں دو ہی چیزیں استعمال کی گئی ہیں یعنی پتھر اور لوہا۔ لکڑی کا استعمال صرف دروازوں میں کیا گیا ہے۔ بھوبنیشور کا سب سے پرانا دروازہ منقش صندل کی لکڑی کا بنا ہوا ہے۔

گنبدوار چھتیں جو ایک نقطہ پر آکر ملتی ہیں نہ تو اڑیسہ کے مندروں میں ہیں اور نہ ہند کے اور مندروں میں جتنی چھتیں ہیں وہ سب ایسے پتھروں سے بنی ہوئی ہیں جو مسطح بنائے گئے ہیں۔ اگرچہ اس طرز میں صرف بہت زیادہ ہے لیکن اس میں مضبوطی بھی بڑھ جاتی ہے۔ اڑیسہ کے مندروں میں دیوار سے علیحدہ ستون نہایت ہی کم دکھائی دیتے ہیں۔ یہ صرف بھوبنیشور کے بڑے مندروں کے ایک دالان میں نظر آتے ہیں۔

راجپوتانہ کی عمارات

راجپوتانہ خارجی اثرات سے بہت ہی کم متاثر ہوا ہے

جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا راجپوتانہ کا نام اس خطہ کو دیا جاتا ہے جس کو وہاں کے باشندے راجستھان (یعنی راجاؤں کا ملک) کہتے ہیں۔ جب سے راجپوتوں نے اس ملک کو فتح کیا انہوں نے اپنی رسوم و عادات اور نظامات کو قایم رکھنے میں کامیابی حاصل کی۔ اور مسلمانوں کی قوت سے بھی مغلوب نہ ہوئے۔ راجپوت یعنی راجاؤں کے بیٹے ایک ایسی قوم ہے جنہوں نے زمانہ دراز سے اپنے کو خالص رکھا ہے۔ اور ہند میں ان سے پرانی اور خالص کوئی دوسری قوم نہیں ہے۔ انکا دعویٰ ہے کہ یہ قدیم آریوں کی اولاد ہیں۔ اور انہیں میں قدیم ہندو دنیا کے امر انظر آتے ہیں۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ اودے پور کا راجہ ہی وہ شخص ہے جو ایک ہزار سال سے تخت و تاج کا مالک ہے۔

جسوقت مسلمان ہند میں آئے تو انہوں نے راجپوتوں کو شمال ہند اور گنگا کی گھاٹی میں بنگال

تک کل بڑے شہرون کا مالک پایا۔ اِن کی حکومت لاہور، دہلی، قنوج، اجودہیا وغیرہ ہر جگہہ موجود تھی۔ اور انکا ملک شمال سے عرب کی جانب دریاے سندہ اور ستلج سے لیکر جمنا تک واقع ہوا تھا اور مشرق اور جنوب کی طرف بندہیاچل کے پہاڑون تک۔ کہنا چاہیئے کہ یہ اوسوقت کل شمال و غرب ہند کے مالک تھے جب مسلمانون نے انھین اس زرخیز خطہ سے ہٹایا اور راجپوتانہ کے پہاڑی ملک مین جو زیادہ دشوار گذار تھا آبسے۔

ہماری کتاب کے پڑھنے والے اُن عمارتون مین جنکا ہم بیان کرین گے بہت کچھ مشابہت پاوینگے اقلاً ایسی عمارتون مین جو اسلامی عہد کے ماقبل کی ہین۔ یہ سب عمارتین ایک ہی قوم کی بنائی ہوئی اور ایک ہی خطے مین واقع ہوئی ہین۔ لیکن ان مین سے بعض ایسی ہین جنکا طرز نرالا ہے۔ اِن کی نسبت اس امر کا قرار دینا کہ یہ کس نمونہ پر تعمیر ہوئین یا انکا تعلق مابعد کی عمارتون سے کیا ہے بالکل محال ہے کیونکہ یہ خود اپنی نظیر ہین۔

ان عمارتون کی نسبت جو لفظ جینی طرز کا کہا جاتا ہے یہ جیسا کہ ہم اوپر کہہ چکے ہین بالکل ناموزون ہے اس لفظ کے معنی یہ ہوتے ہین۔ کہ یہ عمارتین ایک خاص مذہب سے تعلق ہین حالانکہ اس مقام پر ہمین بحث مذہب سے نہین ہے بلکہ خاص زمانہ کے طرز تعمیر سے۔ مثلاً ہمین معلوم ہو جائے گا کہ ایک ہی زمانہ کی عمارات جو ایک ہی خطے مین واقع ہوئی ہین اون کا طرز تعمیر یکسان ہے خواہ وہ جین مذہب کی عمارتین ہون یا برہمنی مذہب کی۔ اس قول کا ثبوت ہمین کھجوراہہ کی یادگارون مین ملتا ہے۔

راجپوتانہ کی عمارتون مین جن مین سے بہت سی ہماری تصاویر مین دکھائی گئی ہین ہم صرف کھجوراہہ کے عمارتون کا جو بندیلکھنڈ مین واقع ہوئی ہین اور آبو کی عمارتون کا جو اسی نام کے پہاڑ پر بنی ہین ذکر کرینگے

کھجوراہہ کے مندر

کھجوراہہ راجپوتون کے چندیل خاندان کا قدیم دارالحکومت تھا۔ اور اسوقت ایک کھنڈر ہے جو چھترپور سے چونتیس کیلومیٹر پر مشرق کی طرف واقع ہوا ہے۔ اس کی یادگارون کے لحاظ سے ایسا

معلوم ہوتا ہے کہ کسی زمانے مین یہ بہت ہی بڑا شہر تھا۔ اگرچہ اسوقت بالکل ویرانہ ہے۔ اور نہایت کم لوگ ایسے ہین جو اُس کو دیکھنے آتے ہین۔ اس مین تقریباً چالیس مندر ہین جن مین سے بعض ایسے وسیع ہین جیسے کہ ہمارے یوروپ کے گاتھک کیتھیڈرل اور کوسون تک زمین کھنڈرون سے بھری ہوئی ہے۔ بجز بھوونیشور کے ہندوستان کے کسی مقام پر اس کثرت سے پرانی عمارات نہین پائی جاتین۔

کھجوراہہ کے جو مندر باقی رہ گئے ہین اُن مین سے زیادہ تر بارہوین صدی عیسوی کے ہین۔ صرف ایک مندر کی نسبت کہا جاتا ہے کہ یہ ساتوین صدی کا ہے۔ لیکن یہ تاریخ نہایت مشکوک ہے اگرچہ یہ کل مندر ایک ہی زمانے مین تعمیر ہوے ہین لیکن یہ مختلف تین مذہبون کی معبد ہین یعنی وشنوی، شیوی، اور جین مذہب کے۔ اِن کی ظاہری مشابہت اس درجہ ہے کہ کسی خاص مندر کے متعلق یہ نگاہ اول یہ کہنا مشکل ہے کہ وہ کس فرقے کا مندر ہے۔ اور اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اُس زمانے مین یہ تینون مذہب برابر قوت رکھتے تھے۔ خوبی تعمیر کے لحاظ سے ہندؤن نے کھجوراہہ کے مندرون سے بہتر عمارتین کبھی نہین بنائین۔ اُن سنگی مورتون مین جن کی ہزارہا مثالین ان مندرون مین پائی جاتی ہین بہت سی ایسی ہین جنکو ہمارے زمانہ حال کے مشہور مجسمہ ساز اپنی صنعت بتاتے ہین نہین شرمائین گے۔ صرف بعض گاتھک کیتھیڈرل یوروپ مین ایسے ہین جن کی تعمیر صنعت اِن مندرون کے برابر ہو یا ان سے بڑھ گئی ہو۔

چونکہ ان مندرون مین باہمی مشابہت ہے اسلئے مین صرف ایک مندر کا بیان لکھون گا۔ یہ کنڈریا مہادیو کا مندر ہے اور دسوین صدی عیسوی مین تعمیر ہوا۔ اسکا طول تینتیس میٹر عرض اٹھارہ میٹر اور بلندی پینتیس میٹر ہے یہ ایک پتھر کے چبوترے پر بنا ہوا ہے۔ اس کی ظاہری صورت وہی ہے جو اڑیسہ کے اہرامی مندرون کی۔ لیکن اس کی آرایش مین بہت کچھ فرق ہے۔ عبادت گاہ کے سامنے ایک حجرا ہے اور اسکے سامنے ایک سائبان ہے جس پر جانے کے لئے ایک پتھر کا پتلا زینہ بنا ہوا ہے۔ عبادت گاہ کے گرد

ایک خرام گردش بھی ہے جو اڑیسہ کے مندرون مین نہین پائی جاتی۔ عبادت گاہ اور حجرہ مین روشنی پہونچانے کی غرض سے کئی سا کبان دار دروازے بنے ہوئے ہین جو ستون پر قایم ہین۔ اس طرح پر مندر کی شکل ایک دوہری صلیب کی سی ہو جاتی ہے۔ اسکی چھت بھی مسطح پتھرون سے بنی ہوئی ہین۔ اگرچہ اس قسم کی چھت کو جگہ زیادہ نہین مل سکتی ہے لیکن جیسا اوپر کہا گیا اس سے استحکام بہت بڑھ جاتا ہے ہم دیکھ چکے ہین کہ ہندو صناعون نے اس جگہہ کی تنگی کا علاج اس طرح کیا ہے کہ چھت سے ملا کر دوسری مسطح چھتین بنائی ہین۔ اور اُن کو ستونون پر قایم کیا ہے کنڈریا کے مندر کے باہر اور اندر کثرت سے سنگین مورتین ہین جو ایک میٹر اونچی ہین اور جنکی تعداد سات سو کے قریب ہے۔

آبو کے مندر | آبو کے مندر بھی جن کا ہم ذکر اب کرین گے ہندو کی اور متبرک عمارتون کی طرح ایسے مقام پر تعمیر کئے گئے ہین جو دشوار گزار ہین۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان پرستش گاہون کے بنانے والون نے یہ امر ہمیشہ ملحوظ رکھا ہے کہ یہ ایسے مقامات پر تعمیر ہون جہان انسان مشکل سے پہنچ سکے۔ آبو کے مندر ایک اُجاڑ پہاڑ کی چوٹی پر جو تقریباً اٹھارہ سو میٹر بلند ہے بنے ہوئے ہین۔ ان کی تعمیر مین اول سے آخر تک سفید سنگ مرمر استعمال کیا گیا ہے جو اس نواح مین نہین پایا جاتا۔ پس گویا یہ کل پتھر نیچے سے اوپر چڑھایا گیا ہے اور اسکے جر ثقیل مین بے انتہا محنت صرف کی گئی ہوگی۔ ان پتھرون کو ہر ایک مقام کے لحاظ سے تراشنے منقش کرنے مین بھی ایک غیر معمولی مشقت عمل مین آئی ہوگی۔ اور اس غیر معمولی مشقت کا جو صنعتی نتیجہ نکلا ہے وہ بھی اسی اندازہ پر ہے۔ یورپ کے گاتھک زمانہ کی عمارات مین کوئی عمارت ایسی نہین ہے جس مین اس اعلیٰ درجہ کی سنگ تراشی اور نقش کاری ہوئی ہو۔

آبو کے دو مندر جین مذہب سے متعلق ہین۔ ان مین سے ولمل ساہ کا مندر تقریباً ۱۰۳۲ء مین شروع ہوا اور دریبال نیپال کا مندر ۱۱۹۷ء سے ۱۲۴۷ء تک تعمیر ہوا۔ ان دونون مندرون کا نقشہ ایک ہی قسم کا ہے یعنی نیچے ایک مستطیل دالان ہے جسکا طول ۴۴ میٹر ہے۔ اس کے چارون طرف چھوٹے چھوٹے



(۸۷) رامیشرم کے پگوڈا کا اندرونی حصہ

حجرے بنے ہوئے ہین اوران مین ایک ایک دروازہ ہے جس سے روشنی آتی ہے۔ ہرایک حجرے مین ایک ایک مورت اوس خاص ولی کی ہے جس کے نام سے مندر بنایا گیا ہے۔ یہ مورتین بالکل ایک دوسرے کے مماثل ہین۔ اس مستطیل دالان کے گرد تقریباً ساٹھ حجرے ہین۔ حجرون کے سامنے دہری قطار ستونون کی برطور برآمدہ کے ہے۔ اور ہرایک دروازہ کے اوپر منبت کاریان ہین جن مین ولی کی زندگی کے مختلف واقعات دکھاے گئے ہین دالان کے سامنے ایک عظیم الشان سائبان ہے جسپر ایک گنبد بنا ہوا ہے جو ۴۸ ستونون پر قایم ہے۔ یہ سفید سنگ مرمر کے ستون جن کا ہر ایک حصہ منقش ہے مجموعی اثر کے لحاظ سے یونان کے سنگی ستونون سے بمدارج بہتر ہین۔ ان ستونون پر جو گنبد ہے وہ بھی مثل اوس زمانہ کے گنبدون کے مسطح پتھرون سے بنا ہوا ہے۔ اس کے گرد سولہ سنگی موتین جمائی گئی ہین۔ فرگیسن آبو کے گنبدون کا مقابلہ وسٹ منسٹر اور اکسفورڈ کے گنبدون سے کرنے کے بعد ان دونون یوروپی گنبدون کو موٹا اور بھدا بتاتا ہے۔ اور مجھ مصنف کو اوسکی اس راے سے پورا اتفاق ہے برخلاف کھجوراہہ کے آبو کے مندرون مین ظاہری آرایش مطلق نہین ہے اور اوپر سے یہ نہین معلوم ہوتا کہ ان کے اندر کس قسم کے عجایبات بھرے ہوئے ہین۔

راجپوتانہ مین اور بھی عمدہ عمارتین علی الخصوص گوالیار اور چتوڑ مین موجود ہین چونکہ مین ان کا بیان نہین کرسکتا مین نے صرف انکی تصاویر کتاب مین درج کی ہین۔

گوالیار کی یادگارین گوالیار کا قصر اور وہ مندر جو قلعہ کے اندر واقع ہوے ہین ہندوستان کے مشہور قدیم یادگارون مین ہین۔ مین اس قصر کے متعلق اور اودے پور کے قصر کے متعلق مختصر بیان کرونگا اگرچہ گوالیار کا قصر نہایت ہی انہدام کی حالت مین ہے اور اوسکے مینا کاری منقش کام ستر گویا بالکل گر گیا ہے تاہم اس کے دیکھنے سے ایک ویسا ہی تعجب اور حظ ہوتا ہے جو بابر کو ۱۵۲۶ء مین ہوا۔

گوالیار کا قصر سنہ ۱۵۰۰ء کے قریب تعمیر ہوا۔ یہ قلعہ کے بیچ مین واقع ہے اسکا طول سو میٹر اور بلندی

۳۰ میٹر ہے۔ اسکا بڑا رُخ جس پر مینا کارانٹین لگی ہوئی تین مشرق رخ واقع ہوا ہے۔ اسکے دو در جے ہین اور عمارت کی شکل ایک بہت بڑے مستطیل کی ہے جس پر جا بجا مساوی فاصلے پر چھ مدور برج ہین اور ان پر گنبد بنے ہوئے ہین۔ مینا کارانٹین جو تھوڑی بہت باقی رہ گئی ہین بہت ہی پرشان اثر پیدا کرتی ہین۔ ان مین جو تصویرین بنی ہوئی ہین وہ ہندی ہین لیکن ان مین صاف ایرانی اثر ظاہر ہے۔

قصر کے اندرونی حصے مین دو در جے چھوٹے چھوٹے حجرون کے ہین جو چھوٹے چھوٹے ستونون کے گرد بنے ہوئے ہین۔ ان مین بڑے سے بڑا حجرا دس میٹر اور چھ میٹر ہے۔ ان کی تعمیر بہت ہی عمدہ ہے جیسا کہ ہماری عکسی تصویر سے معلوم ہوگا۔ اور مین خیال کرتا ہون کہ فتحپور سیکری کے بعضے حجرے جو طرز تعمیر مین مشابہ ہین اسقدر عمدہ نہین۔

راجپوتانہ کا ایک ہی قصر ہے جسکا مقابلہ گوالیار کے قصرے ہوسکتا ہے۔ یہ اودے پور کا قصر ہے اس کی تعمیر زیادہ جدید ہے اور اسلامی اثر اس مین موجود ہے اگرچہ طرز تعمیر کے لحاظ سے یہ گوالیار کے قصرے گھٹا ہوا ہے لیکن اُس نے وہ عجیب و غریب مقام پایا ہے جس نے اسے تمام دُنیا کے قصرون پر تفوق دیدیا ہے۔

ہماری اودے پور کی تصویرین مین کچھ مقبرے بھی دکھائے گئے ہین۔ جن مین میواڑ کے راجاؤن کی راکھ مدفون ہے۔

اودیپور سے اُنیس کیلومیٹر پر وہ ویران شہر ہے جو بالکل جنگلون مین چھپا ہوا ہے اور جس کا نام نگدہ تھا اس شہر کی بنا ساتوین صدی عیسوی مین پڑی تھی اور اس مین اسوقت بھی بعض مندر اس قسم کے ہین جن کا شمار ہندوستان کے عظیم الشان عمارتون مین ہوسکتا ہے۔ یہ ویرانہ جہان تک پہونچنا نہایت دشوار ہے سیاحون سے بالکل بے خبر ہوئے ہین۔ اور ان کی شاندار عمارتون کی کوئی عکسی تصویر کسی تصنیف مین نہین پائی جاتی۔


۸۸۱) بلاپڈ (میسور) کا مندر

گجرات کی عمارات

احمد آباد | گجرات علی الخصوص احمد آباد کی عمارات سے جنکا ذکر ہم کر چکے اس طرح مختلف ہین کہ ان مین اسلامی اور جینی طرز ملا جلا ہوا ہے۔

احمد آباد کی بنا گیارہوین صدی عیسوی مین ہوئی تھی اور یہ شہر ڈیڑھ سو سال تک گجرات کے صوبے کا جسکا رقبہ گریٹ برٹن کے برابر ہے دارالحکومت رہا۔

اگرچہ گجرات کی مخلوق بہت سی اقوام سے ممزوج ہے۔ اس مین ہمیشہ سے ایک عجیب قسم کی آزاد حکومت رہی ہے۔ احمد آباد کا شہر ہمیشہ سے صنعت و حرفت اور علم و ادب کے لئے مشہور رہا ہے خود وہ مقام بھی جہان یہ شہر واقع ہوا ہے قدیم زمانے سے شہرت رکھتا ہے۔ اور یہان صدیون پہلے عربستان اور مصر سے تجارت ہوا کرتی تھی۔ گجرات کی عمدہ عمارتین جین فرقے کی بنائی ہوئی ہین کیونکہ یہ ملک اُن کا بڑا مرکز ہے۔ مسلمانون نے انہین عمارات کو اسلامی عبادت کے لئے بدل لیا۔

پہلی صدی ہجری کی ابتدا سے عربون نے گجرات پر دھاوے کئے لیکن وہ یہان ٹھیرے نہین۔ اگرچہ اسکے بعد محمود غزنوی نے بھی اسپر حملہ کیا تاہم فیروز تغلق کے وقت تک گجرات آزاد رہا۔ ۱۲۹۱ء عیسوی مین ایک ہندو راجپوت جس نے اسلام قبول کیا۔ اور مظفر کے نام سے مشہور ہوا۔ اس صوبہ کا والی بنگیا ۱۳۱۲ء مین مظفر کے پوتے سلطان احمد نے احمد آباد کو اپنا نام دیا اور دارالحکومت بنایا۔ پرانی جینی عمارتین مسجدین بنادی گئین۔ اور جو نئی عمارتین تعمیر ہوئین وہ بھی اسی طرز پر بنین۔ اگر احمد آباد کی عمارتون مین سے محرابین، مینارے اور عربی کندے نکال لئے جائین تو یہ بالکل ہندو طرز کی بنجائین۔

۱۵۷۲ء مین اکبر نے احمد آباد کو فتح کر لیا اور اسوقت سے یہ سلطنت مغلیہ کا ایک جز بن گیا۔ اسکے والی ڈیڑھ سو برس تک دہلی سے مقرر ہوا کئے۔ اورانمین شاہجہان اور اورنگ زیب بھی شاہزادگی کے

زمانے مین گجرات کے والی مقرر ہوئے مغلیہ زمانے مین احمدآباد اعلیٰ ترقی کے زینے پر پہونچ گیا۔ یہہ ہندوستان کے نہایت پرشان شہرون مین سمجھا جاتا تھا بلکہ کہا جاتا تھا کہ اسکا مثال دنیا مین نہین۔ اس شہر کی مردم شماری ۲۰ لاکھ تھی۔ یہان کے تاجر اور سیاح عرب اور افریقہ اور تمام ہند سے تعلقات رکھے تھے یہان کی صنعتین زربفت مخمل۔ ریشمین کپڑا۔ ساٹن کاغذ وغیرہ ہر جگہ مشہور تھے یہان کے صناع لکڑی سونا۔ ہاتھی دانت وغیرہ کے کام مین کمال رکھتے تھے اور انکا مثال نہین پایا جاتا تھا۔ اسوقت بھی وہ صندل کے صندوقچی جن پر منبت کام بنا ہوا ہے اور جو بمبئی کے نام سے مشہور ہین گجرات ہی مین بنتے ہین۔

احمدآباد کی اسلامی عمارات جینی طرز سے مخلوط ہین۔

احمدآباد کی عمارات مین ایک بہت عمدہ مثال اسلامی طرز تعمیر ہند کے مختلف حصون مین موجود ہین پائی جاتی ہے۔ لیکن ان مین ہندو طرز غالب ہونے کی وجہ سے ایک ایسی خصوصیت آگئی ہے۔ جو دوسری جگہہ مطلق نظر نہین آتی۔ ان عمارات مین محرابون میناردن اور عربی کتبون کے اضافہ کرنے سے ایک اسلامی شان تو آگئی ہے لیکن آرائش اور وضع تعمیر کے لحاظ سے یہ بالکل اُن جینی یادگارون سے مشابہ ہین جن کی ہم نے اسقدر عمدہ مثال آبو مین دیکھی۔

احمدآباد کی مسجدون کا نقشہ بالکل وہی ہے جو اسلامی مساجد کا ہوا کرتا ہے یعنی ایک بہت ہی بڑا مستطیل صحن ہے جس کے گرد پٹی ہوئی غلام گردش ہے۔ اس مستطیل کے ایک جانب کو عبادت کی جگہہ بنی ہوئی ہے اور اُس پر عموماً تین گنبد ہین جن مین سے ہر ایک جینی عمارتون کی طرح بارہ ستونون پر قایم ہین۔

بیچ کا گنبد زیادہ تر بلند ہے۔ یہ بلندی اس طرح حاصل کی گئی ہے کہ جن ستونون پر یہ قایم ہے وہ دوسرے گنبدون کے ستونون سے دو چند بلند ہین۔ اس درمیانی گنبد کے تین جانب چھت پر گنبد قایم کئے گئے ہین اور ان پر وہ دو نو دائین اور بائین کے گنبد قایم ہین۔ یہ طرز جینی عمارتون مین سوا



(۸۹) پرانی دہلی کا منظر و قطب مینار

احمد آباد کے کہین نہین پایا جاتا اور اس کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ عمارات کے اندر روشنی کثرت سے آتی ہے جب کبھی مسجد کے اندرونی رقبے کو بڑہانے کی ضرورت پڑی ہے گنبدون کی تعداد بڑہا دی گئی ہے مثلاً احمد آباد کی بڑی مسجد مین بعوض تین گنبدون کے پانچ گنبد ہین جن مین سے ہر ایک بارہ ستون پر قایم ہین۔ انہین پانچ گنبدون کو عرض مین تین مرتبہ بڑہا دیا گیا ہے اور اس طرح پر پندرہ گنبد بن گئے ہین جن کی وجہ سے عمارت کی وسعت بے انتہا بڑہ گئی ہے۔

ان مسجدون مین جس قدر طاقچے ہین انکے اندر اقلیدسی شکل کی سنگ تراشین کردی گئی ہین۔ اون اصلی جینی مندرون مین جن کو بدل کر یہ مسجدین تعمیر کی گئی ہین یہ سب طاقچے سنگی مورتون سے بھرے ہوئے تھے چونکہ ان کو ایک اسلامی عبادت گاہ مین قایم رکہنا ممکن نہ تھا اور طاقچون کا خالی رہنا آنکھون مین برا معلوم ہوتا اسلئے ان مین مورتون کی جگہ اقلیدسی تشکلین بنادی گئی ہین۔

وسط ہند کی عمارات

جن عمارات کا ذکر اب ہم کرین گے یہ تعداد مین زیادہ نہین لیکن ہند کے دلچسپ ترین یادگارون مین ہین۔ اکثر ان مین سے مثلاً امیر ناتھ کا مندر ان عمارتون سے زیادہ مختلف نہین ہے جنکا بیان ہم کر چکے لیکن اسکے ساتھ ہی اس فہرست مین ایلورہ کے غار بھی ہین جنکا طرز تعمیر بالکل ہی علیحدہ ہے وسط ہند ہی مین وہ زیر زمین مندر واقع ہوئے ہین۔ جو کارلی اور اجنٹہ وغیرہ کے مندرون کی طرح صرف بدہ مذہب سے متعلق نہین بلکہ ان مین جین مذہب اور برہمنی مذہب کے مندر بھی ملے ہوئے ہین۔ اور بعض مثل الیفنٹا کے مندرون کے بالکل برہمنی ہین۔ ایلورہ کے مندر ہمارے اس خیال کی تائید کرتے ہین جو ہم نے بدہ مذہب کے ہندوستان سے مفقود ہوجانے کی بابت ظاہر کیا ہے یعنی یہ کہ برہمنی مذہب نے اسکو نکال باہر نہین کیا بلکہ دونون ایکدوسرے مین بتدریج ضم ہوگئے۔

ایلورہ کے مندر

ایلورہ کے مندر جن کے ذکر پر ہم اشتغال کرین گے ایک پہاڑ کے دامن مین واقع ہوے ہین جس کے اوپر دولت آباد کا قلعہ ہے جس مین شاہنشاہ اورنگ زیب کی قبر ہے یہ مقام اورنگ آباد سے شمال و مغرب کی جانب ۲۳ کیلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔ یہ زیر زمین مندر تعداد مین قریب تیس کے ہین اور پہاڑ کے دامن مین ۲ کیلومیٹر کے فاصلہ تک چلے گئے ہین۔ یہ مندر اور اُن سے ملی ہوئی خانقاہین جن مین انسان کی کتنی ہی نسلون نے سالہاے دراز تک سکونت کی تھی اور جن کی عظمت ہمین مصر کی قدیم عمارتون کو یاد دلاتی ہے اب بالکل خالی اور سنسان ہین۔ اور ان مین آکر دو کو فقیر کبھی کبھی نظر آجاتا ہے جو سیاحون سے بھیک مانگنے کی غرض سے آتا ہے۔

ایلورہ کے مختلف مندر مختلف ازمنہ مین تعمیر ہوے ہین۔ ان مین سے سب سے پرانا دشوکرمن کا مندر ہے جو ۵۰۰ مسیحی مین بنا اور سب سے نیا کیلاس ہے جسکا زمانہ تقریباً ۸۰۰ مسیحی ہے۔ پس گویا یہ مجموعہ مندرون کا تین سو سال کے زمانے مین تعمیر ہوا ہے یعنی چھٹی صدی عیسوی سے نوین صدی عیسوی تک یہ وہ زمانہ ہے جس مین ہماری راے کے مطابق بدہ مذہب برہمنی مذہب کی طرف مائل ہوتا گیا اور بالآخر اُس مین منضم ہوگیا۔ ان مندرون مین بدہ کی مورت، بعوض اسکے کہ تنہا ہو یا اوسکے ساتھ صرف دو اور مورتین ہون، بہت سی دیوتاؤن سے گھری ہوئی ہے جن مین سے نہ صرف بودھی ست ہی ہین بلکہ بہت سے خالص برہمنی دیوتا بھی شامل ہین۔ ان سب کو علیحدہ طور پر پہچاننا دشوار ہے اور جن پنڈتون سے مین نے اس امر مین رجوع کیا اون کی راےون مین بہت کچھ اختلاف پایا گیا۔ تاہم ان مین سے بعض دیوتا ایسے ہین جن کی نسبت کوئی شک نہین ہوسکتا۔ مثلاً ایلورہ کے بدہ مندرون مین اندر اور کالی۔ سرسوتی اور گنیش کی مورتین موجود ہین۔ پس ایلورہ کے مندرون سے بھی ہمین اُس تغیر کے سمجھنے مین مدد ملتی ہے جو چھٹی صدی سے نوین صدی عیسوی تک بدہ مذہب مین واقع ہوا اور جو ہمین جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے صاف و صریح طور پر نیپال مین معلوم ہوتا ہے۔ ایلورہ کے مندرنہ صرف اسی تغیر ہی

(۹۰) قطب مینار کی صناعی



کو دکھاتے ہین بلکہ اس کے اس جزو کو بھی جو اس وقت نیپال مین موجود ہے یعنی چند مندر جو خاص یہ مذہب سے متعلق ہین اور انھین کے پہلو بہ پہلو اسی زمانہ کے تعمیر کئے ہوے دوسرے مندر جو بالکل برہمنی ہین۔

ایلورہ کے بعض مندر میدان مین واقع ہوئے ہین۔ لیکن زیادہ تر زیر زمین ہین اور پہاڑ کو کھود کر بنائے گئے ہین۔ انھین کئی درجے ہین جو نہایت ہی موٹے اور عمدہ ترشے ہوئے ستونون پر قایم ہین۔ یہان ہمین معلوم ہوتا ہے کہ نعل اسپی محراب۔ جو پرانے زیر زمین بدھ مندرون مین دکھائی دیتی ہے غائب ہوگئی ہین۔ اور ان مندرون مین وگویا ہی شاذ طور پر پایا جاتا ہے۔

ایلورہ کے کل مندرون کے بیان کے لئے ایک پوری کتاب درکار ہے لیکن ہم نے ان مین سے چیدہ چیدہ مندرون کو اپنی کتاب مین درج کیا ہے اور ان کے اندرونی صورتون کو جو اس سے پہلے کبھی شائع نہین کی گئین دکھایا ہے۔

ایلورہ مین سب سے شاندار مندر اندرا اور کیلاس ہین۔ کیلاس پورا زیر زمین نہین ہے کیونکہ اسکا درمیانی حصہ پہاڑ سے علیحدہ اور کھلی جگہ واقع ہوا ہے لیکن اس مین سے سرنگ نکلی ہین۔ جو پہاڑ کے اندر تک پہونچتے ہین۔ کیلاس کی ظاہری شکل بالکل ایسی ہی ہے۔ جیسی دکن کی دراوڈی مندرون کی اور جن کو گوپر کا نام دیا گیا ہے۔ مہابلیپور مین بھی اسی قسم کے مندر پائے جاتے ہین۔ کیلاس کا زمانہ تعمیر آٹھوین صدی مسیحی ہے اور اس لحاظ سے یہ باستثنار مہاولی پور کے دکن کے کل مندرون سے پرانا ہے یہ ایک برہمنی مندر شیو کا نام پر بنا ہوا ہے۔ اور ہندو صناعین نے اپنے متخیلہ کی قوت کو اس کی سنگتراشیون مین صرف کیا ہے۔ اگر یہ کل سنگ تراشیان یک جا کی جائین تو ایک بڑی جلد بھی انکے لئے کافی نہ ہوگی۔ ہم نے اپنی کتاب مین صرف تھوڑی سی دکھائی ہین۔ ان سنگ تراشیون مین برہمنی مذہب کے کل دیوتا شامل کئے گئے ہین اور مہابھارت کی مشہور کہانیان بھی پتھر مین دکھائی گئی ہین۔ اس مندر کے اوپر اور

اندر رنگین تصاویر بھی تھین جنکا اب صرف نشان ہی نشان رہ گیا ہے۔ کیلاس کا مندر ایک ڈال چھر کا بنا ہوا ہے۔ اور ایک مستطیل صحن مین واقع ہوا ہے جس کے اطراف کی دیوارون کی جگہہ خود پہاڑ ہین۔ انہین دیوارون مین متعدد زیر زمین دالان اور حجرے کاٹ کے نکالے گئے ہین۔ اور یہ سنگ تراشیون سے پُر ہین۔ خود مندر جو اس صحن کے بیچ مین ہے۔ ایک چٹان سے کندہ کیا گیا ہے۔ اور اسکی بلندی تقریباً ۳۴ گز ہے۔ اس صحن مین داخل ہونے کا راستہ ایک سائبان مین سے ہے جو ستونون سے وابستہ ہے۔ اندر ایک بڑا دالان ہے جو ستونون پر قایم ہے۔ اور اوس کے گرد عبادت گاہین بنی ہوئی ہین۔ اس ساری عمارت کے گرد اور شیر اور ہاتی اور مختلف عجیب الخلقت حیوانات بنے ہوئے ہین۔ جو گویا اُس کو تھامے ہوئے ہین۔ مندر کے سامنے دو لاٹین ہین جن کی شکل ہماری تصویر سے ظاہر ہوتی ہے۔ اور نہین دو بہت ہی بڑے ہاتی ہین جو ایک پتھر سے تراشے گئے ہین۔ پہاڑ کو تراشتے وقت صناع نے ان کل پتھرون کو وہان مین رکھا ہے جن کی تراش سے مندر اور دونون ہاتی اور دونون لاٹین اور کل حجرے اور وہ پل جو دونون کو ملاتا ہے بننے والے تھے۔

ایلورہ کے مندرون کے بیان کو مین اسپر ختم کرتا ہون کہ ہند کی عمارات مین ان عجیب یادگارون اور کھجوراہا بیجانگر اور نیپال کی یادگارون نے میرے دل کو نہایت درجہ متاثر کیا۔ بھوک پیاس سفر کی ماندگی راتون کی بدخوابی یہ سب تکالیف ایسے عجائبات سامنے بالکل فراموش ہوجاتے ہین۔ مصر مین کرنک کا مندر جو لکسر مین ہے بیشک نہایت پُرشان ہے۔ لیکن اگر کرنک دیوزادون کا بنایا ہوا ہے تو ایلورہ کا کیلاس اور اندر کا مندر یہ دونون ایک ایسی قوم کی صنعت ہین جو اعلیٰ درجہ کا ادراک رکھتی ہین۔ علاء الدین کا عجیب و غریب چراغ اس سے زیادہ پرستانی عمارت کھڑی نہ کرسکتا جس کی خوبیون اور باریکیون کو کسی تصاویر ہرگز ظاہر نہین کرسکتین اس تصویر کے ساتھ ہمین اپنے متخیلہ سے بھی کام لینا چاہیئے اور ایک عظیم الشان کتھیڈرل کا تصور کرنا چاہیئے جو پہاڑ کے دامن مین سے ایک چٹان کو جداکر کے اس مین تراشا گیا ہو۔ اس پہاڑ کے کھڑے پہلو مین



(۹۱) مسجد قطب کی محراب و ستون



(۹۲) مسجد قطب کے ستون

جس سے یہ لاکھون من کی چٹان جدا کیگئی ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی دوسرے ہی دُنیا کے صناعین نے ایک سلسلہ مندرون کا بنایا ہے جو پہاڑ کے اندر تک چلے گئے ہین۔ یہ کل عمارتین دیوتاؤن اور دیویون، جانورون اور خلاف فطرت مخلوقون کی مورتون سے بھری ہوئی ہین۔ ان مین مہیب اور خوفناک صورت کے دیوتا ہین جن کے گرد پتھر کے دیو کھڑے ہین اور انسان کو قریب جانے سے ڈرا رہے ہین۔ انہین کے ساتھ خلاف فطرت مخلوق ہین ہیبت ناک صورتین بنائے ہوئے ایک طرف دلربا دیویان ہین جو تبسم کے ساتھ ہاتھ بڑہائے ہوئے ہین۔ دوسری طرف ناچنی والیان ہین جن کی دہیج انسان کی خواہش نفسانی کو ہیجان مین لاتی ہے۔ کسی طرف دیوتا اور دیویان عشق و محبت کی ہم آغوشیون مین سرشار ہین۔ غرض یہ سنگی مخلوق جو اُسی قدر پُرانی ہے جیسی دنیا۔ یہ عجیب الخلقت صورتین۔ یہ طوائف اور گانیوالیان جدہر دیکھو ادہر نظر آتی ہین اور ان کا سلسلہ پہاڑ کے اندر تک چلا جاتا ہے۔ سیڑہیون سے اوپر چڑہو نیچے اُترو۔ آگے بڑہو، پھر اوپر چڑہو، غرض جہان جاؤ مشعل کی روشنی مین یہی صورتین نظر آتی ہین کبھی تبسم کرتی ہوئی کبھی تیوریان چڑہائے ہوئے۔ غرض انسان کو چکرانے لگتا ہے اور وہ خیال کرتا ہے کہ کسی عجائبات کی دنیا مین پہونچ گیا۔ اس زندہ اور سچی پتھر کی دنیا مین جو ہر وقت دیوارون سے باہر نکلی پڑتی ہے اور ہمارے گائیڈ کہتے ڈریون کی سرداری بے مہر مورتین مین آسمان و زمین کا فرق ہے۔ جیسا کہ مشہور ہے آگرہ کا تاج محل وہ عمارت نہین ہے جس کے لئے انسان کو ہند کا سفر کرنا چاہئے بلکہ اندرا اور کیلاس کے مندر جو ایلورہ مین ہین۔

دکن کی عمارات

دکن کے طرز تعمیر کی ابتدا بھی اوسی طرح نامعلوم ہے جیسے شمال ہند کی۔ یہان چھٹی صدی عیسوی کے جو زیر زمین مندر بدامی اور مہاولی پورم وغیرہ مین واقع نظر آتے ہین اون سے معلوم ہوتا ہے کہ اوسوقت اس طرز

نے بہت کچھ ترقی کی تھی جس سے یہ استنباط ہوتا ہے کہ اس کو پختگی حاصل ہوچکی تھی اور ایک زمانہ گزر چکا تھا لیکن اس کے متعلق ہم کچھ نہین کہہ سکتے کہ یہ کونسا زمانہ تھا۔ ڈوراوغیرہ دکن کے قدیم دارالحکومتون مین جنگا ذکر یونان اور روم کے مورخین نے کیا ہے البتہ بڑی بڑی یادگارین ہون گی۔ لیکن زمانہ کی دست برد آپس کی خانہ جنگیون، اور بیرونی چڑھائیون نے ان کو مطلق باقی نہین رہنے دیا۔ پس اس قدیم زمانہ سے جنگا نام تاریخ مین زمانہ حجریہ کہا گیا ہے چوتھی صدی تک ایک ایسا وقفہ ہے جس کے متعلق ہمین کچھ نہین معلوم ہے۔ اور ہم اس امر پر مجبور ہین کہ انہین چوتھی صدی عیسوی کی عمارتون سے جو صادلی پور اور بادامی مین موجود ہین قدیم طرز تعمیر کی نسبت رائے قایم کرین۔ اس طرح ان چوتھی صدی کی عمارتون اور اہرای گپھاؤن کے درمیان مین جنگا زمانہ بارہوین صدی عیسوی ہے کوئی درمیانی عمارت ایسی نہین ہے جس سے ہمین تدریجی ترقی کا پتہ لگے۔ البتہ اس چار سو سال کے زمانہ مین طرز تعمیر مین تغیر تو ہوا ہے لیکن اس تغیر سے صرف عمارتون کی وسعت بڑھی ہے اون کی خوبی اور حسن مین ترقی نہین ہوئی۔ گپھاؤن کے قسم کے مندر پہلے مہالپور مین نظر آتے ہین۔ لیکن آگے چلکر یہ بہت وسیع ہوگئے ہین۔ سادہ سنگ تراشی کے ستونون کی جو غرض پہلے صورت کے ستون استعمال ہوتے ہین۔ جن پر عجیب الخلقت صورتین اور اچھلتے ہوئے گھوڑون پر سوار مورتین کندہ ہین۔ لیکن باستثنا بیجانگر کے مندرون کے ان کی سنگ تراشی بمقابل اس عجیب و غریب سنگ تراشی کے جو ہمنے ایلورہ کے مندرون مین دیکھی بہت ہی گھٹی ہوئی ہے۔ البتہ مورتون کے صورت کے لحاظ سے ایلورہ مین اور ان دکن کی یادہ رونکا کچھ تعلق سا معلوم ہوتا ہے۔

دکن کے گپھاؤے دکن کے گپھاؤن کا نقشہ ایک ہی قسم کا ہے اور یہ عمارتین ایک ہی طبقہ کی معلوم ہوتی ہین لیکن ان کے کام مین البتہ بڑا فرق ہے ان سب کی شناخت کم و بیش حسب ذیل ہے۔ بڑے گپھاؤن کے گرد ہمیشہ ایک مستطیل غلام گردش ہوتی ہے یا کئی مستطیل غلام گردشین یکے بعد دیگرے ہوتی ہین ہر ایک غلام گردش مین متعدد دروازے ہوتے ہین جن کی صورت ایک کٹے ہوئے اہرام کی ہوتی ہے

اور یہ ایک مستطیل چبوترے پر قایم ہوتے ہین۔ ان دروازون کو گوپر کہتے ہین۔ اور ان مین سے بعض ۷۵ گز بلند اور مورتون سے لدے ہوتے ہین انمین اہرامی گوپرون کی وجہ سے دکن کے مندرون نے ایک خاص شکل پیدا کی ہے۔ وسعت کے لحاظ سے ہر ایک گوپر بجاے خود ایک مندر ہے۔ اکثر اوقات متعدد گوپر ایک خط مستقیم مین واقع ہوئے ہین۔ اور ان کی ایک قطار بن گئی ہے۔ پگوڈے کی اس خاص شکل کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ جسوقت مندر کو شہرت ہوئی اور خلق اللہ کی رجوعات زیادہ ہونے لگی تو ایک غلام گردش کافی نہین سمجھی گئی اور اس سے ملا کر دوسری اور تیسری غلام گردشین تعمیر کی گئین اور اس طرح قدیم مندر بھی قایم رہا اور اسکی وسعت بھی بڑھ گئی۔ پہلے تو یہ شکل ضرورت کی وجہ سے پیدا ہوئی اور پھر یہ ایک نمونہ بن گیا۔ اور جدید پگوڈے اسی نمونہ پر یعنی متعدد غلام گردشون کے ساتھ تعمیر ہونے لگے۔ بڑے پگوڈون مین سب سے باہر کی غلام گردش کے اندر مندر کے پجاری اور خدام وغیرہ کے لئے کوٹھریان بنی ہوئی ہین اور یہین ایک بازار دوکانون کا بھی ہے۔ بعض وقت یہ ایک اچھا خاصہ شہر ہو جاتا ہے جس مین کئی ہزار آدمی رہتے ہین۔

پگوڈے کے اندر عموماً کئی منڈپ ہوتے ہین جو عبادت گاہ کے سامنے ستونون پر قایم ہین یہ گویا قدیم مندرون کے پروناؤ کی جگہ ہین۔ ان ستونون پر ہمیشہ مورتین بنی ہوتی ہین۔ اسی طرح بڑے بڑے دالان بھی ہین جو ستونون پر قایم ہین۔ ان کو چولٹری کہتے ہین۔ اور ان مین سے بعض کے ستون سہزار تک پہونچتے ہین۔ اسی طرح ہر پگوڈا کے اندر ایک مستطیل حوض بھی ہوا کرتا ہے جو تقریباً ۱۱۰ گز لمبا ہے اس کا پانی موںھ ہاتھ دھونے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

خاص عبادتگاہ جس مین اس دیوتا کی مورت ہوتی ہے جس کے نام سے مندر بنا ہے اور جس کو اصطلاح مین وان کہتے ہین صحن کے عین وسط مین واقع ہوا ہے۔ یہ وان نیچے سے مستطیل ہین اور انکی چھت اہرامی ہے۔ شکل مین یہ گوپرون سے مشابہ ہین۔ بعض اوقات یہ اہرام بہت ہی بلند ہوتا ہے جیسا کہ

بجز مین ہے۔ وہان عموماً بہت تنگ ہوتا ہے اور اس مین روشنی صرف دروازے سے آتی ہے۔ اس متبرک مقام کو وسیع ہونے کی چندان ضرورت بھی نہین کیونکہ اس مین صرف اعلیٰ ذات کے اشخاص داخل ہو سکتے ہین۔

دکن کے پگوڈون مین گوپور نہایت ضروری جزو ہے اور اسی کی تعمیر مین صناع کی ساری صنعت اور مورتون کی خوبی اور باریکی ختم کی گئی ہے۔ نیچے سے اوپر تک یہ مورتون سے بھرے ہوئے ہین۔ اگرچہ یہ مورتین حسن مین برابر نہین ہین۔ بعض بہت ہی عمدہ ہین لیکن اکثر کریہ منظر ہین۔ کبھی یہ مورتین پتھر کی ہوتی ہین لیکن عموماً چونے یا سیمنٹ کی۔ برخلاف اس کے منڈپون اور دالانون کے ستون گویا ہمیشہ سنگ رخام کے ہوتے ہین اور عموماً ایک ڈال کے۔ نگاہ اول مین گوپرون کی صورت ویسی ہی معلوم ہوتی ہے جیسے مصر کے مندرون کے سائبان۔ اگرچہ بعض آثار قدیمہ کے ماہرین نے اس مشابہت پر بہت کچھ زور دیا ہے لیکن مین اسکو بالکل سطحی سمجھتا ہون۔ فی الواقع ان دونون قسم کی عمارتون مین کوئی سچی مشابہت نہین معلوم ہوتی۔ اگر ہمین ایسی ہی مشابہت پیدا کرنے کی ضرورت ہے تو شاید دکن کے گوپرون کو بابل کے ان اہرامی مندرون سے مشابہ کر سکتے ہین جن کے چبوترے مربع تھے اور جنکا ذکر اسٹرابو نے کیا ہے۔ انکی ایک عمدہ مثال اسوقت بھی خورس آباد کی رصد گاہ مین موجود ہین۔ یہ اہرامی شکل دکن سے مخصوص نہین ہے۔ کیونکہ شمال ہند مین بدھ گیا کا مندر جسکا زمانہ پہلی صدی عیسوی ہے اسی شکل کا ہے۔

اگر گوپرون کی تفصیلات کو ہم غور سے دیکھین تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک منزل کا روکا اس طرح پر بنا ہے کہ اس مین کئی چھوٹے چھوٹے ستونون پر قایم سائبان ہین۔ جن کے اوپر گنبد ہین۔ اور انکے بیچ بیچ مین مورتین ہین۔ ہمارے خیال مین گوپر کے اصلی اجزا یہی ہین اور دکن کے قدیم مندرون مین مثلاً مہابلی پور مین یہی اجزا پائے جاتے ہین۔ انہین ابتدائی اجزا کو ہمرائے اور تہرانے سے بڑے بڑے گوپر طیار ہو جاتے ہین۔ اصل یہ ہے کہ ہندو طرز تعمیر مین ایک ہی قسم کے اجزا کو تکرار مین لانا ایک اصولی طریقہ ہے



(۹۳) علاءالدین کا پھاٹک

اس مختصر بیان سے اُن پگوڈون کی حقیقت جو ہماری تصاویر مین دکھائے گئے ہین بخوبی سمجھ مین آجائے گی۔ اگرچہ ان کی تعمیر کا زمانہ دسوین صدی سے لیکر سولھوین صدی عیسوی تک یعنی سات سو سال ہے تاہم اُنکے اصلی نقشے اور وضع مین کوئی بڑا فرق واقع نہین ہوا ہے۔ عام طور پر کہا جا سکتا ہے کہ باستثنا زیر زمین مندروں کے یہ کل عمارات جنکا بیان ہوا ایک ہی طرز مین ہین۔ یہ سب جنوب ہند مین کرشنا سے لیکر جزیرہ نما کے آخر تک واقع ہوئے ہین۔

سریرنگم کا مندر | اُن مندرون مین جنہین ہم نے اپنی تصاویر مین دکھایا ہے سب سے زیادہ عجیب بیجانگر مدورہ اور سریرنگم کے مندر ہین۔ سریرنگم کے مندر کا طول تقریباً ایک میل ہوگا اور یہ گویا دنیا کی عبادت گاہون مین سب سے بڑی عبادت گاہ ہے۔ بیجانگر مین جہان دیکھو کھنڈر ہی کھنڈر نظر آتے ہین یہ شہر نہ صرف کئی صدیون تک دکن ہی کا دارالحکومت رہا ہے۔ بلکہ یہ دنیا کے دارالسلطنتون مین بہت ہی ممتاز رہا ہے۔ اسوقت یہ بالکل ویرانہ اور صرف درندے جانورون کا مسکن رہ گیا ہے۔

بیجانگر کے کھنڈر | بیجانگر کے عجیب و غریب کھنڈرون کو چاندنی رات مین دیکھکر اور اوس کی چوڑی شاہراہون اور دور دور مندرون اور قصرون سے گذرتے ہوئے جو کچھ اثر میرے دل پر ہوا وہ لفظون مین بیان نہین ہو سکتا۔ جنگل کے اندر سے جابجا بڑی بڑی عمارتین اپنی شان اور بلندی سے کچھ عجب لطف دکھاتی ہین۔ وہ سلسلہ پہاڑون کا جن کے اندر یہ عمارات واقع ہوئی ہین اور جس سے گذرے بغیر یہان پہونچنا ممکن نہین اور بھی لطف کو دوبالا کرتا ہے۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ انسان کسی شہر خاموشان مین سے گذر رہا ہے لیکن کیا شہر جس کو دیوزادون نے بنایا ہے۔ ان مین سے ایک پگوڈہ جو وٹھوبا کے نام پر ہے اور جس کے ستون ایک ٹال کے کندہ کئے ہوئے سنگ سماق سے بنے ہوئے ہین یقینی عجائبات دنیا مین سے ہے۔ یہ اون صنعتی یادگارون مین ہے جس کے بنانیکا ارادہ اس زمانہ کا انسان جو ہزارہا دوسرے اشغال مین مبتلا ہے کبھی تہین کر سکتا۔ مین گھنٹون اس عمارت کو دیکھتا رہا۔

ہزارون دیوتا ہین گرداگرد ہر کندہ ستونون مین تو لاکھون اسطرف بیٹھے ہین قبون مین کمانون مین

فصل پنجم۔ اسلامی زمانہ کی عمارات

چونکہ ہند کے مختلف حصون مین مسلمانون کی مستقل حکومتین کثرت سے قایم ہوگئین۔ اس لئے مختلف صوبہ جات کی طرز تعمیر مین بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔ اول تو اسلامی فاتحین خود مختلف النسل تھے اور دوسرے مفتوح ملک مین ایک قدیم طرز تعمیر موجود تھا۔ بس ان اجزا کے ملنے سے جو طرز تعمیر ملک کے مختلف خطون مین پیدا ہوئی۔ اونہین ایک جنس کی تحت مین لانا مشکل ہے۔ اسوجہ سے احمد آباد دہلی۔ لاہور اور بیجاپور کی عمارات کا مطالعہ کرتے وقت ہمین فوراً یہ امر محسوس ہوتا ہے کہ یہ نہایت ہی مختلف الاصل عمارات ہین۔ ہند کے مسلمان اپنی عمارات مین وہ جدت نہ پیدا کرسکے جو مصر یا اندلس کی اسلامی حکومتون نے پیدا کی اور جس کی مثال قاہرہ مین مسجد تولون یا کی اور غرناطہ مین قصر الحمرا ہے۔ ہند کی اسلامی عمارات مین خارجی اجزا نہایت حسن کے ساتھ آپس مین ترکیب دے گئے ہین۔ لیکن ان مین آسانی کے ساتھ امتیاز ہوسکتا ہے۔ ہند کے مختلف خطون کی اسلامی عمارات مین جو بین فرق معلوم ہوتا ہے یہ صرف اُن مین خارجی اجزا کے تناسبون مین ترکیب دینے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔

ہند کی اسلامی عمارات ہندو عربی ایرانی طرز سے مخلوط ہین

ہند کے اسلامی عمارات کا طرز تین مختلف اجزا سے مرکب ہوا ہے اول ہندی دوم عرب اور سوم ایرانی۔ بزنطیہ اثر بھی بعض وقت محسوس ہوتا ہے۔ جیسا کہ بیجاپور کی عمارات مین ہے لیکن یہ بہت ہی شاذ ہے۔ یوروپی اثر صرف مغلیہ زمانہ کی عمارات مین ہے اور یہ زیادہ آرایش اور قیمتی پتھرون کی پچی کاری کی وضع مین نظر آتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ حال سے بہت قریب مین ہند کی بعض عمارات کی ظاہری صورت اور اندرونی آرایشون پر اطالیہ کا اثر

(۹۴) تیج پوری مسجد

پڑا ہے۔ فی الخصوص لکھنؤ اور شجور کی بعض عمارات مین۔ لیکن اس آمیزش کی مثالین بہت کم ہین اور ان سے جو نتیجہ پیدا ہوا ہے وہ اس لایق نہین جسکا زیادہ بیان کیا جائے۔ ان سے اسی قدر ثابت ہوتا ہے کہ شرقی و مغربی کے طرز تعمیر مین اتحاد پیدا کرنا و سیاسی دشوار ہے جیسا انکے خیالات مین۔ ان مختلف اجزا کی ترکیب سے کیا نتیجہ پیدا ہوا ہے اور یہ زیادہ تر ہماری تصاویر کے دیکھنے سے معلوم ہو جائے گا۔ اور اسکے بیان کی ضرورت نہین ہے۔ نہایت قدیم عمارات مین مثلاً دہلی کے مسجد قطب مین جس کا زمانہ بارہ سو عیسوی ہے عربی طرز غالب ہے اسی طرح شمال ہند مثلاً لاہور مین فارسی طرز غالب معلوم ہوتا ہے۔ برخلاف اس کے احمد آباد مین اسلامی عمارات کی وضع ہندو طرز کی ہے اور اگر انمین سے محرابین اور گنبد اور مینار نکال لیجائین تو یہ عمارات بالکل ہندو طرز کی رہ جائین گی۔ قطب کی مسجد اور اجمیر کی مسجد یہ دونون بارہوین صدی کے آخر کی عمارتین ہین اور احمد آباد کی یادگارین سترہوین صدی عیسوی تک چلی گئی ہین پس گویا مسلمانون کا زمانہ تعمیر پانچسو سال تک رہا۔

مغلیہ زمانے کے ماقبل کی عمارتون کو بعض انگریزی کتابون مین افغانی طرز کہا گیا ہے۔ کیونکہ اسوقت افغانون کی حکومت ہند مین تھی۔ لیکن مین اس اصطلاح کو بے ضروری سمجھتا ہون۔ اسلئے کہ اس زمانے کی عمارات مین کوئی خاص بات ایسی نہین ہے جو انکو علیحدہ نام کا مستحق کرے۔ بلکہ اگر خاص نام کی ضرورت ہے تو ان اسلامی عمارات کے لئے ہے جو احمد آباد۔ بیجاپور اور گورکھپور مین پائی جاتی ہین۔

مغلیہ طرز تعمیر برخلاف اسکے طرز مغلیہ کی اصطلاح قایم رکھنے کے لایق ہے کیونکہ اسکا اطلاق ان کل عمارتون پر ہوتا ہے جو مغل بادشاہون کے وقت مین تعمیر ہوئین۔ اس زمانے کی پہلی عمارتین سولہوین صدی عیسوی یعنی اکبر کے عہد سے شروع ہوئی ہین اور اوس کے جانشین جہانگیر۔ شاہجہان اور اورنگ زیب کے زمانے تک یعنی سترہوین صدی کے آخر تک چلی گئی ہین۔ یہ عمارتین زیادہ تر آگرہ و دہلی مین ہین لیکن ان سے یہ نہین ثابت ہوتا کہ اس زمانے کی کل اسلامی عمارتین اسی طرز کی ہین بلکہ ہماری تصاویر کے دیکھنے سے

معلوم ہوگا کہ واقعہ اس کے خلاف ہے۔

اگرچہ مغلیہ طرز کی عمارتیں ہندمیں بہت تھوڑی ہیں لیکن یوروپ میں انہیں کی زیادہ شہرت ہے۔ اور اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ عمارات اُن دو بڑے مشہور شہروں میں واقع ہوئی ہیں جہاں یورپی سیاح کثرت سے آتے ہیں اور ان کی شان و شوکت کا اثر اون کے دلوں پر پڑتا ہے لیکن حق یہ ہے کہ صناعی کے لحاظ سے یہ عمارات بے بدل نہیں ہیں۔

وہ طرز تعمیر جسکو مغل ہندوستان میں لائے اونکے مذہب کی طرح۔ اصل میں عربی تھا لیکن اوس پر ایرانی اثر چڑھ چکا تھا بارہ سے سو سال قبل تیمور نے سمرقند میں (۱۳۹۳ عیسوی سے ۱۴۰۴ عیسوی تک) ایسی عمارات بنائیں جن میں ایرانی طرز غالب ہے وہ شلغم نما گنبد جو مغلی طرز میں خاص ہے اور حنا کا راستر کاری لاہور کے عمارتوں میں نظر آتی ہے۔ وہ نوک دار محرابیں اور عالیشان پھاٹک جن پر نیم گنبد بنے ہوئے ہیں یہ کل ایران سے آئی ہیں۔

اکبر و جہانگیر نے جن کی خاص غرض یہ تھی کہ ہندو و مسلمان ملکر ایک قوم ہو جائیں پوری کوشش اس امر کی کی کہ طرز تعمیر بھی مرکب کر دیا جائے اور اسی وجہ سے اس زمانے کی بہت سی عمارات جیسا کہ فتحپور سیکری میں پایا جاتا ہے زیادہ تر ہندو طرز کی ہیں۔ اس کے بعد شاہجہان کے زمانہ میں جو فی الواقع سب سے اعلیٰ زمانہ مغلیہ عمارات کا ہے اور جس زمانے میں اوسقدر رواداری نہ تھی جیسی اکبر کے وقت میں ہندو اثر صرف تفصیلات میں رہ جاتا ہے۔ وہ منبت کاریاں جو ہندی صناعی کی جان ہیں بالکل مفقود ہو جاتی ہیں تاج محل میں یہ کہیں نظر نہیں آتی۔ اس عمارت کی کل آرائش محض بیرونی اور ہلکی پچی کاریوں سے مرکب ہے دندانہ دار محرابیں شلغمی گنبد، سفید سنگ مرمر پر قیمتی پتھروں کی پچی کاری امنیٹ کی سجدوں میں میناکاری اور کاشی یہ شاہجہان کے زمانے کی عمارتوں میں زیادہ پائی جاتی ہیں۔

سلاطین مغلیہ نے جو طرز تعمیر جاری کیا وہ اونکے حکومت کے ساتھ ہی ساتھ ختم ہو گیا زمانہ حال کی عمارتیں

مطلق اس طرز پر نہیں بنتین۔ حالانکہ ہندو طرز ابھی تک قایم ہے۔ اور بعض دوسرے اسلامی طرز بھی جابجا نظر آتے ہین۔ مثلاً حضور نظام کے ملک مین۔ اس مختصر بیان سے معلوم ہوگا کہ وہ تقسیم اسلامی عمارات کی جو ہم نے اوپر درج کی کس درجہ صحیح ہے۔ ان عمارتون کو ملک بملک دیکھنا چاہیئے اور چونکہ ہر خطہ کی عمدہ عمارات زیادہ تر اس خطے کی دارالحکومتون مین پائی جاتی ہین۔ اسلئے انہین عمارات کے مطالعہ سے خاص طرز قایم ہوتا ہے۔ مثلاً جس وقت ہم لاہور یا بیجاپور وغیرہ سے بحث کرتے ہین تو ہماری غرض اُن کل خطون کی عمارات سے ہوتی ہے جن مین یہ شہر دارالحکومت تھے اور جو خطے رقبہ کے لحاظ سے بعض اوقات یورپ کے مختلف ممالک کا حکم رکھتے ہین۔ اسلامی اثر ہند مین ہر جگہ نمایان ہے مین نے اُسے نیپال کی عمارتون مین پایا ہے۔ اگرچہ اسلامی فاتحین کبھی نیپال تک نہین پہونچے۔ یہی اثر دکن مین بھی موجود ہے۔ یہان نہ صرف مسلمانون کی بنائی ہوئی مسجدین ہی ہین بلکہ جیسا کہ ٹھور امین دیکھا جاتا ہے۔ ہندو قصر ہین جن کا طرز اسلامی ہے۔ بعض وقت یہ طرز اس درجہ غالب ہے کہ بنگاہ اول یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ عمارت کسی مسلمان کی بنائی ہوئی ہے اس بیان کے لحاظ سے جو اوپر کیا گیا ہم ہند کی اسلامی عمارات کو مندرجہ ذیل تین تقسیمون پر منقسم کر سکتے ہین۔

الف۔ مغلیہ زمانے کے ماقبل کی اسلامی عمارات مثلاً دہلی۔ اجمیر۔ بیجاپور۔ گولکنڈہ وغیرہ کی قدیم عمارتین۔

ب۔ مغلیہ زمانے کی عمارات مثلاً آگرہ۔ دہلی۔ اور لاہور وغیرہ کی عمارتین۔

ج۔ ہند کے مختلف حصون کی عمارتین جو زیادہ تر ہندو ہین لیکن جن مین اسلامی طرز نمایان ہے۔ اس فہرست مین گوالیار رہوبہ۔ کھجوراہا۔ ٹھورا وغیرہ کی عمارتین شامل ہین۔

ہندوستان مین اسلامی عمارتین کثرت سے ہین اور ان کے طرز مین بھی بلحاظ اختلاف زمانہ اور اختلاف مقام بہت کچھ فرق واقع ہوا ہے۔ اور ان کا پورا بیان اس تصنیف مین ممکن نہین ہے۔ تاہم ہمنے بڑی بڑی

عمارتون کو اس کتاب مین درج کیا ہے اور جو اشخاص ان کی تفصیلات سے واقف ہونا چاہین۔ اونکو ہماری دوسری تصنیف (یعنی ہندکی یادگارین) کی طرف رجوع کرنا چاہیئے۔ جو عمارتین اس کتاب مین درج کیگئی ہین وہ قطب مینار۔ علاءالدین کا دروازہ۔ اکبر کا مقبرہ۔ آگرہ کا قلعہ۔ فتحپور کے کنگرہ اور دہلی کا شاہی محل وغیرہ عمارات ہین جو بڑے شہرون مین واقع ہوئی ہین۔ اور چونکہ سیاح انہین آسانی سے دیکھ سکتا ہے اِن کی شہرت درسته دراز سے یورپ مین پہونچ گئی ہے۔

فصل ششم۔ ہندو تبتی عمارات

جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہین نیپال کا ملک ہمالیہ کے متوازی واقع ہوا ہے۔ اور ہندوستان اور تبت کے بیچ حد فاصل ہے۔ اِس ملک کی آزادی اور علیحدگی نے یہان کے قدیم رسوم و عادات کو بلا تغیر کے قایم رکھا ہے۔ یہان کی عمارات بھی جن کی طرف اسوقت زیادہ توجہ نہین ہوئی ہے نہایت درجہ دلچسپ ہین نیپال کی بہت سی عمارتون مین بین طور پر ہندی اور چینی اجزا معلوم ہوتے ہین۔ لیکن بعض عمارات مین یہ دونون اجزا اس درجہ گھل مل گئے ہین۔ کہ یہ نگاہ اول ایک خاص اور جدید طرز کا دھوکا ہوتا ہے نیپال مین مندر کثرت سے ہین اور ان کی تعداد دو ہزار سے کم نہ ہوگی لیکن اِن کی ساخت تین وضعون پر واقع ہوئی ہے۔ جنکا اب ہم بیان کرین گے۔ پہلی قسم جو سب سے قدیم ہے بڑے بڑے نیم کروی صورت کی عمارتین ہین جو اینٹ اور گارے سے بنی ہوئی ہین ان کی ظاہری شکل سانچی کے ٹوپ سے بہت ملتی جلتی ہے۔ لیکن ان مین وہ سنگی کٹہرہ سنگتراشیون سے آراستہ جو سانچی مین ہے نہین پایا جاتا۔ اِس کٹہرہ کے حوض مین ایک چھوٹا سا چبوترہ ہے جو عمارت کی بنیاد سے ملا ہوا ہے۔ چارون سمت کے چارون کونون پر ایک ایک عبادتگاہ مطبوط قوچہ کے بنی ہوئی ہے اور اس مین مورتین ہین۔ اِس نیم کٹہرہ کے اوپر ایک مکعب برج ہے جس پر ایک اہرام یا مخروط بنا ہوا ہے۔ اِس مندر کے اردگرد چند چھوٹی چھوٹی عمارتین ہین جن پر مورتین وغیرہ بنی ہوئی


(۹۵) سلطان محمود کا مقبرہ بیجاپور

ہین۔

نیپال کی عمارتین | اس قسم کے مندر خاص بدھ مذہب سے متعلق ہین لیکن نیپال مین بدھ مذہب اور برہمنی مذہب اس درجہ گھل مل گئے ہین کہ ایک مذہب کے مندرون مین دوسرے مذہب کے دیوتا ملے جلے ہوتے پائے جاتے ہین مثلاً بدھ مندرون مین اکثر خود بدھ کی مورت اور اس کے ماقبل کی زندگیون کے اوتار اور بہت تثلیث یعنی برہما وشنو مہیش کی مورتین بنی ہوئی ہین لیکن ان کے ساتھ ہی وشنو گنیش وغیرہ برہمنی دیوتا بھی موجود ہین۔ انھین نیپال کے مندرون مین بدھ مذہب کا برہمنی مذہب مین بتدریج ضم ہو جانا دیکھکر ہماری سمجھ مین آگیا کہ ساتوین صدی عیسوی مین کل ہندوستان مین یہی واقع پیش آیا۔ یعنی بدھ مذہب برہمنی مذہب مین مل گیا۔ جن عمارات کا اب ہم بیان کرین گے یہ نہایت قدیم ہین لیکن تعداد مین زیادہ نہین ہین نیپال کے مندر زیادہ تر اینٹ اور لکڑی سے بنے ہوئے ہین اور ان کا طرز بھی نہایت مخصوص ہے اور اس مین تبتی اور چینی اثر ہندی اثر پر غالب ہے۔ ان کی صورت کئی مستطیلون کی ہے جو تلے اوپر بنے ہوئے ہین اور ہر ایک کی چھت علیحدہ ہے۔ ہر ایک چھت کونون پر سے گھٹتی جاتی ہے جیسا کہ چین کی عمارتون مین ہے اور ان مین بے انتہا گھنٹے کی صورت کی آویزش بنی ہوئی ہے ان عمارات کی مجموعی شکل ایک خاص قسم کے اہرام کی سی ہے۔

چھت کا وہ حصہ جو سامنے کو نکلا ہوا ہے لکڑی کے شہتیرون پر قایم ہے۔ اور نہایت عمدہ کندہ کیا ہوا ہے ہر ایک مندر کے گرد برآمدہ ہے جو لکڑی کے کندہ کئے ہوئے ستونون پر قایم ہے۔ یہ ساری عمارات ایک پتھر کے چبوترے پر بنی ہوئی ہے اور اسمین بھی مختلف درجے ہین جو ایک دوسرے سے گھٹتے گئے ہین۔ اس کے ایک جانب زینہ ہے جس سے مندر مین داخل ہوتے ہین زینہ کے ہر جانب مورتین عجیب المخلقت اشکال دیوتاؤن اور آدمیون کی بنی ہوئی ہین۔

تیسرے قسم کے مندرون کی شکل دونون اول الذکر مندرون سے بالکل علیحدہ ہے اور ان مین ایک

خاص جدت ہے ان مندروں میں چینی اثر کو یا مفقود ہے اور ہندو اثر زیادہ محسوس ہوتا ہے۔ تاہم انکی صورت بالکل خاص ہے یہی مندر ہیں جن میں اسلامی اثر کچھ کچھ معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ بعض صورتوں میں۔ ان کے اوپر گنبد بنے ہوئے ہیں۔ ہماری تصویروں۔ کے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ تیسرے قسم کے مندر ایک ہی وضع کے نہیں ہیں ان میں جو چیز عام ہے وہ کئی طبقوں کا سنگی چبوترہ ہے۔ جس پر وہ تعمیر کئے گئے ہیں جیسا کہ قسم دوم کے مندروں میں دکھایا گیا۔ ان میں بھی ایک طرف کو زینے ہیں جن کی دونوں جانب انسان اور حیوانات کی مورتیں بنی ہوئی ہیں۔ یہ پیشتر کے مندر اپنے ظاہری صورت کے لحاظ سے قسم اول کے مندروں سے جو اینٹ سے بنے ہوئے ہیں اور جن کی وضع چینی ہے بالکل مشابہ نہیں ہیں۔ ان میں سے وہ مندر جو پاٹن میں شاہی قصر کے سامنے واقع ہوا ہے ہند کی عمارتوں میں نہایت عجیب ہے۔ اس کے مختلف درجے جو ایک دوسرے سے چھوٹے ہوتے گئے ہیں نیپال کی طرز تعمیر میں یہ ایک خاص بات ہے۔ اور جن کے سامنے سائبان بنے ہوئے ہیں نہایت ہی خوش نما ہیں۔ صرف اس کے اوپر کا حصہ جو قاش دار اہرام کی صورت سے ہے ہمیں شمال ہند کی ہندو طرز کو یاد دلاتا ہے۔ نیپال کے مختلف مندروں کے زمانۂ تعمیر کو تخمینہ کے طور پر بھی قرار دینا ایک مشکل امر ہے۔ عام طور پر کہا جا سکتا ہے کہ تیم کردی ٹوپ نہایت قدیم ہے یعنی دوسری صدی عیسوی کے قریب۔ اور اینٹ اور لکڑی کے پگوڈہ جدید یعنی پندرہویں صدی کے مابعد کے ہیں۔ لیکن ان عمارات کا زمانہ جو ان کے درمیان میں واقع ہوئی ہیں اور جس کی نسبت بے شک ہے کہ کوئی الواقع کوئی ایسا درمیانی زمانہ تھا بھی بالکل غیر معلوم ہے۔ نیپال کے بڑے شہروں کی کل عمارتیں یعنی مکانات، قصر وغیرہ کل نقش نگار اور رنگین تصویروں سے سجی ہوئی ہیں۔ قصر کے پھاٹک برنجی تختوں سے بنے ہوئے ہیں جن پر نہایت باریک کام ہے پھاٹک کے سامنے ایک ڈال کے پتھر کا ستون ہے جس پر مورتیں بنی ہوئی ہیں۔ اکثر یکل عمارتیں ایک چھوٹی سی جگہ پر تعمیر کی گئی ہیں۔ اور ان کا مجموعی اثر نہایت خوش نما ہے۔ مجھے اثنائے سفر میں مشرق کے مشہور ترین شہروں کے دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے۔ لیکن

کسی چیز سے مین اس قدر متاثر نہوا جتنا نیپال کے بعض شہرون اور علی الخصوص للت پاٹن سے۔ ان عمارتون کی تفصیلات زیادہ عمدہ نہین ہے اور ان کی نقاشی بھی بہت اعلیٰ درجے کی نہین۔ لیکن مانگے مجموعی اثر مین ایک ایسی جدت ہے جو انکون کو بے انتہا جلی معلوم ہوتی ہے۔

ہم نے اپنی کتاب مین نیپال کی مشہور عمارات کو جو کٹھمنڈو۔ بھٹ گاؤن۔ پاٹن پشپتی وغیرہ مین موجود ہین دکھایا ہے۔

فصل ہفتم۔ زمانہ حال کی ہندی عمارات

زمانہ حال مین ہندی فن تعمیر بہت نحطاط ہوگیا ہے اسکے باعث

انگریزی حکومت قایم ہونے کے بعد سے یعنی تقریباً سو برس سے ہندی فن تعمیر اور کل ہندی صنعتون مین نہایت سریع النحطاط شروع ہوگیا ہے۔ اس کے دو اسباب ہین اولاً اس ملک کے امرا اور رؤسا کی روز افزون فلاکت۔ چونکہ ان کی دولت کا بہت بڑا حصہ ان کے ہاتھ سے نکل گیا ہے۔ اس لئے انمین قوت اس عجیب و غریب قصرون کے بنانے کے باقی نہین رہی جن مین روپیہ تو بہت خرچ ہوتا ہے لیکن وہ ملک کے بیش بہا ذخیرون مین ہین دوسرے یہ کہ ان مین سے بعض جن کے پاس ملک و دولت باقی بھی ہین اور جن مین قوت بڑی بڑی عمارات بنانے کی موجود ہے اون کو یہ مجھ سمایا ہے کہ یورپ کی جو فوقیت مین ان سے بہت بڑے ہوئے ہین وہ صنعت مین بھی ویسے ہی کامل ہین اس خیال سے ان ایسی رؤسا نے اپنے قصرون مین اُن بدیسی عمارات کی تقلید کی ہے جو حکومت انگریزی نے اپنے ملکی ضرورتون سے تعمیر کی ہین۔ مثلاً ہند کے ایک بہت بڑے فرمانروا یعنی مہاراجہ گوالیار نے جن کے سامنے ایک نہایت عمدہ ہندی عمارات کا نمونہ موجود تھا ایک قصر بنایا ہے جو لندن کی ادنیٰ عمارات کی نقل ہے۔ اسی طرح اندور کے راجہ نے بھی ایک قصر یورپی

طرز مین تعمیر کیا ہے جس سے زیادہ بدشکل عمارت مین نے ہندوستان مین نہین دیکھی۔ اگرچہ راجہ صاحب اوس کو اپنی دارالحکومت کی تاج سمجھتے ہین۔ ملک کے معمول لوگ بھی اسی کی تقلید کرتے ہین وہ خیال کرتے ہین کہ یورپی تقلید اون کے اعلیٰ تمدن کی نشانی ہے۔ اب انہون نے ایک مخلوط طرز اختیار کیا ہے جس مین یورپی عمارت اور اسلامی آرائش ملادی گئی ہے۔ اور نتیجہ نہایت ہی خراب ہے۔ پس ظاہر ہے کہ ان اسباب سے ملک کے طرز تعمیر مین ایک صریح اور کامل انحطاط پیدا ہوگیا ہے۔ چونکہ ہند مین صنعت کا دارومدار عقل پر ہے جب اس کے استعمال کا کوئی موقع نہ رہا تو بتدریج یہ معدوم ہوجائے گی اور اس پیشین گوئی کے لئے کسی پیغمبر کی ضرورت نہین ہے کہ وہ چار پشتون مین ہند مین کوئی صناع ایسا نہ باقی رہے گا جو فن پرانی یادگارون کی نقل بھی کرسکے۔ جن سے اس وقت ملک معمور ہے لیکن جنکے کنگرے روز بروز غائب ہوتے جاتے ہین۔ اس انحطاط کا باعث صرف وہی اسباب ہین جن کا ذکر مین نے کیا۔ میرے خیال مین کوئی اور سبب نہین ہے کیونکہ حکومت انگریزی سے تھوڑے قبل کی عمارتین جو موجود ہین اُن سے صاف ظاہر ہے کہ فن تعمیر مین انحطاط نہین ہوا تھا۔ محض اس غرض سے کہ ہماری کتاب کے پڑھنے والے ہند کی اخیر عمارات کو نقادی کی نظر سے دیکھ سکین۔ ہم نے اس کتاب مین چند عمارتین ایسی دکھائین ہین جو سو برس کے زمانے مین تعمیر ہوئی ہین۔ ان مین سے زیادہ تر دیکھنے کے لائق بنارس مین درگا کا مندر۔ امرتسر مین سونے والا مندر اور احمد آباد مین ہیتی سنگھ کا مندر ہے ان عمارتون کے طرز مختلف ہین لیکن پہلی اور تیسری عمارت مین تفصیلات کا کمال اس درجہ دکھایا گیا ہے کہ یورپ مین بمشکل اس سے بہتر کام بن سکتا ہے۔ سب سے نئی عمارت ہیتی سنگھ کا مندر ہے جس کو بنے ہوئے صرف پچاس سال ہوئے ہین اور مجھے بہت شک ہے کہ اس وقت بھی ہندوستان مین ایسے صناع پائے جائین جو اس قسم کی عمارت بنا سکین اب ہمارا بیان ہندوستان کے عمارات کا ختم ہوتا ہے۔ اختصار کی وجہ سے ہم نے اپنے کل ذاتی تحقیقات کو جو ہند کے مندرون اور قصرون

مین بھرنے سے حاصل کی گیہان بہت تھوڑے الفاظ مین بیان کیا ہے۔ یہ یادگارین ایک ایسے زمانے کی ہین جو اب نہ رہا۔ وہ دیوتا اور خلاف فطرت شکلین وہ مہین اور دل لبھانے والی دیویان، وہ مہیب اشکال جن سے یہ عبادت گاہین بھری ہوئی ہین، وہ مہابھارت اور رامائن کے قصے جو ان مندرون کی سنگ تراشیون مین دکھائے گئے ہین ایک ایسے زمانے کی یادگارین ہین جسکا اندازہ ہم بیان ذرائع کے ہرگز نہین کر سکتے۔

باب سوم

علوم وفنون

فصل اول - ہندی علوم

ہندوؤن نے علوم وفنون مین بقدر عربون کے کچھ اضافہ نہین کیا۔

ہمنے تمدن عرب مین جتنے باب علوم وفنون کے متعلق لکھے ہین ان کی توقع اس کتاب مین نہین ہوسکتی، چونکہ عربون نے یونان وروم کے قدیم علمی ذخیرہ کو خود بہت ترقی دی۔ اور اسکے بعد اسکو یورپ کے دارالعلمون تک پہونچایا اسلئے ہمین ان کے زمانہ حکومت کی علمی ترقیون مین ایک خاص دلچسپی تھی۔ اور اس وجہ سے ان ترقیون کا بیان بھی تفصیل سے کیا گیا تھا۔ ہندوستان کے علوم کی یہ حالت نہین ہے۔ برخلاف اسکے ان کے علوم کے متعلق جو قدیم رائے تھی اس مین بہت کچھ ترمیم ہوگئی ہے۔ اور ہمین معلوم ہوگیا ہے کہ ان کے علمی خیالات ان اقوام سے لئے گئے ہین جن کے ساتھ ان کو تعلق پیدا ہوا۔ اور خود ہندوؤن نے اُسمین کچھ اضافہ نہین کیا۔ پس کسی خاص زمانے کے ہندی علوم کی تحقیقات کرنے کے یہ معنی ہون گے کہ ہم ان اقوام کے علوم کی تحقیق کرین جن کا تعلق اس وقت ہند سے تھا اور یہ ایک ایسی بحث ہے جو ہماری کتاب کے مقاصد سے خارج ہے۔ جو کچھ ہم ہندوؤن کے دماغی حالت کے متعلق لکھ چکے ہین اس سے بآسانی سمجھ مین آسکے گا کہ انھون نے کیون ان علوم مین جو انھین باہر سے حاصل ہوئے کوئی

ترقی نہین کی۔ ہندو دماغ جو فلسفہ مین نکتہ رس اور فنون مین تیز فہم ہے اُس خاصیت سے جس کا نام مادہ تحقیق ہے اور جسکے اوپر علوم کا دارومدار ہے بالکل عاری ہے۔ ہمیشہ سے ہندوؤن مین اصلی علوم کی کمی رہی ہے۔ ان مین دوسرون کی تحقیقات کو حاصل کر لینے کا تو پورا مادہ ہے لیکن اس مادے سے یہ کبھی آگے نہ بڑھ سکے۔ وہ دو قومین جن سے ہندوؤن نے اپنے علوم اخذ کئے یونانی اور عرب معلوم ہوتے ہین۔ یہ نہین معلوم ہے کہ یونانی علوم ہند مین کیونکر پہونچے۔ لیکن شمال و غربی ہند کی عمارات کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کے تعلقات بیکٹریہ کے ساتھ مدت دراز تک قایم رہے بہت ہی قرین قیاس ہے کہ اسی ذریعہ سے یونانی علوم ہند مین آئے۔ وراہ مہر جو نہایت قدیم ہندو منجم ہے اور جو ۵۰۰ مین پہلی صدی عیسوی مین تھا، اپنی ہیئت کی کتاب مین یونانی اصطلاحین استعمال کرتا ہے اور یونانیون کی طرف اشارا کرتا ہے۔ عربون کا علم کس طرح ہند مین آیا اس کا سمجھنا زیادہ آسان ہے۔ سنہ مسیحی سے بہت۔ پہلے عربون کے تجارتی تعلقات ہندوستان سے قایم تھے۔ اور عرب ہی مشرق اور مغرب کے باہم ملنے کا ذریعہ تھے۔ اسکے بعد جب مسلمانون نے تمام قدیم دنیا کو فتح کر لیا تو یہ تعلقات مثل سابق کے قایم رہے۔ اور یہ عربی مورخین سے معلوم ہوتا ہے کہ خلفاے بغداد کے دربار مین متعدد ہندو علما موجود تھے۔ اس سے بھی مابعد زمانے مین جب مسلمانون نے ہندوستان پر حکومت حاصل کی تو علماے اسلام علوم کو برابر ملک مین پھیلاتے رہے۔ مثلاً گیارہوین صدی عیسوی مین البیرونی نے جسکا زمانہ محمود غزنوی اول فاتح ہندوستان کا ہے، تمام ملک مین سفر کیا اور علوم عربی کو جو اُسوقت بہت وسیع ہو گئے تھے۔ کیونکہ ان مین نہ صرف قدیم دنیا کے علوم موجود تھے بلکہ خود عربون کی تحقیقات شامل ہو گئی تھی ہندوستان مین پھیلایا۔ گیارہوین صدی عیسوی کے بعد سے کہنا چاہیئے کہ ہندی علوم سے مراد عربی علوم ہین پس ہم کہہ سکتے ہین کہ ہندی علوم جن کی ابتدا پانچوین صدی عیسوی مین آریہ بھٹ کی ریاضیات سے ہوئی اور پھر ساتوین صدی مین برہم گپت نے اوس پر اضافہ کیا، اوس زمانے سے لیکر آج تک

اونہین مسائل سے بحث کرتے ہین جو ہند مین اِن دو ذریعون سے آئے۔ اسوقت ہمارے پاس ہندو علوم کی مشہور تصانیف موجود ہین اور ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوؤن نے خود ان علوم مین زیادہ ترقی نہین کی۔ کسی زمانے مین خیال کیا جاتا تھا کہ ہندوؤن کا علم ہیئت بہت کچھ کامل ہے اور قدیم ہے لیکن اب یہ خیالات قایم نہین رہے اور ان پر بحث کرنا بے فائدہ ہوگا۔ اگر ان تصانیف مین کوئی نیا مسئلہ بیان کیا گیا ہے تو محض اشارتاً اور بلا دلیل۔ مثلاً آریہ بھٹ چند سطرون مین زمین کی محوری حرکت روزانہ کا ذکر کرتا ہے لیکن کسی قسم کا ثبوت نہین دیتا اسی طرح بارہوین صدی عیسوی مین بھاسکر چاریہ نے اُس طریقہ حساب کی طرف جس کو کیل کیولس کہتے ہین اشارہ کیا ہے لیکن اس سے آگے نہ بڑھا۔

فنون مین البتہ ہندوؤن نے ترقی کی۔

جو کچھ اوپر بیان ہوا اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوؤن نے علوم مین کسی قسم کی جدت نہین پیدا کی۔ جب اون کی ذاتی تحقیقات کچھ نہین ہے تو پھر اُن کے علوم سے بحث کرنا اور محض ایسے مسائل پر ذکر کرنا جو عربون اور یونانیون کی تحقیقات سے لئے گئے ہین محض لاحاصل ہے اگرچہ ہندو علوم مین کم ہین لیکن عملی طور پر انھون نے بہت بڑی ترقی کی۔ یہ ترقی اون کی قدیم عمارات اور صنعتون اور حرفتون سے معلوم ہوتی ہے مثلاً وہ شیشہ بنانے، رنگ سازی، عرق کشی، ظروف کے نکالنے، فولاد و نوشادر اور بعض طبیات کے تیار کرنے مین پوری مہارت رکھتے تھے لیکن یہ فنون اون مین محض عملی طور پر جاری تھے اور کسی قسم کی کوشش اِن کو علمی اصول پر قایم کرنے کی نہین کی گئی۔ مثلاً ایک بچے کو آسانی سے سکھا سکتے ہین کہ وہ وِلیم کے ذریعے سے کسی بھاری پتھر کو ہٹائے یا ڈانڈون کے ذریعہ سے کشتی چلائے یا چرخیون کے استعمال سے بھاری وزن اُٹھائے لیکن یہ عملیات علم کا درجہ جب ہی حاصل کرین گے جب معلوم کرایا جائے کہ یہ سب ایک ہی مسئلہ جر ثقیل کے تابع ہین۔

ہندوؤن کی اصل قابلیت کا اندازہ ان کی صنعت کی ترقی کی بنا پر ہوگا

جو سخت ماسے ہمنے علوم اور لٹریچر کے متعلق قایم کی ہے وہ

بالکل اُس رائے کے برخلاف ہے جو ہمنے اون کے اعلیٰ فن تعمیر کے متعلق بیان کی ہے۔ اور جو آگے چلکر ہم اُن کے فنون اور صنعتون کے متعلق بیان کرین گے۔ لیکن ہماری کتاب کے پڑھنے والون مین وہ اشخاص جنہون نے ہندوؤن کی دماغی حالت کو سمجھ لیا ہے ہرگز اس نتیجہ سے تعجب نہین ہون گے۔ کسی قوم کی نسبت یہ رائے قایم کرنی کہ اسکو ہر ایک شعبہ علوم وفنون مین اعلیٰ قابلیت ہے غالباً اوسکی کتب تواریخ یا افراد قوم کی گفتگو اور آرا کی بناپر ہوسکتا ہے۔ لیکن تھوڑے سے غور کے بعد معلوم ہوگا کہ ایسی رائے صحیح نہین ہوسکتی۔ کیونکہ کیا اشخاص مین اور کیا اقوام مین یہ بات دیکھی گئی ہے کہ اگر وہ کسی خاص شعبہ علوم وفنون مین اعلیٰ درجہ رکھتے ہین۔ تو دوسری علوم وفنون مین بہت کم درجہ پر ہین۔ انسانی قابلیتون مین کوئی قابلیت ایسی نہین ہے جو کل دوسری قابلیتون کی ذمہ داری کرسکے اور ایسی قابلیتین بہت کم ہین جنکا تعلق ایک دوسرے سے ہے۔ مثلاً اگر عالم حیوانات مین ہم ذوات الثدی اور مچھلیون مین مقابلہ کرین تو ہم بے شک کہہ سکین گے کہ ذوات الثدی مچھلیون سے اعلیٰ درجہ مین ہین۔ کیونکہ انکے اعصاب اعلیٰ قسم کے ہین۔ لیکن اگر ہم فی ڈیاس اور نیوٹن یا ڈے کارٹ اور سنیر مین مقابلہ کرین تو ہمارے پاس کوئی ذریعہ ایسا نہین ہے جس سے ایک کا تفوق دوسرے پر ثابت ہوسکے۔ علمی قابلیت اور صنعتی قابلیت بالکل ایک دوسرے سے علیحدہ ہین بلکہ عموماً اُن مین اجتماع نہین ہوتا۔ کیونکہ ان دونون کے اصول اور طرز خیال اور طریقہ عمل بالکل ایک دوسرے سے مختلف ہین۔ اور کسی قوم مین علمی اور صنعتی قابلیتون کا اجتماع نہایت شاذ طور پر پایا گیا ہے۔ مثلاً عالم ہر شے کی تجزی کرتا ہے۔ اور ہر شے کی اصلیت کو پہونچنا چاہتا ہے۔ اوسکو بالکل کسی چیز کے حسن و قبح سے بحث نہین ہے۔ برخلاف اسکے صناع اور شاعر کو اشیا کی ماہیت سے مطلق کام نہین۔ وہ اشیا اور خیال کو خوبصورت بناکر دکھانا چاہتے ہین۔ نہ کہ اصل حالت مین کسی قوم نے علوم مین اس قدر ترقی نہین کی ہے جتنی یورپ کی اقوام نے انیسوین صدی عیسوی مین لیکن یہ کہا جاسکتا ہے اگر ہم یونان سے قطع نظر بھی کرلین تو بہت سی قدیم قومین ایسی گذری ہین

جنھون نے صنعت مین ہم سے زیادہ ترقی کی تھی۔ وہ دور جس نے بخار اور برقی قوت کو ایجاد کیا صنعت کے عروج کا دور نہین ہے۔

ہماری غرض یہ ہے کہ جو کچھ ہم نے ہند کے علوم کی نسبت کیا ہے اُس سے کوئی نتیجہ ہند دون کے خلاف یا اُن کے موافق نہین نکالا جا سکتا۔ اُن کی اصلی قابلیت کا اندازہ صنعت کی ترقی پر موقوف ہے اور نہ علوم کی کمی پر۔

فصل دوم۔ ہندو و فنون و صنائع

ہم نے اپنے تمدن عرب مین بہت سے صفحے اس بحث پر لکھے ہین کہ اقوام کے تمدن مین اون کی صنعتون کا کتنا بڑا حصہ ہے۔ ہم دکھا چکے ہین کہ قوم کے مصنفین اور قوم کے صناعون کا یہی کام ہے کہ وہ اپنے زمانہ کی محسوسات، ضروریات و اعتقادات وغیرہ کو جمع کرین اور اس طور پر بیان کرین کہ صفحۂ تاریخ اور صناعی کے کام ہمارے لئے اُس زمانے کی سچی تصویرین جائین۔ ہم دکھا چکے ہین کہ صناع اور مصنف حقیقت مین آزاد نہین ہین بلکہ اپنے زمانے کے خیالات کو محسوسات اور اعتقادات کی زنجیرون مین جکڑے ہوئے ہین۔ اس مجموعی اثر کو کسی خاص زمانے کا رنگ کہنا چاہئے لیکن یہ وہ رنگ ہے جس مین ہر ایک زمانے کے مصنف و صناع رنگے ہوئے ہین۔ خواہ لوگ کو یہ امر محسوس ہو یا نہو۔ ہر ایک زمانے کا ادب اور ہر زمانے کی صنعتین علیحدہ ہین کیونکہ یہ ادب اور صنعتین اُس زمانے کی خاص ضروریات اور محسوسات کا پرتو ہین۔ ہم نے یہ بھی دکھایا ہے کہ ہر ایک قوم کی صنائع اُس کی خاص ضروریات اور محسوسات پر موقوف ہین۔ اور اسی وجہ سے کوئی قوم کسی دوسری قوم کی صنائع کو اختیار نہین کر سکتی جب تک کہ اُن مین اپنی ضرورتون کے لحاظ سے ترمیم نہ کرے۔ اس مسئلہ کے ثبوت مین کافی ہوگا اگر ہم بطور مثال کے



(۹۶) بادشاہی مقبرہ کا اندرونی حصہ گولکنڈہ مین

(۹۷) چار مینار حیدرآباد دکن



اُن تغیرات کو پیش کرین جو عربون کے طرز تعمیر مین نہ صرف ہندوستان مین بلکہ دوسرے ممالک مین بھی جو عربون کے زیر حکومت تھے واقع ہوا۔

ہندوؤن کا صنعتی مادہ نہایت اعلیٰ ہے۔ اب اگر ہم اُس خاص قابلیت کی طرف نظر ڈالین جسکو ایک قوم کا مادہ صناعی کہنا چاہیئے تو ہمین معلوم ہوگا کہ اس مادہ سے مراد وہ قوت ہے جس سے کوئی قوم کسی ملک کی قدیم صنعت کو نہ صرف اخذ کرلیتی ہے بلکہ اُس مین اپنی ضرورتون اور محسوسات کے مطابق ایسا تغیر پیدا کردیتی ہے کہ وہ صنعت ہی بالکل جدید بن جاتی ہے۔ بعض اقوام دوسری اقوام سے صنعتون کو لے لیتی ہین لیکن اُن مین کچھ تصرف نہین کرتین۔ برخلاف اسکے بعض دوسری اقوام اُنہین صنعتون پر اپنی قابلیت اور مادہ ذاتی کی ایسی مہر کردیتے ہین کہ مصنوعات کی شکل بالکل بدل جاتی ہے اور اُن مین خارجی اجزا کا محسوس کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔ اس کی مثال یونانی و عرب ہین۔ یونانیون نے صنعتون کو اسٹریلیا اور مصر سے لیا۔ اور عربون نے یونان و روم سے۔ دوسری مثال ترکون کی ہے جن مین مطلق صنعتی مادہ موجود نہین ہے۔ اور وہ اسوقت تک تقلید کی تاریک گلیون سے باہر نہین نکلے ہین۔ اگر ہم قاہرہ کی مسجد عمرو کو مسجد قایتبایہ سے مقابلہ کرین تو ہمین معلوم ہوجائے گا کہ عربون کی صنعتی قوت نے کس قدر ترقی کی ہے۔ برخلاف اس کے اگر قسطنطنیہ کی مختلف مساجد کا باہم مقابلہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ سب اُس بازنطینی کلیسیا یا صوفیا کی نقلین ہین جن کم و بیش خارجی اجزا شامل کردے گئے ہین اور جن سے ترکون کی صنعتی ناقابلیت ثابت ہوتی ہے۔ ہم دیکھ چکے ہین کہ ہندوستان مین مختلف اقوام کے فاتحین آئے ہین اسوجہ سے یہان کی صنعتون مین خارجی اثر کا پایا جانا ضرور تھا۔ لیکن ہندوؤن کا صنعتی مادہ اس قدر اعلیٰ و محسوس ہے۔ کہ وہ جس چیز کو دوسری اقوام سے لیتے ہین اُس کو بدل کر ہندی بنا دیتے ہین مثلاً عمارتون مین جہان بیرونی طرز کا چھپانا دشوار تھا اُن کی اُس ذکاوت کا اثر بین طور پر معلوم ہوتا ہے۔ اگر کوئی ہندو صناع کسی یونانی ستون کی نقل کرے تو وہ ستون یونانی نہین باقی رہتا بلکہ ہندی

بنجاتا ہے۔ اسی طرح جب ہندو صناع کسی یورپی صنعت کی نقل اُتارتا ہے تو عام صورت البتہ مغربی ہوتی ہے لیکن اُس کی ساخت اور طرز آرایش اور تفصیلات وغیرہ مین اسقدر فرق آجاتا ہے کہ مجموعی حیثیت سے وہ شے یورپی نہین رہتی۔

عمارات مین جو کچھ ہندوؤن نے دوسری اقوام سے لیا ہے وہ بہت کم ہے، اور صنعتون مین اونہون نے زیادہ اخذ کیا ہے۔ لیکن اُن کے خاص صنعتی مادہ سے ان صنعتون اور حرفتون کو ایسا بدلدیا ہے کہ وہ پہچانی نہین جاتین۔ ہندوؤن کی آرائشون مین بہت بڑی خصوصیت یہ ہے کہ تفصیلات مین بے انتہا مبالغہ ہے۔ یہی بات اون کے ادب۔ اور مذہبی اور فلسفی تصانیف مین بھی پائی جاتی ہے۔ ہندوؤن کی صنعتون کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی قوم کی دماغی حالت اور اوس کی صنائع مین کتنا بھاری تعلق ہے۔ اگر اسوریون کی طرح سے ہندو بھی صفحہ روزگار پر سے غائب ہوجاتے تو صرف ان کی مندرون اور ان کی سنگ تراشیون کے ذریعہ سے ہمین وہی معلومات حاصل ہوجاتین جو اب ہین۔ ہم دیکھ چکے ہین کہ بدھ مذہب کی اصلی تاریخ معلوم کرنے مین ہمین بمقابل کتابون کے آثار قدیمہ سے کس قدر زیادہ مدد ملی ہے۔ ان عام اصول کو بیان کرنے کے بعد اب ہم مختصر ہندو صناعی کا ذکر کرین گے۔

تصاویر اور سنگ تراشی

سنگ تراشی | ہندوؤن سے زیادہ کسی قوم نے اپنی عمارات کو آرایشون مین سنگ تراشی سے کام نہین لیا ہے۔ ان کی یادگارون مین ہزارہا بت اور منبت تصاویر پائی جاتی ہین۔ لیکن عجیب بات یہ ہے کہ اِن کی کتابون مین سنگ تراشی کا مطلق ذکر نہین ہے۔ فرگیسن نے بھی اس کی کا ذکر کیا ہو لیکن ایسا نہین معلوم ہوتا۔ کہ کسی نے اس کمی کے پورا کرنے کا خیال بھی کیا ہو۔ ہندو مذہبی حکایات اور دیوتاؤن کے قصے



(۹۸) لال محل کا پھاٹک ۔ آگرہ قلعہ میں

کہانی کی کتابون مین جو بدنما اور بدصورت تصویرین بنی ہوئی ہین۔ اون سے کوئی اندازہ سنگ تراشی کا نہین ہوسکتا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اِن کتابون کے شائع کرنے والون نے خاص طرح کی بدترین مثالون کو یکجا کردیا ہے۔ انہین تصاویر کے دیکھنے سے یورپ مین ایک غلط خیال پیدا ہوگیا ہے کہ ہندی سنگتراشی بہت ہی ادنیٰ درجے کی ہے۔ مجھے امید ہے کہ جو تصاویر ہماری کتاب مین درج کی گئی ہین اُن کے دیکھنے سے یہ غلط خیال دور ہوجائیگا۔ بھونیشور۔ سانچی۔ ایلورا۔ اجنٹا۔ بدامی۔ کھجوراہا۔ کنبہ کنم مین مینے دیکھا ہے کہ کم درجے کی سنگ تراشی کے ساتھ ہی ساتھ ایسی عمدہ دستکاری بھی موجود ہے جس سے یورپی صناع بھی شرمائین۔

اودے گیری۔ بُرہت۔ سانچی اور مہابلی پور کی منبت کاریان جو اس تصنیف مین دکھائی گئی ہین دنیا کی عمدہ ترین صناعیون مین محسوب ہوسکتی ہین۔ علم تشریح کے لحاظ سے البتہ یہ مورتین صحیح نہین بنی ہین کیونکہ ہندوؤن کا جبلّی مبالغہ یہان بھی موجود ہے۔ عورتون کے سینے اور سرین ایسے ہین جو فطرت مین نہین پائے جاتے اسی طرح چار ہاتھ والے دیوتا ہماری یورپی آنکھ کو تکلیف دیتے ہین۔ تاہم یہ سنگ تراشیان نہایت ہی عجیب وغریب ہین۔ ان مین وہ سردمہری نہین پائی جاتی جو ہمارے زمانہ متوسط یا مصر کی مورتون مین ہے۔ یہ دیوتا اور دیویان اور بہادر جن سے ہندو مندر بھرے ہوئے ہین ایک زندہ خلقت ہے جو دیواروں اور ستونون سے نکلکر سیاح سے ہاتھ ملانے کیلئے طیار ہین۔ اگرچہ یونان کی سنگتراشی بہت زیادہ باقاعدہ ہے لیکن اسکے ساتھ ہی وہ سردار نمکینی سے بھی خالی ہے۔ اِن سنگ تراشیون کا زیادہ بیان لکھنا بے فائدہ ہے ایک مثال کے دیکھنے سے جس قدر واقفیت حاصل ہوتی ہے وہ سفرون کے بیانات پڑھنے سے نہین ہوتی۔ اور ہم اپنے کتاب کے پڑھنے والون کو اُن تصاویر کیطرف متوجہ کرتے ہین جو ہمنے کتاب مین درج کی ہین۔

مورتون کی جو تصویرین ہم نے اپنی کتاب مین درج کی ہین اُن کے نیچے اُن کا زمانہ بھی لکھدیا

ہے۔ ان کے مقابلہ کرنے سے معلوم ہوگا کہ سنگ تراشی کی عمدگی زمانہ کے لحاظ سے ترقی پذیر نہیں ہوئی ہے۔ مثلاً سب سے عمدہ سنگ تراشی جو سانچی اور برہت میں پائی جاتی ہے دو ہزار سال قبل مسیح کی ہے۔ برخلاف اس کے آبو کی سنگ تراشیاں جنکا زمانہ بارہویں صدی مسیحی ہے کم درجہ کی ہیں۔ اور اوسی زمانہ کی بنی ہوئی کھجوراھہ کی سنگ تراشی نہایت عمدہ ہیں۔ اسی طرح جنوب ہند میں بعض جدید مندروں کی سنگ تراشیاں عمدہ اور خوبصورت ہیں اور بعض نہایت بدصورت۔ نہ تو ہند کے ادب میں اور نہ ہند کی صناعی میں کوئی آثار تدریجی ترقی کے نظر آتے ہیں۔

رنگین تصاویر

ہند کی صنعت میں سنگ تراشی اور بت تراشی کثرت سے پائی جاتی ہے۔ لیکن رنگین تصویریں برخلاف اسکے نہایت کم ہیں۔ اور ان کا وجود صرف اجنٹہ کے مندروں میں ہے۔ ان میں دوری اور نزدیکی کا لحاظ تو بالکل نہیں ہے لیکن اشکال، جیسا ہماری تصویروں سے ظاہر ہوگا، درست کھنچی ہیں۔ اور صورتیں زندہ اور پھرتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔ یہ ان سرد و تنظیمی تصاویر سے بہت بہتر ہیں، اور شک نہیں کہ جس زمانہ میں یہ بنائی گئیں یورپ میں کوئی مصور ایسا نہ تھا جو ان سے بہتر بنا سکتا۔ افسوس یہ ہے کہ مابعد زمانہ کی تصاویر بالکل تلف ہوگئی ہیں۔ قدیم قلمی کتابوں میں جہاں کہیں تصویریں بنائی گئی ہیں (اور جنکا زمانہ اسلامی تسلط سے مابعد کا ہے) اون کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوؤں نے اس فن میں زیادہ ترقی نہیں کی۔ سلطنت مغلیہ کے زمانہ میں ہندو مصور ایرانیوں کے شاگرد بنے۔ لیکن اون کی بنائی ہوئی تصویریں جو کتابوں میں نظر آتی ہیں اور جن میں سے بعض ہماری کتاب میں درج کی گئی ہیں۔ ایسی بھدی ہیں کہ ان میں خوبی قلم سے اصطلاحی عیوب کی تلافی نہیں ہوئی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تصویر کشی کا فن ہندوستان



(۹۹) رنگ محل آگرہ کا ایک ستون

مین ناکامل حالت مین رہا کیا تصویر کشی اور کیا ادب مین، ہنہ کا ملک اوسی درجہ پر رہ گیا ہے جسکو یورپ کے ازمنہ متوسط سے تعبیر کرتے ہین۔

حرفتی فنون۔ لکڑی اور فلزات کا کام۔ جواہرات کی صنعتین

صناعی مین ہندو بہت اعلیٰ ہین

عموماً فنون لطیفہ کی اصطلاح تصویر کشی، سنگ تراشی، اور فن تعمیر تک محدود سمجھی جاتی ہے۔ اور حرفتی فنون، سے وہ کام مراد ہین جو انسان کی ضروریات سے متعلق ہین۔ مثلاً سُنار کا کام بڑہئی کا کام لُہار کا کام وغیرہ جن مین کم و بیش کلون سے کام لیا جاتا ہے۔ یہ تقسیم زیادہ تر مغربی فنون مین ملحوظ رکہی گئی جہان حرفتی فنون مین روز بروز کلون کا استعمال زیادہ ہوتا جاتا ہے۔ برخلاف اس کے مشرق مین یہ فنون بہی صناع کی ذاتی قابلیت اور کاریگری پر موقوف ہین۔ صناعی ایک اور چیز ہے اور صناعی سے بذریعہ آلات کام لینا ایک دوسری چیز۔ مثلاً کسی مرصع پیالے یا خنجر کے قبضہ کے بنانے مین بہت زیادہ مادہ صناعی صرف ہوتا ہے بمقابل کسی پنج منزل عمارت یا ریل کے اسٹیشن تعمیر کرنے کے۔ بس ہم نے فی الواقع محض اصطلاح کو قایم رکہنے کی غرض سے ایسے فنون کو بہی فنون حرفتی کا نام دیدیا جو فی الواقع اعلیٰ صناعی کا نمونہ ہین اور جن کو دراصل فنون لطیفہ مین شامل کرنا چاہیئے۔

لندن مین ہند کی حرفتی فنون کا اتنا عمدہ مجموعہ موجود ہے کہ ان صنعتون کا مطالعہ آسان ہوگیا ہے اور نیز۔ برڈ وڈ اور جفالوی اور کپلنگ وغیرہ نے ایسے عمدہ رسالے مختلف صناعیون پر لکہے ہین کہ ان کا زیادہ بیان کرنا فضول ہوگا۔ اصطلاحی تفصیلات کیلئے کتاب کے پڑہنے والے کو فوق الذکر تصنیفات کی طرف رجوع کرنا چاہیئے یہان ہم صرف عام طور پر ان حرفتون کا ذکر کرین گے اور انکی چند مثالین جو ہم نے اپنے سفر ہند مین جمع کی ہین درج کرین گے۔

ہند و فلزی صناعی میں بڑے کاریگر ہیں۔

ہندوستان کی صنعتوں میں وہ صنعت جو مہ تہاسے دراز سے چلی آتی ہے اور جس کو اول کہنا چاہیئے فلزی کام ہے۔ اگرچہ بمرور زمان اور متعدد فتوحات کی وجہ سے اس صنعت کی قدیم مثالیں نہایت کمیاب ہوگئی ہیں تاہم جتنے تصاویر ہیں ایک بدھ زمانہ کا طلائی صندوقچہ برکات رکھنے کا دکھایا ہے جو دریاے کابل کی گہائی میں ایک ٹوپ کے اندر ملا تھا۔ اس صندوقچہ کے ساتھ سکے نکلے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ پچاس سال قبل مسیح کا ہے۔ یہ منجملہ اُن صناعیوں کے ہے جو بدھ اور یونانی طرز کے میل جول سے پیدا ہوئی ہے کابل کے قرب وجوار میں اور کشمیر اور پنجاب میں سونے اور چاندی کا کام نہایت عمدہ بنتا ہے جیسا کہ ہماری تصویروں سے معلوم ہوگا۔ لیکن اصل یہ ہے کہ تمام ہند میں سونے۔ چاندی۔ تانبے اور کانسے کا کام اعلیٰ قسم کا بنتا ہے اور تنجور کی ایک صنعت مشہور ہے جس میں کانسے پر تانبے اور چاندی کی مرصع کاری ہوتی ہے۔

ہندو اپنی روزمرہ کی زندگی میں چینی کے برتنوں کی جگہ کانسے اور تانبے کے برتن استعمال کرتے ہیں۔ اسوجہ سے ان دونوں فلزوں کے کام نے بڑی ترقی کی ہے۔ بعض گول تانبے کے گھڑے جو پانی رکھنے اور لیجانے کے لئے مستعمل ہیں نہایت خوبصورت ہوتے ہیں۔ قدیم گھڑے البتہ آجکل کے گھڑوں سے بہت بہتر ہوتے تھے اور ان میں سے ایک لندن کے ہندی عجائب خانہ میں موجود ہے جو کولو کا بنا ہوا ہے اور اس پر بدھ کی زندگی کے واقعات کندہ ہیں۔ ہندو دستکاری صرف سونے تانبے اور کانسے ہی تک محدود نہیں ہے لوہے کی دستکاری بھی اعلیٰ درجہ کی ہوتی ہے۔ اس کا اندازہ ہمیں اصل لوہے کی لاٹ سے ہو سکتا ہے جو قطب کی مسجد کے اندر واقع ہوئی ہے اور راجہ دھو کے عہد کی ہے یہ چوتھی ہندی عیسوی میں بنی تھی حالانکہ یورپ میں تھوڑے ہی زمانے سے اور وہ بھی پیچیدہ کانوں کے استعمال سے اتنی بڑی فلزی اشیا کا ڈھالنا ممکن ہوا ہے۔

طلا پچی کاری کا کام ہند کی اصل صنعت ہے۔

ایک فلز کی دوسری فلز پر پچی کاری اور میناکاری بھی ہند کی قدیم صنعتوں میں

(۱۰۰) سنگ مرمر کے مغلیہ محل واقع اندرون قلعہ آگرہ



سے ہین۔ اور یورپ کبھی اِن کی خوبی کو نہین پہونچ سکا۔ زیورات البتہ یورپی طرز کے نہین ہین لیکن اِن کی ساخت مین جو باریکی اور صناعی دکھائی جاتی ہے وہ ہرگز یورپی کام سے کم نہین ہندو شیشہ بھی بناتے تھے اور جواہرات کے تراشنے کا کام بھی کرتے تھے اگرچہ اِن دونون صنعتون مین یورپ اِن سے بڑھ گئے لیکن ہاتی دانت اور لکڑی پر نقاشی کے کام مین ان کا مقابلہ نہین کر سکے۔

فولادی ہتیار ہندو صنعتون مین فولادی ہتیار اعلیٰ درجہ رکھتے ہین۔ نہ صرف اِن کی ساخت بایک اور پچے کاری عمدہ ہے بلکہ اِن کا فولاد بھی اعلیٰ درجہ کا ہے۔ اور قدیم زمانہ سے یہ مشہور و معروف ہے۔ ڈاکٹر برڈوڈ کی راے ہے کہ دمشق کے تیغے جو پرانے زمانے مین اِس قدر مشہور تھے ہند کے فولاد کو بنتے تھے۔ ہند کے فولاد کی تعریف یونانیون نے بھی کی ہے۔ اور سب سے عمدہ قسم کا فولاد مقناطیسی لوہے سے بنتا ہے۔

ہندوؤن نے اُن کل صنعتوں کو جو مختلف فاتحین ملک مین لائے تھے فوراً اخذ کر لیا اور بالکل بدل دیا۔ سفید پتھر مین مختلف الالوان قیمتی پتھرون کی پچے کاری کا فن جو اطالیہ سے آیا۔ اور جس مین پکھراج فیروزہ سنگ سرخ نیلم وغیرہ استعمال کئے جاتے ہین۔ اسوقت تک آگرہ مین موجود ہے۔ اس صنعت نے مغل بادشاہون کے وقت مین بڑی ترقی تھی کیونکہ وہ اِس کو وہ اپنی عورتون کی آرایش مین استعمال کرتے تھے۔

شال و قالین ریشمی کپڑا۔ قالین۔ اور شال بافی وغیرہ اب بھی ہند مین اس درجہ کمال پر ہے کہ یورپ مین ویسی صناعی مشکل ہے۔ لیکن کلون کا بنا ہوا سستا مال جو یورپ سے آرہا ہے بہت جلد اِن صنعتون کا خاتمہ کر دے گا۔ اگرچہ مٹی کے برتن ہند کے ہر ایک گاؤن مین بنتے ہین لیکن اِس صنعت مین وہ یورپ کا مقابلہ نہین کر سکتے۔ اگرچہ بعض رنگین برتن حسن سے خالی نہین ہین۔

اینٹ کی دیوارون پر مینا کاری اور ٹیلون کی استرکاری جو اسلامی فتوحات کے زمانہ سے ہند مین جاری

ہے فی الواقع ایرانی صنعت ہے جیسا کہ ایران کی قدیم شاہی عمارات کے کھنڈرون سے معلوم ہوتا ہی اس میناکاری کے عوض مین اب صرف چونے کی استرکاری پر رنگ لگادیا جاتا ہے جیسا کہ گولکنڈہ کے شاہی مقبرون مین نظر آتا ہے۔ یہ آرایش بالکل دیرپا نہین ہے برخلاف اس کے میناکار اینٹین کبھی ضائع نہین ہوتین۔ مشرقی دنیا کی کل عمارتین جن مین میناکار اینٹون کی پچی کاری ہے مثلاً بیت المقدس مین مسجد عمر۔ لاہور کی بعض عمارات۔ گوالیار کا قلعہ، یہ سب اُس قسم کی یادگارون مین ہین جو ہماری آنکھون کو چکاچوند مین ملاتی ہین۔ جسوقت انسان اُن کے مختلف الالوان روکار کو، جس مین توس قزح کی رنگ آمیزی نظر آتی ہے، دور سے دیکھتا ہے تو اُسے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ کوئی خیالی قصر ہے جسے جنات نے بنایا ہے۔ ہماری تعلیم کا نقص کسی چیز سے اس قدر ثابت نہین ہوتا جیسا اِس امر سے کہ یورپ نے اس وقت تک کوئی ایسا صناع نہین پیدا کیا جو مغربی قصرون مین اس بے بہا طریقہ آرایش کو استعمال کرتا۔

ہندوؤن کا تخیل قوی کرمتل کمزور ہے۔

یہان ہماری تصنیف کا وہ حصہ جو عمارات اور صنائع سے متعلق ہے ختم ہوتا ہے۔ یہ صنائع ایک ایسی قوم کی ملک ہین جو بالطبع صناع اور شاعر ہین۔ جن کا تخیل قوی لیکن عقل کمزور ہے۔ اِن کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہم ایک ظلمات کے عالم مین پہونچ گئے جہان کے قصے کہانیان، جہان کی شان وشوکت اور عجائبات، اور خلاف فطرت خلقت ہمین اچنبھے مین ڈالتی ہے یہ عجیب وغریب مصنوعات جو روز بروز گردزمانہ کے نیچے دبتی جاتی ہین دوبارہ ابھرین گی۔ اور انہین پھر کوئی نہین بنائے گا۔ ہمین چاہیے کہ اقلاً ہم ان کے کھنڈرون کی حفاظت کرین۔ اس سودمندی پسندزمانہ کی کشمکش نے انسان کو اس درجہ مصروف کردیا ہے کہ اُسے اتنی فرصت بھی نہین جو اس قدیم تاریخ کو آنکھ اٹھاکر بھی دیکھ سکے۔ لیکن ہمین ان پر اسرار یادگارون کو ذلیل نہین سمجھنا چاہیے۔ یہ قدیم عبادتگاہین جو اس وقت خاموش اور سنسان ہین۔ یہ پرانی سنگ تراشیان، یہ گرتی ہوئی میناکاریان جنکو ہمارے انجنیرون کے پھاوڑے توڑ توڑ کر گرا رہے ہین اور ریل بچھانے کے لئے زمین طیار کررہے



(۱۰۱) موتی مسجد آگرہ

ہین۔فی الواقع اُس قدیم زمانہ کی زندہ تاریخ ہین جسنے ہمین ویسا بنایا جیسے ہم اب ہین۔اور جسکو ہمارے مستقبل مین بھی بہت بڑا دخل ہوگا۔

کتاب ششم

موجودہ ہند۔اعتقادات۔نظامات۔رسوم وعادات

باب اول

ہندوؤن کی دماغی حالت

ہندوؤن کے دماغی خصایص کا پتہ ان کی کتب ادب سے

ہم نے اس کتاب کے اُس باب مین جہان مختلف اقوام ہند کی دماغی اور اخلاقی وخصائص سے بحث کی گئی ہے اُن عام خصائص کا ذکر کیا ہے جو ہند کے باشندون مین بوجہ اتحاد مرز بوم ونظامات واعتقادات پیدا ہوئی ہین۔اسی طرح اُن ابواب مین جو ہند کی تاریخ تمدن سے متعلق ہین دکھایا گیا ہے کہ نظامات اور اعتقادات کیونکر صدیون مین بتدریج اپنی موجودہ حالت پر آئے ہین۔اب ہم اپنی تحقیق کو ایک درجہ اور بڑہائین گے اور ہندوؤن کی دماغی حالت کو درست طور پر معلوم کرنیکے لئے ہم اُن کی زندگانی کے مختلف پہلوؤن پر نظر ڈالین گے اور کسی خاص امر کے متعلق ان کے خیالات اور اعتقادات کو معلوم کرین گے۔مثلاً ہم معلوم کرین گے کہ اُن کا خیال انسانی زندگی کے متعلق یا اصول کردار کے متعلق کیا ہے۔غرض ہم اُن کی دماغی حالت

پر ایک عمیق نظر ڈالیں گے۔ البتہ رسوم و رواج اور نظامات کے مطالعہ سے بھی ہمیں تھوڑی بہت اطلاع مل سکتی ہے۔ لیکن ہندوؤں نے اپنی عملی زندگانی کے تجربوں کو کتابوں میں درج کیا ہے۔ اور اگرچہ کسی قوم کی دماغی خصائص کا پتہ اُس کی کل تصانیف سے لگتا ہے لیکن زیادہ تر اُس قوم کی کتب ادب سے پس اُن اغراض کے لحاظ سے جو ہمارے سامنے ہیں ہمیں دوسری تصنیفات سے کام لینا نہیں ہے مثلاً ہندوؤں کی مذہبی اور فلسفی کتابوں کے مصنف وہ اشخاص ہیں جن کی دنیا ہی الگ ہے۔ اور انہیں اصلی دنیا سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ رامائن و مہابھارت محض خیالی نظمیں ہیں جن کی تصنیف میں متخیلہ مطلق العنان چھوڑ دیا گیا ہے۔ ان میں بیشک اُس زمانہ کی جس سے یہ متعلق ہیں جھلک معلوم ہوتی ہے لیکن ہر ایک چیز میں بے انتہا مبالغہ ہے۔ ان مضمون میں کیا اشخاص اور کیا افعال بالکل مبالغہ سے بھرے ہوئے ہیں۔ ایک حد تک البتہ ان سے کام لیا جا سکتا ہے کیونکہ ہر ایک شاعر اپنے زمانہ کی معروضوں کا پابند ہے لیکن اس کام لینے میں سخت احتیاط درکار ہے۔

ہماری خوش قسمتی سے ایک بہت بڑا ذخیرہ معلومات کا ہم تک پہونچا ہے۔ اور یہ ذخیرہ گویا کل قوم کا جمع کیا ہوا ہے۔ ہماری مراد اُن تمثیلوں کہاوتوں اور قصوں سے ہے جو ملک میں مشہور و معروف ہیں کسی نے سچ کہا ہے کہ ہر ایک قوم کی مثلیں اُس قوم کے تجربوں کا لب لباب ہیں۔ ان امثال میں بیساختہ طور پر اور اختصار کے ساتھ اُس قوم کی جس کی وہ امثال ہیں دماغی حالت رسوم و رواج وغیرہ دکھائے گئے ہیں۔ یہ ہر شخص کی زبان پر ہیں۔ کیونکہ ان میں ہر فرد قوم کا دلی خیال ظاہر کیا گیا ہے۔ ہندوؤں میں اس قسم کی کہاوتیں اور مثلیں کثرت سے ہیں۔ ان کے ہر ایک قصہ کہانی میں جا بجا مثلیں بھری ہوئی ہیں۔ وہ اشتباہ معنی اور عدم تحقیق جو ہندو کلام کا خلاصہ ہے ان امثال میں نہیں پایا جاتا۔ ان کے معنی بالکل صاف اور صریح ہیں۔ کیونکہ یہ عوام الناس کے خیالات کا خاکہ ہیں۔ اور ان کے معنی میں اگر ذرا بھی شک کی گنجایش ہوتی تو یہ عوام کی زبان پر جاری نہ ہوتیں۔ یہ امثال اسقدر مستند اور ہیں کہ ان



(۱۰۲) اعتمادالدولہ کے مقبرہ کا منظر

کے الفاظ مختصر اور چُنے ہوئے رہ گئے ہین۔ پس ہم انھین امثال اور کہاوتون کے ذریعہ سے ہندوؤن کی دماغی حالت کا مطالعہ کرین گے۔ تاریخی بیانات سے ہمین کبھی ویسا صحیح نتیجہ نہین حاصل ہوتا جیسا امثال کے مطالعہ سے کیونکہ مورخ ہمیشہ اپنے مرزبوم اور اپنے زمانے کے مسلّمات اور اپنے قدیم اور موروثی خیالات کا پابند ہے۔

پنچ تنتر و ہتوپدیش مین نے ہندو تصانیف اور علی الخصوص پنچ تنتر اور ہتوپدیش سے انتخاب کیا ہے اور انتخابون کو چند فصلون مین تقسیم کر دیا ہے مثلاً زندگانی کے مسائل۔ مختلف مواقع پر مختلف عمل اخلاق تعلیم ملک داری کے اصول وغیرہ وغیرہ۔ ان انتخابات مین مین نے مہابھارت یا ویدیا منوشاستر کے مقولے اُس وقت شامل کئے ہین جبکہ یہ پنچ تنتر یا ہتوپدیش کے خیالات کی تائید مین واقع ہوئے تھے اور جس سے ثابت ہوتا تھا کہ یہ مقولے زمانہ دراز سے ملک کے عام مسلمات مین شامل ہو گئے تھے مثلاً پنچ تنتر کے کسی قدر مضحک مقولون کی جو عورتون سے متعلق ہین منوشاستر کی سی تصنیف بھی جو سالہا سے دراز سے ملک کا قانون رہی ہے تائید کرتی ہے۔ اصل یہ ہے کہ جس وقت کسی قوم کے مسلمات اس درجہ پر پہونچ جاتے ہین کہ وہ مثلون مین داخل ہو جائین تو پھر یہ امر تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ یہ خیالات پشتہا پشت سے قوم مین چلے آتے ہین۔

ان انتخابات کے متعلق ہم نے جابجا اپنی مختصر رائے بھی بیان کی اور اُن کو مندرجہ ذیل دس سرخیون مین تقسیم کیا ہے۔ اول قسمت دوم فطرت و جبلت سوم زندگی چہارم پڑھا پا اور موت پنجم انسانی افعال کے محرکات ششم عورت ہفتم علم اور جہالت ہشتم دولت و فلاکت۔ نہم مختلف صورتون مین انسان کو کیا کرنا چاہیے دہم سیاست اور تدبیر ملک۔

اول قسمت

ایک خاص طول بلد سے گذرنے کے بعد کل مشرقی اقوام قسمت کی قائل پائی جاتی ہین اور اس اعتقاد کو اُن کے مذہب سے تعلق نہین ہے۔ کیونکہ اس اقوام مین مختلف مذاہب کے اشخاص نصرانی مسلمان ہندو شامل ہین۔ یہ قسمت کا اعتقاد ہمیشہ مذہبی کتابون مین نہین پایا جاتا لیکن قوم کے رگ وریشہ مین پیوست ہے۔ تمام ایشیائی اقوام کا اعتقاد یہ ہے کہ زندگانی کے کل واقعات اس مضبوطی کے ساتھ پہلے سے مقرر کردئے گئے ہین کہ اُن مین کسی قسم کا تغیر پیدا کرنا انسان کے امکان سے خارج ہے۔ روسی جو سر جھکاتا اور کہتا ہے کہ "کیا کیا جائے" اور مسلمان جو سر تسلیم خم کرکے کہتا ہے کہ "قسمت کا لکھا یہی تھا" اور ہندو جس کا اعتقاد یہ ہے کہ "جو نہین ہونے والا وہ کبھی نہین ہوتا اور جو ہونے والا ہے اُس کے خلاف کبھی نہین ہوتا" سب کے سب قسمت کو ایک ایسی زبردست قوت مانتے ہین جو انسان کے کل افعال کو اس طرح مقرر کرتی ہے کہ اُسمین تغیر نہین ہوسکتا۔

مندرجہ ذیل انتخابات مین یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے۔ جیسا کہ عربون مین یہ اعتقاد اُن کو کل پرانی دنیا کے فتح کرنے سے مانع نہین ہوا اُسی طرح ہندؤن مین بھی یہ انسان کی کوشش کا مانع نہین سمجھا گیا ہے جیسا بعض مثالون سے ظاہر ہوجائیگا۔

"جو نہین ہونے والا وہ ہرگز نہین ہوتا ہے، اور جو ہونے والا ہے اُس کے خلاف کبھی نہین ہوتا یہ استدلال فکر کے زہر کا تریاق ہے بس ہم اسے کیون بیکار مین لائین" (ہتوپدیش باب اول شعر ۲۰)

"قسمت نے ہماری پیشانی پر ایک سطر منجملہ حرفون کی لکھی ہے جس کو ہمارا عالم سے عالم شخص اپنے علم سے مٹا نہین سکتا" (پنچ تنتر دوسرا منتر شعر ۱۷)

"جو سمندر مین ڈوب جائے۔ یا پہاڑ پر سے گرے۔ یا آگ مین گر جائے۔ یا اُسے سانپ ڈسے اگر اس کی زندگی



(۱۰۳) اعتماد الدولہ کے مقبرہ کی صناعی

ہے تو وہ سلامت رہیگا۔" (ہتوپدیش باب دوم ۱۶)

"اس دنیا کے کل کام قسمت پر بھی ہین اور انسان کی کوشش پر بھی۔ لیکن ان دونون مین قسمت کو کوئی جانتا نہین کہ کیا ہے۔ لیکن انسانی کوشش سے کام لیا جا سکتا ہے۔" (منوشاستر ساتوان باب ۲۰۵)

"انسان کو چاہیئے کہ قسمت کا خیال رکھتے ہوے بھی اپنی کوشش نہ چھوڑے بلا کوشش کے کوئی سرسون سے تیل نہین نکال سکتا۔" (ہتوپدیش دیباچہ ۳۰)

فصل دوم۔ انسانی جبلت

انسان کے طبعی رجحانات کا اثر اُس کی جبلت پر ایسا صاف اور صریح ہے کہ ہندوؤن نے بھی اس کو محسوس کیا۔ یہ رجحانات وراثت کے ذریعے سے پہونچتے ہین۔ اور پیدایش کے ساتھ ہی انسان مین آجاتے ہین۔ یہ اُس کی جبلت ہے اور مرزبوم اس جبلت مین صرف ترمیم کر سکتی ہے۔ اُس کو بدل نہین سکتی۔ ہندوون نے انسانی جبلت کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اُس مین اب بھی بہت کم ترمیم کی گنجایش ہے۔

"جبلت نصیحت سے نہین بدلتی۔ پانی کتنا ہی گرم کیا جاے اخر جلکر ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔" (پنچ تنتر پہلا منتر شلوک ۲۵۰)

"اگر آگ ٹھنڈی ہوتی یا چاند مین جلانے کی خاصیت ہوتی تب البتہ اس دنیا مین بھی انسان کی جبلت بدل سکتی ہے۔" (پنچ تنتر) باب اول شعر ۲۸۸)

"ہر شخص کی جبلت ہی کا امتحان ہونا چاہیئے۔ اور خصائص کا امتحان ضرور نہین۔ کل خصلتون مین جبلت سب سے اوپر چڑھ کر بیٹھتی ہے (ہتوپدیش باب اول ۵۸)

"انسان اپنی جبلت کو بمشکل بدل سکتا ہے۔ اگر کتے کو بادشاہ بنا دو تب بھی جوتے چبانا نہین چھوڑے گا۔"

(ہتوپدیش تیسرا باب ۲۱)

"جس شخص کے اخلاق ایسے ہون جو آریون کے شایان نہین یعنی اس مین سختی۔ بیرحمی اور ہمیشہ اپنے فرایض کی طرف سے غفلت ہو تو وہ شخص کم نسل ہے۔" (منوشاستر دسوان باب ۵۹)

"کم نسل شخص اخلاق مین یا تو اپنے باپ سے مشابہ ہے یا اپنی ان یا دونون سے۔ وہ کبھی اپنی اصل جبلت کو چھپا نہین سکتا۔" (منوشاستر دسوان باب ۵۹)

فصل سوم۔ زندگی بڑھاپا موت۔

اس فصل مین جو مقولے نقل کئے گئے ہین ان مین عام خیالات زندگی اور دنیاوی آسودگی کے متعلق بیان کئے گئے ہین۔ اور اس کے بعد بڑھاپے اور موت سے بحث کی گئی ہے۔ بعض مقولے تو البتہ مایوسانہ ہین لیکن مجموعی طور پر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ زندگی کا اندازہ درست کیا گیا ہے اس مین نہ زیادہ سبز باغ دکھایا گیا ہے اور نہ زیادہ مایوسی۔ یہ سمجھا گیا ہے کہ زندگی وہ چیز ہے جس سے ذری تمتع حاصل ہوتا ہے اور اس سے تمتع حاصل کرنے مین جلدی کرنی چاہیئے۔ کس قدر ناچیز کون نہ ہو زندگی کل نعمتون مین سب سے بڑی سمجھی جاتی تھی اور ہند کے عقلا نے اس کے لئے ہر چیز سے دست بردار ہونے کا مشورہ دیا ہے۔

"جو کوئی بلا خواہشون کے زندگی کرتا ہے اور کچھ امید مین نہین رکھتا اس نے سب کچھ پڑھا ہے سب کچھ کیا ہے اور سب کچھ کر چکا ہے۔" (ہتوپدیش باب اول ۳۴)

"جو کوئی مصیبت مین رنج نہین کرتا۔ فلاح پر خوش نہین ہوتا۔ اور لڑائی کے وقت نہین ڈرتا۔ وہ دنیا مین تین ہے۔ بہت کم مائین ہین جو ایسے پوت جنتی ہین۔" (ہتوپدیش باب اول ۳۲)

"جوانی حسن زندگی دولت اور حکومت۔ اور چاہون کا ساتھ۔ یہ وہ چیزین ہین جو ہمیشہ نہین رہتین عقلمند کو انکی فکر مین

شکل ۱۱۔ تاج محل آگرہ کا منظر

نہین پڑنا چاہیئے۔" (ہتوپدیش باب چہارم ۱۷۱)

"عقلمند علم اور دولت حاصل کرتے وقت نہ بڑھاپے کا خیال کرے نہ موت کا۔ لیکن نیکی کرتے وقت وہ یہی خیال کرے کہ موت اُسے بال پکڑ کر کھینچ رہی ہے۔" (ہتوپدیش دیباچہ ۳۸)

"وہ کون شخص ہے جو اپنے سے نیچے طبقہ کے لوگون کو دیکھے اور اُس کو اپنی بڑائی نہ معلوم ہو۔ جب اپنے سے اوپر کے لوگون پر نظر ڈالے تب ہی اپنی کمی معلوم ہوتی ہے۔" (ہتوپدیش کتاب دوم ۲)

"سانپ ہوا پی کر رہتے ہین اور پھر کمزور نہین ہوتے۔ جنگلی ہاتی سوکھی ہاڑیان کھاکر مضبوط ہوتے ہین۔ ریاضت کرنے والے راہب (جو بہت کم کھاتے ہین) زندہ رہتے ہین۔ اصل مین قناعت انسان کے لئے سب سے بڑی دولت ہے۔" (پنچ تنتر باب دوم شعر ۲۰)

"جو شخص اپنے مال کو نہ اپنی ذات پر خرچ کرتا ہے نہ کسی دوسرے کو دیتا ہے اُس کی زندگی مثل لوہار کی دھونکنی کی ہے جو سانس لیتی ہے۔ لیکن زندہ نہین ہے۔" (ہتوپدیش کتاب اول ۱۶۸)

"دھرم کیا چیز ہے بکل ذی روح پر رحم کرنا۔ آسودگی کیا چیز ہے؟ ہر ایک مخلوق کے لئے صحت محبت کیا چیز ہے؟ نیک طبیعت علم کیا چیز ہے؟ بُرے بھلے مین امتیاز۔" (ہتوپدیش باب اول ۱۵۶)

"عقلمند کبھی اُن چیزون پر افسوس نہین کرتے جو تلف ہوگئی۔ اور نہ مُردے پر یا کھوئی ہوئی چیز پر روتے ہین۔ کہتے ہین کہ عقلمند اور بے عقل مین فرق یہی ہے۔" (پنچ تنتر)

"انسان کو چاہیئے کہ خاندان کی خاطر سے کسی فرد خاندان کو چھوڑ دے۔ گاؤن کی خاطر سے خاندان کو چھوڑ دے ملک کی خاطر سے گاؤن کو۔ اور خود اپنے فائدہ کے لئے دُنیا جہان کو۔" (پنچ تنتر تیسرا تنتر ۸۱)

"عقلمند کو چاہیئے کہ اپنی جان کو پیسے اور دل کی جانین کھو کر بھی بچائے۔ جس وقت خود انسان زندہ رہا تو اوسکو سب کچھ مل سکتا ہے۔" (پنچ تنتر)

"جب ہمارا یہ جسم جو پانچ عناصر سے بنا ہے مرنیکے بعد اپنے اصل اجزا مین ملجاتا ہے تو افسوس کس بات کا کیا جائے۔"

فصل چہارم - انسانی افعال کے محرکات

جو اسباب انسان کے افعال کے محرک ہوا کرتے ہین ان کے نسبت دانشمندان ہنود کا خیال بہت اعلیٰ نہین ہے۔ اغلب ان مین سے خوف۔ طمع۔ گرسنگی اور عشق ہین۔ خوف سب سے بالادست گنا جاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ قدیم العصر منو کے نزدیک تمدن کا پورا دارومدار سزاے جسمانی پر ہے اور یہی ایک چیز ہے جو انسان کو اپنے ادائی فرض پر قایم اور گمراہی سے باز رکھتی ہے۔

"سزا تمام بنی آدم کو راہ پر لاتی ہے کیونکہ ایسا شخص جو خلقتاً نیک چلن ہو مشکل سے ملتا ہے۔ سزا ہی کا ڈر وہ چیز ہے جو دنیا کے لوگون کو اُن نعمتون کا مزا اٹھانے دیتا ہے جو انکو عطا کی گئی ہین" (منو)

"بناوٹ کے یا لالچ کے یا کسی خاص غرض کے انسان نہ کسی کے ساتھ خلق سے پیش آتا ہے نہ کسی کی آؤ بھگت کرتا ہے" (پنچ تنتر)

"پیڑ کا پھل جب ہو چکتا ہے تو چڑیان اُسے چھوڑ دیتی ہین۔ سوکھے تالاب سے بگلے اُڑ جاتے ہین۔ جلے جنگل کے کنارہ سے ہرن چمپت ہو جاتے ہین۔ کنچنیان مفلس سے کوسون بھاگتی ہین۔ اور نوکر چاکر تباہ راجہ سے۔ ہر شخص اپنے فائدہ کی تلاش سب سے مقدم سمجھتا ہے" (پنچ تنتر)

"آگ جو جنگل کو جلا دیتی ہے ہوا اُسکا ساتھ دیتی ہے پر چراغ کو گل کر دیتی ہے۔ کمزور کا کون دوست ہوتا ہے" (پنچ تنتر)

"جب تک کچھ خدمت نکی جاے کوئی کسی سے کسی قسم کی محبت نہین کرتا۔ دیوتا بھی منت تب پوری کرتے ہین جب کوئی چڑھاوا اُن پر چڑھایا جاے" (پنچ تنتر)

"محبت کا وجود دنیا مین اُسی وقت تک پایا جاتا ہے کہ جبتک اُس کا کوئی صلہ ملے۔ گاے کا بچھڑا جب دیکھتا کہ تھن مین دودھ نہ رہا تو وہان سے جدا ہو جاتا ہے" (پنچ تنتر)

آدمی آدمی کا تو کر نہین ہوتا بلکہ روپیہ کا۔ روپیہ اور معتبر ہوتا یا بے حقیقت ہونا اس پر موقوف ہے کہ انسان دولتمند

صحن مسجد جامع (۱۰۵)

ہے یا مفلس" (ہتوپدیش)

"اگر کوئی جھوٹ بولتا ہے یا ایسے کی تعظیم کرتا ہے جو تعظیم کا مستحق نہ ہو یا غیر ملکوں کا سفر کرتا ہے تو اپنا پیٹ پالنے کے لئے" (پنچتنتر)

"دنیا مین مرد اپنے ہر فعل کا مختار ہوتا ہے تاوقتیکہ کسی عورت کی بکواس کا آتمکس اُسے رام نہ کرے" (پانچاتانترا)

"مرد کیسا ہی عاقل کیون نہ ہو لڑائی کے میدان مین کیسا ہی سورما بہادر کیون نہ ہو عورت کے سامنے بہت ہی ذلیل و زبون بنجایا کرتا ہے" (پنچتنتر)

"جو مرد عورت کی بات پر چلتا ہے وہ غیر ممکن کو ممکن نادستیاب کو آسانی دستیاب اور ناخوردنی شے کو کھانے کے قابل سمجھتا ہے" (پنچتنتر)

فصل پانچوین۔ عورتون کے بیان مین

کسی کتاب مین عورتون کے ساتھ ایسی سختی کا برتاؤ نہین کیا گیا ہے جیسا کہ ہندوؤن کی کتابون مین۔ پھر بھی انہین کا سا طرز خیال علی العموم سب شرقیون مین پایا جاتا ہے۔ اِن کی دانست مین یہ ایک دلپسند مخلوق ہے لیکن ادنیٰ طبقہ کی۔ جس کی بیوفائی لاعلاج ہے۔ چنانچہ اگر کچھ بھی تیقن اِن کی وفا کا منظور ہو تو اِن کو بڑی احتیاط سے مقفل رکھنا لازم ہے۔ منو کے سے سنجیدہ موجد قوانین کے خیالات سے ثابت ہوتا ہے کہ اِس مسئلہ پر ہندوؤن کی رائے مین کبھی کسی قسم کا تغیر نہین ہوا ہے۔ اور منو وہ تھا جس کا مدون قانون دو ہزار سال سے ہند مین نافذ ہے۔ چنانچہ ہم اُس سے اور نیز متاخرین کی تصنیفات سے جو اُس سے سیکڑون برس کے بعد کی ہین کچھ اقتباس کرتے ہین۔

"منو کی تقسیم کے مطابق عورتون کا خاص حصہ یہ ہے۔ پلنگ سے محبت۔ بیٹھنے کی چوکی سے محبت۔ زیور کا شوق شہوت پرستی غصہ۔ بُرے کی طرف میلان۔ اذیت رسانی سے رغبت اور ضدی پنا" (منو)

"عورت کی طبیعت کا تلون جیسے سمندر کی موجیں۔ اُس کے جذبات بالکل بے ثبات جیسے شفق کے بادلوں کی صفیں۔ جب اُس کی ہوس پوری ہو جاتی ہے اور مرد اُس کے کام کا نہیں رہتا تو اُس سے کنارہ کش ہو جاتی ہے جیسے کوئی اُس لاکھ کو پھینک دیتا ہے جس پر چاپہ ہو چکا ہو۔" (پنچ تنتر)

"ایک سے باتیں کرتی ہے تو دوسرے کی طرف اضطراب کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور دہ بیان اُس کا ہوتا ہے تیسرے کی طرف جسکو وہ دل ہی دل میں سہنے دیتی ہے۔ فی الحقیقت وہ کون ہے جسکو عورت دل سے چاہتی ہو۔"

"عورتیں ہمیشہ بے وفا ہوا کرتی ہیں مگر لوگ کہتے ہیں دیوتاؤں کی استریوں کا بھی یہی حال ہے۔ خوشحال اُن مردوں کا جن کی عورتوں کی پوری حفاظت کی جاتی ہے اگر کوئی عورت پاک دامن ہے تو اسکی وجہ یہ نہیں کہ اس میں حیا ہے یا حجاب یا طبیعی نیک خصلتی یا خوف بلکہ صرف یہی کہ اُس سے کوئی کسی عنایت کا طلبگار نہیں ہوا۔" (ہتوپدیش)

"پاگل۔ لیکڑا۔ نیل۔ متوالا اور استری چھٹے سب برابر ہیں۔" (پنچ تنتر)

"عورت کو کوئی نہ جبر سے زیر کر سکتا ہے نہ نصیحت سے یہ ایک ایسی کائنات ہے کہ کبھی مغلوب ہی نہیں ہوتی۔" (پنچ تنتر)

"عورت کا حال گائے کا سا ہے جو جنگل میں نت نئی ہریالی گھاس کے کھوج میں رہتی ہے۔ عورت بھی سدا نئے نئے کی چاہت میں رہتی ہے۔" (ہتوپدیش)

"عورت کی محبت بجلی کی چمک سے بھی جلد مٹ جاتی ہے۔ دھن اُس کو کسی اور کی ہو پر ناوٹ سے پیار تم کو کرے۔ گلے تم کو لگائے اور ٹھنڈی سانس تمہارے کسی رقیب کے لئے بھرے۔ طبیعت کے برخلاف چال چلنے کا کوئی کیوں ارادہ کرے۔ کنول کا پھول پہاڑوں کی چوٹیوں پر نہیں ہوتا۔ نیچر کا بویا اور ہوتا ہے گھوڑے کا اور جَو کے دانے سے دہان نہیں اُگتا۔ عورت کی روح میں پارسائی کا وجود ڈھونڈھے نہیں ملتا۔" (سودراکا)

"ثبوت تک عورت کو ہمیشہ کسی مرد سے لگاؤ رہتا ہے خاندان کی ذلت دنیا کی ملامت حتیٰ کہ اسیری اور جان کا خطرہ سب کچھ منظور ہوتا ہے۔" (پانچ تانترا)

(۱۰۶) تاج محل کا باغ و فوارہ



"جو بات عورت کے دل مین ہوتی ہے وہ اس کی زبان پر نہین آتی۔ جو زبان پر آتی ہے وہ منھ سے باہر نہین نکلتی اور جو باہر نکلتی ہے اسپر وہ عمل نہین کرتی" (پنچتنتر)

"جہان بہتری راج ہو۔ جہان کوئی جواری ہو اور جہان بچہ مالک ہو اُس گھر کا ستیاناس ہو جاتا ہے" (پنچتنتر)

"محبت سے بالکل پرہیز کرنا مناسب ہے اور اگر نہ ہو سکے تو اپنی ہی اہلیہ سے محبت کرے کیونکہ وہی اس کا شافی علاج کر سکتی ہے" (رہتو پدیش)

"کانگولا۔ شوخی کا مسکن۔ بیباکی کی بیٹی۔ گناہون کا مخزن۔ ہزار مکاریون کا محل۔ بدگمانیون کا ڈیرا۔ یہ پٹاری جس مین ہر قسم کا جادو منتر بھرا ہے۔ یہ معمہ جس کے حل کرنے مین بڑے سے بڑے اور نامور مرد قاصر رہے ہین۔ یہ کل جس کا نام عورت ہے۔ یہ امرت لاہوا زہر اس کو دنیا مین کس نے پیدا کیا کہ پارسائی کہیٹ دے" (پنچتنتر)

"پس جب شوہرون کو معلوم ہے کہ خداوند عالم نے مخلوقات کی پیدائش کے وقت انکو کیا خصلت عطا کی ہے تو اُن کو لازم ہے کہ ان کی حراست مین ازحد کوشش کرین" (منو)

فصل چھٹی۔ علم و جہل کے بیان مین

ہندو ایک ہی چیز کو دولت سے بڑھا ہوا سمجھتے ہین۔ وہ علم ہے اور ایک ہی چیز کو افلاس سے گھٹا ہوا وہ جہل ہے۔ شاید کم کوئی قوم ایسی ہوگی جس کے نزدیک تعلیم کا درجہ اتنا اعلیٰ گنا گیا ہوگا۔ اور یہ اُس زمانہ مین کہ جب ہم مغربی لوگ اُجڈ جنگلی تھے۔ مندرجہ ما بعد تفکرات سے واضح ہوگا کہ ان کو قوت مدرکہ اور علم کے مابین تمیز کرنے کا پورا مادہ ہے۔ ان کے نزدیک وہ علم جو مدرک کے زیر ہدایت ہو ایک ایسا جادو کا طلسم بن جاتا ہے کہ اُس سے انسان ہر ایک کام کا بیڑا اُٹھالے۔ خود بادشاہ عالم کی برابری

نہین کرسکتا۔

"کوئی اس مین اختلاف نہین کرتا کہ علم انسان کا بہترین زیور ہے علم مال کا ایک پوشیدہ دفینہ ہے۔ علم ایک ایسا دوست ہے کہ ہر ایک سفر مین ساتھ دیتا ہے۔ علم دولت جاودیدہ ہے۔ علم جاہ وجلال کو پہونچاتا ہے اور پوری محفل کو فریفتہ کرلیتا ہے۔ علم وہ آنکھ ہے جو سب سے بالا ہے۔ علم ہی انکو دنیا مین زندہ رکھتا ہے۔ علم کے بغیر انسان وحشی جانور کے برابر ہوتا ہے" (ہتوپدیش)

"کہتے ہین کہ سب دولتون مین علم بڑا ہوتا ہے کیونکہ نہ کوئی اسکو کسی دوسرے سے چھین سکتا ہے نہ خرید سکتا ہے اور پھر وہ لازوال ہوتا ہے" (ہتوپدیش)

"دانائی اور بادشاہی کبھی برابر نہین ہوسکتی۔ بادشاہ کی حرمت اُسی کے ملک مین ہوتی ہے اور دانا کی حرمت ہر جگہ۔ (پنچ تنتر)

"تعلیم یافتہ آدمی مین سب اوصاف پائے جاتے ہین اور جاہل مین عیب ہی عیب ہوتے ہین پس ایک تعلیمیافتہ کروڑون جاہلون سے بہتر ہوتا ہے" (ہتوپدیش)

"انسان جبتک خوش خوش دنیا کی گردش نہ کرے اور ملک ملک نہ پھرے تبتک پوری طرح سے نہ علم حاصل کرسکتا ہے نہ دولت نہ ہنر" (پنچتنتر)

"علم سے عقل بہتر ہے۔ عقل کو علم پر فوقیت ہے جسمین عقل مفقود ہوتی ہے وہ ہلاک ہوجاتا ہے" (پنچتنتر)

"جو کوئی خلقاً عقل سے تہی ہوا اُسکو کتابون کے مطالعہ سے کیا فائدہ ہے جس کی دونون آنکھین جاتی رہی ہون اُس کے لئے آئینہ کس مصرف کا" (ہتوپدیش)

"تیر انداز کی کمان سے جو تیر نکلتا ہے وہ یا تو ایک فرد بشر کو ہلاک کرتا ہے یا خالی جاتا ہے۔ مگر جب دانش مند کی دانشمندی پرواز کرتی ہے تو ایک پورے ملک اور ملک کے مالک کو خاک کردیتی ہے" (پنچ تنتر)

"افلاس کی سب سے بڑی قسم وہ ہے جسمین علم کا قحط ہو" (پنچ تنتر)



(۱۰۷) تاج محل کے تحت زمین شاہجہان و ممتاز محل کی قبریں اور انکی صناعی

"جاہل پر ہر روز ہزار قسم کی مصیبت کا ہجوم رہتا ہے اور خوف کی سو باتوں کا اس پر حملہ ہوتا ہے مگر عالم کی یہ حالت نہیں ہوتی" (ہتوپدیش)

"محفل میں جاہل کی چمک دمک صرف اسکے لباس کی بدولت ہوتی ہے۔ جاہل کی نمود اسی وقت تک باقی رہتی ہے جب تک وہ سکوت اختیار کرے اور زبان نہ کھولے" (ہتوپدیش)

"ہاں لیاقت اکلوتا بیٹا سیکڑوں جاہل بیٹوں سے بہتر ہوتا ہے۔ چاند اکیلا اندھیارا دور کرنے کو بس ہے۔ پھر یہ کام بے شمار ستاروں کی جمعیت سے نہیں ہوتا" (ہتوپدیش)

"جن آدمیوں میں اوصاف ہوتے ہیں وہ اپنی لیاقت کے زور سے اقبال کے اوج کو پہونچ جاتے ہیں۔ انکے خاندان کو کون پوچھتا ہے"؟

فصل ساتویں۔ تمول اور افلاس کے بیان میں

ہندوؤں پر یہ الزام لگانا کہ انہوں نے اپنی کتابوں میں ریاکاری سے کام لیا ہے نہایت دشوار ہوگا۔ اُن میں دولت کی تحقیر کا وہ اظہار کہیں نہیں پایا جاتا جس کا ڈھنڈورا مغربی تصانیف میں معتبرین سلف کے زمانہ سے پیٹتا آیا ہے اور جس کا وجود ان کی کتابوں سے باہر اور کہیں یعنی عملی صورت میں نہیں پایا جاتا۔ علاوہ علم کے جس کو وہ سب سے اونچا درجہ دیتے ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہندو حکما کے نزدیک دولت کی تحصیل زندگی کا اعلیٰ ترین مدعا ہے۔ افلاس سے ان کو ایسی کراہیت ہے جس کو وہ زیر نہیں کر سکتے۔ یہاں تک کہ موت کو وہ اس سے بہتر سمجھتے ہیں۔ اگر اون کے خیالات کی تطبیق ہمارے مغربی تمدن کے ساتھ کی جائے تو ظاہر ہے کہ اُن میں مبالغہ پایا جائیگا۔ مگر جس عالم کے لئے اُن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے اس کے لئے وہ ترتیب ترتیب بالکل

بجا ہین۔ اہل ہند کے حالات زندگی اس قسم کے ہین کہ اُن کو یا تو نہایت درجہ کی فلاکت یا غایت درجہ کے تمول سے سروکار رہا ہے۔ اور لازمی طور سے ان دونون حالتون کا مقابلہ اُن پر اس قدر مؤثر ہوا ہے کہ اِن مین نہایت شدید ہوس اس بات کی پیدا ہوگئی ہے کہ وہ اپنے کو اول الذکر حالت سے نجات دین۔

دولت سے خودمختاری حاصل ہوتی ہے اور افلاس کا نتیجہ غلامی ہوتا ہے اس فصل مین جو تفکرات اور نصیحتین شامل ہین اُن سے واضح ہوگا کہ اگرچہ ہند و ہمیشہ کم و بیش غلامی کی حالت مین رہے ہین لیکن وہ غلامی کے قبائح کو خوب سمجھ گئے ہین اور زیادہ تر انھین قبائح نے اُن کے دل مین افلاس کی سخت کراہت پیدا کردی ہے۔

"بعض ہوشمندون کا قول ہے کہ سب سے بڑی نعمت نیک خصلتی اور دولت ہے بعض کہتے ہین عیش اور دولت بعضون کے نزدیک فقط نیک خصلتی اور اور دن کی رائے مین صرف دولت ہی نعمت عظمیٰ ہے مگر سچی دولت ان تینون کے اکٹھا کرنے سے حاصل ہوتی ہے" (منو)

"لوگ دولت کے حصول مین کوئی بات اٹھا نہین رکھتے پس ہوشمند کو لازم ہے کہ بجز دولت حاصل کرنے کے اور کسی کام مین اپنی کوششون کو صرف نہ کرے" (پنچ تنتر)

"جو امیر ہے اُسکے دوست احباب ہوتے ہین۔ جو امیر ہے اسکے عزیز اقربا ہوتے ہین۔ جو امیر ہے وہ دُنیا مین ایک شخص ہوتا ہے جو امیر ہے وہ درحقیقت زندگی کرتا ہے" (,,)

"اس دُنیا مین امیرون کے واسطے دشمن بھی عزیز بنجاتا ہے۔ غریبون کے لئے عزیز بھی فوراً دشمن بنجاتا ہے" (,,)

"جو عزت کا اہل نہو اُسکی عزت کیجائے جس سے کوسون بھاگنا چاہیئے اُسکے سب طلبگار ہون جسکو تعریف کا کچھ بھی حق نہو اُسکا لوگ ڈنکا بجائین۔ اس کو کہتے ہین دولت کا زور" (پنچ تنتر)

(۱۰۸) اکبر کا مقبرہ سکندرہ میں



"بڈھے کے پاس اگر دولت ہو تو وہ جوان ہے اور نادار مین عالم شباب مین بڈھا ہے" (پنچ تنتر)

"اس دُنیا مین جس کے پاس دولت نہو وہ فقط نام کا انسان ہوتا ہے" (پنچ تنتر)

"جب آدمی کی دولت جاتی رہتی ہے تو اُسکی آبرو اور آن بان حُسن و جمال ذہانت سب دفعتاً غایب ہوجاتی ہین۔ یہ کہنا بے سود ہے کہ حواس خمسہ برابر بے نقص رہتے ہین۔ یہ فقط کہاوت ہے۔ یا یہ کہ عقل برابر سلام رہتی ہے یہ بھی کہنے کی بات ہے۔ جس آدمی کی دولت جاتی رہتی ہے وہ گھڑی مین کچھ کا کچھ ہوتا ہے" (ہتوپدیش)

"انسان کے لئے افلاس نیستی مجسم ہے اور قبایح کا مسکن غرض کہ ایک قسم کی موت ہے" (پنچ تنتر ۱)

"کبھی کبھی مٹی بھی کام آتی ہے بشرطیکہ خالص ہو۔ پر اس دنیا مین مفلس آدمی کسی مصرف کا نہین ہوتا" (ہ)

"افلاس سے ہمیشہ ڈرنا چاہیئے کیونکہ مفلس کے لئے کچھ نہین ہوتا غریب اگر احسان کرنے کو بھی آئے تو لوگ اُسکو کتے کے برابر سمجھتے ہین" (پنچ تنتر)

"نیک قومی اگر افلاس مین مبتلا ہو تو اُس کے اوصاف حمیدہ چھپے نہین پاتے۔ دولت ذاتی ہنر کو ایسا ڈھک کر دیتی ہے جیسا آفتاب کُل کائنات کو" (پنچ تنتر)

"انسان کیسا ہی تیز فہم کیون نہ ہو کہاں تک کپڑے کی روزمرہ کی فکر اسکی عقل کو فنا کر دیتی ہے"

"مکان کیسا ہی خوشنما کیون نہ ہو افلاس اس کو بے رونق کر دیتا ہے جیسے ناروں بن آسمان پانی بن تالاب یا جیسے کوئی جنگل گورستان" (پنچ تنتر)

"جب افلاس آیا تو آدمی خفیف ہوجاتا ہے اور جب خفیف ہوگیا تو وہ ایا نداز نہین رہتا اور جہان کہین ایما غاری گئی تو وہ حقارت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اور جب اُس کی حقارت ہونے لگی تو وہ ہمت ہار جاتا ہے اور ہمت ہارنے کے بعد آتی ہے مایوسی۔ اور جب مایوسی اسپر غالب ہوگئی تو اس کی عقل سلب ہوجاتی ہے۔ اور جب عقل سلب ہوگئی تو وہ سیدہا تباہی کی راہ لیتا ہے۔ ہاے رے افلاس! تو سب قباحتون کا سرچشمہ ہے" (ہتوپدیش)

"دانشمند آدمی موت کا گلہ نہین کرتا لیکن افلاس سے کبھی راضی نہین ہوتا ہے۔ آگ بجھ جاتی ہے پر تپش

نہیں ہوتی۔" (ہتوپدیش)

"کہتے ہیں کہ افلاس پر موت کو ترجیح دینا چاہیئے۔ موت سے تھوڑی سی تکلیف ہوتی ہے۔ پر افلاس ایک ایسا عذاب ہے جسکی برداشت نہیں ہو سکتی۔" (ہتوپدیش)

"زندگی اسیوقت تک سودمند ہے جبتک اسکے ساتھ استقلال ہو جس کا گذارا دوسروں پر ہو اسکے لئے زندگی اگر موت نہیں ہے تو کیا ہے؟" (ہتوپدیش)

"جو عروج غلامی سے حاصل ہو اس سے بہتر ہے جنگل کی گشت اس سے بہتر ہے گداگری اس سے بہتر ہے بوجھ اوٹھانا اس سے بہتر ہے آدمی کا بیمار ہو جانا۔" (پنچ تنتر)

فصل آٹھویں - زندگی کے ہر موقع کے مناسب چال چلن کے بیان میں

اس فصل میں ہم ایک سلسلہ عملی نصیحتوں کا جس کی ہم نے تقسیم کر دی ہیں بالترتیب جمع کرتے ہیں۔ ان کا منشا یہ بتانا ہے کہ زندگی کے مختلف مواقع پر انسان کو کس قسم کی رفتار و کردار اختیار کرنا چاہیئے۔ خصوصاً یہ کہ نیکی اور بدی کا کیا اثر ہوا کرتا ہے۔ انسان کے فرایض اپنے ہمجنسوں کی نسبت کیا ہیں اور آدمیوں کی بہبودی کے لئے کیا ذرائع اختیار کرنے چاہئیں۔ جن اوصاف کی سب سے زیادہ مرغیب دی گئی ہے اس وجہ سے کہ وہ حد درجہ میں سودمند ہیں یہ ہیں۔ گرد بینی۔ دوراندیشی۔ ثابت قدمی اور ہر قسم کی نفس پرستی میں اعتدال۔ غصہ ذلیل صفتوں میں گنا گیا ہے کیونکہ اس سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ اس کے علی الرغم ریاکاری کو مقبولیت دیگئی ہے کیونکہ اس سے کام نکل سکتا ہے پس صاف ظاہر ہے کہ ہندوؤں کے اخلاقی اصول غیر معمولی طور پر انتفاع پسند ہیں۔

ان نصائح سے پیشتر جو زندگی کے مختلف موقعوں کے لئے موزوں ہیں ہم اخلاق کے

(۱۰۹) اکبر کی قبر کا منظر



اصول عامّہ کو ثبت کرتے ہین۔ یہ اُن اصول سے مشابہت رکھتے ہین جو عیسائیون نے بطور عقاید کے اپنی کتابون مین بیان کئے ہین۔ خصوصاً اس اصول سے کہ "جو تم اپنے اوپر گوارا نہ کرو وہ دوسرون پر بھی گوارا نہ کرو"۔ مگر ہم اُن نصائح پر زور نہین دیتے جس بات کا جاننا اہم ہے وہ بے نقص اور بے عیب اخلاقی دستور العمل نہین ہے جس کا ذکر کتابون مین بطور نصیحت کیا جاتا ہے بلکہ اہم وہ اصول ہین جن پر لوگ واقعی روزمرہ عمل کرتے ہین۔ اور تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ اول اور دوم قسم کے اخلاقی اصول مین زمین و آسمان کا فرق ہے۔ جو مختلف انتخابات اس فصل مین درج ہین اُن سے ہندوؤن کے عملی اخلاق پر کافی طور سے یقینی اطلاعین حاصل ہوسکتی ہین۔

"اس بات کو اخلاق کے اصول عامّہ کان لگاکر سنو۔ نیکی کا جوہر ہے اور جب سُن لو تو اس پر غور کرو۔ یعنی جو چیز اپنے کو آزار پہنچائے اُسکا عمل دوسرے پر نہ ہونے دے" (پنچ تنتر)

"جس کے دل مین ایمان ہوتا ہے وہ دوسرے کی عورت کو مان کے برابر سمجھتا ہے اور دوسرے کے مال کو ڈھیلے کے برابر اور کل کائنات کو اپنے برابر" (پنچ تنتر)

"دوسرون کو خوش اخلاقی کا وعظ دینا ایک انسانیت ہے کہ اسکو ہر شخص بہ آسانی حاصل کرسکتا ہے۔ مگر خود صلاح کاری کو عمل مین لانا ایک ایسی بات ہے جو فقط برگزیدہ ارواح سے ہوسکتی ہے" (ہتوپدیش)

"بعضون کی رائے مین عقلمندی لفظون ہی مین ہوتی جیسے طوطے کی عقلمندی بعضون کے نزدیک دلمین جیسے گونگے کی اورون کے قول کے مطابق دل مین اور لفظون مین برابر برابر ہوتی ہے" (پنچتنتر)

"انسان اگر سو کوس کی مسافت بھی طے کرلے تو اُسکے بُرے اعمال اسکا پیچھا نہین چھوڑتے۔ یہی حال نیاض آدمی کے اعمال کا بھی ہوتا ہے" (پانچاتانترا)

"ہر ایک حرکت جو انسان کے خیال سے یا قول سے یا فعل سے صادر ہوتی ہے اس کا ثمرہ یا اچھا ہوتا ہے یا بُرا اور یہ اسپر موقوف ہے کہ خود وہ حرکت اچھی ہے یا بُری۔ انسان کی ہر ایک حالت اُس کے اعمال

کا نتیجہ ہوتی ہے" (منو)

"خلوص قلب ہوائے نفسانی پر قابو نفس کشی اور ریاضت۔ داد و دہش۔ دوسروں کی ضرورسانی سے اجتناب۔ قرض کا ہمیشہ ادا کرنا۔ انہین باتون سے ہماری قدر ہوتی ہے۔ ذات اور اصلیت کی کم کوئی پرواہ کرتا ہے نہ حماقت"

"جو کودو کنگنی بوئے گا وہ کودو کنگنی کاٹے گا۔ جو بری کا پودا لگائے گا وہ بری پھل پائیگا" (نامل شل)

"انسان کی بداطواری ایک ایسا درخت ہے جس کے پھل بیماری۔ رنج و الم سوختہ دلی اور مصیبت ہوا کرتے ہین" (بتو پدیش)

"سانپ اور بدنفس آدمی اور جو دوسرون کا مال چراتے ہین انکی بندشین اور منصوبے پورے نہین ہوتے یہی وجہ ہے کہ دنیا کا وجود ایک باقی ہے"

بدظنی اور گردمینی کے بیان مین

"عاقل کو اگر اپنی بہبودی عمر درازی اور خوشنجتی منظور ہو تو کسی پر بھروسہ نہ کرے" (پنچتنترا)

"گرو بھی اگر بدگمانی اپنا شیوہ کرے تو توی سے توی اسکو ہلاک نہین کر سکتا اور زور آور اگر نیک ظن ہو تو کمزور اسکو جلد مار ڈالتا ہے" (پنچتنترا)

"جس دشمن سے پہلے کبھی لڑ چکا ہو وہ اگر دوست بھی ہو جائے تو اسپر اعتماد نہ کرے" (پنچتنتر)

"عاقل کو چاہیئے کہ اپنا مال کسی کو نہ دکھائے مقدار مین وہ کیسا ہی کم کیون نہو کیونکہ مال کو دیکھکر جوگی کے دل مین بھی ہلچل پڑ جاتی ہے۔ (پنچتنتر)

"زور آور سے لڑنا کمزور کی موت کا باعث ہوتا ہے۔ مثلاً جس پتھر سے انڈی ٹوٹ جاتی ہے وہ کھڑے کا کھڑا رہتا ہے" (پنچتنتر)

"جو شخص ایسے کام مین دخل دیتا ہے جس سے اُسے کچھ سروکار نہو وہ اپنے ہاتھون ہلاک ہوتا ہے۔ جیسے وہ بندر جو پچر کو نکال لیتا ہے" (پانچا تانترا)

"سمجھدار آدمی تھوڑے کے پیچھے بہت کو نہین گنواتا ہے۔ اس دنیا مین دانائی یہ ہے کہ تھوڑا گنوا کے بہت کو بچاے"

"جو یقینی کو چھوڑ کے مشکوک کے پیچھے دوڑتا ہے وہ یقینی اور مشکوک دونون سے ہاتھ دھوتا ہے" (ہتوپدیش)

"بُرے کام پر کمر باندھنا کسی عزیز سے دشمنی کرنا۔ جو اپنے سے طاقتور ہو اُس سے مقابلہ کرنا اور عورتون پر بھروسہ کرنا۔ یہ موت کے چار کھلے دروازے ہین" (ہتوپدیش)

"اس دنیا مین عاقل سے جب کوئی سوال پوچھا جائے تو اُسکو بیدھڑک ہوکر بولنا چاہیے جب کوئی نہ پوچھے تو بولنا ایسا ہے جیسا جنگل مین رونا" (پنچتنتر)

"جو سودائی کسی ایسے شکاری سے بات کرے جسکی محنت رائگان گئی ہو یا کسی ایسے احمق سے جو مصیبت مین گرفتار ہو وہ اپنے ہاتھون سے اپنے اوپر خفت نازل کرتا ہے"

"تیر کا چلایا گھاؤ بھر جاتا ہے تلوار کا کاٹا زخم اچھا ہو جاتا ہے۔ پر مزبانی کا ایک لفظ نفرت کی آگ کو بھڑکا دیتا ہے۔ جو زخم تیغ زبان کے وار سے پیدا ہو وہ کبھی مندمل نہین ہوتا"

ملائمت اور صبر کے بیان مین

"جو لوگ کارپردازی مین ماہر ہین انکو لازم ہے کہ ہر معاملہ مین اول ملایمت سے کام لین کیونکہ جو کام ملایمت سے ملے ہوتا ہے اسمین کوئی خرابی نہین پڑتا" (پنچتنتر)

"انسان کے لئے تمام دے بہتر کوئی چیز نہین ہوتی خصوصاً کسی دوست کے ساتھ جب دہان کا چھلکا اُتر جاتا

ہے تو اُس سے کچھ اگتا نہین ہے۔" (پنچ تنتر)

"چھوٹی چھوٹی چیزون کے اکٹھا ہونے سے بڑا نتیجہ پیدا ہوتا ہے۔ گھاس کے پتے جب بٹکر رسی بنجاتے ہین تو اُس سے مست ہاتھی بھی بندھ سکتا ہے۔" (ہتوپدیش)

تالیف قلوب کے طریقے کے بیان مین

"ہر ایک شخص سے اُسکی طبیعت کے مناسب سلوک کرنا چاہیے۔ جب عاقل کو کسی دوسرے کے خیالات پر عبور ہو جاتا ہے تو وہ بہت جلد اسکو اپنے قابو مین کر لیتا ہے۔" (پنچ تنتر ۱)

"بخیل کی بھلائی روپیہ سے کرنی چاہیے۔ سخت گیر آدمی کی اطاعت سے جاہل کی ملایمت سے اور تعلیمیافتہ آدمی کی کشادہ دلی سے۔" (پنچ تنتر ۱)

"دوست کی بھلائی اچھے جذبات سے ہوتی ہے۔ والدین کی ان کی خدمت کرنے سے عورتون اور نوکر چاکرونکی تحفہ تحائف دینے سے اور رعایت کرنیسے اور اورون کی اپنے سلیقہ سے۔" (ہتوپدیش)

صاف باطنی اور ریاکاری کے بیان مین

"صاف دلی جوگیون ہی کے لئے بہت خوب ہے جو ہمیشہ ویہان مین مصروف رہتے ہین۔ مگر جو دولت کے طلبگار ہین اُن کے لئے اور خصوصاً بادشاہون کے لئے نازیبا ہے۔" (پنچ تنتر)

"جو شخص عورت سے دشمن سے یا نالایق دوست سے صاف باطنی کرے وہ زندہ نہین رہتا۔"

"مینڈھا جب پیچھے ہٹتا ہے تو حملہ کرنے کو۔ شیر ببر بھی جب غصہ مین بگڑ جاتا ہے تو جست کرنیکی نیت سے

(۱۱۱) محل واقع فتحپور سیکری



جس عاقل کے دل مین عداوت بھری ہوتی ہے اور وہ خفیہ طور پر سوچتا رہتا ہے تو جب کوئی منصوبہ وہ ٹھان لیتا ہے تو اسکو ہر چیز کی برداشت ہوتی ہے۔" (ہتوپدیش)

"جس عاقل مین یہ مادہ ہو کہ جس سے وہ مخاطب ہوا کرے اُسکی طبیعت کو فوراً پہچان جاوے وہ جلد اپنی حکومت اسپر جمالیگا۔" (ہتوپدیش)

ہمت اور ثابت قدمی کے بیان مین

"کسی کام کا شروع نہ کرنا عقلمندی کی پہلی نشانی ہے اور جو کام شروع ہو چکا ہو اُس کو اختتام کو پہنچانا دانشمندی کی دوسری نشانی ہے۔" (پنچ تنتر)

"کاروبار مین کامیابی کوشش سے ہوتی ہے نہ کہ مراد مانگنے سے سوتے شیر کے مونھ مین ہرن آپ سے آپ نہین بیٹھ جایا کرتے ہین۔" (پنچ تنتر)

"وہ کونسا بوجھ ہے جس کو طاقتور نہ اوٹھا سکے ہو کونسی مسافت ایسی لمبی ہے جسے ہمت والا طے نہ کر سکے؟ تعلیمیافتہ آدمی کے نزدیک کونسا ملک بالکل اجنبی ہے؟ جو ملائمت سے بات کرے اس کا کون دشمن ہے۔" (پنچ تنتر)

"جس آدمی کا دل مضبوط ہو وہ بدون دولت کے بھی دوسرون پر سبقت لیجاتا ہے اور لوگ اسکی عزت کرنے لگتے ہین ضعیف آدمی کے پاس کتنی ہی دولت کیون نہ ہو لوگ اُسکو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہین۔" (پنچ تنتر)

"جو شخص کسی بلا مین مبتلا ہو جائے اور اُس حالت مین اُس سے سوائے بیہودہ گلر شکوہ کے کچھ نہ ہو سکے تو اسکی مصیبت بڑھتی ہی جائے گی اور کبھی ختم نہ ہوگی۔" (پنچ تنتر)

غصّہ کے بیان مین

وہ اچھی جب غصہ مین جلائی ہوئی اُس رسّہ کی لاگ مین جو اسکے چھتے کے اندر ہوتا ہے سنڈلاتی پھرتی ہے اور راہی کو ڈستی ہے تو راہی گو کہ بہت طاقتور ہے غصہ نہین کرتا۔ جو زور آور ہے وہ بھی جھنجلاتا ہے جب اس کے مقابل والا زور مین اسکے برابر ہو" (پنچ تنتر)

"کمزور کا غصہ اُس کی بدبختی کا باعث ہوتا ہے۔ جو تیلی آگ مین صدسے زیادہ دہک جاتی ہے اُسکے اپنے ہی کنارے اکثر جلجایا کرتے ہین" (پنچ تنتر)

"جو شخص آزار رسانی نہ کرسکتا ہو وہ اس دُنیا مین کیون ایسی بیہودہ حرکت کا مرتکب ہوتا ہے جیسے غصہ کرنا۔ مٹر کے دانے کو جب تلتے ہین تو وہ ناحق اُچھلتا ہے اس سے کڑاہی نہین ٹوٹ سکتی" (پنچ تنتر)

"جب کوئی ڈھیٹ کتا پہاڑ پر بھونکتا ہے تو کس کا کچھ بگڑ جاتا ہے پہاڑ کا یا کتے کا؟" (امثال شل)

رقابت کے اثر کے بیان مین

"عالم جاہل کو کراہت سے دیکھتا ہے امیر غریب کو، پرہیزگار بے دین کو، پارسا عورت فاسقہ کو" (پنچ تنتر)

آپس کے تعلقات کو احتیاط سے اختیار کرنے اور ان تعلقات کے نتائج کے بیان مین

"جس کسی کی طاقت سے خاندان سے چال چلن سے واقفیت نہ ہو اُس سے کوئی ربط نہین پیدا

کرنا چاہیئے" (پنچ تنتر)

"جو دو شخص تمول مین برابر ہون یا نسب مین برابر ہون ان مین دوستی ہوسکتی ہے شادی بیاہ ہوسکتا ہے لیکن زبردست اور ناتوان کے درمیان نہین ہوسکتا" (پنچ تنتر)

"دوستی اور ہمدردی انہین مین پائی جاتی ہے جو یا دولت مین یا علمیت مین برابر ہون نہ ایسون کے درمیان جن مین سے ایک نے اعلیٰ درجہ حاصل کرلیا ہو اور دوسرا ادنیٰ درجہ پر رہ گیا ہو" (مہابھارت)

"جو احمق ایسا بے وقوف ہو کہ اپنے سے ادنیٰ یا اپنے سے اعلیٰ کو دوست بنائے اوسپر تمام دنیا ہنستی ہے" (پنچ تنتر)

"اپنے کو آفت سے بچانے کے لئے عاقل کو چاہیئے کہ اخلاص مند دوستون سے دوستی کرے۔ اس دنیا مین جس کسی کے دوست نہ ہون وہ اپنی کسی مصیبت پر غالب نہین ہوتا" (پنچ تنتر)

"شیطان کو بھی ساتھی درکار ہوتا ہے" (ٹامس)

"اس دنیا مین کوئی اس شخص سے زیادہ خوش نصیب نہین ہے جسکا کوئی ایسا دوست ہو جس سے وہ باتین کرسکے۔ جس کے ساتھ وہ رہ سکے جسکو وہ ہر قسم کا سہارا دیسکے" (ہتوپدیش)

"ہرن ہرن کا ساتھ ڈھونڈھتا ہے۔ بیل بیل کا۔ گھوڑا گھوڑے کا۔ احمق احمق کی صحبت چاہتا ہے۔ عاقل عاقل کی۔ برائیون اور بھلائیون کی مشابہت سے دوستی پیدا ہوتی ہے" (پنچ تنتر)

"جو لیاقت کی قدر جانتا ہے وہ لایق آدمی سے خوش ہوتا ہے۔ جو خود اوصاف سے مبرا ہوتا ہے وہ ہنر مند کو پسند نہین کرتا" (ہتوپدیش)

"بداطوارون کے ساتھ اختلاط ایسی غلطی ہے جس سے نیک آدمی بھی جل جاتا ہے اسیوجہ سے اشراف آدمی کم ظرف سے کوئی تعلق نہین رکھتا" (ہتوپدیش)

"اپنے سے ادنیٰ کی صحبت سے آدمی کم عقل ہوجاتا ہے۔ ہمپلہ کی صحبت سے اسکے برابر رہتا ہے اپنے سے

اعلیٰ کی صحبت انسان کو اعلیٰ درجہ کو پہنچاتی ہے۔" (ہتوپدیش)

"گھوڑا۔ ہتیار۔ کتاب۔ بات۔ مرد۔ عورت ان سب کا بگڑنا یا بننا اس پر منحصر ہے کہ اُن کو کیسے آدمی سے سابقہ پڑا ہے۔" (پنچ تنتر)

"جو پانی گرم لوہے پر پڑتا ہے اُسکا کوئی نام بھی نہیں جانتا۔ وہی پانی جب کنول کے پتے پر ہوتا ہے تو موتی کی صورت ہو کر جگمگاتا ہے اور جب سواتی ستارہ کے اثر کے نیچے وہ سمندر کی سیپی کے پیٹ میں پڑتا ہے تو موتی بنجاتا ہے۔ عموماً جس صحبت میں آدمی آیا جایا کرتا ہے اُسی کے حساب سے اُس میں اعلیٰ یا اوسط یا ادنیٰ درجہ کے اوصاف پیدا ہوتے ہیں۔"

فصل نوین۔ سیاست مدن کے بیان مین



جو عام پسند خیالات کہ ہندوؤن نے دربارہ حکمرانی اور فرض انسانی اور سلاطین کے اظہار کے قرار دئے ہین وہ نہایت صراحت کے ساتھ اِن کی کتابون مین درج ہین۔ ہم یہان اسی پر اکتفا کرتے ہین کہ اِن کے چند انتخابات نقل کر دین۔ اقلاماکیاولی کو ان کے اصول کے تسلیم کرنے مین کچھ عذر نہ ہوتا۔

"فن حکومت کی ابتدا اطاعت سے ہوتی ہے اور انتہا سزائے جسمانی سے۔" (پنچ تنتر)

"اگر بادشاہ بلا غفلت کے جو کوئی سزا کے قابل ہو اسکو سزا نہ دے تو طاقتور ناتوون کو ایسا کباب کرے جیسے سیخ پر مچھلیان ہوتی ہین۔" (منو)

"جو کوئی ظلم نہ کرتا ہو اس کو شان و شوکت کی امید فضول ہے آدمی سانپ کا لحاظ کرتا ہے پر گرو کی حرمت نہین کرتا گو وہ سانپ کا مارنیوالا تھا۔" (پنچتنتر)

(۱۱۳) خاص محل۔ فتحپور سیکری





(۱۱۲) نیچے محل کا اندرونی حصہ

"جس راجہ کا بید اور گرو اور دیوان اُسکی خوشامد کرے وہ بہت جلد اپنی تندرستی اور اپنا دھرم اور اپنا مال و گنج کھو بیٹھتا ہے" (ہتوپدیش)

"اگر تم اختیار ایسے آدمی کے ہاتھ مین دیدو جس نے تمہاری بہت خدمت کی ہو تو وہ سمجھنے لگتا ہے کہ تم اُس سے کبھی ناراض نہ ہوگے۔ ایسا وزیر اپنی خدمتون کو ایک جنڈا بنا لیتا ہے اور راج کے اندر ہر چیز کو درہم برہم کر دیتا ہے" (ہتوپدیش)

"کسی وزیر کو۔ وہ کوئی بھی ہو۔ مالدار بنانا چاہیئے۔ دولت آدمی کی طبیعت کو بدلدیتی ہے" (ہتوپدیش)

"وزیرون کو اگر دباؤ تو اُن مین سے بادشاہ کا مال نہ نکلتا ہے اکثر اُن مین سے ایسے ہوتے ہین جیسا پھوڑا روے زمین کے بادشاہون کو چاہیئے کہ اپنے وزرا کو لگاتار ایذا دیتے رہین۔ نہانے کی ٹنگی کو اگر ایک ہی مرتبہ نچوڑین تو کیا اُس مین سے بہت پانی نکلے گا" (ہتوپدیش)

"جو شخص ایسے خادم کو قتل نہ کرے جو دولت مین اسکا برابر ہو طاقت مین اسکا برابر ہو۔ دانشمند اور دل کا مضبوط ہو اور آدھی سلطنت پر اپنا قبضہ کئے ہوئے ہو وہ خود ہی قتل ہو جاتا ہے" (ہتوپدیش)

"راجہ کی ماں اور رانی اور راج کمار اور دیوان اور پروہت اور دربان سے ویسا ہی برتاؤ کرنا چاہیئے۔ جیسا راجا سے" (پنچ تنتر)

"جو راجہ علم سیاست مین لایق ہو اسکو ویسا کرنا چاہیئے۔ جیسے کچھوا کرتا ہے کہ دشمن کے حملہ کا صدمہ برداشت کرنیکو اپنی ٹنگی سپر کے اندر سما جاتا ہے۔ اور جب وقت آئے تو اس کو ایسا سر اُٹھانا چاہیئے جیسے صبر نا گن" (ہتوپدیش)

"تالیف قلوب۔ رشوت دہانی اور پھوٹ ڈالنا۔ یہ وہ ذرائع ہین جن کو دشمن پر فتحمندی حاصل کرنے کے لئے چاہیئے کہ بادشاہ علیحدہ علیحدہ یا اکٹھا استعمال کرے مگر اُس کو قوت بازو سے مغلوب کرنیکا ارادہ ہرگز نہ کرے" (ہتوپدیش)

"انسان دشمن پر ہتیارون سے ایسی فتح نہین پاتا ہے جیسی کہ حیلہ سازی سے۔ جو حیلہ ساز ہوتا ہے وہ

اگر بہت قدیمی ہو تو خود رستم وقت اُس کو مغلوب نہیں کر سکتا۔" (پنچ تنتر)

"دشمنوں میں نااتفاقی کا بیج بونے میں وارث تخت و تاج سے بہتر شیر کار نہیں مل سکتا۔ پس اپنے دشمن کے وارث کو بڑھانے میں کوئی دقیقہ اوٹھا نہیں رکھنا چاہیئے۔" (ہتوپدیش)

"چال چلن کے یہ تین اصول جن کی پیروی لازم ہے۔ یعنی بھلائی۔ اپنی غرض۔ اور بیش و عشرت اِن کو جو کوئی جانتا ہو اُس کو بہت رحمدل نہیں ہونا چاہیئے۔ حقیقت میں جو کوئی بامروت ہوتا ہے وہ اُس چیز کو بھی نہیں بچا سکتا جو اُسکے قبضہ میں موجود ہے۔" (ہتوپدیش)

"ناتوان دشمن کو اس سے پہلے قتل کرنا چاہیئے کہ وہ توانا ہو جائے جب وہ اپنی پوری قوت حاصل کر لیتا ہے تو اُس کو مغلوب کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔" (پنچ تنتر)

"دشمن کے ساتھ بہت مضبوط عہد و پیمان بھی نہیں کرنا چاہیئے پانی کیسا ہی گرم ہو آگ کو بجھا دیتا ہے۔" (ہتوپدیش)

"جو دشمن ہتیار سے مارا جاتا ہے وہ درحقیقت قتل نہیں ہوتا۔ مگر جو عقل کے زور سے مارا جاتا ہے وہ پوری طرح قتل ہوتا ہے۔ ہتیار سے آدمی کا جسم ہی قتل ہوتا ہے۔ عقل سے اُسکا گھرانہ اسکی دولت اسکی نیکنامی اور اسکا خون ہو جاتا ہے۔" (پنچ تنتر)

"زمین اور دوست اور سونا۔ یہی تین چیزیں ہیں جنکے واسطے لڑائی لڑی جاتی ہے۔ اُنمیں سے ایک بھی موجود نہو تو مطلقاً نہیں لڑنا چاہیئے۔" (پنچ تنتر)

"چھوٹی سی فوج پختہ ہوئے آدمیوں کی بہتر ہے۔ ایک بڑے سے لشکر سے جسکو جنگ کی تعلیم نہ دیگئی ہو نکمے سپاہی دشمن سے مغلوب ہو جاتے ہیں اور بہادروں کی شکست کے باعث ہوتے ہیں۔" (پنچ تنتر)

جب لڑائی شروع ہو جائے تو بادشاہ کو لازم ہے کہ اپنے اُن خادموں کو بھی جنکو وہ دوست رکھتا ہے اور جنکی وہ خبر گیری اور پرورش کرتا ہے سوکھی لکڑی کے برابر سمجھے۔

فصل دہم - وہ فرق جو ہندوؤن اور یوروپی کتابون کے مقولون مین ہے

جو مقولے اس وقت تک نقل کئے گئے ہین اُن کو ہندوؤن کے مذہبی خیالات سے ملاکر دیکھا جاے تو معلوم ہوتا ہے کہ جو طریقہ فلسفہ اور حقیقت الاشیا کی تحقیقات مین برتا گیا ہے اُس مین اور اُس طریقہ مین جو اخلاقی مسائل کے حل کرنے مین استعمال کیا گیا ہے آسمان و زمین کا فرق ہے۔ پہلی تحقیق مین تو محض تخیلہ بلند پروازی اور ٹھکلیون سے کام لیا گیا ہے اور دوسری مین اعلیٰ تجربہ اور عمل دانشمندی کے خرچ سے عمدہ اور صحیح نتیجے نکالے گئے ہین۔ ہندو مذہب کے رشیون اور شاعرون نے ایک ایسے خیالی دنیا قایم کردی ہے جس کی ہر چیز فطرت کے خلاف ہے۔ اور انسانی زندگانی اور اُسکے مال کو ایک ایسا نقطہ قرار دیا ہے جو بمشکل نظر آتا ہے۔ اِس نقطہ تک پہونچنے کے لئے ہزارہا برس مین تناسخ کی ہزارہا سیڑھیان طے کرنا پڑتا ہے۔ برخلاف اسکے ہندی اخلاق مین یہ تعلیم ہے کہ زندگانی لطف سے کاٹنی چاہیئے۔ مکروہات سے پرہیز اور لذات سے تمتع حاصل کرنا چاہیئے۔ اور دولت پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ اسکے ساتھ ہی کبھی سادگی سے کام نہین لینا چاہیئے۔ لیکن سب سے بڑی اخلاقی تعلیم یہ ہے کہ عورتون پر ہرگز اعتماد نہ کرنا چاہیئے کیونکہ انسان کی ساری مصیبتون کی جڑ عورت ہے۔

ان مقولون کی سختی اور اُن کی آزاد خیالی ہمین کسی قدر ناگوار معلوم ہوتی ہے لیکن ہمین یاد رکھنا چاہیئے کہ روزمرہ کی زندگانی کا دارمدار ایسے ہی اصول پر ہے۔ اِس مین شک نہین کہ جس اخلاق کی ہم زبان و قلم سے تعلیم دیتے ہین وہ اعلیٰ اصول پر مبنی ہے۔ لیکن روزمرہ برتنے کا اخلاق ہمارا ابھی وہی ہے جو ہندوؤن کا قول و عمل مین جو مبائنت ہمارے یہان ہے، وہ ہندوؤن مین بھی پائی جاتی ہے۔ فرق اسیقدر ہے کہ قوم اور مرزبوم اور زمانہ کے لحاظ سے یہ تبائن مذہب اور اخلاق کے پیچ مین سمجھا گیا

ہے۔ برخلاف اس کے ہم مین یہ فرق کتابی اخلاق اور عملی اخلاق کا ہے۔ اُن مشرقیون کو جو یورپ سے واقف ہین ہمارے کتابی اخلاق اور عملی اخلاق کی مغائرت سے سخت نفرت ہوتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے اخلاقی اصول ایک مدت دراز سے مذہبی تعلیم پر مبنی تھے۔ مذہب جس چیز کی تعلیم دیتا تھا اُسی کو عمل مین لانا اخلاق تھا۔ چونکہ مذہب الہامی اور منجانب اللہ تھا اسلئے اخلاق کی جڑ بھی مضبوط تھی۔ بمرور زمان یورپ مین مذہبی اعتقادات اُٹھ گئے اور مذہب نے جس اخلاق کی تعلیم دی تھی وہ کتابون مین رہ گیا ہمیشہ سے یہ اخلاق انسانی فطرت کی مقتضا سے بہت اعلیٰ درجے کا تھا اور جب سے مذہبی اعتقادات مین کمزوری آئی یہ اخلاق بھی پیچھے رہ گیا۔ جو تعلیم خدا کے نام سے کیجاتی تھی وہ انسان کے نام سے ہونے لگی۔ اور تعلیم اور عمل مین آسمان و زمین کا فرق ہوگیا۔ لیکن ہندوؤن مین اُسی طرح جیسے یونانیون اور رومیون مین تھا۔ مذہب و اخلاق ہمیشہ علیحدہ تھے۔ اس مین شک نہین کہ ہندوؤن کی زندگانی کا ہر فعل مذہبی قواعد کا پابند تھا لیکن یہ وہی افعال تھے جس کا تعلق خدا سے تھا۔ مثلاً عبادت۔ تیرتھ۔ چڑھاوے وغیرہ وغیرہ۔ ان افعال مین جو انسان کے باہمی معاملات سے متعلق تھے۔ مذہب کو کچھ تعلق نہ تھا۔ ہندوؤن مین اخلاق صرف رسم و رواج پر موقوف ہے اور رسم و رواج کی جڑ وہ تجربہ ہے جو ہمین زندگانی کی ضروریات سے حاصل ہوتا ہے۔ ہندوؤن کا تخیل عالم کے متعلق ایک ایسے کرہ مین واقع ہوا ہے جو اس دنیا سے بالکل علیحدہ ہے۔ اس کرہ مین بڑے بڑے قوی دیوتا ہین۔ جو انسان کے ایسے فرائض کو مقرر کرتے ہین جو اُن کی عبادت سے متعلق ہین۔ لیکن اُن فرائض کی طرف مطلق توجہ نہین کرتے جو انسانون کی باہمی معاشرت سے متعلق ہین۔ یہ تو اُنکا تخیل ہے لیکن جب ہندو اپنی دنیا کی طرف نظر ڈالتا ہے تو اسے مصیبتون اور تکلیفون سے بھرا پاتا ہے۔ اُن پرزور کرون کے مقابل مین جہان دیوتا بستے ہین۔ اُسکی دنیا ایک چندروزہ قیدخانہ ہے جو ہر قسم کے تعزیرات سے بھرا ہوا ہے۔ اُسکا دھیان ہر وقت اسی نورانی عالم کی طرف لگا ہوا ہے جہان اُسکے دیوتا حیات جاودانی مین مگن ہین۔ اور



(۱۱۴) فتح پور سیکری کے مقبرہ کا دروازہ

جس عالم کی جھلک اُسے خواب وخیال کی طرح اُسوقت ملجاتی ہے جب کہ وہ اپنے مندرون مین پرستش کے لئے جاتا ہے یا اپنی مذہبی کتابون کی ورق گردانی کرتا ہے۔

وہ مغائرت جو انسان کے کردار اور اُسکے اُمنگون مین واقع ہوئی ہے ہندوؤن مین بھی اُسی قدر ہے جتنا یورپی مین۔ اگر فرق ہے تو اسی قدر کہ ہندو تخیل اور یورپی تخیل دو مختلف کرُون مین واقع ہوئی ہین۔ لیکن اگر فلسفیانہ نظر سے دیکھا جائے تو یہ دونون تخیل اصل مین ایک ہین انسان کے کل افعال کا محرک جس کے بغیر انسانی زندگانی ناممکن ہے وآسودگی کا خواب وہ سراب زندگانی ہے جو ظاہرا محال اور دھوکا معلوم ہوتا ہے لیکن جس کی تلاش مین نوع انسانی ہزارہا صدیون سے حیران اور سرگردان ہے۔ مذاہب اور حکومتون کا قیام لڑائیان۔ انقلابات۔ فتوحات۔ غرض وہ کل واقعات جنکو تاریخ قلمبند کرتی ہے فلسفی کے نزدیک محض وہ چیزین ہین جنکو انسان کسی خاص تخیل کے خیال مین خواہ وہ مذہبی تخیل ہو یا ملکی یا معاشرتی۔ عدم سے وجود مین لایا ہے اس مین شک نہین کہ یہ تخیل، یہ محرک ہماری کل افعال کا زمانہ اور ملک کے لحاظ سے ہمیشہ اپنی صورت بدلتا رہے گا۔ لیکن جسوقت تک ایک انسان بھی اس کرۂ زمین پر باقی ہے یہ تخیل بھی باقی رہے گا۔ ہم کتنے ہی ضعیف الاعتقاد اور مستقبل کو نہ ماننے والے ہون لیکن انسانی تخیل کو اسیوقت نظر انداز کر سکتے ہین جبکہ ہم مرنے پر کمر باندھ لین۔

باب دوم

ہندوستان کے موجودہ مذاہب

اسوقت تک ہند کے مذاہب کے متعلق جو کتابین لکھی گئی ہین اُن سے صرف غلط خیالات پیدا

ہوئے ہین۔ اور ہم خود دیکھہ چکے ہین کہ کتابون کے بدہ مذہب اور واقعی بدہ مذہب مین کسقدر فرق ہے ہمارے یورپی تصنیفات کی کٹی اور رٹی ہوئی تعریفین جسوقت ہمکے ہر روز بدلتے ہوئے اعتقادات پر چسپان کیجائین تو بالکل غلط نکلتی ہین۔ ہندو کے غیر منطقی دماغ مین اس قسم کے اعتقادات مجتمع ہین جو ایک دوسرے سے بالکل متضاد ہین اور ہماری سمجھہ مین مطلق نہین آتے۔ وہی شخص جو بدہ اعتقادی اور ملحدانہ تصانیف کا بانی ہے نہایت خوش اعتقادی کے ساتھہ ہزارہا مہیب اور ہیئت دیوتاون کے سامنے سجدہ کرنے کیلئے یا بدہ اور وشنو کے نقش قدم کو بوسہ دینے کے لئے طیار ہے۔ ہندوستان مین نہ صرف مختلف مذاہب باہم صلح کے ساتھہ یکجا ہین بلکہ ایسے مذہبی اعتقادات جو بالکل آپس مین متضاد ہین پہلو بہ پہلو موجود ہین۔ جبتک ہم اس ملک مین نہ آئین اور یہان کی واقعی پرستش اپنی آنکھون سے نہ دیکھین تو یہ متضاد باتین مطلق ہماری سمجھہ مین نہین آتین۔ اور ہمین یہ نہین معلوم ہوتا کہ لفظ مذہب کے معنی ہندوؤن مین وہ نہین ہین جو یورپیون مین پائے جاتے ہین ان کا موجودہ مذہب ویدا اور منوشاستر سے مشتق سمجھا جاتا ہے لیکن اس ویدی اور برہمنی مذہب مین جسکا بیان ہم اوپر کر چکے ہین اور حال کے ہندو مذہب مین بہت فرق ہے۔ موجودہ مذہب گویا جدید برہمنی مذہب ہے جو پہلی صدی عیسوی مین قایم ہوا اور جس نے بدہ مذہب کو اپنے مین ضم کرکے اسکی جگہہ لے لی۔

فصل اول۔ ہندو تثلیث

اس جدید برہمی مذہب مین بے انتہا فرقے اور شعبے ہوگئے ہین لیکن ان سب کا دارومدار دو بڑی تقسیمون پر ہے جو شیو اور وشنو کی پرستش سے متعلق ہے۔ یہ دونون بڑے دیوتا جنکو ہر ہندو مانتا



(۱۱۵) ہمایوں کا مقبرہ دہلی

ہے برہما کے ساتھ ملکر ہندو تثلیث قایم کرتے ہین۔ اگرچہ اس تثلیث مین برہما کا درجہ سب سے اعلیٰ ہے لیکن خاص طور پر اس دیوتا کی پرستش نہین کیجاتی اور ہند بھر مین بمشکل دو تین مندر ایسے ہون گے جو برہما کے نام پر بنے ہون۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہندو دماغ اس چیز کی پرستش کی طرف مائل ہے جو مادی صورت مین اُسکے سامنے رکھی جائے۔ شیو اور وشنو کے ہزارہا مندر ہین جن مین اُن کی مورتین اور علامتین نصب کی گئین ہین اور پوجی جاتی ہین۔ برخلاف اس کے برہما ایک روح مطلق ہے جو تمام عالم مین سائر اور دائر ہے اور ہر ایک ہندو کی اصلی تمنا یہ ہے کہ وہ کسی روز اس روح مطلق مین جذب ہو جائیگا۔

نظام عالم مین اِن تینون دیوتاؤن کے الگ الگ حصے ہین برہما خالق ہے وشنو عالم کا باقی رکھنے والا اور شیو عالم کا برباد کرنے والا ہے۔ اگرچہ شیو کے فرایض مین اور دوسرے دو دیوتاؤن کے فرایض مین ظاہر اقتضاد معلوم ہوتا ہے لیکن فی الواقع ایسا نہین ہے۔ کیونکہ ہندو فلسفہ مین موت کوئی چیز نہین ہے۔ موت سے مراد صرف ظاہری تغیر ہے۔ تمام عالم ہر وقت بدلتا رہتا ہے لیکن اُسکے اجزا تلف نہین ہوتے پس شیو بھی جو اِن تغیرات کا خدا ہے عالم کا محسن ہے اور اُس کا وجود بھی لازمی ہے۔

جس وقت ہم شیو کی مہیب صورت کو دیکھتے ہین اور خیال کرتے ہین کہ یہ وہی دیوتا ہے جس پر اور اُس کی دیوی کالی پر خون مین بھرے ہوئے جانورون اور قدیم زمانے مین شاید انسانون کا چڑھاوا دیا جاتا ہے تو ہمین معلوم ہوتا ہے کہ شیو کی پرستش بہت زیادہ قدیم ہے اور فی الواقع برہمنی تثلیث مین سب سے بڑا اور قوی جز شیو ہے۔

دنیا کی کسی قوم نے عالم کی ہر وقت بدلتی ہوئی حالت کا ایسا صحیح ادراک نہین کیا ہے جیسا ہند کے باشندے نے اسکے نزدیک سارا عالم یا کل وہ چیزین جو ہم دیکھ رہے ہین محض دھوکا ہے۔ اشیاء کی حقیقت بالکل ہمارے علم سے باہر ہے۔ کائنات ایک سلسلۂ تغیرات کا ہے جس کی نہ ابتدا

ہے نہ انتہا۔ اس غیر متناہی سلسلہ مین موت سے زندگی پیدا ہوتی ہے اور زندگی سے موت۔ لیکن یہ کل محسوسات ظاہری ہے۔ اوران کے اندر ایک وجود مطلق ہے جو ہر حالت مین ایک ہے لیکن اُس کی ظاہری صورت ہر وقت بدلتی رہتی ہے۔ ہزارہا سال سے ہندوؤن نے اس عالم کو دہوکا سمجھا ہے اور معلوم کیا ہے کہ اِس دہوکے کی ٹٹی کے پیچھے وہ حق ہے جس تک پہونچنا محال ہے اِس مسئلہ تک وہ ایسے وقت مین پہونچ گئے تھے جس وقت کہ ہمارے مغربی فلاسفہ اِس گمان مین تھے کہ وجود مطلق اُن کے ہاتھ مین آگیا ہے۔ یہی ہے ہندو خیال کی بلندی اور اُسکا عمق۔ ہمارا اعلیٰ درجہ کا فلسفہ بھی اِس درجہ سے آگے نہین بڑہا ہے البتہ جیسا ہم اوپر کہہ چکے ہین عامہ خلایق کو ان فلسفی مباحث سے کچھ کام نہ تھا۔

فصل دوم۔ شیو کی پرستش

یہ شیو برباد کرنے والا یا اقلاً عالم کو بدلنے والا فی الواقع موت اور زندگی کا دیوتا ہے۔ اُسی کی نشانی لنگم ہے اور اسی کے نام سے جانور کاٹے جاتے ہین۔ یہی ہے خدا اُس جوہر کا جس سے کائنات پیدا ہوتی ہے اور یہی خدا ہے اُس موت کا جو کائنات کو تلف کرتی ہے حقیقت مین یہ شیو ہند کا سچا خدا اور ہندوؤن کی قوت خلاق کا نتیجہ ہے۔ جدید برہمنی مذہب کے دیوتاؤن مین شیو سب سے پُرانا ہے یہ رگ وید کے رودر یعنی ہوا اور پانی کے دیوتا سے مشابہ ہے۔ آخر مین چلکر یہ اگنی سے مشابہ کردیا گیا۔ قدیم آریون مین آگ جس کی وہ بڑے اہتمام سے پرستش کرتے تھے مادۂ زندگی مانا جاتا تھا۔ اور وہ ہر مخلوق مین سائر اور اُس کو زندہ رکھنے والا تھا۔ اگنی ہی برباد کرنے والا دیوتا یہی تھا کیونکہ جو چیز اُس پر چڑہائی جاتی تھی اُسے وہ جلا دیتا تھا۔

(۱۳۶) دہلی کے قلعہ کا دروازہ



جدید برہمنی مذہب مین شیو نے اگنی کی جگہ لے لی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مگستینیز ہی کے زمانہ مین شیو کی پرستش پوری ہو چکی تھی اور اُس کا نام اور خصائص معین ہو چکے تھے کیونکہ مگستینیز شیو کو یونانیون کے ڈایونیسیس سے تشبیہ دیتا ہے اس مین شک نہین کہ شیو کی نشانی لنگم سنہ عیسوی کی ابتدا مین قرار دی گئی۔ گیارہوین صدی مین جس وقت محمود آیا ہے بارہ مندر ایسے موجود تھے جو شیو کے نام پر تعمیر ہوے تھے اور جنمین اِس دیوتا کی پرستش ہوتی تھی۔

بتدریج عوام الناس کی اُس فطرت نے جو بت پرستی کی طرف مائل ہے لنگم کو دیوتا بنالیا اور ایک فرقہ لنگایتون کا قایم ہوا جنہون نے لنگم کو پوجنا شروع کیا۔ اِن کے سب اِس علامت سے بھرے ہوئے ہین۔ اور اُن کے پاس چھوٹے چھوٹے لنگم سونے یا چاندی کے جنمین وہ وقتاً فوقتاً بوسہ دیتے اور اُن سے دعا مانگتے ہین۔ پائے جاتے ہین۔ اِس فرقہ کا بانی بسوؔ تھا جس کا زمانہ بارہوین صدی عیسوی ہے۔ یہ شخص ذات کو توڑ دینے کی تعلیم دیتا تھا اور اُس نے تھوڑے ہی زمانہ مین بہت بڑا نام پیدا کر لیا۔ اسکی تعلیم تو اُس کے ساتھ ہی ختم ہو گئی۔ لیکن جو مذہب اُس نے قایم کیا تھا یعنی لنگم کی پرستش اب تک باقی ہے اور میسور۔ ملک نظام اور دکن کی ڈراوڈی اقوام مین جاری ہے۔

لنگم کے مقابل مین پاروتی یعنی مادۃ النسل کی پرستش تھوڑے دنون بعد قایم ہو گئی۔ پاروتی یا کالی جو شیو کی دیوی ہے زندگی اور موت کی دیوی مانی گئی ہے۔ یہ گویا سارے عالم کی ماں ہے اور ایک دن عالم کو نگل جائے گی۔ کالی کی پرستش سے زیادہ کوئی پرستش نفرت انگیز نہین ہو سکتی یہ صرف نیچے درجہ کی خلقت مین مروج ہے۔ اِس دیوی کی شکل بالکل ویسی ہے جیسی افریقہ کے بعض وحشی اقوام کے دیوتون کی۔ جس قسم کی خلاف تہذیب اور بیرحمانہ حرکتین اس پرستش مین کیجاتی ہین وہ بیان مین نہین آسکتین۔ اسی دیوی کے مذبح پر قدیم زمانے مین انسان بل دئے جاتے تھے اور اب بھی اِس کی پرستش مین اس قسم کے اعمال اور حرکتین شامل ہین جو انسان کو نفرت دلاتی ہین

کالی کے پوجنے والون مین زیادہ تر بدتمیز وہ فرقہ ہے جسکو بامین ہاتھ والا شعبی فرقہ کہتے ہین۔

فصل سوم۔ وشنو کی پرستش

وشنو جو کہ جدید برہمنی مذہب کا دوسرا دیوتا ہے اور جس کی پرستش وہ اشخاص کرتے ہین جو شیو کو نہین پوجتے اُتنا قدیم دیوتا نہین ہے جتنا شیو البتہ اس کا نام وید مین آیا ہے اور گمستنیز اس کو یونانی دیوتا ہیرکلیز سے مشابہ بتاتا ہے۔ شیو ہندوؤن کے دماغی ادراک کا خدا ہے۔ اس سے انہین عالم کے تصور مین عالم کے بننے بگڑنے مین مدد ملتی ہے۔ برخلاف اسکے وشنو اُن کی دلی اُمنگون کا محبت اور مذہبی اعتقاد کا خدا ہے۔ شیو کی پرستش مین نہایت ریاضت اور نفسانی خواہشونکو روکنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ باوجود اُن زیادتیون کے جو شیو اور کالی کی پوجا مین کی جاتی ہین۔ اسی فرقے کے لوگ زیادہ تر جوگی اور سنیاسی بنتے ہین۔

شیو کی طرح وشنو کے پرستش مین بھی ظاہری علامات داخل ہوگئے کیونکہ تمام دنیا کے اقوام مین ہندو کے لئے پرستش مین ظاہری صورت کا ہونا لازمی ہے اگرچہ مختلف ازمنہ مین مذہبی اصلاح کرنے والون نے ہندو مذہب مین توحید کو ثابت کرنا چاہا ہے لیکن یہ کوشش بالکل بیفائدہ ہے ہندو کے نزدیک کیا دیدی زمانے مین اور کیا اس وقت ہر چیز خدا ہے۔ جو کوئی چیز اس کے سمجھ مین نہ آئے یا جس سے وہ مقابلہ نہ کرسکے اس کے نزدیک پرستش کے لائق ہے۔ برہمنون اور فلسفیون کی نہ صرف کل کوششین جو انہون نے توحید قائم کرنیکے لئے کین بلکہ کل وہ کوششین بھی جو وہ دیوتاؤن کی تعداد گھٹاکر تین پر لانے کیلئے عمل مین لائے محض بیکار اور رائگان گئین عوام الناس نے ان کی تعلیم کو نہ سنا اور قبول کیا۔ لیکن عملاً یہ تین خدا تعداد مین بڑھتے گئے اور ہر ایک چیز مین ہر ایک

شکل (۱۱۸) گنبد و طاق‌نما

رنگ و بو مین اُن کے اوتار نظر آنے لگے۔ مثلاً وشنو بیشک ایک خدا ہے لیکن اپنے پوجاریون تک پہونچنے کے لئے اُس نے اسقدر مختلف صورتون مین ظہور کیا ہے کہ اُس کے اوتارون کے نام تک گنانا بھی محال ہے۔ اِن مین بڑے بڑے بہادر اور دیوا اور معمولی انسان اور حیوانات تک شامل ہین اور پھر وشنو کا سب سے بڑا اوتار وہ عالم کا روشن کرنے والا اور عالم مین روح پھونکنے والا آفتاب ہے جو قدیم زمانے سے وشنو کا قایم مقام سمجھا گیا ہے۔

وشنو کے اوتارون مین بہت سے دیوتا ہین جو ہند کے مختلف خطون مین پوجے جاتے ہین اِن اوتارون مین مشہور اوتار دس ہین جن کا ذکر مذہبی کتابون مین ہے۔ اور جن کو کل وشنوی مانتے ہین اِن کے سوا بے انتہا اور دوسرے اوتار ہین جو ہر روز پیدا ہوتے ہین۔ ہندو کی جبلت ایسی واقع ہوئی ہے کہ کیسا ہی دیوتا اعلیٰ سے اعلیٰ اور ادنی سے ادنی اُسکے سامنے پیش کیا جائے وہ اُسے خوشی سے مان لیتا ہے بلکہ خود ہدایت کرنے والے کو وشنو کا ایک اوتار ماننے کے لئے تیار ہے۔ اسی وجہ سے نصرانی مشنری ہندوؤن مین زیادہ کامیاب نہین ہوتے۔ حضرت مسیح جن کے حالات کسی قدر کرشن سے ملتے ہوئے ہین۔ وشنو کے اوتار سمجھے جاتے ہین۔ اور مشنریون سے ہندو یہی کہتے ہین کہ ہم مین عیسیٰ مسیح موجود ہین اور ہم تمسے زیادہ نصرانی ہین جس زمانے مین پرنس آف ویلز ہندوستان مین تشریف لائے ہین تو اُن کی شان و شوکت دیکھکر ہند کے عوام الناس اُنہین بھی وشنو کا اوتار سمجھے تھے۔

وشنو کے اوتارون مین دو اوتار بہت زیادہ مانے جاتے ہین اول رام دوسرے کرشن ہین صحیح طور پر نہین معلوم ہے کہ وہ دونون مذہبی نظمین یعنی رامائن اور مہابھارت کب لکھی گئین۔ انکی وقعت ہندوؤن مین ویسی ہی ہے جیسی یونانیون مین ہومر کی نظمون کی تھی۔ سالہاے دراز مین یہ نظمین دوبارہ بنین۔ ترمیم کی گئین۔ گھٹائی بڑہائی گئین۔ لیکن اس مین شک نہین کہ یہ ایک بہت ہی قدیم زمانے

مقبول خاص و عام ہین۔ اور رام اور کرشن کے کارنامون کی یادگارین سمجھی جاتی ہین۔ اِن دونون وشنو کے اوتارون مین نہ صرف بہادری اور فوجی کامیابی ہی قابل قدر ہے بلکہ اُن کی انسانی ہمدردی۔ نرمی اور محبت بھی ہے۔ وہ پراسرار کشش جو خلق کو وشنو کی طرف کھینچتی ہے اُس وقت ولولے اور عشق کے درجے کو پہونچ جاتی ہے۔ جب رام اور کرشن کے ایسے زندہ اور چلتے پھرتے اوتاراون کے سامنے ہون۔

رامچندر تو ہندو اور سیلون کے فتح کرنیوالے اور قوم آریہ کے فخر ہین جس کی وجہ سے اُنکی پرستش ہوتی ہے لیکن اِن کی زندگی مین بڑا حصہ اون کی وفادار استری کا ہے۔ اور یہ دونون ایک دوسرے پر فدا اور میان بی بی بجاے وشنو اور لکشمی کے ہین جو حسن کی دیوی مانی گئی ہے۔ سیتا کی مصیبتین اور اُن کا استقلال اور رام کی محبت اور بیقراری وہ واقعات ہین جو ہندوؤن کے جذبات پر بہت ہی زبردست اثر ڈالتے ہین۔ ہم یہان مسٹر ملاباری کی اُس تصنیف سے جس کا نام "گجرات اور اُس کے باشندے" ہین اور جس سے ہم پہلے بھی اقتباس کر چکے ہین ایک فقرہ نقل کرین گے جس سے معلوم ہوگا کہ ایک روشن خیال ہندو کی راے کیا ہے مسٹر ملاباری لکھتے ہین۔

"خوش قسمت ہے وہ قوم جس کے سامنے رام اور سیتا کا تخیل موجود ہے۔ نصیب ور ہے وہ خاندان جو اِس بے بدل جوڑے کی عزت و حرمت کرتا ہے۔ بڈھا اور جاہل مزدور۔ اور اس کی سادہ اور ناواقف بیوی اُس کی شیرین اور نوجوان بیٹی۔ اِس متبرک کتاب کے بعض واقعات کو سُن کر اپنے آنسوؤن کی دھارین برساتے ہین۔ نصیب ور ہے وہ شخص اگر وہ حقیقت مین کوئی انسان تھا جو اصل الہام کے اُس درجے تک پہونچا جہان اسے ایسے دو مخلوق ہاتھ لگے جیسے رام اور سیتا ہین۔"

گھر اور بال بچون کی خوشی جو آریون مین سب سے اول درجہ رکھتی تھی رامائن مین آکر ختم ہوگئی لیکن وہ دوسری شکل عاشق و معشوق کی جس نے اپنے بچپن ہی سے ہزارہا دلون کو لبھایا کرشن کی شکل ہے

شاہجہاں مسجد بھوپال

جو رامچندر کے ساتھ ساتھ ہندو کے دلون پر حکومت کرتا ہے۔ کرشن کی طفولیت کا قصہ جو کسیقدر عیسیٰ مسیح کی طفولیت سے ملتا ہوا ہے ہر ایک ہندو مان کا ویسا ہی پیارا ہے جیسے مسیح کا قصہ ہر ایک نصرانی مان کو۔ اور ہندو عورتون کے دلون مین خواہ وہ ناکتخدا ہون یا بیوہ اس معشوق خدا کی محبت اور پُراسرار ولولہ ویسا ہی پرجوش ہے جیسے مغربی عورتون کی محبت اپنے مطلوب مسیح کے ساتھ۔

ہندوستان کی گرم آب وہوا مین اور مشرق کے اثر پذیر مزاجون کے لئے وشنو کی اس عاشقانہ پرستش نے البتہ بعض صورتون مین بُرے اخلاقی اثر پیدا کردیئے ہین۔ بعض فرقون مین جو کرشن کی پرستش کرتے ہین۔ علی الخصوص گجرات مین وشنو پوجاریون کی جو مہاراج کے نام سے مشہور اور اپنے کو کرشن بتاتے ہین عورتون مین بے انتہا قدر ہے۔ ان مہاراجون کے خواہشمند اس کثرت سے ہین کہ انہون نے اپنی قیمت بہت کچھ بڑھادی ہے۔ مسٹر لاباری جن کی تصنیف سے ہم کئی بار نقل کرچکے ہین اس رسم کے متعلق لکھتے ہین۔ ممکن ہے کہ یورپی خیال کرین کہ گجرات مین مہاراجون کی پرستش ایک شرمناک رسم اور بے حیائی کی عیاشی ہے لیکن جبتک اس رسم مین مذہب کا لگاؤ ہے ہزارہا ہندو خاندان اس حیوانی فعل کے پنجہ سے نہین چھوٹین گے۔

فصل چہارم۔ ہندو مذاہب کی بے انتہا قسمین اور انکی دائمی تغیرات

ہم نے ایک مختصر سا بیان اون دونون مذہبون کا کیا ہے جو وشنو اور شیو کی پرستش سے متعلق ہین اور ہم نے یہ بھی دکھایا ہے کہ ان دونون دیوتاؤن مین برہما کو شریک کرنے سے ہندو تثلیث قائم ہوتی ہے لیکن جس چیز کو ہم اب کتاب کے پڑھنے والون پر ثابت کرنا چاہتے ہین اور جو ظاہر ایک امر محال معلوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ ہندو مذہب کی بے انتہا قسمین ہین۔ اور ان مین روز بروز

تغیرات ہوتے رہتے ہین اِن مین سے کوئی مستقل اور قایم نہین ہے لیکن ہر ایک اپنے کو ویدسے مشتق بتاتا ہے۔ اِن سب کا مجموعی نام جدید برہمنی مذہب یا ہندو مذہب ہے۔ لیکن اِن کی اقسام تعداد مین اسی قدر ہین جتنے کسی درخت کے پتے۔ ان سب کا رُجحان توحید کی طرف ہے۔ اِسکے ساتھ ہی ہر ایک مین ہزارہا دیوتا ہین اور اکثر پتھر کے بُت اور لکڑی کی پُتلیان بھی شامل ہین۔ ہر ایک مین سے نہایت ہی پُراسرار اور دقیق فلسفہ نکلا ہے اور ہر ایک مین ایسی پوچ اور بیہودہ رسمین ہین جن سے شرم آتی ہے۔ اگر ان سب مذاہب کا بیان مجموعی طور پر کیا جاوے تو کہا جاسکتا ہے کہ یہ قدیم برہمنی مذہب کے دیوتا ہین۔ یہ وہ اجرام سماوی اور قوائے فطرتی ہین جن کی پرستش ویدمین ہے۔ اور جن کو برہمنون نے علیحدہ علیحدہ خدا بنالیا۔ ان برہمنی دیوتاؤن کو جو اصل مین ظالم اور بے رحم تھے بدھ مذہب نے بہت کچھ نرم اور مہذب دبنا دیا ہے۔ جدید برہمنی مذہب کے ہر شعبے مین بدھ مذہب کا اثر صاف طور پر معلوم ہوتا ہے۔ اِس نے اپنی نیکی اور رحمدلی اور محبت ہر طرف پھیلادی ہے۔ یہ بدھ مذہب جو اپنی خیرات اور نیکی کے لحاظ سے انسانی ہے لیکن فلسفی خیالات کے لحاظ سے انسان سے مافوق ہے اپنی انسانی جہت سے تو قایم رہ گیا ہے مگر فلسفی جہت سے تلف ہو چکا ہے۔ بدھ نے اپنا ذاتی حق ہندو دیوتاؤن مین قایم رکھا ہے۔ اور اب وہ وشنو کا اوتار مانا جاتا ہے۔ اِن سیکڑون دیوتاؤن اور سیکڑون مذاہب مین ہم چند بڑے بڑے خصائص کو جو ہند کی مذہبی جبلّت سے متعلق ہین محسوس کر سکتے ہین۔ مثلاً عالم کے متعلق خیالات وجدان کا رُجحان توحید کی طرف ہے لیکن متخیّلہ کا رجحان کثرت الٰہ کی طرف اور اعلیٰ درجے کی آزادی۔ اخوت اور رواداری کل مختلف مذاہب کے درمیان مین۔ اور اگر سچ دیکھا جاوے تو یہ دیوتاؤن کی کثرت بھی اُسی قدیم آریہ قوم کا ارث ہے جس نے آکر اِس مُلک مین آنکھ کھولی اور یہان کے بوقلمون منظرون کا اُن کے دل پر ایسا اثر پڑا کہ وہ ہر ایک فطرتی قوت کو خدا سمجھنے لگے۔

ہماری سرزمین پہلی زبان مین صرف چند الفاظ ہین جو مابہ ازا آسمان کا رنگ یا بادلون کی صورت یا اور



(۱۲۰) صفدر جنگ کی قبر

مناظر کو بیان کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہین۔ خود ہومر جس وقت وہ ایکیلیز کی خوش مزاجی یا جوپیٹر کی عظمت الفاظ مین بیان کرتا ہے تو بار بار انہین الفاظ کو ان نامون کے ساتھ لاتا ہے اور اپنے بھاردن کا ایک ہی رخ دکھاتا ہے۔ ویدمین اس کے بالکل خلاف ہے۔ یہان صرف ایک بادل نہین ہے بلکہ ہزارہا بادل ہین۔ ہزارہا قسم کے ابر مختلف رنگون اور مختلف شکلون کے۔ کوئی تیز۔ دوڑنے والے کوئی سست چلنے والے جو کہ ان رشیون کی آنکھون کے سامنے آسمان پر موجود تھے۔ اگنی کے شعلے۔ سوم کی لہرین۔ ہوا کی حرکت۔ صبح اور شام کی شفق کی رنگ آمیزیان یہ سب چیزین ان کے کلام مین اسی طرح بدلتی ہین جیسی خود فطرت مین۔ اور چونکہ ہر ایک ان مین سے ایک دیوتا ہے اس لئے دیوتاؤن کی ریل پیل ہے۔ یہ دیوتاؤن کی کثرت نئے برہمنی مذہب مین بھی موجود ہے۔ یعنی اسوقت جبکہ یہ قوائے فطرتی بالذات دیوتا بن گئے۔

جس وقت کوئی باعتقاد ہندو کسی دیوتا کے ایک رُخ کو یا ایک وصف کو لے لیتا ہے تو اسیوقت ایک نیا فرقہ قایم ہوجاتا ہے جو اس خاص وصف کی پرستش کرتا ہے۔ ان مذہبی فرقون کے قایم رکھنے کے لئے برہمن ہی ہونا ضرور نہین ہے بہت سے نیچے درجے کے اشخاص بھی مذہبون کے بانی ہوتے ہین۔ جس وقت کسی شخص نے کچھ تھوڑے سے پیرو جمع کرلئے تو پھر وہ گرو بن جاتا ہے جب وہ گذر گیا تو پھر دوسرے گرو پیدا ہوجاتے ہین جو اس کی تعلیم کو اپنی طور پر رواج دیتے ہین۔ گرو یا تو وراثت کے ذریعے سے بنتا ہے یا صرف پیشے کے ذریعے سے۔ اور اکثر یہ گرو برہمنون کی ذات سے خارج ہوا کرتے ہین۔ چونکہ گرو ایک ایسا شخص ہے جس کو الہام ربانی ہوتا ہے اسلئے اس کی حکومت اپنے چیلون پر بہت ہی زبردست ہوتی ہے۔ ہند کے مشہور گرؤن مین بلکہ اس ملک کی تاریخ مین ایک بہت بڑا شخص گرونانک تھا جس نے سکھ مذہب کی بنا ڈالی۔ یہ شخص پندرہوین صدی عیسوی کے آخر مین لاہور کے قریب پیدا ہوا تھا۔ اور اس کی بڑی تمنا یہ تھی کہ ایک ایسا مذہب

قایم کرے جس مین مسلمان اور ہندو دونون داخل ہو سکین۔ اس کے پیرو زیادہ تر سندہ کی گہاٹی کے رہنے والے جاٹ ہوے جو کہ تورانی الاصل ہین خلاف توقع اور خلاف تجربہ اس نئے فرقے کو روز بروز ترقی ہوتی گئی۔ گرونانک کے مرنے سے دو سو برس بعد گرو گوبند نے اس فرقے کو قومی راستے پر لگایا اور سکھ چند روز مین ایک ایسی بہادر قوم بن گئے، کہ مغلون کو ان کا سکہ ماننا پڑا۔ اور انگریزی حکومت کو یہ مدت تک آگے بڑھنے سے روکے رہے۔ ہم اس سے پہلے دکھا چکے ہین کہ یہ سکھ اپنی جسمانی خوبیون اور آپس مین شادی بیاہ کرنے کی بدولت ہندوستان کی اقوام مین ایک زبردست اور خوبصورت قوم بن گئے ہین۔ ہم نے سکھون کی مثال اس غرض سے لی ہے کہ ہند مین مذہبی فرقون کے قایم ہونے کے نتایج کو دکھائین۔ اس مین شک نہین کہ بہت کم مذہبی فرقے سکھون کے درجے کو پہونچتے ہین۔ لیکن ان سب کا نتیجہ یہی ہوتا ہے کہ نئی ذاتین قایم ہو جاتی ہین۔ جن کے آپس ہی مین شادی بیاہ ہوتا ہے۔ اور جن کے نزدیک تمام ہند کی دوسری اقوام اسی قدر برادری سے خارج ہین جس طرح یورپی اسوقت ہند مین۔ بہت سے اسباب ایسے موجود ہین جو یہان کے باشندون کو ایک قوم بن جانے سے مانع ہین لیکن ان اسباب مین سب سے بڑا سبب ذاتون کی بے انتہا تقسیم ہے۔

ان مختلف مذاہب کے ساتھ ہی ساتھ جنکو عام نام ہندو مذہب کا دیا گیا ہے ہمین ان ابتدائی اور قدیم پرستشون پر بھی نظر ڈالنی چاہیئے جو اس وقت تک ہند کی وحشی اقوام مین جاری ہین۔ ان کے متعلق ہم نے اقوام کے باب مین تھوڑا سا بیان کیا ہے۔ ان مین بہت پلید اور موذی جانورون سانپ خنزیر وغیرہ کی پرستش زیادہ ہے ہمنے گری کی اقوام جو گ اور ٹوڈون مین دیکھ چکے ہین کہ وہ اپنے گایون اور بیلون کی پرستش کرتے ہین۔ اور اہیرون کو اپنا بڑا پجاری مانتے ہین۔

ان کل بت پرستیون نے ہندوؤن پر اثر ڈالا ہے۔ مثلاً جانورون کی تعظیم ہند کے ہر مذہب مین موجود ہے اور ان مین سے گائے اور سانپ زیادہ واجب التعظیم ہے۔ ہند مین کوئی قوم ایسی نہین ہے



(۱۲۲) اورنگ زیب کی مسجد کا ایک مینارہ اور رنجیت سنگھ کا مقبرہ



(۱۳۳) شیش محل کا پھاٹک لاہور

جانِ دونون کی پرستش نکرے۔ نیپال کے بیوہ۔ گنگا کے کنارے کے رہنے۔ اور گونڈوانہ کے وحشی اقوام یہ سب کے سب گائے یا سانپ کے مارنے کو ایک گناہ عظیم سمجھتے ہین۔ سانپ کی تو مورت دیوتاؤنکے پہلو بہ پہلو ہر ایک مندر مین پائی جاتی ہے۔ اور سانپ اور بندر شنو سے منسوب ہین اور بیل اور گائے شیو کے کہلاتے ہین۔

ایک دیوتا جو نہایت قدیم زمانے سے ہند مین آیا ہے اور جس کی پرستش کل فرقون مین پائی جاتی ہے۔ آفتاب ہے۔ قدیم آریاس آفتاب سے دعائین مانگتے تھے اور اس کی شان و شوکت کو پرجوش لفظون مین بیان کرتے تھے۔ ان آریون کے اخلاف جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہین وشنو کو آفتاب کا قایم مقام مانتے ہین لیکن اب بھی بے انتہا ہنود کیا وہ ڈراویدی ہون اور کیا وحشی اقوام براہ راست آفتاب کو پوجتے ہین۔

فصل پنجم۔ ہندو پرستش کی ظاہری چیزین

ہندوؤن کو مورتون اور ظاہری علامات سے بے انتہا اُنس ہے۔ ان کا کوئی مذہب کیون نہو اس کے اعمال کو یہ نہایت اہتمام سے بجالاتے ہین۔ ان کے مندر پرستش کی چیزون سے بھرے ہوے ہین جن مین سب سے مقدم لنگم اور یونی ہین جن سے مراد وہ خلقت کے دونون جز ہین۔ اشوک کے ستونون کو بھی عام ہندو لنگم خیال کرتے ہین۔ اور اسطوانہ اور مخروطی شکلین ان کے نزدیک واجب التعظیم ہین۔ گناہون سے توبہ۔ زہد۔ متبرک۔ کتابون کا پڑھنا۔ منترون کو جپنا۔ دعائین پڑھنا۔ اور تیرتھ کرنا یہ سب ثواب کے کام سمجھے جاتے ہین۔ اور ہر ایک ہندو ان مین اعتقاد اور احتیاط سے بجالاتے ہین۔ مذہبی فرایض کے ادا کرنے مین ہندوؤن سے زیادہ پابند کوئی قوم نہ ہوگی۔

جس کتاب کو ہندی برہمن نہایت ادب سے پڑھتے ہین وہ رگ وید ہے۔ اور اس کے پڑھنے کا ثواب خاص ہے۔ سنسکرت زبان جس مین رگ وید لکھا گیا ہے ہندوؤن مین وہی درجہ رکھتی ہے جیسی کہ عیسائیون مین لاطینی۔ یا یہودیون مین عبرانی دعائین زبانی سکھائی جاتی ہین۔ اور ہزار ہا برس پڑھی جاتی ہین۔ ہندو اپنی عبادت مین گھنٹے کا بھی استعمال کرتے ہین۔ گھنٹون کا استعمال زیادہ تر مندرون مین ہے۔ اور برہمنی مذہب مین ان کی جگہ ناقوس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ چڑھاوے جو پرانے زمانے مین نہایت کثرت سے ہوا کرتے تھے وہ اب کم ہو گئے ہین۔

شیو پر تو خون آلود جانور اور کسی وقت مین انسان بھی چڑھائے جاتے تھے۔ لیکن وشنو کے مذبح پر صرف پھول اور پھل چڑھائے جاتے ہین۔

قدیم زمانے مین پوجاریون کا بہت بڑا رتبہ تھا۔ یہ علم مین بھی زیادہ ہوا کرتے تھے اور عوام کے سامنے مذہبی کتابون کے معنی بیان کرتے اور مندرون کے اندر بھجن اور چڑھاوون کو نہایت اہتمام سے بجالاتے تھے۔ ہند کے بعض مشہور مندرون مین خاص پرستش کے دنون مین بے انتہا طیاری ہوتی ہے لاکھون زوار ہر سال بنارس اور جگن ناتھ تیرتھ کے لئے جاتے ہین۔ ان بڑے بڑے مندرون کا اندرونی حصہ علی الخصوص دکن کے مندرون کا اس قدر پریشان معلوم ہوتا ہے کہ انسان کے دل پر ایک ہیبت چھا جاتی ہے۔ اور ہزار ہا بندگان خدا ان مین منتین مانگنے کے لئے سینکڑون کوس کی مسافت طے کر کے آتے ہین۔

بڑی اور مشہور عبادت گاہین کل فرقون مین عام ہین وشنو اور شیو دونون ان مین پرستش کرتے ہین یہان تک کہ مسلمان بھی ان موقعون پر شریک ہو جاتے ہین نہ صرف تماشائیون کی طرح بلکہ خوش عقیدتی سے بھی۔

ہند مین سب سے مشہور تیرتھ کی جگہ جگناتھ ہے جس کو پوری بھی کہتے ہین۔ اور جو اڑیسہ کے ساحل

(۱۲۴) نیپال کا بڑا مندر بدانت





(۱۲۵) (پٹن) نیپال کا سنگی مندر قصر شاہی کے سامنے

پروا قع ہوا ہے اس مقام سے زیادہ کسی مقام پر ہندوؤن کے مختلف مذاہب کی تعداد اور اس کے ساتھ ہی ان کی باہمی مخوت اور رواداری نظر نہین آسکتی۔ کوئی فرقہ ایسا نہین جس کے افراد یہان موجود نہون ہندو کسی فرقے کا ہو۔ کتنی ہی دور کا رہنے والا ہو۔ اور سفر کی مشکلات کچھ ہی ہون۔ اُس کو یہ تمنا ضرور ہے کہ وہ ایک مرتبہ جگناتھ جی کی زیارت سے مشرف ہو یہان وشنو اور شیو دونون کی پرستش اس جوش سے ہوتی ہے کہ بعض وقت پوجنے والے آپے سے باہر ہو جاتے ہین۔ جگناتھ جی کا رتھ جس وقت نکلتا ہے تو ہزارہا مخلوق اپنے کو مارے خوشی کے پہیون کے نیچے ڈال دیتے ہین۔

ہند مین اور بھی بہت سے تیرتھ کے مقام ہین لیکن کوئی ان مین سے اتنا متبرک نہین جتنے بنارس اور جگناتھ گنگا کے کنارے منبع سے لیکر دہانون تک متبرک سمجھے جاتے ہین۔ اور ہزارہا زوار دور دور سے اس ندی کی پرستش کو آتے ہین اس متبرک ندی کا پانی دور دور تک صرف کثیر سے جاتا ہے اور بعض متمول راجہ اسی پانی سے منھ ہاتھ دھوتے ہین۔

ہم نے اپنی کتاب کے باب جغرافیہ مین بیان کیا ہے کہ ہندوؤن کے نزدیک کل ندیان اور انکے پانی متبرک ہین۔ لیکن کوئی ندی گنگا کے درجے کو نہین پہونچتی۔ ندیون کے منابع۔ اور باول۔ اور مسون کے طوفانون کی پرستش نہایت قدیم سے چلی آتی ہے۔ یہ پرستش ایک ایسے ملک کے لئے جس مین خشکی کا احتمال ہے۔ اور جہان کی ساری بہبودی پانی پر موقوف ہے اور پانی کی کمی سے قحط اور موت کا سامنا ہے بالکل خلاف قیاس نہین معلوم ہوتی۔

فصل ششم۔ جین مذہب

ہم نے اس باب مین ایک خاص فصل جین مذہب کیلئے رکھی ہے۔ کیونکہ یہ صرف ایک

فرقہ نہین ہے بلکہ اس کو دعویٰ ہے کہ یہ ایک مستقل مذہب ہے جو نہ بدھ مذہب سے تعلق رکھتا ہے نہ برہمنی مذہب سے۔ اگرچہ سچی بات یہ ہے کہ یہ دونون سے نکلا ہے جین مذہب کا فلسفہ اور اسکی پرستش اور اس کے روایات بالکل وہی ہین جو بدھ مذہب کے ہین جس سے کہ یہ بہت ہی قدیم زمانے مین علیحدہ ہوکر ایک مستقل مذہب بن گیا۔ لیکن اسکا قیام ہندوستان مین محض اس وجہ سے رہ گیا کہ اس نے برہمنی مذہب کی بہت سی باتین اختیار کرلین۔

جین مذہب کی ابتدا اور تاریخ بالکل غیر معلوم ہے لیکن اس مین شک نہین کہ کسی زمانے مین اس کی قوت بہت بڑھی ہوئی تھی کیونکہ اس مذہب کے مندر جو بارہوین صدی عیسوی مین بنے تھے فی الواقع ہند کے عجائبات مین سے ہین۔ ان مندرون کی تعمیر سے ماقبل کے زمانے مین یہین اس مذہب کا پتہ بعض میسور کے کتبون سے ملتا ہے جو پانچوین صدی عیسوی کے ہین۔ اشوک کے احکام مین بھی جین مذہب کے ایک فرقے کا نام آیا ہے ہوا ین تسانگ کے وقت مین جین مذہب دکن کا غالب مذہب تھا۔

جین مذہب کو جب تک اس کے خلاف ثابت نہ ہو اسی قدر قدیم ماننا چاہیئے جتنا بدھ مذہب ہے جس کی وہ ایک شاخ ہے۔ اگرچہ جینیون کا دعویٰ یہ ہے کہ ان کا مذہب بدھ مذہب کے ماقبل سے ہے۔ لیکن اسکا کوئی ثبوت نہین ہے۔ جین بھی مثل بودھون کے عالم کی قدامت کے قائل ہین خالق کے وجود سے منکر ہین نروان کے بارہ مین البتہ اس کا اعتقاد علیحدہ ہے وہ نروان کو زندگی کا خاتمہ نہین سمجھتے بلکہ ایک بہشت سمجھتے ہین جہان انسانون کو جاودانی لذت حاصل ہوتی ہے۔ ان مین بھی بودھون کی طرح نروان ایک سلسلہ نیک اور عمدہ زندگیون کے طے کرنے کے بعد حاصل ہوتا ہے اس اخیر کے درجے کا نام جینیون مین مین ہے۔ جو بالکل بدھ سے مطابقت رکھتا ہے جسطرح بدھ بدھ سے پہلے بودھی ستوؤن کو مانتے ہین۔ اسی طرح جین بھی بہت سے جنون یا تیرتھ انکار کے قائل



(۱۲۶) شاہی محل نیپال کا دروازہ اور صناعی

ہین ان کی تعداد غیر معین ہے لیکن ان مین سے چوبیس کا ظہور ہو چکا ہے یہ چوبیس تیرتھ انکار کہلاتے ہین
کے دیوتا ہین۔

ان چوبیس تیرتھ انکارون کے سوا جنہون نے ریاضت سے یہ درجہ حاصل کیا ہے جینین
اور بہت سے چھوٹے دیوتاؤن اور دیویون کی پرستش کرتے ہین۔ پرستش کے لحاظ سے وہ بھی
اسی قدر دیوتاؤن کو مانتے ہین جیسے برہمن۔ اور برہمنی مذہب کے دیوتا انہون نے اپنے کر لئے ہین۔ اس
خاص امر مین ان کی حالت بھی بجنسہٖ وہی ہے جو بدھ مذہب کی تھی۔ یعنی فلسفیانہ حیثیت سے یہ مذہب
الحاد اور دہریت سے شروع ہوا۔ لیکن عملاً اس مین اس مذہب کے جس کی اس نے جگہ لی تھی کل
دیوتا آکر شامل ہو گئے ہین۔

جین مذہب برہمنی مذہب کے مقابل مین نہ صرف اس وجہ سے قایم رہا کہ اس نے برہمنی
دیوتاؤن کو اپنے مین شامل کر لیا بلکہ اس وجہ سے بھی کہ اس نے ذات کی رسم کو جسے بدھ مذہب نے
توڑ ڈالا تھا جاری رہنے دیا۔ برہمنون کو ایک ایسے مذہب سے جس مین ان کا درجہ اور وقار قایم رکھا گیا ہے
کوئی وجہ مخالفت کی نہ ہوئی۔

جینیون کی عبادت اور ان کے روایات بالکل بدھ مذہب کے مماثل ہین۔ اور بڑے جن کا
وہی درجہ ہے جو نیپال مین آدی بدھ کا ہے۔ اس کی پیدایش کی حکایت، اس کے ظہور مین آنے کا
زمانہ، اس کی حالت و تعلیم سب وہی ہے جو شاکیا منی کی۔ صرف نام بدل گیا ہے۔ گناہون کا اقبال کرنا
گھنٹے بجانا۔ تیرتھ اور راہبون کا فرقہ یہ دونون مذہبون مین مساوی ہین۔ جین مذہب کی کتابین بھی علیحدہ ہین
اور یہ بھی بدھ مذہب کی طرح وید کو نہین مانتے۔

کسی دوسرے مذہب کے مندر اس شان و شوکت کے اور اس قدر صرف سے نہین بنے ہین جیسے
جین مذہب کے آبو اور کھجوراہا کے مندر ہند کی عجائبات عمارتون مین سے ہین۔ ان مندرون کے

اندر ہین عجیب و غریب زندہ موتین پتھر مین کندہ کی ہوئی نظر آتی ہین جو بالکل بے حرکت ہین۔ اور جن کے چہرون پر ایک عجیب پُر اثر سکون ہے۔ یہ بین مذہب کے جن ہین جو اکثر پالتھی مارے بیٹھے ہوئے ہین۔ ان چوبیسون جنون کی صورتین اس درجہ مشابہ ہین کہ بنگادل یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب ایک شخص ہین۔ لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو ہر ایک کے سینے پر اور گلے مین اس قسم کی نشانیان ہین جنسے وہ پہچانے جاتے ہین۔ یہ علامتین ہاتھ کی ہتیلیون پر اور پاؤن کے تلوؤن پر بھی کندہ کی گئی ہین۔ کبھی تو یہ کنول کی صورت ہین۔ اور کبھی ایک کڑے کی صورت جو بدھ مذہب مین دھرم کی علامت ہے۔

جین مذہب کے پیرو اس وقت بھی کثرت سے موجود ہین بیزیادہ تر گجرات اور کاٹھیاواڑ مین پائے جاتے ہین۔

فصل ہفتم۔ ہند کے مذاہب کے عام اصول

ہم نے جو مختصر بیان ہند کے مذاہب کا کیا ہے یہ برہمنی مذہب کے ابتدا سے اس وقت تک کے لئے صادق ہے۔ ان مذاہب کی پرستش وغیرہ مین ہزار سال سے کوئی تغیر پیدا نہین ہوا ہے۔ ہماری کتاب کے پڑھنے والون پر یہ بات ثابت ہو جائے گی۔ کہ ان ہزارہا تفریقون مین ایک ایسا اتحاد موجود ہے جو سب کو آپس مین ملائے ہوئے ہے۔ ویدی مذہب۔ برہمنی مذہب اور جدید برہمنی مذہب فی الواقع ایک ہی مذہب کی مختلف صورتین ہین اور بدھ اور جین مذہب بھی انہین کے شعبے ہین۔

ہند کے ہر ایک مذہب مین زندگی ایک بڑی چیز ہے اور عالم صرف روح مطلق کا ظہورہ ہے اور اس مین ہر وقت تغیر ہوتا رہتا ہے۔ دیوتا اور انسان سب کے سب ایک روح مطلق کے ظہور سے ہین جس کو برہما کہتے ہین۔ اسی کا نام اگنی ہے۔ برہما ہے۔ بدھ وغیرہ ہے۔ یہی تمام عالم مین سائر اور دائر



(۱۲۷) نیپال کے محل کا ایک ستون

ہے اور اسی کی طرف سب کی آنکھ اُٹھتی ہے۔ قوائے فطرتی انسان کے پرکھے، حیوانات، بہت پلید قوم کے بہادران سب مین برہما حلول کرتا ہے۔ اور انہین واجب التعظیم بناتا ہے۔ اور بتدریج عوام کے لئے یہ خدا بنجاتے ہین۔ انسان کی روح ایک مخلوق سے دوسری مخلوق مین منتقل ہوتی ہے یہان تک کہ وہ بالآخر روح مطلق مین جذب ہوجاتی ہے۔ کسی ایک زندگی کے مجموعی افعال دوسری زندگی کے حالت کو معین کرتے ہین۔

ویدی مذہب کو اگر ہم قوائے فطرتی کی سیدھی سادھی پرستش قرار دین اور برہمنی مذہب کو ایک سخت فلسفی مذہب مانین اور جدید برہمنی مذہب ایک ایسی ترقی خیال کرین جس مین کہ بدھ مذہب نے بے انتہا زی اور ملائمت اور نیکی شامل کردی ہے، تو ہمین ایک معقول اندازہ ہندو مذہب کی تدریجی ترقی کا ہوسکتا ہے۔ اگر ظاہری حالت کو دیکھا جائے تو یہ ہر روز بدلتی جاتی ہے ہندوؤن کا متخیلہ اسقدر قوی ہے کہ وہ ہر روز مذہب مین نت نئی صورت پیدا کرتا اور نت نئے دیوتا شامل کرتا ہے۔

فصل ہشتم۔ ہند کا اسلام

اسلام نے ہند مین بہت سے پیرو بنائے ہین۔ پانچ کرور سے زیادہ یعنی کل ہند کی مردم شماری کا پانچوان حصہ دین اسلام کا پیرو ہے۔ اور ان کی تعداد روز بروز بڑھتی جاتی ہے۔ ہندو کے لئے کسی نئے مذہب کو اختیار کرلینا بالکل آسان ہے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ وہ اپنا قدیم مذہب بھی قایم رکھتا ہے۔ اُس کی فطرت مین ہے کہ ہر اعتقاد کو قبول کرلے۔ جب وہ کسی نئے خدا کو مان لیتا ہے تو اوس سے یہ مراد نہین ہے کہ وہ اپنے پرانے دیوتاؤن کو چھوڑ دے بلکہ صرف اون کی تعداد مین اضافہ ہوجاتا ہے۔ اور وہ اپنے پیش حالت زندگانی یا موقع کے لحاظ سے کبھی ایک خدا کی

پرستش کرتا ہے کبھی دوسرے کی۔ البتہ اوپر کے طبقون مین مسلمانون کی حالت بہت کچھ بدلجاتی ہے اور یہان خالص مسلمان اور خالص ہندو صاف صاف معلوم ہوتے ہین۔ لیکن عوام الناس مین دونون ملے جلے ہوئے ہین۔ پیغمبر اسلام بھی دوسرے ہندو دیوتاؤن مین مل جاتے ہین اور مسلمان ولیون اور ہندو رشیون کی پرستش ساتھ ساتھ ہوتی ہے۔

گجرات مین مسلمان فرقہ بوہرون کا ہے جو شیعہ مذہب ہین۔ یہ مسلمانون کی اولاد نہین بلکہ اُن ہندوؤن کی اولاد ہین جنہون نے اسلام قبول کیا۔ اِن کی مذہبی رسوم اکثر ہندو ہین۔ سُنّی مسلمان جنکی تعداد زیادہ ہے اور جو اپنے کو سچے مذہب پر سمجھتے ہین شیعون کو بُرا کہتے ہین۔ اِن دونون اسلامی فرقون مین جس قدر باہمی اختلاف ہے وہ ہندؤن کے مختلف فرقون مین نہین ہے۔ البتہ مسلمانون مین بھی ہر فرقے مین کئی تقسیمین ہین۔

ہند مین اسلام کے سرعت سے پھیلنے کا بڑا سبب یہ ہے کہ اس مذہب مین اعلیٰ درجے کی مساوات ہے۔ بیچارے ہندو جو ذات کی مصیبتون مین گرفتار تھے اس موقعے کو غنیمت سمجھکر جوق جوق پیغمبر اسلام کی حمایت مین داخل ہوگئے۔ لیکن اسلامی مذہب اس درجہ سادہ تھا کہ وہ اس ہزارہا دیوتا پوجنے والی قوم کی تشفی نہ کرسکا جتنی کوششین ہندو کو موحد بنانے کی کی گئین ہین وہ اس وقت تک ناکامیاب رہی ہین۔ اور اُن کا اثر اسی قدر رہا ہے کہ موجودہ دیوتاؤن مین ایک دیوتا کا اور اضافہ ہوگیا ہے۔ بہت سے ہندو مسلمان پیغمبر کا درجہ خدا کا سمجھتے ہین اور اسی خدائی کو وہ حضرت علی سے بھی منسوب کرتے ہین۔ نیچے طبقے کے لوگ کثرت سے ولیون کو بھی مانتے ہین جن کو انہون نے برہمنی دیوتاؤن کے طبقے مین شامل کرلیا ہے۔

اِن مختلف اعتقادات کے مجموعے مین جن کو عوام الناس اندھون کی طرح مانے چلے جاتے ہین وقتاً فوقتاً اس قسم کی اصلاح کرنے والے پیدا ہوئے ہین جنہون نے کوشش کی ہے کہ

(۱۲۸) بھت گاؤن (نیپال) کا شاہی مقام

مذہب کو خالص اور پاک بنائین۔ اور اس گمراہ خلقت کو توحید کی طرف متوجہ کرین۔ اس قسم کے اصلاح کرنے والون مین کبیر تھا جس نے پندرہوین صدی مین قرآن اور ویدہ دونون سے علیحدہ ایک محض خالص اور روحانی پرستش کو قایم کرنا چاہا۔ انہین مین گرونانک تھا جس نے سکھ مذہب قایم کیا انہین مین رام موہن رائے تھے جنہون نے مذہب نصرانی اسلام اور برہمنی مذہب سے عمدہ باتون کو لیکر ایک نیا مذہب بنانا چاہا انہین مین شاہنشاہ اکبر تھا جو بظاہر خود کسی چیز کو نہین مانتا تھا لیکن اوسکی بھی کوشش یہی تھی کہ ہند کے تمام مذاہب کو ایک کردے۔ ان کل اصلاح کرنے والون نے تھوڑے بہت پیرو پیدا کرلئے لیکن مجموعی نتیجہ اُن کی کوششون کا یہ ہوا کہ بجوض اتحادِ مذہبی پیدا ہونے کے ہند کے مذہبون کی تعداد بڑھ گئی۔

وہ اسلام جو اس وقت ہند مین رائج ہے اُس کی حالت بھی بالکل ویسی ہی ہوگئی ہے جیسی ہند کے اور مذاہب کی۔ اور نہ اس مین وہ مساوات قایم ہے جس کی وجہ سے اُس کو اوائل مین اس قدر کامیابی ہوئی۔ ہند کے مسلمانون مین بھی ذات کا تفرقہ داخل ہوگیا ہے اگر الفاظ مین نہین تو عملاً یہ پوری طرح جاری ہے۔ ہند کے اسلام نے کچھ باتین بدھ مذہب سے بھی اختیار کی ہین جن مین تبرکات کی پرستش شامل ہے۔ جس طرح بودھون مین شاکیا منی کے دانت اور بال پوجے جاتے ہین اسی طرح ہند کے مسلمانون مین موئے مبارک کی پرستش ہوتی ہے۔ بعض نشان قدم ایسے ہین جن کو اپنے اپنے اعتقاد کے مطابق ہندو۔ بدھ۔ اور برہمن۔ برہما۔ شاکیا منی اور حضرت رسول اللہ کا قدم سمجھکر پرستش کرتے ہین۔

خلاصہ یہ ہے کہ ہند مین اسلام نے اس ملک کے مذاہب پر اتنا اثر نہین ڈالا جتنا وہ خود اُنسے متاثر ہوگیا۔ مسلمان زیادہ تر گنگا کی گہرائی مین اور گجرات مین پائے جاتے ہین۔ دکن مین بھی ان کی تعداد معتدبہ ہے لیکن اس ملک مین اُس کی ڈراوڈی اقوام مین اور اُسمین اور برہمنی مذہب مین بشکل کوئی فرق محسوس ہوتا ہے اس کے ساتھ ہی اس براعظم کے کل شہرون مین اسلامی مسجدا پنے

خاموش شان کے ساتھ مندرون کے پہلو بہ پہلو جو تون سے بھرے پڑے ہین نظر آتی ہے جون جون تمدن مین ترقی ہوتی ہے۔ اور خیالات روشن ہوتے جاتے ہین۔ اسلام کے پیرو بڑھتے جاتے ہین۔ ذات کی تحقیرون کا رسم کرنا۔ اور ایک خدا مطلق کا خیال جو اس توہمات کی دنیا مین بھی بتدریج پھیلتا جاتا ہے انسان کے جذبات کو اللہ واحد کی شان و جلال کی طرف مائل کرتا جاتا ہے۔ ہند مین اس مذہب اسلام کی فتوحات کا سلسلہ ختم نہین ہوا ہے یہ دھیمی چال سے چپ چاپ بلا شور و آواز اب بھی جاری ہے اور اس مین انگلستان کی نصرانی حکومت کسی قسم کا تغیر نہین کر سکی ہے۔

فصل نہم۔ ہندوؤن مین مذہب کا اثر اخلاق پر

ہم اپنے اس باب مین جہان ہندوؤن کی دماغی حالت سے بحث کی گئی ہے دیکھا چکے ہین کہ انمین مذہب اور اخلاق کے درمیان مین کتنا بڑا غار عظیم واقع ہوا ہے۔ یہان بھی ہم اس خیال پر زور ڈالین گے اگرچہ ہماری مغربی فطرت اس کے سمجھنے سے کسی قدر قاصر ہے۔ ہم مغربیون مین صدیون سے اخلاق یعنی روزمرہ کی زندگانی کے اصول اور باہمی برتاو کے قواعد یا راست ہمارے مذہب سے نکلے ہین اور اخلاق و مذہب آپس مین اس درجہ ملے ہوئے ہین کہ ایک کو دوسرے سے علیحدہ کرنا ہمین محال معلوم ہوتا ہے۔ برخلاف اس کے ہندوؤن مین مذہب اور اخلاق اسی قدر ایک دوسرے سے علیحدہ ہین جس طرح ہم مین وہ ایک دوسرے کے قوام ہین۔ ہندوؤن کی نسبت اگر کہا جائے کہ وہ تمام عالم کی اقوام مین سب سے زیادہ مذہبی ہین تو ہمارے یورپی خیالات کے مطابق یہ کہنا غلط نہوگا کہ تمام عالم کی اقوام مین ہندو اخلاق کے لحاظ سے سب سے کم درجے مین ہین۔

دیوتاؤن کو خوش کرنا اور انمین اپنے پر مہربان بنانا یہ وہ نتیجہ ہے جس کو ہندو اپنے ادنی سے فعل

(۱۲۹) بھت گانون (نیپال) شاہی محل کے سامنے کا ایک حصہ

مین ملحوظ رکھتا ہے اور کبھی اوس سے قطع نظر نہین کرتا۔ لیکن اوسے سخت تعجب ہوگا اگر اوس پر ثابت کرنیکی کوشش کیجائے کہ ان دیوتاؤن کو اوس کے ذاتی افعال سے اوس کی ایمانداری یا اوسکی صفت یا راستبازی سے کچھ بھی دلچسپی ہے۔ نہ اوسے اس بات کا یقین آئے گا کہ یہ زبردست دیوتا اُس سے ناراض ہوجائینگے اگر وہ اپنے ہمسایہ کا مال لوٹ لے یا اپنی نوتولد لڑکی کو زندہ زمین مین گاڑ دے یہ بات البتہ اُسکی سمجھ مین آتی ہے کہ اگر وہ پوجا مین غفلت کرے یا مذہبی کتابون کو نہ پڑھے یا مذہبی رسوم مین نہ شریک ہو یا اگر وہ کسی گائے کو مار ڈالے یا روزی کی طہارت سے غفلت کرے مثلاً کھانے سے پہلے ہاتھ نہ دھوئے یا کھانے کے بعد مُنھ نہ صاف کرے تو یہ دیوتا اُس سے سخت ناراض ہوجائینگے اور اُس پر شدید عذاب نازل کرینگے۔ پس معلوم ہوا کہ ہندو مذہب مین دیوتا کی ناراضی کے اسباب کیا ہین وہ مذہبی رسوم جو اس کثرت سے ہین اور ہندو زندگانی کے ہر ایک فعل سے نہایت اہتمام اور باریکی کے ساتھ متعلق کئے گئے ہین اُن سے غرض یہی ہے کہ دیوتا خوش ہون۔ اُن کی ناراضی دور اور اُن کی مہربانی حاصل ہو یہ اعمال خاص دیوتاؤن کی طرف سے مقرر ہوئے ہین۔ اسی طرح جیسے نصرانیون مین حضرت موسیٰ کے احکام۔ البتہ فرق اس قدر ہے کہ اِن احکام موسوی مین جہاں احکام آتے ہین جو بالکل اخلاقی حیثیت رکھتے ہین یعنی ماں باپ کی عزت کرنا کسی کو قتل نہ کرنا چوری نہ کرنا زنا ہرگز نہ کرنا اپنے پڑوسی پر جھوٹی گواہی نہ دینا اپنے پڑوسی کے مال کا لالچ نہ کرنا اور یہ خدا کے احکام کے نام سے ہمارے کانون مین اس قدر بہرے گئے ہین کہ انہین انسانی احکام ماننا ایمان کے خلاف معلوم ہوتا ہے لیکن ہندو دیوتا مطلق اِس قسم کے احکام کی پرواہ نہین کرتے وہ اپنے بندون سے صرف چڑھاوے تیرتھ توبہ اور نماز اور ہزارہا بیرونی اعمال اور عبادتون کے خواہان ہین۔ اخلاقی افعال سے انھین مطلق سروکار نہین ہے۔ یہ انسان کی مادی زندگی اور اُسکی سودمندی اور خیر سودمندی سے متعلق ہین یہ افعال دیوتاؤن کی توجہ کے مطلق شایان نہین۔

سچ ہے کہ ایسے دیوتا جنہون نے خود بد چلنی کی مثال سب سے پہلے قایم کی ہے کیونکر نیک چلنی کی زندگی کو پسند کر سکتے ہین۔ یونانیون مین جوپیٹر عیاش مانا گیا ہے اور مریخ چور اور زہرہ بدکار پس ایسے خدا اپنے پوجنے والون سے بھی زیادہ نیک چلنی کے طلبگار نہ تھے اور یونانیون مین اخلاق اور مذہب ہمیشہ علیحدہ رہے۔ ہندو دیوتا بھی اسیقدر بد چلن اور بدکار ہین جیسے یونانی دنیا کے خدا۔

ہندو کی زندگی مین دو ہی قسم کے فرائض ہین اولاً خاص فرایض مذہبی یعنی عبادت وغیرہ دوسرے طہارت اور صفائی یہ بھی مذہبی ہین لیکن ان کی اصل مختلف ہے۔ پہلے قسم کے فرایض اسوجہ سے پیدا ہوئے ہین کہ بڑے بڑے زبردست دیوتاؤن کو راضی کرنے کی ضرورت ہے۔ وہ دیوتا جو طوفان اور قحط اور بیماریون کو اپنے بندون پر نازل کر سکتے ہین۔ دوسرے قسم کے فرایض یعنی طہارت اس طرح قایم ہوئی ہے کہ نیچی ذات کے اشخاص کو چھو لینے کے بعد جسم کو پاک کرنا ضروری تھا۔ ان دو اصلی فرایض کا ادا کرنا یعنی عبادت سے دیوتاؤن کو خوش رکھنا اور ذات کی پاکی کو قایم رکھنا یہی دو چیزین ہین جن کو ہندوؤن کا اخلاقی قانون کہا جا سکتا ہے۔ اور منو شاستر کے احکام کم و بیش انہین دونون ضرورتون سے پیدا ہوئے ہین۔ دوسرے شرعون مین جو اخلاقی فرایض مذہب پر مبنی ہین ہندوؤن مین مطلق مذہب سے تعلق نہین رکھتے۔ اگر منو کے دھرم شاستر کو دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ چھوٹی سے چھوٹی مذہبی رسم کا توڑنا گناہ عظیم سمجھا جاتا ہے جس کی تلافی سخت جسمانی سزا اور بعض صورتون مین موت سے ہو سکتی ہے۔ برخلاف اس کے چوری اور قتل وغیرہ کی سزا نہایت خفیف ہے۔ باستثنا رزنا کے جس کا اثر خاندان اور قوم پر پڑتا ہے کل وہ جرایم جو جسم سے متعلق ہین ہندوؤن مین خفیف سمجھے جاتے ہین۔ وہ عیاشانہ عبادت جسکے وہ عادی ہین۔ اونہین افراط کے درجے پر پہونچا دیتی ہین اور عورتون کے ساتھ تعلقات اسی وقت مین جرم سمجھے جاتے ہین جب وہ نیچے کی ذات کے ساتھ پیدا کیے جائین۔ قتل کے جرم کا دارومدار اس شخص کی ذات پر ہے جو قتل کیا گیا ہو۔ مثلاً اگر کوئی گائے یا برہمن کو



(۱۳۰) بھت گانون (نیپال) شاہی محل کا پھاٹک

مارے تو اس کا جرم شدید ہے لیکن دوسری صورتون مین وہ صرف گناہ صغیرہ مین محسوس ہو جاتا ہے اور بعض قسم کے قتل جیسا کہ چھوٹے بچون کو گاڑ دینا مطلق جرم نہین سمجھے جاتے۔ نہ صرف ہندو کا اخلاق بہت ہی ضعیف ہے بلکہ اُن کا تعلق دو جون سے رکھا گیا ہے۔ شودر کے لئے بجز اطاعت محض کے کوئی چیز ضرور نہین سمجھی بشپ ہیبر لکھتے ہین۔

"کہ وہ گناہ مین سے شودر کو بچنا چاہیئے۔ یہ گائے کو مارنا یا برہمن کو ناراض کرنا یا اس قسم کے ایک درجہ سے غفلت کرنا جن سے دیوتا راضی ہوتے ہین۔"

یہ ذلیل اخلاق جو ذات کے ساتھ بدلتا رہتا ہے اور جس مین گناہ کا شدید یا خفیف ہونا محض اُس شخص کے درجے پر ہے جس کے خلاف مین کوئی فعل کیا گیا ہو ہرگز اس مذہب کے اخلاق سے نہین ملایا جا سکتا جو انسان کی روح پر قبضہ کئے ہوئے ہے اور اُس کی زندگانی پر حاوی ہے۔

ہندو کا چلنا بیٹھنا پینا کھانا کاروبار کرنا سب مذہب کی رو سے ہے یہ خود ایک ہندو کا قول ہے اور حرف بحرف سچ ہے کبھی کوئی ہندو سفر نہین کرتا۔ کھانا شروع نہین کرتا۔ کسی دوست سے نہین ملتا۔ سونے کے لئے نہین جاتا۔ جبتک کہ دیوتاؤن کو نہ پکارے۔ اُس کے لباس کی تراش۔ اُسکے زیورات کی وضع اور اُن کی تعداد مذہبی خیال پر مبنی ہے۔ اُس کا ملک ایک ایسا ملک ہے جس سے بڑھکر دنیا مین کہین اتنی عبادت گاہین نہین ہین۔ اگر کسی چیز نے ہندو اخلاق پر گہرا اثر ڈالا ہے تو وہ بدھ مذہب کی خیر خیرات ہے۔ یہ خیر ہندوؤن مین اس درجے سرایت کر گیا ہے کہ اسی نے اُس سخت اور بے رحم قانون کو بھی نرم کر دیا ہے جو ظالم اور خود پسند دیوتاؤن کے خوش کرنے کو بنایا گیا ہے نہ کہ نوع انسانی کے فائدہ کے لئے۔ اس خیر نے زندگی کو شیرین کر دیا ہے اور اُس مین محبت اور دردمندی پیدا کر دی ہے۔ اور مذہبی احکام کی سختی کو نرم کر دیا ہے۔ ہند کی تاریخ مین بدھ مذہب کا زمانہ سب سے زیادہ خوش اخلاق گذرا ہے اور اُس کا اثر اسوقت تک موجود ہے۔

وہ خصائص جو ہندو مین پائی جاتی ہین نرمی، وفاداری، بال بچون کی ماتا، رواداری، وغیرہ ان کا تعلق زیادہ تر اُس کی جبلت سے ہے نہ کہ اُس کے اخلاق سے۔ اور یہ خصائص بھی عالمانہ خصائص نہین ہین بلکہ متحملا ہندو فرمانبرداری کا عادی ہے اور ہمیشہ کسی دوسرے کی حکومت مین رہنے کو پسند کرتا ہے کبھی کبھی یہ حاکم بنجاتا ہے اور اُس وقت اس مین بے انصافی اور بے دردی اور تکبر آجاتا ہے۔ اس کی کوئی خاصیت ایسی نہین ہے جسکی نسبت کہا جاسکے کہ وہ مذہب پر مبنی ہے اور سالہاے دراز کے مذہبی تعلیم کا نتیجہ ہے۔ اصل یہ ہے کہ اخلاق اور نیک چلنی ہند مین ناپید ہے۔ یہ خلاف اس کے مذہب یہان ہر زمانے مین زور و ن پر رہا ہے۔ فی الواقع ہندو نہایت درجہ مذہبی ہے لیکن اخلاق اُس مین مطلق نہین اُس کی فطرت نرمی اور دب جانے کی خاصیت اُس کے ملک کی آب و ہوا سے اور سالہاے دراز کی غلامی سے پیدا کی ہے۔ اور انھین دونون اسباب نے اُس کی مستعدی کو بھی سلب کرلیا ہے اگر اس کی روک صرف مذہبی خوش اخلاقی ہوتی تو اُس سے زیادہ وحشی اور خطرناک کوئی قوم دنیا مین نہ ہوتی لیکن صرف اُسکی جبلت وہ چیز ہے جسنے اُسے بے ضرر کر رکھا ہے۔

باب سوم

نظامات رسوم وعادات

فصل اول - گانون اور ملکیت

اوس قدیم زمانے سے جبکہ ہندوستان کی تاریخ شروع ہوئی ہے ہندو کا گانون بجائے خود ایک کامل سیاسی جنبر ہے جس کے اوپر صرف ملک کی حکومت ہے۔ اصل مین ہندو کا سچا وطن گانون ہے۔ یہ اوس کی معاشرتی ضرورتون کو پورا کرتا ہے۔ یہی گانون اُس حکومت کا مرکز ہے جس کی حفاظت مین وہ رہتا ہے یہین وہ قاضی ہے جو اُس کو اپنے حقوق دلاتا ہے یہین وہ واعظ ہے جو اُس کی روحانی صحت کا ذمہ دار ہے اور یہین وہ طبیب ہے جو اُسکی جسمانی بیماریون کو چنگا کرتا ہے۔ اسی گانون مین شاعر اور ناچنے گانے والیان ہین جو اُس کے دماغ اور آنکھون کو لطف بخشتی ہین یہین اُسکے ہمسایہ اور ہموطن ہین اور اُسے چارون طرف سے عزیز و قریبا کی طرح گھیرے ہوئے ہین۔ اس کے بعد پھر اس بیچارے ہندو کو اُس بڑے اور فرضی وطن کی کب ضرورت باقی رہی جو اکثر اُس کے لئے بناکر کھڑا کیا ہے۔ اُسے ایسے وطن سے نہ کچھ توقع ہے اور نہ وہ اُسے جانتا ہے۔ اگر اِس وطن کا اُسے کوئی خیال بھی ہے تو یہ ہے کہ اُسے ہمیشہ ایک بھاری خراج دینا پڑتا ہے۔ کوئی فاتح کیون نہ ہو جس نے اِس وطن کو بزور شمشیر قایم کیا۔ خواہ وہ ویسی ہو یا مسلمان یا نصرانی۔ وہ ہمیشہ نہایت سختی کے ساتھ اِس خراج کو وصول کرتا ہے اور چونکہ بے چارہ

گانون والا بجز اس کے کچھ نہین جانتا کہ وہ اطاعت کرے اور روپیہ دے اُسے مطلق پروا نہین کہ حکومت کون کرتا ہے اور خراج کون لیتا ہے۔

ہزارہا انقلاب ہو گئے ہین۔ لڑائیان ہوئی ہین۔ حکومتین قایم ہوئی ہین اور اُٹھ گئی ہین لیکن اس بیچارے گانون والے پر ان کا کچھ اثر نہین ہوا ہے۔ اُس کے حکام نے ہمیشہ اُس سے زر مانگا ہے مگر اُس کی رسوم وعادات اور طرز معاش مین دست اندازی نہین کی ہے۔ اسکا نتیجہ یہ ہے کہ ہند کے گانون کے باشندے آج بھی وہی ہین جو تین ہزار سال قبل تھے۔ ہند کا گانون اس وقت بھی قدیم آریہ معاشرت کی زندہ تصویر ہے بلکہ کہنا چاہیے کہ کل ابتدائی انسانی معاشرتون کی یہ مثال ہے۔

ہند کے گانون سے مراد نہ صرف مجمع مکانات کا ہے بلکہ اُس ساری زمین کا بھی جو اُس گانون سے متعلق ہے۔ اور گانون کے رہنے والون کی ملک ہے۔ گانون کی زمینات اکثر مجموعی ملک کی حیثیت رکھتے ہین۔ تمام دنیا مین مجموعی ملکیت شخصی ملکیت سے مقدم رہی ہے لیکن اور ممالک مین اجماعی ملکیت کے بعد ہی شخصی ملکیت قایم ہو گئی ہے برخلاف اس کے ہند مین اب بھی وہی قدیم اجماعی ملکیت موجود ہے۔ اور زیادہ تر عجیب بات یہ ہے کہ اس وقت بھی شخصی ملکیت اجماعی ملکیت مین متبدل ہو رہی ہے۔

جب کوئی شخص اپنی ذاتی قابلیت سے دولتمند ہو جاتا ہے تو جس خاندان مین وہ پیدا ہوا ہے اس کے لوگ اُس کی دولت مین حصہ بٹانے کو ایک فطرتی بات سمجھتے ہین۔ اس مسئلہ سے متعلق عجیب و غریب مقدمات ہند کی عدالتون مین ہوئے ہین اور انگریزی عدالتون نے بڑی کوشش سے دولت پیدا کرنے والون کو اپنی ذاتی پیدا کی ہوئی جایداد سے متمتع ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایسی صورتون مین بھی اس بات کا ثابت کرنا لازمی ہے کہ خاندان نے اُس شخص کی تعلیم مین جو کامیابی کا باعث ہوئی کوئی حصہ نہین لیا جس صورت مین اس پیدا کرنے والے نے تھوڑا سا فائدہ بھی اپنے خاندان سے اوٹھایا ہے تو اُس کی ذاتی پیدا کی ہوئی جایداد فوراً اجماعی ملک کی تحت مین آجاتی ہے۔



(۱۳۱) کٹ منڈو (نیپال) اسلامی طرز تعمیر کا مندر

جب کوئی ہندو بچہ کسی خاندان مین پیدا ہوتا ہے تو محض اپنی پیدائش کے ذریعے سے وہ اپنے والدین کی جائداد مین حصہ دار بنجاتا ہے ظاہر اسطرح ہوتا ہے کہ اُسکی پیدائش ذاتی ملکیت پیدا کرنے کی باعث ہوگی لیکن فی الواقع ایسا نہین ہے۔ تقسیم کبھی نہین ہوتی جب بچہ بالغ ہوجاتا ہے اور حصہ طلب کرنے کا وقت آتا ہے۔ تو وہ ہرگز اپنا حصہ نہین مانگتا بلکہ آمدنی مین شریک بنجاتا ہے اور اس طرح ذاتی ملکیت ہمیشہ اجماعی ملکیت مین تبدیل ہوتی جاتی ہے۔

یہ اجماعی ملکیت دوہری ہے ایک تو ہر ایک خاندان کے لحاظ سے اور دوسری مجموعی گانون کے لحاظ سے۔ گانون کی اجماعی ملکیت خاندانی ملکیت سے نکلی ہے کیونکہ گانون خاندان کی توسیع سے پیدا ہوتا ہے اور بعض صورتون مین یہ تعریف لفظاً صحیح ہوتی ہے کیونکہ گانون کے کل رہنے والے ایک ہی جد اعلیٰ کی اولاد ہوتے ہین۔ ایسی صورت مین سارا گانون گویا ایک خاندان ہے۔ بعض صورتون مین گانون کے باشندے تین یا چار اجداد کی اولاد مین بن مین تھوڑے بہت بیرونی اشخاص شامل ہوگئے ہین۔ کبھی کبھی تو یہ جد اعلیٰ جس کی گانون والے اپنے کو اولاد بتاتے ہین محض فرضی ہوتا ہے لیکن فرضی ہو یا اصلی اس ہمجدی کا اثر مساوی ہے۔

اوپر کے حالتون مین سے کوئی بھی حالت ہو گانون مختلف گھرون مین تقسیم ہوجاتا ہے۔ ان کے رہنے والے الگ الگ ہین اور اُن کی کاشت کی زمین بھی علیحدہ ہے۔ کسی ایک گھر کا اثاث البیت جانور زراعت اور محنت کے آلات اور اس گھر کا حصہ گانون کے خراج مین یہ سب اوس گھر کے کل افراد یعنی باپ مان بچون کی ملک ہین۔ یہ گویا خاندان کی اجماعی ملکیت ہے۔ اسی طرح جتنی زمینات کسی گاؤن کی حدود مین واقع ہوئی ہین کل گانون کے باشندون کی ملک ہین۔ اور وہ ملک اُنہین جوتتے بوتتے ہین۔ اور اُن کے محاصل سے متمتع ہوتے ہین یہ گویا گانون کی اجماعی ملکیت ہین۔ جب فصل کاٹنا ختم ہوگیا اور غلے کے ڈھیر لگا دیئے گئے اور اُس مین سے ایک بڑا ڈھیر حکومت کے لئے علیحدہ کردیا گیا

تو گانون والے کے فرایض جو اُس کے وطن سے متعلق ہین ختم ہو گئے خاص کو دوسرے وطن کی ضرورت ہے نہ خواہش۔

جب حکومت اپنا شیر کا حصہ لے چکی تو پھر گانون کے کاربارون مین تقسیم ہوتی ہے۔ ایک معقول حصہ پٹواری کو جاتا ہے۔ ایک حصہ پرہن کو جاتا ہے۔ اور اسی طرح گرداور کو۔ پانی تقسیم کرنوالے کو جام کو کمہار کو بڑھئی کو لوہار کو۔ دھوبی کو۔ چمار کو۔ نجومی کو۔ حکیم کو اور بہاٹ اور ناچنے والیون کو حصے تقسیم ہوتے ہین۔ یہ کل کاربارى اور ان کے علاوہ اور بھی کیونکہ اِن کی تعداد گانون کی وسعت اور تمول پر موقوف ہے گانون کے خرچ سے رکھے جاتے ہین۔ اِن مین سے ہر ایک اپنے فرایض کے لحاظ سے ایک خاص ذات رکھتا ہے اور اُسی کے اندر وہ شادی کر سکتا ہے اور انہین کے ساتھ وہ کھا پی سکتا ہے۔ لیکن یہ مختلف ذاتین جو اِس قدر سخت اور ایک دوسرے کو علیحدہ کرنے والی ہین گانون والون مین کوئی رقابت نہین پیدا کرتین چونکہ اِن سب کا اعتقاد یہ ہے کہ یہ ایک ہی جد کی اولاد ہین اس لئے وہ ایک دوسرے کو بھائی سمجھتے ہین۔ اون کے آپس مین ایک قسم کی مساوات ہے اور وہ اشخاص بھی جو نیچے درجے کا کام کرتے ہین اپنی خدمات کے لحاظ سے اپنے ہموطنون کی نظرون مین ذلیل نہین ہوتے۔

جس وقت کاروباری اپنا حصہ پا چکے تو پھر غلہ گھرون مین جاتا ہے اور ہر ایک کا حصہ بہت ہی کم ہوجاتا ہے ہندو رعیت یعنی کاشتکار کو سخت خراج دینا پڑتا ہے۔ اور جو اِن سے سبکدوش ہوجائے اور اس کے بعد بھی اس کے پاس اسقدر بچ جائے کہ بال بچون کو پال لے اور آیندہ فصل کے لئے بیج رکھ لے تو وہ بڑا نصیب ور شخص ہے۔ بنگالے مین اگر کسی خاندان کو ڈھائی آنے یا تین آنے روز کے حساب سے بچ جائے تو وہ اپنے کو خوش قسمت سمجھتا ہے جن گانون مین یہ اجماعی ملکیت کا طریقہ جاری ہے وہان ہر ایک رعیت کو اِس امر کا اطمینان رہتا ہے کہ مصیبت کے وقت اُس کی گانون والے مدد کرین گے۔ اور قحط کے زمانے مین بشرطیکہ قحط عام نہون وہ تباہ نہوجاے گا۔ ہر ایک گانون کا حاکم ایک



(۱۳۲) پشپتی (نیپال) شہر کا منظر

شخص ہے جس کو سب ملکر حاکم قرار دیتے ہین۔ اُن کی تحت مین ایک مجلس ہے جس کے ارکان عموماً پانچ ہوا کرتے تھے اور اسی وجہ سے اُس کا نام پنچایت تھا لیکن اب ان ارکان کی تعداد زیادہ ہوگئی ہے اور اِن مین اکثر وہ کاروباری جن کا ذکر اوپر ہوا شامل ہین۔ یہ وہی انتظام اِس قدر قدیم ہے اور یہ ملک کے رسم ورواج مین اِس درجہ شامل ہوگیا ہے کہ اسے کوئی بادشاہ محض اپنے حکم سے بدل نہین سکتا تمام کل فاتحین جو وقتاً فوقتاً ہند پر حکومت کرتے رہے اِس انتظام کو قایم رکھتے رہے ہے۔ یہ انتظام غایت درجہ مفید بھی تھا۔ کیونکہ گاؤن کی مالگذاری وصول کرنے کی ذمہ واری گاؤن کے حاکم پر تھی اور وہ رعایا سے وصول کرکے خزانہ شاہی مین داخل کرتا تھا۔

یہ نہین کہا جاسکتا ہے کہ جس انتظام ہمنے اوپر بیان کیا ہے وہ ہند کے کُل گاؤن مین رائج ہے۔ ہند ایک ایسا ملک ہے جس مین بکثرت مختلف قسم کی اقوام بود و باش رکھتے ہین اور ان سب کے انتظامات یکسان نہین ہوسکتے۔ اصل یہ ہے کہ ہند مین ملکیت کی کُل صورتین اجماعی ملکیت سے لیکر ذاتی ملکیت تک موجود ہین۔

چونکہ ان مختلف ملکیتون کے اختلاف پر حصول مالگذاری کا طریقہ بھی موقوف ہے اِس لئے ہم اُن پانچ طریقون کو بیان کرین گے جو انگریزی حکومت نے ہند کے مختلف خطون کے وصول مالگذاری کے لئے قرار دئے ہین۔ انگریزون کے اصول مالگذاری بالکل وہی ہین جو مغلیہ بادشاہون کی تھی یعنے انہون نے کُل زمین کو بادشاہ کی ملک قرار دیا ہے اور اس لئے جو مالگذاری رعایا سے وصول کی جاتی ہے وہ اُس کرایہ زمین کی حیثیت رکھتی ہے جو کاشتکار زمیندار کو ادا کرتے ہین۔

بنگال مین کُل زمین اُن مالکون مین تقسیم ہے جن کو زمیندار کہتے ہین۔ یہ اپنی زمین کاشتکارون کو دیتے ہین اور ادائے مالگذاری کے لئے ذمہ دار ہین۔ اودھ مین بھی کم وبیش یہی طریقہ جاری ہے۔ فرق اسی قدر ہے کہ بنگال مین حکومت زمیندارون اور رعایا کے بیچ مین پڑکر رعایا کو ظلم سے بچاتی ہے لیکن

اودھ کی رعایا بالکل بے بس اور تعلقداروں کے ہاتھ مین ہے۔

اس طریقہ کی بہت بڑی وجہ یہ ہے کہ انگریزی حکومت نے انتظام مالگذاری کو اُسی حالت مین چھوڑا ہے جس مین اُنھون نے مغلیہ حکومت کے ختم ہونے پر اُس کو پایا۔ اُس وقت زمیندارون کے فرقے نے موقع پاکر بڑی بڑی جائدادین اپنے قبضہ مین کرلی تھین اور انگریزی حکومت نے انھین کو زمین کا مالک پایا اور اس خیال سے اونھین قایم رکھا کہ یہ ایک اُمرا اور جاگیرداروں کا طبقہ ہوجاوے گا جو خود حکومت کا بھی ساتھ دے گا اور رعایا کی حالت کو بھی درست کرے گا لیکن یہ خیال بالکل غلط نکلا۔ ہند کے کسی خطہ مین رعایا اس قدر تباہ اور بے پرواہ حالت مین نہین پائی جاتی جیسے بنگال اور اودھ مین یہان ان کی ساری محنت کا ثمرہ خود اُنھین نہین ملتا۔ بلکہ اُن کے بیرحم اور مغرور اور کاہل زمینداروں کو۔

پنجاب کی حالت بالکل علیحدہ ہے یہان وہ قدیم سادہ دیہی مجالس اسوقت تک موجود ہین حکومت ہر ایک گانون کے کدار سے مالگذاری کو وصول کرتی ہے اور گانون کے کاشتکار اپنی اپنی زمینون کے مالک اور خوشی خوشی زراعت کے کام مین مستعدی کے ساتھ مصروف ہین اور اپنی محنت کا ثمرہ پوری طرح حاصل کرتے ہین۔

ممالک متوسط اور مغربی ہند مین کچھ تو زمیندار ہین جو کاشتکارون سے مالگذاری وصول کرکے اپنا حق رکھنے کے بعد سرکار مین داخل کرتے ہین۔ اور کچھ چھوٹے مالگذار ہین جو بطور خود کاشت کرتے ہین اور براہ راست خزانہ شاہی مین مالگذاری دیتے ہین۔

دکن مین ہر ایک رعیت مالگذاری بطور خود ادا کرتا ہے اور بعد چند سال کے نیا قرارداد کیا جاتا ہے۔ اگرچہ دکن بمقابل ہندوستان کے ہرگز اُس قدر شاداب اور زرخیز ملک نہین ہے لیکن ہند کی کسی حصہ مین رعایا اس قدر خوشحال نہین ہے جیسے دکن مین یہان بھی گانون کی حکومت علیحدہ ہے اور زمین کی ملکیت اجماعی۔ مگر نہ اُس قسم کی جیسی کہ پنجاب مین۔ کہ ملکیت معین اوقات پر کاشتکارون مین تقسیم ہوجاتی ہے



(۱۳۳) کامندر جدید بنارس

ہرایک گھر کا قطع علیحدہ علیحدہ ہوتا ہے اور اُس کی سرسبزی گھر والون کی محنت پر موقوف ہے۔ مکدن خاندان اپنی زمین کو بلا اجازت پنچایت کے بیچ سکتا ہے جو کہ اصلی اجماعی ملکیت مین ناجایز سمجھا گیا ہے لیکن اس قسم کے انتقالی جائداد کا اثر گانون کے اندر ہی رہتا ہے اور گاؤن کے باشندے اپنے کو ایک ہی خاندان کے ارکان سمجھتے ہین۔

اصل یہ ہے کہ ہند مین کاشتکار کی تباہی کا باعث لگان کی سختی۔ اِس قدر نہین جس قدر اوسکے اور حکومت کے درمیان مین ثالث اشخاص کا واقع ہوتا ہے۔ یہ لوگ فی الواقع رعیت کے لئے وبال جان ہین۔ جہان کہین رعیت بلا واسطہ حکومت کو خراج دیتی ہے خاص ذاتی طور پر یا اجماعی طور پر وہ ہمیشہ مستعد اور خوشحال اور باوجود مفلسی کے آسودہ ہے۔ یہ وہ چیز ہے جو فوراً سیاح کے سامنے آتی ہے اور اطمینان بخش ہوتی ہے جبکہ وہ پنجاب یا دکن کے گانؤن مین سے گذرتا ہے۔ اور مندرون اور درختون کی کثرت اور راستون کے کنارے جابجا پرستش گاہون کا ہونا۔ گاؤن کے باشندون کے خوش اعتقادی اور مذہبی پابندی کا ثبوت دیتا ہے۔ گاؤن کا پنچایت گھر جو صرف ایک سادی چھت کی عمارت ستونون پر قایم ہے اِس بات کو دکھاتی ہے کہ یہان اطاعت کے ساتھ ہی ساتھ دیہی آزادی تین ہزار سال سے چلی آتی ہے۔ یہان کے تنگ اور لمبے راستون مین جن کے گھرون کی دیوارین عجیب وغریب قسم کی منقش لکڑیون کی بنی ہوئی ہین۔ گاؤن کے رہنے والے خوش وخرم سادہ اور بے ضرر مسافر کے آس پاس بے دھڑک طور پر لیکن بلا کسی بُرے ارادہ کے جمع ہوجاتے ہین۔ ان کے جسمون پر کپڑے بہت کم ہین لیکن چمکتے ہوئے زیورون سے آراستہ ہین۔ اُڑیسہ کے مظلوم خطہ مین اور نیز گنگا کے زرخیز گہاٹی مین حالت بالکل ہی علیحدہ ہے یہان کی خلقت ایک سیر حاصل زمین کو راتدن کی محنت سے کاشت کرتی ہے۔ اور اِس مین سے وہ بے بہا دولت نکالتی ہے جس مین خود اُسکا حصہ کچھ نہین ہے۔

فصل دوم - ہندو خاندان عورتون کیحالت ہندمین

اگر ہمین ہندو معاشرت کا مطالعہ کرنا ہے تو سب سے پہلے خاندان کی حالت دیکھنی چاہیئے - ہم دیکھ چکے ہین کہ ہندمین وہی جماعتون کا دارومدار خاندانون پر ہے - اور حکومت ملک انہین وہی جماعتون کے مٹنے سے پیدا ہوئی ہے ایک کامل وہی جماعت سے مراد اجماعی خاندان ہے - اس اجماعی خاندان مین کوئی شخص کسی چیز کا مالک بطور خاص نہین ہے - کل جائداد منقولہ وغیر منقولہ اجماعی ملک ہے - اور کوئی رکن خاندان اُس کو بلا اجازت کل ارکان خاندان کے علیحدہ نہین کرسکتا - خاندان کا بزرگ جائداد کا انتظام کرتا ہے اور اُس کی حکومت خاندان پر پوری ہے اُس کے مرنے کے بعد بڑا بیٹا جانشین ہوتا ہے - اور جائداد مطلق تقسیم نہین ہوتی - خاندان کے کل ارکان اسی طرح اُس کی اطاعت کرتے ہین - جیسے اُس کے باپ کی کرتے تھے - چند پشتون کے بعد یہ خاندان ایک خان وادہ ہوجاتا ہے جسکا رئیس ہمیشہ خاندان کی ایک شاخ کا سب سے بڑا عہدہ ہے - البتہ ایسا کم اتفاق ہوتا ہے کہ خاندان کے بڑھنے کے بعد ایسے اسباب پیدا نہ ہوجائین جو جائداد کے تقسیم کے باعث ہون - اس کا ذکر ہم اُس مقام پر کرچکے ہین جہان راجپوتون کے خان وادون سے بحث کی گئی ہے اور نیز ملکیت کے بیان مین ہم نے وہ صورتین دکھائی ہین جہان باپ کے مرنے کے بعد جائداد اولاد مین تقسیم ہوگئی ہے - اس زمانے مین ایسی تقسیم کی صورتین بہتی جاتی ہین اور ہندو معاشرت مین شخصی ملکیت کو اجماعی اور خاندانی ملکیت پر ترجیح دینے کیطرف رجحان پیدا ہوجاتا ہے اگرچہ یہ زیادہ محسوس نہین ہے -

ان عام خیالات کو ظاہر کرنے کے بعد اب ہم خاص خاندان کی طرف متوجہ ہونگے یعنی باپ اور اولاد - ہندمین باپ کی حکومت ویسے ہی قطعی اور مطلق ہے جیسے روم مین تھی اگر اس حکومت مین

(۱۳۴) بنارس کے ایک جدید طرز کے مندر کا سامنا



جان لے لینے کا اختیار شامل نہین ہے تو اس کا باعث یہی ہے کہ بمقابل روحی کے ہندو بہت زیادہ نرم اور نیک مزاج ہین۔ زوجہ اپنے شوہر کو بالکل اپنا مالک اور دیوتاؤن کا اپنا قایم مقام سمجھتی ہے۔ وہ شوہر کا اعزاز اس درجہ کرتی ہے کہ اس کا نام تک زبان پر نہین لاتی۔ جس وقت اُس کی شادی ہوتی ہے تو وہ اپنے شوہر کے نام کو سکوت یا استعارے سے تعبیر کرتی ہے اور جب اُس کی اولاد ہوئی تو شوہر اولاد کلان کے باپ کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

اگرچہ شوہر کی حکومت ظالمانہ ہے اور یہ شوہر بھی عورت کی ذاتی پسند کا نہین بلکہ بچپن سے دوسرون کا مقرر کیا ہوا ہے تاہم زن و شوہر کے تعلقات کسی طرح سخت نہین معلوم ہوتے آپس مین ان دونون کے نہایت درجہ کی محبت ہوتی ہے اور اگر بظاہر دوسرون کے دکھانے کے لئے شوہر اپنی زوجہ کے ساتھ بے اعتنائی سے پیش بھی آئے تو وہ علیحدگی مین اُس کے ساتھ بہت عمدہ برتاؤ کرتا ہے۔ اور ہر طرح اُس کا مطیع رہتا ہے بہت کم ایسا ہوتا کہ شوہر زوجہ کو مارے یا اوس کے ساتھ بُرا سلوک کرے۔

ہندو عورت بالکل جاہل ہوتی ہے اور ایسا خیال کیا جاتا ہے کہ اُس کا جاہل ہی رہنا بہتر ہے ورنہ اُس کی عزت مین فرق آئے گا۔ تعلیم پانا گویا مرد کی برابری کرنا اور ارباب نشاط کی تقلید ہے۔ اسی وجہ سے ہند مین عورتون کی ترقی کے لئے جو کوششین سرکار کی طرف سے کی جاتی ہین اون کی سخت مخالفت ہوتی ہے

بچون کی منگنی گہوارے ہی مین ہو جاتی ہے۔ اور عموماً بارہوین یا تیرہوین برس مین لڑکیان بیاہ دی جاتی ہین۔ ہندو عورت کے لئے شادی کے سوا کوئی دوسری زندگی نہین ہے پیدا ہونے کے ساتھ ہی ماں باپ اُسکے لئے شوہر تجویز کر دیتے ہین جو اُس کی قسمت مالک ہوگا۔ اب گویا وہ اس شخص کی ملک ہوگئی اور خواہ وہ شوہر بدشکل ہو۔ ظالم ہو۔ بیرحم ہو۔ اس بے چاری عورت کی شادی اُسی کے ساتھ ہوگی۔ اور اگر نہ ہوئی تو وہ کہین کی نہ رہے گی۔ کیونکہ بن بیاہی عورتون اور بیواؤن کا ہندو معاشرت مین مطلق کوئی حصہ نہین ہے

اور بیواؤن مین بہت سی ایسی کنواری لڑکیان شامل ہین جن کے منگنے ہوئے شوہر اُن کے بچپن ہی مین مر گئے ہین۔ لڑکی کے لئے اِس سے زیادہ کوئی بدنصیبی نہین ہوسکتی اور اُسکا درجہ پاریون سے بھی گھٹ جاتا ہے۔ مسٹر لاباری لکھتے ہین "ہندو کا مزاج اُس کی زندہ کیلئے ایک ایسی مصیبت ہے جو ہر روز بڑھتی جاتی ہے۔ وہ کبھی سر نہین اوٹھا سکتی اور مرنے دم تک یہ مصیبت اوسکے ساتھ رہتی ہے اُس کا شمار انسانون مین نہین رہتا اوسکی نظر منحوس سمجھی جاتی ہے اور جس چیز کو وہ ہاتھ لگاتی ہے نجس ہوجاتی ہے۔ ذلیل اور خوار زندگی اس کو وبال ہوجاتی ہے اُسے کوئی چارہ نہین ہوتا کہ وہ اپنے خیال کو ناپاک کرے یا ایک مصیبت اور تنہائی کی زندگی بسر کرے۔ یہ حالت لاولد بیواؤن کی ہے۔ جو بیوائین صاحب اولاد ہین وہ ذات کی سختیون سے کسی قدر محفوظ تو ہین"۔

اب سمجھ مین آئیگا کہ ہندو عورت کی محبت اور جان نثاری شوہر کے ساتھ کس درجہ پر ہے اور چونکہ یہ رسم صدیون سے چلی آتی ہے جان نثاری اُسکی فطرت کا جزو ہوگئی ہے یہی اسباب ہین جن سے ستی کی رسم قایم ہوئی اور قایم رہی اور جس رسم کی رو سے بیوائین اپنے شوہرون کے ساتھ جلنے پر مجبور ہین جسوقت اُس اعلیٰ اور عیش کی زندگی کا جو بیوہ کو عالم بالا مین اپنے شوہرون کیساتھ نصیب ہوگا اُس مصیبت اور ذلت کی زندگی سے مقابلہ کیا جاوے جو اُسے اِس عالم مین کاٹنی پڑیگی تو بخوبی سمجھ مین آتا ہے کہ بیچاری بیوہ نہایت نہایت آمادگی اور جوش کے ساتھ اِس طرح جان دینے پر راضی ہوجاتی تھی کہ اُسکے گرد ایک مجمع ہوتا تھا جو عین پڑھتا ہوا اوگاتا ہوا اور شاباش اور مرحبا کے نعرون سے رخصت کرتا تھا۔ جب حکومت انگریزی نے ستی کی رسم کو موقوف کیا تو اِس ممانعت کی مخالفت عورتون کی طرف سے ہوئی اور ایک مدت تک وہ خفیہ طور پر اپنی جانین دیتی رہین۔ باوجود جنگ بہادر کی کوششون کے عورتون ہی کی ممانعت نے اس رسم کو نیپال مین موقوف نہین ہونے دیا۔

مذہبی اعتقادات جو صدیون سے جاہل اقوام کی فطرتون مین مستحکم ہوگئے ہین اور وہ مصیبت جسکا

(۱۳۵) امرتسر کا گوردوارہ اور مقدس تالاب



سامنا ملک کی رسم کی وجہ سے ہر بیوہ کو کرنا پڑتا ہے ستی کے اصلی اسباب ہین۔ مذہب ہی وہ چیز ہے جو انسان سے اس قسم کے معجزے کراتا ہے۔ نہ صرف ہندو عورتین ہی بلکہ ہر زمانہ کے شہدا محض قوت اعتقاد سے جلتی ہوئی آگ مین اس امید سے کود پڑے ہین کہ اوسکے آگے جنت کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔

یہ نہین پتہ لگتا کہ ستی کی رسم کس زمانے سے جاری ہے منوشاستر مین اوسکا ذکر مطلق نہین ہے اور نہ وید مین ہے۔ اگرچہ پہت دنون بعد برہمنون نے وید کی ایک رچا کے غلط معنی لگاکر اس رسم کی قدامت ثابت کی ہے۔ ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ رسم سنہ عیسوی کے ماقبل کی ہے کیونکہ یونانی مصنفون نے تین سو سال قبل مسیح اسکا ذکر کیا ہے۔ ستی کی رسم ہند سے بالکل اوٹھ گئی ہے اور صرف نیپال مین باقی ہے اگرچہ بمشکل کہا جاسکتا ہے کہ عورتون کو اس کے اٹھ جانے سے کوئی فائدہ ہوا کیونکہ بیواؤن کی حالت جیسا ہم اوپر بیان کرچکے ہین نہایت ہی دردناک ہے اور ان مین سے بعض جنھون نے نکاح ثانی کی ظاہری رسوائی کو گوارا کیا ہے نہایت بُری خیال کیجاتی ہیں۔

ہندو مذہب مین تعدد ازدواج جایز تھا اور مسلمانون کی حکومت سے اس مین اور بھی ترقی کی اور عورتون کو بند رکھنے کی رسم بھی اوّلاً اعلیٰ طبقات مین اسی زمانہ سے قایم ہوئی۔ تعدد ازدواج کی رسم زیادہ تر خوشحال لوگون مین ہے اور نیچے کے طبقات مین عموماً ایک ہی بی بی ہوتی ہے۔ علاوہ ایسی صورتون کے جبکہ شوہر کا اہل یا طماع ہو اسوقت یہ زاید بیبیان مزدوری کرکے خاندان کے لئے ازدواجہ پیدا کرتی ہین لیکن اس قسم کی عورتین زیادہ تر نیچے درجہ کی ہین اور ان کے لئے بڑے فخر کی بات ہے کہ وہ صاحب شوہر ہین۔ کثرت ازواج کی رسم کا ایک نتیجہ یہ بھی ہے کہ بچے ماں کے نام سے پکارے جاتے ہین۔ یہ طریقہ جو کل کثیر البعول اقوام مین موجود ہے ہند مین بہت ہی قدیم طریقہ ہے اور کسی زمانہ مین عام تھا۔

جبتک عورت صاحب اولاد نہو اُسے کوئی نہین پوچھتا لیکن اولاد ہونے کے بعد اُس کی عزت خاندان مین بڑھ جاتی ہے۔ اگرچہ وہ بیوہ بھی ہوجائے بچون کی محبت ماں کے ساتھ اور ماں کا اعزاز بے حد ہوا کرتا ہے

جب مان بڑھی ہو جاتی ہے تو پوتے پروتے اوسکے گرد جمع ہو جاتے ہین اور وہ اُن پر پوری حکومت کرتی ہے۔

ہندو کے خاندانون کی زندگی کو صحیح طور پر سمجھنے کے لئے ہمین یاد رکھنا چاہیئے کہ خاندان سے مراد صرف وہی ارکان نہین ہین جو موجود ہین بلکہ کل آباؤ اجداد جو گذر چکے اور کل اولاد آفاد جو آگے چلکر پیدا ہون گے خاندان مین شامل ہین۔ ہر ایک رسم کے وقت یہ کل روحانی طور پر موجود ہین اور ان کے نام کی نیاز دیجاتی ہے۔ خوشی کی تقریبون کے وقت حاضرین کو یہ بات محسوس ہوتی ہے کہ اُن پُرانے آریون کی ارواح شریک جلسہ ہین اور وہ ان کی تعظیم کرتے ہین اور اُس کے ساتھ ہی ان آئندہ نسلون کو جو بعد آئین گی مبارکباد دیتے ہین۔ پس گویا ہر ایک خوشی اور غمی مین خاندان کے جملہ اسلاف موجودہ افراد اور جملہ اخلاف کا سلسلہ پورا ہو جاتا ہے۔

فصل سوم۔ ذات

تقریباً دو ہزار سال سے ہند کی کل معاشرتی نظامات کا بنیادی پتھر ذات ہے۔ چونکہ یہ رسم بے انتہا پُر اثر ہے اور اس کے متعلق کیا یورپ مین اور کیا ہندوستان کی اُن آباویون مین جو یورپین کی ماتحت ہین ایسے غلط خیالات شایع ہو گئے ہین اِس لئے خالی از نفع نہ ہوگا اگر ہم یہان ذات کی ابتدا اُس کی اشاعت اور نتائج سے ہر ایک مختصر بحث کرین۔ وہ رسم جن کے نتائج مین سے ایک نتیجہ یہ ہے کہ چند یورپی قیس کروڑ مخلوق پر حکومت کر رہے ہین البتہ اِس لایق ہے کہ سیاح اور مورخ اُسپر پورا غور کرے۔

اس مین شک نہین کہ ذات کی جڑ وہ قانون قدرت ہے جس سے انسان کو مطلق مفر نہین۔ جس وقت آریہ جو کہ ایک سفید فام قوم تھے ہند کے ملک مین آئے تو اُنھون نے یہان علاوہ گذشتہ فاتحین اقوام کے جو تورانی الاصل تھے ایک بالکل سیاہ فام اور تقریباً وحشی قوم یہان بسی ہوئی پائی۔ یہ آریہ کچھ تو پیشہ چراتے تھے اور کچھ خانہ داری کے اشغال مین مصروف تھے۔ اور اِن کا ہمیشہ ایک حاکم ہوا کرتا تھا جو البتہ اِن کے

پوجاریون کا ماتحت تھا کیونکہ اس پوجاری کے ذریعہ سے وہ دیوتاؤن کی حمایت مین رہتے تھے پس گویا ان آریون کے اشغال تین قسم کے تھے جن کو تین مختلف گروہ عمل مین لاتے تھے یعنی برہمن جو کہ پوجاری تھے کھتری جو لڑنے والا فرقہ تھا۔ اور ویش جو محنت مزدوری اور حرفت مین مصروف تھا۔ اس تیسرے گروہ مین جیسا ہم اوپر دیکھ چکے ہین وہ فاتح اقوام تھین جو آریون سے پہلے آچکی تھین یہ تینون تقسیمین ہمارے یورپ کے قدیم تقسیمون یعنی پادری امرا اور عوام الناس سے مشابہ ہین ہند کی تینون اعلیٰ تقسیمون سے مترکب ایک گروہ ملک کے اصلی باشندون کا تھا جن کو شودر کا نام دے دیا گیا اور کل مردم شماری مین ان کی تعداد تین چوتھائی تھی۔

تجربہ سے بہت جلد ثابت ہوگیا کہ اعلیٰ اقوام اور نیچے کی اقوام کے باہمی میل سے نہایت بُرے نتائج پیدا ہوتے ہین اور اس قسم کے میل کو روکنے کے لئے سخت مذہبی احکام جاری کئے گئے۔ منو کہتے ہین کہ وہ ملک جہان ملی جلی اقوام پیدا ہون بہت جلد معہ اپنے باشندون کے تباہ اور برباد ہوجاتا ہے۔ اس مین شک نہین کہ منو کی یہ رائے نہایت سخت ہے لیکن اس کے ساتھ ہی نہایت صحیح بھی ہے۔ تاریخ عالم مین جتنی اعلیٰ درجہ کی اقوام ادنیٰ اقوام سے ملی ہین وہ یا تو ذلیل ہوگئی ہین۔ یا ادنیٰ قوم مین مرمٹی ہین۔ جنوبی امریکہ مین اسپینی قوم اور جنوب ہند مین پرتگیزی قوم اس قول کی دلیل ہین۔ وہ قدیم بہادر اور ملک گیر پرتگیز جنہون نے ہند کے ایک حصہ کو فتح کرلیا تھا آج ان کی اولاد بجز خدمتگاری کے اور کسی لایق نہ رہی۔ اور اس نے اپنے آباؤ اجداد کے نام کو ذلیل و خوار کردیا۔

اس طبعی اصول کی بنا پر منو کے قانون مین جو صدیون سے ہند کا قانون ہے اور جسکا دارومدار مثل اور قوانین کے گذشتہ تجربہ پر ہے اس امر کی کوشش کی گئی ہے کہ اعلیٰ طبقات کی نسل خالص رہے اور اس وجہ سے اوپر کی ذات کو نیچے کی ذات اور علی الخصوص شودر سے میل پیدا کرنے کیلئے سخت سزائین تجویز کی گئی تھین۔ باوجود ان ممانعات کے فطرت ایک ایسی شے ہے جو ہمیشہ قانون پر غالب آجاتی ہے۔

عورت کسی درجہ کی کیون نہ ہو حسن و جمال رکھتی ہے اور اس وجہ سے باوجود مذہبی ممانعت کے نیچے کی ذاتون اور اوپر کی ذاتون مین بے انتہا میل و قوع مین آیا۔ اور ہندوستان کے سفر مین یہ میل یگانہ اول محسوس ہوتا ہے ایسے سفید فام اشخاص بہت کم ہین جن کی نسبت یہ خیال جاسکے کہ وہ خالص النسل ہین۔ ذات کے واسطے جو لفظ اصل سنسکرت مین ہے اُس کے معنی رنگ کے ہین۔ لیکن اگر ذات کے قایم کرنے والے محض علی الاصول پر رنگ کو بلا لاتیاز قرار دیتے تو ذات ہرگز قایم نہ رہتی۔ اور فی الواقع وہ اصلی تقسیم جو پیشون کی بنا پر کیگئی تھی اور جس کا نام ذات رکھا گیا تھا اب بالکل باقی نہین رہی۔ اُس کی جگہ بے انتہا اور تفریقین قایم ہوگئی ہین جو قومیت پر مبنی نہین ہین۔ صرف ایک برہمن رہ گیا ہے جو اصلی حالت پر باقی ہے اور جسمین بہت کم میل ہوا ہے۔

اُن نئے اسباب مین جن کی وجہ سے ذات کی تفریقین قایم ہین وراثت کو بہت بڑا دخل ہے ہندو مین کل صلاحیتین ارث کے ذریعہ سے پیدا ہوئی ہین اور عام طور پر بیٹا باپ ہی کا پیشہ کرتا ہے۔ چونکہ پیشون اور حرفتون مین قابلیت پیدا ہونے کیلئے وراثت کو بہت بڑا دخل ہے اس لئے ہر ایک پیشہ بھی بجائے خود ایک مستقل ذات بن گیا ہے۔ اور اس طرح ہندوستان مین ہزارہا ذاتین قایم ہوگئی ہین۔ جب کوئی نیا پیشہ نکلتا ہے تو اُس کے ساتھ ہی ساتھ ایک نئی ذات قایم ہوجاتی ہے۔ وہ یوروپی جو ہند مین رہتے ہین اِن ذاتون کی کثرت کو اس طرح محسوس کرتے ہین کہ اُنھین ہر ایک کام کیلئے ایک علیحدہ نوکر رکھنا پڑتا ہے

ذات قایم ہونے کے دونون اسباب مین جو اوپر بیان ہوئے ہین یعنی اولاً قومی تفریق جو نہایت ضعیف ہوگئی ہے اور پیشہ کی تفریق جو اب تک نہایت قوی ہے ایک تیسرا سبب اور بھی شامل ہوگیا ہے یعنی سیاسی خدمات اور اختلاف مذہب یا سیاسی خدمات سے جو فرق پیدا ہوا ہے اوس کو پیشون مین شامل کیا جاسکتا ہے لیکن البتہ مذہبی اختلاف ذاتون کے قایم کرنے مین بجائے خود ایک علیحدہ سبب ہے۔ کتابون کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہند کے تمام ملک مین دو یا تین مذہب ہین لیکن ملاً اِن کی تعداد



(۱۳۷) کلکتہ کا ایک جدید پگوڈا

ہزارون تک پہونچتی ہے۔ نئے دیوتا جو پرانے دیوتاؤن کے اوتار سمجھے جاتے ہین روز پیدا ہوتے اور روز مرتے ہین۔ اوران کے پیروؤن کی ایک نئی ذات قایم ہوجاتی ہے۔ اسی قدر سخت اور قواعد کی پابند ہے جیسی اور ذاتین۔

ذات کے مفہوم مین دو چیزین ہین جو ہر ایک ذات کو دوسری سے علیحدہ کرتی ہے۔ اول یہ کہ ایک ہی ذات کے اشخاص آپس مین ملکر کھانا کھا سکتے ہین اور ثانیاً ایک ہی ذات کے اشخاص آپس مین شادی بیاہ کرسکتے ہین۔ یہ دونون ایسے مضبوط اصول ہین کہ ان مین کسی طرح جنبش نہین ہوتی۔ ہند مین ہزارہا برہمن ایسی چھوٹی چھوٹی خدمتون پر معمور ہین جن کی تنخواہ بیس روپیہ سے زیادہ نہین اور ہزارہا ایسے ہین کہ جن کا پیشہ گدائی ہے تاہم کوئی برہمن کیسا ہی مفلوک اور مصیبت زدہ ہو وہ جان دینا قبول کرے گا لیکن وسیرائے ہند کی میز پر کھانا کھانا قبول نہ کرے گا۔ بڑے سے بڑا راجہ جو نیچی ذات کا ہے (کیونکہ ایسے راجہ کثرت سے ہین جو شمل مہاراجہ گوالیار کے شودر ذات کے ہین) برہمن کو دیکھکر ہاتھی سے اُتر پڑے گا اور ڈنڈوت کریگا۔

برہمن کا درجہ ویسا ہی موروثی ہے جیسا یورپ مین امارت کا درجہ۔ یہ نہین خیال کرنا چاہیے کہ برہمن کے معنی صرف پوجاری کے ہین کیونکہ اکثر برہمن پوجاری ہوتے ہین۔ دراصل برہمن ویسا ہی پیدائشی برہمن ہے جیسا یورپ مین ڈیوک پیدائشی ہے۔ اس کا درجہ جو اب کم ہوگیا ہے کسی وقت مین ایسا اعلیٰ تھا کہ بادشاہ کو جرأت نہ تھی کہ برہمن کی بیٹی سے شادی کرے۔ شکنتلا کے ناٹک مین جس کو مشہور شاعر کالیداس نے پانچوین صدی عیسوی مین تصنیف کیا۔ ہستناپور کے راجہ دشمنیت نے جس وقت شکنتلا کو دیکھا تو اُسے بھی تردد پیدا ہوا کہ کہین یہ برہمن کی لڑکی نہ ہو کیونکہ ایسی صورت مین راجہ اس سے شادی نہ کرسکتا تھا۔

انگریزی حکومت نے ذات کے قواعد کی کوئی باضابطہ منظوری نہین دی ہے لیکن یہ قواعد اس درجہ قوم مین سرایت کرگئے ہین کہ ان کو منظوری کی مطلق حاجت نہین یہ ہندوؤن کے فطرت کا ایک جزو لاینفک ہوگئے ہین جو پیدائش سے ہر فرد مین موجود ہوتے ہین اور کوئی ان کی مخالفت نہین کرسکتا ہندو کے

نزدیک ذات کے کھونے سے مرنا بہتر ہے جبوقت حکومت انگریزی نے جنرل گارڈن کی شکست کے وقت ہندی فوج کو سوڈان بھیجنا چاہا تو سب سے مشکل یہی مسئلہ تھا کہ وہ کونسا انتظام ہوگا جس سے ہر ذات کا آدمی اپنا کھانا علیحدہ پکا سکے۔ اُس وقت مصنف ہندوستان مین سفر کر رہا تھا اور اخبارات اس مباحثہ سے بھرے ہوئے تھے۔ فی الواقع ذات ایسی ہی اہم چیز ہے اور اسکا لحاظ نہ کرنے سے شدید نتائج کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ۱۸۵۷ء کے بلوہ کا ایک بڑا سبب یہ تھا کہ ہندی فوج کے سپاہیون مین یہ خیال پیدا ہوگیا تھا کہ کارتوسون کو دانت سے کاٹنے مین اُنکی ذات چلی جائے گی۔

یہ تو ذات سے خارج ہونے کے بہت سے اسباب مین جن کو بخوف طوالت ہم بیان نہین کر سکتے لیکن بہت ہی قوی سبب دوسرے کے ہاتھ سے کسی چیز کا کھا لینا یا پی لینا ہے خواہ وہ صرف ایک گلاس آب کیون نہ ہو۔ ہندو کیلئے سب سے بڑی مصیبت ذات کا جانا ہے جس طرح ازمنہ متوسطہ مین کسی یوروپی کیلئے مذہب سے خارج ہونا تھا یا اس زمانہ مین کسی شدید اخلاقی گناہ کی پاداش مین معاشرت سے نکال دیا جانا ایک بڑی مصیبت سمجھی جاتی ہے اُسی طرح ہندو کیلئے ذات سے خارج ہونا ایک مصیبت عظمیٰ ہے اس خارج الذات سے ہر شخص نفرت کرتا ہے۔ اور اُس سے کسی قسم کا تعلق نہین رکھتا اور وہ اسقدر ذلیل و خوار ہوجاتا ہے کہ اُسے بجز نہایت ادنی کام کرنیکے اور کوئی چارہ نہین ہوتا۔

اب ہم اُن معاشرتی اور سیاسی نتایج پر غور کرینگے جو ذات کی سخت رسم سے پیدا ہوئے ہین۔

ہندو کیلئے اگر کوئی اتحاد پیدا کرنے والا ذریعہ ہے تو وہ ذات ہے ذات کے دائرہ سے باہر کوئی دنیا ہی نہین ہے دوسری ذاتون کے اشخاص سے ہندو اُسی قدر علیحدہ اور غیر مانوس ہے جیسا یورپ کی مختلف اقوام آپس مین علیحدہ ہین۔ فرق یہی ہے کہ یورپ کی اقوام آپس مین شادی بیاہ کر سکتے ہین لیکن ہندو ذاتون مین اس قسم کا میل ذات سے باہر محالات سے ہے۔ پس گویا ہر ایک گاؤن مین جتنی ذاتین ہین اُسی قدر علیحدہ علیحدہ گروہ ہین۔ ایسی حالت مین ہندوؤن کے کسی بادشاہ کے مقابل مین باہمی اتحاد پیدا کرنا



بدھ زمانہ کا طلائی صندوقچہ

امر محال ہے۔ انگریزون نے اس امر کو محسوس کر لیا ہے اور اب اونہون نے برخلاف سابق کے اپنی فوج کے ہر ایک پلٹن اور رسالہ مین مختلف ذات کے اشخاص شامل کئے ہین تاکہ اُن مین کسی قسم کا اتحاد پیدا نہو سکے۔ محض ذات کا اختلاف اس امر کیلئے کافی ہے کہ یہ لوگ یکجائی طور پر کام نہ کر سکین۔

یہی ذات کی رسم ہے جس کی وجہ سے وہ عجیب و غریب واقعہ ہماری سمجھ مین آجاتا ہے کہ اس ملک مین تیس کروڑ خلقت کیونکر ساٹھ ستر ہزار غیر ملک کے حکام کی تابع فرمان ہے۔ اگرچہ وہ اُن حکام سے دل مین راضی نہین ہے۔ ہندوؤن کی ذات ہی وہ چیز ہے جس نے اونہین آج تک باہم اتحاد پیدا کرنے اور ملکر کسی کام کرنے یعنی ایک قوم بننے سے روکا ہے۔ اِن ہزارہا ذاتون کے ساتھ جب ہم اختلاف اقوام کو بھی ملا لین تو ہمین معلوم ہو جائے گا کہ ہندوستان پر حکومت کرنے کیلئے صرف اسقدر کافی ہے کہ اِن مختلف اقوام اور مختلف ذاتون کی باہمی رقابت قایم رکھی جائے تاکہ ایک کی کوششین دوسرون کی کوششون کو باطل کر دین۔ ظاہر ہے کہ اتنی مختلف اقوام مین کیونکر اغراض کا اتحاد پیدا ہو سکتا ہے اور جب تک حکام وقت اِن کی قدیم نظامات کو قایم رکھین تو اُنھین اس سے کیا غرض ہے کہ کون اُن پر حکومت کرتا ہے۔ ہندو کا ایک اصلی وطن اُس کی ذات ہے اس کے سوا اس کا کوئی دوسرا وطن نہین جس سرزمین مین وہ رہتا ہے یہ فی الواقع اُس کیلئے وطن کی حیثیت نہین رکھتی اور باہمی اتحاد کی اُمنگ کبھی اُس کے دل مین نہین اُٹھتی ہے۔ اس ذات کی رسم کو انگریزی حکومت نے نہایت ہی اہتمام کے ساتھ قایم رکھا ہے۔ کیونکہ وہ جانتے ہین کہ یہی اُن کی حکومت کی مستحکم بنیاد ہے۔ اُنھون نے ایسا نہین کیا جیسا ہم فرانسیسی اپنی ٹوٹی پھوٹی پونڈچری کی حکومت مین ذات کو اُکھاڑنے کی کوششین کر رہے ہین۔ سفر ہندوستان کے اوائل مین جس وقت مین ہندوؤن کے طرز خیال سے واقف نہ تھا۔ مجھے ایک نیچی ذات کے ہندو صاحب سے گفتگو کا موقع ہوا اور مین نے اُنھین جمہوری حکومت کے فوائد بتا رہا تھا اور یہ دکھا رہا تھا کہ ایسے ملک مین رہنا کیا عمدہ بات ہے جہان ہر شخص مساوات کا درجہ رکھتا ہے۔ اور ایک مزدور بھی اعلیٰ مراتب پر پہونچ سکتا ہے

اِن صاحب نے میری تقریر سُن کر بعد تھوڑے سے تامل کے سر ہلا کر یہ فرمایا کہ وہ ملک جس مین ذات کا تفرقہ نہو اور بھلے آدمی اور نیچ لوگ برابر ہون نہایت ہی بدنصیب ملک ہوگا۔ ایک فرانسیسی کیلئے اِس امر کا باور کرنا ذرا مشکل ہے کہ وہ نظامات جو خود اُس کے ملک مین جاری ہین اور جن کو وہ نہایت مفید اور بکار آمد سمجھتا ہے ایک دوسرے ملک کے اشخاص کی نظرون مین نہایت ہی نفرت انگیز اور بیکار ہین۔ انسان کے تنفس کے لئے ہوا ضروریات سے ہے اور بلا اوسکے اُس کی زندگی نہین ہوسکتی۔ لیکن ہمپیون پر اِس امر کو ثابت کرنا کہ ہوا اُن کیلئے بھی مفید ہے کسی قدر مشکل ہے۔

ذات کی رسم ہندوستان مین اِس درجہ مستحکم ہے اور سالہاے دراز کی عادت نے اُسے اتنا مضبوط کردیا ہے کہ فاتح اقوام بھی اِس بلا مین مبتلا ہوگئی ہین۔ اگرچہ اسلام کے مذہب مین پوری مساوات ہے لیکن مسلمانون مین بھی ذات کا اثر کم و بیش آگیا انگریزون نے تو اِس رسم کو اِس حد تک پہونچا دیا ہے کہ کوئی شخص بلا ہندوستان آئے ہوئے اسکا اندازہ نہین کرسکتا۔ اِس مین شک نہین کہ اِن مین ذات کی وہ سختیان تو نہین ہین جو ہندو قانون مین درج ہین لیکن انگریزی معاشرت سے باہر کے لوگ اسی درجہ خارج ہین جیسا ایک ذات سے دوسری ذات والا۔ ذات والون کی طرح سے انگریز بھی غیر کے ساتھ نہ کھاتے پیتے ہین اور نہ شادی بیاہ کرتے ہین۔ وہ زمانہ جب کہ انگریز دیسی بیبیان کرلیتے تھے بہت دور پڑگیا ہے۔ اِسوقت اگر کوئی انگریز اتفاق سے کسی ہندو عورت سے شادی کرلے تو وہ انگریزی معاشرت سے خارج کردیا جاتا ہے۔ اور ہر ایک انگریز کا دروازہ اُس کے لئے بند ہوجاتا ہے۔ یہان تک کہ ایک ادنیٰ انگریز سپاہی بھی ایسی عورت سے شادی کرنے کو بیعزتی سمجھتا ہے۔ ہند کے زمانہ سفر مین مین نے ایکدن بنارس مین ایک کرنیل صاحب سے پوچھا کہ آپ اپنے سپاہیون کو ہندو عورتون سے شادی کرنے کی اجازت دیتے ہین اُنھون نے جواب دیا کہ بیشک مین اُنہین روک تو نہین سکتا کیونکہ قانون ایسے تعلق کا مانع نہین ہے لیکن مجھے یقین کامل ہے کہ میرے سپاہی ہرگز مجھسے ایسی اجازت نہین طلب کرین گے۔



(۱۳۸) حیدرآباد دکن کی صراحی دھات کی بنی ہوئی اور جیجر

یہ فاتح قوم کی علیحدہ گی مفتوح قوم سے جواب ہم دیکھتے ہین تھوڑے زمانہ کی ہے یعنی جب سے یورپ اور ہند مین آمد و رفت کے ذرائع آسان ہو گئے اِس زمانہ سے پہلے دونون اقوام مین شادی کا ہونا زیادہ غیر معمولی امر نہ تھا لیکن اِن شادیون کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک ممزوج قوم جس کو یوریشین کہتے ہین پیدا ہو گئی جن مین ہند کے کُل عیوب موجود ہین اور اِس کے ساتھ ہی انگریزون کے اوصاف سے بھی معرا ہین۔ یہ ایک قوم ہے جس کی نہ کوئی تاریخ ہے نہ قدیم روایات ہین اور نہ اِن مین اعلیٰ اخلاق ہے۔ اور وہ دونون قومین جن سے ملکر یہ بنی ہے اِس سے نفرت کرتی ہین۔ چونکہ ہند کی معاشرت مین یوریشین کے لئے کوئی خاص جگہ نہین ہے اِس لئے انگریزی حکومت کو اِن کے متعلق بڑی مشکلات کا سامنا ہے۔

اعلیٰ اور ادنیٰ اقوام کے میل سے جو خرابیان پیدا ہوتی ہین اُن کو قدیم آریہ پوری طرح محسوس کر چکے تھے اور اِسی وجہ سے اُنھون نے ذات کی رسم قایم کی۔ اب آج انگریز اِس میل کی خرابیون کو براہ العین دیکھ رہے ہین۔ فطرت مین ہمیشہ ایک ہی قسم کے اسباب ایک ہی قسم کا نتیجہ پیدا کرتے ہین۔ انگریزون نے بھی بلا اِس کے کہ وہ الفاظ مین لکھین اِس قسم کے قاعدہ بنا دیئے ہین جس سے دونون اقوام کا میل جو ایسے دردناک نتایج پیدا کرتا ہے وقوع مین نہ آنے پائے۔

فاتح اور مفتوح مین جو فطرتی فرق تھا اُس کو انگریزون نے عملی طور پر گہرا کر دیا۔ ہند کے ہر ایک شہر مین یوروپیون کے رہنے کی جگہ ہمیشہ علیحدہ اور دیسی محلون سے دور دراز فاصلہ پر ہوتی ہے اور یہ یوروپی باشندے بہت کم دیسی شہر کے اندر آتے ہین۔ ریل کی گاڑیون مین بھی یہ فرق ملحوظ رکھا گیا ہے۔ صاحب لوگون کی گاڑیان علیحدہ ہین اور دیسیون کی علیحدہ اور یہ فرق اُن پر لکھا ہوا ہے۔ اسی طرح غسل خانہ۔ کھانے پینے کے مقامات ہر ایک کے علیحدہ علیحدہ ہین۔ اس مین شک نہین کہ متمول دیسی کے لئے یوروپیون کے ساتھ اول درجہ مین بیٹھنا خلاف قانون نہین ہے لیکن خود دیسی اسے پسند نہین کرتے کیونکہ جو سلوک اُن کے ساتھ کیا جاتا ہے اُنھین مجبور کرتا ہے کہ وہ دوسرے ہی اسٹیشن پر اُتر جائین۔ اِس

معاملہ مین انگریز افسر نہایت متعصب ہین۔ یہ انگریز حکام دراصل نہایت خلیق اور مہربان لوگ ہین لیکن ملکی برتاؤ دیسیون کے ساتھ بالکل اس کے خلاف ہے جو وہ کسی یوروپی کیساتھ کرتے ہین۔ قانون کی رو سے اسوقت دیسی لوگ اعلیٰ سے اعلیٰ عہدون کے لایق قرار دئے گئے ہین اور بعض اُن اعلیٰ مدارج پر پہونچ بھی جاتے ہین لیکن اون کے اور انگریزون کے تعلقات محض سرکاری اور دفتری تعلقات ہین۔ انگریزی معاشرت کا دروازہ اُن کیلئے بالکل ہے۔

ہند کے یوروپین مین ذات کا تعصب زیادہ تر انہین یوریشینون کی وجہ سے ہے جو ہندو یوروپی کے میل سے پیدا ہوئی ہے۔ پرتگیز تاجر اور صاحب ایسے موجود ہین جن مین ہندو میل ہے لیکن یہ وہان کے بڑے بڑے گھرون مین بلائے جاتے ہین اگر ایسے لوگ ہند مین آئین تو باستثنار بڑے شہرون کے غالباً کوئی انگریز انہین اپنے سامنے بیٹھنے یا ایک ہی میز پر کھانا کھانے کی اجازت نہ دیگا۔ ہم اس بات کا فیصلہ نہین کر سکتے کہ آیا یہ حالت منصفانہ ہے یا انصاف کے خلاف صرف واقعات کا بیان کر دینا کافی ہے۔ ہر شخص خود اپنی راے قایم کر سکتا ہے۔ اس قسم کے نظامات کے متعلق بلا موقع پر معائنہ کئے ہوئے راے قایم کرنا غلطی سے خالی نہ ہوگا۔ یہ وہ نظامات ہین جو ہر قسم کے تغیرات کا مقابلہ کر چکے ہین اور اب تک نہین مٹے ہین۔ اِن کی قوت اور استحکام کا اندازہ اسی سے ہو سکتا ہے کہ ایک اعلیٰ درجہ کی متمدن قوم نے جس کی کتابون مین ذات اور تفرقہ نہایت بُرا سمجھا گیا ہے عملاً اپنی روزمرہ کی زندگی مین اسکو مجبوراً شامل کر دیا ہے۔ انسان کیلئے سفر کا ایک بہت بڑا فایدہ یہ ہے کہ اسپر ثابت ہو جاتا ہے کہ دنیا کی اقوام اپنے نظامات کو خود نہین انتخاب کرتین بلکہ مرز بوم اور اقوام کی ضرورتین انھین اسبارہ مین مجبور کرتی ہین۔ یہ نظامات ایسے مستحکم ہین کہ انسان کی قوت انھین تو ڑ نہین سکتی۔



(۱۳۹) و (۱۴۰) مغلی عہد کی صراحیاں

فصل چہارم۔ قانون و رسم و رواج

ہندوستان قانون اور بہت سی دوسری چیزون مین تمدن کے ابتدائی حالت مین ہے۔ مذہبی کتابون کے احکام جن کو وقتاً فوقتاً برہمنون نے ترمیم کیا ہے اور ملک کی مقامی رسوم یہ گویا ہندو کا قانون ہے۔ اس ملک کے بادشاہون مین سے کسی نے نیا قانون جاری کرنے کا ارادہ نہین کیا۔ ظالم سے ظالم اور مہربان سے مہربان بادشاہون نے مطلق اس کی پرواہ نہین کی کہ باہمی معاملات مین اون کی رعایا کس قانون سے کام لیتی ہے انہین صرف ملک کے خراج سے مطلب رہا ہے۔

ہمارے مغربی تمدن مین سیاسی ترقی کا سب سے اونچا زینہ یہ ہے کہ کوئی اعلیٰ قوت اس قسم کا قانون بنا دے جو بلا لحاظ مدارج سارے ملک مین ادنیٰ اور اعلیٰ کے لئے یکساں حکم رکھتا ہو لیکن اس قسم کا مساواتی قانون بہت ہی تھوڑے زمانہ سے پیدا ہوا ہے۔ اگرچہ اصولاً اس کی ابتدا رومیون کے وقت سے ہوئی ہے لیکن عملاً یہ بہت مابعد کا ہے۔ اس مین شک نہین کہ فرانس کا انقلاب ایک بہت بڑا باعث اس مساواتی قانون کے اجرا کا ہوا ہے۔ اگرچہ اسوقت ہمین یہ معلوم ہو رہا ہے کہ حکومت کا سب سے بڑا فرض قانون بنانا ہے تاہم تھوڑی سی غور ہم پر ثابت کرتی ہے کہ یہ خیال عام نہین ہے مثلاً انگلستان اور جرمنی مین مقامی رسوم و عادات جو قانون کا حکم رکھتی ہین اس وقت بھی موجود ہین۔ اور روس مین ان کی قوت اور بھی زیادہ ہے اور اسی طرح جیون جیون ہم تمدن کے مرکز سے دور ہوتے جاتے ہین رسوم و عادات کی قوت بڑھتی جاتی ہے۔

رسم وہ چیز ہے جو ہر ملک کی خاص حالت اور قدیم اعتقادات کی بنا پر بمرور زمان قایم ہوتی ہے اور اس مین اسدرجہ استحکام ہوتا ہے کہ وہ کسی بادشاہ کے حکم یا کسی جماعت کے غلبہ آرا سے ایک دن

مین مٹ نہین سکتی - دنیا مین جن فاتحین نے ایسا خیال کیا ہے اور قدیم رسم کو توڑ کر نئے نظامات قایم کئے ہین وہ نہایت ہی کم ہین اور کوتاہ اندیش تھے - اُن کے نظامات کی حالت نقش بر آب کی سی تھی جسے اولیٰ ہوا کے جھونکے نے مٹا دیا - لیکن اس قسم کی ناعاقبت اندیشی بالکل جدید اور ہمارے زمانہ کا مرض ہے - عالم کے قدیم حکمران اس مرض مین گرفتار نہ تھے جبکہ ایک مرکز پر لانے اور ایک قانون کا پابند بنانے کا خبط ایسے ملکون کے لئے جو محدود ہین اور جن مین ایک ہی قوم بستی ہے اور اُن کا طرز معاشرت بھی یکسان ہے - اس قدر مشکل ہو تو پھر اُن عظیم الشان حکومتون کی کیا حالت ہوگی جو وسعت مین رومیون اور مغلون کی حکومتون کے برابر ہین - اور پھر ہند کے سے ملک مین جہان اتنی مختلف قومین اور اتنے مختلف مذاہب اور اتنی مختلف آب وہوائین اور انواع واقسام کی اثر ڈالنے والی قومین یکجا ہوگئین ہون ایک لکڑی سے ہانکنے کا طریقہ کیونکر چسپان ہوسکتا ہے -

مشرق مین انگریزون نے جن سے زیادہ کوئی موجودہ قوم رومیون کے مشابہ نہین ہے ایسا طریقہ اختیار کیا ہے جس کو شاید انھین اپنی عظیم الشان حکومت کے بعض مغربی حصون مین بھی جاری کرنا پڑے - یعنی انھون نے قدیم رسم ورواج کو پوری طرح سے قایم رکھا ہے - مشرقی حکمرانون نے جن اصول کی پابندی کی تھی انھین یہ بھی سمجھ گئے ہین - جس سے مراد یہ ہے کہ انھون نے بھی محسوس کرلیا ہے کہ وہ رسم ورواج جو صدیون مین قایم ہوتے ہین انھین بدلنے کے لئے بھی صدیان ہی درکار ہین - اور جس ملک کے حکام محض خیالی پلاؤ پکائین - اور جدید قوانین کے فیصلہ سے اصلاح کرنا چاہین وہ ملک ہمیشہ تباہ اور برباد ہوتا ہے مغلون کی طرح انگریزی حکومت بھی صرف رعیت سے زمین کا محاصل چاہتی ہے - مالی انتظام کے سوا حکومت نے ہند کے باشندون کو اپنی حالت پر چھوڑ دیا ہے یعنی انھین پوری طرح مذہبی رسوم وعادات کی آزادی دیدی ہے - اور انگریزی عدالت مین بھی علاوہ خاص صورتون کے اسی رواجی قانون کے پابند ہین -

(۱۴۱) پیاله ساخت مرادآباد۔

البتہ اس ہند و قانون کے اجرا کرنے مین انگریزی حکام کو مشکلات واقع ہوتی ہین۔ کیونکہ قانونی مسائل اوسی قدر پیچیدہ اور بے ترتیب ہین جیسے مذہبی اعتقادات جن پر وہ مبنی ہین۔ علاوہ اس کے یہ رواجی قانون ایک مقام سے دوسرے مقام پر بدلتا رہتا ہے۔ ہند اس وقت تک اپنے قدیم حالت پر ہے۔ ہر ایک فرقہ مین پنچایت یا مجلس مقننہ سمجھی جاتی ہے۔ اس قسم کی جماعتین جن کو ابتدائی پارلیمنٹ کہنا چاہیئے۔ کل آریہ نسل کی اقوام مین موجود ہین۔ فرق اسی قدر ہے کہ ہماری جدید پارلیمنٹین نت نئے قانون بناتی ہین۔ برخلاف اسکے ہند کی پنچایتین اُن قدیم مذہبی رواجون کی جو سالہاے دراز سے قایم ہوئی ہین تعمیل کراتی ہین۔ ہند مین گویا ہمین پارلیمنٹ کا ابتدائی نمونہ ملتا ہے وہ نمونہ جسے قدیم ویدکے آریاؤن نے قایم کیا تھا۔ اور جس غرض سے گانون کی بہبودی تھی۔ اس ابتدائی پارلیمنٹ نے بہت کچھ ترقی کی ہے اور تاریخ مین اس کے مدارج ہمین نظر آتے ہین۔ آریہ پنچایتین تو شاید ایک صدی مین کوئی قانون بناتی ہین۔ لیکن ہماری فرانس کی پارلیمنٹ ایکدن مین بہتیرے قانون بنا ڈالتی ہے۔

انگریزی حکومت نے جرایم کے لئے جو سزائین تجویز کی ہین اُن کی تفصیل مین ہم پڑنا نہین چاہتے۔ قاتل کے لئے موت کی سزا اور چوری مین قید کی سزا عام طور پر کیجاتی ہے۔ بعض جرایم ایسے ہین جنہین ہندو شدید نہین سمجھتے لیکن انگریزی قانون کی رو سے اُن مین سخت سزا دی جاتی ہے۔ ہم دیکھ چکے ہین کہ ہندو اخلاق مین بعض وقت خفیف سی بھی غلطی فریب یا مار پیٹ سے زیادہ شدید سمجھی جاتی ہے اسی طرح جن سزاؤن کو ہم یورپی بے عزتی کا باعث سمجھتے ہین وہ ہندوؤن کے نزدیک یہ حکم نہین رکھتین مجلس سے نکلنے کے بعد سزا یافتہ ذلیل نہین سمجھا جاتا اور اگر عوام کی راے مین انگریزی قانون نے اسپر ظلم کیا ہے تو اسکی عزت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

یہ استثنا قانون جرایم کے جس مین مجبوراً سخت سزائین رکھی گئی ہین ہندو رواج اب بھی اُسی طرح قایم ہے جیسا وہ صدیون سے چلا آتا ہے۔ ان مین زیادہ تر دلچسپ وہ رواجی قانون ہے جو ترکہ

سے متعلق ہے۔ یہ زیادہ پیچیدہ بھی ہے اور اس مین مقامی اختلاف بھی کثرت سے ہے اب ہم صرف وراثت کے متعلق چند مسائل بیان کرین گے۔

ہندو قانون مین وصیت کوئی چیز نہین ہے۔ اور اگر کوئی شخص وصیت کرے تو اُس کا کوئی اثر دُرُست پر نہین پڑتا جیسا ہم دیکھ چکے ہین۔ جائداد بہت کم ذاتی ہوتی ہے۔ یہ سارے خاندان مین اور بعض اوقات سارے گاؤن مین مشترک ہے اور کوئی شخص اپنی زندگی مین جائداد کو اپنی مرضی کے موافق علیحدہ نہین کرسکتا۔ اب دیکھنا چاہیے کہ اُس کے مرنے کے بعد کیا ہوتا ہے چونکہ خاندان کا کفلان شخص صرف جائداد کا منتظم ہے اُس کے موت سے جائیداد کسی طرف منتقل نہین ہوتی وہ اوسی طرح مشترک رہتی ہے جیسی پہلے تھی۔ اگر اُس کی اولاد تقسیم کرنا چاہین تو ہر ایک اپنا حصہ لیکر ایک الگ خاندان قایم کرسکتا ہے اور اگر تقسیم نہ ہو تو بڑا بیٹا منتظم اور معہ جملہ حقوق کے اپنے باپ کا قایم مقام بن جاتا ہے۔ تقسیم ہمیشہ اولاد ذکور مین ہوتی ہے۔ کیونکہ عورت بجز استری دہن کے کسی چیز کی مالک نہین ہوسکتی۔ استری دہن اُس کی خاص ملک ہے اور بلا اُس کی اجازت کے شوہر بھی اوس کو علیحدہ نہین کرسکتا۔ اگر کوئی ہندو اولاد ذکور چھوڑ نہ جاے تو بیوہ مالک ہوتی ہے لیکن صرف اپنی زندگی تک۔

ہندو قانون کی باریکیون اور پیچیدگیون مین جانا لاحاصل ہے۔ چونکہ اسکا دارومدار رواج پر ہے انگریزی حکام کو اِس پر عمل کرنے مین بہت ہی مشکلات پیش آتی ہین بالخصوص اُن صورتون مین جبکہ فریق ایسے مختلف مقامات کے رہنے والے ہون جہان کا رسم و رواج علیحدہ علیحدہ ہے۔ لیکن چونکہ ملک مین سفر کرنیکے ذرائع کثرت سے ہوگئے ہین اور ایک خطّہ دوسرے خطّے سے اسقدر دور دراز نہین رہا جیسے پہلے تھا اسلئے انگریزی حکومت کو اِس بات کا موقع حاصل ہوا کہ ایک عام قانون تمام ملک کیلئے بنائے اور حال ہی مین یہ مشکل کام انجام کو پہونچا ہے۔

فصل پنجم۔ ہند کے کاشتکار

مزروم کے باب مین ہم اس امر کو دکھا چکے ہین کہ ہند کا ملک ایک زراعتی ملک ہے۔ زیادہ تر ہند محض زراعتی مزدور ہین یعنی اس قسم کے مفلوک اشخاص جو محض چند پیسے زمیندار یا بنیئے کے ہاتھ سے ہو کر زمیندار سے بھی زیادہ ظالم ہے بچا کر اپنی زندگی بسر کرتے ہین۔ اور کبھی تمول یا آسایش کی امید نہین رکھتے۔ یہ اخلاص زیادہ تر اس وجہ سے بھی بڑھ گیا ہے کہ ہند وسوا اس حالت کے جبکہ وہ سخت مصیبت مین ہون بے انتہا تعداد مین بڑھتے جاتے ہین۔ ایک صدی کے اندر اندر ہندوستان کی مردم شماری دونے سے بھی زیادہ ہوگئی۔ جو قوم اس سرعت کے ساتھ بڑھے، اور جس کے پاس امریکہ کے باشندون کی طرح ہزارہا میل زمین زراعت کیلئے نہ ہو وہ بمشکل آسایش کے درجہ کو پہونچ سکتی ہے۔ اور اگر کسی غیر معمولی سبب سے وہ بمشکل آسایش کے درجہ کو پہونچ بھی جاے تو زیادہ دنون اس پر قایم نہین رہ سکتی۔ ہند ہی کی نسبت کہا جاسکتا ہے کہ اس ملک کی مردم شماری وسائل زندگانی کے مقابل مین بہت زیادہ سرعت کے ساتھ بڑھتی ہے۔

یہ البتہ ہندو کی خوش قسمتی ہے کہ اس کے حوایج اس درجہ کم ہین کہ وہ ہرگز یورپین کے ہم طبقہ گروہ سے کسی طرح بدتر حالت مین نہین ہین۔ اگر اس کی حوایج یوروپین کی مانند چوتھائی بھی ہوتین تو اسے زندگی بسر کرنا محال ہوتا۔ جبکہ حکومت انگریزی اس تعلیم کے ذریعہ سے جس کا ذکر ہم آگے کرین گے ہندیون کی حوایج کو زیادہ کردے گی اس وقت ہندی کی زندگی بھی اسی قدر تلخ ہوگی جیسے کہ ایک مغربی شخص کی جس کی آمدنی تین چار آنے روز سے زیادہ نہو۔ ایک جھونپڑا رہنے کے لئے، دو ٹکڑے کپڑے کے ایک سر مین اور ایک کمر مین باندھنے کیلئے، چند مٹھی چاول یہ ایک ہندی کیلئے پوری طرح کافی ہین۔ ان مین وہ کمی ہے اور کسی کا رشک نہین کرتا۔

البتہ قحط کے زمانہ مین اُس کی مفلسی اُسے سخت تکلیف دیتی ہے۔ جہان غلہ کی قیمت کچھ بہی بڑہی تو پھر یہ بیچارہ مزدور بھوکون مرجاتا ہے۔ اُس کی فطرتی ناعاقبت اندیشی اُسے مصیبت مین ڈالتی ہے۔ وہ روز کے روز کما کھالیتا ہے اور جب اُس کے پاس زیادہ ہوتو آئندہ کیلئے کچھ بچا نہین رکھتا۔ اُس کی کمائی کی تو قیر ہمیشہ زیور خریدنے یا شادی بیاہ کے خرچ مین صرف ہوتی ہے۔ اُس کی حالت ہمیشہ سے اور ہر حکومت مین یکسان رہی ہے اور اس حالت کا الزام ملک کے بادشاہون پر نہین دیا جاسکتا وہ فطرتی قانون جسکے روسے ہندی تعداد مین اسقدر جلد بڑہتا ہے جسکی مثال دُنیا مین نہین جس قانون کی رو سے وہ ایک نہایت زرخیز زمین کو دوسرون کے لئے جوتتا بوتتا ہے اور خود بھوکون مرتا ہے ایسا قانون ہے جو ملک کے حکام کی قوت سے بالکل باہر ہے اور جس کی نسبت وہ ملزم نہین قرار دیئے جاسکتے حکومت اسی قدر کرسکتی ہے کہ فطرتی قانون کی سختیون کو کم کردے اور انگریزی حکومت نے اس بارہ مین سابق کے بادشاہون سے بہت زیادہ کیا ہے اور ہند کے باشندون کی حالت بمقابل سابق کے بہت زیادہ پُرآسایش ہے۔

فصل ششم ہند کے اہل حرفہ

اُس دیہی انتظام کی وجہ سے جس کا ذکر اوپر ہوچکا ہے ہند کے اہل حرفہ کی حالت بمقابل یوروپی کاریگرون کی بالکل علیحدہ ہے کیا گاؤن مین اور کیا شہر مین اُس کا ایک خاص طبقہ اور گروہ ہے جن مین اُس کے آباواجداد صدیون سے چلے آتے ہین۔ ہمارے مغربی اہل حرفہ کی سخت زندگی، اور کارخانون کی شدید محنت اور پھر وقتاً فوقتاً بیکاری کے وقفے، غرض ہماری تمدن کی کُل مصیبتون سے ہند و مزدور بالکل ناآشنا ہے۔ ہمارے مزدورون کی طرح وہ خانہ بدوش اور بے خانمان نہین ہین اور اسی وجہ سے جو لوگ اُس سے کام لیتے ہین اُن کا وہ دشمن جانی بنجاتا ہے۔ ہند و مزدور بمشکل تین چار آنہ روز پیدا کرتا ہے لیکن چونکہ مغربی

کی طرح وہ مصنوعی حوائج کا بندہ نہین ہے یہ خفیف آمدنی اُس کی کُل ضرورتون کیلئے کافی ہوتی ہے۔ اور یوروپی مزدور اُس سے دس گنا پیدا کرتا ہے لیکن حوائج کے زیادہ ہونے کی وجہ سے اُس کی اکثر تکلیف سے بسر ہوتی ہے۔

ہندی اہل حرفہ کی تعلیم نہ تو کارخانون مین ہوتی ہے نہ مدرس مین نہ کتابون کے ذریعہ سے جس حرفت کو وہ کرتا ہے وہ آبائی ہے جو سالہاے دراز سے ارث مین چلی آئی ہے۔ ہر ایک گاؤن مین جو بطور خود ایک حکومت اور ہندو معاشرت کا بنیادی مجمع ہے۔ کُل چیزین جن کی ضرورت پڑتی ہے تیار ہوتی ہین۔ نہ صرف روزمرہ کی حوائج کے لئے بلکہ عیش و آرام کی زندگی کے واسطے بھی ہر گاؤن مین کمہار۔ لوہار۔ سونار وغیرہ موجود ہین اور بنئے کے وقت سے اسوقت تک اپنے اپنے آبائی پیشہ مین مصروف ہین۔ بڑے شہرون مین جہان ایک ہی قسم کے اہل حرفہ کثرت سے ہین۔ اِن کی علیحدہ علیحدہ پنچائتین ہین۔ ہر ایک پیشہ ہاتھی دانت کے کام کرنیوالے عطار۔ صیقل گر۔ رنگ ساز۔ شیشہ بنانیوالے کہار وغیرہ بطور خود علیحدہ علیحدہ جماعتین ہین جنکے چودھری بھی علیحدہ اور موروثی ہین۔

سیاح جو ہند کے شہرون اور گاؤن کی سیر کرتا ہے اور اِن کاریگرون کی دوکان پر سے گزرتا ہے تو اُسے دو باتین بہت ہی عجیب معلوم ہوتی ہین اول تو اِن کاریگرون کی صناعی اور دوسرے اُن ہتیارون کی جن سے یہ کام لیتے ہین بے انتہا کمی۔ ایسے بہت کم یوروپی کاریگر ہین جو ہندی کاریگری مین فوقیت رکھتی ہون۔ اور ایسے تو ہرگز نہ ملینگے جو اتنے تھوڑے اوزار سے ایسا باریک کام کر سکین۔ یہ صنعتی قابلیت سالہاے دراز کے ارث سے پیدا ہوئی ہے۔ اور کسی قسم کی تعلیم اس کی جگہ نہین لے سکتی۔ البتہ کلون کے ذریعون سے یوروپی کاریگر اُن چیزون کو جو کلون سے بن سکتی ہین بمقابل ہندی کے زیادہ سرعت اور عمدگی سے بنا سکتے ہین۔ لیکن مین یوروپی کی بہت طرفداری کرون گا اگر یہ کہون کہ قابلیت کے لحاظ سے ان دونون کا اوسط برابر ہے اگرچہ یاد رکھنا چاہیے کہ جس قسم کی تقسیم کام کی یورپ مین ہوگئی ہے اور جس کی وجہ سے یوروپی

کاریگر کی دماغی قوت گھٹ گئی ہے ہند مین مطلق نہین پائی جاتی۔

فصل ہفتم۔ ہنود کی اندرونی اور بیرونی زندگی۔

اس باب مین جہان ہند کی مختلف اقوام کا ذکر کیا گیا ہے ہم نے ان اقوام کی رسوم و عادات کو علیحدہ علیحدہ دکھایا ہے اب ہم اس قسم کی عادات و رسوم سے بحث کرین گے جو اکثر باشندگان ہند مین عام ہین ہنود کی بیرونی زندگی مین جو مجلسون مذہبی جلسون اور ہر قسم کے مجمعون مین نظر آتی ہے اسی قدر نمایش اور شان و شوکت ہوا کرتی ہے جیسا یورپی مصنفین نے ہماری مغربی تخیلون پر اثر ڈالنے کے لئے بیان کیا ہے ان کی اندرونی اور خانگی زندگی نہایت ہی سادہ ہے۔

اعضا۔ غذا۔ عادات۔ مکانات وغیرہ امرا اور فقرا کے قریب قریب یکسان ہین۔ ان دونون کی غذا مین زیادہ تر ترکاری۔ تیل۔ گھی اور مصالحہ کا استعمال ہوتا ہے۔ دونون زمین پر بیٹھ کے ہاتھ سے کھانا کھاتے ہین فرق اسی قدر ہے کہ امرا جس جگہ بیٹھ کر کھانا کھاتے ہین وہان قالین و فرش وغیرہ پر تکلف ہوتا ہے۔ کابیان عموماً برگد کے پتون کی لیکن نیچے درجہ کے اشخاص مین زیادہ تر مدتون مٹی یا قلعی کے ہوتے ہین۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہندو کو سب سے زیادہ خوف اس امر کا ہے کہ جس برتن مین وہ کھائے وہ کسی شودر یا پاریہ کے استعمال مین نہ آجاے اور اس وجہ سے پتون پر کھانے کا فائدہ یہ ہے کہ کھانے کے بعد ہی کابیان تلف کر دیجاتی ہین نیچے درجہ کے اشخاص زیادہ تر مٹی کے ہین اور کھانے کے بعد برتنون کو دھو لیا کرتے ہین۔

کسی متمول ہندو اور کسی مزدور کی اثاث البیت مین کوئی فرق نہین ہے کیونکہ یہ نہ بنیے کے گھر مین ہے نہ مزدور کے۔ اندر کی تمامتر آرایش صرف دیوارون اور دروازون سے ہوا کرتی ہے جن پر بعض وقت نقشے کا کام ہوتا ہے اسی طرح پردے عمدہ اور ریشمی ہوتے ہین اور قالین جنکا فرش کیا جاتا ہے اور تکیہ پر تکلف

اور قیمتی ہوتے ہین۔ اونچے اور وسیع مکانات اور اُن کے گرد باغات ہین مین پانی ہر طرف حوضون مین جمع ہورہا ہے۔ زرق برق کپڑے بھاری اور قیمتی زیور یہ گویا تمول کے ظاہری علامات ہین۔ کل طبقات کی غذا کم ہوا کرتی ہین اور چونکہ مذہبی اعمال کے اوقات مقرر ہین اور اُن کی سخت پابندی کیجاتی ہے۔ کہا جاسکتا ہے کہ ہنود مین ہر طبقہ کی زندگی کیا اعلیٰ اور کیا ادنیٰ یکسان ہے۔ مذہبی اعمال مین طہارت اور پوجا پاٹ صبح دوپہر اور شام کا شامل ہے۔ علی الخصوص کھانے سے پہلے یا کھانے سے ذرا بعد ہندو بغیر خدا کو یاد کئے ہوئے کوئی کام نہین شروع کرتا۔ نہ کسی دوست سے ملتا ہے۔ اور نہ بستر پر جاتا ہے۔ خدا کی یاد کو نہ بھولنے کیلئے وہ بھی مسلمانون اور کیتھلکون (عیسائیون) کی طرح کنٹھا ہاتھ مین رکھتا ہے اکثر وہ مختلف دیوتاؤن کے صرف نام جپا کرتا ہے۔

ہنود کی بیرونی زندگی کا بیان بمقابل اندرونی زندگی کے بہت زیادہ آسان ہے۔ اگرچہ ہنود فطرتاً نہایت درجہ مہمان نواز اور خوش اخلاق ہوتے ہین لیکن کسی بیگانہ کے لئے اُن کی اندرونی زندگی کا معلوم کرنا مشکل امر ہے۔ اُن کی عورتین ہمیشہ پردہ مین رہتی ہین اور ملاقات مین اُن کا ذکر کرنا تک خلاف تہذیب سمجھا جاتا ہے۔ جب ہنود آپس مین ملتے ہین تو البتہ ملاقات مین زیادہ تر بے تکلفی ہوتی ہے اس کے ساتھ ہی حفظ مراتب کا خیال بہت زیادہ کیا جاتا ہے۔ یہان تک کہ ہر شخص کی نشست گاہ اُس کے درجہ کے مطابق مقرر کی جاتی ہے۔ اگر مجلس مین کوئی راجہ یا شہزادہ موجود ہے تو وہ صدر مقام پر جو کہ دروازہ کے مقابل مین ہوا کرتا ہے بیٹھایا جاتا ہے۔ اور دوسرے حاضرین اُس مجلس کے دونون طرف صف باندھکر درجہ بدرجہ بیٹھتے ہین جو درجہ مین سب سے کم ہین وہ دور بٹھائے جاتے ہین۔ نشست ہمیشہ فرش کی ہوتی ہے شطرنجی پر یا گدون پر بیٹھنے والے کو صاحب خانہ خود ملایم الفاظ مین رخصت کرتا ہے مثلاً وہ کہتا ہے کہ انشاء اللہ پھر آپ سے جلد ملاقات ہوگی اور اُسکے بعد پان و عطر پیش کرتا ہے۔

شمال ہند یعنی ہندوستان کے ہندوؤن کا لباس وہی ہے جو مسلمانون کا لیکن وکن مین

ہندوؤن نے اپنا قدیم لباس قایم رکھا ہے یعنی ایک دھوتی جو کمر مین باندہی جاتی ہے اور اُس پر سے ایک کپڑا جو جسم اور سر کو چھپاتا ہے۔ عورتون کی ساڑیان بہت زیادہ بڑی ہوتی ہین۔ اور سر اور چہرہ دونون چھپالیتی ہین۔ اِس کے سوا وہ ایک اونچی چولی بھی پہنتی ہین۔ جو کمر تک نہین پہونچتی۔ ہندو جو یہ نہین پہنتے باہر جانے کے وقت ایک قسم کی زرپائی جس کی نوک گھومی ہوتی ہے پہنا کرتے ہین۔ لیکن مکان مین داخل ہونے کے ساتھ ہی اُسے دروازہ پر اُتار دیتے ہین۔ گھر کے اندر وہ ہمیشہ ننگے پیر رہتے ہین۔

ہندو گانون کی بیرونی صورت ہمیشہ متبسم اور خوش و خرم ہوا کرتی ہے۔ اکثر مکانات ایک منزلہ ہین۔ بنگالہ مین دیوارین بانس کی ٹٹیون کی ہوتی ہین۔ ہندوستان مین دیوارین کچی اور چھتین کھپرے کی ہوا کرتی ہین۔ اور دکن مین چھتین مٹی کی اور مسطح تھوڑی تھوڑی دور پر چھوٹے چھوٹے مندر بنے ہوئے ہین۔ اور گانون کے وسط مین گویا کچہری یا پنچایت گھر ہوتا ہے۔ یہ صرف ایک چھت ہے جو ستونون پر قایم ہے۔ یا یہ کہ محض ایک حلقہ ہے جس کے گرد سایہ دار درخت لگے ہوئے ہین۔ ہر گاؤن مین پاریہ اور نیچ ذات لوگون کیلئے ایک علیحدہ مقام ہوتا ہے ہر شخص اوس کی چھوت سے پرہیز کرتا ہے۔ اِسکے ساتھ ہی اُن سے بدسلوکی نہین کرتا۔ اِن کی حالت وہی ہے جو یورپ مین گداون کی۔

بڑے شہرون کے راستہ تنگ اور ہمیشہ رُکے ہوئے ہوتے ہین۔ ایک ممزوج خلقت اِن مین ہمیشہ چلتی رہتی ہے۔ خوشحال لوگ پالکیون مین سوار اور اُن کے ساتھ ساتھ کہار دوڑتے ہوئے۔ دوکانین بالکل سرِ راہ ہوتی ہین خریدار اِن کے اندر داخل نہین ہوتا بلکہ سامنے ہی سے لین دین کرتا ہے۔ سب سے زیادہ چہل پہل کا مقام بازار ہے جہان ہر قسم کے دوکاندار جمع ہوتے ہین۔ مندرون مین بھی ہمیشہ مجمع رہتا ہے اور اسی طرح مُنہ ہاتھ دھونے کے حوض کے گرد۔ ہر ایک عبادتگاہ کے سامنے ایک تالاب یا حوض ہوتا ہے جن مین عورت بچے نہایا کرتے ہین۔ اِنکا پانی اکثر نہایت میلا اور بدبو ہوتا ہے اُن شہرون اور قصبون مین جو گنگا کے کنارے واقع ہوئے ہین خود ندی کا پانی متبرک شے ہے۔ ندی کے چڑہاؤ اُتار کے

لحاظ سے اونچی اونچی سیڑھیان بنی ہوئی ہین جن کے ذریعہ سے نہانے والے پانی مین اُترتے ہین تیرتون کے زمانہ مین اِن گھاٹون پر بڑا مجمع زوار کا ہوتا ہے اور رات کو پُرتکلف روشنی کی جاتی ہے گنگا کی سطح جبکہ اُس پر ہزار ہا روشنیون اور عمارتون اور سیڑھیون کا عکس پڑتا ہے ایک ایسا پُرشان منظر ہے جس کا مثل نہین۔ اِن مین سے بعض روشنیان اونچی اونچی مستولون پر لگائی جاتی ہین اور ستارون کا لطف دیتی ہین ہندؤن کا شوق اِس قسم کی آرایشون مین نہایت اعلیٰ ہے اُن کی کُل تقریبین پُرتکلف اور پُرشان ہوا کرتی ہین۔ نہ صرف خلقت کے ہجوم اور جوش سے بلکہ کثیر قرقون کی وجہ سے بھی مقامی تقریبین جو کسی خاص شہر یا کسی خاص فرقے یا ذات سے متعلق ہین کثرت سے پائی جاتی ہین اِن کے علاوہ عام تقریبین اور میلے بھی ہین جن مین سب ملکر شریک ہوتے ہین۔ یہ فی الواقع بڑے بڑے مذہبی تیرتھ ہین جہان بہت ہی بڑے بڑے مجمع ہوا کرتے ہین۔ میلہ اور تیرتھ یہ دونون ساتھ ساتھ ہین تاجر اور دوکاندار زوارون کے ساتھ ملے جلے رہتے ہین اور کوئی میلہ ایسا نہین ہے جو بلا پوجا اور پاٹ کے شروع ہوتا ہو۔

ہندو بچے عموماً ذہین اور خوش شکل ہوتے ہین۔ اور اِن کی تربیت بڑی آزادی کے ساتھ ہوا کرتی ہے۔ نیچے طبقات کے بچے بالکل ننگے گلیون اور راستون مین پھرا کرتے ہین۔ خوشحالون کے بچے گھر پر تھوڑا بہت اُن برہمنون سے پڑھنا لکھنا سیکھتے ہین جو اُن کے باپ کے پروہت ہین۔ باوجود حکومت انگریزی کی کوششون کے بہت کم بچے مدرسون مین جاتے ہین۔ دس یا بارہ سال کی عمر مین اِن کی شادیان ہوجاتی ہین۔

ہندو عورتین ہمیشہ محکومیت کی حالت مین ہین جب وہ اپنے شوہر کے ساتھ باہر نکلتی ہین تو شوہر اُن سے چند قدم پیچھے رہتا ہے۔ جب وہ ریل پر سفر کرتی ہین تو اکثر تیسرے درجہ مین بٹھائی جاتی ہین اور شوہر دوسرے درجہ مین بیٹھتا ہے۔ کھانے کے وقت یہ شوہر کو بیٹھکر کھانا کھلاتی ہین اور اُس کے بعد خود کھاتی ہین۔

برہمنی مذہب کے ہندو اپنے مردون کو جلاتے ہین البتہ چھوٹے بچے چھ سات سال کی عمر کے دفن کئے جاتے ہین۔ جلانے کی چتا ایک گڈھے مین بنائی جاتی ہے اس مین لکڑیان اور متمول اشخاص کی موت مین صندل کی لکڑی رکھی جاتی ہے اور اس پر کنڈے جو ہندوؤن مین متبرک ہین جمائے جاتے ہین۔ لاش اور اس کل انبار پر مٹی کا لیس کر دیا جاتا ہے اور بند کرنے سے پہلے آگ دیدی جاتی ہے پانچ چھ گھنٹہ مین لاش جل جاتی ہے اور دوسرے روز متوفی کے اقربا اگر بچی بچائی ہڈیون کو ندی یا سمندر مین ڈال دیتے ہین۔

ہندوؤن مین غم کا اظہار اسی شدت کے ساتھ ہوتا ہے جیسا خوشی کا۔ اصل مین اُن کی فطرت خوش مزاجی کی طرف مائل ہے انہین ایک جگہ جمع ہونا اور ملکر کھیل تماشہ مین شریک ہونا نہایت پسند ہے اگرچہ ہنود کفایت شعار ہین لیکن بعض مواقع پر نہایت پُر تکلف دعوت کرتے ہین۔ اس قسم کی فضول زیادہ تر شادی کی تقریب مین ہوتی ہے ان مواقع پر مطلق کفایت کا خیال نہین کیا جاتا اور غریب سے غریب شخص قرضدار اور تباہ ہو جاتا ہے تاکہ اپنے ہمسایہ کو کمتر نا کہلائے۔

اُمرا مین شادی نہایت دھوم دھام سے ہوتی ہے۔ ان مین ہاتھیون کا جلوس اور ناچ رنگ شامل ہے۔ حقیقت مین ہندی اُمرا کی براتین بن مین ہاتھی زرق برق اماریون سے کسے ہوئے گھوڑے پُر تکلف ساز اور سامان کے ساتھ اور پیدل اُن کے نوکر چاکر اور براقی رنگ برنگ کی جھلک دار وردیان اور لباس پہنے ہوئے دیکھنے کے لایق ہین۔ نہ صرف شکارکا شایق شخص اس منظر سے حظ اوٹھاتا ہے بلکہ صناع اور مصور بھی۔

ناچنے گانے والی عورتین ہند کی کل مذہبی اور خانگی تقریبون کی ضروری جزو ہین وہ بیچاری جو کرایان معمولی شکل وصورت کی اور نہایت بُرا لباس پہنے ہوئے جو بڑے بڑے شہرون مین اور متمول اشخاص کے گھرون مین بھی ایک تھوڑی سی اُجرت پر آکر ناچتی گاتی ہین یورپ کی نظرون مین ہرگز اُن دلربا شکلون



(۱۴۲) مرتبان ساخت سنده

کی قایم مقام نہین معلوم ہوتین جو جنوب ہند کے مندرون پر کندہ باریک لباس پہنے اور جھکا جھکا زیور پہنے سے آراستہ ہنڈ کے ہنڈ انکھون کے سامنے آتی ہین اور جن کا کام یہ ہے کہ وہ دیوتاؤن کے سامنے ناچین ہند وامرا نہایت بڑے مہمان نواز ہین اور جب کوئی شخص اون کے پاس مغربی کا خط لائے تو وہ اُس کے ساتھ شاہانہ مہمانداری سے پیش آتے ہین۔ ہند کی خاطر اور مدارات اور رسم ورواج کے اس مختصر بیان کو مین اپنے اُس ذاتی تجربہ پر ختم کرون گا جو مجھے بھوپال کی ریاست مین ملاقات کے وقت حاصل ہوا اور جس سے دیسی رؤسا کے دربانون کا قاعدہ قرینہ معلوم ہوسکتا ہے۔

اُس زمانہ مین اس ریاست کی فرمانروا ایک بیگم صاحبہ تھین جب انھین میرے آنے کی اطلاع ہوئی تو میرے لئے ریاست کی ایک گاڑی جس کے ساتھ سوار تھے بھیجی گئی اور مین ایک شاہی قصر مین اُتارا گیا میرے پہونچنے پر بہت سے ملازم پہولون اور میوے جات کی ڈالیان لئے ہوئے حاضر تھے اور ان کے ساتھ ریاست کے ایک عہدہ دار تھے جنہون نے مجھے بیگم صاحبہ کا سلام پہونچایا اور تھوڑی دیر کے بعد ایک خاص سرکاری عہدہ دار تشریف لائے اور مجھسے کہا کہ علیا حضرت آپ کو سلام کہتی ہین آپ کو جس چیز کی ضرورت ہو تو اُس کے مہیا کرنے کیلئے مین حاضر ہون مین نے الفاظ مین کہانے کی خواہش کی اُسی وقت حکم ہوا پردہ ہٹ گیا اور مین نے دیکھا کہ دو کمرہ مین ایک یورپی طریقہ سے ایک میز بچھا ہوا ہے اُس پر چاندی اور بلور کے جھاڑ سجے ہین اور میز کے گرد پُر تکلف وردیان پہنے ہوئے نوکر کھڑے ہین جو بالکل مورت کی طرح بے حس وحرکت ہین مین میز پر بیٹھا ہی تھا کہ باہر سے گھنٹی بجنے کی آواز آئی معلوم ہوا کہ یہ علیا حضرت کے آرام کرنے کا وقت ہے لیکن آرام کرنے سے پہلے دوبارہ دریافت کیا گیا کہ مجھے کس چیز کی ضرورت ہے مین نے کہا کہ مین کل سانچی جانا چاہتا ہون اُس کیلئے مجھے بدرقہ کی ضرورت ہے۔ دوسرے دن علی الصباح ہاتی اور سوار میرے لئے موجود ہوگئے اور جس وقت مین شام کو سانچی پہونچا تو وہان مجھے ایک خاص خیمہ معہ پلنگ معہ کل اشیاء تکلفات کے ملا جو مشرقی مہمانداری

سے مخصوص ہین۔

چھترپور کی ریاست مین بھی میرے ساتھ بے انتہا مہربانی کی گئی اور کھجوراہا کے مقام پر جو کہ بالکل بیابان مین ہے میرے لئے خیمہ کا انتظام کیا گیا جس مین کل سامان یورپی آسائش کا مہیا تھا جب مین اس قدیم شہر سے جو اب ویرانہ ہے واپس آیا تو دیوان صاحب معہ چند عہدہ دارون کے دارالحکومت سے تھوڑی دور پر مجھ سے ملے اور راجہ صاحب کا سلام مجھے پہونچایا بعض اوقات مہمانداری تکلیف دہ ہوجاتی ہے مثلاً جبکہ راجہ ہر یورپی سیاح کے لئے توپ چھوڑنے کا حکم دیتے ہین تاہم اگر انسان کو ایشیائی شان وشوکت زرق برق وردیون کے سوار اور پُرتکلف ہجوم کا شوق ہو تو اُسے ایسی شاہانہ مہمان داری کیلئے طیار رہنا چاہیے اور اس مین شک نہین کہ اس قسم کی مہربانیون کی یاد ہمیشہ دلمین رہ جاتی ہے۔

اس قسم کی تزک واحتشام کا اثر صرف ہماری متخیلون پر ہی نہین پڑا ہے بلکہ مدبر اور مورخ اور صناع کو ان سے بڑا سبق ملتا ہے مثلاً جس وقت مین حیدرآباد کے شہر مین سے ہاتی پر گذر رہا تھا۔ اور ہر طرف حضور نظام کی فوج کے سوار وردیان پہنے ہوئے پھر رہے تھے تو اسوقت اسلامی دارالسلطنتون کی قوت و شوکت آنکھون مین پھر گئی تھی ہند کے کل شہرون مین حیدرآباد ہی وہ شہر ہے جس مین اس وقت پرانی صدیون کی قدیم مشرقی شان باقی ہے۔ یہان ہمین یورپ کا نیو ڈل زمانہ نظر آتا ہے اگر مشرق مین کبھی اصلی نیو ڈل انتظام نہ تھا جب ہم حضور نظام کے امرا اور جاگیر دارون کو دیکھتے ہین کہ وہ اپنی فوجون کے ساتھ خود دارالسلطنت مین پڑاو ڈالے ہوئے ہین تو ہمارا متخیلہ فوراً فرانس کے آرمناک اور بورگویون کے زمانے تک پہونچ جاتا ہے۔

باب چہارم

ہند کی اصلی حکومت انگریزی انتظام کے اصول اور اُس کے نتائج

فصل اول - انگریزی انتظام

لاطینی اقوام کے متعلق کچھ ہی رائے کیون نہو اس مین شک نہین کہ یہ ہرگز نہ اپنی نوآبادیون کا درست انتظام کرسکتے ہین اور نہ اُنھین قایم رکھ سکتے ہین۔ جسقدر ملک دوسو برس سے اِن کے ہاتھ مین تھا وہ بتدریج دوسرون کے قبضہ مین آگیا اور حال مین جو نوآبادیان اُنھون نے قایم کی ہین اُن سے بجز تکلیف اور شدید مصارف کے کچھ حاصل نہین ہوا۔ اِن نوآبادیون مین ہمیشہ ایک غدر کی سی حالت رہتی ہے۔ اسپین جو کسی زمانہ مین ایک عظیم الشان مملکت کا مالک تھا۔ وہ مملکت جس پر آفتاب کبھی غروب نہین ہوتا تھا۔ ان سب کو کھو بیٹھا۔ اور حال مین جو کچھ رہا سہا تھا وہ بھی نکلگیا اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اِس ملک کے چلے جانے سے اسپین گھاٹے مین نہین رہا بلکہ فائدے مین۔

لاطینی نوآبادیون کی مصیبت زدہ اور پست حالت کے مقابل مین ہمین ہر طرف انگریزی نوآبادیون کی سرسبزی اور ترقی نظر آتی ہے۔ جب ہم اِس قسم کے متضاد نتایج دیکھتے ہین یعنی ایک طرف تو ہر قسم کی ناکامیابی اور دوسری طرف ہر قسم کی کامیابی تو ہمین قبول کرنا پڑتا ہے کہ بن طرز عمل سے یہ متضاد نتایج پیدا ہوئے ہین۔ وہ ضرور بالضرور ایکدوسرے کے مخالف ہین۔ فی الواقع ایسا ہی ہے لیکن یہ وہ مسئلہ ہے جسکے متعلق

ہم بارہا تحریر کر چکے ہین اور یہان اُسکا اعادہ نہین ہو سکتا۔ یہان صرف بطور اختصار لاطینی اقوام کی آبادیون کے اصول اور انگریزون کی نوآبادیون کے اصول کا مقابلہ کرینگے۔

لاطینی اقوام سادگی مساوات اور یکرنگی کے خیالات مین اس درجہ چور تھین اور انھین ایسا یقین تھا کہ یہ خیالات بالکل سچے اور برحق ہین۔ اور انھین تمام عالم مین پھیلانا فرض ہے کہ انھون نے مشرق مین بھی اپنے مساوات کے نظامات رسوم و قوانین کو جاری کرنا چاہا۔ اُن کی غرض یہ تھی کہ اِن اقوام کو بھی اپنے مین ملالین۔ اس کوشش کا نتیجہ وہ ہوا جو ہم بیان کر چکے ہین۔ برخلاف اس کے انگریزون نے جو اقوام کی جبلت سے زیادہ واقف تھے اور ہی اصول سے کام لیا۔ انھون نے مفتوحہ اقوام کو اپنے مین ملانے کا خیال بالکل اُٹھا دیا۔ اور اِن اقوام کے نظامات اور رسوم و عادات کو قایم رکھا۔ خود اِن سے بالکل علیحدہ رہے اور اِن کے اندرونی معاملات مین زیادہ دخل نہ دیا اگر نتایج کے لحاظ سے دیکھا جاے تو صاف ظاہر ہے کہ انگریزون کے طریقہ عمل مین بہت زیادہ کامیابی ہوئی۔

یہ تو عام اصول ہین لیکن دراصل مختلف انگریزی نوآبادیون کے انتظام مین بہت بڑا فرق ہے۔ ایک طرف تو اسٹریلیا ہے جو گویا بالکل خودمختار ہے اور جہان انگریزی حکومت برائے نام رہ گئی ہے دوسری طرف ہند ہے جہان انگریزی حکومت کامل طور پر پائی جاتی ہے۔ اِن دونون کے بیچ مین اور بہت سے مدارج ہین۔ انگریزون نے کبھی وہ عام اصول نہین تسلیم کیے جن کی نسبت لاطینی اقوام یہ خیال کرتی ہین۔ کہ یہ ہرگز بدل نہین سکتے۔ انگریزی حکومت اصول ملک اور مفتوحہ اقوام کی حالت کے لحاظ سے بدلتے رہتے ہین لیکن عام رجحان یہ ہے کہ جہان تک ممکن ہو حکومت کا پنجہ نظر نہ آئے اور مفتوحہ اقوام کی نظامات اور رسوم و رواج مین دست اندازی نہ کیجاے۔

ہم یہان صرف اُس انتظام کو جو ہند مین جاری ہے بیان کرنے پر اکتفا کرین گے اور دکھائین گے کہ وہ کون عجیب طرز عمل ہے جس کی بدولت چند ہزار عہدہ دار ایک مختصر فوج کی مدد سے جو تعداد مین فرانس کی

اُس فوج سے جو الجزائر مین تیس لاکھ عربون کے لئے رکھی گئی ہے کچھ ہی زیادہ ہوگی، تیس کرور خلقت پر حکومت کرتے ہین یعنی ایک عظیم الشان ملک پر جو چین کے بعد تمام دُنیا مین سب سے بڑا ملک ہے۔ اُن عام اصول کو جو انگریزون نے ہند اور دوسری نوآبادیون کے انتظام کیلئے قرار دیئے ہین علیحدہ کرکے دکھانا چند ان آسان امر نہین ہے۔ یہ منجملہ اُس قسم کے قواعد ہین کہ جن کو کیا قوم اور کیا اشخاص عمل مین لاتے ہین لیکن ظاہر نہین کرتے اور اسکے ساتھ ہی یہ انتظام کی جڑ ہین۔ اور ساری دلچسپی انہین مین ہے۔ ہند کی تاریخ اور انگریزون کے طرز عمل اور اُن کے طریقہ حکومت پر غور کرنے کے بعد ہمین معلوم ہوگا کہ یہ عام اصول اس طرح پر بیان کئے جا سکتے ہین۔

اول۔ کسی نوآبادی کو فوج اور ہتیار سے فتح کرنے سے پہلے تجارت کے ذریعہ سے مسخر کرنا چاہیے کیونکہ تجارت ہی اس امر کو ثابت کر سکتی ہے کہ ملک لینے کے لایق ہے یا نہین۔

دوم۔ جس ملک کو لینا ہو وہ خود اُسی ملک کے روپئے اور ملک ہی کی فوج کے ذریعہ سے لیا جانا چاہیئے۔ فوج مین یورپیون کی تعداد بہت ہی کم ہونی چاہیئے اور وہ صرف بطور سپہ سالار اور حکام کے رکھے جائین۔ اس بنیادی قاعدہ کی پابندی ہند مین التزام کے ساتھ رکھی گئی ہے۔ یہان دیسی حکومتون کے باہمی جھگڑون مین دخل دے کر اور انہین کی فوجون کے ذریعہ سے انگریزون نے تمام ملک کو بلاد السلطنت کا روپیہ صرف کئے ہوئے فتح کر لیا اور یورپیون کی جانین بہت کم کام آئین۔

سوم۔ جبتک نوآبادی امریکہ یا آسٹریلیا کہ درجہ ترقی پر نہ آجائے اور اُسمین اتنی قوت نہو جائے کہ وہ کم و بیش دار السلطنت کے حکومت کے محتاج نہ رہے اُسوقت تک اُسے ایک ایسی ملک سمجھنا چاہیئے جو دار السلطنت کے فائدہ اُٹھانے کیلئے ہے۔

چہارم۔ نوآبادی سے فائدہ اُٹھانے کا بہترین طریقہ جس سے رعایا کو شکایت نہ پیدا ہو یہ ہے کہ اُن کے مذہب اور رسوم و عادات مین مطلق مداخلت نہ کیجائے۔ اس طرح انتظام اور عدالتین بھی دیسی حکام

کے ہاتھ مین رہنی چاہئین - اور اُنپر صرف معدودے چند یورپی بطور نگران کار کے ہونے چاہئین - اِن نگران کارون کے دو بڑے فرض ہین ایک تو امنیت کا قایم رکھنا اور دوسری مالگذاری کا وصول کرنا خود کلکٹر کا لفظ جو اعلیٰ حکام انگریزی کا لقب ہے اِس بات کی خبر دیتا ہے کہ اُنکا اصل فرض خراج وصول کرنا ہے -

پنجم - ایک قیمتی تجربہ جو بارہا دنیا مین دیکھا گیا ہے اور جس کی مثال ہند مین پرتگیزون نے اور امریکہ مین اسپینیون نے قایم کی یہ ہے کہ کسی نوآبادی مین اعلیٰ اقوام اور ادنیٰ اقوام کے میل کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ فاتح قوم ہمیشہ گر جاتی ہے اور بالآخر نوآبادی ہاتھ سے نکلجاتی ہے - اور اِس وجہ سے فاتح اور مفتوح مین بھی ہمیشہ ایک ایسی حد قایم ہونی چاہیئے جو ہرگز اُٹھ نہ سکے - ہند مین تھوڑے ہی دنون قیام کرنے کے بعد معلوم ہوجاتا ہے کہ انگریزون نے اِن اصول کی سختی کے ساتھ پابندی کی ہے -

جو اصول اوپر بیان کئے گئے ہین ان مین سے اُس اصول کا جس کی رو سے مفتوح ملک فائدہ اُٹھانے کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے استعمال کرنے مین بعض وقت مشکلات پیش آتی ہین - اُس خاص حد کو جہان تک رعایا خوشی سے حکومت کو سہے قرار دینا ایک وقت طلب امر ہے - اِس حد سے تجاوز کر جانا آسان ہے باوجود اپنی بیدار مغزی کے صرف اِس حد سے بڑھ جانے کی وجہ سے قریب تھا - کہ انگریز ملک کو کھو بیٹھین - غدر سے پہلے ہند کی حکومت صرف جلب منفعت کیلئے تھی - ایک کمپنی تاجرون کی کرایہ کے سپاہیون کی نایت مین بیس کروڑ مخلوق پر صرف اِس غرض سے حکومت کرتی تھی کہ اُس کے چند عہدہ دار ذاتی فائدہ اُٹھائین اعلیٰ سے ادنیٰ تک کی خواہش صرف یہ تھی کہ وہ جلد سے جلد دولتمند ہوجائے اور انگریزی پارلیمنٹ کو بارہا کمپنی کے گورنرون سے مواخذہ کرنے کی ضرورت پڑی تھی - ملک مین ہر طرف ظلم تھا اور رفاہ عام کے کام سب بند تھے - سڑکین - تالاب - نہر یہی سب پڑی ہوئی سڑ رہی تھین -

غدر کے واقعہ نے جس مین قریب تھا کہ ملک ہاتھ سے نکل جائے ثابت کردیا کہ اس قسم کی حکومت نہایت خطرناک ہے اور بلوہ فرو ہونے کے بعد ہی طرز حکومت بالکل بدل گیا - اُس فرمان شاہی کے

روسے جسکا نام ہند مین بہتر حکومت قایم کرنیکا قانون رکھا گیا تھا تاجرون کی کمپنی سے حکومت لے لی گئی اور شاہی انتظام مین آگئی۔ ہند کیلئے ایک سیکرٹری آف اسٹیٹ کا عہدہ قایم کیا گیا اور اس کے لئے ایک ایسے ارکان کی مجلس مقرر کیگئی جو اقلاً دس سال ہند مین رہے ہون۔

ملک صوبون مین تقسیم کر دیا گیا۔ اور ہر صوبہ مین ایک گورنر مقرر کیا اور یہ سب ایک وائسرائے کے ماتحت کئے گئے وائسرائے کو ایک انتظامی کونسل دی گئی جسکے ارکان کا تقرر بادشاہ کی طرف سے ہوا اور ایک قانونی کونسل دی گئی جس کے ارکان خود وائسرائے مقرر کرے۔ اسوقت ملک صرف تین احاطون مین منقسم نہین ہے جیسا کہ عام خیال ہے بلکہ آٹھ صوبون مین۔ بنگال۔ ممالک مغربی و شمال۔ پنجاب ممالک متوسط مدراس۔ بمبئی آسام اور برہما۔ انمین سے بڑے صوبہ جات کے گورنر صرف مالی اور فوجی معاملات مین وائسرائے کے ماتحت ہین اور بمبئی اور مدراس کے گورنر براہ راست سیکرٹری آف اسٹیٹ سے خط و کتابت کرتے ہین اور انکی کونسلین الگ ہین۔

ہر ایک صوبہ اضلاع مین منقسم ہے جسکا حاکم مجسٹریٹ و کلکٹر و ڈپٹی کمشنر کہلاتا ہے۔ ہر ضلع مین بلحاظ مقامی ترقی کے انتظامی اور عدالتی اقتدارات یا ایک ہی شخص مین مجتمع ہین یا علیحدہ علیحدہ اشخاص کو دیئے گئے ہین عموماً یہ اقتدارات علیحدہ ہین۔ سر جان اسٹریچی نے جو سابق مین گورنر تھے ہند کے عام انتظام کو نہایت خوبی اور اختصار کے ساتھ مندرجہ ذیل الفاظ مین بیان کیا ہے۔

برٹش انڈیا کے ہر ایک ضلع مین گورنمنٹ کا ایک نائب رہتا ہے جس کے ہاتھ مین کل ضلع کا اختیار ہوتا ہے یہ نائب صوبجات بنگال و مدراس و بمبئی و ممالک متحدہ مین کلکٹر و مجسٹریٹ کے لقب سے پکارا جاتا ہے۔ اور پنجاب۔ اودھ برہما اور دیگر غیر آئینی صوبون مین ڈپٹی کمشنر کہلاتا ہے۔ اکثر اس کو حاکم ضلع بھی کہتے ہیں اور یہ لقب مذکورہ بالا دونون لقبون پر صادق ہے۔

یہ نائب اپنے مقامی معاملات کے متعلق بہت کچھ خود مختار ہوتا ہے۔ اور جیسا کہ اس کے لقب کلکٹر و مجسٹریٹ

کے محض سے ظاہر ہے اُس کے ذمہ دو بڑے فرایض ہوتے ہین۔ اول زمین مالگزاری وصول کرنا اور ثانیاً انتظامی اور فوجداری مقدمات کا فیصل کرنا۔ انتظامی امورات کے متعلق وہ اپنے ضلع مین اول درجہ کا حاکم ہوتا ہے اور اُسی کے پاس اپیل ہوتے ہیں۔

انتظامی سہولیت کی غرض سے ہر ضلع ہندوستان مین منقسم ہوتا ہے۔ اور یہ تقسیم بہت کچھ اُس قدیم تقسیم سے ملتی جلتی ہے جو انگریزی نظام سے پہلے اس ملک مین موجود تھی۔ ہر ایک تحصیل ایک لایق و ذی وجاہت دیسی عہدہ دار کے زیر انتظام ہوتی ہے۔ شمال ہند مین اس کو تحصیلدار اور جنوب مین اعملت دار کہتے ہین۔

چونکہ ہندوستان ایک وسیع ملک ہے اور ہر صوبہ کے حالات مختلف ہین اس لئے ایک ہی قسم کا انتظام تمام ملک مین جاری کرنا محالات سے تھا۔ بعوض اس کے کہ ہم دور سے تمام ملک سے انتظام کے ناقابل عمل نمونے ڈھونڈتے ہم نے ہر ایک صوبہ مین باستثنا چند ناگزیر تبدیلیون کے قدیم مقامی انتظامات کو قایم رکھا اور انھین پر اپنے انتظام کی بنیاد قایم کی۔ اس انتظام کی خوبی وضع قطع کا دارومدار بہ نسبت دور و دراز صوبجات یعنے کلکتہ و لندن کے زیادہ تر خود اُس صوبہ کی گورنمنٹ سے ہوتا ہے۔ عوام الناس دایسرائے اور اُس کی گورنمنٹ کو بہت کم جانتے ہین۔ فی زمانہ گورنمنٹ آف انڈیا صوبجات کی گورنمنٹ کے انتظامات مین بہت ہی کم مداخلت کرتی ہے اور اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ جو دایسرائے جس قدر زیادہ طایق اور اعلیٰ درجہ کا ہوتا ہے اُسی قدر وہ صوبجات کے انتظامات مین کم دخل دیتا ہے کیونکہ یہ امر ہے کہ صوبجات کی گورنمنٹین اپنے مقامی ضروریات اور مخصوص حالات سے بہ نسبت کلکتہ یا شملہ کی دور دراز گورنمنٹ کے بہت زیادہ اور صحیح واقفیت رکھتے ہیں۔

گورنمنٹ آف انڈیا کا خاص کام انتظامی تفصیلات بتانا نہین ہے بلکہ یہ کہ وہ ہند کی مختلف گورنمنٹون کے نظم و نسق کے نتایج کو نہایت غور و احتیاط سے جانچے۔ اصول نظم و نسق معین کرے۔ اور ان گورنمنٹون کی رہبری کیلئے عام ہدایات نافذ کرے۔ اور جو اہم سیاسی تجاویز اُس کی منظوری کے لئے پیش کی جائین انھین خواہ منظور کرے یا نامنظور۔"

سول سروس ہندوستان کا ضلع بلحاظ رقبہ کے مثل فرانس کے ڈپارٹمنٹ کے ہوتا ہے۔ اور اُس کی آبادی عموماً کم و بیش دس لاکھ ہوتی ہے۔ جن حکام کے سپرد اس ضلع کا انتظام ہوتا ہے۔ وہ سول سروس سے تعلق رکھتے ہین۔ اور ان کی تعداد تمام ہندوستان مین ایک ہزار سے کچھ ہی کم ہے۔ یہی وہ قلیل التعداد جماعت ہے جس کے ذریعہ سے ہندوستان مین انگریزی حکومت قایم ہے۔ ان کا انتخاب نہایت احتیاط سے



(۱۴۳) و (۱۴۴) دہلی و سندھ کے بنے ہوئے مٹی کے مرتبان۔

کیا جاتا ہے۔ اور یہ ایسے لائق عہدہ دار ہوتے ہین جن کی نسبت یقین کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ شاید ان سے بہتر عہدہ دار کسی قوم کے پاس ہون۔ مجھے اس قابل جماعت کے اکثر افراد سے ملنے کا اتفاق ہوا اور مین نہ صرف اُن کی دانائی و فراست اور پختہ معلومات سے حیرت زدہ رہگیا بلکہ سب سے زیادہ اُن کے کیرکٹر یعنے عملی قوت و زندگی اور صائب الرائے ہونے کا مجھ پر اثر پڑا۔ یہ لوگ دور اندیشی لیاقت اور مضبوطی سے ہندوستان پر حکومت کرتے ہین۔

ہندوستان مین انگریزی گورنمنٹ اپنے حکام کو بیش بہا تنخواہین دیتی ہے لیکن اسی کے ساتھ وہ ان سے بہت کام بھی لیتی ہے۔ کچھ زمانہ پہلے ان حکام کا انتخاب بذریعہ نامزدگی ہوا کرتا تھا۔ اُس وقت یہ دیکھا گیا کہ ہندوستان کے صوبجات کے انتظام مین یہ عہدے اکثر ایک ہی خاندان مین باپ سے بیٹے کے طرف منتقل ہوتے تھے لیکن اب یہ نامزدگی عام ہے۔

"بعض بے ضابطہ ہین کا اندراج ہوگیا ہے لیکن سر رچرڈ ٹمپل نے بہت ٹھیک کہا ہے کہ "اس ملازمت کے لئے میں خاص قسم کی لیاقت و ذاتی اوصاف مطلوب ہین محض امتحان اُسکا معیار نہین قرار دئے جاسکتے۔"

داخلہ کا امتحان انگلستان مین ہوتا ہے لیکن اس کے بعد انگلستان کی گورنمنٹ اُس عہدے دار کی مقام تعیناتی یا ترقی سے کوئی تعلق نہین رکھتی۔ یہ کام بالکل ہندوستان کے مقامی گورنمنٹون کا ہے یون یہ سول عہدہ دار پایہ تخت کے انقلابات کے اثر سے بالکل علیحدہ رہکر اپنے فرائض کو استقلال کے ساتھ انجام دئے چلے جاتے ہین۔ اس برگزیدہ جماعت مین شامل ہونا آسان امر نہین ہے۔ عام وسیع تعلیم کے امتحانات دینا پڑتے ہین اور اسی کے ساتھ ہندوستانی زبان کا بھی امتحان لیا جاتا ہے (کیونکہ انگریزی گورنمنٹ اس بات کی قائل نہین کہ کوئی شخص کسی قوم پر بلا اُس کی زبان سے واقف ہوئے حکومت کرسکتا ہے) اس کے بعد امیدوار ایک محدود زمانہ تک خاص طور پر جانچا جاتا ہے تاکہ اُسکی عملی و اخلاقی قوت و لیاقت کا اندازہ ہوسکے۔ تب وہ سول سروس مین شامل کرلیا جاتا ہے اور اُس کی

تنخواہ ۹۰۰۰ فرانک سے ۱۰۰۰۰ فرانک سالانہ تک (یعنے ۱۳۷۰۰ روپیہ سے ۱۸۷۰۰ روپیہ سالانہ تک) بلحاظ اُس صیغے کے جس کے لئے وہ موزون سمجھا گیا ہے مقرر ہوتی ہے۔ چار برس کے بعد وہ ایسی خدمت کا مستحق ہو جاتا ہے جس کی تنخواہ ۱۰۰۰۰ فرانک سے ۲۲۰۰۰ فرانک سالانہ تک (یعنے ۱۳۷۰۰ روپیہ سے ۳۰۰۰۰ روپیہ سالانہ تک) پہونچتی ہے۔ آٹھ سال کی ملازمت کے بعد جب اِس کی عمر اقلاً ۳۰ سال کی ہوتی ہے اور اُس کی لیاقت و قابلیت کا پوری طرح سے اندازہ ہو جاتا ہے تو وہ ایسی جگہہ کی اُمید کر سکتا ہے جس کی آمدنی ۵۰۰۰۰ فرانک (یعنے ۳۱۰۰۰ روپیہ سالانہ) تک ہوتی ہے۔ اور رفتہ رفتہ وہ ایک لاکھہ فرانک (یعنے ۶۲۰۰۰ روپیہ) سالانہ یا اس سے بھی زیادہ آمدنی کی معزز خدمت تک پہونچ سکتا ہے۔ اپنی کارگذاری کی اِس حد تک پہونچنے کے بعد اگر وہ کوئی نئی زبان خاصکر عربی فارسی۔ یا سنسکرت کا امتحان پاس کرلے تو ایک کثیر رقم کا صلہ اُس کو ملتا ہے۔

بائیس سال کی ملازمت کے بعد یعنے جب وہ اقلاً چالیس سال کی عمر پر پہونچتا ہے تو وہ اسبات کا مستحق سمجھا جاتا ہے کہ ۱۵۰۰۰ سے ۲۵۰۰۰ فرانک (یعنے ۹۳۷۵ روپیہ سے ۱۵۶۲۵ روپیہ یا ۶۰۰ پونڈ سے ایک ہزار پونڈ تک) سالانہ وظیفہ حاصل کرکے انگلستان واپس چلا جائے۔[۵]

---

[۵] فوجی افسروں کی تنخواہ بمقابلہ سول حکام کے بہت تھوڑی ہوتی ہے مگر چونکہ اِن کی ترقی بہت تیزی سے ہوتی ہے اسلئے امیدواروں کی تعداد فوجی ضروریات کے لحاظ سے بہت کافی ہوتی ہے۔ گو اِن کی آمدنی نسبتاً کم ہے لیکن اس کے مقابلہ میں جوانیں یورپ میں ملتا ہے بہرہی بہت زیادہ ہے۔ ایک معمولی سارجنٹ (جمعدار) کی تنخواہ پندرہ سو فرانک (یعنے ۹۳۷ روپیہ) سالانہ ہوتی ہے لفٹنٹ کو ۲ ہزار فرانک (یعنے ۱۲۵۰ روپیہ) سالانہ اور کپتان کو ۲۰ ہزار فرانک (یعنے ۱۲۵۰۰ روپیہ) سالانہ اور لفٹنٹ کرنل کو ۳۰ ہزار فرانک (یعنے ۱۸۷۵۰ روپیہ) سالانہ ملتا ہے۔ کرنلوں کی تنخواہیں مختلف ہیں۔ زیادہ سے زیادہ ایک لاکھہ فرانک (یعنے ۶۲۵۰۰ روپیہ) سالانہ کر مواجب تک بھی ایک کرنل پہونچ سکتا ہے بشرطیکہ وہ کمشنری یا کسی ریاست کی ریذیڈنسی کی خدمات انجام دیتا ہو۔ راقم کتاب جسوقت راجپوتانہ میں سفر کر رہا تھا تو اسی قسم کا ایک کرنیل دہلی کمشنری کی خدمات عارضی طور پر انجام دے رہا تھا۔

ماتحت دیسی عملہ

ان انگریز سول حکام کے ماتحت ہزارون لاکھون دیسی منشی وعمال ہوتے ہین لیکن ان کو اپنی محنت کا معاوضہ بہت کم ملتا ہے۔ ان کی تنخواہ عموماً تیس چالیس روپیہ سے کم متجاوز ہوتی ہے لیکن ایک دیسی کے لئے یہ بھی بہت ہے۔ عوام الناس دیسی رعایا کو زیادہ تر اسی عملہ سے کام پڑتا ہے۔ اور چونکہ یہ ماتحتین عمال دیسیون کی ضرورتون۔ خیالات۔ خو بو اور اُن کے نظامات سے جو ہر صوبہ مین کسی قدر مختلف ہین خوب واقف ہوتے ہین اس لئے وہ اپنے کار مفوضہ کے لئے نہایت موزون ہین۔ یون ہر ایک صوبے و ضلع کا انتظام قدیم دستور پر چلا جاتا ہے۔

انگریزی انتظام کا ایک اصول

ہم دیکھہ سکتے ہین کہ انتظامی کل کیسی مکمل اور سادہ ہے جبکہ دوسری اقوام یورپ اپنے مقبوضات کے انتظام کے لئے ایک کثیر جماعت ہر درجے کے حکام کی اپنے ملک سے بھیجنا پسند کرتی ہین جو دیسیون کی زبان۔ رسومات وعادات۔ وآداب واخلاق سے محض نابلد ہوتے ہین اور قدم قدم پر اس بات پر ٹھوکر کھاتے ہین کہ اپنے محکوم دیسی رعایا کے محسوسات کو رنجیدہ نہ کرین انگریزی گورنمنٹ اپنے مقبوضات کے انتظام کے لئے خود وہین کے دیسی عہدہ دارون اور مقامی مجسٹریٹون سے کام لیتی ہے اور یون اُس ملک کے قوانین ورسومات پورے طور پر محفوظ رہتے ہین۔ اعلیٰ حکام جو دیسی ماتحت عہدہ دارون وعمال کے کام کے نگران ہوتے ہین اُن کو ایسی بیش بہا تنخواہین ملتی ہین کہ وہ بشکل بددیانت ہو سکتے ہین۔ اُن کے انتخاب مین نہایت احتیاط اور سختی برتی جاتی ہے اور اُن سے یہ امید کیجاتی ہے کہ وہ اپنی پوری طاقت وتوجہ سے اپنے فرائض انجام دین۔ سول حکام بیس سال تک مسلسل ایک ہی صوبے میں رہتے ہین اور اُس کے کوے کوے سے واقف ہو جاتے ہین۔

ممکن ہے کہ کوئی شخص اس طریقہ انتظام پر جو مفتوحہ اقوام کے نظامات ورسومات مین دست اندازی نہین کرتا اس مفروضہ اصول کے بنا پر اعتراض کرے کہ فاتح اقوام کو اپنے مفتوحہ اقوام مین خواہ وہ اس کو پسند کرین یا نہ کرین۔ اپنے تمدن کے فوائد پھیلانا لازمات سے ہے۔ مگر مین معترض کے اس غلط اصول

کا ہرگز قائل نہین ہوسکتا اور مجھے اس مین ذرا بھی شک نہین کہ کسی نوآبادی کے قایم رکھنے کے لئے ایسا اصول عملی طور پر بالکل ہی ناموزون ہے۔

جب ہم نے اپنے ہندوستان کے بقیہ مقبوضات اور دیگر نوآبادیون مین اپنے جمہوری نظامات یعنے عام مساوات۔ عام حق انتخاب۔ اور مجلس حکومت مین اپنے وکیل منتخب کرنیکا حق وغیرہ جاری کئے تو ہم سمجھے کہ ہم نے بہت اچھا کیا۔ مگر ان حضرات کو جو ہماری نوآبادیون کے اعلیٰ مگر غیر مانوس انتظام پر عش عش کرتے ہین افسوس نہ کرنا چاہیے کہ ہم لوئی پانزدہم کے عہد مین ہندوستان کھو بیٹھے اپنے ان اعلیٰ اصولون کو وسیع جزیرہ نمائے ہند مین جاری کرنے کا نہ صرف یہ نتیجہ ہوا کہ وہ ملک بہت جلد ہمارے ہاتھ سے نکلگیا بلکہ سب سے زیادہ مصیبت یہ ہوئی کہ ایک خونخوار طوائف الملوکی پیدا ہوگئی۔

کوئی سیاح جب برٹش انڈیا مین سفر کرنے کے بعد پانڈیچری پہونچتا ہے تو اس کو سخت حیرت ہوتی ہے کہ اس فرانسیسی مقبوضہ مین دیسی لوگ یورپی لوگون کا اس قدر ادب نہین کرتے جیسا کہ عموماً برٹش انڈیا مین دیکھا جاتا ہے۔ ہم تو اپنے دل مین یہ سمجھکر خوش ہو لیتے ہین کہ ہم دیسی لوگون سے جن کی حالت ہنوز ازمنہ متوسط کے مخلوق کی سی ہے۔ نہایت فیاضانہ برتاؤ کرتے ہین کہ ان کو زمانہ حال کی ترقی یافتہ قومون کے نظامات عطا کرتے ہین مگر دیسی اس رعایت کے یہ معنے لیتے ہین کہ ہم گویا ان سے ڈرتے ہین۔ یون ہم اپنا رعب و داب کھو بیٹھتے ہین۔ اگر ہمین اپنے اصول مساوات یہان تک عزیز ہین کہ بلا ان کے ہم نہین رہ سکتے تو ہم کو اختیار ہے۔ لیکن ہم اس بات کو خوب یاد رکھین کہ جب تک ہم ان اصول پر عملدرآمد کرنا چاہتے ہین تب تک ہمین نوآبادیان قایم کرنے کا خیال دل سے محو کر دینا چاہیے۔[۵]

[۵] ۔ ہمارا ایک دیرینہ افسر مسٹر جے ہارسٹ جو عرصہ تک مدراس مین کونسل ممبر رہچکا ہے کہتا ہے کہ مجھے اکثر ہندوستانیون سے اس مسئلہ پر گفتگو کرنے کا موقع ہوا جب وہ اس بات کو سنتے ہین کہ ہمنے دیسیون کو ووٹ دینے کا اپنے نائب منتخب کرنیکا حق عطا فرمایا ہے تو وہ سخت متعجب ہوتے ہین۔ ان کو یہ بات کاغذ ہی پر یقین نہین ہوتا کہ ہمنے مقبوضات پانسو میل دور اور چند مٹھی بھر یورپی اپنے نائب مجلس حکومت کیسے خود منتخب کرتے ہین۔ وہ سمجھتے ہین کہ یہ جو ہم فرانسیسیون کی کوئی پراسرار چال ہے۔ مجھے ان کا شک رفع کرنے کیلئے اکثر سرکاری کاغذات دکھانا پڑے تب ان کو یقین آیا۔

انگریزی انتظام کے نتائج جس انگریزی انتظام سے ہند کی قسمت وابستہ ہے اگر ہم اُسکے نتائج معلوم کرنا چاہیں تو گذشتہ چالیس سال کے سرکاری اعداد پر نظر ڈالنے سے بآسانی معلوم کرسکتے ہیں۔ درحقیقت یہ کامیاب نتائج عجیب و غریب ہیں۔ اور جب ہم بقول مسٹر ہائنڈمین دیکھتے ہیں کہ ان نتائج کے حاصل کرنیمیں ممالک متحدہ انگلستان کی ایک پائی بھی صرف نہیں ہوئی تو ہماری حیرت اور بھی بڑھجاتی ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ سکریٹری آف اسٹیٹ فار انڈیا یعنے وزیر ہند کی تنخواہ بھی جو انگلستان میں رہتا ہے ہندوستان ادا کرتا ہے۔ ہندوستان ہی گورے سپاہیوں کی جو ہندوستان میں رہتے ہیں بندوق و سنگین کا خرچ اُٹھاتا ہے حتی کہ جب ہندوستانی فوج ہندوستان کی حدود کے باہر کسی جنگ پر بھیجی جاتی ہے تو وہ خرچ بھی ہندوستان ہی سے لیا جاتا ہے۔

ہندوستان کی آبادی جو آبادی براہ راست انگریزی انتظام کے تابع ہے اُسکی تعداد ۲۲ ملین[۵] (یعنی ۲۲ کروڑ الاکھ) ہے اور دیسی ماتحت ریاستوں کی تقریباً ۶۶ ملین (یعنے تقریباً ۷ کروڑ) ہے یکل آبادی تقریباً ۸۸ ملین (یعنے تقریباً ۲۹ کروڑ) کے ہوتی ہے۔ اس ۲۹ کروڑ مخلوق میں ۵ لاکھ سے کسیقدر کم وہ مخروج لوگ ہیں جو یورپی و دیسی میل سے پیدا ہوگئے ہیں اور یورشین کہلاتے ہیں۔ یہ مخروج نسل بیشتر اُس زمانہ کا نتیجہ ہیں جب انگریز و دیسی لوگوں میں باہمی ربط و ضبط بمقابلہ زمانہ حال کے بہت زیادہ تھا لیکن اب یہ روز بروز گھٹتے جاتے ہیں۔

فوج کی تعداد ہندوستانی گورہ فوج تقریباً ۷۴ ہزار ہوتی ہے اسکے علاوہ ایک لاکھ پینتالیس ہزار دیسی سپاہ ہے جسکے اعلیٰ افسر تمام و کمال انگریز ہیں۔ ۱۴۵۰۰۰

حاصل خرچ جو ہندوستان کے لوگ ادا کرتے ہیں اُسکی تعداد تقریباً ۲۴۵ ملین فرانک[۵ب] ہے جس میں سے ۶۲۵ ملین فرانک زمین کے محصول سے وصول ہوتا ہے اور ۱۷۶ ملین افیون سے ۲۲۰ ملین فرانک نمک سے اور ۳۴۵ ملین فرانک ریلوے سے ۱۱۸ ملین فرانک چونگی سے اور ۱۴۲ ملین

---

[۵] ۱۹۱۱ء کی مردم شماری یہ ہوگئی ہے۔

[۵ب] ایک فرانک ۹ر۱ کا ہوتا ہے۔

متفرق مدات سے[۵۱]۔

خارج ہندوستان کی فوج پر تقریباً ۶۳۰ ملین فرانک صرف ہوتا ہے۔ پبلک قرضہ ہندوستان پر تقریباً ۱۹ ہزار ملین فرانک کے ہے۔ آمین سے تقریباً ایکہزار ملین فرانک وہ ہے جو ۱۸۵۷ء کے غدر کے فرو کرنے مین صرف ہوا۔ اور تقریباً ۴۵۰ ملین فرانک گذشتہ جنگ افغانستان پر خرچ کیا گیا۔

تعمیرات ہندوستان کی بڑی تعمیرات ریلوے۔ سڑکین اور نہرین ہین ریلوے کی وسعت تقریباً ۵۵ ہزار کیلومیٹر[۵۲] ہے اور سڑکین وغیرہ تقریباً ۲۱۲۰۰۰ کیلومیٹر کی وسعت مین پھیلی ہوئی ہین۔

ریلوے سرکار کمپنی کی حکومت کے زمانہ مین ایک خفیف سا ڈہانچہ لائینون کا تھا جسکی مرمت کبھی نہین ہوتی تھی مگر آج ہندوستان کی ریلین تقریباً ۵۵ ہزار کیلومیٹر کی وسعت مین پھیلی ہوئی ہین یعنے ہمارے ملک فرانس کی ریلوے وسعت سے بھی زیادہ ہین نیلی وسعت صرف ۱۴ ہزار کیلومیٹر ہے۔ چونکہ جنگی ضروریات و اہمیت کے لحاظ سے ریلوے لائینون کے بنانے کی ضرورت تھی اسلئے بعوض اسکے کہ یہ لائینین پرائیوٹ سرمایہ سے بنتین اور ہمیشہ کیلئے انھین کے زیر انتظام چھوڑ دیجاتین جیسا کہ تمام انگریزی اقوام کے ممالک مین دستور ہے گورنمنٹ مجبور ہوئی کہ ریلوے بنانے والون کو روپیہ کے سود کی ضمانت دے۔

۵۱۔ اس موقع پر ہندوستان کے وجود و ٹیکسون کا قدیم یورپی حکومتون کے ٹیکسون سے مقابلہ کرنا باعث دلچسپی ہوگا مختلف تحقیقاتون سے جو اس مسئلہ کے متعلق کیگئی ہین واضح ہوتا ہے کہ قدیم یورپی حکومتون مین زمین کا محصول پیداوار پر فی خاندان متوسط تقریباً ۵۰ فیصدی لیا جاتا تھا۔ آبادی کا دارومدار زیادہ تر زمین کے پیداوار پر ہے۔ زمانہ حال مین زمین کا محصول صوبجات کی حالت کے لحاظ سے بہت کچھ مختلف ہے لیکن عموماً محصول پیداوار زمین کے لحاظ فی خاندان متوسط ۱۰ فیصدی پر نسبت سابق کے کم ہے لیکن اسی کیساتھ دوسرے جدید ٹیکس ہر زمانہ حالین عاید کئے گئے ہین اس متوسط کو بڑھا دیتے ہین مگر اسکو مضاعف نہین کرتے اسٹرچی صاحب اسکے متعلق لکھتے ہین کہ ہندوستان مین جہانتک مجھے دریافت کیا ہے کبھی کوئی حکومت ایسی نہین گذری جسنے پیداوار زمین پر اتنا تھوڑا حصہ لیا ہو جتنا ہم لیتے ہین۔ اور اسکا اطلاق ہندوستان کے ہر صوبہ کے متعلق ہو سکتا ہے خواہ وہ ہمیشہ سے کسی گذشتہ حکومت کے اثنت تحایاب بھی دیسی حکومتون کے تابع چلے آتا ہے۔

۵۲۔ ایک کیلومیٹر قریب ۵ فرلانگ یا پون میل کے مساوی ہوتا ہے ۱۹۱۱ء کی ریلوے رپورٹ کے موافق اب یہ وسعت بہت بڑھ گئی ہے۔

تجارت جزیرہ نمائے ہند کی کل تجارت اسوقت قریباً ۹ ہزار ملین فرانک تک پہونچتی ہے۔ اشیاء برآمد کی تجارت قریباً ۲۶۵ ملین فرانک کے ہے اور درآمد قریباً ۱۶۵۷ ملین فرانک ہے۔ گذشتہ چند سالوں سے ہندوستان کا برآمد بہ نسبت درآمد بہت بڑھ گیا ہے۔ برآمد کی یہ زیادتی اُس روپیہ کے باعث سے ہے جو ہندوستان کو اپنے انتظام فوج و نیز بطور سود کے انگلستان کو سالانہ ادا کرنا پڑتا ہے یہ سود اُس سرمایہ کا ہے جو ہندوستان کی ریلوے وغیرہ میں انگریزوں کا لگا ہوا ہے۔ اس رقم کثیر کو ایک قسم کا خراج سمجھا جا سکتا ہے مگر اقتصادی پہلو سے یہ کثیر نا گذیر صرف ڈانواں ہندوستان سے باہر نکلا چلا جانا ہندوستان کیلئے مصیبت عظیم ہے۔

برآمد کی خاص اشیا یہ ہیں۔

کپاس ۵۸۷ ملین فرانک افیون ۲۳۱ ملین فرانک غلہ ۲۱۴ ملین فرانک

ڈالین و تخم روغن ۲۹۱ " سن ۲۸۸ " چاء ۱۶۵ "

اشیاء درآمد میں خاص طور پر کلون کی بنی ہوئی اشیا قابل ذکر ہیں اور اِن کی تقسیم یہ ہے۔

سوتی کپڑے ۵۷۴ ملین فرانک فلزی اشیا اور ۲۱۰ ملین فرانک شکر ۶۵ ملین

سوتی مصنوعات انگلستان سے آتی ہیں کیونکہ ہندوستان کے سوتی کارخانہ بسبب اپنی بدانتظامی کے ولایتی سامان کا مقابلہ نہیں کر سکتے لیکن ہندوستانیں بھی اب سوتی کپڑے طیار کرنیکے کارخانے بڑھنے لگے ہیں اور سوتی مال قریباً (۱۷۲ ملین فرانک سالانہ) کا چین، شرقی افریقہ اور عربستان کو جانے لگا ہے چین کا ملک جسطرح انگلستان کا خریدار ہے اسیطرح ہندوستان کا بھی وہ بڑا خریدار ہے اور یہ ساری تجارت بندر ہانگ کانگ کے راستہ سے ہوتی ہے۔

اشیاء برآمد کی تجارت تقریباً بالکل سمندر کے راستہ سے ہوتی ہے اور سالانہ ۱۲ یا ۱۳ ہزار جہاز ہندوستان کے بنادر کا دورہ کرتے ہیں۔ انمیں سے ۸۵ فیصدی ہمارا نگریزوں کے ہوتے ہیں۔

ہند کی سیاست کے فائدے ہندوستان کے اعداد کا یہ نمونہ خاکہ جو ہم نے پیش کیا ہے اس سے ناظرین کو ہندوستان

ے۔ اب کل یہ تجارت ان اعداد سے بہت زیادہ بڑھ گئی ہے۔

کی اصلی حالت کا اندازہ کسیقدر ہو سکتا ہے جیسا کہ ہمنے بارہا کہا ہے یہ اعادہ کرتے ہین کہ ہندوستان ہر لحاظ سے ایک عجیب و غریب مدرسہ اور تجربہ حاصل کرنے کا کارخانہ ہے۔ اسکی سیر و سیاحت سے نہ صرف ملکون کے مدبرین و منتظم بہت کچھ سبق اخذ کر سکتے ہین بلکہ وہ بھی جنکو نوآبادیون اور اُنکے متعلق امورات مثلاً جنگی مہمات وغیرہ سے دلچسپی ہے کثیر استفادہ حاصل کر سکتے ہین

مسٹر ہارنبڈ جو عرصہ دراز تک ہندوستان مین کونسل جنرل اور انڈوچین کے گورنر رہ چکے ہین اور ہندوستان و انڈوچین کے حالات سے گہری واقفیت رکھتے ہین اپنی ایک تصنیف مین نہایت مدلل طور سے اسبات پر زور دیتے ہین کہ ایک فرانسیسی شخص کو ہندوستان کی سیاحت ضرور کرنا چاہیئے۔ اس ملک کے مطالعہ سے اسکو نہ صرف دیسیون پر حکومت کرنیکے اصول جنکا سمجھنا لاطینی اقوام کے دماغ کیلئے نہایت ہی مشکل ہے سمجھنے مین آسانی ہوگی بلکہ انگریزی قوم کے بہت سے بیش بہا تجربے مختلف مسائل کے متعلق اسکے ہاتھ لگ جائینگے جنمون نہایت جانفشانی و محنت سے اس ملک مین حاصل کئے ہین مثلاً ریلون کی تعمیر اور انکا انتظام گورہ سپاہیون کیلئے گرم ملک مین بارکون اور ہسپتالون کا تعمیر کرنا۔ سرکاری کچہریون کا بنانا۔ فوجونکی حفظان صحت اور زراعت وغیرہ کا انتظام اس مطالعہ سے ایک بہت بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ ہماری نوآبادیون کے بجٹ یعنی سالانہ موازنہ بنانے مین ملکون مدہ پیکی کفایت نکل سکیگی۔ انگریزون نے اپنی نوآبادیون کو جنگی مہمات بھیجنے اور گرم ملک مین اپنے سپاہیون کی صحت قایم رکھنے کے انتظام مین خاص طور پر بہت ترقی کی ہے جیسا کہ اونکے مہمات ابی سینیا و سوڈان وغیرہ سے ثابت ہو چکا ہے۔ اگر ہم بھی ہندوستان مین قواعد حفظان صحت کے موافق اپنی ٹڈیغاسکر والی مہم کا انتظام کرتے تو اغلب ہے کہ بجائے پانچہزار آدمیون کے نقصان کے جو ان بیماری کا شکار ہوگئے پانچسو آدمیونکا بھی نقصان نہوتا۔ نوآبادیون اور اُنکے مہمات و انتظام کے متعلق جو نقصانات ایک اجنبی شخص کو اپنی ناواقفیت کی وجہ سے اُٹھانا پڑتے ہین بدنصیبی سے ہمارا وہی حال ہے۔

شکل مسائل

ہندوستان کے بعض انگریز افسرون مین کہ ہندوستان کے موجودہ حکمرانون کو بہت سی مشکلات درپیش رہتی ہین اور بعض اپنی فائق خبرداری و عقلمندی سے نئے نئے مسائل پر مسلسل غور و فکر کرنیکی بدولت ان مشکلات پر غالب آتے ہین۔

آبادی کے بشدت بڑھنے کا خطرہ

ان مشکلات مین غالباً سب سے مقدم آبادی کے غیر معمولی سرعت سے بڑھنے کا مسئلہ ہے۔ اگر کسی ملک کی مرفہ الحالی کا معیار آبادی کے بشدت اور جلد بڑھنے کو قرار دیا جائے تو کہا جاسکتا ہے کہ ہندوستان دنیا کا سب سے زیادہ خوشحال ملک ہے کیونکہ اس کی آبادی بڑھنے کی رفتار دنیا کے تمام ممالک سے بڑھی ہوئی ہے۔ مگر مجھے اس معیار کی صداقت کے متعلق بہت شک ہے ہندوستان کی آبادی جو ۱۸۰۰ء مین ۱۰ کرور تھی ۱۸۴۱ء مین قریباً ۱۵ کرور ہوگئی اور ۱۸۹۱ء مین دیسی ریاستون کی آبادی ملاکر اس کی تعداد ۲۲ کرور سے اوپر پہونچ گئی۔ صرف پچاس برس کے اندر باوجود قحطون اور وباؤن کے جس مین وقتاً فوقتاً لاکھون مخلوق تلف ہوجاتی ہے قریباً ۶ کرور ۲۰ لاکھ کا اضافہ ہوگیا۔ اس ترقی سے بعض عالمان علم الاقتصاد کیلئے خوش ہونے کا موقع تھا اگر اس فن کے دوسرے ماہرین یہ نہ دکھا دیتے کہ بعض ایسے وسیع غیر آباد ممالک بھی ہیں جیسے امریکہ مگر وہان یہ ثابت ہوا ہے کہ صرف غریب آبادی میں چوہون کی طرح جلد بڑھنے کی خاصیت پائی گئی ہے۔ جیسا کہ مین نے اوپر کہا ہے پھر اعادہ کرتا ہون کہ آبادی کا مسلسل طور پر بڑھتے جانا ہندوستان کے انگریزون کیلئے ایک سخت تشویش کا امر ہے۔

لارڈ ڈفرن جو کچھ عرصہ قبل ہندوستان کے وائسرائے تھے اس مسئلہ کے متعلق یہ لکھ گئے ہین کہ "یہ امر ہم سب کیلئے سخت قابل توجہ ہے کہ یورپ کے ان ممالک مین جہان آبادی نہایت گنجان ہے وہان فی مربع میل چار سو سے پانچسو آدمی تک بستے ہین لیکن جب ہم ہندوستان کے بعض حصون پر نظر ڈالتے ہین جہان اتنے ہی رقبہ پر سات سو سے لیکر آٹھ سو نفوس تک پائے جاتے ہین تو کس قدر زیادہ خطرہ کی اہمیت کا نقشہ ہماری آنکھون کے سامنے پھر جاتا ہے۔ اس حالت کے لئے صرف ۲ علاج ہین اول ملک کی صنعت و حرفت کو ترقی دینا اور دوسرے ہجرت کرانا۔ لیکن ان علاج کا استعمال گرانا گورنمنٹ کے اختیار سے باہر ہے۔"

اگرچہ ہندوستان کی آبادی نہایت مفلس ہے تو بھی عموماً وہ اپنے حال پر قانع ہے۔ زیادہ تر مخلوق

دیہات مین رہتی ہے۔ ہندوستان کے نصف سے زیادہ مواضعات ایسے ہین جن کی آبادی فی موضع بمشکل ۲۰۰ نفوس ہوتی ہے جزیرہ نما ہند مین بڑی آبادیان ایک جگہ پر بہت کم آباد نظر آتی ہین۔ ایسے شہر ۵۰ سے زیادہ نہون گے جن کی آبادی ۵۰ ہزار نفوس کی ہے۔ اس آبادی کی غذا تقریباً سبزی ترکاری ہے۔ جن خطون مین چاول پیدا ہوتا ہے اوران کی وسعت نسبتاً کم ہے۔ وہان کے لوگون کا گذران چاول پر ہوتا ہے لیکن ہندوستان کے بڑے رقبے کی غذا زیادہ تر جوار، باجرہ، مکہ وغیرہ ہوتی ہے جس کو دال کے ساتھ کھاتے ہین۔ عموماً صرف مسلمان ہی کبھی کبھی گوشت کھاتے ہین۔

زراعت ہی درحقیقت ہندوستان کے لوگون کی پرورش کا بڑا ذریعہ ہے۔ اور یہی سبب ہے کہ قحط و خشک سالی کا اثر یہان نہایت ہولناک ہوتا ہے۔ معمولی موسمون مین سالانہ دو فصلین پیدا کی جاتی ہین مختلف غلون کو اول برلکر کھیتون مین بوتے ہین۔ مثلاً ایک فصل مین اگر کسی کھیت مین ایک شے بوئین گے تو دوسری فصل مین کوئی دوسری چیز۔ ہندوستان کا زراعتی طریقہ یہ ہے کہ کسان چھوٹے چھوٹے قطعہ زمین پر کاشت کرتے ہین۔ یہ زمین یا تو چھوٹے چھوٹے مالکان زمین کے قبضہ مین ہوتی ہے یا کرایہ دار کسانون کے۔

دیسی ریاستون | اس ۲۲ کرور آبادی کے ماسوا جو براہ راست انگلستان کے زیر حکومت ہے ہندوستان مین قریباً ۷ کرور آبادی دیسی ریاستون کے ماتحت ہے جن پر خود مختار راجے مہاراجے نواب حکومت کرتے ہین۔ گرچہ جہان تک کہ پولیٹیکل معاملات کا تعلق ہے یہ ریاستین بھی انگلستان کے زیر اثر ہین۔ ان ریاستون کا رقبہ بہ نسبت اُن کی آبادی کے بہت زیادہ اہمیت رکھتا ہے کیونکہ ان کا رقبہ جزیرہ نما ہند کا ۵/۲ ہے۔ ان کا محاصل قریباً ۴۰ ملین فرانک کے ہے اور ان کی نو مین ۳۵ لاکھ نفوس تک پہونچتی ہین اور قریباً چار ہزار توپین ہین۔

یہ دیسی ریاستین بلحاظ رقبہ کے مختلف ہین ان مین سے بعض کا رقبہ مثل نظام حیدرآباد کے اٹلی کی

سلطنت کے برابر ہین اور جس کی آبادی تقریباً ایک کرور ہے اور محاصل قریباً ۳۰ ملین فرانک سالانہ کے ہے۔ مگر کاٹھیاوار مین بعض ایسے راجہ بھی نظر آتے ہین جن کی حکومت صرف ایک گاؤن پر محدود ہے۔ بعض ایسے سوبہ بھی ہین۔ مثلاً برار جہان راجہ کا خطاب اسی طرح محض اعزازی ہے جس طرح یورپ مین ڈیوک اور بیرن کا لقب ہے۔

ان دیسی حکمرانون کے اختیارات اپنی رعایا کے انتظام کے متعلق قریب قریب خودمختارانہ ہین لیکن اُن عہدنامون کی رو سے جو انگلستان کے ساتھ ہین ان کے اختیارات بعض امورات مین محدود کردیے گئے ہین۔ مثلاً یہ کہ وہ اعلان جنگ نہین کرسکتے۔ غیر حکومتون کے پاس اپنے سفیر نہین بھیج سکتے اور بلا اجازت برٹش گورنمنٹ کے کسی یوروپی کو اپنی ریاست مین رکھ نہین سکتے۔ بڑی بڑی ریاستون مین ایک انگریزی نائب بھی رہتا ہے۔ اُس کا کام صرف سفارتی ہے اور بجز استثنائی موقعونکے اُسکو ریاست کے معاملات مین مداخلت کی اجازت نہین ہے۔ ان دیسی حکومتون مین سے بعض انگلستان کو خراج ادا کرتی ہین اور بعض کچھ نہین دیتی ہین۔ بجز ایک یا دو جدید ریاستون کے جن کا وجود انگریزی عہد مین ہوا ہے بقیہ ریاستون پر عموماً وہ خاندان حکمران ہیں جو مغلیہ سلطنت کے زوال کے ساتھ ساتھ پیدا ہوگئے۔

فصل دوم ہندوستان مین انگریزی تعلیم

ایک نہایت عجیب مضمون جو ہندوستان کے مطالعہ کرنے والے کیلئے باعث دلچسپی ہے اور جس پر ابتک بہت ہی کم توجہ مائل کی گئی ہے ہندوستان مین انگریزی تعلیم کے نتایج ہین۔ اگر ہم دیکھنا چاہین کہ ایسی

۵۔ ۱۹۱۱ء کی مردم شماری سے ایک کرور ۲۰ لاکھ ہے۔

اعلیٰ تعلیم جو ایک اعلیٰ قوم کی ضرورتون کے لئے موزون ہو جب اُسے کسی ادنیٰ قوم کو جیسے کہ ہندو ہین دیجاے تو اُس کے کیا نتائج ہون گے۔ تو یہ ہم ہندوستان مین دیکھ سکتے ہین۔ یہان اِس قسم کی تعلیم کا ایک ایسے وسیع پیمانے پر تجربہ کیا گیا ہے جس کی کوئی نظیر تاریخ مین نہین ملتی۔ یہ نتائج اُن تمام قومون کے لئے جو نوآبادیان قایم کرنے اور خاصکر اُن کو قایم رکھنے کی خواستگار ہون نہایت دلچسپ ہین۔

اگر ہم یوروپی ہندوستان کی موجودہ حالت کا صحیح اندازہ کرنا چاہین تو یون سمجھ لین کہ ایک ایسے ملک پر جو ازمنہ متوسط کی حالت مین ہے ایک نئی دنیا حکومت کر رہی اور اُس کو نئی تعلیم دے رہی ہے۔ ہندوستان مین دو قسم کی تمدنی و معاشرتی حالتین نظر آتی ہیں جن کی نسبت کہا جا سکتا ہے کہ اِن کے مابین ایک بہت بڑا فرق ہے۔ اُن کے محسوسات علیحدہ ہین خیالات علیحدہ ہین اور اُن کی ضروریات و اعتقادات بھی جداگانہ ہین۔ علم المعاشرت کا مثل علم تاریخ موجودات کے یہ مسلمہ اصول ہے۔ کہ نفس ناطقہ یا جسم ایک ابتدائی حالت سے اعلیٰ حالت پر بلا تمام درمیانی سیڑھیان یا مدارج طے کئے ترقی نہین کر سکتا یہی حالت تعلیم اور نظامات کی ہے۔ جو تعلیم و نظامات ایک قوم کی ضرورتون کے ضرور ہین وہ اُسی کیلئے موزون ہوتے ہین نہ کہ دوسری قوم کے۔

ہندوستان مین انگریزی تعلیم جاری کرنیکے اسباب اور اُسکے نتایج۔

انگلستان کے بعض پراٹسٹنٹ پادریون کی شہ پکار اور بعض بہی خواہ انسان اشخاص کے دلائل کی وجہ سے جو انگلستان کی مجلس وزرا مین تھے، نیز سب سے زیادہ ہندوستان کے انتظام کے لئے کثیر التعین عمال کی سخت ضرورت کے باعث انگریزون نے یہ فیصلہ کیا کہ ہندوستان مین یوروپی طرز کے مدارس کھولے جائین جنمین دیسیون کو تعلیم دیجاے انمین انگریز معلم ہون اور ان کا نصاب تعلیم یوروپی طرز کا ہو۔

گذشتہ چالیس پچاس سال مین اِس تعلیم کے پیالے بڑی مقدار مین دیسیون کو پلاے گئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک انوکھا جدید فرقہ ملک مین پیدا ہو گیا جو بابو یا انگریزی تعلیم یافتہ کے لقب سے مشہور ہے۔ ان کا

(۱۴۵) سندھ کی منقش اینٹ۔

شمار آج کل ہزاروں پر پہونچ گیا ہے اور یہ روزانہ بڑھ رہے ہیں۔

جدید تعلیم میں متعلمون کے دماغی حالت کی رعایت نہیں رکھی گئی

بابو ایک عجیب برزخ ہے۔ اُس کی دماغی و اخلاقی حالت عجیب قسم کی ہے ہم اُس کے مطالعہ سے معلوم کر سکتے ہیں کہ یہ ایک قسم کی مصنوعی قوم کا فرد ہے جسکے خصائص نہایت عجیب ہیں۔ بابو پر گہری نظر ڈالنے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ تعلیم جس کو ہم زمانہ حال میں تمام برائیوں کا علاج سمجھے ہوئے ہیں جب بلا رعایت متعلمون کے دماغ کے دیجائے تو کیسے بُرے نتائج اُس سے ظہور میں آتے ہیں۔

بابو کی دماغی حالت

دماغی اور اخلاقی حالت کی لحاظ سے بابو کی مثال ایک ایسے جانور سے دیجا سکتی ہے جس کا قطب نما گم ہو گیا ہو۔ جو الفاظ اُس کے دماغ میں جمع ہو گئے ہیں وہ اُس کے سامنے ایسے خیالات کے مترادف ہیں جو اُس کی سمجھ کے لئے اجنبی اور نامانوس ہیں۔ اس کو یوں سمجھو کہ اگر تم کسی شخص کو کسی شے یا خیال کی حد تعریف بتاؤ تو وہ اُس کو اُس وقت تک نہ سمجھ سکے گا جبتک کہ اُسکے متخیلہ میں اُس شے یا اُس کے مماثل شے کا کچھ نہ کچھ ذہنی وجود یا صورت پہلے سے موجود نہ ہو۔ بیچارے بابو کی مثال نئی دنیا کے متعلق جہاں اُس کی رسائی تعلیم کے ذریعہ سے ہوئی ہے بالکل ویسی ہی ہے جیسے کہ کسی اندھے کو کوئی شخص رنگون کی تعریف لفظون سے بتائے۔ اُس کے خیالات کی پراگندگی پر یہ ستزاد ہے کہ وہ بلا تسلسل خیال و بلا وقفہ بکواس کرنے کا عادی ہے۔ ریلوے پلیٹ فارم پر اگر کوئی اجنبی یورپی جس کو اُس نے پہلے کبھی نہیں دیکھا اُس سے سنجیدگی سے کوئی سوال پوچھے تو بابو صاحب بیساختہ و بلا انتظار جواب اُس سے بات چیت کرنا شروع کر دینگے مثلاً وہ پوچھینگے کہ آپ کو شیکسپیر پسند ہے یا پوسان ڈے ٹریل؟ کیا ملکہ انگلستان کبھی شیر کا بھی شکار کرتی ہیں؟ ایک یورپی عالم کتنے روپیہ کما سکتا ہے؟ اور آپ اپنے بچون کو کونسا پیشہ سکھائینگے؟"

کوئی بات ایسی متعجب کرنے والی نہیں جیسی کہ بابو کے غیر مسلسل و پراگندہ خیالات کی روانی۔

اُس کے بے مہار ذہن مین وشنو۔ شیو۔ مُشتری۔ پرنس آف ویلز۔ یونان وروم کے مشاہیر قدیم جمہوری ریاستین۔ موجودہ بادشاہتین۔ اور اسی قسم کے صدہا غیر مسلسل و پراگندہ خیالات اِس طرح پراگندہ ہین جیسے فضائی ذرے جنکو ہوا جدہر چاہتی اُڑائے لئے پھرتی ہے۔ جدید خیالات کی تعبیر وہ اپنے قدیم موروثی خیالات کے مطابق جو اس کے ذہن مین بیٹھے ہوئے ہین اور جس تک اُس کی رسائی ہے کرتا ہے۔ اور اِس پر طرہ یہ ہے کہ وہ اِس نئی تعلیم کی بدولت قدیم خیالات کو بھی ٹھیک طور پر نہین سمجھتا۔ اِس مضمون کے متعلق ہم ایک عقلمند اور معتدل مزاج انگریز مصنف کی راے نقل کرتے ہین۔ وہ لکھتے ہین کہ

"مجھے اُس تعلیم کے نتائج ہندوستان مین دیکھنے سے سخت مایوسی ہوئی ہے جو ہم نے ہندیون کو دی ہے۔ ایسے شخص جن پر درحقیقت تعلیم یافتہ ہونے کا اطلاق ہو سکے خال خال ہین۔ بہت سے نیم تعلیم یافتہ ہین اور کثیر التعداد ناقص تعلیم یافتہ اور ڈانوان ڈول حالت مین ہین۔ بالجملہ پڑھا تو بہت ہے لیکن چونکہ اس کے خیالات بے شمار ہین اِس لئے اُن مین بے ترتیبی پائی جاتی ہے۔ عموماً وہ بکواسی ہوتا ہے۔ کہا جا سکتا ہے کہ اُس کو سوء ہضمی کی بیماری ہے۔ کیونکہ وہ مجبور ہے کہ جو بے شمار الفاظ اُس نے سیکھے ہین اور اُسے ہضم نہین ہوئے وہ اُن کو ہر وقت باہر نکال پھینکتا رہے اُس کے قول فعل سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ گویا بالکل اُن کا ذمہ دار نہین۔ وہ اپنی اداری زبان پر چندان توجہ نہین کرتا اور اپنے لٹریچر۔ فلسفہ و مذہب کو ناقص طور پر جانتا ہے۔ اور نہ اس کو یورپی لوگون کے عمدہ خصائص حاصل ہوئے ہین۔ بعوض اسکے کہ وہ اِس تعلیم کے لئے ہماری عنایتون کا شکر گذار ہوتا اُلٹا اُس سے ہمین پر حملہ کرتا ہے اور ہماری تعلیم جو اُس کے تمام تر روئے اخلاق و آداب کے توازن مین خلل انداز ہوئی ہے یہ گویا اُسکا انتقام ہے۔"

سر جان اسٹریچی لکھتے ہین کہ "یہ جماعت اکثر ناقص تعلیم یافتون کی ہے جو ہماری زبان سے خوب واقف ہین اور ہمارے معمولی سیاسی مسائل کو اُنھون نے خوب رٹ لیا ہے جس پر وہ اپنی فصاحت کی خوب گل افشانی کرتے ہین اور سمجھتے ہین کہ گویا وہ برک اور میکالے ایسے عالی دماغ لوگون کے جذبات کی جگہ اُنھون نے خرید لیا ہے پیروی کرتے ہین۔"

موسیو جے ارنسٹ ہمارا پرانا کونسل جنرل جو عرصہ دراز تک کلکتہ مین رہا ہے اِس مسئلہ پر اپنے خیالات کا یون اظہار کرتا ہے کہ "اب بہت سے انگریزون نے اِس بات کو خوب سمجھ لیا ہے کہ اُنھون نے جو مغربی تعلیم

ہندوستانیوں کو دی ہے وہ سراسر ایک غلط راستہ تھا۔ ان میں سے جو نہایت تجربہ کار انگریز ہیں وہ تو اس خطرناک غلطی پر جو مشہور و معروف میکالے کے نام سے عمل میں لائی گئی ہے لعنت بھیجتے ہیں۔ کیونکہ اس تعلیم سے ہوش انگریزوں کے دیسیوں کو بہت زیادہ نقصان پہونچا ہے۔ ہماری دماغی غذا ایسے داغ والوں کیلئے جیسے کہ ایشیا کے ہیں خطرناک ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہماری تعلیم نے گویا ان کے ادراک و احساس کی بنیاد متزلزل کر دی ہے اور وہ سارا اخلاقی اعتبار یقین کھو بیٹھے ہیں اور طبیعت کا سکون جاتا رہنے سے ان پر پراگندگی چھا گئی ہے۔

اخلاقی نتائج یورپی تعلیم سے جو اخلاقی ضعف بابو میں منتج ہوا ہے وہ سوائے اس کے کچھ نہیں کہ اس کی ترازوئے عقل بالکلیہ ڈانواں ڈول ہو گئی ہے۔ قبل اس کے کہ میں اس کی عقلی و اخلاقی حالت کے اس خاص رخ کی مذمت کروں مناسب ہے کہ اس کے دماغی حالت کے متعلق خود انہیں کے ایک ہموطن کی شہادت نقل کروں۔ یہ اقتباس مشہور مسٹر ملاباری کی قابل قدر تصنیف موسومہ "گجرات" سے ہے۔ مسٹر ملاباری خود ایک ہندوستانی اخبار نویس ہیں مگر ان کا درجہ اپنے ہموطنوں کے اعتبار سے بہت اعلیٰ ہے۔ انہوں نے ایک اپنے دیسی دوست کے ساتھ ملکر ایک ماہانہ رسالہ نکالا۔ بطور جملہ معترضہ کے یہ بیان کر دینا خالی از دلچسپی نہ ہوگا کہ اخبار و رسالے نکالنا بھی بابو کا ایک خبط ہے اور چونکہ اخبار نویسی کو ہندوستان میں پوری آزادی ہے اس لئے بابو اخبار کے ذریعہ سے اپنے دل کے بخار نکال لیا کرتا ہے۔ مسٹر ملاباری اخبار نویسی کے متعلق اپنی و اپنے دوست بابو کی جہالت کا اعتراف اپنی کتاب "گجرات" میں یوں کرتے ہیں۔

"ہماری جہالت پر گستاخی اور ضد کا اور اضافہ ہوا۔ لیکن کیا پریشان بات تھی کہ ہم سلطنت کے اعلیٰ سے اعلیٰ افراد پر نکتہ چینی کرنے اور ٹھٹول مارنے کے قابل ٹھہرے؟۔ ایک دن پلونا کے جنگ کے متعلق ہمارے دوست "پ" کچھ لکھ رہے تھے۔ مجھ سے پوچھنے لگے کہ "پورٹ" یعنے "باب عالی" کے کیا معنے ہیں۔ میں نے جواب دیا کہ "پورٹ" سلطان ٹرکی کی بڑی بی بی کا نام ہے۔ "پ" نے یہ سمجھا

کہ وہ ایک یوروپی نام خدیو مصر کا تھا۔ اہم اکثر اس قسم کی بے وقوفی کرتے اور ہر روز اپنے اخبار مین دو چار ایسی حماقت کی باتین درج کرکے اپنی جہالت ثابت کرتے۔ اور جب دوسرے دن ہم اپنی غلطی سے واقف ہوتے تو ایک دوسرے پر الزام تھوپنے لگتے تھے"!

خیالات کی پراگندگی کے ساتھ بابو پر جو ایک اور خوفناک نتیجہ یوروپی تعلیم کا ہوا وہ یہ ہے کہ اس مین اخلاقی پاکیزگی کے متعلق لاپروائی آگئی مذہب کی جس مضبوط بنیاد پر اس کے چال چلن کا دارومدار تھا وہ اس درجہ برباد ہوگیا ہے کہ اب اُس کے پھر بننے کی اُمید نہین ہے وہ اپنے باپ دادا دون کے اعتقادات کھو بیٹھا ہے۔ اور یوروپی لوگون کے اصول چال چلن بھی اُس نے اختیار نہین کئے۔ اُس کی راستی و دیانت داری صرف دہین تک محدود ہے جہان تک کہ اُس کو پولیس کی مراست کا خوف ہے۔

بابو کے تغلب و تصرف سے بچنے کی غرض سے انگریزی انتظام اس امر پر مجبور ہے کہ ہر معاملہ مین سخت احتیاط برتے اور اپنے انتظامی گرفت کو غیر محدود طور پر بڑھاتا اور مضبوط کرتا رہے۔ ڈاک کے خطوط و پارسل کا ٹھیک طور پر پہونچ جانا بہت کچھ مشتبہ ہے۔ ذرا بھی کوئی خط بھاری ہوا اور اس شبہ کی گنجایش ہوئی کہ اس مین کچھ قیمتی کاغذات ہون گے پھر ایسے خط کا منزل مقصود پر پہونچ جانا تا وقتیکہ اس کا بیمہ نہوا ہو آسان بات نہین ہے۔ مجھے ہندوستان مین اپنے آلات کا صندوق وصول ہونے مین بڑی مشکلات درپیش آئین۔ چونکہ یہ صندوق بہت بھاری تھے ریل بابو سمجھے کہ شاید ان مین روپیہ بھرا ہوا ہے اس لئے اکثر وہ اُن کے قفلون کو توڑ ڈالتے تھے۔ چنانچہ مجھے یہ کرنا پڑا کہ مین اپنے قیمتی آلات کو آہنی صندوقون مین بند کرتا اور پھر ان کو لکڑی کے صندوق مین مقفل کردیتا تھا۔ لیکن یہ لکڑی کے بیرونی صندوق اکثر مجھے کھلے ملتے۔ بابو کی نظر جب اندر کے آہنی صندوق پر پڑتی جس پر لکھا ہوتا تھا کہ اس مین نہایت خوفناک زہریلا بھبک سے اُڑ جانے والا مادہ ہے تو وہ ڈر سے اس کو کھولنے سے باز رہتا۔

بابو جس قدر انگریزون کے سامنے غلام کی طرح دب جاتا ہے اسی قدر اس کا برتاؤ اپنے دیسی

بھائیون سے جنکا کام اُس سے پڑتا ہے سخت تحکمانہ وحقارت کا ہوتا ہے۔ ہندوستان کا انتظام کرنے والے درحقیقت بابو لوگ ہین کیونکہ یہی وہ دیسی کارندے ہین جو انگریزی انتظام کو چلاتے ہین۔ لیکن یہ اِس پر بھی قانع نہین انکا خیال تو یہ ہے کہ ہندوستان کی سلطنت پورے طور سے بابوون کے ہاتھ مین رہے اور بابوون کے فائدہ کے لئے ہو۔

بابو اس آرزو کا خواب شیرین دن رات دیکھا کرتے ہین۔ جب کبھی تین یا چار بابو اکھٹے ہوتے ہین تو اُن مین اسی قسم کی گفتگو ہوا کرتی ہے۔ کبھی کبھی وہ اِس مضمون پر بحث کرتے کرتے جوش مین آجاتے ہین اُس وقت ایک طوفان بے تمیزی برپا ہو جاتا ہے اور کوئی کسی کی بات نہین سنتا اگر اِس اثنا مین ایک آدمہ لمحہ خاموشی ہو جاتی ہے تو اس کا سبب یہ ہے کہ شاید کسی یوروپی کے آنے کی آہٹ اُن کو ہوئی۔ جونہی یوروپی اُن کے سامنے آتا ہے تو یہ خوف زدہ جماعت افسوس کی آہین مارتی ہوئی اِدھر اُدھر منتشر ہو جاتی ہے۔

مجھے کئی بار اِس بات کے دیکھنے سے سخت نفرت ہوئی کہ انگریز کے سامنے تو بابو نہایت مودب اور غلام سا بن جاتا ہے مگر اپنے دیسیون کے سامنے وہ بڑا مغرور ہو جاتا ہے۔

بابوون کے ساتھ انگریزون کا برتاو انگریزون کا برتاو بابو کے ساتھ جس کو وہ خوب پہچان گئے ہین سختی و درشتی کا ہوتا ہے۔ اور نو وارد یوروپی سیاح جب اول اول اِس حقارت آمیز برتاو کو دیکھتا ہے تو اُسکو سخت نفرت ہوتی ہے۔ انگریزون کی فصاحت بابو کے لئے مینت کا اشارہ ہے۔ لیکن جب کوئی یوروپی سیاح چند دن ہندوستان مین رہ جاتا ہے تو اُس کو مجبوراً انگریزون کا برتاو ٹھیک معلوم ہوتا ہے کیونکہ یہی ایک طریقہ ہے جس سے کوئی یوروپی بابو کے گستاخانہ رویہ سے اپنے کو بچا سکتا اور انمین خوف و رعب بٹھا کر اپنا ادب کرا سکتا ہے۔

انگریز کسی بابو کو ریل کے اُس ڈبے مین بہت کم آنے دیتے ہین جس مین وہ خود سفر کرتے

ہین مگر بابو کا مزاج خیال یہ ہے کہ وہ اُسی ڈبہ مین سفر کرے اِس قسم کے مشاہدے سے اول اول مجھے نہایت تعجب ہوا۔ چنانچہ ایک مرتبہ جب مین نے ایک گریب مسکین بابو کو اپنے ڈبے کے دروازہ پر ڈرتا اور جھجکتا ہوا دیکھا تو مین نے بہ دردانہ مسکراہٹ کے ساتھ اُس کو اندر آنے کی ترغیب دی۔ جونہی بابو نے میری مہربانی کو معلوم کر لیا وہ فوراً میرے ڈبے مین آ ڈٹے۔ اور خوب ہاتھ پاؤن پھیلا کر شان امارت ظاہر فرمانے لگے نہ صرف یہ بلکہ مجھ پر یہ ثابت کرنے کے لئے کہ وہ کوئی بڑے درجے کے شخص ہین آپ نے اپنے پاؤن بھی بنچ پر پھیلا دئے۔ ایک بڑا سا سگار پینا شروع کیا اور درمیان مین عجیب مہمل سوالات مجھ سے پوچھتے اور فرش و کھڑکیون پر تھوکتے جاتے تھے۔ آپ کے سوالات میرے درجے۔ عہدے۔ آمدنی و خرچ وغیرہ کی بابت تھے۔ اِن حالات کو دیکھکر مجھے اُس ڈبے مین بیٹھنا عذاب ہو گیا۔ کسی اسٹیشن پر اگر کوئی انگریز اُس ڈبے مین داخل ہو گیا تو بابو صاحب خوف سے زرد اور سرد پڑ گئے اور چپ چاپ ہو گئے کیونکہ وہ خوب جانتے ہین کہ اگر اُنھون نے ذرا سی بھی کوئی بدحرکت کی تو صاحب بہادر اُن کو کان پکڑ باہر کر دین گے۔

بابو کو مطیع کر لینا ہندستان مشکل نہین کیونکہ وہ مثل بلی کے ڈرپوک اور حیز ہوتا ہے۔ بہت لوگون نے بنگالیون کو موٹر یا ریل کے انجن چلانے پر نوکر رکھنا چھوڑ دیا ہے کیونکہ ذرا سے خطرہ پر بھی وہ انجن پر سے کود کر کھیتون مین اِدہر اُدہر بھاگ جاتا ہے۔

بابو و پرانے طرز کے پنڈت کا مقابلہ

یہان تک ہم نے دکھایا کہ جب انگریزی تعلیم کسی ایسی قوم کو دی جاوے جس کے دماغ ہنوز اُس کے لئے کچے و ناموزون ہین تو اُس کے کیا نتائج ہوتے ہین۔ اسی کے ساتھ اگر ایک بابو کا کسی پرانے دیسی طرز کے تعلیم یافتہ پنڈت سے مقابلہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ پنڈت اُس کے مقابلہ مین کیسا سنجیدہ لائق اور خوش آداب و اخلاق ہوتا ہے۔ اگر وہ کسی ہمارے یورپی جلسے مین بھی کھڑا کر دیا جائے تو خود بخود اُس کی عزت و وقار دلون مین پیدا ہو۔ بخلاف اِسکے

بابو کی نقلی شخصیت اور اس کے غلامانہ تملق سے نفرت ہوتی ہے۔

انگریزی انتظام بلا بابو کے نہین چل سکتا

انگریزی انتظام اگرچہ بابو سے سخت نفرت کرتا ہے مگر مجبور ہے کہ اُس کو نوکر رکھے کیونکہ کوئی یوروپی اتنی قلیل تنخواہ پر نہین ملتا۔ پس باوجود اس علم کے کہ بابو مین سخت ترین مادہ دشمنی کا ہے انگریزی انتظام کو بطور ناگذیر برائی کے بابو کی برداشت کرنا پڑتی ہے۔

یہ ایک عجیب مشاہدہ ہے کہ انگریزی تعلیم سے ایک بے خطر ہندو کس درجہ اپنے مالکون کا دشمن بن جاتا ہے۔ اس کا اندازہ اُن دیسی اخبارات کے مطالعہ سے ہو سکتا ہے جن کو بابو شائع کرتے ہین۔ چونکہ یہ ایسا مضمون ہے جس پر اگر کوئی اجنبی شخص کچھ لکھے تو شبہ کیا جا سکتا ہے اسلئے مین مناسب سمجھتا ہون کہ چند اقتباسات اپنے دعوے کی تائید مین نقل کر دون۔

پروفیسر مانیر ولیمس کی رائے

مشہور پروفیسر مانیر ولیمس جن کی رائین ہندوستان کے متعلق اِن کے ہموطنون مین بہت مستند سمجھی گئی ہین اپنی کتاب "جدید ہندوستان" کے تیسرے اڈیشن مین لکھتے ہین کہ۔

"مجھے یہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ مجھے اپنی سیاحت ہندوستان مین یہ بات ثابت ہو گئی کہ انگریز اور ولیسیون کے درمیان عدم کے بعد سے جدائی کا خلا اصلاح طور پر وسیع ہوتا جاتا ہے۔"

یہی مصنف لکھتے ہین کہ۔

"تعلیم یافتہ ولیسیون کے دلون مین انگریزون سے سخت نفرت بڑھتی جاتی ہے۔ ان مین بعض سے مجھے ملنے کا اتفاق ہوا تو مجھے معلوم ہوا کہ باوجود ہمارے تاریخی اور ریلون کے وہ ہمکو اور ہماری تہذیب کو اسی نظر حقارت سے دیکھتے ہین جیسا کہ اُن کے بزرگ ہندوستان کے قدیم ہندی باشندون کو دیکھتے تھے۔ ان سب کا یہ اعتقاد ہے کہ اُن کے پاس ایک نہایت عالی قدر مذہب ہے بلکہ عقل و ذہنی لحاظ سے وہ اپنے کو ہم انگریزون سے زیادہ بہتر سمجھتے ہین۔"

۵۔ مادرن انڈیا۔

سر الفرڈ لائل اپنی کتاب موسومہ "مشرق بعید کے مذہبی و معاشرتی رسومات کا مطالعہ" مین ہندوستان کے قدیم حکمرانون کے تذکرہ کے ضمن مین لکھتے ہین کہ۔

سر الفرڈ لائل کی رائے

"ہندوستان کی موجودہ حالت یہ ہے کہ ہم وہان پولیٹکل حقوق اور نیابتی حکومت کے نظامات کے بیج بے ٹھور رہکا نے ایک ایسے لوگون کے دلون مین بو رہے ہین جو صدیون سے خود مختارانہ و جابرانہ حکومت کے ماتحت رہے ہین۔ جہان آزادی اور حق مساوات لوگون کو کبھی نصیب نہ ہوا۔ ایسی کے ساتھ ہم جدید تعلیم کی کھیتی بے ٹھور رہکا نے ایک ایسی زمین پر بو رہے ہین جہان پہلے کبھی سائنس کا درخت اس سے زیادہ نہین اگا جتنا کہ ازمنہ متوسط مین یورپ مین تھا۔"

انگریزی حکمارسیاست کی غلطی تعلیم کے متعلق

ان حالات پر غور کرنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ مثل فرانسیسی عالمان علم الاقتصاد اور انگلستان کے دونون مشہور ہنام مل صاحبان کے انگریز حکمارسیاست نے تعلیم پر حد سے زیادہ بھروسہ کیا اور سمجھے کہ سیاسی و تمدنی انقلابات و جوش و جلد تغیرات کے نازک زمانہ مین تعلیم ایک مسکن دوا ثابت ہوگی۔ لیکن معاملہ برعکس ہوا۔ عام تعلیم جو کثیر مقدار مین اور جلد دی گئی۔ وہ بعض طبقات کے لئے اور بھی بے چینی کا باعث ہوئی اور اس کی وجہ سے قدیم تمدنی طور و طریق جلد مٹنا شروع ہو گئے۔ ہندوستان مین ان نتائج کا ہونا ضروریات سے تھا کیونکہ یہان تعلیم بالکلیہ حکومت کی طرف سے دی جاتی ہے اور معلم پردیسی لوگ ہین جنکا کام یہ ہے کہ جدید سے جدید سے علمی و سیاسی تحقیقات کے نتائج کی تعلیم ایسے لوگون کے دماغون مین بھرین جنکے دماغ بسبب ان کے قدیم دستورات و تہذیب کے ہنوز اس کیلئے طیار نہین تھے۔ مزید بران یہ تعلیم بالکلیہ مادی ہے اور ہندوستان مین قدیم الایام سے ساری تعلیم مذہب پر مبنی رہی ہے۔

یہ خیال کہ عام تعلیم ہی کل برائیون کی دوا اور انسان کی قدر و قیمت کی سچی کسوٹی ہے نہ صرف ہندوستان و ایشیا مین ہی بہت کچھ بربادی کا باعث ہوا بلکہ یورپ مین بھی اس عام تعلیم کی بدولت ایک خوفناک فرقہ پیدا ہو گیا ہے جس کا حال سب سے نرالا ہے۔ یورپ مین بھی ہندوستان کے بابو کی طرح

ایک فرقہ موجود ہے جو اسی سوسائٹی کا جس کی بدولت وہ وجود مین آیا دشمن ہے۔ اس کا کام حکومتون کی بیخ کنی اور قانون معاشرت کو تہ و بالا کرنا ہے۔ یہ فرقہ سوشل ازم اور انارک ازم خیالات کا پیرو ہے۔

چونکہ مجھے صرف ہندوستان سے بحث ہے اس لئے مین اس کتاب مین اس مضمون پر زیادہ لکھنا نہین چاہتا کیونکہ مین نے ایک دوسری کتاب بنام (سائیکالوجی آف سوشل ازم) مین اس مضمون پر مفصل بحث کی ہے۔

بارخطرہ ہندوستان کے فرقہ بافہوان سے جو خطرہ روز بروز زیادہ ہوتا جاتا ہے وہ ان کے مطالبے مین۔ چونکہ چند نیک دل انگریزون کے مطالبون سے اظہار ہمدردی کرتے ہین کہ ان کو ہندوستان کی حکومت مین بڑے بڑے عہدے محض اس بنا پر دئے جائین کہ انھون نے امتحان پاس کرلئے ہین اس لئے یہ اور بھی دلیر ہوگئے ہین۔ مگر ان امتحانون سے جن کو یہ خوب رٹ کر پاس کرلیتے ہین، ان مین وہ ذاتی اوصاف نہین پیدا ہوجاتے جو انتظام سلطنت و سیاست کیلئے ضرور ہوتے ہین۔ سر جان اسٹریچی لکھتے ہین کہ "جس دن ہم اپنے بڑے انتظامی مہمات و کاروبار کو ہندوستانیون کے ہاتھ مین جانے دین گے تو سمجھ لینا چاہیے کہ ہندی سلطنت کا آفتاب اسی دن سے غروب ہونا شروع ہوگا اور ہندوستان جلد ایک خونخوار جانور مین پھر عود کرے گا۔"

حاکم بننے کیلئے صرف امتحان پاس کرلینا کافی نہین ہے ایک دوسرے مقام پر بھی سر جان اسٹریچی اس مضمون کے ضمن مین بہت صحیح فرماتے ہین کہ "امتحان مقابلہ صرف ایک ہی قوم کے لوگون کے درمیان ہونا چاہیے کیونکہ اس قوم مین ان کے ذاتی اوصاف سے کہ کیونکر وارث ہوتا ہے جو اس قوم کے فرد کو اپنی قوم سے ورثہ مین حاصل ہوتے ہین۔

"اس امتحان مقابلہ مین جو بات سب سے اہم ہے وہ یہ ہے کہ نوجوان انگریز جو اس امتحان کو پاس کرتے ہین ان مین ان کے بزرگون کے خصایص بطور وراثت کے امانت ہوتے ہین۔ یہ نوجوان انگریز اپنے بزرگوارون سے نہ صرف جسمانی مضبوطی و دلیری وراثت مین پاتے ہین بلکہ آزادمزاجی اور مضبوطی رائے اور قوت استقلال اور غور و فکر کی عادت بھی معہ ان تمام خصائص کے جو انسانون پر حکومت کرنے کے لئے ضرور ہین ان کو بطور وراثت ملتی ہین۔ اور یہ وہ خصایل ہین جن کے بغیر متمدن زندگی کے فرایض بجالانا مشکل ہے۔

انھین خصائل سے انگریزون نے سلطنت جیتی ہے۔ انگریز زندگی کے کاروبار مین ان تمام بھلائی و اخلاق محمودہ خصائل کے سرمایہ کو ہاتھ مین لیکر قدم دھرتا ہے مگر ہندوستانیون کی حالت ایسی نہین ہے۔"

کوئی شک نہین کہ مذکورہ بالا اقتباس مین بعض خیالات اس قسم کے ہین جنسے ہمارے جدید خیالات مساوات کی نامطابقت مترشح ہوتی ہے۔ مگر یاد رہے کہ یہ قانون قدرت کے مطابق ہین اور قانون قدرت وہ مضبوط قانون ہے جس کے مقابلہ مین حکمار سیاست کے لاطائل متخیلے چندان وقعت نہین رکھتے

لارڈ رپن کی غلطی طبقہ بابوان کی اہمیت بڑہ جانے کا باعث ایک وائسرائے ہوئے ہین جو چندون قبل ہندوستان پر حکمران تھے۔

یہ وایسرائے پکے دیندار عیسائی تھے اور سمجھتے تھے کہ کل انسان بھائی ہین اور دنیا مین بلحاظ عقل وحقوق انسانی کے مساوات کے حقدار ہین۔ مزید براں یہ وایسرائے مشرقی اقوام کی خصائص سے گہری واقفیت نہ رکھتے تھے۔ انہون نے بھی مثل ہم لاطینی اقوام کہ جن کا اصول یہ ہے کہ چاہے سلطنت ہاتھ سے چلی جائے مگر اپنا اصول نہ جانے پائے اپنے اعلیٰ اصول کو عملی صورت دینا چاہی۔ یعنے بابوؤن پر خاص مہربانی مبذول کی اور اپنے ذہن مین یہ سمجھ لیا کہ وہ ان کو یورپی طرز کا بنا دین گے انگلستان کا سب سے خطرناک دشمن یہی جو ہندوستان کے تخت پر بیٹھا ہوتا تو شاید وہ ایسی فاش غلطی کا مرتکب ہونے کی جرأت نہ کرتا جس سے پایہ تخت کو مسفرت پہونچے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہندؤن کو جب ان خیالی حقوق کی تعلیم ہوئی تو انہون نے آج کل دیسی اخبارات مین گورنمنٹ کے خلاف زور شور سے حملے شروع کردیئے اور شکایتون کی بوچھار سے گورنمنٹ کو ضیق مین ڈالدیا۔ جس دن روس ہندوستان کی سرحد پر سوار ہوا اور زرا بھی اس کو کوئی کامیابی یا فتح ہوئی اسی دن بابو کے وسیلے سے ہندوستان کی آبادی مین روسی تائید کے لئے بغاوت برپا ہوجاے گی۔ چونکہ بابو کو انگریزی تسلط وغلبہ سے بغض ہوگیا ہے اس کی مثال اس دیمک کی سی ہے جو چپکے چپکے کسی دیو کے پاؤن کو چاٹے جاتی ہو۔

یہان تک ہم نے ہندوستان مین انگریزی تعلیم کے نتایج سے بحث کی ہے۔ اور دکھایا ہے کہ جب کوئی تعلیم کسی قوم کے دماغی حالت کے لحاظ سے مفید نہین ہوتی تو کیسے خوفناک نتایج اُس سے ظہور مین آتے ہین۔ یوروپی تعلیم نے ہندوستان کے قدیم دیرینہ تمدن کے اثرون کو ہندوستانیون کے دل سے مٹا دیا ہے اور اُس مین ایسی ضرورتون کی خواہش پیدا کردی ہے جن سے وہ پہلے وہ واقف نہ تھا۔ اور اُس پر طرہ یہ ہے کہ جدید خواہشین تو اس مین پیدا کردین لیکن اِن خواہشات کے پورا کرنے کے وسائل اُس کو نہین دئے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اِس بے بیچارہ کی حالت نہایت بے چینی و مایوسی کی ہوگئی۔ دھانمین کا سخت دشمن بن بیٹھا جنہون نے اُس کو ایسی تباہ کن تعلیم دی۔ بے چارہ بابو اپنی دورُخی حالت کی وجہ سے مجبور ہے اور وہ سخت شاکی ہے۔ یقین جانئے کہ واقعات خود اِن غلطیون کا انتقام لے لین گے۔ کیا عجب ہے کہ وہی حکومت جو اِس بابو کو عدم سے وجود مین لائی اُسی بابو کے ذریعہ سے نیست و نابود ہو جائے!

فصل سوم۔ ہندوستان کا جنگی مستقبل

ہندوستان کا مستقبل جیسا کہ ہم اِس فصل مین دکھائین گے صرف انگریزی حکومت کا مستقبل ہندوستان

۵۔ ہندوستان مین انگریزی تعلیم کے نتایج پر مصنف نے جو تنقید کی ہے وہ زیادہ تر یوروپی نقطۂ خیال سے ہے تاہم یہ نہایت غور طلب ہے۔ کوئی شک نہین کہ جدید تعلیم سخت اصلاح طلب ہے بابو کے دماغی عقلی و اخلاقی حالت کا نقشہ گذشتہ پچیس سال میں بہت کچھ بدل گیا ہے اور بابو ارتقا کے بہت سے مدارج طے کر چکا ہے تاہم ہنوز اُسے بہت کچھ کرنا ہے اور کیرکٹر مین ترقی کرنا ہے۔ محض بالٹیکس مین زور شور دکھانا کافی نہین ہے۔

مین نہین ہے بلکہ یہ ایک نہایت اہم و پیچیدہ مسئلہ ہے۔ اس مسئلہ کے حل کرنے کے لئے ہمین اس کشمکش عظیم کے نتائج کا مطالعہ کرنا چاہیئے جو اس وقت دو دنیاؤن یعنے مشرق و مغرب کے درمیان جو ایک دوسرے سے بالکل جدا ہین، برپا ہے۔ قبل اس کے کہ ہم اس مسئلہ پر پورے طور سے سوچین ہمین یہ ذہن نشین کر لینا چاہیئے کہ ہندوستان کے لوگون کو کبھی آزادی نصیب نہین ہو سکتی۔ ان کی قسمت مین ہمیشہ کے لئے یہی ہے کہ اجنبی حکومت کے غلام بنے رہین۔

ہندوستان کی قسمت مین دائمی غلامی ہے۔

ہندوستان کا ایک قوم بنجانا ویسا ہی ناممکن ہے جیسا کہ یورپ کا ایک قوم بننا۔ جو لوگ اس وسیع ملک مین آباد ہین اون کی قومیتین علیحدہ ہین۔ وہ جدی جدی زبانین بولتے ہین اور ان کے اغراض ایک دوسرے سے ایسے مخالف ہین کہ وہ کبھی اتفاق کر کے اجنبی حکومت کے خلاف لڑ نہین سکتے۔

ہندوستان پر آنے والا سوال

سوال یہ ہے کہ کیا ہندوستان موجودہ مالکون کے ہاتھ مین بہت دن رہ سکے گا؟ ہمارے خیال مین یہ مشکل امر ہے۔ روس ہندوستان کی طرف بڑھا چلا آرہا ہے اور کوئی دن گذرتا ہے کہ وہ ہندوستان کے دروازہ پر آموجود ہوگا۔ کابل کے درے ہمیشہ سے جس طرح فاتحین عبور کرتے آئے ہین کوئی شک نہین کہ وہ انکو پھر عبور کرین گے۔

اس مین شک نہین کہ ہندوستان مین انگریزی فوج خاصی ہے۔ اور ریلون کی وجہ سے اب یہ آسانی ہوگئی ہے کہ جس مرکز پر چاہین بہت جلد ساری فوج کو جمع کر سکتے ہین۔ لیکن یہ فوج کلہم اجمعین قریباً ۷۵ ہزار انگریزون کی ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ قلیل فوج گنی چنی یورپی فوج کا مقابلہ بہت عرصہ تک نہین کر سکتی۔ انگریزون کی اصل فوج تو ہندوستان مین اسی قدر ہے مگر انہون نے اپنے ہمسایہ روسیون کو ہمیشہ یہ دکھایا ہے گویا ان کے پاس بڑی قوت ہے اور یون روسی ہمیشہ ڈر کر اور ہچکچا کر ہندوستان پر حملہ کرنے سے ڈرتے رہے۔ حالانکہ اگر وہ اپنی پختہ و مکمل تجویزون کے مطابق ٹھیک وقت پر حملہ کر دیتے

تو غالباً اُن کو کامیابی ہوتی۔ انگلستان کے لئے روسی حملے سے زیادہ کوئی چیز بھیانک اور ڈرانے والی نہین یہی وجہ ہے کہ انگلستان اِس آنے والی بلا کے ٹالنے کیلئے دُنیا کے ہر حصہ مین جہان تک کہ اُس سے ممکن ہے روسیون کے خلاف مشکلات پر مشکلات پیدا کرتا رہتا ہے۔

وہ مقابلہ جو اِس تھوڑی سی انگریزی فوج مقیم ہندوستان کو روسی حملہ آورون کے سیلاب سے ایک دن کرنا ہے اِس مین ہندوستان کی دیسی آبادی کا کوئی حصہ نہوگا۔ ہندوستان نے اجنبی حملہ آورون کی ہمیشہ اطاعت کی ہے۔ وہ جانتے ہین کہ اُنہین کسی نہ کسی حاکم کی اطاعت کرنی ہے۔ اسلئے اُن کو اِس سے کچھ غرض نہین کہ وہ حاکم کون ہے۔

ہندوستان جیتنے کی غرض سے خواہ کوئی بھی حملہ آور کیون نہ ہو اُسے اِس طبقہ بابو سے ضرور مدد ملے گی مگر یاد رہے کہ یہ مدد اخلاقی طرز کی ہوگی اور اِس سے حملہ آور کو بہت مدد مل سکے گی۔ کیونکہ بابو اپنے جبلی فصاحت تحریر و تقریر اور دیگر خفیہ ذرائع سے دیسی آبادی کو دکھائے گا کہ یہ حملہ آور ہندوستان کو آزادی دلانے کیلئے خدا کے بھیجے ہوئے ہین۔ یون حملہ آور کو اپنا تسلط جما لینے مین کچھ دشواری نہ ہوگی۔ بابو کی تائید و ترغیب سے ہندوستان کی آبادی نئے حملہ آورون کو وشنو کا اوتار سمجھے گی اِس مین بہت شک ہے کہ آیا بالکون کی اِس تبدیلی سے اُنہین بھی کچھ فائدہ ہوگا۔ لیکن یہ ایک ایسا سوال جس پر شاید ہی کسی فاتح نے کبھی خیال کیا ہو۔

فصل چہارم۔ ہندوستان کا اقتصادی مستقبل

قانون قدرت۔ قوی ضعیف کو نگل جاتے ہین

صدیون سے ہندوستان و دیگر ممالک ایشیا پر مغربی اقوام حملے کرتے چلے آئے ہین۔ اور اُنھون نے قانون قدرت کے اِس بے رحم قانون کے موافق جس کی رو سے

قوی ضعیف کو کھا جاتے ہین ان مفتوحہ ممالک کو خوب لوٹا ہے۔ تاریخ عالم کے شروع سے اقوام کے تعلقات مین اس قانون کا عملدرآمد رہا ہے کہ جس کی لاٹھی اُس کی بھینس"

اقتصادی حملہ کا خطرہ مشرق کی طرف سے

اسی قانون کے موافق اب مشرق کی باری آئی ہے کہ مغرب پر حملہ آور ہو مگر یہ حملہ اقتصادی ہے۔ جن اقتصادی قوانین کا ارتقا اسوقت ہو رہا ہے اور وہ دُنیا پر اپنا اثر ڈال رہے ہین اُن سے ایک عظیم الشان خطرہ اقتصادی انقلاب کا ہے۔

یہ حملہ اس لحاظ سے اور بھی خوفناک ہے کہ اس مین حملہ آور سپاہ توپ و بندوق سے کام نہ لیگی جسکا مقابلہ کرنا آسان ہے بلکہ ان زبردست پوشیدہ قوتون سے کام پڑے گا جن کو مغلوب کرنا ناممکن ہے۔

وہ ہتیار جن سے اب تک اقوام باہم لڑتی تھین اب بدل گئے۔ صنعتی و تجارتی ارتقا نے سب کچھ بدل دیا ہے۔ لوگ اب توپ و بندوق سے نہین لڑتے بلکہ اب وہ اپنے صنعتی و زراعتی مصنوعات و پیداوار کے ذرائع سے لڑتے ہین۔ اور اس مقابلہ و کشمکش مین مغرب کو اپنی کامیابی کی اُمید مین روز بروز کم ہوتی جاتی ہین۔

ہم نے اپنی دوسری تصانیف مین اُن نتائج کو دکھایا ہے جو مشرق و مغرب کی موجودہ کشمکش سے پیدا ہو رہے ہین۔ یہان ہم صرف اس حصہ کا مطالعہ کر سکتے ہین جسکا تعلق ہندوستان سے۔

بھاپ اور بجلی کی بدولت جو حیرت انگیز انقلاب سفر و آمد و رفت کے ذرائع مین پیدا ہو گیا ہے اور فاصلہ کو ئی بڑی بات نہین رہا اور دُنیا کی اقوام ایک دوسرے کے قریب ہو گئین اسکا ایک بڑا نتیجہ یہ ہونے والا ہے کہ وہ دو بڑے دریا جن مین انسانی زندگی کی رو علیحدہ علیحدہ بہتی تھین یعنے ایک تو بڑی اور پرشان اور عمیق مشرقی زندگی کی رو اور دوسری مغرب کی تیز رفتار اور چھلی رو یہ دونون اب علیحدہ علیحدہ نہین گی۔

بھاپ و بجلی سے سفر و بار برداری کے ذرائع مین جو حیرت انگیز انقلاب پیدا ہوگیا ہے اور دور و دراز فاصلہ نزدیک ہوگئے ہین اسکا ایک نتیجہ یہ ہوا ہے کہ دُنیا کی مختلف اقوام مین قریبی تعلقات قایم ہوگئے ہین۔ نوع انسان کی وہ دو بڑی قسمین جن کو مشرقی و مغربی دُنیا کے نام سے پکارا جاتا ہے اب تک ایک دوسرے سے بالکل علیحدہ تھین اور شمال و جنوبین کے متضاد سمت کو بستی تھین، اب قریب ہے کہ یہ دونون ایک ہی سمت مین رواں ہون۔ ان دونون دُنیاون کے قریبی تعلقات سے ایک نتیجہ یہ ہونے والا ہے کہ اشیاء تجارت کی قیمت ایک سطح پر آجائے۔

جو آثار اسوقت نہایت تیزی سے ظاہر ہو رہے ہین ان کی بنا پر پیشینگوئی کی جاسکتی ہے کہ بھاپ و بجلی کی بدولت دونون دُنیا ایک دوسرے سے بہت قریب ہوجائین گی اور اسکا پہلا نتیجہ یہ ہوگا کہ صنعتی و زراعتی پیداوار کی قیمت ایک عام نرخ پر آجائے گی اور اس کا اثر لامحالہ مزدوری کی شرح پر پڑیگا اور تمام دُنیا مین مزدوری کی شرح کم و بیش یکسان ہوجائے گی ظاہر ہے کہ اُسوقت روزانہ شرح مزدوری کا تعین اس اوسط کے لحاظ سے ہوگا جسپر ایسی اقوام خوشی سے اپنا گذارہ کرلین جن کی ضرورتین کم ہین اور جو سب سے کم لاگت پر اپنی پیداوار طیار کرتی ہون۔ ہم دیکھ سکتے ہین کہ اس حالت مین مشرقی اقوام جس کی تعداد کرۂ دُنیا پر بکثرت ہے۔ اور جو نہایت کم خرچ پر اپنا گذارہ کرلیتی ہین۔ شرح مزدوری کا تعین اُنہین کے لحاظ سے ہوگا اور یون مشرق و مغرب کے اتحاد سے درحقیقت وہی فائدہ مین رہین گے۔ اور مغربی اقوام گھاٹے مین رہے گی۔ یہ بہت اغلب ہے کہ مشرقی مزدور کی مزدوری اُسوقت کسی قدر بڑہ جائے گی لیکن اسی کے ساتھ یہ بھی یقینی ہے کہ یوروپی شخص کی شرح مزدوری نہ صرف تھوڑی بلکہ بہت کچھ گھٹ جائے گی۔[۵۱]

جو آثار اسوقت مطلع دُنیا پر ظاہر ہو رہے ہین اور جن کو ہم باسانی مشاہدہ کرسکتے ہین۔ اُن سے

---

[۵۱] مصنف کی ایک کتاب موسومہ سائنٹفک آف سوشل ازم مین اس مضمون پر مفصل بحث موجود ہے اور قابل مطالعہ ہے ۱۲

معلوم ہوتا ہے کہ عنقریب ایک کشمکش عظیم برپا ہونے والی ہے جو نہ صرف ایک دو قوموں کے درمیان ہوگی بلکہ اس میں دو دنیاؤں کا مقابلہ ہونے والا ہے۔ اور اس کے نتائج بالواسطہ یا بلاواسطہ نہایت اہم ثابت ہوں گے۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہندوستان کا گیہوں یورپ میں بہ نسبت خود یورپ کے گیہوں کے زیادہ سستا پڑتا ہے۔ فرانس کے کسان اپنی پیداوار سے روز بروز مایوس ہوتے جاتے ہیں کیونکہ مشرق کی سستی پیداوار کے مقابلہ میں ان کو نفع نہیں ہوتا۔ باوجودیکہ ایسے قانون روزانہ وضع کئے جاتے ہیں کہ جس سے ملک کی زراعت و خلاصت کی حفاظت ہو سکے پھر بھی یورپ کے مزارعین اس زراعتی کشمکش سے مایوس و نا امید ہوتے جاتے ہیں۔ انگلستان میں بہت مقطعے ایسے ہیں جن کیلئے کسان نہیں ملتے۔ کیونکہ کسان ان کو ان مقطعوں کے مقررہ نرخ پر لینے کے لئے رضامند نہیں ہوتے یہ تو زراعت کا حال ہے لیکن اس وقت کیا حال ہوگا۔ جب مشرقی اقوام بھی مثل ہمارے اپنی مصنوعات کو ہماری ہی دی ہوئی کلوں سے بنانے لگیں گے اور ان کی لاگت ہماری لاگت کا بیسواں حصہ ہوگی۔ ظاہر ہے کہ اس صنعتی و حرفتی کشمکش میں ابھی یورپ کو اسی قسم کی شکست اٹھانا پڑے گی جیسی کہ زراعت میں۔ ہماری معدنیات میں کام کرنے والا مزدور جو ۵ یا ۶ فرانک روزانہ (قریباً) کماتا ہے، روزانہ) خرچ کرتا ہے اور جب اس کو صرف ۳ یا ۴ فرانک روزانہ ملنے لگتے ہیں تو وہ معاشرتی امن و امان میں خلل انداز ہونے کی دھمکی دیتا ہے جلد یہ دیکھ لیگا کہ کارخانہ دار اپنے لئے ملک میں سے کوئلہ خریدنے لگیں گے کیونکہ وہاں مزدور ۳ یا ۴ روزانہ پر خوشی خوشی کام کرتا ہے اور بازار میں وہ کوئلہ بہ نسبت یورپ کے گراں لاگت کے کوئلہ کے سستا پڑیگا۔ ہمارے مزدور جو شرح مزدوری کے اضافہ کے لئے ہڑتال کر دیتے ہیں تب ان کے ہاتھوں کے لئے کام ہی باقی نہ رہے گا۔ کیونکہ مشرق بعید کے سارے کارخانے اس وقت وہیں کے کوئلہ کو جو وہیں کے ارزاں مزدوروں کے ذریعہ سے نکالا گیا ہے خریدیں گے۔ اس لئے کہ وہ بہ نسبت یورپ کے گراں کوئلے کے سستا ہوگا۔ اس ارزانی کی وجہ سے ان کے مال کی مانگ

تمام دُنیا کے بازارون مین ہوگی اور کوئی چیز اُن کی تجارت کے سدراہ نہ ہوگی کیونکہ فاصلے کی مشکل تو باقی ہی نہ رہے گی۔ اور خام و نیز صنعتی پیداوار کا نرخ تمام دُنیا کے بازارون مین کم و بیش برابر ہوگا اور اسی طرح مزدوری کا بھی ایک معین نرخ ہوگا۔ جب انسانون کی دو ایسی جماعتون مین کشمکش کا سامنا ہو جس مین ایک کی ضرورتین تو صرف چند آنہ روزانہ پر محدود ہون اور دوسری کیلئے ۲۰ چند زیادہ ضرور ہون تو نتیجہ ظاہر ہے کہ یہ آخری جماعت جس کی ضرورتین زیادہ ہین مفلوک ہو جائے گی اور یا اُسے پہلی جماعت کی شرح مزدوری کو قبول کرنا ہوگا۔

اس عالمگیر اقتصادی مساوات کے قایم ہونے مین، جس کے آثار اس وقت ظاہر ہو رہے ہین اُس ایک بات سے جس کو ہم نے بار بار اس کتاب مین دکھایا ہے اور بھی آسانی ہو جاتی ہے اور وہ یہ ہے کہ مشرقی اقوام کے طبقات یورپ کے اُسی درجہ کے طبقات کے مقابلہ مین بلحاظ ذہن و ذکا کے کسی طرح کم نہین ہین۔ مگر ہم یہ ضرور کہین گے کہ گو یہ عالمگیر اقتصادی یکسانی قایم بھی ہو جاے اور مشرقی اقوام کے طبقات بلحاظ ذہن و ذکا کے اُسی درجے کے مغربی طبقات کے ہم پلہ کیون نہ ہون لیکن اس سے یورپ مین اُس خاص منتخب اعلیٰ افراد کی جماعت پر کچھ اثر نہ پڑے گا جس کے مقابلہ مین مشرق ابتک ویسے اعلیٰ افراد پیدا نہین کر سکا۔ یہ منتخب جماعت گو ذہنی قوت مین کیسی ہی کیون نہ ہو مگر تعداد مین کم ہونے کی وجہ سے اُس وقت اُس کثیر جماعت کے لئے کچھ نہ کر سکے گی جن کی قسمت کا فیصلہ اُسوقت مشرقی اقوام کرین گی۔ جس طرح یونان کے منتخب اصحاب فکر اور صناع اور فلسفی اپنے ملک کو رومی فتوحات سے نہ بچا سکے اُسی طرح یورپ کے اِن اعلیٰ افراد کی جماعت مغرب کو اِس کشمکش کے نتایج سے نہ بچا سکے گی۔

اس خوفناک کشمکش مین جس مین یورپ کی قسمت کے لئے خطرہ ظاہر ہو رہا ہے یورپ کی اخلاقی حالت بھی اُس کو بچا نہ سکے گی۔ جیسا کہ سلطنت رومۃ الکبریٰ کے ایام زوال مین رومی اقوام کیسل کود اور عیش و عشرت کی دلدادہ تھین وہی حال ہمارے عمر رسیدہ مغرب کا آج ہے۔ ہمارا دماغی رجحان روز بروز

سخت عرق ریزی اور محنت اور تحقیقات سے جی چرانے لگا ہے اور ہم مقلد و متلون بنتے جاتے ہیں جس کی وجہ سے ہماری قوت استقلال ضعیف ہوتی جاتی ہے اور ہم میں عالمگیر طور پر لاادریت پھیلتی جاتی ہے اور ایمان و یقین کی کمی سے ہمارے قوت ارادہ و عمل میں ضعیف پیدا ہو چلا ہے۔ اور یہی وہ اوصاف ہیں جن کے ذریعہ سے اقوام عالم نے سلطنتیں قایم کی اور ان کو قایم رکھا۔ خاندان کی الفت۔ بزرگان سلف کا احترام۔ ایمان کی مضبوطی، یہ اوصاف جو مشرق میں نہایت قوی طور پر موجود ہیں مغرب میں روز بروز کمزور ہوتے جاتے ہیں۔ ان احساس و جذبات کی قدر و قیمت فلسفیانہ پہلو سے خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو اس میں شک نہیں کہ یہ اقوام کی باہمی بندش کا شیرازہ و بنیاد ہیں۔ یہی وہ قوتیں ہیں جن کے ذریعہ سے سخت نازک دنیا میں کسی قوم کے برگزیدہ نفوس نے اس قوم کو ثابت و قایم و کامیاب رکھا ہے جب یہ جذبات کسی جماعت یا قوم سے جاتے رہتے ہیں تو اس جماعت یا قوم کا شیرازہ درہم برہم ہو جاتا ہے اور پھر وہ محض ایک غول انسانی افراد کا رہ جاتا ہے جس میں ہر ایک اپنا فائدہ علیحدہ ڈھونڈتا ہے اور عام فائدہ پر نظر نہیں ہوتی۔

وہ پرانے مذہب جو عرصہ ہوا کہ بنی نوع انسان کی رہبری کرتے تھے۔ اور جن کے ذریعہ سے سلطنتیں قایم ہوئیں اور چلائی گئیں، گو خیالی اور اعتقادی ہی سہی مشرق میں اب تک نہایت مضبوطی سے قایم ہیں مگر مغرب میں ان کا اثر روز بروز گھٹتا جارہا ہے۔ سائنس نے اب تک کوئی ایسا تخیل نہیں پیدا کیا جو اس خیالی مذہب اور مردہ خداوں کی جانشینی کا درجہ حاصل کر سکے۔ اس وقت ہم محض ایام گذشتہ کی لکیر پر چلے جارہے ہیں جس پر ہمارا مطلق اعتقاد نہیں۔ ہماری نگاہ مستقبل پر ہے مگر ہم اس کو مطلق دیکھ نہیں سکتے۔

وہ مستقبل تخیل کیا ہوگا جس پر مغرب کی مستقبل جماعتیں اپنی بنیاد کو قایم کر سکیں گی؟ اس سوال کا جواب اس وقت کچھ نہیں دیا جا سکتا۔ اصحاب غور و فکر کے لئے اس سے بڑھکر اب تک کوئی مشکل و ضروری

لاینحل مسئلہ درپیش نہیں ہوا۔ ہماری مستقبل ہستی کا دارومدار اس مسئلہ کے حل پر ہے۔ یہ مشرقی اقوام ہیں کو ہم نے عرصہ دراز سے بہت کچھ حقیر سمجھ رکھا ہے اب محض وحشی نہیں سمجھی جاسکتیں۔ کوشش اور جوشِ شباب کے جو خزانے ہم اب تک میدانِ خیال و عمل کے بڑے بڑے مشکل کاموں میں لگا چکے ہیں وہ ہنوز مشرق کی ان بڑی اقوام میں خوابیدہ طور پر موجود ہیں مگر یہ ہمیشہ خوابیدہ نہیں رہیں گے۔ اب ان کی بیداری کا وقت قریب آگیا ہے۔ وہ دن نزدیک ہے جب ہماری مہمات ہماری زبردست فتوحات اور ہماری تحقیقاتوں اور ہمارے خیالات کی بدولت یہ مشرقی قومیں ہمیشہ کے لئے بیدار ہوکر اپنی ازمنہ متوسطہ کی حالت سے نکل آئیں گی اور جیسا کہ زمانہ قدیم میں وحشیوں کی ہلچل نے رومی سلطنت کا اور عربوں نے یونانی ولاطینی اقوام کا فیصلہ کردیا یہ اپنے تازہ جوش اور نئی طاقت اور قوی امید و مضبوط ایمان سے ہمارا مقابلہ کریں گی۔ اور اس وقت تک ہم سے ہمارا قدیم جوش و طاقت رخصت ہوچکا ہوگا۔ جیسا کہ ایام سلف سے ہوتا آیا ہے دنیا پر وہی لوگ قابض ہوں گے جنکے یقین زبردست اور جنکی ضروریات محدود ہیں۔ ہماری اولاد اگر اپنا درجہ بنی نوع انسان کی اگلی صف میں قایم رکھنا چاہے گی تو ان کو ایک زبردست و مشکل مقابلہ کرنا ہوگا ورنہ ازروے قانون ارتقا ان کو شمال سلطنتوں۔ قوموں اور خداؤں کے فنا کے غار میں ابدالآباد کے لئے غایب ہوجانا پڑے گا۔

تمت بالخیر

(نیو آفسٹ پرنٹرز۔ دہلی)

ترانۂ ہند

جس کو

ڈاکٹر گستاولی بان

ایک فرانسیسی محقق کی [illegible] پر تحقیقی تصنیف سے

شمس العلماء ڈاکٹر مولوی سید علی بلگرامی (مرحوم و مغفور) ایم [illegible]

بیرسٹر ایٹ لا۔ ایف۔ جی۔ ایس۔ اسوشیٹ رائل اکنومک سوسائٹی لندن

ممبر آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی آف گریٹ برٹن اینڈ ائرلینڈ

ممبر آف دی نارتھ آف انگلینڈ انسٹی ٹیوشن آف مائننگ انجینیرس

ممبر ایشیاٹک سوسائٹی بنگال و بمبئی

بی۔ ایل گولڈ میڈلسٹ کلکتہ یونیورسٹی

[illegible] سنسکرت مدراس یونیورسٹی وغیرہ وغیرہ

[illegible] اسٹیٹ ریلوے و معدنیات سرکار نظام نے

ان توضیحات اور حواشی مفیدہ و تصاویر کے اردو میں ترجمہ کیا

باہتمام مسلم احمد نظامی ایم اے

کتب خانہ نذیریہ، مسلم منزل کھارکھاؤلی